آج کے اس ترقی یافتہ دور میں ہر شخص کی یہ چاہت ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے مقاصد میں کامیابی حاصل کرے اور اس کے اٹکے ہوئے کام فوراً سلجھ جائیں تو ایسے لوگوں کیلئے ایک نہایت آزمودہ مجرب نقش پیش خدمت ہے جو کہ اللہ کے فضل وکرم سے تیر بہدف ہوگا یہ عمل بزرگان دین کے خاص اعمال میں سے ہے قدردان ہی اس سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔ درج ذیل آیت کا نقش تیار کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے پھر تین جمعراتوں تک روزہ رکھے یعنی ہر جمعرات کو روزہ رکھے۔ اور جمعہ کی شب میں بعد نماز عشاء اس آیت کو نوے ہزار مرتبہ پڑھے۔ عمل کے شروع وآخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ عمل کے ختم ہونے پر اپنی مہم میں کامیابی اور سرفرازی کی دعا کرے اور نقش پر کپڑے سمیت ہی دم کر لے۔ اس کے بعد پھر اس کو باندھ لے۔ انشاء اللہ بہت جلد مکمل کامیابی نصیب ہوگی۔ آیت یہ ہے ''بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ'' (سورۂ بقرہ آیت ۱۱۷) نقش اس طرح بنے گا۔

۷۸۶

۸۵۰	۸۶۳	۸۶۰	۸۵۷
۸۶۱	۸۵۶	۸۵۱	۸۶۲
۸۵۵	۸۵۸	۸۶۵	۸۵۲
۸۶۴	۸۵۳	۸۵۴	۸۵۹

یاالٰہی میری مدد کر

اپنے گھر اور اہل وعیال کی سلامتی کا عمل

☆ اگر آپ یا کوئی شخص بھی لمبے سفر پر جائے اور اپنے دروازے پر باہر کی جانب اس آیت کو لکھ کر چسپاں کر دے تو اس کے گھر والے سلامتی کے ساتھ رہیں گے آیت یہ ہے ''بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم، رَبِّ اجۡعَلۡ ھٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارۡزُقۡ اَھۡلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنۡ اٰمَنَ مِنۡھُمۡ بِاللہِ وَالۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ '' (سورہ بقرہ آیت ۱۲۶)

سات دنوں میں بدخواہی وفریب سے بچنے کا عمل

آپ کسی ادارے ومحکمہ میں ملازمت کرتے ہیں یا بعض اوقات بہو کو یہ پریشانی ہوتی ہے کہ اس کی ساس ونندیں اس کے شوہر کے سامنے اس کے بے جا برائی کرتی ہوں تو وہ عورت یا ملازم اس آیت کو سو مرتبہ اوّل وآخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھے آیت یہ ہے ''فَسَیَکۡفِیۡکَھُمُ اللہُ وَھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ '' (سورۂ بقرہ آیت ۱۳۷) اور اس کے بعد یہ کلمات تین مرتبہ پڑھے۔ ''اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجۡعَلُكَ فِیۡ نُحُوۡرِ ھِمۡ وَ نَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ شُرُوۡرِ ھِمۡ '' سات دن تک برابر اس عمل کو جاری رکھے۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے تمام شکایات دور ہوں گی۔ اس آیت کا نقش اگر کالے کپڑے میں لپیٹ کر اپنے بائیں بازو پر باندھ لیا جائے تو بھی چغل خوروں اور سازش کرنے والے لوگوں کے فریب سے حفاظت رہتی ہے۔ نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں:



کسی کی خفیہ ڈائری حاصل کرنا بہت ہی مشکل ہے جبکہ عالم یہ ہو کہ کسی کے پاس اگر ایک نسخہ، فارمولہ یا وظیفہ ہوتا ہے تو وہ کبھی بھی کسی کو نہیں بتاتا۔ حتیٰ کہ مشہور ہے کہ اپنی اولاد تک سے چھپایا جاتا ہے…… یہ بات غلط ہے یا درست فیصلہ کتاب پڑھنے کے بعد کیجئے گا……

۷۸۶

۲۵۵	۲۴۷	۲۵۲
۲۴۹	۲۵۱	۲۵۴
۲۵۰	۲۵۶	۲۴۸

گمشدہ شخص کا سراغ معلوم کرنے کا عمل

☆اگر کسی شخص کا لڑکا یا لڑکی یا ملازم یا کوئی اور رشتے دار یا بیوی یا کوئی اور شخص لا پتہ ہو گیا ہو اور کسی بھی طرح اس کا سراغ نہ مل رہا ہو تو اس آیت کو روزانہ پانچ سو مرتبہ پڑھ کر اس کی واپسی کی دعا کریں اور سات دن تک یہ عمل جاری رکھیں۔ عمل کے شروع اور آخیر میں پانچ پانچ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں۔ انشاءاللہ اس آیت کی برکت سے یا تو وہ واپس آجائے گا یا اس کا پتہ مل جائے گا۔ آیت یہ ہے ''وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ''(سورۂ بقرہ آیت ۱۴۸) اگر اس آیت کا نقش بنا کر اس کے نیچے لا پتہ انسان کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھ کر نقش کو کسی ویران جگہ پر دفن کر دیا جائے تب بھی مقصد حاصل ہو جاتا ہے۔ نقش دبانے کے سات دن کے اندر اندر یا تو لا پتہ انسان واپس آجائے گا یا اس کا پتہ مل جائے گا۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۱۰۵۰	۱۰۶۴	۱۰۶۰	۱۰۵۷
۱۰۶۱	۱۰۵۶	۱۰۵۱	۱۰۶۳
۱۰۵۵	۱۰۵۸	۱۰۶۲	۱۰۵۲
۱۰۶۵	۱۰۵۳	۱۰۵۴	۱۰۵۹

فلاں ابن فلاں

☆☆☆☆☆

ماہ رجب میں خوشگوار زندگی کے راز

(1) بزرگوں سے منقول ہے جو شخص رجب کی پہلی اور پندرہویں کو اور آخری تاریخ میں غسل کرے اپنے گناہوں سے ایسا پاک ہو جائے جیسے آج ہی پیدا ہوا۔ (2) اس ماہ کی پانچ شب عبادات کے لئے افضل ہے۔ ایک اوّل، ایک اوسط، تین آخر میں۔ (3) پہلی رات میں مغرب کی نماز کے بعد بیس رکعت پڑھنا، جس میں ایک ایک بار سورہ اخلاص ہو دنیا و آخرت کی بہتری کیلئے نہایت ہی مجرب ہے۔ (4) شب اوّل میں بعد نماز عشاء کے دو رکعت پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ الم نشرح اور سورۂ اخلاص اور معوذتین ایک ایک بار پڑھے۔ سلام کے بعد ۳۳، ۳۳ بار کلمہ توحید اور درود شریف پڑھے تو جو دعا طلب کرے وہ مقبول ہو۔ (5) اس ماہ کی کسی رات کو دس رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں ایک بار سورۂ کافرون اور دس بار سورۂ اخلاص پڑھے سب گناہ اس کے بخشے جائیں اور جو دعا کرے مقبول ہو۔ (6) رجب کے ماہ میں ہر جمعہ میں ظہر اور عصر کی نماز کے درمیان چار رکعت ایک سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں آیت الکرسی سات بار، سورہ اخلاص پانچ بار پڑھے اور سلام کے بعد پچیس بار لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْكَبِيْرِ الْمُتَعَالِ اور سو بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَ سَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ اور سو بار درود شریف پڑھے اور اس کے بعد جو حاجت چاہے

مانگے انشاء اللہ پوری ہوگی۔ (7) اس مہینے میں تیس رکعت پڑھے۔ دس پہلے دن، دس پندرہویں دن، دس روز آخری دن میں اور ہر رکعت میں سورۂ کافرون ایک بار اور سورۂ اخلاص تین بار ہو تو اللہ کے فضل سے تمام دینی اور دنیاوی حاجاتیں پوری ہوں اور آفات سے محفوظ رہے۔ (8) اس ماہ میں ہر روز استغفار پڑھے تو بے شک مغفرت ہوگی۔ (9) حضرت خواجہ اویس قرنیؒ سے منقول ہے کہ اس ماہ کی ۳، ۴، ۵، ۱۵، ۱۶، ۲۳، ۲۴، ۲۵ کو روزہ رکھے۔ ہر روزے میں چاشت کے وقت غسل کرے اور فراغت نماز کسی سے بات نہ کرے اور بارہ رکعت نماز تین سلام سے پڑھے۔ یعنی چار چار رکعت پڑھے۔ پہلی چار رکعت میں انا انزلناہ تین تین بار پڑھے بعد سلام ستر مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ دوسری چار رکعت میں اذا جاء تین تین بار پڑھے اور بعد سلام ستر بار پڑھے۔ اِنَّكَ قَوِیٌّ مُّعِيْنٌ وَّاحِدٌ دَلِيْلٌ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اور تیسری چار رکعت میں سورۃ اخلاص تین تین بار پڑھے اور سلام کے بعد ستر مرتبہ الم نشرح پڑھے۔ پھر سینے پر ہاتھ رکھ کر اللہ رب العزت سے اپنی من کی حاجت طلب کرے۔ بہت جلد اللہ کے فضل سے حاجت پوری ہوگی اگر حاجت طلب نہ کرے تو بہشت میں ہزاروں نعمتیں حاصل ہوں گی۔

☆☆☆☆☆

ہر کام سے پہلے اپنا استخارہ خود کریں

وحید مجید سہروردی

مشکلات پریشانیاں اور حالات ہماری زندگی کا حصہ ہیں بہت سے لوگ پریشانیوں اور حالات سے نکلنے کیلئے پریشان نظر آتے ہیں اور لوگوں کے پاس جاتے ہیں کہ ہماری کوئی رہنمائی کریں یا استخارہ کے ذریعے ہمیں جواب دیں اصل استخارہ تو خود کرنے کی چیز ہے ایسے تمام لوگوں کیلئے جو استخارہ کیلئے دربدر کی ٹھوکریں کھاتے رہتے ہیں ان کیلئے اولیائے کرامؒ کے آسان اور مجرب استخارے لکھے جاتے ہیں ان میں سے جو بھی آسان لگے اُسے آپ کر سکتے ہیں۔

پہلا استخارہ:

بعد نماز عشاء، اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار کے ساتھ باوضو تین سو (۳۰۰) مرتبہ یہ کلمات پڑھے ''يَاخَبِيْرُ اَخْبِرْنِىْ بِحَالِهٖ يَاخَبِيْرُ'' اس کے بعد اپنی مراد کو خدا تعالیٰ سے مانگے اور سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحیح جواب خواب میں مل جائے گا۔ (از قاری محمد اسحق صاحبؒ)

دوسرا استخارہ:

بعد نمازِ عشاء، دو رکعت نماز نفل پڑھیں۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد تینتیس (۳۳) مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد تینتیس (۳۳)

قیمت
100.00

عبقری
تلبینہ



معدہ اور جگر کو قوت بخشتی ہے۔
جسم میں آئرن کی کمی کو پورا کرتی ہے۔
جسم کو غذائیت اور دماغ کو تقویت دیتی ہے۔
حاملہ خواتین میں خون کی کمی کیلئے لاجواب چیز ہے۔

مرتبہ درود شریف پڑھ کر گیارہ (۱۱) مرتبہ "یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَااَبَشِیْرُ بَشِّرْنِیْ یَاخَبِیْرُ خَبِّرْنِیْ" پڑھیں۔ پھر تینتیس (۳۳) مرتبہ درود شریف پڑھ کر بغیر کسی سے بات کئے سو جائیں۔ جب تک جواب نہ ملے پڑھتے رہیں۔

تیسرا استخارہ:

استخارہ کے لئے "یَابَاطِنُ" کا ورد مفید ہے۔ باوضو بستر پر لیٹ کر مقصد کا تصور کر کے نیند نہ آنے تک ورد کرتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں جواب مل جائے گا۔

چوتھا استخارہ:

کسی بھی امر کا معلوم کرنا ہو تو نمازِ عشاء کے بعد تازہ وضو کریں۔ پھر ایک سو (۱۰۰) مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر دو رکعت نماز پڑھیں۔ پہلی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ اکیس (۲۱) مرتبہ سورۂ اخلاص، دوسری میں بعد سورۂ فاتحہ بیس (۲۰) مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ پھر منہ شمال مغرب کی طرف کر کے گیارہ (۱۱) قدم اٹھائیں۔ ہر قدم پر اپنا مطلب سیدنا غوث پاک رحمہ اللہ کے وسیلے سے اللہ سے طلب کریں۔ پھر قبلہ رخ ہو کر آیت "اھدنا الصراط المستقیم" پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ مطلب بالضرور دل میں ہو۔

پھر آپ کا سر دائیں یا بائیں طرف کوئی غیبی شخص گھما دے گا۔ چاہے سر کو زنجیروں سے کیوں نہ باندھ دیا جائے۔ دائیں طرف مقصد پورا ہو گا۔ بائیں طرف نہیں۔ پس سر نے ہر حال میں گھومنا ہے۔

پانچواں استخارہ:

"سُبْحٰنَکَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ" (سورۂ البقرہ، ۳۲)

اگر کسی کارِ خیر میں استخارہ منظور ہو تو بعد نمازِ عشاء خیالات فاسدہ کو دل سے یکسو کر کے، ایک سو ایک (۱۰۱) بار اس آیت شریف کو پڑھیں اور مطلب کا خیال کر کے سو رہیں۔ جو بہتر ہو گا، انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں معلوم ہو جائے گا۔

چھٹا استخارہ:

بعد نمازِ عشاء سوتے وقت دائیں پہلو لیٹ کر سورۂ والیل (پ ۳۰) والضحیٰ (پ ۳۰) الم نشرح (پ ۳۰) ہر ایک سات سات بار پڑھیں۔ پھر یہ دعا بھی سات بار پڑھیں: "اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیْ اَمْرِیْ ھٰذَا فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ" (حضرت امام یافعیؒ)

ترجمہ "یا اللہ میرے لئے میرے امر میں کشائش و دستگاری کر"

ساتواں استخارہ:

سوتے وقت باوضو تین بار درود شریف، دس بارہ سورہ الفاتحہ اور گیارہ بار سورۃ الاخلاص پڑھ کر سینے پر دم کر کے کام کا تصور کرتے ہوئے قبلہ رخ ہو کر سو جائیں۔

آٹھواں استخارہ:

بدھ، جمعرات اور جمعہ کی رات کو عشاء کی نماز کے بعد، سب کاموں سے فارغ ہو کر، بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ تین سو (۳۰۰) مرتبہ پڑھ کر سورۃ الم نشرح معہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ستر (۷۰) مرتبہ پڑھیں اور اپنے منہ اور سینہ پر دم کریں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ: "اے اللہ! فلاں (یہاں نام لیں) کام میں جو ہونے والا ہے وہ مجھے خواب میں یا غنودگی میں، کسی آواز دینے والے کی آواز سے معلوم کرا دے"۔ اس کے بعد یہ درود شریف ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھیں: "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَّعْلُوْمٍ لَّکَ" انشاء اللہ، تین رات کے اندر مقصد حاصل ہو جائے گا۔

انشاء اللہ حمل ضائع نہ ہوگا

جس عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو یا حمل گر جاتا ہو اس کیلئے مشک زعفران سے لکھ کر عورت کے گلے میں تعویذ ڈالا جائے۔ انشاء اللہ تھوڑے عرصہ میں حمل قرار پائے گا اور اگر حمل ٹھہرے تو انشاء اللہ پورا بچہ ہوگا کچا حمل ساقط نہ ہوگا لیکن اس آیت کی زکوٰۃ دینی لازم ہے، سات روز تک برابر سات ہزار مرتبہ اس آیت کو ننگے سر رو بقبلہ بیٹھ کر باوضو ہو کر پڑھے، پھر ساتویں دن ختم کے بعد اس آیت کو سفید کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر عورت کے گلے میں ڈالے۔ آیت مبارکہ یہ ہے ''وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسٰنَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ. ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ. ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ''

طوفانی بارش روکنے کیلئے

اگر کثرت سے بارش ہو رہی ہو اور کسی طرح مینہ تھمتا نہ ہو اور لوگ چاہیں کہ بارش تھم جائے اس آیت کریمہ کو گیارہ ہزار مرتبہ پڑھیں پھر کاغذ پر لکھ کر جنگلی کبوتر کے گلے میں ڈالنا نہایت مجرب ہے۔ انشاء اللہ فوراً بارش رک جائے گی۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔ ''وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ''

نئے مکان پہ عمل ضرور کریں

جو شخص کسی نئے مکان یا اجنبی جگہ جا کر اترے وہ اول تین مرتبہ آیت کو پڑھے انشاء اللہ سانپ، بچھو، چور اور ہر قسم کے خطرے سے بفضلہ تعالیٰ محفوظ رہے گا۔ آیت شریف یہ ہے

''رَبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ''

تین دن کا چلہ اور برکتیں ہی برکتیں

سورۂ مومنون کی آخری چار آیات پڑھ کر مریض کے کان میں خواہ کسی قسم کا مریض ہو دم کرنا خدا کے فضل سے ہر ایک قسم کی بیماری کو دور کرتا ہے مگر ان آیتوں کی پہلے زکوٰۃ دینی ضروری ہے اور وہ یہ ہے کہ وہ شخص تین روزے رکھے اور برابر تین روز تک روزے کی حالت میں اکیس ہزار مرتبہ ان آیتوں کو باوضو رو بقبلہ بیٹھ کر پڑھے اور ہر روز مریض پر دم کرے۔ انشاء اللہ بہت جلد بیمار اچھا ہوگا۔ زکوٰۃ دینے کے بعد چھ ماہ تک برابر اثر باقی رہے گا۔ اس مدت میں صرف تین مرتبہ پڑھ کر دم کرنا انشاء اللہ کافی ہوگا۔ چھ ماہ کے بعد دوسری زکوٰۃ دینے کی ضرورت ہوگی۔ ہاں اگر چھ ماہ کے دوران کوئی کبیرہ گناہ مثل چوری، شراب خوری، نشے بازی، حرام



آج ہر شخص بے چین اور پریشان زندگی گزار رہا ہے اور افسوس یہ کہ روحانی دنیا تجارت اور خرید و فروخت کا ذریعہ بن گئی ہے......! ایسے وقت میں لاجواب کتاب......

کاری وغیرہ وغیرہ کا مرتکب ہوگیا تب فوراً تاثیر زائل ہوگی پہلے ایک ہزار مرتبہ استغفار پڑھے، پھر بدستور زکوٰۃ دیوے انشاء اللہ وہی تاثیر پیدا ہوگی آیت عجیب زبردست تاثیر و برکات والی ہے۔

دنیا و آخرت میں کمال کیلئے سچے اعمال

صرف ہاتھ دھوئیں اور تنگی رزق ختم۔۔۔۔!

حضور ﷺ نے فرمایا جو شخص چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں برکت ہو وہ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھولیا کرے اور بسم اللہ پڑھ کر کھانا شروع کرے۔

ایک دعا ننانوے بیماریوں کی دوا

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا جس کے گناہ زیادہ ہوں وہ استغفار پڑھا کرے جو تنگ دست ہو وہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم پڑھا کرے اور فرمایا لاحول ولاقوۃ ۹۹ مصائب کی دوا ہے۔ اس کے پڑھنے سے فقر و فاقہ اور غموں سے نجات ملتی ہے (بخاری و مشکوۃ)

فائدہ: ایک صاحب فرماتے ہیں کہ مجھے ایک بزرگ نے حصول غناء کے لئے اس طرح فرمایا کہ صبح اور عشاء کی نماز کے بعد دو دو سو مرتبہ
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ
پڑھا کرو اور کم از کم سو سو مرتبہ دونوں وقت پڑھ لیا کرو۔ میں نے جوانی میں یہ پڑھا اللہ کے فضل و کرم سے دین و دنیا کی بہت ہی زیادہ بہتری حاصل ہوئی۔ حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو شخص سو بار روزانہ لاحول پڑھا کرے گا ہرگز کبھی مبتلائے تنگی نہ ہوگا۔ فقر و فاقہ سے محفوظ رہے گا۔

مصیبت کے وقت ایک دعا پڑھیں اور ضرور نعم البدل پائیں!

حضرت محمد ﷺ نے فرمایا اگر کسی کا نقصان جان و مال ہو اور وہ اس پر صبر کرے اور یہ کلمات کہے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰھُمَّ اٰجِرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاخْلُفْ لِیْ خَیْرًا مِنْھَا تو اللہ اسے اس سے بہتر چیز دے گا۔ بالکل حق ہے آزمایا جاچکا ہے۔

لاکھوں کا قرض یقینی ختم

(1)۔ ایک شخص نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ مجھے قرض اور رنج و غم نے تنگ کر رکھا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا یہ دعا (نماز میں اور بعد نماز بھی) اکثر پڑھا کر۔ ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ'' (ابوداؤد وغیرہ)۔ وہ شخص کہتا ہے میں نے اسے چند روز پڑھا رنج و غم اور قرض سے نجات ہوئی۔ فائدہ: رنج اور ادائے قرض میں یہ عمل بہت ہی مجرب ہے۔

(2)۔ حضرت علیؓ سے کسی نے ادائے قرض کی تدبیر پوچھی۔ آپؓ نے فرمایا میں تجھے وہ سکھاتا ہوں جو میرے آقا حضرت نبی اکرم ﷺ نے سکھایا اگر پہاڑ کے برابر بھی تجھ پر قرض ہوگا تو اتر جائے گا وہ یہ ہے:

''اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ''

دوسری جگہ یہ بھی کلمے زائد ہیں:۔

''اَللّٰھُمَّ یَا غَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا کَرِیْمُ اَکْفِنِیْ'' ہر نماز کے بعد ۷ بار پڑھا کرو۔ قرض دور اور فراخی نصیب ہو۔

رزق کے متلاشی متوجہ ہوں!

سورہ القدر (پارہ نمبر 30) روزانہ باوضو ۲۱ بار یا ۴۰ بار پڑھنا رزق کی فروانی کیلئے نہایت ہی مجرب ہے۔ 3 یا 5 مرتبہ اوّل و آخر درود شریف پڑھیں اور اس کے بعد یہ دعا یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ چند منٹ مانگیں اور اپنے مقصد کا سوال کریں۔

کشائش رزق اور خوب ترقی کیلئے

خاندان چشتؒ سے منقول ہے کہ صبح کی سنتوں کے بعد اور فرضوں سے پہلے ایک سو ایک بار

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

اوّل و آخر درود شریف پڑھا کریں۔ کشائش رزق و ترقی جاہ کے لئے اکسیر ہے ہر نماز کے بعد سورہ الم نشرح (پارہ 30) کا پڑھنا وسعت رزق اور تونگری کیلئے نہایت ہی آزمودہ ہے۔

محتاجگی ختم اور عذاب قبر سے نجات

جس شخص نے روزانہ سو بار ''لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ'' اپنا وظیفہ مقرر کر لیا زندگی میں وہ محتاجی سے بچے گا اور قبر میں اسے وحشت نہ ہوگی۔

یہ آیت دُکان میں لکھیں اور برکت کے نظارے کریں

جمعہ کی نماز کے بعد جب فارغ ہوں یہ آیت لکھ کر دُکان یا مکان میں رکھنے سے فراغی رزق ہوتی ہے۔ آیت یہ ہے ''وَلَقَدْ مَکَّنّٰکُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَکُمْ فِیْہَا مَعَایِشَ قَلِیْلًا مَّا تَشْکُرُوْنَ'' دُکان یا مکان میں کہیں چسپاں کر دیں۔

آپکی دُکان پر گاہک ہی گاہک

کسی نیک صالح مند آدمی کے کرتہ کی کترن پر آیت ''اَنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ'' لکھ کر دکان یا خرید و فروخت کی جگہ لٹکا دے انشاء اللہ خوب آمدنی ہوگی اور گاہک سنبھالے نہیں جائیں گے۔

ہر دکھ کی دوا۔۔۔۔۔۔توبہ و استغفار

جاننا چاہئے کہ بعض لوگوں کو بوجہ گناہوں کے تنگی و عسرت کی سزا ملتی ہے اور حکمت اس میں خدا کی یہ ہوتی ہے کہ وہ سزا جو گناہ کی عاقبت میں سخت ملنی ہوتی ہے اللہ تعالیٰ بوجہ اسلام ان کی عاقبت کو بہتر بنانے کیلئے یہاں ہی انہیں تنگی میں مبتلا کر دیا ہے۔ اگر وہ اس پر صبر کریں تو اللہ تعالیٰ انہیں اپنا دوست قرار دیتا ہے۔ اگر



شکوہ کریں تو اور تنگی کرتا ہے۔ اس تنگی کا علاج سوائے استغفار کے اور کچھ نہیں۔ اسی لئے حضور ﷺ نے فرمایا جس کے گناہ زیادہ ہوں وہ استغفار کرے۔ استغفار کے کلمات بہت سے ہیں بہترین استغفار سید الاستغفار بھی ہے۔ ''اَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ'' دوسرا استغفار ''اَسْتَغْفِرُ اللهَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْه'' تیسرا استغفار ''اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ'' حضور ﷺ فرماتے ہیں استغفار کرنے والے کے گناہ معاف کردیئے جاتے ہیں اگرچہ وہ جہاد سے بھاگا ہوا ہو اور دوسرا کمال اسے یہ ملتا ہے کہ اللہ اسکا رزق وسیع کردیتا ہے۔

سورہ مزمل پڑھیں۔۔۔اور جو چاہیں مانگیں

صبح کی نماز کے بعد سورہ مزمل اپنی کسی بھی ضروری حاجت کیلئے ایک بار اس طرح پڑھیں کہ پہلے درود شریف ۳ یا ۵ بار پڑھ کر سورۂ مزمل بسم اللہ پڑھ کر شروع کریں۔ جب آیت ''رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَکِیْلًا'' پڑھیں تو اسکی ۳ بار تکرار کریں۔ پھر آگے جب وَاللهُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَ النَّهَارَ اسے بھی تین بار تکرار کریں۔ پھر آگے یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللهِ کو بھی ۳ بار پھر اخیر پر وَاسْتَغْفِرُوا اللهَ اِنَّ اللهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ بھی ۳ بار پڑھ کر درود پڑھیں پھر اپنی جو حاجت ہو اللہ کریم سے مانگیں ان شاء اللہ پوری ہوگی۔

جابر ظالم حاکم زیادتی نہ کر سکے

یہ لکھ کر پاس رکھے اور اسی آیت کو پڑھتا جائے ان شاء اللہ حاکم زیادتی نہ کرے گا اور انصاف کے تقاضے پورے کرے گا۔ آیت ''اِنَّ اللهَ یَاْمُرُکُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓی اَهْلِهَا وَاِذَا حَکَمْتُمْ بَیْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْکُمُوْا بِالْعَدْلِ اِنَّ اللهَ نِعِمَّا یَعِظُکُمْ بِهٖ اِنَّ اللهَ کَانَ سَمِیْعًا بَصِیْرًا''

یاوہاب پڑھیں اور رزق کی بارش دیکھیں

کسی بھی نماز کے بعد باوضو یقین کے ساتھ اسم یاوہاب تین سو (300) مرتبہ پڑھا کریں اوّل آخر 3،3 مرتبہ درود شریف ان شاء اللہ فراخی نصیب ہوگی اور بے پناہ رزق ملے گا یقین سے کرنے والا کبھی نامراد نہیں ہوتا۔

☆☆☆☆☆

خطرناک جادو میں مبتلا لوگ ضرور فائدہ اٹھائیں

انتخاب: نعمان احمد منوری

مریض پر سے جادو کا اثر ختم کرنے کے لیے عامل کو چاہیے کہ وہ وضو کرے۔ پھر اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کے لیے دو رکعت نفل نماز پڑھے۔ پھر اللہ سے ہدایت کی امید رکھتے ہوئے دعا کرے۔ جادو کو ختم کرنے والا دم پانی پر کیا جائے۔ پھر اس پانی میں سے کچھ مریض پی لے اور باقی پانی سے نہا لے۔ اس دم کا طریقہ کار یہ ہے کہ عامل ابتداء میں درود ابراہیمی پڑھے جو کہ درج ذیل ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ فِی الْعَالَمِیْنَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

پھر کہے ''بِسْمِ اللهِ بِسْمِ اللهِ بِسْمِ اللهِ بِسْمِ اللهِ بِسْمِ اللهِ بِسْمِ اللهِ بِسْمِ اللهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم''

اس کے بعد پڑھیں

(۱) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ۔ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ۔ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ۔ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ۔ (الفاتحہ: ۱۔۷)

(۲) اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ (البقرہ: ۲۵۵)

(۳) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ۔ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ۔ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ۔ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ۔ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ۔ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ (الکافرون: ۱۔۶)

(۴) قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ اَللّٰهُ الصَّمَدُ۔ لَمْ يَلِدْ۔ وَلَمْ يُوْلَدْ۔ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ (الاخلاص: ۱۔۴)

(۵) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ۔ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ۔ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ۔ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ۔ (الفلق: ۱۔۵)

(۶) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔ مَلِكِ النَّاسِ۔ اِلٰهِ النَّاسِ۔ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ۔ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ۔ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ (الناس ۱۔۶)

(۷) فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ۔ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ (یونس: ۸۱۔۸۲)

(۸) وَ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ۔ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۔ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ۔ وَ اُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ۔ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ (الاعراف: ۱۱۷۔۱۲۲)

(۹) وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى۔ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى (طٰہٰ: ۶۹۔۷۰)

(۱۰) وَ قَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا (فرقان: ۲۳)۔ ۲۱ مرتبہ پڑھیں۔

(۱۱) قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّيْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّيْ حَقًّا (کہف: ۹۸)

(۱۲) وَ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبٰطِلُ اِنَّ الْبٰطِلَ كَانَ زَهُوْقًا (الاسراء: ۸۱)



اس کتاب میں ایسے انمول وظائف، طبی چٹکلے اور جوہرات سے قیمتی اقوال ہیں جو یقیناً ہر لحاظ سے مخلوق کیلئے مفید ہی نہیں بلکہ باعث رحمت اور شفاء بنیں گے۔ یہ کتاب صرف الفاظ ہی نہیں زندگی بھر کے تجربات و مشاہدات کا جامع مجموعہ ہے۔ اس کتاب کا آج ہی مطالعہ کیجئے اور نسلوں کی صحت مندانہ تعمیر کیجئے۔

(۱۳) بَلۡ نَقۡذِفُ بِالۡحَقِّ عَلَى الۡبَاطِلِ فَيَدۡمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ وَلَكُمُ الۡوَيۡلُ مِمَّا تَصِفُوۡنَ (الانبیاء:۱۸) (۲۱مرتبہ پڑھیں)

عامل مذکورہ آیات کو مخصوص تعداد میں پڑھے جو کہ آیات کے ساتھ ذکر کی گئی ہے۔ پھر آخر میں دوبارہ درود ابراہیمی پڑھے اور اس کے بعد درج ذیل دعا کرے:

اَعۡتَصَمۡتُ بِرَبِّ الۡمَلَكُوۡتِ وَ تَوَكَّلۡتُ عَلَى الۡحَيِّ الَّذِيۡ لَا يَمُوۡتُ رَبِّ اصۡرِفۡ سِحۡرَ السَّاحِرِيۡنَ وَ كَيۡدَ الۡكَائِدِيۡنَ وَ بَلَاءً وَّ اَذٰى شَيَاطِيۡنِ الۡاِنۡسِ وَ الۡجِنِّ عَنۡ (فلاں) اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيۡءٍ قَدِيۡرٌ وَ بِالۡاِجَابَةِ جَدِيۡرٌ

عامل یہ مکمل عمل پانی پر اس طریقے سے کرے کہ اس کی سانس پانی میں جا رہی ہو۔ پھر مریض اس پانی میں سے کچھ پی لے اور بقیہ پانی کے ساتھ اس طرح نہائے کہ پانی کا کوئی قطرہ زمین پر نہ گرے یعنی کھلے برتن میں نہائے تاکہ پانی برتن کے اندر ہی رہے۔ پھر کپڑے بدلنے کے بعد اس پانی کو کسی چھوٹے برتن میں ڈال کر کسی کھیت یا پاک جگہ پر انڈیل دے۔ غسل کے پانی میں بیر کے پتے ملانا مستحب ہے۔

☆☆☆☆☆

اوج مریخ میں عملیات کی کامیابی کی خاص ساعتیں

متقدمین کا نظریہ

اللہ پاک نے ساتوں ستاروں کے اندر سات مختلف تاثیرات رکھی ہیں ان سے ایسی شعاعیں زمین پر اثر انداز ہوتی ہیں جو گوناگوں تبدیلیاں لاتی ہیں۔ امریکہ نے اب جو راکٹ مریخ پر بھیجا تو اس نے تحقیق کی کہ اس کی مٹی سرخ ہے اور لوہا اس کے اندر بہت ہے متقدمین کا بھی یہی نظریہ رہا ہے اس لئے مریخ کی دھات کو لوہا قرار دیا گیا اور لوہے کو ہی طاقت وقوت حاصل ہے خون کے اندر لوہا ایک جز کے طور پر ہوتا ہے لوہے کو طاقت اس لئے حاصل ہے کہ تیر، تلوار، نیزہ وغیرہ لوہے کا ہی بنتا تھا۔ بندوق بھی لوہے کی ہوتی ہے کسی بادشاہ نے سونے کی تلوار کبھی نہیں بنائی۔

مریخ جب برج جدی کے ۲۸ درجہ پر حرکت کرتا ہے تو اسے شرف کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔ عاملین جفر اس سے مختلف کام لیتے ہیں۔ روحانی دنیا میں مدت سے اس سے حاصل کی جانے والی تاثیر کے عملیات لکھتے چلے آرہے ہیں جو بہت مشہور ہیں اور بہت سے لوگوں نے فیض حاصل کیا ہے۔ نوچندی جمعرات میں صبح کے وقت سورج نکلنے کے ڈیڑھ گھنٹے بعد تک اس ساعت کا وقت ہے۔

سودواؤں کی طاقت پیدا کرنے والا عمل

لوگ اس سے بہت فائدہ اٹھاتے ہیں وہ لوگ جن کی قوت مردمی کسی وجہ سے زائل ہو چکی ہے۔ کمر میں درد رہتا ہے۔ آنکھوں میں نور اور روشنی کم ہو گئی ہے۔ جسم کمزور ونحیف ہے اور طاقت کی ادویہ کھانے کے باوجود مریض ہیں تو اس عمل کو تیار کریں ہر قسم کی کمزوری دور ہوگی۔ کسی دوا اور یاقوتی کھانے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ ایک مرتبہ شباب کا لطف آجائے گا۔ اسے صرف بوقت ضرورت ہی پہنتے ہیں پھر اتار کر محفوظ رکھ دیتے ہیں۔

عمل تیار کرنے کا طریقہ

ایک بات اور یاد رکھیں کہ اگر قوت مردمی کے لئے انگوٹھی بنانا ہے تو ''ج غ'' کے ایک ہزار تین عدد لیں گے۔ اگر کسی وجہ سے جسم لاغر وکمزور ہے یا بدن میں خون نہیں یا ایسا کمزور نظام ہے کہ آئے دن بیماری رہتی ہے تو پھر جسم کی صحت وقوت کے لئے حروف ''ب س'' لیں۔ جس کے عدد ۶۲ ہیں۔ طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام کے اعداد بحساب ابجد لیں۔ نام معہ والدہ ہو۔ اس میں حروف ''ج غ'' یا ''ب س'' کے عدد ملائیں۔ پھر ۹ ۱۲۳ عدد کا اور اضافہ کریں اور کل کو ۲۸ پر تقسیم کریں دیکھیں باقی کیا بچا۔ تقسیم سے جو کچھ باقی بچے۔ اس کے حروف بنا کر آگے لفظ طیش لگا دیں

یہ کلمہ ہی آپ کی قوت وطاقت کا سرچشمہ ہوگا۔ اس کو چاندی کی انگوٹھی پر وقت مقررہ کندہ کرلیں اور داہنے ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں بوقت ضرورت پہنیں تو سو دواؤں جتنی طاقت دے گی۔

مثلاً نام عبدالرحمن بن صائمہ کے لیے انگشتری طاقت مردانہ کی تیار کرنا ہے تو

نام کے عدد = ۵۵۱
ج غ کے عدد = ۱۰۰۳
عدد خاص = ۱۶۳۱

میزان = ۳۱۸۵ تقسیم ۲۸ = باقی ۲۱ کے حروف ''اک''۔ کلمہ بنا اکطیش۔

اگر انگشتری جسمانی صحت کی خرابی کو دور کرنے کے لیے بنانا ہے تو یہ ہوگی اس کو ہر وقت انگلی میں رکھنا ہے۔ یہ چھوٹی انگلی کے ساتھ والی انگلی میں پہنی جائے گی۔

نام کے عدد = ۵۵۱
ب س کے عدد = ۶۲
عدد خاص = ۱۶۳۱

میزان = ۲۲۴۴ تقسیم ۲۸ = باقی ۴ کا حرف ''د'' ہوا اور کلمہ طیش لگا کر ''دطیش'' بنا۔

لوح برائے ترقی وکامیابی

اگر کوئی شخص چاہے کہ مجھے دن بدن ترقی ہو۔ اعلیٰ مرتبہ ملے۔ لوگ عزت وتکریم سے پیش آئیں دوسروں پر رعب ودبدبہ قائم ہو جائے اور ترقیوں کے لئے تمام راستے کھلے رہیں کوئی شخص بغض وعناد سے راستے کا پتھر نہ بنے تو اس لوح کو تیار کرکے استعمال میں لائیں۔

یہ لوح ان لوگوں کے لیے بہت مفید ہے جو کسی بھی قسم کے کھیلوں میں فتح یابی چاہتے ہوں۔ ظفر و قوت کے کاموں، بہادرانہ اور جان جوکھوں میں ڈالنے یعنی مہم بازی کے لئے بہت بہتر ہے۔ لوہے کے کاموں یا تجارت یا مشینوں کی تیاری یا فروخت میں فائدہ دے گی جو لوگ مشینوں کا کام کرتے ہیں خواہ کوئی بھی راہ اختیار کئے ہوئے ہوں اس میں ترقی اور وسعت کے اسباب پیدا کرے گی۔ نیز جن لوگوں کے زائچہ میں مریخ کمزور ہے یا نحس حالت میں ہے ان کو نحوست سے محفوظ رکھے گی اور یہ لوح حادثات میں تحفظ کیلئے استعمال ہوتی ہے۔ لوح یہ ہے۔

قوتی گولیاں
قوت وشباب کا بے بہا خزانہ
بے طاقتی، بے رغبتی کیلئے قوت اور طاقت کا موجیں مارتا ہوا انوکھا سمندر ہے جو دائمی اور مستقل قوت کا راز ہے

۷۸۶

سمائل

یامالك یاقدوس

۹۶۴۳۱۱

الم قن

۴۲	۵۹	۴۶	۶۴	۵۰
۵۵	۴۷	دیان	۵۱	۴۳
۴۸	۶۱	۵۲	۴۴	۵۶
۶۲	۵۳	۴۰	۵۷	۴۹
۵۴	۴۱	۵۸	۴۵	۶۳

کہیعص ۱۱۴۸۹۷

حمعسق ۱۱۶۷۴۳

طہ ۴۹ ۸۶ ۷۴ یس

الاحمر

لوح کی پشت پر مندرجہ ذیل اسماء کندہ کریں۔ اگر کام پر نقش بنائیں گے تو نقش کے نیچے اسماء لکھیں گے۔ اسماء یہ ہیں: "**یاقهار یاقادر یاغنی یاعزیز یاواحد یاالله یاودود**" دوران عمل بخور سندرس جلائیں اور بعد ختم عمل کسی غریب کو کھانا کھلائیں اور موکلات کیلئے کچھ ایصال ثواب کرنے کے بعد ۱۴ روپے ہدیہ کسی محتاج یا فقیر یا کسی مستحق کو دے دیں لوح کو سیدھے بازو پر باندھیں۔

اگر قسمت بہت کمزور ہے یا دیر ہو جانے کا اندیشہ ہو تو اس لوح کے اسماء الٰہی یا مالک یا قدوس کا کھلا ورد کریں انشاء اللہ تعالیٰ کاموں کے پورا ہونے کے اسباب پیدا ہونے شروع ہو جائیں گے

☆☆☆☆☆

سال بھر حفاظت کرنے والی لوح

روحانی سال کا موسم بہار

رجب کی پہلی تاریخ وہ ہوتی ہے جس میں باغبان حقیقی نورانی باغ کا دروازہ کھول دیتا ہے۔ رجب شعبان اور رمضان روحانی سال کے موسم بہار ہیں۔ جس شخص کو روحانی پھلوں کی ضرورت ہے۔ اس کو ان مہینوں میں تماشائی نہ رہنا چاہیے بلکہ بڑھ کر اپنی قسمت کے پھل پھول حاصل کرے ورنہ موسم خزاں میں ان پھلوں کی ضرورت پڑی تو کف افسوس کے سوا کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔

رجب کی پہلی تاریخ کو روحانی باغ کے جس درخت میں پھل آتا ہے وہ ہوتا ہے تحفظ کا! قرآن مجید کا تحفظ حروف نورانی سے کیا گیا ہے جو چودہ ہیں۔ ہم انہیں حروف سے اللہ پاک کی اس نعمت سے اپنا تحفظ کر سکتے ہیں۔ اللہ پاک نے تحفظ کے لئے حروف نورانی کے موکلات کو مقرر فرما دیا۔ اب زمانہ ایسا ہے کہ ہر وقت جان و مال کا خطرہ لگا رہتا ہے۔ خواہ امیر ہو یا غریب ہر دور کے ساتھ یہ خطرہ ہر دم سایہ کی طرح موجود رہتا ہے۔ اس خطرہ سے بچنے کا طریقہ یہ ہے کہ حروف نورانی کی لوح اپنے پاس رکھی جائے۔ یہ لوح یکم رجب کو تیار کی جاتی ہے۔ جن احباب نے حروف نورانی کی زکات ادا کی ہوئی ہے وہ بھی اس لوح کو لکھ کر دوسروں کو دے سکتے ہیں۔

طلسماتی لوح کے حیرت انگیز کمالات

اگر کوئی شخص رجب کی پہلی تاریخ کو ساعت اول میں کندہ کرے تو اس کو درج ذیل فوائد حاصل ہوں:

☆ ڈرپوک ہو تو حوصلہ مند ہو جائے ☆ اگر کسی سے ڈر ہو تو امن میں ہو جائے ☆ اگر کسی امیر وزیر کے پاس جائے تو وہ اس کی خاطر مدارت

کرے ☆ اگر غصہ کرنے والے کے سر پر یہ لوح رکھے تو اس کا غصہ دور ہو جائے ☆ اگر بارش کے پانی سے دھو کر سات دن پئے تو حافظہ اور فہم قوی ہو ☆ ایک دفعہ ایک ایسے شخص کو یہ لوح پینے کے لئے دی گئی جس کو غلط انجکشن لگنے سے بے ہوشی اور ناطاقتی ہو گئی تھی وہ اچانک گر پڑتا تھا اور دوائیاں اس پر الٹا اثر کرتی تھیں۔ وہ چند دن پانی میں ڈال کر پانی پیتا رہا تو تندرست ہو گیا ☆ اگر کوئی کنواری لڑکی جس کا رشتہ نہ آتا ہو تو وہ باندھے تو بہت سے رشتے اس کی طرف متوجہ ہوں ☆ اگر مرگی والے پر یہ لوح رکھ دی جائے تو اسی وقت افاقہ ہو ☆ اگر دردزہ کی حالت میں عورت کو دیں تو فوراً بچہ پیدا ہو ☆ اگر لوح پر بخور رکھ کر سحر زدہ کو دھونی دیں تو فوراً سحر زائل ہو یا سحر کا اندیشہ ہو تو پاس رکھنے سے سحر و جادو کا وارنہ ہوگا ☆ اگر جسم کے کسی بھی حصہ سے خون جاری ہو اسے پہنا دیں فوراً خون بند ہو جائے گا، موجودہ دور میں یہ ایک عظیم تحفہ ہے ☆ ہر گھر میں ایک لوح ضرور ہونی چاہیے بلکہ ہر فرد کے پاس ہونی چاہیے اس کی برکت سے حادثہ سے انسان محفوظ رہتا ہے ☆ بچے اغواء سے محفوظ ہو جاتے ہیں ☆ سامان میں رکھیں تو چوری نہیں ہوتا ☆ زہر خورانی اتفاقیہ ہو جائے تو اس سے موت واقع نہیں ہوتی (انشاء اللہ) ☆ اگر کسی آسیب زدہ کو پہنا دی جائے تو جن بھاگ جائے گا ☆ اگر کہیں حادثہ ہوا تو بھی جان کو نقصان نہ پہنچے گا ☆ جس شخص کے دشمن ہوں اور اسے جان کا خوف ہو اسے بھی گلے میں ڈالنا چاہیے دشمن کچھ کر نہ سکے گا ☆ آج کل سڑکوں کے حادثات سے تو کوئی بھی محفوظ نہیں، اس لئے ہر شخص اپنی حفاظت اس سے کر سکتا ہے ☆ ایسی جگہ رہائش ہو جہاں حشرات الارض یا جنات کا بسیرا ہو تو بھی اس لوح سے تحفظ ملے گا ☆ موٹر سائیکل یا دوسری سواری کو حادثہ سے بچانے کے لیے اس لوح کو اس میں رکھتے ہیں۔ غرضیکہ تحفظ کی تمام قوتیں ہر جگہ اللہ کے فضل و کرم سے آپ کی حفاظت کریں گی۔

نقش و لوح تیار کرنے کا طریقہ

اس نقش پر پہلے اندر کے خانے لکھیں۔ پھر ضلع بنائیں۔ پہلے بسم اللہ سے پھر **قوله الحق واله الملك** سے۔ پھر موکلات پھر خدام۔ پھر اوپر **مجیب الدعوات والاکرام**۔ پھر نیچے ن والقرآن المجید والقلم و مایسطرون لکھیں۔ پھر چاروں طرف سے بند کر دیں۔ لوبان کی دھونی جلائیں۔ وضو کر کے لکھیں۔ کمرہ میں تنہا ہوں۔ چاندی کی تختی پر لوح تیار کریں۔ اگر کاغذ پر لکھیں تو سرخ سیاہی سے لکھیں۔ ساعت اوّل میں تیار کریں یعنی سورج نکلنے کے بعد لکھیں۔ اور حسب توفیق میٹھا پکا کر لوگوں کو کھلائیں اور کچھ صدقہ کریں۔



اہل بیت اطہار رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ایسے ایمان افزا سچے اور انوکھے واقعات جو شاید پہلے آپ کی نظر سے بھی نہ گزرے ہوں۔ ایسے واقعات جن کے پڑھنے سے آپ کے دل میں اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین کی محبت اور عزت مزید بڑھے۔ آج ہی قریبی بک سٹال یا عبقری دواخانہ سے طلب فرمائیں


بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل
قاضی الحاجات مجیب الدعوات الدعوات والاکرام
کہیعص
حمعسق
الم
الر
ن والقلم وما یسطرون
میکائیل
عزرائیل
اسرافیل
اللہ باری
ق لطیف
ن علی
ص حق

☆☆☆☆☆

عملیات میں کامیابی اور تسخیر کیلئے

احسن علی، میانوالی

بعض لوگ عامل تو ہوتے ہیں لیکن کامل نہیں ہوتے ایسے لوگوں کیلئے ایک نقش لکھا جاتا ہے جو کہ واقعی انسان کو باکمال بنا دیتا ہے۔

تمام عالم، عامل کے پاس مسخر ہو

اگر کوئی شخص اس نقش مثلث کو عروج ماہ، بروز اتوار، ساعت شمس میں لکھ کر اپنے پاس رکھے تو تمام عالم، اس عامل کے لئے مسخر ہو، کمال رجوعات ہوں گی۔ جہاں جائے گا، باعزت رہے گا۔ مجرب ہے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

اللہ اللہ اللہ

اللہ اللہ اللہ

۱۰۰۳	۱۰۱۰	۱۰۰۵
۱۰۰۸	۱۰۰۶	۱۰۰۴
۱۰۰۷	۱۰۰۲	۱۰۰۹

اللہ اللہ اللہ

ہیاہیاہیا

نوٹ: یہ تعویذ ایسے عامل یا بزرگ سے تیار کرائے، جو اسم ذات کا بہت ورد کرتے ہوں یا عامل ہوں۔ انشاء اللہ پھر مطلوبہ مقصد حاصل ہوگا۔

تسخیرِ عالم کیلئے درود پاک کا عمل

جو کوئی دین و دنیا میں عزت و وجاہت اور تسخیر عالم کا خواہشمند ہو تو ایسا شخص غروب آفتاب کے وقت غسل کرے اور بعد از نماز مغرب اس طرح عمل شروع کرے۔ اپنے پاس خوشبو سلگائے اور اوّل و آخر درذیل ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ اور درمیان میں اسم حسنیٰ "یَابَادِئُ" کا

گیارہ ہزار بار ورد کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز چالیس یوم کے عمل سے مخلوق عالم تسخیر ہوگی اور اس کے ہر حکم کو بجالائے گی اور اس کی عزت ووجاہت میں بے حد اضافہ ہوگا۔ حاکم وقت اگر یہ عمل کرے تو بہت ہی نامور ہو جائے۔ درود پاک یہ ہے:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ بِقَدْرِ عَظْمَۃِ ذَاتِکَ

مطلوب طالب کا فرمانبردار ہو جائے

اگر کسی کو رجوع کرنا اور اُلفت کرنا منظور ہو تو آیہ شریفہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ کو چار سو پچاس دفعہ رجوع کرنے کی نیت سے پڑھے۔ امید ہے کہ مطلوب طالب کی فرمانبرداری سے ایک دم باہر نہ ہوگا۔

ترکیب اس عمل کے پڑھنے کی یہ ہے کہ آدھی رات کو اٹھ کر پورا وضو کر کے چھ رکعتیں پڑھے اور ہر ایک رکعت میں سورۃ الحمد ایک دفعہ اور یہ آیت چار سو پچاس دفعہ۔ پھر سلام پھیر کر بیٹھے اور نو سو پچاس دفعہ اس آیت کو پڑھے اور پڑھنے کے وقت یہ تصور کرے کہ گویا مطلوب کو اس آیۃ شریف کے ذریعے سے اپنی طرف کھینچ رہا ہے۔ یہ عمل تین دن تک اسی طرح کرتا رہے۔

☆☆☆☆☆

خاص الخاص عمل کے بعد
جادو شکن پانی
ایسا پانی جس کا رزلٹ ہمیشہ سو فیصد
صدیوں سے آزمودہ اور تجربہ شدہ

کالا جادو، جنات، نظر بد، سفلی عمل، بدروحوں کے بُرے اثرات، لاعلاج بیماریاں گھریلو جھگڑے، اولاد کی نافرمانی، مسلسل ناکامیاں، دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کر دیا یا مایوس ہو گئے اور بیماری کی کچھ سمجھ نہیں آ رہی، جادو ہے، جنات ہیں یا بیماری جسمانی ہے ایسے حالات میں "جادو شکن پانی" کا استعمال مایوسی کو ختم کر کے آس اور امید کو دلاتا ہے۔ ہر عمر میں شفائی اثرات ملتے ہیں۔ مایوس مریض چند بوتلیں ضرور استعمال کریں۔ طریقہ استعمال: سادہ پانی میں ایک بڑا چمچ ملا کر پی لیں، دن میں چند بار۔ بدن، گھر، دیواروں یا کپڑوں پر بھی چھڑک سکتے ہیں، نہا نہیں سکتے۔ چند دن، چند ہفتے، چند مہینے متواتر استعمال کریں۔ نوٹ: صرف اخراجات اور مزدوری وصول کی جا رہی ہے اس لیے قیمت بالکل کم ہے تاکہ مخلوق کی زیادہ سے زیادہ خدمت ہو، پھر بھی نہ دعویٰ نہ وعدہ۔ (قیمت صرف 60 روپے)

خاص الخاص عمل کے بعد
جادو شکن تیل
عنقریب عبقری دواخانہ اور عبقری کے ہر ایجنسی ہولڈر سے طلب فرمائیں!

گزشتہ 70 سال سے اپاہج اور معذور افراد کو تندرست اور توانا بنانے والی کامیاب ترین دوا
معجون شفاء یابی
معذور اپاہج لوگوں کیلئے نئی زندگی

لولے لنگڑے اپاہج، معذور، سر میں پانی بھر جانا، مسلسل بے ہوشی یا غنودگی میں رہنا اس مرض میں مبتلا بچے ہوں یا بڑے سب کیلئے یکساں مفید

پولیو کے شکار، ٹیڑھے پاؤں، لنگڑے، گردن مڑ گئی ہو، کمر بوجھ نہ برداشت کر سکتی ہو، جسم کی نشوونما نہ ہو رہی ہو، دماغ کی کمزوری ہو، ہڈیوں کا مڑ جانا، ڈسک پرابلم، مہروں کا درد، عضو کا پھڑکنا، لاغری، لقوہ، رعشہ، کمر کا درد، پنڈلیوں کا درد، نقرس، مہروں کا خلا، پٹھوں کا درد، اعصابی درد، پانی میں بھیگ جانے سے سردی کا لگنا، بجلی کا شاک لگنے کے بعد کی کمزوری، بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے اور خاص طور پر بوڑھوں کیلئے تو معجون شفاء یابی بڑھاپے کا سہارا ہے قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

نشاطی جدید
خفیہ طاقتوں کو بیدار کرنے والا امیرانہ نسخہ
ہزاروں کی تعداد میں اجڑے ہوئے گھر آباد
قوت کی کمی ڈپریشن ایسی حالت میں "نشاطی" قدرتی اجزاء کا وہ فارمولا ہے جو آپ کو ملٹی وٹامنز فراہم کرتا ہے

"نشاطی" ایسے قیمتی اجزاء کا مرکب ہے جو بوڑھوں کو نوجوان اور نوجوانوں کو پہلوان بنا دیتی ہے
مایوس لاعلاج لوگوں کیلئے "نشاطی" خوشیوں کا پیغام
خواتین، بوڑھے، نوجوان، بچے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ سائیڈ ایفکیٹ سے سو فیصد پاک
(قیمت -/520 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
50

چار موکلات کو متوجہ کرنے والا خاص نقش

اگر اس نقش کو چاندی کی لوح یا کاغذ پر زعفران سے لکھے تو اللہ تعالیٰ اس کے کاموں کے بننے کے اسباب غیب سے اس طرح پیدا کرے گا کہ وہ حیران رہ جائے گا۔ تسخیر افسران اور رجوع خلق اور تسلط خلق کے لئے بھی اس بیحد موثر پایا گیا ہے۔ نقش یہ ہے۔ چاروں موکل اس کے چاروں طرف ضرور لکھیں۔ موکل یہ ہیں تعویذ پوری شرائط طہارت سے لکھیں اور آتشی چال سے لکھیں

یاحفطیائیل

یاحفظائیل

یفعل اللہ	مایشاء	ویحکم	مایرید
۸۵	۲۶۴	۲۵۷	۳۵۲
۲۶۳	۸۲	۳۵۵	۲۵۸
۳۵۴	۲۵۹	۲۶۲	۸۳

یاموکیائیل

یاحنظائیل

☆☆☆☆☆

سورۃ الشعراء

جو شخص سمندر کا سفر کرے، وہ اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے، انشاء اللہ زندہ سلامت جہاز سے اترے گا۔ نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم
كَلَّا اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ۔ اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ
سَیَهْدِیْنِ اِنَّ مَعِیَ رَبِّی سَیَهْدِیْنِ رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ

رزق کی تنگی ختم کرنے کیلئے

جس شخص کو رزق کی تنگی ہو وہ روزانہ چالیس دن تک سات ہزار مرتبہ اس آیت کو پڑھے اَلَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَهُوَ یَهْدِیْنِ وَالَّذِیْ هُوَ یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِ۔ اوّل اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ جو درود یاد ہو پڑھ لے۔

جھگڑے سے نکلنے کیلئے

اگر کوئی شخص باہمی اختلاف کی وجہ سے کسی جھگڑے میں پھنس گیا ہو۔ سات دن تک ایک ہزار تین سو تیرہ مرتبہ اس آیت کو عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا نہایت مجرب ہے۔ آیت یہ ہے ''فَافْتَحْ بَیْنِیْ وَبَیْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِیْ وَمَنْ مَّعِیَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ''۔

زہریلے جانور سے بچنے کیلئے خاص چلہ

اگر کسی شخص کو بچھو یا بھڑ یا تیلیا وغیرہ ڈنک والا جانور ڈنک مارے، اس آیت کو رگ پر پڑھ کر جھاڑے انشاء اللہ فوراً درد جاتا رہے گا۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ ترکیب یہ ہے کہ جس جگہ ڈنک مارا ہو وہ جگہ چٹکی سے دبائے اور تین مرتبہ آیت مذکورہ پڑھ کر پھونکے دوسری مرتبہ سات دفعہ، تیسری مرتبہ گیارہ دفعہ، چوتھی مرتبہ اکیس دفعہ، انشاء اللہ تکلیف بالکل دور ہو جائے گی۔ خاصیت اگر کوئی شخص پیر کے دن سے شروع کر کے منگل کے دن ختم کرے اور عصر کی نماز کے بعد اکہتر (۷۱) مرتبہ آیت مذکورہ معہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ

مرتبہ درود شریف پڑھے، یہ زکوۃ اس آیت کی ہے۔ اب چاہے دن کے وقت تین مرتبہ آیت مذکورہ پڑھ کر انگلیوں پر دم کرے اور بھڑ، تیلیا ان انگلیوں سے پکڑ لے انشاء اللہ وہ جانور ڈنک نہ مارے گا اور مارے گا تو زہر ہرگز نہ چڑھے گا۔ تکلیف نہ ہوگی۔ عمل مجرب ہے۔

جانور کو نظر لگنے کا علاج

اگر کسی جانور گائے، بھینس، اونٹنی، بکری وغیرہ کو نظر لگ جائے تو، پاؤ بھر مونگ کے آٹے پر سات مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر دم کر کے جانور کو کھلائے۔ تین روز تک ایسا کرے انشاء اللہ جانور نظر بد سے محفوظ ہو جائے گا۔ آیت شریف یہ ہے هٰذِهٖ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ. وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ۔

تیز بخار ختم کرنے کا آسان علاج

اگر کسی کو سرسام ہو جائے یا سخت تیز بخار چڑھے تو بیمار کے سر پر شہادت والی انگی رکھ کر اکیس (21) مرتبہ اس آیت شریف کا پڑھنا تھوڑے عرصے میں بخار کو آسانی اور عافیت کے ساتھ اتار دیتا ہے ''وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ. وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ. نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنَ. عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ۔

ظالم اور دشمن کے شر سے بچنے کیلئے

ظالم اور دشمن کے شر سے بچنے کیلئے آیت ''وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ'' کا ہزار مرتبہ تین دن تک خشک جو کی روٹی کھا کر پاک تہبند بطور احرام باندھ کر پڑھنا مفید ہے اور اگر اکیس سو مرتبہ پڑھنا زیادہ فائدے کا باعث ہے، لیکن یہ آیت سخت جلالی ہے۔ پڑھنے والے کو احتیاط شرط ہے، خلاف شرع استعمال کرنے والا سخت ترین نقصان میں مبتلا ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆

آپکی پریشانی کیلئے آسان استخارہ

آج کل لوگ مختلف طریقوں سے استخارہ اور فال نکالتے ہیں جیسا کہ ستاروں سے، دیوان حافظ سے، دیوان غالب سے اور وزن کرنے کی مشینوں سے اور بھی اسی طرح بہت سے طریقے رائج ہیں ان تمام چیزوں کا تعلق تجربات اور مشاہدات سے ہوتا ہے جو کہ ایک گمان ہی ہے۔ لیکن ایک طریقہ بہت سے لوگوں کا آزمودہ ہے میں وہ آپ کی خدمت میں عرض کر رہا ہوں وہ ہے بذریعہ قرآن میں آپ کو اس کے چند قواعد عرض کرتا ہوں۔

پہلا قاعدہ

(1) قرآن شریف کو چھونے کیلئے اور دیگر تمام قاعدوں کے لئے بھی باوضو اور پاک صاف ہونا شرط



قیمت
670.00
لاجواب حافظہ پیکیج
برسوں کی باتیں بھی یاد آجائیں
بے مثال حافظہ کیلئے بہترین ساتھی
حافظہ کی کمزوری، نسیان، ذہن مرکوز نہ کرسکنا، کام سے بے رغبتی ان تمام دماغی تکالیف سے نجات دلانا کا ادنیٰ کرشمہ ہے

اولین ہے۔ قاعدہ یہ ہے کہ باوضو ہو کر پاک صاف جگہ پر قبلہ رو بیٹھ کر اپنے مقصد کا تصور کر کے صدق دل سے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر قرآن مجید کھولے۔ اس صفحے پر دیکھے کہ لفظ اللہ کتنی بار آیا ہے۔ لفظ مقدس اللہ جتنی بار آیا ہو اتنے ہی صفحے الٹنے پر سامنے جو صفحہ ہو اس پر جتنی بار لفظ اللہ آیا ہو اتنی ہی سطر دیکھے اور اس سے نیک یا بد جیسا مطلب ظاہر ہوتا ہو لے۔

دوسرا قاعدہ

باوضو قبلہ کی طرف بیٹھ کر بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر یہ آیت **وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ** ایک بار پڑھ کر کلام پاک کھولے۔ دائیں صفحہ کی ساتویں سطر کے پہلے لفظ کا پہلا حرف جو ہو اس کے مطابق مندرجہ ذیل نتائج لے۔

الف: خیر و برکت ہوگی۔
ب: راحت و خوشی، کسی دولت مند سے فائدہ ملے گا۔
ج: کامیابی ہوگی۔
د: عزت و نصرت کی علامت ہے۔
ہ: دشمن ذلیل ہو اور سربلندی نصیب ہوگی۔
و: صبر کرو۔
ز: خداوند تعالیٰ سے دعائے رحم کرو۔
ح: عزیزوں سے آرام ملے گا۔
ط: عزت بڑھے گی۔
ی: ابتدا میں تکلیف برداشت کرلو۔ اس کا انجام راحت ہی ہوگا۔
ل: رنج سے نجات ملے گی۔
ک: صدقہ و خیرات دو اور خداوند تعالیٰ سے بلائیں ٹالنے کی دعا کرو۔
م: صبر کرو اور طبیعت کو خدا کی طرف راغب کرو۔
ن: ترقی اور خوشی ملے گی۔
س: دلی مرادیں پوری ہوں گی اور عزت ملے گی۔
ع: مراد پوری ہوگی۔
ف: ترقی دولت اور کامیابی ملے گی۔
ص: صبر کرو اور کوشش جاری رکھو، دلی تمنا پوری ہوگی۔
ق: عزت و سربلندی نصیب ہوگی۔
ر: دلی مراد پوری ہوگی، عمر و دولت میں ترقی ہوگی۔
ث: سعادت دارین کی علامت ہے۔
ش: خداوند تعالیٰ کی عبادت کرو، صدقہ و خیرات دو۔
ع: خیرات و صدقہ دو۔
خ: گناہوں سے توبہ کر کے خدائے بزرگ و برتر سے معافی مانگو۔
ذ: غم و فکر نہ کرو، تمہارا دشمن ذلیل و خوار ہوگا۔
ض: عزت بڑھے گی اور کامیابی ہوگی۔
ظ: مصائب کا دور بس اب ختم ہونے کو ہے۔
ت: بخدا گناہوں کو ترک کر کے صدقہ خیرات دو، توبہ کرو، تمام آفتوں سے جو تم پر آسکتی ہیں، نجات ملے گی۔

تیسرا قاعدہ

ایک دھاگہ اپنے بازو کی لمبائی کا لیں۔ یعنی دھاگے کی لمبائی کندھے سے درمیانی انگلی کے آخری پور تک چابی باندھ دیں۔ پھر پورے ادب و احترام کے ساتھ قرآن پاک کو اٹھائیں (صفائی پاکیزگی اور باوضو ہونا ضروری ہے) اور دھاگے کو قرآن پاک کے گرد ۳ دفعہ لپیٹیں۔ زیادہ سخت چکر نہ دیں تھوڑا سا ڈھیلا ہی رہنے دیں۔ پھر قرآن کے اندر چابی داخل کر دیں چابی اپنی جگہ سے ہلنی نہیں چاہئے کیونکہ چابی جس صفحے اور جس لائن پر ہوگی وہی جواب ہوگا۔ اس کے بعد دھاگے کو کھولیں اور جس لائن پر چابی ہو اس کو پڑھیں۔ مسئلے کا حل یا سوال کا جواب آپ کو مل جائے گا۔

☆☆☆☆☆

کامل بنانے کیلئے بے پناہ فوائد کی حامل عزیمت

عزیمت قسم ناصور ایک کثیر الفوائد عزیمت ہے جو زمانہ قدیم کے عالمین و کاملین کا معمول رہی ہے۔

''اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ يَانَاصُوْرُ بِيَوْمِ الْبَعْثِ وَالنُّشُوْرِ وَبِحَقِّ النُّوْرِ وَنُوْرِ النُّوْرِ وَ مُدَبِّرِ الْاُمُوْرِ وَ اِسْرَافِيْلَ النَّافِخِ فِي الصُّوْرِ حَاجَتِ الْجِنُّ فِي الْقُبُوْرِ وَ زَهَقَتِ الشَّيٰطِيْنُ بِالْحُضُوْرِ وَبِحَقِّ النَّارِ وَالنِّيْرَانِ وَالْبَرْدِ وَالْوَعْجَانِ وَ كَفَّتَيِ الْمِيْزَانِ وَطَلْعَةِ الشَّمْسِ الْبَهِيَّةِ تَشَعْشَتْ وَالْقَمَرُ دَارَ فِي الدَّيْرَانِ اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ يَانَاصُوْرُ بِحَقِّ سُكَّانِ الْجُسُوْرِ اَنْتَ وَ اَعْوَانُكَ وَاَخُوْكَ شَمْعُوْنَ اَجِيْبُوْا بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ عَلَيْكُمْ وَطَاعَتُهَا لَدَيْكُمْ اَيْنَ زُوْبِعَةِ وَلَوْبِعَةِ وَالْعَفَارِيْتُ الْاَرْبَعَةِ مِيْجَالِ وَلِجِيَالِ وَمِقَالِ وَ عَابِدِ النَّارِ وَعَامِرِ الدَّارِ وَدَمَنْهِشِ وَفَقْطِشِ وَدَنْدَنْ وَدَنْدَانِ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ بِالشَّيْخِ الْكَبِيْرِ الْقَاعِدِ عَلَى السَّرِيْرِ وَعَلٰى رَاسِهٖ الْاِكْلِيْلُ وَفِيْ حَجْرِهِ الْاِنْجِيْلُ وَبِالشَّيْخِ زَعْزَعَانِ صَاحِبِ الْقُبَّةِ وَالْمِيْزَانِ طَارَ الْهَوَاءُ طَارَ وَالْبَحْرُ اَزْبَدَ وَ فَارَ فَاَتَانِيْ اِبْلِيْسُ شَيْخُ الْكَفَرَةِ وَ الْمَعَا كِيْسِ فَقُلْتُ لَهٗ اَيْنَ اَمْلَارُكَ الْفَلَاقِيْسُ يَا مَنْ عَلَيْكَ اللَّعْنَةُ وَالتَّعْكِيْسُ فَقَالَ لِيْ عِنْدَكَ هَلَالُ وَ بَلَالُ وَ مُزَلْزِلُ الْجِبَالِ وَهَارُوْتُ وَمَارُوْتُ وَيَا جُوْجُ وَمَاجُوجُ وَ رَسُوْلُ الْجِنِّ يَا قُوْت وَعِيْطُوْشِ وَالْهِلَاسُ وَالْوَاسْوَاسِ الْخَنَّاس اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ بِالصَّلِيْبِ وَمَا صُلِبَ وَاِبْلِيْسُ اللَّعِيْنَ وَمَا طُلِبَ وَ الْمَوْلٰى قَهَرِ كُمْ وَ غَلَبَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ بِالدَّيْهُوْرِ الْاَعْظَمِ وَبِاللَّيْلِ اِذَا اَظْلَمَ وَ بِالتَّوْرِيٰةِ وَ مَا فِيْهَا وَبِالْاَنْجِيْلِ وَمَا يَلِيْهَا وَ بِالزَّبُوْرِ وَمَا يَحْوِيْهَا وَ بِالْوَثْنِ وَالْحَجْرِ وَبِالْقَلْمِ وَمَاجْرٰى وَ بِالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى وَبِمَنْ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى وَبِالثَّلٰثَمِائَةِ سِتَّةِ وَسِتِّيْنَ قَنْدِيْلُ الَّتِيْ تُوْقَدُفِيْ بَنِيْ اِسْرَائِيل اَجِيْبُوْا وَاحْضُرُوْا وَلَاتُمَهِّلُوْا وَاَسْرِعُوْا بِقَضَاءِ حَاجَتِيْ بِحَقِّ طِيْشِ وَاَطِيْشِ وَالْصَلب والصَلبَانِ وَبِحَقِّ سِفْرَيِسْ سَبُوْيِسْ بِرَايِسْ بِراسِيْ بِرْسَيُوْمِ هُوْيِسْ اَجْرِ مُوْيِسْ وَبِحَقِّ هٰذَا الْخَاتَمِ وَمَا فِيْهَا مِنَ السِّرِّ وَ الْاَسْرَارِ بِرْطَيُوْمِ اَجِبْ وَاحْضُرْ يَا نَاصُوْرُ وَاَجْلِبِ الْاَعْوَانَ وَالْعَفَارِيْتِ الْكِبَارَ اَوْلَادَ الشَّيَاطِيْنِ فَاِنِّيْ زَجَرْتُكُمْ بِاللَّهْبِ وَالنِّيْرَانِ وَالْوَهِيْجِ وَالدُّخَانِ وَاِنْ عَصَيْتُمْ تَغْضَبُ عَلَيْكُمْ جَمِيْعُ الْقِسِّ وَالدُّهْبَانُ وَلَيْسَ لَكُمْ مَاْوٰى وَ الَامَلْجَاءَ وَلَاَمَكَانْ حَتّٰى تَحْضُرُوْا مَجْلِسِيْ هٰذَا فَاِنِّيْ زَجَرْتُكُمْ اَيُّهَا الْفَلَاسَفَةُ وَالْاَعْوَانُ بِالْاِنْجِيْلِ وَ الصُّلْبَانِ وَبِيْعَةِ الْاَسْقَفِ وَتَلَاوَةِ الْمَطْرَانِ وَاِنْ عَصَيْتُمْ يَتَبَرَّءُ مِنْكُمُ الْجَنْتِلِيق وَالْبَطْرفَة وَالْمَغْمدان اَجِيْبُوا وَاَنْتُمْ مُطِيْعِيْنَ وَ انْقَادِوا مُسْرِعِيْنَ وَاَفْعَلُوْا مَا اَنْتُمْ بِهٖ مُوْرِيْنَ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَنْزِلَ بِكُمُ السَّخَطُ



عورت کا روپ جب بھی بدلا تو حیا کا ایک نیا پیکر بن گیا، ماں بن کر مقدس، بہن بن کر مکرم، بیوی بن کر معطر اور اور بیٹی بن کر محترم۔ رشتہ ازدواج سے منسلک ہونا جسم اور روح کی پاکیزگی کیلئے نہایت لازم ہے۔

وَالْغَضَبُ وَيَحِلُّ بِكُمْ سُوْءُ الْمُنْقَلَبِ وَيُسَلِّطُ عَلَيْكُمُ الشَّرَارُ وَاللَّهَبُ وَ بِحَقِّ هٰذَا الْخَاتَمِ وَمَا حِوَاهِيْرًا هِيْرُوْ طَنُوْةِ طِيْطُوْهِ عَمَارِشِ عَطَارِشِ كَهُوشِ اَلْوَحَا اَلْعَجَلُ السَّاعَةَ"

بخور اعمال خیر کے لئے یہ ہے

جاوی، لوبان، سندروس، مقل، کزبرہ، میعہ سائلہ، تمام کو میعہ سائلہ ساتھ گوندھ کر سایہ میں خشک کر کے رکھ لیں اور بوقت ضرورت کام میں لائیں۔ بخور اعمال شر کے لئے یہ ہیں: مُر، مصبر، حنتیت، کبریت اور بصل کا چھلکا لہسن کا چھلکا وغیرہ

خاتم یہ ہے



ھیسوا ھیسوا	ھمیروہ ھمیروہ	ھمتہ ھمیتہ
طنتوہ طنتوہ	طیطوہ طنطوہ	عمارش عمارش
کمارش کمارش	عطارش عطارش	کیروش کیروش

جب کسی کو اپنی طرف متوجہ کرنا چاہیں

خاتم کو اپنی ہتھیلی پر لکھیں اور پھر اس پر سات مرتبہ قسم ناصور تلاوت کریں اور بخور مناسب دیں۔ پھر اس کے بعد مطلوب کے دروازے کے سامنے کھڑے ہو کر ہتھیلی پر ہتھیلی رکھ کر ایک مرتبہ ذیل کی عبارت پڑھیں۔ عبارت یہ ہے:

"تَوَكَّلْ يَانَصُوْرُ وَ خُذْ عَقْلَ فلاں و فلاں اَنْتَ وَ اَخُوْكَ شَمْعُوْنَ"

اور دونوں ہاتھوں کی تلیوں کو ایک دوسری پر ماریں اور واپس آ جائیں مگر اس راستہ سے واپس نہ آئیں جس راستہ سے گئے تھے بلکہ دوسرے راستہ سے واپس آئیں پس مطلوب آپ کی طرف متوجہ ہوگا اور ہمیشہ متوجہ رہے گا۔ (نوٹ یہ بات یاد رکھیں کہ یہ عمل صرف اور صرف جائز محبت کیلئے ہی کیا جا سکتا ہے)

میاں بیوی میں مثالی محبت کیلئے

میاں بیوی میں مثالی محبت کیلئے خاتم کو ہرن کی جھلی پر تحریر کریں اور بخور دیں اعمال خیر کا اور قسم ناصور سات مرتبہ اور پھر اسے اپنے سر میں رکھیں یعنی ٹوپی وغیرہ میں رکھیں انشاءاللہ مراد پوری ہوگی۔

نفرت بھرے دل میں محبت جگانے کیلئے

ایک تانبے کی پلیٹ لیں اور اس پر خاتم کندہ کریں پھر اسے پانی سے بھر دیں اور اس پر قسم ناصور اکیس پڑھ کر دم کریں۔ ابھی عدد پورا نہ ہوگا کہ مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہو جائے گی۔ اگر مطلوب قریب ہوگا تو آ جائیگا۔

جسم سے گندا خون جاری کرنے کیلئے

خاتم سیسہ (سرب) کی تختی کندہ کریں اور اس پر قسم ناصور اکیس مرتبہ تلاوت کریں اور حب الرشاد کا بخور دیں اور پھر اس کو ایک ڈبیہ میں بند کردیں اور اوپر موم و شہد لگا دیں۔ پھر اسے جاری پانی یعنی نہر دریا وغیرہ میں ڈال دیں۔ جس کے جسم میں گندا خون ہے جاری ہو جائے گا۔ اگر خون بند کرنا چاہیں تو تختی کو نکال لیں اور کندہ شدہ حروف مٹا دیں اور پانی میں اس تختی کو ڈال کر وہ پانی مریض کو پلا دیں وہ فوراً ٹھیک ہو جائے گا۔

مرد کو راہ راست پر لانے کیلئے

سات عدد سوتی دھاگے تار لے کر ان کو اکٹھا کریں ایک ایک مرتبہ قسم ناصور پڑھ کر ایک ایک گرہ دھاگے کو لگا دیں اس طرح کہ کل سات گرہ ہو جائیں۔ اور ہر گرہ پر ایک مرتبہ یہ توکیل بھی لازم پڑھنا ہوگا۔ توکیل یہ ہے ''یا ناصور بقعد ذکر فلاں ابن فلاں'' پھر اس گرہ والے دھاگہ کو کسی پرانی قبر میں دفن کر دی۔ قبر ایسی ہو جس کی کوئی زیارت نہ کرتا ہو۔ اللہ کے حکم سے وہ کسی بھی عورت سے جماع نہ کر سکے گا۔ ہمیشہ کے لیے مربوط ہو جائے گا۔

دشمن کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنے کیلئے

تو ایک سرخ کاغذ پر خاتم تحریر کریں ساتھ نام طالب اور مطلوب کے پھر اس پر قسم ناصور ۴۵ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور تعویذ کو اپنے پاس رکھیں، بہت جلد مطلوب اپنے طالب کے پاس پہنچ جائے گا۔ اور ہمیشہ محبت کرتا رہے گا۔

شوہر کو اپنی طرف متوجہ کرنے کیلئے

شوہر کے قدموں کی مٹی حاصل کریں اور اس کا استعمال شدہ کپڑا بھی حاصل کریں، کپڑے پر خاتم اور توکیل تحریر کریں اور مٹی کپڑے میں رکھ کر قسم ناصور ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ پھر کپڑے کا فلیتہ بنا کر نئے چراغ میں خالص روغن زیتون ڈال کر روشن کریں اور مٹی کو مطلوب کے گھر میں ڈال دیں۔ پس مطلوب محبت میں دیوانہ ہو کر حاضر ہوگا۔

بغض اور عداوت و نفرت کے لئے

ایک مٹی کے نئے پیالے پر خاتم تحریر کریں اور خاتم کے نیچے ہر دو فریق کا نام بھی تحریر کریں۔ پھر اس پر قسم ناصور ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اور پھر اس کو پانی سے دھو کر وہ پانی ان کے گھروں میں ڈال دیں۔ ان کے درمیان نفرت، عداوت اور بغض پیدا ہو جائے گا۔ کبھی بھی اتفاق اور محبت سے نہ رہ سکیں گے۔ یہ عمل صرف ناجائز محبت کیلئے ہی کیا جا سکتا ہے۔

محبت کو مضبوط کرنے کے لیے

ایک سرخ کاغذ پر خاتم تحریر کریں ساتھ نام طالب و مطلوب کے اور اس پر قسم ناصور ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اور پھر اس کو کسی شیریں پھل دار درخت کی سبز

قیمت
600.00
موٹاپا
کورس
موٹاپا کورس
عبقری دواخانہ
موٹاپے کا نہایت آزمودہ اور آخری علاج
جسم میں زائد چربی
اور وزن کو کنٹرول
کرنے کیلئے کے لیے

شاخ پر باندھ دیں۔ تا کہ ہمیشہ ہوا میں لہراتا رہے۔ انشاء اللہ طالب اور مطلوب میں محبت اور زیادہ مضبوط ہو جائے گی اور ہمیشہ استحکام رہے گا۔ اور کبھی بھی ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں گے۔

کسی بھی مقصد کے لئے ہاتف غیبی کو بھیجنا

اگر کسی کو عاجز اور ذلیل کر کے اپنے پاس حاضر کرنا چاہیں اور اس سے اپنی مرضی کے مطابق جو جی چاہے کام لینا چاہیں تو اس مقصد کے لئے ہاتف سے مدد حاصل کی جا سکتی ہے۔ جابر سے جابر انسان بھی عاجز ہو کر حاضر ہوگا اور عامل کے ہر حکم کی تعمیل کرے گا۔ طریقہ یہ ہے کہ نماز عشاء کے بعد قسم ناصور کو ۱۲ مرتبہ تلاوت کریں اور ہر مرتبہ ایک بار قسم کے ساتھ توکیل بھی تلاوت کریں۔ توکیل یہ ہے:

”تَوَكَّلُوْا يَانَاصُوْرُ اَنْتَ وَاَخُوْكَ شَمْعُوْنَ وَامْضُوْا اِلٰى فُلَانِ ابْنِ فُلَانَةِ اِرْجِعُوْهُ اِزْعَجُوْهُ“

یہاں تک کہ عاجز اور ذلیل ہو کر حاضر ہو اور آپ کا ہر مطلب پورا کرے جو کچھ آپ اسے کہیں۔ چند راتوں میں ہی مقصد پورا ہو جائے گا۔

شوہر کو گھر واپس لانے کیلئے

اگر کسی کو اپنی محبت میں دیوانہ کر کے اپنی طرف متوجہ کرنا اور حاضر کرنا چاہیں۔ تو مندرجہ ذیل طلسم ایک سرخ کاغذ پر تحریر کریں اور اس پر ۱۲۱ اکیس مرتبہ قسم ناصور پڑھ کر دم کریں۔ اور اسے آگ کے قریب دفن کر دیں تا کہ آگ کی گرمی اسے برابر پہنچتی رہے پس مطلوب بہت جلد حاضر ہوگا آپ کی محبت میں دیوانہ اور پاگل ہو کر حاضر ہوگا۔ جب حاضر ہو جائے تو مندرجہ ذیل خاتم جو پہلے ہی ایک کاغذ پر لکھی ہو۔ پانی سے دھو کر مطلوب کے چہرے پر چھڑک دیں۔ بے شک اسے افاقہ ہوگا۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو مطلوب پاگل ہو جائے گا۔ طلسم اور خاتم یہ ہے:


الاکان علیک
اما مدہ
صہ
اجب یا میمون وجلب وھیج
واحرق قلب کذا وکذا بحق یا ناصور



۷۴۰	۸	۱۰۰	۳۰
۴۰	۶	۱۰	۸۰
۶۰	۱۱	۸۰	۴۰
۶۰	۸	۷۴	و

قدرت نے موسم بہار وخزاں میں کیا کیا نعمتیں رکھیں ہیں؟

مسلمان ہونے کے ناطے ہمارا یہ بنیادی عقیدہ ہے کہ اللہ رب العزت ہی اس کائنات عالم کے حقیقی کارساز اور پالنہار ہیں۔ اس کائنات کے نظام کو چلانے کیلئے اللہ پاک نے بہت سی چیزوں میں کچھ نہ کچھ خواص رکھے ہیں ان ہی میں سے ایک عملیات کا سمندر ہے، جس میں ساعت اور سیارگان کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ ذیل میں اسی حوالے سے ایک تحقیقی مضمون پیش خدمت ہے جو اہل ذوق کیلئے نہایت معلومات افزا ہوگا۔ یہ بات یاد رکھیں کہ بہت سی باتوں کا تعلق تجربات سے ہے جو کہ ایک اندازہ اور گمان ہی کی حد تک ہیں۔ (واللہ تعالیٰ اعلم)

زندگی میں بہاریں لانے کیلئے موسم بہار کا انتخاب

موسم بہار میں جب نقطۂ اعتدال آتا ہے یعنی دن اور رات برابر ہوتے ہیں تو سورج برج حمل میں داخل ہوتا ہے اور موسم خزاں میں جب نقطہ اعتدال آتا ہے تو سورج برج میزان میں داخل ہوتا ہے۔ انہی نقاط اعتدال سے انسانی زندگی میں رونما ہونے والی تبدیلیوں کا بہت گہرا تعلق ہے ان کا تعلق نہ صرف ان تبدیلیوں سے ہوتا ہے جو اتفاقیہ رونما ہوتی ہیں بلکہ ان تبدیلیوں سے بھی ہوتا ہے جو خود اپنی مرضی اور خواہش سے لائی جاتی ہیں۔ چنانچہ اپنی مرضی سے لائی جانے والی تبدیلیوں میں ماہ اکتوبر کا خاص افسوں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

گھروں میں تبدیلی لانے کا ایک آسان گر

زندگی میں مناسب اور ہم آہنگ تبدیلیاں لانے کے کئی طریقے ہیں جن میں سب سے آسان یہ طریقہ ہے کہ آپ نقطہ اعتدال کے وقت گھر کے فرنیچر کی جگہ تبدیل کر دیں یعنی جس طرح سے گھر سیٹ کیا گیا ہے اسے بدل ڈالیں کیونکہ کہا جاتا ہے کہ اگر اشیاء کے زاویئے تبدیل کر دیئے جائیں تو حالات تبدیل ہو جاتے ہیں بالکل اسی طرح جس طرح کواکب کی حرکات اور مختلف درجات تبدیلیوں کا باعث بنتے ہیں۔

سردیاں ختم ہوتی ہیں اور بہار کا موسم آتا ہے تو گھریلو عورتوں میں بھی گھر کی صفائی کی خواہش پیدا ہوتی ہے۔ اس کی وجہ بھی یہی ہوتی ہے کہ شمس کی قوت حاصل ہو رہی ہوتی ہے اور وہ قوت حیات اور کامیابی کی نمائندگی کرتا ہے اندھیروں کو دور کرتا ہے اور اُجالا پھیلاتا ہے۔ بالکل اسی طرح سے موسم خزاں کا نقطہ اعتدال بھی اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ ماہ اکتوبر کو اعتدال سے منسوب کیا جاتا ہے۔ چونکہ نقطہ اعتدال سے متعلقہ مہینوں میں عموماً تیز ہوائیں چلتی ہیں لہٰذا قدیم زمانے میں لوگ ان ہواؤں کو ''تبدیلی کی ہوا'' سے تعبیر کرتے تھے اور کوئی وجہ نہیں ہے کہ یہ ہوائیں بھی ان شاء اللہ آپ کی زندگی میں تبدیلی اور خوش بختی نہ لائیں۔ مگر شرط یہ ہے کہ آپ خود بھی تبدیلیوں کے خواہش مند ہونے



باکمال عاملین کی حیرت انگیز آپ بیتیاں، غلط عاملین کی چالبازیاں، زیر نظر کتاب اس قسم کے موضوعات پر مبنی ہے۔ اگر آپ باکمال عامل بننا چاہتے ہیں اس میں ایسے نقش اور عمل ہیں جو آپ کو عام انسان سے باکمال بنا دیں گے۔

کے ساتھ تنہائیوں کے اوقات میں اللہ رب العزت سے باتیں کرنے والے ہوں۔ اگر حالات ٹھیک ہیں تو مزید بہتری کے لئے زبردستی تبدیلیاں نہ لائیں کیونکہ اس طرح تبدیلی ہوجائے گی۔ مگر ممکن ہے حالات ایسے ہوجائیں جو آپ کی مرضی کے خلاف ہوں۔

روپے پیسے کی فراوانی کیلئے اہم گر

قدیم زمانے ہی سے مالی حالات کو بہتر بنانے کے لیے مختلف قسم کی دعائیں پڑھی جاتی ہیں اور طلسم بنائے جاتے ہیں۔ جن کے استعمال سے رزق اور روپے کی فراوانی ہوجاتی ہے مگر یہاں بھی ضرورت اس بات کی ہے کہ آپ دعائیں پورے خلوص سے پڑھیں اور طلسم پوری توجہ اور تمام شرائط کے ساتھ بنائیں کیونکہ یہ چیزیں بھی اللہ کے فضل وکرم سے حالات میں تبدیلی لانے کا باعث ہوتی ہیں۔ اس طرح اگر آپ کوئی خط لکھ رہے ہیں یا کوئی ایسا اہم کام کررہے ہیں جس کا تعلق روپے پیسے سے ہے تو اس وقت آپ کی پیٹھ دروازے کی جانب نہیں ہونی چاہیے۔ کوئی بھی اہم کام کرنے یا خط لکھنے سے پہلے کمرے کا دروازہ یا جہاں بھی بیٹھنا ہو وہاں کا دروازہ تھوڑا سا کھول دیں اور پھر دروازے کی جانب رخ کرکے کام کریں۔ لیکن کاموں کے فوراً انجام پاجانے کی توقع بھی نہیں کرنی چاہیے۔

اگر آپ ہم آہنگ تبدیلیاں لانی چاہتے ہیں تو گھر اور دفتر (اگر کرسکتے ہوں تو) کے فرنیچر کی جگہ تبدیل کرکے کمرے کو نئے انداز سے ترتیب دیں اس کی وجہ سے بھی آپ کو بتائے دیتے ہیں جو یہ کہ کواکب مختلف درجات پر مختلف زاویئے بناتے ہیں اور ایک دوسرے کے ساتھ نظرات قائم کرتے ہیں۔ یہ زاویئے اور نظرات ہی بنیادی اہمیت کی حامل ہوتی ہیں۔ اس طرح فرنیچر کی ترتیب بھی مختلف زاویئے بناتی ہے۔ چونکہ اس کی ترتیب بدلنے سے زاویئے بھی بدل جاتے ہیں اس سے آپ کے معاملات میں تحریک پیدا ہوتی ہے یہ حرکت اور آپ کی کوششیں دونوں مل کر تبدیلی لاتی ہیں۔ اس طرح تبدیلی کی ہوا آپ کی سمت میں چلنے لگتی ہے اور آپ کو فائدہ پہنچاتی ہے۔

رات نیند لانے کیلئے اہم گر

اس طرح اگر آپ کو رات کو نیند نہ آنے کی شکایت ہے تو اپنے پلنگ کی جگہ اس طرح تبدیل کریں کہ سر کی جگہ شمال کی جانب ہوجائے کہا جاتا ہے کہ ایسا کرنے سے آپ کے سر سے لے کر پیر تک ایک مقناطیسی قوت حرکت میں آجاتی ہے۔ جو نہ صرف یہ کہ نیند لاتی ہے بلکہ تجدید شباب کا سبب بھی بنتی ہے۔ اگر طویل عرصے سے آپ کو شب بیداری کی شکایت ہے تو ایسا کریں کہ سوتے وقت اپنے پاؤں سر کے مقابلے میں ذرا سے اُونچے اُونچے کرلیا کریں۔ اس کے لئے یا تو پلنگ کے نیچے پیروں کی جگہ پر پتھر رکھ کر پلنگ کو ایک جانب سے اونچا کرلیں یا پھر اپنے پیروں کے نیچے تکیہ رکھ لیا کریں۔

آپ کو خواہ کوئی بھی پریشانی ہو۔ کوئی مسئلہ ہو۔ اس کو حل کرنے کے لئے کبھی بھی رات کے ۱۲ سے ۳ بجے تک کا وقت منتخب نہ کریں اور نہ کوئی فیصلہ اس وقت کریں کیونکہ دن بھر کی تھکان اور نیند کی غنودگی کی وجہ سے اس وقت جو بھی فیصلہ کریں گے ہوسکتا ہے اس میں کچھ کمی بیشی ہوجائے۔

اچھے فیصلے کرنے کیلئے ایک اہم گر

نیند نہ آنے کی ایک وجہ یہ بھی ہوتی ہے کہ انسان پریشان ہوتا ہے اور چاہتا ہے کہ مسائل کا حل فوری طور پر ذہن میں آجائے۔ حالانکہ حل تو انسان کے لاشعور میں موجود ہوتا ہے مگر انسان بے جا فکر اور سوچ سوچ کرکے اسے شعور میں آنے سے روک دیتا ہے۔ لہٰذا ایسا کیا کریں کہ جو مسئلہ ہے اس کے بارے میں سوچنا اور حل دماغ پر چھوڑ دیا اور یہ کہہ کر سو گئے کہ بعد میں دیکھا جائے گا اور ہرگز اس مسئلے کے بارے میں دوبارہ نہ سوچیں آپ یہ کرکے دیکھ کر حیران رہ جائیں گے کہ چند گھنٹوں میں یا ایک یا دو دن میں مسئلے کا حل خودبخود ذہن میں آجائے گا۔ ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ آپ اپنے ذہن کو کام کرنے کا موقع دیں اگر آپ کو اپنے ذہن پر اعتماد ہوگا تو سوال کا جواب ضرور ملے گا۔

زندگی سلجھانے کیلئے چند تجرباتی اندازے

اکثر لوگوں کی پریشانی کی وجہ جذباتی مسائل ہی ہوتے ہیں۔ اگر لوگ خود بخود کسی سے محبت کرنے لگتے ہیں مگر انہیں محبت کا جواب محبت میں نہیں ملتا اور محبت کا جواب نہ ملنا بہت تکلیف دہ ہوتا ہے لہٰذا لوگ اپنے تخیل کو استعمال کر کے طرح طرح کے بہانے سوچتے ہیں کہ یقیناً اس وجہ سے محبت کا جواب نہ مل سکا ہوگا۔ ایسا وہ اس لئے کرتے ہیں کہ حقیقت کا سامنا کرتے ہوئے گھبراتے ہیں۔ چنانچہ وہ افراد جو محبت کے معاملات کے متعلق پریشان ہیں اور جن کی پریشانی کی اصل وجہ درمیانی لوگ ہیں تو وہ نوٹ کر لیں کہ جمعہ کے دن کا تعلق زہرہ سے سمجھا جاتا ہے۔ زہرہ ماہ اکتوبر کا حاکم ہے۔ لہٰذا محبت کے متعلق جمعہ کو شگون۔ محبت کے متعلق جو شگون لیں گے وہ اتفاقیہ ہونا چاہیے۔ مثال کے طور پر اگر جمعہ کے دن کوئی انگوٹھی ملے تو محبت کا مسئلہ بخیر و خوبی حل ہونے کی علامت ہے۔ اس طرح اگر اتفاقیہ کبوتر نظر آ گیا تو یہ بھی محبت میں کامیابی کی علامت ہے۔ اگر دو کبوتر نظر آئے تو زہرہ سے متعلقہ اگلے ماہ کے آنے سے قبل شادی ہو جانے کی علامت ہے یعنی مئی یا اکتوبر سے قبل شادی ہو جائے گی۔ لیکن یہ خیال رہے کہ آپ کے گھر یا گھر کے آس پاس کبوتر پالے نہ گئے ہوں کیونکہ اگر ایسا ہو تو شگون کا مقصد ہی فوت ہو جائے گا۔ اگر ایسا ہو تو انگوٹھی یا دھاگے کے ٹکڑے سے شگون لیں۔

جمعہ کا دن منتخب کریں۔ دھاگہ لے کر اسے انگوٹھے اور پہلی انگلی سے پکڑیں پھر اسے انگلیوں کے گرد چکر دیں۔ چکر دینے کے بعد اسے زمین پر گرنے دیں۔ بعض دفعہ دھاگے سے نام کا ایک پہلا حرف بنتا ہے۔ بعض دفعہ دو حروف بنتے ہیں۔ کبھی یہ دھاگہ دل کی شکل کا بنتا ہے تو کبھی دو دائرے ایک دوسرے سے پیوست بنتے ہیں۔ اگر یہ دھاگہ ایک مکمل اور بہترین دائرہ بنائے تو محبت کے معاملات میں یقینی کامیابی کی علامت ہے اور اگر مربع بنائے تو تاخیر ہوگی۔ مشکلات درپیش ہوں گی جن پر قابو پانا پڑے گا مگر ضرورت سے زیادہ تاخیر نہ ہوگی۔ اگر تکون بنائے تو حالات بہتر ہو جانے کی علامت ہے۔

اگر آپ محبت کے معاملات میں پریشان ہیں اور کسی بھی طرف سے پھول کے تحفے کے طور پر ملتے ہیں تو آپ یہ تصور کریں کہ مدد آور طاقتیں آپ کے لئے کام کر رہی ہیں۔ یہ تمام طریقے تجرباتی طریقے کہلاتے ہیں یہ طریقے بے حد سادہ ہیں مگر تجربات اور مشاہدات نے انھیں بہت سی جگہ پر مؤثر ثابت کیا ہے۔ ان طریقوں کے علاوہ ہمیں چاہیے کہ ہم قرآن پاک سے بھی اپنے مسائل کا حل دریافت کریں خوب سوچ سمجھ کر یکسوئی کے ساتھ کچھ وقت قرآن شریف کے ترجمے پر لگائیں ان شاءاللہ بہت سے معاملات میں رہنمائی ملے گی۔

انسانی ذہن میں طاقت کے خزانے

انسانی ذہن کی قوتوں کا اصل اندازہ اب تک نہیں لگایا جاسکتا۔ انسانی ذہن کی قوت اس سے کہیں زیادہ ہے جتنی کہ سمجھی جاتی ہے۔ عملی یا مشاہداتی طریقے سے آپ اپنے مسائل اور مشکلات کو حل کر سکتے ہیں کیونکہ



پتھری
ڈائیلاسز
کورس

پتھری ڈائیلاسز اور پیشاب کے
غدود لاعلاج نہیں

گردے کی پرانی پتھری
گردے کا درد
پیشاب کی بندش یا رکاوٹ

قیمت
800.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

ہر مسئلہ اور مشکل کا حل خود آپ کی اپنی ذات کے اندر موجود ہوتا ہے۔ ایک دفعہ اس طریقے کو آزما کر دیکھیں آپ خود اس کے نتائج پر حیران رہ جائیں گے۔ یہ غیب دانی نہیں ہے بلکہ حقیقت سے آگاہی ہے۔ آپ کو صرف اپنی آنکھیں اور ذہن کھلا رکھنا ہے۔ مسئلے کا حل خود بخود سامنے آ جائے گا۔

☆☆☆☆☆

قرآن شفاء ہی شفاء قدردانوں کیلئے

محمد یعقوب

قرآنی آیات سے بیماریوں کی شفاء

اللہ تبارک وتعالیٰ جل شانہ کی نازل کردہ کتاب قرآن مجید فرقان حمید جہاں زندگی کے لیے مکمل لائحہ عمل فراہم کرتی ہے، وہاں اس کی مقدس سورتیں اور آیات ہمارے لیے شفائے امراض، حل المشکلات، حفاظت، برکت، عزت وقار جیسی نعمتوں اور فیوض کا خزانہ لیے ہوئے ہیں اور تمام عالم اسلام ان سے بھرپور استفادہ کر رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی یہ کتاب جو نبی آخر الزمان حضرت محمد ﷺ پر نازل ہوئی، اپنے اندر دعاؤں کا قیمتی سرمایہ لیے ہوئے ہے۔ اور یہ دعائیں اگر پورے اہتمام، التزام اور دعاؤں کے آداب وتقاضوں کے مطابق خشوع وخضوع، توبہ واستغفار اور کامل یقین واعتقاد کے ساتھ کی جائیں تو کبھی فوراً اور کبھی بعد میں ان کی ایسی تاثیر وفوائد دیکھنے میں آتے ہیں کہ جن سے نا صرف شفائے امراض اور مشکلات کا حل اور دیگر مسائل سے چھٹکارا مل جاتا ہے بلکہ ایمان بھی تازہ ہو جاتا ہے۔ ہمارے معاشرے میں بے شمار ایسے علمائے دین اور عاملین موجود ہیں جو فی سبیل اللہ قرآنی آیات اور احادیث سے ثابت وظائف وتسبیحات کے ذریعے سے دکھی انسانیت کی خدمت کر رہے ہیں اور خصوصاً ان لوگوں کے لیے اللہ کی رحمت خاص اور فضل وکرم سے بہت مددگار معاون ثابت ہو رہے ہیں، جو خود عدم واقفیت اور جہالت کے باعث وظائف واوراد کا کماحقہ اہتمام نہیں کر سکتے۔ اللہ تعالیٰ ایسے روحانی عاملین کی کوشش کو قبول فرمائے اور انہیں اجر وثواب عطا فرمائے (آمین)

عاملین کے علاوہ عام افراد بھی اگر درود شریف اور تسبیحات کی مداومت کریں تو اللہ تعالیٰ ان کی دعاؤں کو قبول فرماتے ہیں اور ان کی زبان سے نکلی ہوئی باتوں کو بھی مستحسن کر دیتے ہیں۔ جب کوئی بندہ اللہ رب العزت کے حضور عجز وانکساری اور عبادت گزاری کے ساتھ تسبیح وتہلیل کر کے دعاؤں کا اہتمام کرے تو اللہ تعالیٰ اس بندے کو مستجاب الدعوات لوگوں میں شامل کر لیتے ہیں۔

شفایابی کے چند واقعات

ذیل میں چند واقعات ومشاہدات کا ذکر کرنا چاہتا ہوں جو محض تائید ایزدی اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی رحمت سے وقوع پذیر ہوئے۔ بندے کی والدہ انتہائی نیک، دیندار اور پرہیزگار خاتون تھیں۔ انہوں نے پہلے لاہور میں اور بعد میں راولپنڈی منتقلی کے بعد، بہت سارے بچوں بچیوں کو قرآن پڑھایا۔ ہمارے والد کے انتقال کے بعد سے وہ مسلسل تسبیح وتہلیل میں مشغول رہتی تھیں۔ اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے انہیں یہ وصف عطا فرما دیا تھا کہ اکثر انہیں خواب کے ذریعے اپنے دور اولاد کی تکلیف وپریشانی کا علم ہو جاتا تھا۔ اپنی والدہ کو مسلسل تسبیحات میں مشغول دیکھ کر اور والد کے انتقال (۱۹۷۳ء) کے بعد سے اس بندے نے بھی اوراد اور درود کو اختیار کر لیا اور تب سے اب تک الحمد للہ تسبیحات وادعیاء کے تواتر نے ایک ایسا وصف پیدا فرما دیا کہ کبھی اس شغل میں تعطل ہو جائے تو یوں لگتا ہے جیسے کچھ کھو گیا ہو۔

کینسر کے مریض کی شفایابی

یہ ذکر ہے ان دنوں کا جب ہم ملک شام میں پاکستانی سفارتخانے میں متعین تھے۔ وہاں ایک مقامی فرد صفائی ستھرائی کے کاموں پر مامور تھا۔ ایک دن وہ آفس آیا تو وہ بہت رنجیدہ و پریشان تھا۔ استفسار پر اس نے بتایا کہ اس کا ایک شیر خوار بچہ بیمار ہے اور ڈاکٹر نے اسے سرطان کے عارضے میں مبتلا ہونے کی خبر دی ہے۔ بندے کے علم میں ایک وظیفہ موذی امراض سے شفایابی سے متعلق تھا جو کہ حسب ذیل ہے:۔

عام حالات میں یہ درود پاک اول وآخر 3 مرتبہ پڑھیں ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَّدَوَاءٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ '' اور درمیان میں سات بار سورۃ الفاتحہ بمع بسم اللہ اور تین بار سورہ اخلاص پڑھیں اور اس کا ثواب حضرت علامہ مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی سندھی رحمہ اللہ کو بخشیں اور مریض پر دم کریں۔ نیز اگر مرض پرانا ہو اور شدت اختیار کر گیا ہو تو مذکورہ درود شریف اوّل وآخر سو (۱۰۰) بار پڑھیں۔

متعلقہ شخص نے اس وظیفے کی پابندی کی اور الحمدللہ اس کا بچہ چند ماہ میں صحت یاب ہوگیا۔

بے روزگار کو تین دن میں ملازمت مل جانا

شام میں قیام کے دوران ہی ایک پاکستانی اہلکار اپنے بچے کی ملازمت نہ ہونے پر پریشان تھے۔ ان کا بیٹا پاکستان میں اپنی تعلیم مکمل ہونے کے بعد بیروزگار تھا۔ دعا کے ساتھ انہیں ایک وظیفہ پڑھنے کے لیے بتایا گیا۔ وہ وظیفہ حسب ذیل ہے:

آدھی رات کے وقت باوضو گھر یا مسجد کے صحت میں ۳ بار سجدہ کر کے ہاتھ اٹھا کر سو بار اسم مبارک الوہاب پڑھیں۔ ۳ دن یا ۷ سات تک یہ کرتے رہیں۔ پریشان حال شخص نے یہ وظیفہ پڑھا اور وظیفہ مکمل ہوتے ہی ان کے صاحبزادے کو ملازمت مل گئی۔

بچے کی نظر بد کا علاج

شام سے واپس آنے کے بعد ہم ایک بار بذریعہ ٹرین کراچی سے اسلام آباد آرہے تھے۔ رات کے وقت ہمارے کمپارٹمنٹ کے ساتھ والے کمپارٹمنٹ میں ایک شیر خوار بچہ مسلسل روئے جا رہا تھا۔ بچے کے والدین جتن کرتے رہے مگر بچہ خاموش نہ ہوا۔ ہر طرف سب لوگ پریشان تھے، پھر معاً خیال آیا کہ شاید بچہ کو نظر لگ گئی ہو۔ اس لئے کیوں نہ اسے نظر بند سے حفاظت کا دم کر دیا جائے اس بچے پر آیت الکرسی اور چاروں قل پڑھے اور بچے کا تصور کرتے ہوئے اپنی نشست پہ بیٹھے بیٹھے بچے کی سمت پھونک ماردی۔ ایسا کرنا تھا کہ بچہ یکدم خاموش ہوگیا اور پھر وہ بچہ پرسکون نیند سوگیا۔ ہم ایک بار پھر دفتری احکامات کے تحت باہر گئے۔ اس بار ہماری تعیناتی پاکستانی سفارتخانے مسقط (عمان) میں ہوئی۔ وہاں بھی اللہ کی رحمت سے بہت سے لوگوں کا بھلا ہوا۔

ایک بار سفارتخانے کے پاکستانی سکیورٹی گارڈ کے سر میں شدید درد ہوا وہ احقر کے پاس آیا تو احقر نے یہ دعائیں پڑھ کر اسے دم کیا۔

''لَا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ'' (سورۃ الواقعۃ۔۱۹) (۳بار)



ایک تہلکہ خیز تحقیق
انوکھی بیماریوں کے انوکھے علاج اس کتاب میں دیئے گئے ہیں۔ انوکھی بیماریوں کے ایسے آسان نسخہ جات کہ آپ حیرت کے سمندر میں ڈوب جائیں۔

''يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ '' (سورۃ التغابن: ۱) (۳بار)

''وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا '' (بنی اسرائیل: ۱۰۵) (۳بار)

''قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قُلِ اللّٰهُ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا '' (سورۃ الرعد: ۱۶) (۳بار) (اعمال قرآنی)

ان وظائف کو پڑھ کر دم کرنا تھا کہ فوراً اس کے سر کا درد ٹھیک ہو گیا۔

داڑھ کے شدید درد میں شفاء کا عمل

ایک شخص جو کہ داڑھ کے درد کی شدت کی وجہ سے سخت بے چین تھا۔ مریض کو کہا کہ وہ متاثرہ داڑھ کو داہنے ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے پکڑے اور بات کرتے وقت بھی اسے مت چھوڑے۔ پھر سورۃ فاتحہ ۷ بار مع بسم اللہ پڑھی اور مریض سے پوچھا کہ اس کا نام کیا ہے؟ مریض نے اپنا نام بتا دیا۔ پھر سورۃ الفاتحہ ۷ بار مع بسم اللہ پڑھی اور اس کی والدہ کا نام دریافت کیا۔ مریض نے والدہ کا نام بتایا تو سورۃ الفاتحہ مع بسم اللہ ۷ بار پڑھی اور مریض سے سوال کیا کہ اسے کہاں درد محسوس ہو رہا ہے؟ مریض نے جواب دیا کہ اسے داڑھ میں درد ہو رہا ہے۔ ایک بار پھر ۷ بار سورۃ الفاتحہ مع بسم اللہ پڑھی اور مریض سے اس کی عمر کی بابت سوال کیا۔ مریض نے اپنی عمر بتا دی۔ ایک بار پھر سورہ الفاتحہ مع بسم اللہ ۷ بار پڑھی اور مریض سے پوچھا کہ کیا اس کی داڑھ کا درد اللہ کے حکم سے ٹھیک کر دوں؟ مریض نے اثبات میں جواب دیا۔ ایک بار اور سورۃ الفاتحہ بمع بسم اللہ ۷ بار پڑھی اور مریض کو دم کیا اور اسے ہدایت کی کہ جاؤ آرام کرو بلکہ کچھ دیر کے لیے سو جائے۔ ان شاء اللہ درد جلد ٹھیک ہو جائے گا۔ ابھی اسے یہ ہدایت دی ہی تھی کہ وہ تیزی سے اٹھا اور خوشی سے جھومتے ہوئے بولا کہ اسے محسوس ہو رہا ہے جیسے کسی نے درد کش انجکشن لگا دیا ہے۔ اللہ اللہ، یہ ہے قرآنی سورتوں کا اعجاز جو بڑی سے بڑی اور سخت سے سخت تکلیف اور مشکل کو رفع کر دیتی ہیں۔

استخارہ۔۔۔ مشکلات سے چھٹکارہ

مسقط میں ایک دتہ نامی شخص گزشتہ ۳۰ یا ۳۵ سال سے گاڑی میں سکول کے بچوں اور دفتر کے لوگوں کو پک اینڈ ڈراپ کیا کرتا تھا۔ عمانی قوانین کے مطابق کوئی غیر ملکی یہ کام نہیں کر سکتا تھا۔ اپنی گاڑی سے پک اینڈ ڈراپ کی سہولت صرف عمانی شہریوں کو حاصل تھی۔ ایک دن اللہ دتہ ائیر پورٹ سے کچھ مزدوروں کو شہر کے اندر لا رہا تھا کہ راستے میں شُرطہ (پولیس) نے اسے روک لیا اور عمانی قانون کی خلاف ورزی پر اس کا چالان کر کے گاڑی کو ضبط کر لیا۔ اللہ دتہ کے روزگار کا واحد ذریعہ اس کی گاڑی تھی۔ ضبط ہو جانے پر وہ بہت پریشان ہوا۔ اسے یہ بھی فکر لاحق تھی کہ کہیں اسے قانون کی خلاف ورزی کی پاداش میں جیل نہ بھیج دیا جائے یا پھر اسے پاکستان واپس نہ بھیج دیا جائے۔ خیر بعد از جرمانہ، معاملہ حل ہو گیا اور اسے گاڑی واپس مل گئی۔ لیکن اللہ دتہ کو یہ فکر لاحق تھی کہ اگر اس نے گاڑی سے دوبارہ اپنا کاروبار شروع کیا تو دوبارہ اس کی پکڑ ہو سکتی ہے۔ اس لئے اس نے اپنی اس گاڑی کو فروخت کر کے نئی گاڑی خریدنے کے بارے میں سوچا مگر وہ شش و پنج میں تھا کہ کیا کرے۔ بالآخر اس نے اللہ والے سے کہا کہ اس کے لیے استخارہ کریں کہ پتہ چل سکے کہ پرانی گاڑی فروخت اور نئی گاڑی خریدی جائے یا نہیں۔ چنانچہ دو استخار کیے۔ ایک پرانی گاڑی بیچنے سے متعلق اور دوسرا نئی گاڑی خریدنے کے لئے۔ اوّل الذکر استخارہ کیا تو اشارہ ملا کہ پرانی گاڑی کو فروخت کر دینا درست ہے۔ لیکن جب نئی گاڑی خریدنے سے متعلق استخارہ کیا تو جواب نفی میں آیا۔ اللہ دتہ کو نتائج سے آگاہ کیا تو وہ کہنے لگا کہ یہ کیسے ممکن ہے کہ وہ پرانی گاڑی بیچ کر نئی گاڑی نہ خریدے۔ وہ گاڑی نہ خریدنے کی صورت میں کہاں سے کمائے گا اور کہاں سے کھائے گا۔ اسے بتایا گیا کہ گاڑی کے نہ خریدنے میں ضرور کوئی مصلحت ہوگی کیونکہ اللہ تعالیٰ غیب کا حال جانتا ہے۔ مگر اللہ دتہ کو فکر معاش نے مجبور کیا اور اس نے جلد ہی نئی گاڑی خرید لی۔ اس نے ہمیں فون پر نئی گاڑی خریدنے کی نوید سنائی اور کہا کہ وہ ہمیں اگلے دن دفتر ڈراپ نہیں

کر سکے گا کیونکہ وہ نئی گاڑی کی رجسٹریشن کرانے کے لیے جائے گا۔ چنانچہ اگلے روز وہ ہمیں پک (Pick) کرنے نہیں آیا۔ ہم اپنے سفارتخانے دوسرے انتظام سے پہنچے اور اپنے کام میں مشغول ہو گئے۔ ابھی کچھ دیر ہی گزری تھی کہ ہمیں اللہ دتہ کے بیٹے کا فون آیا۔ وہ کہہ رہا تھا کہ اللہ دتہ کا انتقال ہو گیا۔ وہ رجسٹریشن کے دفتر میں موجود تھا کہ اسے ہارٹ اٹیک ہوا اور پھر وہیں وہ اس دار فانی سے رخصت ہو گیا۔ یہ خبر جہاں سخت رنج و غم کا باعث بنی۔ وہاں یہ گتھی بھی سلجھی کہ نئی گاڑی نہ خریدنے کا اشارہ استخارے میں کیوں آیا تھا کیونکہ نئی گاڑی سے کاروبار اس کے نصیب میں نہ تھا اور دوسرے نقطہ یہ تھا کہ استخارے کے بعد مشورے کے برعکس کام کیا جائے تو کسی صورت فائدہ نہیں ہوتا۔

استخارہ کرنے کا طریقہ: دو رکعت نماز نیت استخارہ کی جائے کہ پہلی رکعت میں جب سورۃ فاتحہ پڑھیں تو اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ پہ پہنچ کر اس کی تکرار شروع کر دی جائے۔ یہاں تک کہ پورا وجود دائیں یا بائیں جانب مڑ جائے اور اسی تکرار کے دوران وجود دوبارہ اپنی اصلی حالت پر لوٹ آئے اور پھر دونوں رکعتوں میں سورۃ الاخلاص پڑھ کر نماز ختم کر لی جائے۔ اگر آپ کا جسم دائیں طرف سے مڑ جائے تو یہ مثبت اشارہ سمجھا جاتا ہے جبکہ بائیں طرف مڑنے کو منفی اشارے سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ مسقط سے پاکستان واپس آنے سے پہلے ہمیں پتے کے درد کی شدید تکلیف ہوئی۔ ہمیں ہسپتال میں داخل کر لیا گیا۔ ڈاکٹر نے پتے میں پتھری کی تشخیص کی اور آپریشن کے ذریعے پتہ نکالنے کا کہا۔ تکلیف اس قدر زیادہ تھی فوری طور پر سرجری ضروری تھی۔ چنانچہ جس روز ہماری سرجری ہونی تھی، اس روز صبح ہی سے ہم نے درود شریف، آیات شفاء، درود شفاء، چاروں قل اور مزید کچھ آیات امراض سے شفاء سے متعلق پڑھنا شروع کر دیں۔ جس سرجن نے ہمارا آپریشن کرنا تھا۔ وہ بھارتی ہندو تھا اور اس کا معاون ایک عراقی ڈاکٹر تھا۔ ڈاکٹر نے ہمیں بے ہوش کر کے آپریشن کیا اور پتہ نکال دیا۔ ہمیں جب ہوش آیا تو عراقی ڈاکٹر ہمارے بیڈ کے پاس کھڑا تھا۔ وہ ہماری طرف بڑھا اور مبارکباد دینے کے بعد وہ گویا ہوا کہ ”مسٹر کوکب! یہ میری زندگی کا پہلا آپریشن ہے جو اتنی مہارت اور کامیابی کے ساتھ ہوا کہ اس کی مثال نہیں ملتی۔ بلکہ ہندو سرجن اس امر پہ سخت متعجب تھا کہ آپریشن اتنے پر سکون انداز میں ہوا کہ کہیں بھی کوئی مشکل نہیں آئی اور سب سے حیرت کی بات یہ ہوئی کہ دوران آپریشن ماسوائے چند قطروں کے خون بالکل ضائع نہیں ہوا“ اس ہندو ڈاکٹر نے کہا کہ ایسا ہونا اس کے لیے معجزے سے کم نہیں۔ تب ہم نے عراقی ڈاکٹر کو بتایا کہ یہ سب کچھ اللہ کے کلام اور وظائف و دعاؤں کی برکت سے ہوا ہے۔ ہم نے آیات شفاء جو کہ قرآن میں موجود ہیں اور اکثر و بیشتر روحانی رسائل و کتب میں موجود ہیں۔

یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ (ایک تسبیح 100 مرتبہ)

یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالشِّفاءِ یَابَدِیْعُ (ایک تسبیح 100 مرتبہ)

یَاشَافِیَ الْاَبْرَارِ مُقِیمًا سَدِیْدًا (ایک تسبیح 100 مرتبہ)

اَسْأَلُ اللهَ الْعَظِیْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَنْ یَّشْفِیَنِی (ایک تسبیح 100 مرتبہ)

درود شفاء اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَّدَوَاءٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ (ایک تسبیح 100 مرتبہ) بمع اول و آخر درود شریف۔

خواتین کے پوشیدہ امراض کیلئے
پوشیدہ کورس

پوشیدہ کورس
قیمت
600.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
یقینی طور پر پرانی سے پرانی لیکوریا کا خاتمہ
ایام کی کمی یا زیادتی
کمر میں درد
خواتین کے پوشیدہ امراض
کا سو فیصد علاج

پرسکون زندگی کیلئے بہترین اوقات کی تلاش!

ہماری زندگی میں بہترین اور بدترین وقت

آسمان پر کواکب کی حرکت ساری دنیا کے لئے یکساں ہے اور کواکب کی یہ حرکت اجتماعی طور پر لوگوں پر اثر انداز ہوتی ہے اور انفرادی طور پر بھی مثلاً سال کے موسموں کو لیں جولائی میں سورج اپنی پوری تمازت سے طویل گھنٹوں تک لوگوں کو اور ہر چیز کو گرماتا رہتا ہے ایسی دھوپ، بارشوں کا نظام، زلزلہ، سیلاب، آندھی، خشک سالی وغیرہ قانون قدرت انسان پر اجتماعی طور پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

اب یہ کیسے کہا جاسکتا ہے کہ موسم گرما بدقسمتی کا وقت ہے کیونکہ ایک خاص وجہ ہے جس کی بناء پر تکلیف پیدا ہوتی ہے۔ ان موسمی حالات سے دنیا کے ۷۵ فیصد آدمی متاثر ہوتے ہیں۔ لہٰذا ہم ان اوقات کو کسی آدمی کے لئے خاص طور پر بدقسمتی کے دن نہیں کہہ سکتے۔ لیکن یہ اجتماعی حوادث بھی بعض آدمیوں کے لئے سعد ہوتے ہیں اور بعض کے لئے نحس مثلاً اگر کوئی آندھی آپ کا گھر اڑا کر لے جائے تو آپ کا نقصان ہوا۔ مگر کسی اور کے لئے روزی کا سبب بن گیا۔ مزدور کو کام مہیا ہوگیا کہ وہ مکان تیار کرے۔ اگر آپ کو سردی لگ کر زکام ہوگیا ہے تو یہ آپ کے لئے خوش قسمتی کا باعث نہیں مگر ایک ڈاکٹر کے لئے ضرور ہے اسی طرح سردی کا موسم کوئلہ اور گرم کپڑے بیوپاریوں کے کاروبار کو چمکاتا ہے اور بھی بے شمار نئے کاروبار چلنے لگتے ہیں۔ اس لئے اجتماعی طور پر موسموں کے اثرات اور حادثات بھی انفرادی طور پر کسی کے لئے خوش قسمتی اور کسی کیلئے بدقسمتی کا باعث بھی بنتے ہیں رہتے ہیں۔

اس سے یہ معلوم ہوا کہ کواکب کی وہ حرکات جو ساری دنیا کے لئے ہیں۔ ان سے پیدا ہونے والے تغیر و تبدل بھی ہر شخص کے لئے مختلف حالات لاسکتے ہیں۔ اب باقی صرف یہ رہ جاتا ہے کہ ہم معلوم کریں وہ کونسا طریقہ ہے جس سے معلوم کیا جاسکتا ہے کہ فلاں وقت کس کے لئے سعد ہے اور کس کے لئے نحس ہے۔ علم نجوم کی رو سے اس کے خاص اصول ہیں اور صحیح طور پر ان کا معلوم کرنا صرف زائچہ پیدائش سے ہی ممکن ہے۔

اپنی زندگی میں پریشان کن دن تلاش کریں

فرض کریں کہ کسی آدمی کے پیدائشی زائچہ میں شمس کے گھر میں زحل واقع ہے جو نحس کوکب ہے اس آدمی کی پیدائش دس جنوری کی ہے۔ اندازاً دس جنوری کو سورج برج جدی کے ۲۰ درجہ پر ہوگا۔ اب جب بھی سورج پیدائشی زائچہ میں برج حمل کے ۲۰ درجہ پر آئے گا (جو اندازاً کسی بھی سال کا دس اپریل کا وقت ہوسکتا ہے) تو زحل و شمس کی نظر تربیع ہوگی۔ یہ تربیع بھی ایک خطرہ ہے اور نحس وقت تو معلوم ہوا۔ ہر سال کا دس اپریل بدقسمتی کا دن اس شخص کے لئے ہوا کرے گا۔ بدقسمتی کے دنوں سے مراد ہے ایسا دن جو مخالفانہ اثر رکھتا ہے کوئی کام کرو نقصان ہوگا یہ بیکار دن بھی ہوسکتا ہے اور رنج و تکلیف کا بھی۔

پیدائشی زائچہ میں شمس کا داخلہ (کسی بھی سال میں) پیدائشی کواکب سے تربیع یا مقابلہ کرے یا نحس قران کرے تو ان دنوں کو نوٹ کرلیں یہ بدقسمتی کے دن ہوں گے۔ اگر آپ سارے سال کے ایسے دن نکالیں تو وہ تمام دن معلوم ہو جائیں گے جو موافق نہ ہوں۔ یہی وجہ ہے کہ بعض لوگ کہتے ہیں اس دفعہ عید اچھی نہیں آئی اور بعض کہتے ہیں کہ آج کا دن میرا بہت اچھا گزرا تو ایسے خوش قسمتی اور خوشی کے دن بھی سورج کے داخلہ سے جو پیدائشی زائچہ کے کواکب کے ساتھ سعد نظرات (تثلیث یا تسدیس) بناتا ہے۔ معلوم کئے جاسکتے اور یہ ایک نہایت آسان طریقہ ہے۔ سعد و نحس دن نکالنے کا۔ پیدائش کے ہر کواکب سے شمس کے داخلے کے نظرات معلوم کرنے کا سہل طریقہ یہ ہے کہ زائچہ پیدائش کے تمام کواکب کے درجات لکھ لیں پھر جب بھی شمس ان درجات سے قران، تربیع، مقابلہ، تسدیس یا تثلیث کرے گا سعد و نحس دن معلوم ہو جائیں گے۔ شمس کی رفتار سال مطلوبہ کی تقویم سے معلوم کی جاسکتی ہے۔

زندگی میں پریشان کن حالات کے طویل ہونے کی وجوہات

دنیا کے اندر ایسے بے شمار اسباب ہیں جن سے خوش بختی اور بدقسمتی کے حالات پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ بعض لوگ ہمیشہ برائی پر ہی کمربستہ رہتے ہیں اور بعض ایسے بھی ہیں جو غیر متوقع خوش آئندہ خواب دیکھتے رہتے ہیں۔ اب دیکھئے کہ سعد و نحس نظرات تو وارد ہوتے رہتے ہیں اور لوگوں کے ارادے اور ذہن بھی کام کرتے رہتے ہیں، بس ان دونوں کے مجموعی تاثرات سے غیر متوقع واقعات کا سامنا ہوجاتا ہے۔

انسانی عقل کے رجحان اور طبع کے مخصوص عادات کی وجہ سے بھی سعد و نحس نظرات اپنا اثر دکھاتی ہیں بعض سال بعض سالوں سے زیادہ نحس ہوتے ہیں۔ بعض اوقات خاص نحس سال عرصہ کے بعد پھر دوبارہ آجاتے ہیں اور تقریباً ایک جیسے واقعات لاتے ہیں، نحس کو بد اس لئے کہتے ہیں کہ یہ واقعہ کا ایک ہی پہلو ظاہر کرتے ہیں اور یہ آپ کی توقعات کو روک دیتے ہیں وہ لوگ جن کا زائچہ ثابت ہوتا ہے یعنی جن کا برج طالع ثابت ہوا ان کو اگر نحس واقعات پیش آئیں تو وہ اڑ جاتے ہیں۔ یہ لوگ چونکہ ضد سے ہٹتے نہیں اس لئے طویل نقصان اٹھاتے ہی جاتے ہیں چونکہ نظرات گزرنے کے بعد بھی اس اثر کو لئے پھرتے ہیں اس لئے عرصہ طویل ہوجاتا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ سال بے حد خراب گزرا۔ لہٰذا عقل مندی کا تقاضہ یہ ہے کہ اگر نحس نظر یہ بتاتی ہے کہ اخراجات بہت ہوں گے تو ہر قسم کے خرچ سے ہاتھ روک لیں۔ اگر ضدی اور ہٹیلی طبع ہے تو اس خصلت کو خاص طور پر مدنظر رکھیں۔ تفریحات میں وقت گزاریں۔ یاد رکھیں جب تک پرانے ملبہ کو دور نہ کریں گے۔ نیا گھر تعمیر نہیں ہوسکتا۔ نحس اوقات کو آسانی سے دفع کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ آنے والے دنوں کے اثرات کا علم ہو۔

اپنی زندگی کے سعد و نحس دن معلوم کریں

(۱) بوقت پیدائش طالع برج جتنے درجے پر تھا سورج جب بھی اس درجہ پر ہر سال آئے گا تو یہ آپ کے لئے ایک اہم دن ہوگا۔ مثلاً اگر کسی کی پیدائش سرطان کے ۳ درجہ طالع وقت پر ہو تو سورج ہر سال جب بھی سرطان کے ۳ درجہ پر آئے گا تو یہ نوٹ کرنے کے قابل دن ہوگا یہ قریباً ہر سال ایک ہی تاریخ میں واقع ہوتا ہے۔ (۲) پیدائش کے وقت سے کچھ دیر پہلے یا بعد کے تمام نظرات نوٹ کرلیں۔ قمر کے نظرات کم ازکم پیدائش کے ایک دن پہلے اور ایک دن بعد کے نوٹ کرلیں۔ یہ نظرات کسی سال کی جن تاریخوں میں واقع ہوں گے ضرور اپنا اثر دکھائیں گے۔ اگر وقت پیدائش کے نحس نظرات کسی دوسرے سال کے کسی دن واقع ہونگے تو وہ نحس دن ہوگا۔ سعد نظرات جب واقع ہونگے تو سعد دن ہوگا۔ یہ نظرات چونکہ زائچہ پیدائش کے ساتھ لکھے ہوتے ہیں۔ اس لئے آئندہ سال کی تقویم سے ان نظرات کی تاریخوں اور اوقات کو تلاش کرکے نوٹ کرلیں۔ یہ تمام کام آپ روزانہ کوابکی گائیڈ میں انجام دے سکتے ہیں اس میں زائچہ بنا کر اپنے تمام حالات بھی نوٹ کرسکتے ہیں تاکہ آنے والے وقت کے سعد و نحس اوقات بھی نوٹ کرسکتے ہیں۔ یہ نوٹ کرلیں کہ سعد نحس دن نکالنے کے لیے صرف قران، تربیع، مقابلہ، تسدیس، تثلیث صرف یہ پانچ نظرات ہی کام دیں گے۔


امراض معدہ
علاجِ نبوی ﷺ اور جدید سائنس
حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

ایک ہے جینے کیلئے کھانا اور ایک جب سے امت کھانے کیلئے جیتی ہے اس وقت سے اب تک ہر انسان معدہ کے مرض میں شکار ہے اور نوبت معدے سے دل شوگر اور ہائی بلڈ پریشر تک پہنچ چکی ہے۔ بظاہر انسان صحت مند نظر آئے گا لیکن جونہی کھانا کھایا اور ساتھ دوائی کھائی تو پتہ چلا تبخیر معدہ کا مرض یا السر ہے یا کچھ اور مرض ہے اس کتاب میں ہم نے معدہ کی تمام بیماریاں اور علاج تفصیل کے ساتھ بیان کیے گئے ہیں۔

یہ وقت کس امر کے لئے سعد یا نحس ہے:

یہ معلوم کرنا کہ یہ وقت کس امر کے لئے سعد ہے یا نحس تو یہ کواکب کی منسوبات سے اخذ کیا جاتا ہے۔ مثلاً عطارد وزحل کا مقابلہ ہے یعنی نحس وقت ہے۔ عطارد منسوب ہے تحریر سے اور زحل منسوب ہے مکان وزمین سے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر مکان وزمین کے کسی معاملہ میں اس وقت کوئی تحریر کی گئی تو اس کا نتیجہ اچھا نہ ہوگا اور یہ کام سرانجام نہ ہوگا۔ ہر قسم کے تحریری معاملات میں التواء ہوتی چلی جائے گی تمام کواکب کی منسوبات یاد کرلیں تو فیصلہ میں آسانی ہوگی۔

اپنے لیے سعد ونحس معلوم کریں

پیدائش کے وقت کو معلوم کرلیں۔ اب ہر روز اس وقت پیدائش پر یا اس کے بعد ہی کسی دو کواکب کی جونظر پیدا ہوگی خواہ وہ سعد ہو یا نحس تو اس کے مطابق سارے دن کا حکم لگے گا۔ سارے دن سے مری مراد وقت پیدائش سے اگلے دن کے اسی وقت تک اس شخص کا آئندہ ایک دن شمار ہوگا۔ اگر پیدائش کے دن سعد نظرات بھی ہوں اور نحس نظرات بھی ہوں یا کسی دن پیدائشی وقت کے قریب سعد نظرات بھی ہو اور نحس نظرات بھی ہوں۔ تو پھر یہ معلوم کریں کہ وقت پیدائش کے بالکل نزدیک کونسی نظر ہے جونظر ہوگی اس کا حکم لگے گا اور اس کی سعادت یا نحوست ہی اہم تصور کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

روحوں کے بارے میں حیرت انگیز معلومات

امام جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ

بعض ارواح کو سبز چڑیوں کی پیٹھ پر جگہ دی جاتی ہے۔ یہ جنت میں رہتی ہیں اور جہاں چاہیں وہاں چلی جاتی ہیں۔ یہ وہ شہید ہیں جو جہاد میں قتل کیے گئے اور ان پر کسی کا قرض نہیں ہے اور جن پر کسی کا حق باقی رہ گیا، وہ جنت میں داخل ہونے سے محروم رکھے جائیں گے۔

روایت ہے محمد بن عبداللہ سے کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اگر میں اللہ کی راہ میں شہید ہوں تو مجھ کو کیا بدلہ ملے گا؟'' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''جنت''۔ جب وہ لوٹ کر چلا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو بلا کر فرمایا ''اگر تجھ پر کسی کا قرض نہ ہو۔ یہ حکم جبرئیل علیہ السلام نے ابھی مجھ کو سنایا ہے''۔ بعض ارواح جنت کے دروازہ پر رہیں گی۔ بعض اپنی قبروں میں بند رہیں گی اور ان پر ثواب وعذاب ہوتا رہے گا اور بعض ارواح ساتوں طبقوں کے نیچے قید کی جائیں گی اور عذاب میں گرفتار ہوں گی اور بعض خون کی نہر میں۔ پیغمبر اور شہید جنت میں رہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے حکم واجازت سے جہاں چاہیں جاتے ہیں۔ ان کے سوا اور لوگوں کی روحیں برزخ میں رہتی ہیں اور ان کا تعلق قبر سے رہتا ہے اور ثواب ملتا ہے یا عذاب ہوتا ہے۔ اسی کو ثواب قبر یا عذاب قبر کہتے ہیں۔

صاحب افصاح نے لکھا ہے کہ ارواحِ مومنین مختلف حالتوں میں رہتی ہیں۔ بعض چڑیوں کی شکل میں جنت کے درختوں میں رہتی ہیں اور بعض سبز چڑیوں کے اندر اور بعض سفید چڑیوں کے اندر اور بعد قندیلوں میں، جو عرش کے نیچے لٹکتے ہیں اور بعض جنتی آدمی کی صورت میں اور بعض کی صورت نئی طرح کی بنائی جائے گی، ان کے نیک اعمال کے موافق۔ اور بعض دنیا میں سیر کرتی ہیں اور اپنے بدن میں بھی آجاتی ہیں اور بعض میت کے ارواح سے ملاقات کرتی پھرتی ہیں اور بعض ارواح حضرت میکائیل علیہ السلام کی ذمہ داری میں رہتی ہیں اور بعض حضرت آدم علیہ السلام کی ذمہ داری میں ہیں۔ حکیم ترمذی نے لکھا ہے کہ ارواح برزخ میں کسی جگہ مقید نہیں رہتی ہیں بلکہ اس میں چلتی پھرتی ہیں۔ دنیا کے احوال اور ملائکہ کے حالات دیکھتی ہیں اور بعض ارواح کو عرش کے نیچے جگہ دی جاتی ہے اور بعض کو ایسی قدرت دی جاتی ہے کہ جنت میں جہاں چاہیں، اڑ کر چلی جاتی ہیں۔

پرفتن دور میں ہماری کامیابی کا راستہ

حضرت مولانا مہاجر مدنی رحمہ اللہ

حضرت انس ؓ فرماتے ہیں کہ رسول خدا ﷺ نے ارشاد فرمایا ’’لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ دین پر جمنے والا ان میں ایسا ہوگا، جیسے ہاتھ میں چنگاری پکڑنے والا ہو‘‘۔ یہ زمانہ اس وقت موجود ہے کیونکہ ہر طرف لادینی و بے حیائی اور فحش کاری کی فضا ہے۔ فسق وفجور اور سرکشی کا ماحول ہے۔ اول تو دیندار رہے ہی نہیں اور اگر کوئی دین پر عمل کرنا چاہتا ہے تو دوست احباب، عزیز واقربا آڑے آجاتے ہیں۔ بیوی کہتی ہے کہ تنخواہ میں گھر کا گزارہ نہیں ہوتا، دنیا رشوت لے رہی ہے، تم بڑے پرہیز گار بنے ہوئے ہو۔ ہم عمر مذاق اڑا رہے ہیں کہ داڑھی رکھ کر ملا بن گئے۔ دوران سفر ایک شخص نماز پڑھنا چاہتا ہے، مگر اس کے لیے نہ ریل ٹھہر سکتی ہے نہ لاری رک سکتی ہے۔ لیکن اگر کسی کا کچھ دنیوی نقصان ہو جائے تو سب ہمدردی کے لئے حاضر ہیں۔ آج کل دین داری اختیار کرنا ساری دنیا سے لڑائی مول لینے کی مترادف ہے۔ سب کی پھبتیاں سنے، سب کو ناراض کرے، دین بچانے کے لیے دنیا کا نقصان کرے تو دیندار بنے۔ لیکن بہت مبارک ہیں وہ لوگ جنہیں صرف رضائے خداوندی کا خیال ہے اور جو دنیا کو منہ نہیں لگاتے۔ دین کا درد پیدا کرنے اور بددینی کی فضا سے نکلنے کی قوت حاصل کرنے کے لئے خانقاہوں اور دین داروں کی مجلسوں میں شرکت کرنا بہت ہی ضروری ہے۔ جب انسان بددینی کے ماحول سے معصیت اختیار کرسکتا ہے تو دین داری کی فضا میں پہنچ کر نیک بھی بن سکتا ہے۔ اگر کسی وجہ سے دینداروں سے دور ہو تو بددینوں سے بھی دور رہے۔ اسی حقیقت کے پیش نظر رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ’’عنقریب ایسا ہوگا کہ مسلمان کا بہترین مال چند بکریاں ہوں گی جنہیں لے کر پہاڑ کی چوٹیوں اور جنگلوں میں چلا جائے گا (اور اس صورت میں) اپنا دین بچانے کے لئے فتنوں سے بھاگ گا‘‘۔

☆☆☆☆☆

ساعت عطارد میں عملیات کی خاص ساعتیں

ساعت عطارد میں کس قسم کا عمل تیار کیا جائے!

عطارد کی بہت خوبیاں ہیں (۱) یہ ان تمام امور سے متعلق ہے جو تحریر و تقریر، حصول علم، قوی الحافظہ ہونے، کامیابی امتحان، قوت فصاحت و بلاغت کے لئے ہوتے ہیں یہ ستارہ نطق سے متعلق ہے اس لئے نطق کی تمام قوتوں کو قوی کرتا ہے تمام اہل علم و اہل قلم شاعر ادیب، مصنف، پروفیسر، ٹیچر اس کے ماتحت ہیں۔ (۲) یہ ان امراض کے علاج سے متعلق بھی ہے جو مالیخولیا، صرع، فاتر العقلی اور بچوں کے خواب یا

پیچش شفاء

دست، مروڑ، بدہضمی اور پیچش کی کامیاب دوا

قیمت
120.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

پتلے پیلے اور نیلے دستوں کیلئے بہترین دوا ہے

بیداری میں ڈرنے کے متعلق ہیں یعنی عقل وفہم کی ان خرابیوں کو دور کرتا ہے جن سے انسان ناکارہ ہوجاتا ہے۔ (۳) یہ ذرائع نقل وحرکت اور نشریات سے متعلق ہے لہٰذا وہ تمام لوگ جو ڈرائیور ہیں، سفر کرتے ہیں، جیسے ٹرین کے گارڈ، پائلٹ اور سمندری جہازوں سے متعلق لوگ وغیرہ وغیرہ۔ ان تمام لوگوں کو اگر اپنے آپ کو تحفظ اور ترقی شہرت، کارکردگی کی ضرورت ہو تو اس وقت سے فائدہ اٹھائیں ان کاموں سے مستقل فائدہ کو قائم کرنے کے لئے عطاردی قوت کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس ساعت کا وقت شب جمعہ کے دن چاشت کی نماز کے وقت سے لے کر ڈیڑھ گھنٹہ تک اس کا وقت ہے۔

ترقی کا یہ عمل صرف ملازمین ہی کرسکتے ہیں لیکن کشائش رزق کے لئے یہ عمل ہر شخص کرسکتا ہے اس سے رزق میں برکت ہوتی ہے روزی کشادہ ہوتی ہے کبھی تنگ حالی نہیں آتی میں وثوق سے کہتا ہوں کہ انشاء اللہ یہ عمل کرنے والا لازمی کامیاب ہوگا۔

عمل تیار کرنے کا طریقہ

طریقہ یہ ہے کہ وقت مقررہ پر ایک نقش زعفران سے سفید کاغذ پر لکھیں اور سیدھے بازو پر باندھ لیں قلم سیب کا یا کسی میٹھے پھل کے درخت کا ہو۔ اس کے بعد ہر روز ۲۷ بار یہ دعا پڑھا کریں ''یَابَاسِطُ الَّذِیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ'' اور کشائش رزق کے لیے دعا مانگا کریں نقش باندھ کر چار بچوں کو شرینی سیر ہوکر کھلائیں۔ اگر اس دوران کوئی شخص آکر اس میں سے کوئی چیز مانگے تو نہ دیں اور خاموش رہیں اگر کچھ دیدیں گے تو عمل بے کار ہوجائے گا۔ ہاں بلا طلب آپ کسی کو دیدیں تو حرج واقع نہ ہوگا۔

نقش یہ ہے:۔

یاجبرائیل

یادردائیل

۶	۴۸	۱۸
۳۶	۲۴	۱۲
۳۰	یاباسط	۴۲

یامیکائیل

یالومائیل

یَابَاسِطُ الَّذِیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ

نقش بنانے کا طریقہ

اس نقش کو ۶ کے ہندسہ سے شروع کریں ہر خانہ میں ۶ کا اضافہ ہے اس لئے ترتیب وار ہندسوں کو بھر لیں مثلاً پہلے ۶ لکھیں پھر ۱۲ پھر ۱۸ وغیرہ آخر میں درمیان میں یَابَاسِطُ لکھیں پھر چاروں موکل پھر یہ دعا لکھیں۔ نقش سیدھے بازو پر باندھیں اور روزانہ صبح ۲۷ مرتبہ یہ دعا پڑھا کریں یہاں تک کہ مطلب حاصل ہو۔

☆☆☆☆☆

مخالفوں پر فتحیابی اور ملازمت کے استحکام کیلئے کامیاب نقش

اگر کسی شخص کی ملازمت کو خطرہ ہو یا اس سے استعفیٰ طلب کر لیا گیا ہو، اگر کسی شخص پر قرض ہو اور قرض خواہ اسے تنگ کر رہا ہو، اگر حکومت کا کوئی روپیہ واجب الادا ہو یا سرکاری حساب میں کچھ کمی بیشی ہو، عزت خراب ہونے کا اندیشہ ہو یا کوئی حکم یا تبدیلی یا تنزلی اس کے خلاف ہو اور اگر کوئی مظلوم ظالم کے ہاتھ میں گرفتار ہو اور نجات کا کوئی ذریعہ نہ ہو تو اس وقت کی روحانیت سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ طریقہ یہ ہے کہ ایک چاندی کی لوح پر نقش مسدس پر کریں۔ آیت کریمہ:۔ قٓ۔ وَ الْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ۔ بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ۔ کے اعداد طالب کے نام معہ والدہ کے اعداد اور نام مطلوب (اگر افسر ہے تو عہدہ) کا لے کر کل اعداد جمع کر کے مسدس میں پر کریں، چال اس کی یہ ہے۔

چال مسدس

۱	۱۸	۳۱	۳۰	۱۹	۱۲
۲۴	۲۸	۲	۱۱	۳۳	۱۳
۳۲	۱۰	۲۳	۱۴	۳	۲۹
۹	۳۴	۲۲	۱۵	۲۷	۴
۲۰	۵	۲۶	۳۵	۸	۱۷
۲۵	۱۶	۷	۶	۲۱	۳۶

تیار کر کے سیدھے بازو پر باندھ لیں اگر لکھتے وقت زمرد منہ میں رکھیں تو بہتر ہو گا میسر نہ ہو تو مجبوری ہے۔

مسدس پر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد سے ۱۰۵ اعدد تفریق کر کے باقی ۶ پر تقسیم کریں حاصل قسمت کو خانہ اوّل میں رکھ کر اعداد پر کریں اگر باقی ۱ بچے تو خانہ ۳۱ میں ایک کا اضافہ کریں اگر باقی ۲ ہو تو خانہ ۲۵ میں، اگر باقی ۳ ہو تو خانہ ۱۹ میں، باقی ۴ ہو تو خانہ ۱۳ میں، باقی ۵ ہو تو خانہ ۷ میں ایک کا اضافہ کر دیں نقش پر ہو جائے گا۔ پر کرنے کے بعد چاروں طرف سے میزان کر کے ہر خانہ کو دیکھ لیں اگر میزان صحیح ہو تو نقش صحیح ہے ورنہ غلطی درست کریں یہ کام شرف کے اصل وقت سے پہلے کر لیں تا کہ عین وقت پر مشکل نہ ہو۔

یہ اعمال مجرب میں سے ہے اور ماہرین تقویم کے معمولات میں سے تھا یہ مولانا عبدالکریم دیلمی کا وضع کیا ہوا عمل ہے اور خوب کام کرتا ہے۔ حاجت مندوں کو



وہ لوگ جنہوں نے دن رات پلٹ پلٹ کر دیکھے پھر انہیں پرکھا جانچا کھولا برتا اور آخر کار جس نتیجے پر پہنچے وہ نتیجہ ایک سنگ میل اور نشان منزل ثابت ہوا۔ بہت تلاش اور کوشش کے بعد یہ کتاب لکھی گئی۔

ضرور اس آیت کی اور اس وقت کی روحانیت سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ آیت کے اعداد ۳۶۱۷ ہیں اس تعویذ کی برکت سے مخالف کی تمام تدبیریں ناکام ہوجائیں گی۔ معطلی ہوتو جگہ واپس ملے گی اگر افسر مخالف ہو اور نقصان کے درپے ہوتو وہ مسخر ہوجائے گا اور مخالفت کا خیال دل سے نکل جائے گا۔

☆☆☆☆☆

اپنی نیکی اور تقویٰ خود ہی پہچانیں!

فقیہ ابو اللیث سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ

کیا آپ نیک ہوگئے ہیں؟

حضرت شقیق بن ابراہیم الزاہد رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے دریافت کیا کہ ’’لوگ مجھے نیک کہتے ہیں۔ میں کیسے سمجھوں کہ میں نیک ہوں یا بد؟‘‘ فرمایا ’’تین باتوں سے: (۱) اپنے باطن کا حال بزرگوں سے بیان کر۔ اگر وہ اس کو پسند کریں تو نیک ہے ورنہ بد۔ (۲) اپنے دل پر دنیا پیش کر۔ اگر وہ اس کو رد کردے تو، تو نیک ہے ورنہ نہیں۔ (۳) خود پر موت کو پیش کر۔ اگر دل اس سے راضی اور خوش ہوتو سمجھ لے کہ تو نیک ہے ورنہ نہیں‘‘۔ اگر کسی کو یہ تینوں باتیں حاصل ہوں تو اسے چاہیے کہ وہ اللہ کا شکر کرے اور اپنی عاجزی کا اظہار کرے۔ کہیں اس کے عمل میں ریا نہ پیدا ہوجائے، جو سارے کیے کرائے پر پانی پھیر دے۔

زندگی خوبصورت کرنے کے تین عارفانہ راز

بعض بزرگ جب کسی کو خط لکھتے تو اس میں تین باتیں ضرور لکھتے (۱) جو آخرت کے لئے عمل کرے گا، اللہ تعالیٰ اس کے دنیا کے کاموں کو درست فرمادے گا۔ (۲) جو اپنے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان معاملہ درست کرلے گا (یعنی اللہ سے اس کا معاملہ اخلاص کا ہوگا) تو اللہ اس کے اور لوگوں کے درمیان معاملات کو درست فرمادے گا۔ (۳) جو اپنے باطن کو ٹھیک کرلے گا تو اللہ اس کے ظاہر کو ٹھیک کرے گا۔

زندگی برباد کرنے کے تین عارفانہ راز:

جب اللہ کسی بندہ کو (اس کے کسی برے عمل کے سبب) ہلاک کرنا چاہتا ہے تو اس کو تین چیزوں میں مبتلا کردیتا ہے۔ (۱) اس کو علم دیتا ہے لیکن عمل کی توفیق سلب کرلیتا ہے۔ (۲) صالحین کی صحبت کا موقع دیا جاتا ہے لیکن ان کے مرتبہ کی معرفت اور اس کی قدر دل سے نکال لی جاتی ہے۔ (۳) نیک کام کرنے کا موقع دیا جاتا ہے لیکن اخلاص سے محروم کردیا جاتا ہے۔

یہ اس کی نیت کی خرابی اور خبث باطن کی وجہ سے ہوتا ہے ورنہ اگر نیت درست ہوتو علم کا نفع، عمل میں اخلاص اور بزرگوں کی قدر ضرور ہوگی۔

ریاکاری دنیا و آخرت کی بربادی کا سبب

کسی نے عرض کیا ’’یارسول اللہ ﷺ! قیامت میں نجات کس کام کی وجہ سے ہوگی؟‘‘ فرمایا ’’اللہ کے ساتھ دھوکہ نہ کرو‘‘۔ عرض کیا ’’اللہ کے ساتھ دھوکہ کرنے کا کیا مطلب ہے؟‘‘ فرمایا ’’اللہ کے حکم پر صرف اللہ کے لئے عمل کرو، غیر اللہ کے لیے نہیں‘‘۔

اللہ کے علاوہ کسی اور کے لئے عمل کرنا ہی اللہ کے ساتھ دھوکہ کرنا ہے۔ ریا سے بچو کیونکہ ریا شرک ہے۔ ریاکار قیامت میں چار ناموں سے پکارا جائے گا ’’یا کافر، یا فاجر، یا غادر (دھوکہ باز)، یا خاسر‘‘۔ تیرا عمل ضائع ہوگیا، تیرا اجر باطل ہوگیا، آج تیرا کوئی حصہ نہیں اور دھوکہ باز اپنے عمل کا بدلہ اسی سے لے، جس کے لئے تو نے عمل کیا تھا۔ اس حدیث کے راوی (صحابی) نے اللہ کی قسم کھا کر کہا یہ بات میں نے رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے سنی ہے۔

کسی نے کیا خوب کہا ہے: ”نیکی کرنے سے، اس کی حفاظت زیادہ سخت ہے“۔

نیک عمل کی مثال

ابوبکر واسطیؒ فرماتے ہیں ”نیک عمل کی مثال شیشہ کی سی ہے۔ ذرا سی بے احتیاطی سے شیشہ ٹوٹ جاتا ہے اور پھر درست نہیں ہوتا“۔ اسی طرح نیک عمل ریا اور عُجب (خود پسندی) سے برباد ہو جاتا ہے۔ پھر باعث اجر نہیں رہتا۔

☆☆☆☆☆

مریخ ومشتری کی ساعت میں اپنی زندگی کے سکھ پہچانیں

نوچندی جمعرات کی صبح ۶ بجکر ۱۵ منٹ پر حصول آمدن اور زر دمال کے لئے یہ وقت مؤثر ہے، اس وقت میں ان لوگوں کو فائدہ ہوگا جو آئرن و اسٹیل کا کاروبار کرتے ہیں۔ مشینری کا کام ہو۔ انجینئر ہوں۔ کسی قسم کا انجن چلاتے ہوں۔ فوج یا پولیس میں ملازم ہوں۔ مکینک ہوں۔ ادویہ اور دھاتوں کا کام کرتے ہوں۔ شعبہ مالیات سے متعلق ہوں یا خزانچی ہوں وغیرہ وغیرہ۔

کسی بھی دن ساعت مشتری میں تانبہ، چاندی اور سکہ کی مخلوط لوح بنائیں اور کندہ کریں۔ لوح بنوانے کی ہمت نہ ہو تو مشک وزعفران وعرق گلاب سے سفید کاغذ پر لکھ لیں۔ اگر مندرجہ شعبوں سے متعلقہ کسی شخص نے اصلاً اور مطلقاً گزشتہ سالوں میں آمدن اور حصول مال میں کوئی تغیر و تبدل نہ دیکھا ہو تو وہ انھیں چاہیے کہ وہ ضرور اس لوح کو بنائیں اللہ کے فضل وکرم سے زندگی میں بہت ہی زیادہ خیر و برکت ہوگی اور روز بروز باعث ترقی ہوگی روپیہ آنے کے مختلف اسباب وحیلہ وبہانہ سے پیدا ہوں گے۔ نیز اس لوح کی برکت سے حاصل لوح کا کوئی افسر اس کے خلاف قول وفعل سے کام نہ لے گا۔ تیاری کے وقت خوشبو جلائیں، تیاری کے بعد اس لوح کو پاک وصاف کپڑے میں لپیٹ کر پاس رکھ لیں۔ کچھ خیرات کریں اور بزرگوں کو ایصال ثواب کریں۔

طریقہ یہ ہے: کہ (۱) اپنا نام معہ والدہ کے اعداد لیں۔ (۲) اسم منعم کے ۲۰۰ عدد لیں۔ (۳) رب الغنی کے عدد ۱۳۱۳ لیں۔ ان کو مندرجہ ذیل طریقہ سے مربع میں پر کریں۔ مثلاً طالب کا نام اکبر بن فاطمہ ہے۔ عدد اس کے ۳۵۸ ہیں۔ رفتار نقش کو سامنے رکھ کر مندرجہ طریقہ سے وضع نقش مطلوبہ تیار کریں۔

نقش اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں

پتہ
پتھری
شفاء
قیمت
90.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
صرف ایک
رات میں پتھری ختم

اکبرفاطمہ	رب اغنی	منعم	۵۴۵۲
۲۰۱	۵۴۵۱	۳۵۹	۱۳۱۲
۵۴۵۰	۱۹۸	۱۳۱۵	۳۶۰
۱۳۱۴	۳۶۱	۵۴۴۹	۱۹۹

میزان ۷۳۲۳

۱	۶	۱۱	۱۶
۱۲	۱۵	۲	۵
۱۴	۹	۸	۳
۷	۴	۱۳	۱۰

(۱) خانہ ۱۔ ۲۔ ۳۔ ۴ کو پر کریں۔ خانہ اوّل میں ۳۵۸ کے بجائے نام معہ والدہ لکھیں۔ خانہ ۲ میں ۳۵۹۔ ۳ میں ۳۶۰ خانہ ۴ میں ۳۶۱ یہ چاروں خانے ہر شخص کے نقش میں بدل جائیں گے اور بالترتیب عدد آئیں گے۔

(۲) خانہ ۵۔ ۶۔ ۷۔ ۸ کو اس طرح پر کریں خانہ ۵ میں ۱۳۱۲ لکھیں۔ خانہ ۶ میں بجائے ۱۳۱۳ کے رب اغنی لکھیں۔ خانہ ۷ میں ۱۳۱۴ خانہ ۸ میں ۱۳۱۵ (یہ خانے ہر نقش میں انہی اعداد سے قائم رہیں گے)۔

(۳) اب خانہ ۹۔ ۱۰۔ ۱۱۔ ۱۲ کو اسی طرح پر کریں۔ خانہ ۹ میں ۱۹۸۔ خانہ ۱۰ میں ۱۹۹۔ خانہ گیارہ میں منعم اور ۱۲ میں ۲۰۱ لکھیں (یہ خانہ ہر شخص کے نقش میں اس طرح قائم رہیں گے)۔

(۴) اب خانہ ۱۳۔ ۱۴۔ ۱۵ اور ۱۶ کو پر کرنا ہے اس کو اچھی طرح سمجھ لیں۔ ہر نقش کے تین لکھے گئے۔ اسماء کے اعداد کو جمع کر لیں۔ یعنی نام معہ والدہ۔ **رب اغنی منعم** مثال کے نقش میں ۲۵۸، + ۱۳۱۳، + ۲۰۰ ملا کر کل ۱۸۷۱ ہوں گے۔ ان کو ۷۳۲۳ میں کم کریں تو ۵۴۵۲ باقی رہے۔ اس میں سے ۳ عدد اور کم کریں تو ۵۴۴۹ رہے۔ خانہ ۱۳ میں ۵۴۴۹ لکھیں۔ ۱۴ میں ۵۴۵۰ پندرہ میں ۵۴۵۱ سولہ میں ۵۴۵۲ لکھیں۔ اب یہ نقش مکمل ہو گیا۔ اس کی میزان چاروں طرف سے ۷۳۲۳ آئے گی۔ آپ اپنا نقش بنا کر میزان دیکھ لیں۔ اگر کسی بھی طرف سے درست نہ ہوئی تو نقش درست نہ ہوگا۔ نقش کے اندر خواہ کوئی نام ہو میزان یہی آئے گی۔ یہ اعداد آیت **قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَ اللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ** کے ہیں گویا کل نقش اس آیت کا ہوگا۔ جس کے اندر اسم طالب دعا اور اسم منعم واقع ہے۔۔

جب نقش مکمل ہو جائے گی تو گیارہ مرتبہ درود شریف اور دو سو بار یہ پڑھیں۔ **اَجِبْ يَا جِبْرَائِيْلُ يَامِيْكَائِيْلُ بِحَقِّ يَا مُنْعِمُ اَنْ تَقْطِی حَاجَتِیْ** پھر ۲۱ مرتبہ مندرجہ بالا آیت **قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ** پھر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر مقصد کی دعا مانگیں۔ پھر گیارہ مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر موکلات کو ایصال ثواب کریں، کوئی میٹھی چیز بچوں کو کھلائیں، غریبوں میں خیرات کر دیں لوح پہن لے۔ اس کے بعد روزانہ کسی بھی وقت لوح سامنے رکھ کر ۲۰۰ بار مندرجہ بالا عزیمت اور ۲۱ بار آیت معہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھا کرے۔ مال و دولت کے اسباب کھل جائیں گے اور حامل لوح ایک سال میں غنی ہو جائے گا۔ دنیاداروں سے مدد طلب کرنے والوں کو چاہئے کہ اس راستہ سے کامیابی حاصل کریں۔

صرف ایک اسم آپ کی زندگی سنوار دے۔۔۔!

اسم یا خالق کے حیرت انگیز فضائل و کمالات جو قدم قدم پر آپ کی رہنمائی اور مدد پڑھنے کے بعد آپ یہ سوچنے پر ضرور مجبور ہونگے کہ اب تک ہم اس اسم سے کیوں محروم رہے۔ خالق اسم جلالی ہے اور اس کے اعداد ۷۳۱ ہیں اور اس کا موکل حقیائیل ہے۔

(۱) **علوم و معرفت میں اضافہ کیلئے:** اگر کوئی شخص اس اسم کو ظہر کے وقت روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو علوم معرفت میں زبردست اضافہ ہو۔

(۲) **فرشتوں کی دعا لینے کیلئے:** جو شخص اس کو بکثرت پڑھتا رہے اس کے لیے حق تعالیٰ ایک فرشتہ پیدا فرما دیتے ہیں جو قیامت تک اس اسم کے پڑھنے والے کے لیے اس کے حق میں دعا کرتا رہتا ہے۔

(۳) **چہرے کو منور کرنے کا عمل:** پڑھنے والے کا چہرہ منور ہو جاتا ہے اور اس کا دل بھی قوی ہو جاتا ہے۔

(۴) **دشمن پر فتح حاصل کرنے کیلئے:** جو شخص لڑائی کے دوران تین سو مرتبہ ''یَا خَالِقُ'' پڑھے گا وہ اپنے دشمن پر غالب رہے گا۔

(۵) **حصول اولاد کیلئے:** اگر کوئی شخص صاحب اولاد ہونا چاہے لیکن کسی بنا پر اولاد سے محروم ہو تو ایک سال تک لگاتار اس اسم مبارک کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ وہ صاحب اولاد ہوگا۔

(۶) **حصول اولاد کا خاص عمل:** اہل اللہ نے صاحب اولاد ہونے کے لیے ایک عجیب و غریب عمل تحریر کیا ہے۔ وہ یہ کہ جو شخص اولاد کا خواہش مند ہو وہ جمعرات، جمعہ اور ہفتے میں متواتر ۳ دن تک روزہ رکھے اور اس کے بعد اتوار، پیر اور منگل کو روزانہ تین تین ہزار مرتبہ ''یا خالق'' پڑھے اور یہ عمل مغرب کی نماز کے بعد کرے۔ روزانہ عمل سے پہلے یہ درود شریف "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی اَنْوَارِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَتِرْیَاقِ الْاَغْیَارِ وَ مِفْتَاحِ الْیَسَارِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُخْتَارِ وَاٰلِہِ الْاَطْھَارِ وَاَصْحَابِہِ الْاَخْیَارِ عَدَدَ نِعَمِ اللہِ وَ اَفْضَالِہٖ" سو مرتبہ اور عمل کے بعد میں بھی سو مرتبہ پڑھے اور اسی وقت ایک گلاس پانی پر دم کر دے اور دعا کرے کہ اے خالق اکبر اس پانی کی برکت سے مجھے فرزند صالح عطا فرما۔ اس کے بعد یہ پانی آدھا خود پی لے اور آدھا اپنی بیوی کو پلا دے۔ پانی ان دنوں میں پلائے جب بیوی ایام سے نہ ہو اور تینوں رات بیوی کے ساتھ خلوت کرے۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے فرزند صالح عطا ہوگا۔ اور عمر طبعی کو پہنچے گا۔

(۷) **حمل کی حفاظت کیلئے لاجواب تعویذ:** حضرت مولانا دہلویؒ فرماتے ہیں کہ جس عورت کے کچے حمل گر جاتے ہوں تو وہ خود یا اس کا کوئی رشتہ دار سات دن تک برابر ہر روز ۷ ہزار مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد ''یا خالق'' پڑھے اور اوّل و آخر اکیس اکیس مرتبہ یہ مبارک درود شریف پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِیْ الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ بِقَدْرِ عَظَمَۃِ ذَاتِکَ۔ یہ عمل کر کے پانی پر دم کرے اور عورت کو پلا دے یا عورت


اسلاف اہل حدیث
کی رواداریاں
حلم، رواداری، خداترسی، نرم دلی
محبت، بھائی چارگی، امن و آشتی
کی فضا قائم کرنے کیلئے بے مثال کتاب
مرتب

معاشرے میں حلم، رواداری، خداترسی، نرم دلی محبت، بھائی چارگی، امن و آشتی کی فضا قائم کرنے کیلئے شیخ الوظائف کی لاجواب کاوش، بے مثال کتاب

خود دم کر کے پی لے اور تھوڑی سی روٹی لے کر روزانہ اس کو دم کیے پانی میں تر کیا جائے اور احتیاط سے رکھ لیا جائے۔ ساتویں روز روٹی کو حسب معمول تر کرنے کے بعد جب وہ سوکھ جائے تو اس کو تعویذی شکل دے کر اس کو کورے کاغذ میں کر کے اس پر موم جامہ چڑھالیں اور پھر کالے کپڑے میں پیک کر کے عورت کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ حمل ساقط نہیں ہوگا۔ بچے کی پیدائش کے بعد یہی تعویذ بچے کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ بچے کی عمر دراز ہوگی۔

(۸) **کائنات کے مخفی علوم حاصل کرنے کیلئے:** شیخ بونیؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص ماہِ ثابت میں شروع کر کے چالیس روز کی خلوت کرے اور روزانہ پانچ ہزار ایک سو پندرہ مرتبہ عملیات کی مکمل شرائط کے ساتھ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِیْ الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ بِقَدْرِ عَظَمَۃِ ذَاتِكَ پڑھے تو اسرارِ مخلوقات منکشف ہوں گے اور کیسی بھی حاجت ہوگی بفضلہٖ تعالیٰ پوری ہوگی۔

(۹) **گمشدہ افراد کو واپس لانے کیلئے تعویذ:** شیخ شہاب الدین سہروردیؒ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی فرار ہوا اور اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو یہ عمل کرے کہ پانچ ہزار مرتبہ یا خالق پڑھے۔ اس کے بعد دو رکعت نفل ادا کرے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی اور سورۂ اخلاص دس مرتبہ پڑھے نماز سے فراغت کے بعد سجدے میں جائے اور سو مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سجدے سے اٹھ کر ایک ہزار مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔ ''یَاخَالِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کُلٌّ اِلَیْہِ مُعَادَہٗ'' اس کے بعد دعا کو ایک کاغذ پر انار کے قلم سے مشک و زعفران سے لکھے اور نیچے مفرور یا گمشدہ کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھ کر تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائے۔ ان شاء اللہ پہلی ہی رات میں اس کے احوال منکشف ہوں گے۔ اگر پہلی رات میں منکشف نہ ہوں تو اس تعویذ کو تکیہ میں سلوا لیں۔ ان شاء اللہ ایک ہفتے کے اندر اندر اس کے حالات خواب میں ظاہر ہوں گے اور وہ جہاں بھی ہوگا بے قرار ہو کر گھر کی طرف لوٹے گا۔ یہ نقش اولاد کے لیے مفید ثابت ہوتا ہے اس کو لکھ کر بانجھ عورت کے گلے میں ڈالیں۔ نقش یہ ہے:۔

۷۸۶

خ	ا	ل	ق
۱۰۱	۲۹	۲	۵۶۹
۳	۶۰۲	۹۸	۲۸
۲۷	۹۹	۶۰۱	۴

کوئی شخص کسی بھی مقصد میں کامیابی حاصل کرنا چاہتا ہے۔ بس مقصد کا جائز ہونا ضروری ہے تو اس کو اسم خالق کا نقش لکھ کر دیا جائے۔ ان شاء اللہ بہت جلد وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔

(۱۰) جن ضرورت مندوں کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، ف، م، ش یا ذ ہو خواہ وہ عورت ہوں یا مرد انہیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لیے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس نقش کو مشرق کی طرف رخ کر کے یک زانو ہو کر لکھا جائے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۵	۱۸۹	۱۸۵	۱۸۲
۱۸۶	۱۸۱	۱۷۶	۱۸۸
۱۸۰	۱۸۳	۱۹۱	۱۷۷
۱۹۰	۱۷۸	۱۷۹	۱۸۴

(۱۱) جن ضرورت مندوں کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو خواہ وہ عورت ہوں یا مرد انہیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لیے مندرجہ نقش دیا جائے اور بہتر ہے کہ اس نقش کو لکھتے وقت اپنا رخ جانب مغرب کر لے اور دو زانو ہو کر لکھے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸۹	۱۸۱	۱۸۳	۱۷۸
۱۷۵	۱۸۶	۱۸۰	۱۹۰
۱۸۲	۱۸۸	۱۷۷	۱۸۴
۱۸۵	۱۷۶	۱۹۱	۱۷۹

(۱۲) جن ضرورت مندوں کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ، یا غ ہو خواہ وہ عورت ہوں یا مرد انہیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لیے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اگر اس نقش کو لکھتے وقت شمال کی طرف رخ کر لیا جائے تو بہتر ہے اور نقش چوکڑی مار کر لکھے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹۰	۱۷۸	۱۷۹	۱۸۴
۱۸۰	۱۸۳	۱۹۱	۱۷۷
۱۸۶	۱۸۱	۱۷۶	۱۸۸
۱۷۵	۱۸۹	۱۸۵	۱۸۲

(۱۳) جن ضرورت مندوں کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ش یا ظ ہو خواہ وہ عورت ہو یا مرد انہیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لیے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر دیا جائے اور اس نقش کو لکھتے وقت اپنا رخ جانب جنوب کر لیا جائے تو بہتر ہے اور نقش لکھتے وقت اپنی بائیں ٹانگ پھیلا کر اور اپنی دائیں ٹانگ کھڑی کر کے لکھیں تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸۵	۱۸۲	۱۷۵	۱۸۹
۱۷۶	۱۸۸	۱۸۶	۱۸۱
۱۹۱	۱۷۷	۱۸۰	۱۸۳
۱۷۹	۱۸۴	۱۹۰	۱۷۸

بنفشی قہوہ
NAFSHI KAH

بنفشی قہوہ

نزلہ زکام ہو یا کھانسی

بس چند گھونٹ

اور فوری آرام

قیمت

120.00 روپے

علاوہ ڈاک خرچ

نوٹ: یہ بات یاد رکھیں کہ جتنے بھی نقوش لکھے جاتے ہیں ان سے فائدہ اسی وقت ہوسکتا ہے جب کہ آپ کا کامل یقین اس وحدہ لاشریک کی ذات پر ہوا گر آپ ان نقوش کا اور بھی بہترین نتائج چاہتے ہیں تو ان نقوش کو لکھ کر ان پر 731 مرتبہ یاخالق پڑھ کر دم کر دیں۔

ہپناٹزم کے حیرت انگیز کرشمات

مزمل کاپڑیا صاحب، ساہیوال

ہپناٹزم مجموعہ ہے اس قوت ارادی کا ہے جو ہم اپنی روزمرہ زندگی میں اس قوت کو غیر ارادی طور پر استعمال کرتے ہیں اور اس کے نتائج بھی دیکھتے ہیں۔ مگر ہم میں سے اکثر کو یہ علم نہیں ہوتا کہ ہم نے اس قوت کو جزوی طور پر استعمال کیا ہے۔

پہلی مثال:

مثلاً جب بھی کوئی بچہ گر جائے اور چوٹ کی وجہ سے تلملانے لگے تو فوراً ہم اسے اٹھا کر اس جگہ کو سہلا کر اس کے رجحان کو منتقل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس سے کہتے ہیں کہ وہ دیکھو گاڑی جارہی ہے یا پرندہ اڑ رہا ہے۔ یا پھر اسے مٹھائی وغیرہ کا لالچ دیتے ہیں اور بچہ چپ ہو جاتا ہے۔ کیا اس طرح بچے کی اس چوٹ کی نوعیت بدل جاتی ہے؟ یا مٹھاس کا لالچ اس کے درد کی شدت پر براہ راست اثر انداز ہوتا ہے؟ نہیں! بلکہ آپ بچے کے ذہن کو اس درد کی جانب سے بے بہرہ کر دیتے ہیں۔ مگر آپ نے کبھی اس بات پر غور نہیں کیا کہ چوٹ لگی، بچہ رویا بھی، مگر اتنی جلد چوٹ کا احساس کیوں ختم ہو گیا۔ شاید آپ نے یہ بھی سوچا ہو کہ چوٹ ووٹ تو لگی نہیں بچہ محض یوں ہی چلا رہا تھا۔ اسی طرح آپ کو یہ تجربہ کبھی نہ کبھی ضرور ہوا ہوگا کہ رات کے وقت آپ نے کسی سے سانپوں کی کہانی سنی یا کوئی کتاب پڑھی جس میں سانپوں کے زہریلے کا ذکر ہو۔ پھر آپ اس جگہ سے اٹھ کر کسی دوسرے تاریک کمرے میں گئے۔ آپ کو یکایک محسوس ہوا کہ یہاں پر سانپ ہے اور آپ ٹھٹک کر سہم گئے ہوں۔ آپ کا سانس تیز ہو گیا ہو اور ممکن ہے ماتھے پر ٹھنڈا پسینہ بھی آ گیا ہو اور پھر آپ نے فوراً بتی روشن کر کے دیکھا ہو بجائے سانپ کے رسی کا ٹکڑا پڑا پایا ہو اور اگر خدانخواستہ اس رسی کے ٹکڑے کے ساتھ کوئی سوئی یا پن لگی ہوتی اور آپ کو چبھ جاتی تو پھر؟ ظاہر ہے کہ کیا ہوتا۔

ہپناٹزم کو سمجھانے کی دوسری مثال:

ایک شخص اپنے گھر میں تنہا سو رہا تھا۔ آدھی رات کو وہ یکایک جاگا اور اسے محسوس ہوا کہ ساتھ والے کمرے میں چور گھسا ہوا ہے۔ اس نے فوراً اپنا پستول نکال لیا اور چوکنا ہو کر لیٹ گیا کہ جیسے ہی چور کمرے میں داخل ہوگا، فوراً گولی داغ دے گا۔ مگر جب کافی انتظار کے بعد چور کمرے میں داخل نہ ہوا تو وہ مجبوراً آہستہ سے اٹھا اور دوسرے کمرے میں جا کر بتی جلائی اور کمرے میں دیکھا مگر کوئی چور کمرے میں نہ تھا۔ اس طرح اس نے یکے بعد دیگرے تمام کمروں کی بتیاں جلا ڈالیں۔ چور نہ ملنا تھا نہ ملا۔ تاہم اس کا دل دھڑکے جارہا تھا کہ چور کہیں چھپ گیا ہے۔ لہٰذا وہ کافی رات گئے تک جاگتا رہا۔ مگر صبح اس کو معلوم ہوا کہ کچھ نہیں تھا محض واہمہ تھا ''امیجی نیشن'' تھی۔ یعنی امیجی نیشن کے سہارے اس نے خود کو یہ یقین دلایا کہ چور وہاں موجود ہے۔ اس طرح اس نے وقتی طور پر خود کو ہپناٹائز کر لیا۔

محبت کے ذریعے خود ہپناٹائز کرنے کی مثال:

سب سے زیادہ اُجاگر اور اہم مثال خود کو ہپنائز (Self Hypnotise) کرنے کی محبت اور نفرت میں ملتی ہے۔ آپ نے ایسے کئی لوگ دیکھے ہوں گے جو محبت میں اس طرح کھوئے کہ دنیا بھلا بیٹھے اور ایسے بھی دیکھے ہوں گے جو کسی سے نفرت کرنے لگے ہوں گے اور باوجود کوشش کے وہ اس نفرت کے بیج کو دل سے نہ نکال سکے۔ نفسیاتی طور پر محبت نام ہے پیاس کا، تجسس کا، جبلت جنسی کا، مگر وہ لوگ جو محبت

میں دیوانگی کی حد تک بڑھ جاتے ہیں۔ درحقیقت ذہنی طور پر مفلوج ہو جاتے ہیں۔ دوسرے معنوں میں وہ اپنے آپ کو ہپناٹائز کر لیتے ہیں۔ انہوں نے ایک شخصیت کو دیکھا، پسند کیا۔ اس کے بعد اس کے حصول کے لیے کوشاں ہو گئے اور دن رات اسی کے بارے میں سوچنے لگے۔ اس کے لاشعور نے ان سے مسلسل تکرار کی کہ وہ بے انتہا حسین ہے۔ تم اس کو حاصل کرو۔ تم اس سے محبت کرتے ہو۔ وہ تم کو نہ مل سکی تو تم پاگل ہو جاؤ گے۔ تمہارا زندہ رہنا دشوار ہو جائے گا۔ وہ اٹھتے بیٹھتے اپنی محبت کا ذکر کرتے ہیں۔ اپنے دوستوں سے اپنے عزیزوں اور رات کی تنہائیوں میں اس کا تصور کیے رات آنکھوں میں کاٹ دیتے ہیں۔ اور اگر وہ شخصیت ان کی دسترس سے باہر ہے تو پھر ان کی محبت اشتیاق کی حدود سے گزر کر شکست کی حدود میں داخل ہو جاتی ہے۔ اس کا حصول ان کی فتح اور اس کا نہ ملنا ان کی شکست ہو جاتی ہے۔ کیونکہ جبلی طور پر انسان شکست کا عادی نہیں ہے۔ اس لیے ان کے لیے اس کے حصول کی اہمیت اور بڑھ جاتی ہے۔ اس کا حصول ان کی فتح اور اس کا نہ ملنا ان کی شکست ہو جاتی ہے۔ چنانچہ ان کا ذہن ان سے مسلسل یہ کہتا رہتا ہے کہ اس کو حاصل کرو ورنہ زندگی تباہ ہو جائے گی۔ اس کا حصول تمہاری زندگی ہے۔ اگر اس کو نہ پا سکے تو پاگل ہو جاؤ گے۔ ان کے ذہن کی یہ مسلسل تکرار ان کے لیے وبال جان بن جاتی ہے۔ بسا اوقات ایسے لوگ شکست کھا کر شعوری طور پر بھول جانے کی کوشش کرتے ہیں۔ مگر ان کا لاشعور یہ شکست برداشت نہیں کرتا۔ وہ ان سے مسلسل تقاضا کرتا ہے اور ان کو پاگل ہونے کی دھمکی دیتا رہتا ہے۔ آخر کار ذہن کی تکرار ان کو دیوانگی کی حدود میں لے جاتی ہے۔

نفرت کے ذریعے خود ہپناٹائز کرنے کی مثال:

اسی طرح نفرت کے جذبے میں بھی ذہن میں مسلسل تکرار موجود ہوتی ہے۔ ان کا ذہن مقابل شخص کے خلاف مسلسل اکساتا رہتا ہے۔ اس شخص کو ہر فعل برا۔ ہر بات ناقابل برداشت اور نفرت انگیز نظر آتی ہے۔ یہ تمہارا دشمن ہے۔ اس نے تمہارے حق میں کانٹے بوئے ہیں اور یہ تکرار ان کے دماغ کو اس قدر متاثر کرتی ہے کہ باوجود چاہنے کے اس کا تصور ان کے ذہن سے نہیں اترتا۔ ذہن کی اس مسلسل تکرار سے اپنے ذہن کو اس حد تک متاثر کر لینا ہی خود کو ہپناٹائز کرنا کہلاتا ہے۔ یہ ہپناٹزم جزوی ہوتی ہے۔ لیکن اگر دیوانگی کی حد تک پہنچ جائے تو پھر اس کو مکمل ہپناٹزم ہی کہا جائے گا۔ کیونکہ ان کے علاج کے لیے ضروری ہے کہ ان کو دوبارہ ہپناٹائز کیا جائے اور محبت کے ماروں کے لیے ہپناٹزم کا عمل آب حیات ہوتا ہے۔

مندرجہ بالا مثالوں کا تجزیہ:

ان تمام مثالوں سے ایک بات ثابت ہوتی ہے کہ ذہن کی مسلسل تکرار و ہدایت کی وجہ سے جو حالات رونما ہوں ان کو ہپناٹزم سے تشبیہ دی جا سکتی ہے۔ سانپوں کی جو مثال پیش کی گئی ہے اس پر غور کریں تو مندرجہ ذیل باتیں ثابت ہوتی ہیں۔ کوئی شخص ایسا کوئی واقعہ پڑھتا ہے جس سے اس کا ذہن متاثر ہوتا ہے۔ اور پھر اس واقعہ کے متعلق وہ لاشعوری طور پر سوچنے لگتا ہے۔ کیونکہ اس کا ذہن سانپوں سے متاثر ہوا تھا۔ اس لیے ذہنی طور پر وہ اس کو سانپ سمجھنے پر مجبور تھا۔ چنانچہ ایک



سالہا سال کی پرانی جلدی و وبائی امراض سے پریشان افراد کیلئے انوکھی اور فوائد بخش کتاب

دفعہ اگر اس نے رسی کو سانپ سمجھ لیا تو پھر اس سانپ کا نقشہ اس کے ذہن پر مسلط ہو جاتا ہے۔ ہم اس کو امیجی نیشن کے نام سے پکارتے ہیں۔ چنانچہ وہ اپنے تخیل کی مدد سے پسینہ پسینہ کر دیتا ہے کیونکہ وقتی طور پر اس نے اپنے آپ کو ہپناٹائز کر لیا ہے۔

اسی طرح دوسرا واقعہ چور سے تعلق رکھتا ہے۔ مالک مکان نے نیند سے جاگتے ہی کچھ آہٹ سنی۔ فوراً اس کے ذہن میں چور کا خیال پیدا ہوا اور ایک دفعہ جب یہ تصور ذہن میں تقویت پکڑ گیا تو پھر چوروں کے ساتھ وابستہ ہر تصور اس کے ذہن میں ایک فلم کی طرح چکر لگانے لگا۔ یہاں تک کہ صبح تک اس کا ذہن اس خیال سے متاثر رہا۔ کیونکہ وقتی طور پر اس نے خوفزدہ ہو کر اپنے ذہن کو مفلوج کرا لیا۔ اس کے بعد ذہن نے مسلسل تکرار شروع کر دی کہ چور موجود ہے ذہن کی اس تکرار نے تخیل کو اور تقویت دی جو یقین کی حد تک بڑھ گئی۔ اس طرح اس نے اپنے آپ کو غیر ارادی طور پر ہپناٹائز کر لیا۔

ہپناٹزم کے 10 عملی تجربات

ہپناٹزم کو لوگ کس کس طرح اور کیسے استعمال کرتے ہیں ذیل میں اس کے کچھ عملی تجربات لکھے جاتے ہیں:

(۱) سونے والے کے قلبی راز معلوم کرنا: نیند کے عالم میں معمول سے اس کا سب قلبی راز پوچھ سکتے ہیں بعد میں اسے کہہ دیں کہ ”جو کچھ آپ سے پوچھا گیا ہے، جاگنے پر آپ کو قطعی یاد نہ رہے گا“۔

(۲) کسی شخص پر بے حسی طاری کر دینا: اس کا طریقہ کار یہ ہے کہ معمول کو خوب غافل کر دیں اور اسے کہہ دیں کہ اس کے بازو میں قوت لامسہ نہیں ہے یا بازو کے کسی مقام پر پنسل سے گول نشان لگا دیں اور کہیں کہ اس مقام کو میں نے سن کر دیا ہے۔ اس مقام پر اب کوئی تکلیف محسوس نہ ہوگی۔ اس کے بعد آپ اس مقام پر سوئی سالم کی سالم چبھو دیں گے تب بھی اس کو درد محسوس نہ ہوگا۔ کسی عضو کا آپریشن کرنا مطلوب ہو تو ایک اور تکنیک برتیئے۔ مریض کو گہری نیند میں مبتلا کر کے خالی رومال معمول کے ناک کے قریب لے جائیے اور اسے کہیے کہ تمہیں کلوروفارم سنگھایا جا رہا ہے اب تم بالکل بے ہوش ہو جاؤ گے اور آدھ گھنٹہ تک مطلقاً بے ہوش رہو گے۔ اس کے بعد معمول یقیناً کلوروفارم کے نشے میں آجائے گا اس حالت میں اس کا ہر چھوٹا بڑا آپریشن آسانی سے ہو سکتا ہے۔

(۳) ٹیلیفون پر ہپناٹائز کرنا: اس مشق کے واسطے ایسے شخص کو تلاش کریں جس پر آپ، پہلی بار عمل کر چکے ہیں۔ معمول سے کہیں کہ ٹیلیفون کا ریسیور کان سے لگا کر کرسی پر بیٹھ جائے (اگر کھڑا رہے گا تو متاثر ہو کر گر پڑے گا) پھر اسے وثوق سے کہیں کہ ایک منٹ کے اندر اندر وہ گہری نیند میں ڈوب جائے گا۔

اب آپ کا سر بھاری ہو رہا ہے، اب آپ پر نیند کا غلبہ ہے، اب آپ سو جانا چاہتے ہیں، آپ سو رہے ہیں، آپ سو چکے ہیں، آپ گہری نیند سو چکے ہیں، سخت گہری نیند۔۔۔

(۴) ڈاک کے ذریعہ ہپناٹائز کرنا: اس تجربہ کے لئے کسی ایسے شخص کو منتخب کریں جس پر آپ دو، تین عمل تنویم کر چکے ہیں اور جو آپ سے بہت زیادہ متاثر ہو۔ ایک کاغذ کے ٹکڑے پر جلی حروف میں لکھیں:

چند سکینڈ میں آپ سو جائیں گے

تمہارے سر میں گرانی ہے، تم سو رہے ہو، تم سو چکے ہو

آخر میں اپنا نام جلی حروف میں لکھیں تا کہ آپ کے نام سے متاثر ہو کر وہ فی الفور ہپناٹائز ہو جائے۔

(۵) جانوروں کو متاثر کرنا: جانوروں کی آنکھوں میں گھور کر دیکھئے، کم از کم پندرہ منٹ تک (مگر یہ مشق وہی کر سکتا ہے جس نے آنکھوں کی مشقوں پر عبور کر لیا ہوگا) اس کے بعد اس کے نتھنے پکڑ کر سر نیچے کی طرف کھینچئے اور لمبے لمبے سانس لے کر اس کے کان میں پھونکیئے، یہ عمل

۲، ۳بار کرنے سے وہ جانور آپ کے تابع ہو جائے گا، جدھر جدھر آپ جائیں گے وہ آپ کے پیچھے پیچھے دوڑے گا۔ درندوں پر بھی یہ عمل ہوسکتا ہے، اگر آپ درندوں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر پانچ منٹ تک دیکھ لیں گے تو درندہ آپ پر کبھی حملہ نہ کر سکے گا۔ یہ ساری باتیں آنکھوں کی بے پناہ مقناطیسی قوت حاصل کرنے کے بعد ہی حاصل ہوسکتی ہے۔

(۶) عرصہ تک غافل رکھنا: معمول پر خواب غفلت طاری کر دیں۔ اسے کہہ دیں کہ آپ چار دن رات غفلت کی نیند سوتے رہیں گے اور اس دوران نہ آپ کو بھوک لگے گی نہ پیاس اور نہ ہی کمزوری ہوگی۔ پھر ہر روز دن میں ۴بار اسے یہی ہدایت کرتے رہیں کہ تم خواب غفلت میں فلاں دن تک سوتے رہوں گے۔ اس دوران نہ بھوک لگے نہ پیاس اور کمزوری بھی نہ ہوگی۔ یقین کیجئے کہ ایسا ہوگا اور معمول مدت معینہ تک بلاشبہ خواب غفلت میں رہے گا اور اسے کوئی نقصان بھی نہ پہنچے گا۔

(۷) وہم پیدا کرنا: آپ کسی کو ہپناٹائز کر کے اسے کہیں کہ جب میں پانچ تک گنوں گا تو آپ آنکھیں کھول دیں گے اور رہیں گے نیند میں ہی! اور پھر آپ اپنے باپ مرحوم یا فلاں مرحوم رشتہ دار کی روح سے ملاقات کریں گے اور اس سے باتیں بھی کریں گے۔ دس منٹ تک آپ اس سے باتیں کریں گے۔ یہ ہدایت دیکر معمول کو جگا دیں۔ آپ اسے واقعی کسی سے باتیں کرتے ہوئے دیکھیں گے اور جس مردہ یا زندہ انسان کا نام آپ نے لیا ہوگا۔ وہ مثالی جسم میں اس کے سامنے ہوگا اور وہ اسے اچھی طرح دیکھ رہا ہوگا اور اگر معمول ہوشیار اور قابل آدمی ہے تو اس کی باتیں بھی آسانی سے سن اور سمجھ سکے گا، مگر جگائیں نہیں، بلکہ معمول کی صرف آنکھیں کھلوا کر ترغیب دیں۔

(۸) منفی وہم: سوئے ہوئے معمول کو ہدایت دیں کہ میں ”جب تین تک گنوں گا تو آپ ویسے تو نیند میں رہیں گے مگر آنکھیں کھول دیں گے اور تم میرا باقی جسم دیکھ سکو گے مگر میرا سر نہ دیکھ سکو گے“۔ یا اس کے علاوہ اور جو کچھ کہنا چاہیں تو، معمول پر بالکل ویسا ہی اثر پڑے گا اور معمول جاگنے پر فی الواقعہ آپ کا سر نہ دیکھ کر تعجب میں پڑ جائے گا یا خوف زدہ ہو جائے گا۔ اگر معمول خوف زدہ ہو تو اسے تسلی دیں اور پھر آنکھیں بند کرنے کا حکم دیں تا کہ اس کے دل میں پیدا شدہ دہشت حقیقی طور پر جاگنے کے بعد بھی قائم رہے۔

(۹) سونے کے بعد ہدایت دینا: نیند کی حالت میں معمول کی ہدایت دیں کہ جب آپ جاگیں گے تو یہ کام کریں گے! مجھے سلام کریں گے یا مجھے یہ چیز تحفہ میں دیں گے۔۔۔۔ اور جاگنے پر میرے الفاظ آپ کو یاد نہ رہیں گے کہ میں نے آپ کو کیا کہا تھا مگر یہ حکم ضرور مانو گے۔ جاگنے پر معمول یقینا ویسا ہی کام کرے گا

(۱۰) فریب دینا: نیند کے دوران معمول سے کہیں کہ ”میں جلتا ہوا سگریٹ آپ کے جسم سے چھور رہا ہوں، جس کی تکلیف آپ کو ضرور گی“۔ اور اپنی انگلی کا سرا اس کے جسم میں مس کر دیں۔ آپ یقین کیجئے! انگلی کے مس ہونے پر اس کو جلتے سگریٹ کی تکلیف محسوس ہوگی۔ بلکہ جلد پر جلنے کا نشان بھی پڑ جائے گا۔ اسی طرح نیند کے عالم میں معمول کی آنکھیں کھلوا کر اسے تنکا دکھایئے اور کہیئے کہ یہ شہتیر ہے تو یہ تنکا واقعی اسے شہتیر ہی نظر آئے گا۔

قیمت
120.00

بستر پیشاب
شفاء

عبقری
بستر پیشاب شفاء

موسم سردی کا ہو یا گرمی کا

اب بستر گیلا نہیں ہوگا!

بچوں، بڑوں اور بوڑھوں کیلئے یکساں مفید

علم قیافہ کے ذریعے اپنی شخصیت کو پہچانیں

اورنگزیب، پشاوری

(یہ بات یاد رکھیں کہ یہ تمام باتیں ظنی اور انسانی تجربات کا نچوڑ ہیں حقیقت حال اللہ رب العزت ہی بہتر جانتے ہیں)

(۱) جس شخص کا سر بڑا اور گول ہوتا ہے وہ اپنے ارادوں میں پختہ خیال ہوتا ہے اور وہ دیانتدار نیک خصلت اور صاحب مروّت اور دولت مند ہوتا ہے۔ (۲) جس آدمی کا سر بڑا اور لمبا ہوتا ہے تو وہ بے وقوف اور کم عقل، کمزور اور حاسد ہوتا ہے۔ (۳) جس آدمی کی پیشانی بلند اور خوبصورتی ہوتی ہے وہ بخت آوری کی نشانی ہے اور فراخ پیشانی والا شخص صاحب علم ودانش ہوتا ہے۔ (۴) جس شخص کی پیشانی تنگ اور پست ہوتی ہے تو وہ قسمت کا نارسا اور کم عمر ہوتا ہے۔ (۵) ناہموار اور بے اعتدال پیشانی والا آدمی ہمیشہ رنج ومصیبت میں رہتا ہے۔ (۶) پیشانی پر سر کے قریب بالوں کے پاس خصوصاً داہنی طرف اگر خالی یعنی تل کا نشانہ ہو تو اس شخص کے لیے یہ علامت خوشی قسمتی، بلند بختی کی نشانی ہے۔ (۷) اگر کسی آدمی کا چہرہ لمبا خمیدہ ہو تو اس میں بڑے بڑے اوصاف ہوتے ہیں۔ (۸) جس شخص کے چہرہ پر گوشت زیادہ ہو تو وہ زندہ دل فیاض باتمیز ہوتا ہے اور سب لوگ اس سے دلچسپی رکھتے اور ملتے ہیں۔ (۹) جس شخص کی آواز بلند اور بھاری ہو تو وہ دیانتدار، مغرور، عالی ہمت ہوگا۔ (۱۰) جس شخص کی ناک اُونچی اور لمبی ہو تو اس سے سعادت، دولت مندی کا اظہار ہوتا ہے۔ (۱۱) جس شخص کی ناک طوطے کی چونچ کی طرح جھکی ہو تو یہ خوش قسمتی کی دلیل ہے۔ (۱۲) بہت بلند ناک بے حیثیت اور ذلت کی نشانی ہے۔ (۱۳) پست اور چھوٹی ناک والا آدمی پر شہوت ہوتا ہے۔ (۱۴) موٹی کھلی اور بے ڈول ناک غرور اور تکبر کی نشانی ہے۔ (۱۵) جس شخص کی بھویں خمدار ہوں تو وہ مغرور، بدمزاج، دولت مند، عقلمند ہوگا۔ (۱۶) جس کی بھنویں چوڑی ہوں مگر بال کم ہوں تو وہ کم عقل، کم علم، ملنسار، نیک سیرت، عبادت گزار ہوتا ہے۔ (۱۷) جس کی بھوؤں کے بال بہت باریک سیاہ ہوں تو وہ بہادر، صاحب اولاد، صاحب علم ودولت مند ہوگا۔ (۱۸) جس کی بھوؤں کی درمیانی جگہ کم ہو تو وہ ہر وقت پریشان رہتا ہے۔ دلیر سمجھدار ملنسار، تنگ دل ہوتا ہے۔ (۱۹) جس کے چہرے پر پسینہ آجائے تو وہ بڑا متکبر، متلون مزاج اور عیاش ہوتا ہے۔ (۲۰) جس کا چہرہ فراخ ہو تو وہ بڑا دلیر، بہادر، جوانمرد، مضبوط، قوی جسم ہوگا اور دنیا میں عزت ومرتبہ حاصل کرے گا۔ (۲۱) گول اور موٹے چہرے کا آدمی سادہ دل، کم تمیز اور کمزور حافظہ کا ہوتا ہے۔ (۲۲) دبلے چہرہ کا آدمی عقلمند، ذہین، متلون مزاج ہوتا ہے اور اگر رنگ سیاہ ہو تو وہ فتنہ انگیز، حاسد جھگڑالو اور تنک مزاج ہوتا ہے اور اگر چہرہ کا رنگ سرخ ہو تو وہ تندمزاج متکبر، غصہ ور ہوگا۔ (۲۳) اگر بالوں کا رنگ سیاہ ہو تو جسمانی صحت عمدہ، عادات واطوار سنجیدہ ہوں۔ اگر ہلکا گلابی رنگ ہو تو وہ لاپرواہ، سردمہر، کمزور طبع ہوگا۔ اگر بال سیاہ گھنگھریالے ہوں تو وہ شرابی اور فسادی ہوگا۔ اگر بالوں کا رنگ سرخ ہو تو وہ مکار، دغاباز، طبیعت کا بے چین لالچی ہو۔ ہر کام ہمت سے کریگا۔ کام کو پورا کرے گا۔ جس کے بال بھورے ہوں تو وہ فیاض فضول خرچ لاپروا ہوگا اور جس کے بال ملائم ہوں تو وہ خوش خلق شریف، بامروت، موسیقی پسند اور عورتوں کی سی عادات کا ہوگا جس کے بال سخت ہوں تو وہ حاسد اور بے مروت ہوگا اور جس کے جسم پر بال زیادہ ہوں تو حاسد ہوگا اور کینہ پرور ہوگا اور اگر بال کم ہوں تو وہ عقلمند دانا ہوگا۔ آسودگی کی زندگی بسر کرے گا اور اگر جسم کے بال باریک اور نرم ہوں تو وہ خودغرض، زودرنج ہوگا اور اگر سخت ہوں تو تنگ حال اور مریض ہوگا۔ (۲۴) جس کے سر کے بال چھوٹے، گھن دار ہوں وہ دلیر، بہادر، حسن پرست ہوگا اور بے عقل ہوگا۔ (۲۵) جو دبلا خوبصورت، لمبے بال والا ہو وہ نرم دل نیک اور سختی ہوگا۔ (۶۶) جو شخص گفتگو کے وقت پلکیں نیچے جھکا لے یا پوشیدہ نگاہ سے دیکھے تو وہ تنگ دل حاسد اور کم عقل ہوگا۔ (۲۷) جس کی آنکھیں موٹی ہوں وہ بھی حاسد ہوتا ہے۔ (۲۸) جس کی آنکھیں چھوٹی ہوں اور اندر کو دھنسی ہوں تو وہ دوراندیش، تیز وتندمزاج، ضدی بے رحم، بے عقل، بدفعل، عیاش، صاحب اولاد اور بڑی عمر والا ہوتا ہے۔ (۲۹) جس کی آنکھ کا ڈھیلا چاروں طرف گھومے وہ شخص حاسد، خوشامد پسند، بے اعتقاد جھگڑالو ہوتا ہے۔ (۳۰) جو آدمی ترچھی نگاہ سے

دیکھتا ہے وہ حیلہ ساز تند مزاج، جھوٹا، حاسد، بدنیت ہوتا ہے۔ (۳۱) جس کی آنکھیں بڑی بڑی ہوں اور باہر کی طرف نکلی ہوں تو وہ نیکی اور بدی کو جلد قبول کرتا ہے جس کے کان بڑے ہوں اور موٹے ہوں تو کند ذہن، کم عقل، تنگ دل، مفلس ہوتا ہے۔ (۳۲) جس کا منہ غنچہ کی طرح ہو وہ دولتمندی اور کامرانی کی دلیل ہے مگر بے وفا ہوتا ہے۔ چوڑااور کھلا منہ شجاعت اور بلند حوصلگی کی نشانی ہے اور گھوڑے وغیرہ مویشیوں کی طرح آگے کو نکل ہوا منہ بدنصیبی اور افلاس کی نشانی ہے۔ (۳۳) جس آدمی کے دانت لمبے پتلے اور تیز ہوں تو وہ حاسد، بے حیا، بے اعتبار، شکم پرست اور بہادر ہوتا ہے۔ (۳۴) جس کی کنپٹی اور ابرو پر بال زیادہ ہوں تو وہ فضول گو بیوقوف، کم عقل، سست ہوتا ہے۔ (۳۵) جس آدمی کی گرن پتلی ہو وہ دانا عقلمند ہوتا ہے اور موٹی گردن اور بے ڈول گردن بدبختی کی نشانی ہے۔ (۳۶) جس آدمی کے بازو لمبے ہوتے ہیں تو وہ بہادر اور مرد، دانا ہوتا ہے اور جس کے بازو چھوٹے ہوں تو یہ علامت ماتحتی اور غلامی کی ہے اور درمیانے اور مناسب بازو کامیابی اور مالداری کی نشانی ہیں۔ (۳۷) جس کا ٹیٹوا لکلا ہوا ہو تو سیاہ بختی کی نشانی ہے اور چور کی گردن لمبی ہوتی ہے۔ (۳۸) اگر دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ سے لمبا ہو تو بہادری کی نشانی ہے اور اس کے برعکس بائیں ہاتھ کی لمبائی نامردی اور بزدلی کی نشانی ہے۔ جس کی آٹھ پسلیاں ہوں تو وہ شخص صاحب سلطنت ہوتا ہے اور اگر نو یا دس پسلیاں ہوں تو ایسا شخص فقیر یا درویش ہوتا ہے اور گیارہ پسلی والا آدمی زاہد اور متقی ہوتا ہے اور بارہ پسلی والا آدمی رنج و محنت میں مبتلا رہتا ہے۔ تیرہ پسلی والا مال و دولت کی نشانی ہے اور چودہ پسلی والا عموماً بدکار اور بداخلاق ہوتا ہے۔

☆☆☆☆☆

دو برجوں کے تحویلی کردار کا زندگی سے تعلق

تحویل کا مطلب:

تحویل کا مطلب ہے سورج کا ایک برج سے دوسرے میں داخل ہونا۔ اسی جگہ دو برجوں کا اتصال ہوتا ہے اکثر لوگ مہینے کی واضح تاریخوں میں پیدا ہوتے ہیں۔ بعض اس وقت پیدا ہوتے ہیں جس سورج ایک برج سے دوسرے برج میں جا رہا ہوتا ہے۔ ان کو تحویلی اوقات کہتے ہیں۔

جیسا کہ سیارہ عطارد اور زہرہ فلکیاتی تشکیل میں سورج سے دور واقع نہیں ہیں۔ سال کے مختلف اوقات میں وہ ایک دوسرے سے مقابل اور متوازی یا موافق بھی چلتے ہیں اور حرکت کے لحاظ سے یہ مختلف اوقات میں مختلف مقامات پر ہوتے ہیں بعض اوقات رجعت میں ہوتے ہیں اس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ ابھی تک پہلے برج میں متحرک ہیں۔ بالفاظ دیگر یہ دونوں سیارے نئے بروج کے تحویلی اثرات کو متوازن بنانے کا کردار ادا کرتے ہیں اور تحویل کے وقت اگر یہ سورج کے متوازی ہوں تو ان کے اثرات مختلف ہوتے ہیں اور اس طرح اگر عطارد اس حالت میں واقع ہو تو اس کے تاثرات و

تیز رفتار، زود اثر، طاقتور اور پوری دنیا میں کہیں پر بھی موثر کرشماتی عمل
اَفَحَسِبْتُمْ
اور اذان کے کرشمات
تحقیق و تالیف:
حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی
پی ایچ۔ ڈی (امریکہ)

میں پریشان ہوں......! ناامیدی میرا مقدر ہے......! میری خواہشات پوری کیوں نہیں ہوتیں، عرصہ دراز ہوا بیماریاں پیچھا نہیں چھوڑ رہیں، میرا ہنستا مسکراتا گھر کیوں اجڑ رہا ہے، جنات میرے دشمن کیوں ہو گئے ہیں میں نے تو ان کا کچھ نہیں بگاڑا تھا؟ دکھی کے ہر سوال کا جواب زیر نظر کتاب ہے۔

تاثیرات مختلف النوع ہوں گی۔ عطارد ذاتی جذبات کا آئینہ دار ہوتا ہے اس کے علاوہ زہرہ محبت کا سیارہ ہے یہ ہماری زندگی کے جذباتی رجحانات کا آئینہ ہے۔

تحویلی اثرات میں پیدا ہونے والے لوگ

جو لوگ تحویلی اثرات میں پیدا ہوتے ہیں ان کے اندر خصوصی خوبیاں پیدا ہو جاتی ہیں اس طرح ان کی زندگی کی نہج مختلف اطوار میں ترتیب پاتی ہے اور اگر یہ لوگ اپنی زندگی کو تعمیری انداز فکر میں نہ ڈھال سکیں تو وہ بنیادی طور پر اضمحلال اور انتشار فکر کا شکار ہو کر اپنی صلاحیتوں کو ضائع کر دیتے ہیں۔ گزرنے والے برج کے اثرات آنے والے برج کے اثرات کے ساتھ مدغم ہوتے ہیں۔ یوں سمجھ لیں جیسے مثبت اور منفی قوت کا باہم انجذاب وقوع پذیر ہوتا ہے۔

نرم دلی کے حامل لوگ

اتصال برج حوت اور حمل کے تحویلی اثرات کے حامل افراد کی خصوصیات: اس وقت اگر شمس سعد حالت میں واقع ہو تو یہ لوگ بے حد نرم دل، سخی دل، اور ہمدرد ہوتے ہیں۔ حوت کے اثر کی وجہ سے یہ افراد اپنی صلاحیتوں کو خیراتی امور کے انتظامی ذمہ داریوں سے وابستہ کر دیتے ہیں اور یہ لوگ جس مقصد کے لئے اپنی صلاحیت صرف کرتے اس پر قربان ہو جانے کے لئے ہمہ وقت تیار رہتے ہیں اور یہ لوگ ان حالات میں بے حد معاون اور ہمدرد ثابت ہوتے ہیں جب لوگوں پر پریشانیوں کا دور ہو یا کسی حادثاتی انداز میں کسی فی الفور امداد کی ضرورت پڑے تو یہی افراد معاون اور کارآمد ثابت ہوتے ہیں اگر حمل کے اثرات قوی ہیں تو یہ علامت ذاتی عمل کی علامت ہوتی ہے یعنی ایسا فرد اپنی راہ مختلف انداز میں منتخب کرتا ہے لیکن اگر حوت کے اثرات قوی ہوں تو اس کے اطوار میں ہمدردی خلوص محبت کے جذبات پیدا ہوتے ہیں اور یہ تخیلاتی انداز فکر اپناتے ہیں اور شاعرانہ عادات کے مالک ہوتے ہیں۔

یہ تحویلی اثر ایسے افراد پیدا کرتا ہے جو ہر وقت تبدیلی اور جدت کی طرف مائل ہوتے ہیں یہ لوگ انسداد بے رحمی کے لئے صحیح جدوجہد کرتے ہیں اور ان اقدام پر نئی سے نئی سوچ مرکوز کرتے ہیں جن سے انسداد بے رحمی یا تشدد کے حالات میں انقطاع پیدا ہو سکے یہ لوگ کمزور قوت ارادی کے مالک ہوتے ہیں اس لئے ان کی عملی زندگی میں اکثر و بیشتر ہیجان انگیز حالات پیدا ہوتے رہتے ہیں اور یہ عملی زندگی میں اکثر دشوار حالات سے نبرد آزما رہتے ہیں۔

آتشی خصائص کا حامل

اتصال برج حمل اور ثور کے تحویلی اثرات کے حامل افراد کی خصوصیات: اس اثر کے تحت پیدا ہونے والے افراد میں کافی سمجھ کا مادہ ہوتا ہے۔ اور ان کی زندگی میں رنگین تصورات کا قطعی دخل ہوتا ہے اور ہر وقت یہ لوگ سہانے سپنوں میں محو رہتے ہیں قوت عمل ہونے کی وجہ سے منضبط آمدنی اور متوازن زندگی کے مالک ہوتے ہیں اگر حمل کے اثرات غالب ہوں تو یہ ایسے لوگ قوی الجثہ ہونے کے علاوہ کسی جسمانی ورزش میں بالخصوص دوڑ (ایتھلیٹک) میں یکتا ہوتے ہیں اور اس نوع کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔ یہ لوگ انتہائی مہم جو ہوتے ہیں اور عموماً کان کنی یا تجارت، بحری سفر سے متعلق کاروباری زندگی کا آغاز کرتے ہیں یہ لوگ تجارت میں بھی کامیاب ترین ہوتے ہیں اور اگر اس کے اثرات قوی نہ ہوں تو زندگی ہیجان انگیز واقعات سے منسوب ہوتی ہے اور کئی نقصانات سے ان کو واسطہ پڑتا ہے۔ کیونکہ حمل آتشی برج ہونے کی وجہ سے آتشی خصائص کا علمبردار ہے لیکن ثور کے اثرات خاک سے منسوب ہیں اس لئے حمل کے کمزور اثرات کی وجہ سے تمام امور میں طوالت کا سامنا ہوتا ہے چنانچہ ایسے افراد کو نہایت محتاط رویہ اختیار کرنا چاہیے کہ لوگ بہادر اور جری سپاہی ہوتے ہیں لیکن اپنی ذاتی خوبیوں کے استعمال سے قطعی نابلد ہوتے ہیں۔

سکون سے محروم افراد

اتصال برج ثور اور جوزا کے تحویلی اثرات کے حامل افراد کی خصوصیات: اس تحویلی اثر کے تحت پیدا ہونے والے افراد ثور کی قوت اور جوزا کی افتادِ طبع کے مطابق سیماب صفت ہوتے ہیں ان کی زندگی سے سکون اور آرام عنقا ہوتا ہے اور اگر جوزا کے اثرات طاقت ور ہیں تو بلاشبہ ایسے لوگ تدریسی فرائض انجام دینے میں یکتا ہوتے ہیں اور یہ بچوں کے اطوار سے بخوبی واقف ہوتے ہیں یہ لوگ چھٹیوں میں سیر و تفریح میں وقت گزارتے ہیں۔ لیکن ان ایام کے بعد وہ جم کر کام کرتے ہیں بشرطیکہ یہ لوگ تدریسی فرائض سے منسلک ہوں اور اگر ثور کے اثرات قوی ہیں تو یہ لوگ اپنے پیشے سے فائدہ اٹھاتے ہیں اور عملی زندگی کو بامقصد کام کے لئے صرف کرتے ہیں یہ لوگ عمدہ لحن کے مالک ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں یہ لوگ تکنیکی ذہن اور اختراعی صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں اور نیز یہ لوگ گھوڑے پالنے جانوروں کے پالنے اور مشینری سے متعلق امور میں ماہر ہوتے ہیں اور اگر اس کے اثرات قوی نہ ہوں تو ایسے افراد بے مقصد زندگی گزارتے ہیں ان میں قوت فیصلہ قطعی نہیں ہوتی ہے جوزا کے احساسات کا تقاضہ یہ ہوتا ہے کہ خاموشی سے تعلقات ثور سے مربوط رکھے لیکن متضاد خصوصیات کی وجہ سے ان دونوں کے اثرات میں عمل اور ردعمل کا سلسلہ پیہم جاری رہتا ہے، بہر حال ثور خوبصورت جذبات اور تخیلات کا مالک تصور ہوتا ہے۔

معاملات کو بخوبی سمجھنے والے لوگ

اتصال برج جوزا اور سرطان کے تحویلی اثرات کے حامل افراد کی خصوصیات: ان کے تحویلی اثرات کے تحت پیدا ہونے والے افراد حقائق اور نظریات کی توجیہات پر وقت گزارتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ زیادہ تر یہ لوگ مصنف کا پیشہ اپناتے ہیں بعض اوقات یہ لوگ علوم روحانیات اور جادوگری سے بھی منسوب ہو جاتے ہیں یعنی اسی اثر کے سبب ان رجحانات کا مظاہرہ کرتے ہیں چنانچہ یہ لوگ جذبات اور خیالات کے ترجمان ہوتے ہیں۔ جذبات اور حقائق کے درمیان ہمیشہ تصادم رہتا ہے اس وجہ سے ان کی زندگی میں عدم توازن پایا جاتا ہے اگر یہ لوگ منفی پہلو اختیار کر لیں تو پھر بے بس خیالات کا یہ لوگ مجموعہ ہوتے ہیں اور اگر یہ لوگ مثبت پہلو اختیار کر لیں تو اعلیٰ درجے کے مقرر اور عمدہ قسم کے منتظم ہوتے ہیں یہ لوگ حکومت کے معاملات کو بخوبی سمجھ سکتے ہیں یہ مانے ہوئے مقرر ہونے کی وجہ سے بے تکان تمام دنیوی اور دینی امور پر گفتگو کر سکتے ہیں اگر جوزا کے اثرات طاقتور ہوں تو یہ لوگ عمدہ مکینک یا موجد یا ڈیزائنر ہوتے ہیں، یہ لوگ طویل اور اکتا دینے والے منصوبوں کے برعکس اختصار کے انداز میں سرانجام دینے والے امور پر زیادہ توجہ دیتے ہیں بعض اوقات یہ لوگ کسی حد تک تکلیف دہ خیالات کا مظاہرہ بھی کرتے ہیں اور جب ان کے نظریات کو نہ سمجھا جائے یا تسلیم نہ کیا جائے تو ان پر جذباتیت کا دورہ پڑتا ہے اور ہسٹریا کی سی تشنجی کیفیات ان پر حملہ آور ہوتی ہیں یہی وجہ ہے کہ بعض اوقات یہ لوگ منفی طرز عمل کو اپناتے ہیں۔ ان کے منفی اور نقصانی رجحانات



بلڈ پریشر شفاء
شوگر فری
قیمت
120.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
بلڈ پریشر کو لیول پر لاتی ہے
اور دائمی فائدہ کرتی ہے
خون کو صاف کرتی ہے اور
دماغ کو سکون دیتی ہے

میں یہ بات قابل توجہ ہے کہ یہ لوگ ابن الوقتی کا مظاہرہ کرتے ہیں اور کسی کی ذات کو اپنے لئے نقصان پہنچانے سے گریز نہیں کرتے اس تحویل میں تعمیری اثرات بھی قابل ذکر ہوتے ہیں کیونکہ ان کی وجہ سے یہ لوگ بے حد بلند خیالی کا مظہر ہوتے ہیں اور عوام میں مقبول ہوتے ہیں۔ یہ لوگ بڑی عمدگی سے بڑے سے بڑے جلسے اور ہجوم کو فوراً اپنا ہم خیال بنا لیتے ہیں ان لوگوں کو فوراً قائل نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی یہ لوگ نقصان دہ خیالات کو قبول کرتے ہیں۔

حاکمانہ صلاحیتوں کے حامل لوگ

اتصال برج سرطان اور اسد کے تحویلی اثرات کے حامل افراد کی خصوصیات: اس تحویلی اثرات کے تحت پیدا ہونے والے افراد انتہائی حاکمانہ انداز کے مالک ہوتے ہیں یہ ایک بے حد مشکل قسم کے بروج کا امتزاج ہے یہ لوگ اپنی ذات کے خود مالک ہوتے ہیں ان پر کوئی دوسرا حاوی نہیں ہو سکتا یہ لوگ اولاد سے بے حد محبت کرنے والے ہوتے ہیں اس طرح ماں باپ کی خدمت ان کا مسلک ہوتا ہے۔ اس تحویلی اثر کی وجہ سے یہ لوگ بے حد تحقیقی دماغ رکھتے ہیں۔ اور یہ لوگ آرٹسٹ، ماہر نجوم یا نجومی اور صوفیانہ انداز فکر کے حامل ہوتے ہیں لیکن اگر آپ بھی اس اثر کے حامل ہیں تو کم از کم آپ خود اندازہ کر سکتے ہیں کہ آپ دوسروں کو عمدہ نصیحت کرنے کے عادی ہونے کے ساتھ ساتھ اپنی ذات کا اثر اسی طرح بدستور رکھنے پر مصر ہیں بعض اوقات سرطان جو آبی برج ہے اور اسد جیسے آتشی برج کے امتزاجی اثرات کی وجہ سے ایک نئی قوت پیدا ہوتی ہے جیسے بھاپ اور اس سے فائدہ اٹھانے اور اسے بامقصد انداز میں استعمال کرنے کا مکمل ملکہ رکھتے ہیں یہ لوگ اپنے منصوبوں پر بغیر کسی ردوقدح کے عمل کرنے کے عادی ہوتے ہیں یہ لوگ عمدہ لیڈر ہوتے ہیں۔ اور اگر ان کی قوت ضائع نہ ہو تو یہ اپنی خوبیوں کو عمدگی سے ظاہر کرتے ہیں جیسے پانی آگ کی وجہ سے بھاپ بن جاتا ہے یہ لوگ عمدہ خواہشات اور نظریات کا مظاہرہ کرتے ہیں فی الواقع یہ لوگ کسی چیلنج کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اگر سرطان کے اثرات قوی ہیں تو یہ لوگ شرمیلے پن کا مظاہرہ کرتے ہیں اور عملی طور پر یہ لوگ چاہتے ہیں کہ ان کی عادت کو سراہا جائے اور اگر اسد کے اثرات قوی تر ہیں تو ایسے لوگ مستقل مزاجی کا مظاہرہ نہیں کر سکتے اور باقاعدگی سے کسی ایک مرکز خیال پر قائم نہیں رہتے۔

دو برجوں کے زندگی میں حیرت انگیز اثرات

اگر آپ کسی برج کے تحویلی اوقات کے درمیان پیدا ہوئے ہیں تو آپ کی شخصیت پر دو برجوں کے ملے جلے اثرات حاوی ہوں گے اگر ایسا ہے تو آپ اس کا تجزیہ کیجئے اور اپنی قسمت کو خود تعمیر کر لیجئے۔

حاکمانہ، تحقیقی اور خوش اطوار طبعیت کے حامل افراد

اتصال اسد اور سنبلہ کے تحویلی اثرات کے حامل افراد کی خصوصیات: اسد اور سنبلہ کے تحویلی اثرات، حاکمیت کی ذہنیت کا مظاہرہ کرتے ہیں یہ لوگ چاہتے ہیں کہ ان کی باتوں پر عمل کیا جائے حاکمانہ انداز فطرت ان کی طبیعت ہوتی ہے۔ ''اسد'' آتشی خاصیت رکھتا ہے اور سنبلہ خاکی اثرات رکھتا ہے لہٰذا ان کا آپس میں ملاپ فطری انداز میں ممکن نہیں ہے۔ اگر تجرباتی بنیادوں پر ان کے مجموعی اثرات کا جائزہ لیا جائے تو یہ لوگ عمدہ قسم کے دماغی اختراعات کے حامل ہوتے ہیں یہ لوگ ''تصنیف وتالیف'' کے میدان میں کسی تحقیقاتی مقصد کے لئے جدوجہد کرتے ہیں اور اس میں ہی نام پیدا کرتے ہیں یہ لوگ عمدہ سائنسدان ہوتے ہیں۔ سنبلہ کے جذبات دوستانہ ہوتے ہیں لیکن ''اسد'' کے اثرات کی وجہ سے یہ لوگ خود پرستی اور غرور کا مظہر ہوتے ہیں اگر مجموعی اثرات منفی نہ ہوں تو یہ افراد ''موڈی'' ہوتے ہیں اور خوش کن اطوار کے مالک ہوتے ہیں یہ لوگ کسی حد تک معاون بھی ثابت ہوتے ہیں لیکن یہ صرف ان کے ''موڈ'' پر منحصر ہوتا ہے جب حالات سازگار ہوتے ہیں تو یہ لوگ حاکمانہ انداز کو پسند کرتے ہیں لیکن حالات اگر بگڑ جائیں تو یہ لوگ بزدلی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

یہ بات بھی تجربہ میں آئی ہے کہ جو لوگ اس اتصالی اثر میں پیدا ہوتے ہیں وہ محبت میں بے حد جذباتی ہوتے ہیں وہ کسی بھی طرف کسی وقت حائل ہوسکتے ہیں جب کہ ''اسد'' کے آتشی اثرات کی وجہ ان میں عدم تعاون پیدا ہوسکتا ہے۔ لیکن سنبلہ کے اثرات معمولی باتوں کو نظر انداز کرنے اور اپنے محبوب کے دل کو جیتنے کے لئے ہر ممکن طرح سے تعاون اور خلوص کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ ''اسد'' کے اثرات کسی چلتے ہوئے کام میں یک بیک رکاوٹ پیدا کردیتے ہیں لیکن اس کا یہ مقصد نہیں ہوتا کہ ''اسد'' کے اثرات تعلقات کو قطعی منقطع کردیتے ہیں بلکہ وہ ذرا دور اندیشی اور احتیاط سے کوئی قدم اٹھانے کے لئے تیار ہوتے ہیں کہ جب کہ سنبلہ بغیر کسی پس و پیش کے اپنے محبوب کی طرف جھک جانے کا حامل ہوتا ہے۔

دو برجوں کے اتصال کے وفادار بیوی پر اثرات

اتصال سنبلہ اور میزان کے تحویلی اثرات کے حامل افراد کی خصوصیات: سنبلہ اور میزان بروج کے تحویلی اثرات بے حد نتیجہ خیز اور منفی و مثبت قسم کے اثرات غالب ہوتے ہیں۔ جس کی وجہ سے دونوں صنف (مرد اور عورت) ایک جیسی خصوصیات کے حامل ہوتے ہیں۔ سنبلہ ایک ''کنواری'' کی علامت ہے اور ''میزان'' ایک ساتھی کا کردار ادا کرتا ہے۔ بالخصوص بیوی کے طور پر یہ وقت کی ایک خوبصورت جاذب نظر عورت کی تشکیل میں کلیدی اثرات رکھتے ہیں اسی طرح مرد بھی بے حد خوبصورت ہوتے ہیں۔ چنانچہ ایسی عورت بڑی احتیاط سے لیکن سرگرمی سے اپنے حلقہ احباب کو تشکیل دیتی ہے۔ اپنے دوست کی دلجوئی کے لئے دوسرے تمام معاشرتی رکھ رکھاؤ سے بلند تر خصائص کا مظاہرہ کرتی ہے۔ بحیثیت بیوی ایک وفادار اور جان نثار ہوتی ہے اگر پیدائش کے وقت میں ''شمس'' کے اثرات بھی شامل ہوجائیں تو ایسی عورت اپنی تمام زندگی میں اپنے لئے انتہائی سرگرمی سے مقام پیدا کرنے کی کوشش میں لگی رہتی ہے۔ ابتدائی میل و ملاقات میں وہ جھجک اور حجاب کا مظاہرہ کرتی ہے۔ لیکن جوں جوں ملاقاتوں میں تسلسل پیدا ہوتا چلا جائے گا اس میں بے تکلفی اور خلوص کا عنصر نمایاں ہوتا جائے گا۔ کیونکہ یہ خوبیاں میزان کی ہیں۔ ان دو برجوں کا اتصال یا تحویل کا وقت، محبت اور اس کی بلندیوں سے لطف اندوز ہونے کا جذبہ عطا کرنے کا باعث ہوتا ہے۔ ان اثرات کے تحت پیدا ہونے والے افراد عمومی طور پر وکیل، جج، مصنف، پینٹر یا قلمکار ہوتے ہیں۔ یہ تحویل اثرات سے بے حد سوشل اور تعیش کے عادی ہونے کا پتہ دیتے ہیں۔ اگر اس تحویل میں سنبلہ کے اثرات زیادہ ہوں تو شادی کرنے کے بجائے اپنے حقیقی اور مناسب ساتھی کی تلاش میں سرگرداں رہنے کی علامت متصور ہوتے ہیں اور اس میں شمس کے اثرات کم ہیں تو زندگی میں سرگرمی کم ہوتی ہے۔



پاکستان کیسے بنا اور اس کے بننے میں کتنی جانیں گئیں کتنی عصمتیں لٹیں اور گھر خاندان برباد ہوئیں۔ ایسے ہوش ربا سچے واقعات کے ایک ایک لفظ وطن سے محبت اور اس کی قدر بڑھادے۔

مہذب اثرات رکھنے والے لوگ

اتصال میزان اور عقرب کے تحویلی اثرات کے حامل افراد کی خصوصیات: بروج کے ماہرین کے تجربات میں یہ بات آئی ہے کہ میزان اور عقرب کے اتصال کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد کا امتزاج ایسا ہے جیسا کہ لوہے اور مخمل کے بنے ہوئے دستانے، لڑکا یا لڑکی

بے حد خوبصورت اور سرگرم ہوتے ہیں۔ یہ لوگ بے حد مہذب اور پر اثر شخصیت کے حامل ہوتے ہیں اور اگر یہ لوگ رنجیدہ خاطر نہ ہوں تو بے حد معاون اور وفادار ہوتے ہیں۔ برعکس اس کے غصے کے عالم میں ظالمانہ حدود سے بھی تجاوز کر جاتے ہیں لیکن ایسا شاذ ہی ہوتا ہے۔ یہ تحویلی اثر بے حد جذباتی اور جنسی ترغیبات سے مغلوب افراد پیدا کرنے کا باعث ہوتا ہے۔

اگر اس وقت یعنی تحویلی اوقات کے دوران شمس کے اثرات غالب نہ ہوں تو یہ لوگ کسی حد تک ست الوجود پیدا ہوتے ہیں اور ان کے رجحانات تعمیری ہونے کی بجائے ضائع ہو جاتے ہیں۔ برعکس اس کے اگر شمس پر اثر ہو تو تمام رجحانات مندرجہ بالا اثرات کے برعکس متصور ہوں گے۔ اگر میزان کے اثرات گہرے ہیں تو یہ لوگ ماہر ٹیلر ماسٹر ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں یہ لوگ لباس، فیشن، کمروں کی آرائش یا آرائش سامان اور ہیر ڈریسنگ کے پیشوں سے منسوب ہوتے ہیں اور اگر عقرب کے اثرات اس تحویلی وقت میں قوی ہیں تو یہ افراد کامیاب ترین سرجن، فزیشن یا کسی مخصوص قسم کے پیشے میں بے حد ماہر ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں یہ لوگ عمدہ کاروباری ہونے کی وجہ سے سامان تعیش کے کاروبار سے منسلک ہوتے ہیں اور ان میں ڈکٹیٹر شپ کے جراثیم بھی موجود ہوتے ہیں۔ اگر یہ لوگ سیاست سے متعلق ہوں تو اپنی قادر الکلامی کی وجہ سے اپنے ارد گرد ہزاروں افراد آسانی سے جمع کر لیتے ہیں اور ہڑتال وغیرہ کے مقاصد میں لوگوں کو با آسانی تیار کر لیتے ہیں۔

شمس کے گہرے اثرات کی وجہ سے یہ تحویلی اوقات دوسرے بروج کی تحویلی اوقات کے اثرات کے لحاظ سے چیلنج کی حیثیت رکھتے ہیں اور اگر انہیں کنٹرول نہ کیا جائے تو ان کے جذبات کسی بھی وقت شدت اختیار کر سکتے ہیں کیونکہ اس میں کسی حد تک ذاتی حسد کے اثرات ہونے کی وجہ سے دوسرے افراد کو کسی بھی مقابلے میں شکست دینے کی مکمل صلاحیت ہوتی ہے۔ یہ لوگ روپیہ پیسہ جمع کرنے کے ماہر ہوتے ہیں ان کی نظر میں روپیہ ایک لامحدود قوت ہے اور یہ لوگ قوت کے خواہشمند ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے روپیہ جمع کرنے میں کمال فراست و عقلمندی سے کام لیتے ہیں۔ بالالفاظ دیگر یہ لوگ بے حد کنجوسی کا رویہ اختیار کرتے ہیں۔

وسیع النظر اور کامیابی سے ہمکنار لوگ

اتصال عقرب اور قوس کے تحویلی اثرات کے حامل افراد کی خصوصیات: ماہرین نے اپنے تجربہ کی بنیاد پر کہا ہے کہ اس کے تحویلی اثرات کے وقت اگر زائچے میں شمس مناسب جگہ پر موجود ہو اور عقرب کے اثرات بھی قوی ہوں تو یہ لوگ خوش خلق، ہنس مکھ اور وسیع النظر ہوتے ہیں ان تحویلی اثرات کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد کے رجحانات کا میلان میڈیکل لائن کی طرف ہونے کے علاوہ کسی تحقیقی کام سے متعلق ہونے کی فطرت کا پتہ دیتا ہے۔ علاوہ ازیں یہ لوگ اشتعال انگیز ذہنیت بھی رکھتے ہیں اور انتہائی پارسا بھی ہوتے ہیں۔

اور یہ تجربہ بھی سامنے آیا ہے کہ اگر اس تحویلی وقت میں مریخ یا پلوٹو یا مشتری کے اثرات بھی شامل ہوں تو مریخ کی فطری تحریک کے مطابق یہ بے حد سرگرم عمل ہوتے ہیں اور اگر ان کی خوبیاں بروئے کار نہ لائیں جائیں تو سیماب صفت ہو جاتے ہیں۔ فطری طور پر کامیابی سے ہمکنار ہونے اور دور اندیشی کا ملکہ رکھتے ہیں۔ مالی طور پر بھی مستحکم حیثیت رکھتے ہیں اور بالعموم گھوڑوں کو پالنے، جوا بازی اور گھوڑوں کی تجارت سے منسلک ہوتے ہیں۔ گھریلو معاملات میں یہ لوگ کم دلچسپی لیتے ہیں شادی شدہ زندگی ان کے لئے سوہان روح ہوتی ہے کیونکہ یہ بندھن ان کی آزاد طبعی کے برخلاف پابندی عائد کرتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ ان کی گھریلو زندگی ہنگامہ آرائی سے منسوب ہوتی ہے کیونکہ یہ لوگ مرد ہوں یا خواتین ایسی مستقل مزاجی آسانی سے قبول نہیں کرتے اور اگر شادی ہو بھی جائے تو بیوی مجبوراً گھر سے باہر اپنی زندگی کو گزارنے کا کوئی ذریعہ ڈھونڈ لیتی ہے۔

گھریلو زندگی سے دلچسپی نہ لینے والی خواتین:

اتصال قوس اور جدی کے تحویلی اثرات کے حامل افراد کی خصوصیات: اس کا تحویلی اثر ایسے افراد پیدا کرتا ہے جو اپنی زندگی کو ہمیشہ بے حد

مصروفیت اور جہد عمل میں صرف کردیتے ہیں۔ اگر اس تحویل کے وقت زحل اور ''مشتری'' اثر انداز ہو رہے ہیں تو ایک دوسرے سے متصادم نظریات رکھنے کی وجہ زندگی میں بے ربط سا ٹھہراؤ، گھٹن پیدا ہو جاتی ہے۔ مجموعی طور پر ایسے افراد اپنی زندگی منجمند توقعات سے مربوط رکھتے ہیں اور اگر اس تحویلی اثر میں جدی کے اثرات قوی ہوں تو ایسے افراد مذہبی امور سے گہری دلچسپی لیتے ہیں ان میں عمل انتظامی صلاحیت کی قوت بھی ہوتی ہے۔ علاوہ ازیں یہی لوگ اعلیٰ مذہبی درجے پر پہنچتے ہیں جیسے کوئی عالم عالم مفتی، یا دیگر قائدانہ صلاحیتوں کا حامل ہونا وغیرہ۔ اگر ان تحویلی اثرات میں شمس کا اثر بھی شامل ہوا اور ایسے وقت میں پیدا ہونے والی لڑکیاں اپنی گھریلو زندگی سے کوئی دلچسپی نہیں لیتیں۔ انہیں تعیش اور سیر و سیاحت سے دلچسپی رہتی ہے۔

اس تحویلی اثر کے تحت پیدا ہونے والے افراد ہمیشہ غیر یقینی حالات شکار رہتے ہیں اور اس جدوجہد سے نکلنے میں ان کی زندگی کا زیادہ وقت گزر جاتا ہے۔ اور اگر زائچے میں شمس کا اثر گہرا نہیں تو یہ لوگ عملی جہد کے برعکس حادثاتی طور پر ترقی کے اوج پر پہنچنے کے خواب دیکھتے رہتے ہیں یہی وجہ ہے کہ یہ لوگ پرلے درجے کے جوآباز ہوتے ہیں اور اسی وجہ سے یہ لوگ عمومی حالت میں زندگی میں ناکامیوں کا شکار رہتے ہیں۔

معاشرے میں اپنا عملی مقام بنانے والے لوگ

اتصال جدی اور دلو کے تحویلی اثرات کے حامل افراد کی خصوصیات: اس کے تحویلی اثرات میں شمس کے اثرات بھی شامل ہوں اور اس دوران پیدا ہونے والے افراد کیونکہ زحل کے اثرات سے مغلوب ہوتے ہیں جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ''زحل'' ان دو بروج کا ستارہ ہے۔ علاوہ ازیں دلو کے ساتھ موجودہ تحقیقات نے ''یورنس'' کا تعلق قرار دیا ہے تو پھر بھی یہ ایک مضبوط اور قوی اثرات کا حامل تصور ہوتا ہے۔ چنانچہ یورنس کے اثرات شمس کے اثرات کو قطع کرتے ہیں اور حقیقت پسندانہ اقدام کی طرف مائل کرتے ہیں اس کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد سوشل ورکر، پارلیمنٹری امور سے دلچسپی لینے والے ہوتے ہیں اور اگر اس وقت جدی کے اثرات قوی ہوں تو یہ اپنی عملی قوت سے معاشرتی طور پر اپنا کوئی نہ کوئی عمل مقام پیدا کر لیتے ہیں۔ بعض اوقات جدی کے اثرات قوی تر ہونے کی وجہ سے مثالی جہد کا مظاہرہ کرتے ہیں اور اپنا مرتبہ وقت کے لحاظ سے عملاً پیدا کر لیتے ہیں لیکن بعض اوقات یہ غیر متوازن جہد اور کوشش کی وجہ سے ناکامیوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ کیونکہ یہ بے حد جذباتی ہوتے ہیں اس لئے ان سے معاشرتی تعلقات پیدا کرنے میں بڑی دقت پیش آتی ہے۔

گاگر اس تحویل وقت میں دلو کے اثرات گہرے ہیں تو یہ گھریلو پابندیوں سے منحرف ہو کر اپنے اپنے حلقہ احباب کا اثر قبول کرنے کی طرف مائل ہوتے ہیں۔ چنانچہ بعض اوقات ان کی یہی فطرت اسے تباہیوں سے ہمکنار کردیتی ہے۔ اس وقت میں پیدا ہونے والی لڑکیاں گھریلو ذمہ داریوں سے دلچسپی نہیں لیتیں یہ تعلیم اور بالخصوص اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کی طرف راغب ہوتی ہے۔ عموماً یہ بچوں کی نگہداشت میں بھی ناکام رہتی

پیشاب کنٹرول

پیشاب کنٹرول
(کورس)

بار بار پیشاب آنے کی تکلیف سے نجات

پیشاب بستر پر نکل جانا
رات کو پیشاب کا بار بار آنا
پیشاب کی زیادتی

قیمت
400.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

ہیں اور اگر اس وقت شمس کے اثرات قوی ہوں تو ان کے کردار میں کئی خامیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اتصال دلو اور حوت کے تحویلی اثرات کے حامل افراد کی خصوصیات: اس کے تحویلی اثرات بے حد عجیب و غریب ہیں باوجودیکہ ان دو بروج کے حاکم سیارے مختلف ہونے کے اجتماعی اثرات میں مثالی تصور کئے جاتے ہیں لیکن دلو کے اثرات مچھلی کی عادات کو جلد قبول نہیں کرتے اس لئے کہ ان کے ستارے زحل و مشتری اور یورنس و نیپچون ہیں۔ تاہم یہ تمام تر ماڈرن نظریات کے علمبردار تصور کئے جاتے ہیں۔ حتمی نظریات کے تحت ہمیں یہ کہنے میں قطعی کوئی باک نہیں ہے کہ ان اثرات کے تحت پیدا ہونے والے افراد بے حد شدت پسند ہوتے ہیں چاہے وہ کسی بھی شعبے سے متعلق ہوں یہ لوگ ذاتی خول میں رہنے کی وجہ سے خود غرضی کی حد تک خود پسند ہوتے ہیں۔ اور اگر ان اثرات کا منفی تاثر لیا جائے تو یہ یورنس اور نیپچون کی عدم مطابقت کی وجہ سے ہوگا کیونکہ یورینس کو اس صدی کے آغاز میں دریافت کیا گیا تھا اس طرح اس نے ایک صدائے ساز پیدا کر دی تھی اور جس کی دھن انیسویں اور بیسیویں صدی کے امتزاج کا نمونہ تھی۔ جو لوگ روپیہ پیدا کرنے کے خواہش مند ہوتے ہیں وہ انہی بروج سے متعلق ہوتے ہیں اور بلاشبہ وہ اپنے مقصد میں کامیاب بھی ہو جاتے ہیں اور اگر اس اثر میں صحت کے اثرات قوی ہوں تو میل جول رکھنے کے شائق ہوتے ہیں۔ چنانچہ ان کے گھر پر لوگوں کا جمگھٹا لگا رہنا ان کی عین افتاد طبع کے مطابق ہوتا ہے۔ اس اثر کے تحت پیدا ہونے والی عورت اپنے حلقہ سے متعلق ہوں یا وہ اپنے سسرال میں سب سے گھل مل جاتی ہے اور انہیں خوش رکھنا اس کی فطرت کے عین مطابق ہے یہ تحویلی اثر دراصل اکھٹے رہنے کے اثرات پیدا کرتا ہے۔ چاہے وہ کسی بھی انداز میں کیوں نہ ہوں۔ یہ تحویلی اثر جن افراد پر ہے وہ لوگ جانور پرندے پالنے کے بے حد دلدادہ ہوتے ہیں اور فی الاصل اس تحویلی اثر میں پیدا ہونے والے افراد کی زندگی بجائے خود ان کے لیے ایک چیلنج ہے۔

☆☆☆☆☆

ساعت شمس کا ایک خاص عمل

ذیل میں برج اسد کا موکل اور اس کا مربع دیا جاتا ہے جس شخص کو ضرورت ہو وہ اس عرصہ میں کسی بھی سوموار کے دن بارہ بجے سے پیشتر ساعت شمس میں زعفران سے لکھ کر اپنے دونوں بازوؤں پر باندھ لے لیکن نقش لکھنے سے قبل دو رکعت نماز پڑھے اندازہ رہے کہ ساعت شمس کے اوقات پیش نظر رہیں۔ یہ یاد رکھیں کہ نقش کی پشت پر نام مؤکل نیچے اس کے ایک ایک لفظ اور اس کا عدد ہونا چاہئے جس دن کسی خاص امر کی ضرورت ہو تو مؤکل کا نام پڑھتے رہنا چاہیے افسران و حکام سے کام لینے اور خلقت میں یا ماتحت لوگوں کے دلوں میں خوف رکھنے کے لیے یہ نقش بہت کام دے گا۔ دوسرے لوگ بڑے ہوں یا چھوٹے روگردانی کرنے اور خلاف چلنے کی جرأت نہ کرینگے لوح کے کل اعداد ۷۷ ہیں۔

یاشطفسیشا

ی ا ش ط ف س ی ش ا

۹ ۳۰۰ ۱ ۱۰

۱۳۰۰ ۱۰ ۶۰ ۸۰

۱	۷۵۱	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۷۵۰
۶	۹	۷۵۳	۳
۷۵۲	۴	۵	۱۰

ساعت اسد کا طلسم۔۔۔دشمن سے حفاظت

ایک اس قسم کا طلسم تیار کریں مردوں کیلئے چاندی اور عورتوں کیلئے سونے کا ہو۔ گول لوح ۱۳ یا ۱۴ جولائی کو تیار کرائیں اور جب سورج برج اسد میں داخل ہو اس کے بعد جو اتوار آئے اس میں ساعت شمس میں کندہ کریں یا کاغذ پر زعفران سے لکھیں یا زرد کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھیں۔

زمانہ قدیم کے علماء کا کہنا ہے کہ جن کا برج اسد ہے یا جن کا نام کے پہلے حرف م آتا ہے عورت ہو یا مرد سرفرازی لاتا ہے جاہ طلبی، مرتبہ، لیڈر شپ اور دولتمندی لاتا ہے ہے نیز دشمنوں سے محفوظ رکھتا ہے اور جن لوگوں کو دلی امراض ہوں دل بہت دھڑکتا ہو، کمزور ہو یا جوڑوں کے درد ہوں۔ گنٹھیا کا مرض ہو تو اس طلسم کو پہنیں خواہ وہ کوئی ہوں اسد کے ہوں یا نہ ہوں ان کو امراض سے شفا ہوگی۔ یہ طلسم غیر متوقع نقصانات یا ترقیوں تک نہ پہنچنے والے اسباب کی روک تھام کرتا ہے صرف اتوار کا دن تیاری کا ہونا چاہئے طریقہ یہ ہے کہ لوح کے ایک طرف مندرجہ بالا نقش بنائیں چاروں طرف موکل کا نام لکھیں علیحدہ حروف اور علیحدہ اعداد کی ضرورت نہیں۔ لوح کی دوسری طرف یہ طلسم بنائیں۔

حفاظت کے دو طلسماتی راز

(1)۔ جس وقت آفتاب برج اسد میں داخل ہو جو شخص اس وقت ا۔ ذ۔ و۔ ر۔ ز۔ ہ ان چھ حرفوں کو سرخ سیاہی سے لکھ کر اس انگوٹھی کے نیچے رکھے جس پر سرخ یا سبز یا سفید نگینہ ہوگا تو اس شخص کو تمام رنج، بلاؤں اور ناگہانی مصیبتوں سے خدا محفوظ کر دے گا۔

(2)۔ اگر کوئی شخص حروف آتشی **اهطمفشذ** کو عورت کے دودھ میں (جس کا لڑکا ہو) زعفران ملا کر لکھے اور اس کو تعویذ بنا کر ٹوپی یا پگڑی میں رکھ کر گھر سے باہر نکلے تو مخالفت کرنے والے دشمن اس کا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے اگر ایسا ہی نقش بچے کے گلے میں ڈال دیا جائے تو نظر بد، سایہ، نظر گفتار اور عام امراض سے بچہ محفوظ رہے گا۔

☆☆☆☆

اوج شمس میں ترقی وحفاظت کیلئے لوح

جب شمس چلتا ہوا برج سرطان کے ۲۰ درجہ پر پہنچ جاتا ہے تو اوج ہوتا ہے۔ بلند مرتبہ اس درجہ پر شمس کو حاصل ہوتا ہے۔ اس وقت کے لئے تین اہم عمل دیے جا رہے ہیں۔ اگر آپ اس وقت سے ضرورت کے مطابق فائدہ اٹھا سکیں تو سمجھ لیں اللہ کا فضل آپ پر ہے۔

لوح برائے ترقی ملازمت

اگر کسی شخص کو اپنی ملازمت میں اپنے درجہ اور اپنے کام میں تنزلی یا برطرفی کا خوف ہے اگر کسی دشمنی کا ڈر ہے اور اگر کسی وجہ سے ترقی نہیں ہوتی۔ اگر افسران



ہر گھر کا ایسا معالج ہے جو تشخیص کے ساتھ ساتھ آزمودہ اور موثر علاج بتاتی ہے جو کرنے میں بے حد آسان ہیں۔ اس تحفہ میں ٹوٹکوں اور طبی علاج کا ایسا خزانہ موجود ہے جو آج سے پہلے آپ نے کبھی دیکھا نہ ہوگا۔ یہ کتاب ہر گھر اور فرد کی ضرورت ہے جو بہت سے تجربات اور نسخوں کا نچوڑ اپنے اندر سموئے ہوئے ہے۔

کے دل میں عزت نہیں تو اس لوح کو تیار کریں۔ اس کی برکت سے قلوب افسران میں خاصی عزت وتکریم حاصل ہوگی۔ اور اور خدا نے چاہا تو ملازمت یا عہدہ کو کبھی زوال نہ ہوگا اور ترقیاں حاصل ہوں گی۔ اس آیت کریمہ کی لوح مربع آتشی تیار کریں۔ بعینہ لوح نقرہ پر کندہ کریں اور پاس رکھیں کل اعداد اس آیت کے ۸۵۸ ہیں۔

والحکم	الہ واحد	لا الہ الا	ہوالرحمن الرحیم
۱۰۰	۲۲۸	۱۰۳	۵۴
۲۲۷	۹۷	۵۷	۱۰۴
۵۶	۱۰۵	۲۲۶	۹۸

رفتار اس نقش کی یہ ہے:۔

۱	۶	۱۱	۱۶
۱۲	۱۵	۲	۵
۱۴	۹	۸	۳
۷	۴	۱۳	۱۰

نقش کے اضلاع قولہ الحق ولہ لملک سے تیار کریں چاروں طرف موکلات وخدام کے نام لکھیں پھر اپنے نام میں اسم الٰہی **و دود** کو امتزاج دیں۔ یعنی اپنے نام کو علیحدہ علیحدہ حرفوں میں لکھ کر ان کے اندر بار بار **ودود** کے حروف لکھیں حتیٰ کہ لفظ برابر ہو جائیں۔ پھر چار چار حکمات بنا کر نقش کے چاروں طرف چار بار لکھ دیں۔ لوح تیار ہے اسے سرخ ریشمی کپڑے میں سی کر پاس رکھیں اور اس کے اثرات ملاحظہ کریں۔

خطرہ سے حفاظت کیلئے لوح

اگر کسی سے کوئی حاکم یا بڑا آدمی ناراض ہو اور اس کی ناراضگی نقصان پہنچا سکتی ہو یا کسی حاکم سے اندیشہ ہو یا کسی کو معزول کر دیا گیا ہو تو اس کی برکت سے حاصل لوح ہر قسم کے غصہ اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔ اگر کسی کو پھانسی کا بھی خطرہ ہوگا تو وہ ٹل جائے گا۔ اگر کسی سے جان کا خطرہ ہو تو بھی محفوظ رہیگا۔ مندرجہ ذیل نقش اسی آیت کا ہے۔

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ، وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ عدد اس کے ۱۳۸۲۹ ہیں اور مربع اس کا یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۱۳۸۰۹	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳۸۰۸
۶	۹	۱۳۸۱۱	۳
۱۳۸۱۰	۴	۵	۱۰

اس نقش کو کاغذ پر لکھیں۔ اس کے بھی ضلع **قَوْلُهُ الْحَقُّ وَلَهُ الْمُلْكُ** سے بنائیں۔ موکلات وخدام لکھیں۔ پھر نیچے پوری آیت لکھ دیں۔ تہ کر کے نقش بنائیں کوئی خوشبو کی دھونی دیں۔ اور الٹے بازو پر باندھ لیں۔ ہر طرح سے امان میں آجائے گا۔

زباں بندی حکام اور دشمن سے حفاظت کیلئے

یہ بھی دراصل تسخیر کا عمل ہے اس کا مطلب ہے۔ کوئی بھی خلاف نہ بولے نہ کہے۔ نہ کسی کو ایسی جرأت ہو کہ شکایت کر سکے نہ حاکم کو جرأت ہو، خلاف حکمات کہہ سکے۔ اس کے لئے ایک مربع کاغذ پر صراط علی حق نمسکہ کے اعداد کا پر کرے۔ عدد اس کے ۶۹۳ ہیں۔ مربع یہ ہے۔

صراط	علی	حق	نمسکہ
۱۰۹	۱۷۴	۳۰۱	۱۰۹
۱۷۳	۱۰۶	۱۱۲	۳۰۲
۱۱۱	۳۰۳	۱۷۲	۱۰۷

اس کے چاروں طرف حروف صوامت لکھ دیں۔ ''ا۔ح۔د۔ر۔س۔ص۔ط۔ع۔ک۔ل۔م۔و۔ہ'' اس کی رفتار بھی لوح قائم کی طرح ہے۔ اگر کوئی خاص موقع ہو۔ کسی حاکم کے سامنے پیش ہونا ہو تو ستر (۱۷) بار پڑھیں۔ صِرَاطُ عَلِیٰ حَقِّ نُمْسِکُہٗ اور سامنے جائیں کچھ نہ کہہ سکے گا۔ اس کے قلب میں ہمدردی پیدا ہوگی۔ یا وہ کچھ کہنے کی ہمت نہ کر سکے گا۔ یہ میرے تین تحفے ہیں اور اس دور میں بہت ضروری ہیں۔ خدا آپ کو نفع حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

☆☆☆☆☆

تصوف محبت، امن اور آشتی کا پیغام

مرتضٰی چاند پوری

قینچی نہیں۔۔۔سوئی کی ضرورت

ایک مرتبہ بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ کا ایک مرید آپ کے پاس آیا۔ وہ لوہار کا کام کیا کرتا تھا۔ آپؒ کے لیے خاص قینچی بنا کر لایا اور آپ کی خدمت مبارکہ میں حاضر ہوتے ہی عرض کرنے لگا ''باباجی! یہ میں اپنے رزق حلال سے آپ کے لیے ایک تحفہ لایا ہوں''۔

باباجی رحمۃ اللہ علیہ نے جب قینچی دیکھی تو مسکرا دیئے اور فرمایا ''بیٹا! درویش تحفہ رد نہیں کیا کرتے۔ البتہ جب اگلی مرتبہ آنا تو سوئی لے کر آنا''۔ اب جب وہ مرید اگلی مرتبہ حاضر ہوا تو سوئی لے کر آیا۔ آپؒ کی خدمت میں سوئی پیش کی تو آپؒ نے فرمایا ''اس مرتبہ ہم نے تمہارا تحفہ خوشی سے قبول کیا اور پسند بھی کیونکہ قینچی کا کام کاٹنا اور سوئی کا کام سینا ہوتا ہے اور درویش کاٹنے کا نہیں سینے کا کام کرتے ہیں۔ درویشوں کا کام محبت و اُلفت



کے رشتوں کی بنیاد رکھنا ہوتا ہے''۔ جی ہاں! محبتوں، شفقتوں اور سچائیوں پر مشتمل ہر ایسے تعلق کا نام تصوف ہے جو بندوں کو اپنے کریم رب کی قربت عنایت کرے۔

مسلمان اور مومن کی بہترین تشریح

تصوف کی تعریفیں مختلف ادوار میں مختلف رہی ہیں۔ ہر ولی اللہ نے اس موضوع کو اپنے اقوال اور اعمال سے ایک رونق بخشی۔ اگر یوں کہا جائے کہ تصوف اللہ سے بے غرض دوستی اور محبت کا نام ہے تو ہم اس بات کو امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ سے کئے گئے ایک سوال کے جواب سے بہتر انداز میں سمجھ سکتے ہیں۔

ایک مرتبہ کسی نے سوال کیا کہ ''مسلمان اور مومن میں کیا فرق ہے؟'' آپؒ نے فرمایا ''مسلمان وہ ہے جو اللہ کو ایک مانے اور مومن وہ ہے جو اللہ کو بھی مانے اور اللہ کی بھی مانے''۔ یقیناً جو اللہ کو مانے گا اللہ اسے اکیلا نہیں چھوڑے گا۔ اپنے کرم کریمانہ سے نوازے گا۔ وہ اِنَّ اولیاء اللہ کا مصداق ٹھہرے گا۔ لاخوف علیھم ولاھم یحزنون اس کا خاصا بن جائے گا اور بادشاہوں کے بادشاہ، خالق و مالک کی قربت کی لذت و چاشنی اسے دنیا کی عارضی زندگی کی بھول بھلیوں میں بھٹکنے نہیں دے گی۔ معرفت اس کا اوڑھنا بچھونا ہوگی۔ انسانیت کی خدمت اس کا مقصد ہوگا۔ وصال اس کی تمنا ہوگی۔ خوشنودی اور رضائے الٰہی اس کا مطمع نظر ہوگا۔ تنہائیوں کا متلاشی ہوگا۔ شاہراہِ حیات پر ایسی قیام گاہ اس کی آرزو ہوگی، جہاں وہ ہو اور بس اس کا خدا ہو۔ وصال اس کا شعار ہوگا۔ اپنے محبوب کو مختلف اداؤں سے راضی کرنا اس کا مقصود بن جائے گا۔ لائق مسجود سے رکوع و سجود میں آہ و زاری کرنا اور اس سے ہر لحظہ قربت کی التجائیں کرنا اس کی نوکری بن جاتی ہے۔ مگر ان میں سے کسی میں اَمْوَالُکُمْ و اَوْلَادُ کُمْ فِتْنَۃٌ کی طلب نہیں ہوتی۔ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ کے مقام میں ٹھہرنے کی لالچ نہیں ہوتی۔ ان وَاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِیْ جَحِیْمٍ کے مقام میں دھنسے جانے کا خوف نہیں ہوتا۔ بس فقط رب رب اور رب ہوتا ہے جس کی انتہا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ پر ہوتی ہے۔

رابعہ بصری رحمہا اللہ کا عشق الٰہی

ایک مرتبہ رابعہ بصری رحمہا اللہ ایک ہاتھ میں پانی اور ایک ہاتھ میں آگ لئے بھاگی جا رہی تھیں۔ سفیان رحمہ اللہ نے پوچھا ''اے رابعہ! بھلا اتنی تیزی سے کہاں جا رہی ہو اور پھر ایک ہاتھ میں پانی اور ایک ہاتھ میں آگ؟ یہ معاملہ میری سمجھ میں نہیں آ رہا''۔ تو فرمانے لگیں آگ تو رابعہ نے اس لئے پکڑ رکھی ہے کہ اس جنت کو لگا دوں اور جلا کر خاک کر دوں جس کی لالچ میں لوگ عبادت کرتے ہیں اور پانی اس لئے کہ اس جہنم کو بجھا دوں جس کے خوف کی وجہ سے لوگ عبادت کرتے ہیں''۔

جی ہاں! تصوف کی ایسی تعریفیں بھی ملتی ہیں مگر ان لوگوں کے لیے عبادت کا مقصد فقط اور فقط لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْٓ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ کی عزت بخشنے والے رب کی رضا ہوتی ہے۔ مقام عبدیت کا شکر ادا کرنا ہوتا ہے۔ نعمتوں کا حصول نہ تو آرزو ہوتی ہے نہ ہی مقصود۔ پھر رابعہ سجدے میں گرتی ہیں، موذن صبح کی اذان دیتا ہے۔ عشق الٰہی میں اس قدر مستغرق کہ اٹھ کر اپنے کریم عزوجل سے شکوہ کرتی ہیں۔ بھلا دیکھو تو سہی شکوہ کیا ہو رہا ہے کہ ''اے میرے رب! تو نے رات اتنی چھوٹی بنائی ہے کہ رابعہ کا ایک سجدہ پورا نہیں ہوتا''۔

حضرت خواجہ اویس قرنی رحمہ اللہ کا عشق الٰہی

حضرت خواجہ اویس قرنی رحمہ اللہ جو کہ عشق رسول ﷺ کے لیے جان کا نذرانہ پیش کرنے کو تیار ہیں۔ جب حبیب ﷺ کے محب عزوجل کی بارگاہ میں حاضر ہوتے ہیں، کیا خوب کہتے ہیں ''آج کی رات رکوع کی رات، آج کی رات عبادت کی رات''۔ اور پھر پوری رات اس ایک ادا میں خدا کو راضی کرتے کرتے صبح ہو جاتی۔

بہر حال، عبادات کی وسیع دنیا میں بھی یہ مقام ہے۔ دوسری طرف اخلاق حسنہ بھی ان لوگوں کا شعار تھا۔ اویس قرنی رحمہ اللہ کو بچے پتھر مارتے ہیں تو فقط یہ آواز بلند ہوتی ہے ”بچو! اویس کو آہستہ آہستہ پتھر مارو۔ اگر خون نکل آیا تو تمہارے رب کو کیسے راضی کروں گا؟“ آزمائشوں تکلیفوں کے سمندر کے سمندر پی جانا، جبر وصبر کی جنگ میں صبر کو فتح دلوانا، ان لوگوں کے اخلاق ہیں۔

مکارم اخلاق۔۔۔حقیقی صوفی کی شان

ایسے نفوس مکارمِ اخلاق کے پیکر ہوتے ہیں۔ ان کے صبر اور نفس پر جبر کی مثالیں قائم ہوئیں ہیں۔ تزکیہ نفس اور تعمیر ظاہر و باطن ان کا مقصد ہوتا ہے۔ دلوں کے ویرانوں کو صاف شفاف کرنا، پھر اسے رحمن کا گھر بنانا، ان کی حیات جاوداں کا مقصود ہوتا ہے۔ حقیقی خالق و معبود ہی ظاہر و باطن میں ان کا مسجود ہوتا ہے۔ خدا کے بندوں سے پیار، ان کی خدمت میں عظمت، ان کا روحانی درس ہوتا ہے۔ جی ہاں! ایسے لوگ ہی حقیقی صوفی کہلاتے ہیں۔

ہمارا مقصد اپنی زندگی کو کامیابی سے ہم کنار کرنا ہے۔ اولیاء اللہ کے اقوال ذکر کرنے کا مقصود ہی یہ تھا کہ ایک تو اس وہم کا ازالہ ہو جائے کہ ولایت کسی کونے میں گندگی کے ڈھیر پر پڑے رہنے اور نشہ کرنے کا نام نہیں ہے جو ہمارا سیکولرازم سے متاثر احباب کی سوچ ہے۔ دوسرا یہ بات عیاں ہو جائے کہ اگر کوئی دنیا کی رنگینیوں کو ٹھوکر مارتا ہے تو اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ وہ غریب ہے۔ بلکہ وہ فقر کی علامت ہے اور فقر کے متعلق بیاں فرمایا گیا ”اَلْفَقْرُ فَخْرِیْ“ اور فقر کا مفہوم سمجھنے کے لیے ابتدائی سطح پر ایک جملہ کافی ہے ”فقر دنیا سے مستغنی ہونے کا نام ہے“۔

توکل کی عظمت ایک غلام سے سیکھیں

ایک مرتبہ بادشاہ محمود غزنویؒ نے اپنے دربار کی فضا میں چند سکے اُچھالے تو تمام درباری ان کو اکٹھا کرنے لگے اور چونکہ جو جتنے چن لیتا، وہ اسی کے ہوتے، تو جب سب درباری سکّوں کی طرف لپکے، محمود غزنوی رحمہ اللہ کا غلام ایاز، محمود غزنوی رحمہ اللہ کے قریب ہی کھڑا رہا اور سکے چننے کے لیے آگے نہ بڑھا۔ بادشاہ نے پوچھا ”اے ایاز! کیا تجھے سکّوں کی ضرورت نہیں؟“ تو ایاز کہنے لگا ”نہیں! جب بادشاہ میرا ہے تو پوری سلطنت میری ہی ہے“۔ ایاز کی اس دانشمندی پر بادشاہ حیران رہ گیا کیونکہ ایاز کی اس بات نے بادشاہ کا دل جیت لیا تھا۔

اگر یہی توکل انسان کے پاس آجائے تو توکل علی اللہ کی اس عظمت کی وجہ سے وہ بلند مرتبہ ہو جائے۔ اس کے اعلیٰ وقار کی وجہ بن جائے۔ یقیناً جو اپنے رب عزوجل پر اسی درجہ کا توکل رکھے گا اور ظاہر و باطن دونوں حال سے اس کا اظہار بھی کرے گا تو لازماً اس کا رب بھی اسے عزتوں سے نوازے گا اور دنیا اس کی محتاج ہوگی۔ کیونکہ اس کی دوستی بادشاہوں کے بادشاہ کے ساتھ ہوگئی ہے۔ اس لئے وہ دنیا پر، اس کی رنگینیوں پر، وصل کے لمحوں کو ترجیح دے گا۔ ہر وقت حالت نماز میں رہنا اس کی حقیقی لذت کا حصول، اس کی روح کی غذا بن جائے گا۔ سجدوں میں آہ وزاری کرنا، اپنی کمزوری کا اعتراف اور اس کی عظمتوں کا نعرہ لگانا۔



راہ سلوک پر چلنے والے ہر راہی کی ضرورت۔ اس کتاب میں نہ صرف مبتدی سالکین کیلئے بنیادی نصاب اور رہنمائی کا ذریعہ ثابت ہوگی بلکہ کاملین معرفت کو بھی حلاوت ایمانی دلوانے کا ذریعہ بنے گی۔ اس کتاب میں اخلاقیات معاشرت' کبائر گناہ' اولیاء کے اصلاحی واقعات' شیخ کامل کی پہچان' شیخ سے اکتساب فیض کے حصول کے ذریعے آداب شیخ اور دیگر مفید عنوانات شامل کیے گئے ہیں۔

اللہ اللہ کی صدائے دلنواز سے خود کو رطب اللسان رکھنا، اس کا قلبی چین بن جائے گا۔ اور اگر یہ سب کچھ میسر آ جائے تو شاہی سے فقیری تک کا سفر کچھ مشکل نہ رہ جائے گا۔ بہرحال یہ ہی حقیقی کامیابی ہے۔ کامیاب زندگی گزارنے کے لیے کامیاب لوگوں کے رہنما اصول اپنانے بہت ضروری ہوتے ہیں۔

آج کے دور میں پیغام تصوف کی ضرورت

آج اگر امت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم پر نظر ڈالی جائے تو یہ ٹوٹی ہوئی تسبیح کے دانوں کی طرح بکھری اور سمندر کی جھاگ کی طرح کمزور نظر آتی ہے۔ مسلمان کا ہاتھ اور اس کا اپنا ہی گریبان ہے۔ یہ امت، اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامنے کی بجائے اغیار کے قدموں میں سربسجود ہے۔ ان حالات کو دیکھ کر ہی تو مفکر اسلام کا قلم یہ لکھنے پر مجبور ہو گیا۔

تیرے بحر کی موجوں میں اضطراب کیوں نہیں ہے؟

اگر ہم ماضی میں جھانکنے کی ذرا ہمت کریں تو ہمارے اسلاف ''شہادت ہے مطلوب و مقصود مومن'' کے علمبردار دکھائی دیتے ہیں۔ کبھی ابراہیم علیہ السلام بن کر آتش نمرود میں کود جاتے ہیں تو کبھی موسیٰ علیہ السلام بن کر فرعون سے ٹکراتے ہیں۔ کبھی حسین رضی اللہ عنہ بن کر یزید کے سامنے کلمہ حق کہتے ہیں تو کبھی سرزمین سندھ پر پرچم اسلام لہراتے ہیں۔ کبھی ساحل اندلس پر کشتیاں جلاتے ہیں تو کبھی شہدائے کارگل بن کر قوم کی حفاظت کا حق ادا کرتے ہیں۔ لیکن آج جو کربناک مناظر دیکھنے میں آ رہے ہیں، ان کی وجہ فقط یہ ہے کہ ہم نے اپنے اسلاف کے دیئے اسباق اور ان سے حاصل کارناموں کو بھلا دیا ہے۔ اگر آج بھی ہم ان اسباق کو دوبارہ یاد کریں اور عمل پیرا ہو جائیں تو پھر سے بادشاہی ہمارے قدموں میں ہو۔ دنیا کے تمام انسان ہمیں سیلوٹ (سلام) کریں گے۔

☆☆☆☆☆

اوج زہرہ کی ساعت میں ترقی کے راز

زہرہ کے اوقات ایک سال کے بعد آتے ہیں۔ شرف کے بعد باقوت اور موثر وقت اوج کا ہوتا ہے۔ اوج کا مطلب ہے۔ بلندی، بلند مرتبہ۔ اس وقت ستارہ کی قوتیں ارفع اور سعد ہوتی ہیں۔ یہ وقت رجوع خلق اور تسخیر خلق کا ہوتا ہے۔ مطلب اس کا یہ ہے کہ وہ لوگ جن کو خلقت کی آمد سے مالی فائدہ ہوتا ہے ان کے لئے یہ وقت سودمند ہے۔ مثلاً دکاندار، ڈاکٹر، طبیب، لیڈر، وکلاء وغیرہ وہ لوگ جن کا خلق کی آمدنی سے کوئی تعلق نہیں ان کے لئے تسخیر خلق کی ضرورت اس صورت میں ہوتی ہے کہ وہ اپنے حلقہ یا ساتھ کام کرنے والے افسران، خاندان یا قوم میں معزز یا محترم نظر سے دیکھے جائیں سب قدر کریں اور کہا مانیں۔

1)۔۔۔ مخلوق میں عزت وشہرت کیلئے

وہ لوگ جو خلقت میں معزز ہونا چاہیں ان کو چاہئے کہ شب جمعہ کی رات کاغذ یا چاندی کی تختی کا ہر ایک مربع وضع کریں۔ جو حسب ذیل ہو۔

یامعز	اعزنی	بعزتك	یاعزیز
۵۰۰	۱۰۴	۱۲۹	۱۳۷
۱۰۳	۴۹۷	۱۴۰	۱۳۰
۱۳۹	۱۳۱	۱۰۲	۴۹۸

اس نقش کے نیچے لکھیں۔

اللّٰهُمَّ سَخِرْ جَمِيْعَ خَلْقِكَ كَمَا سَخَّرْتَ لِسُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

ساتھ چال دی جاتی ہے تا کہ اصل لوح پر کرنے میں آسانی ہو۔ چال کے مطابق خانہ جات پر کریں۔ مثلاً پہلا خانہ میں یا معز لکھیں دوسرے میں ۱۲۹۔ تیسرے میں ۱۳۰ اسی طرح پورا نقش اصل کے مطابق پر کریں۔

نقش بھرنے کا طریقہ

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

لوح کے اوپر موکل کا نام طلکفا ئیل لکھیں بوقت تحریر بخور لوبان کا جلائیں تنہا کمرہ میں کام کریں باوضو ہوں لکھتے وقت کسی سے بات نہ کریں۔ اس کا حامل عزیز خلق ہوگا دور دور تک شہرہ ہوگا۔ لوگوں سے کام نکالنا آسان ہوگا۔ اونچے طبقہ کے لوگوں میں بات مانی جائے گی۔

2)۔۔۔ بے پناہ مال حاصل کرنے کیلئے

وہ لوگ جن کی آمدن خلقت کی آمد سے متعلق ہے وہ اس وقت سے خاص فائدہ اٹھا سکتے ہیں تو ان کے لئے یہ نقش خلقت کا رجوع لائے گا اس کو بھی کاغذ پر یا چاندی پر تیار کریں آیت یہ ہے:

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَ جَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِش ۔عدد ۲۱۹۹

اسے مخمس میں لکھیں۔ یہ مخمس ذوالکتابت ہوگا۔ خانہ اول میں اپنا نام لکھیں (والدہ کی ضرورت نہیں) تین خانوں میں آیت ہوگی پانچویں خانہ میں یارزاق ہوگا۔ نقش کے نیچے وہی تسخیر والی عزیمت لکھنی ہوگی

اللّٰهُمَّ سَخِّرَ جَمِيْعِ خَلْقِكَ كَمَا سَخَرَتِ لِسَلِيْمَانَ بن داوٗد عليه السلام

مثلاً واصف برنی کے نام کی لوح بنانی ہو تو وہ اس طرح بنے گی۔ پہلے خانہ میں نام لکھیں اور اس کے اعداد نکال کر خانہ ۲، ۳، ۴، ۵ پر کر لیں رفتار بھی ساتھ دی گئی ہے اس کے مطابق پر کریں۔ واصف برنی کے اعداد ۴۳۹ ہیں۔ خانہ ۲ میں ۴۴۰۔ خانہ ۳ میں ۴۴۱۔ خانہ ۴ میں ۴۴۲۔ خانہ ۵ میں ۴۴۳ ہوں گے باقی تمام خانے اسی طرح پر کریں جیسا کہ نقش میں دیئے ہیں۔

نقش یہ ہے:۔

بے اولادی کورس

(صرف مردوں کیلئے)



قیمت

2500.00 روپے

علاوہ ڈاک خرچ

اولاد پیدا کرنے کے قابل نہیں ان کے مادہ تولید میں وہ جرثومے کمزور ہیں جو اولاد کا سبب بنتے ہیں۔ وہ یہ کورس ضرور استعمال کریں اور اولاد کی نعمت پائیں۔

آپ بھی باپ بن سکتے ہیں!

واصف برنی	لقد مکنکم فی الارض	وجعلنا لکم	لیھا معایش	یارزاق
۵۱۸	۳۲۰	۴۴۰	۱۴۲۸	۲۵۱
۱۴۲۹	۲۴۷	۵۱۹	۳۲۱	۴۴۱
۳۲۲	۴۴۲	۱۴۳۰	۲۴۸	۵۱۵
۲۴۹	۵۱۶	۳۱۸	۴۴۳	۱۴۳۱

رفتار مخمس

۱	۲۵	۱۹	۱۳	۷
۱۴	۸	۲	۲۱	۲۰
۲۲	۱۶	۱۵	۹	۳
۱۰	۴	۲۳	۱۷	۱۱
۱۸	۱۲	۶	۵	۲۴

اس نقش کو پشت پر تسخیر خلق کا نقش لکھیں جو **یامعز اعزنی بغز تک یاعزیز** کا ہے۔

اس نقش یا لوح کو گلے میں ڈالیں یا سیدھے بازو پر باندھیں یا اس جگہ رکھیں جہاں آپ روپیہ رکھتے ہیں تو رجوع خلق بے حد ہوگا آمدن بہت ہوگی اور مالا مال ہوں۔ بعض اوقات یہ لوح دیر سے کام کرتی ہے۔ جو بہر حال ۹۰ دن کا وقفہ ہوتا ہے تو اس سے گھبرائیں نہ بلکہ پورے اعتماد و یقین سے اس سے کام لیں تا کہ اللہ پاک ان آیات و اسماء کی برکت قائم کر دے۔

☆☆☆☆☆

ایک نقش زندگی کے بڑے بڑے مسائل کا حل

ذیل میں عامل کامل حضرات کا ایک خاص نقش تحریر کیا جاتا جو کہ اپنی مثال آپ ہے اور اسکے کمالات واقعی روز روشن کی طرح واضح ہیں، نیچے ذکر کردہ پانچ بڑے بڑے مسائل کے ساتھ ذکر کردہ آیات اپنے مطلوبہ مقاصد کے لیے لگاتے جائیں اور کمالات اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔ (ان شاء اللہ)

مقطعات کی سورۃ چہاردہم القصص کے خواص

یوم چہاردھم القصص ۲۸

۱۵۵۸	۳۹۰۲۷۳	۸۶	۵۹۳۵	۱۴۳۷
۸۹	۵۹۳۳	۱۴۳۵	۱۵۶۱	۳۹۰۲۷۱
۱۴۳۸	۱۵۵۹	۳۹۰۲۷۴	۸۷	۵۹۳۱
۳۹۰۲۷۲	۸۵	۵۹۳۴	۱۴۳۶	۱۵۶۲
۵۹۳۲	۱۴۳۹	۱۵۶۰	۳۹۰۲۷۰	۸۸

وفق=۳۹۹۲۸۹

حاسداور دشمنوں سے نجات

اگر دشمن تنگ کرنے پر آمادہ ہوں تو اس وفق کولکھ کراس کے ہر چہار طرف یہ آیت لکھ کراس وفق کو اپنے پاس رکھے اور اس آیت کا ورد کرے تو دشمنوں سے نجات ملے۔

''رَبِّ نَجِّنِیْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ''(القصص:۲۱)

بچے گھر میں رہیں اور کبھی گم نہ ہو

اگر کسی بچے میں گھر سے باہر رہنے کی عادت ہو تو اس وفق کولکھ کر، اس کے ہر چہار طرف یہ آیت لکھ کر اس بچے کے گلے میں ڈال دے تو اس کو گھر میں رہنے کی عادت پڑے اور وہ کبھی گم نہ ہوگا۔

''عَسٰی رَبِّیْۤ اَنْ یَّھْدِیَنِیْ سَوَآءَ السَّبِیْلِ ''(القصص:۲۲)

رزق کی تنگی سے نجات.... نیک بیوی ملے

اگر کسی آدمی کے رزق میں تنگی ہو تو اس وفق کو ہر چہار طرف یہ آیت لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اس پر رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔ اگر کنوارا ہے تو اسے نیک زوجہ ملے گی۔ اس آیت کو لازم ہے کہ ہر نماز کے بعد ایک سو بار پڑھ کر دعا مانگتا رہے تاوقتیکہ اس کا مقصود اسے حاصل ہو۔

''رَبِّ اِنِّیْ لِمَاۤ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ''(القصص:۲۴)

دشمنوں کی کوئی سازش کامیاب نہ ہو

اگر کسی کے لئے مخالفوں نے ریشہ دوانیوں کے جال بچھائے ہوں اور ہر طرح سے جکڑنے پر آمادہ ہوں تو اس وفق کولکھ کر، اس کے ہر چہار طرف یہ آیات لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ان آیات کا ورد اپنے معمول میں رکھے تو دشمنوں کی کوئی سازش کامیاب نہ ہوگی۔

''لَا تَخَفْ قف نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ''(القصص:۲۵)''وَاللّٰهُ عَلٰی مَا نَقُوْلُ وَکِیْلٌ ''(القصص:۲۸)

'' اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ قف اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِیْنَ ''(القصص:۳۱)

ظالم اپنے ظلم کا خود شکار ہو

اگر کسی جابر یا ظالم کی طرف سے خدشہ ہو کہ وہ نقصان پہنچانے کا عندیہ رکھتا ہے تو اس وفق کے ہر چہار طرف یہ آیت لکھ کر، اس کے نیچے اس جابر یا ظالم کا نام بمعہ والدہ لکھ کر اور دفق پر اسی آیت کو ایک سو ایک (۱۰۱) بار دم کر کے اسے کسی اکیلے درخت میں باندھے تو وہ جابر اپنے ظلم کا خود ہی شکار ہو جائے گا۔

''وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ قف کُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ط لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ''(القصص:۸۸)

تیس روزے
تیس عبادتیں
رمضان المبارک کے ہر لمحہ کو کارآمد اور پُرنور بنانے کی آسان اور مقبول عبادات
جمع و ترتیب
شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

رمضان
المبارک کے
ہر لمحہ کو کارآمد
اور پرنور
بنانے کی
آسان اور
مقبول
عبادات

ایسے اعمال جو آپ کی زندگی بدل دیں

سانس کی تکلیف کا علاج

''یَا حَمِیْدُ'' روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھا کریں اور چودھویں رات میں کورے برتن میں سورۂ ناس لکھیں اور اس میں پانی بھر کر کچھ پئیں اور باقی سے وضو کریں۔

دودھ کی کمی دور کرنے کا عمل

پسے ہوئے نمک پر باوضو گیارہ گیارہ مرتبہ درج ذیل آیات پڑھ کر پھونکیں اور وہ نمک، ماش کی دال میں ڈال کر عورت کو کھلایا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

''وَالْوَالِدٰتُ یُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَیْنِ کَامِلَیْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ یُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ''(البقرہ: ۲۳۳)

''وَ اِنَّ لَكُمْ فِی الْاَنْعٰمِ لَعِبْرَةً نُسْقِیْكُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَیْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ''(النحل: ٦٦)

گمشدہ لڑکی یا چیز کی بازیابی کے لئے

اَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللهِ وَاَصْبَحْتُ فِیْ جَوَارِ اللهِ

سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں۔

جادو، واپس جادوگر پر جائے

سفید مرغ کو باوضو ذبح کر کے اس کے تازہ خون سے ایک کاغذ پر ''جادو برسر جادوگر'' لکھ کر جہاں مریض سویا ہو وہاں اس کاغذ کو چھت پر اس طرح لٹکا دیں کہ کاغذ مریض کے سینہ کے مقابل رہے۔

آنکھوں کی گئی ہوئی بینائی واپس لانے کیلئے

کَمْ اَبْرَأَتْ وَصِبًا بِاللَّمَسْ رَاحَتُهٗ
اَوْ اَطْلَقَتْ اَوْبًا مِنْ رِبْقَةِ اللَّمَمِ

اس شعر کو روزانہ سات مرتبہ باوضو پڑھ کر مریض کی آنکھوں پر دم کریں۔

☆☆☆☆☆

بارہ گھروں کی کہانی علم نجوم کی زبانی

علم نجوم میں تمام امور کو بارہ گھروں سے اخذ کیا جاتا ہے۔ جو پیدائش کے زائچہ سے مرتب ہوتے ہیں۔ علمی طور پر ان بروج کو حمل سے شروع کرتے ہیں۔ اس لئے وہی اس کا پہلا گھر گنا جاتا ہے۔ گویا پہلا گھر حمل کا ہوگا۔ دوسرا ثور کا ہوگا اور اسی طرح زائچے کے بارہ گھر بارہ بروج سے متعلق ہیں۔ گھروں کے امور کو بروجی تعلقات سے کواکب کی پوزیشن کو معلوم کر کے اور بروج کے حاکم ستاروں سے تعلقات کو مدنظر رکھ کر حال معلوم کیا جاتا ہے۔ صحیح اندازوں کے لئے صرف گھروں سے معلوم نہیں کیا جاتا۔ بلکہ ان گھروں کے متعلقہ بروج کو بھی پڑھا جاتا ہے۔

انھیں بارہ گھر کہا جاتا ہے۔ ہاتھ کے جن حصوں کو بارہ گھروں سے متعلق کہا گیا ہے وہ یہ ہیں: ۔

پہلا گھر: یہ خودی، ذاتی زندگی، وجاہت، حرکات اور قوت ارادی سے متعلق ہے ہاتھ میں اس کا علاقہ انگوٹھا، مریخی ابھار، زندگی، دل اور دماغ سے متعلق ہے۔

دوسرا گھر: یہ روپیہ، مالیات، آمدن سے متعلق ہے ہاتھ میں اس کا علاقہ شمس، زہرہ، مشتری کے ابھار، شمسی لائن اور قسمت کی لکیر کا ہے۔

تیسرا گھر: یہ اعزاء، چھوٹے سفر اور فہم وفراست وغیرہ سے متعلق ہے ہاتھ میں اس کا علاقہ ابھار عطارد، خاندانی لکیر، سر کی لکیر اور سفری لکیر سے متعلق ہے۔

چوتھا گھر: یہ جائیداد، خصوصاً زمین و مکانات، خاندان، جائے سکونت، گھر یا مقام، زندگی کے انجام سے متعلق ہے۔ ہاتھ میں اس کا علاقہ زحل قمر اور مشتری کے ابھار، شمسی لکیر، قسمت اور دل کی لکیر کا ہے۔

پانچواں گھر: یہ خوشیوں، انعامی اسکیموں کی آمدن، شہوانی تعلقات، بچوں وغیرہ سے متعلق ہے، ہاتھ میں اس کا علاقہ زہرہ، قمر اور شمس کے ابھار حلقہ زہرہ اور بچوں کی لکیر کا ہے۔ چھٹا گھر: یہ امراض، ملازمت، ملازمین وغیرہ سے متعلق ہے۔ ہاتھ میں اس کا علاقہ عطارد کے نیچے مریخ کا ابھارا، ابھار قمر، صحت، زندگی اور دل کی لکیر ہے۔

ساتواں گھر: یہ محبت، شادی، شراکت، قانونی چارہ جوئی سے متعلق ہے۔ ہاتھ میں اس کا علاقہ قمر، زہرہ کا ابھار، تقاطع اور متوازی لائنیں، زندگی کی لکیر، دل کی لکیر، شادی کی لکیر اور ان سے ملی ہوئی لکیریں ہیں۔

آٹھواں گھر: یہ موت، حادثات، آپریشن، ترکہ وغیرہ سے متعلق ہے۔ ہاتھ میں اس کا علاقہ مریخ، قمر اور زحل کے ابھار، ابھار زہرہ سے لے کر یا ابھار مریخ سے لے کر زندگی کی لکیر، دل کی لکیر، دماغ کی لکیر، شمسی لکیر، صحت اور شادی کی لکیروں کی تقاطع لائنیں ہیں۔

نواں گھر: یہ مذہب، روحانی قدروں، طویل یا غیر ممالک کے سفروں سے متعلق ہے۔ ہاتھ میں اس کا علاقہ ابھار مشتری، شمسی، قمر، زندگی کی لکیر اور قمری ابھار پر واقع لائینوں کا ہے۔

دسواں گھر: یہ پیشہ، معاش، مرتبہ وغیرہ سے متعلق ہے۔ ہاتھ میں اس کا علاقہ نمایاں انگلی اور ابھار اور عطارد کا ابھار اور انگلی، قسمت کی لکیر اور شمسی لکیر کا ہے۔

گیارہواں گھر: یہ دولت اور امیدوں سے متعلق ہے۔ ہاتھ میں اس کا علاقہ زہرہ شمس اور قمری ابھار۔ دل کی لکیر کی شاخیں، زندگی، قسمت اور شمسی لکیر کے متوازی لکیریں ہیں۔

بارہواں گھر: یہ مشکلات، دشمنی، قید و بند وغیرہ سے متعلق ہے ہاتھ میں اس کا علاقہ مریخ، قمر اور زہرہ کے ابھار پر واقع لائنیں جو زندگی کی لکیر قسمت کی لکیر اور شمسی لکیر اور دوسری لائنوں کو کاٹتی ہوں۔

پیدائش پر غالب ستاروں کے اثرات معلوم کرنے کے لئے سب سے پہلے ہم یہ معلوم کریں گے کہ یہ شخص


الرجی کورس
قیمت
600.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
دائمی نزلہ الرجی
ناک کی ہڈی کا بڑھنا
ناک کا بند رہنا
ان تمام امراض کیلئے انتہائی

کس قسم کا ہے۔ ہم اس کا اندازہ اس کے ہاتھ ناخنوں اور ظاہری وجاہت سے لگائیں گے۔ جب یہ معلوم ہوجائے گا کہ یہ کس برج سے متعلق ہے تو زندگی کے خاص امور کو ہاتھ کی متعلقہ لائنوں اور ابھاروں سے معلوم کریں گے۔ مثلاً ہم زحل کے بچوں کے حالات کو جاننا چاہتے ہیں تو ظاہر ہے کہ زحل بچوں کی کثرت کے خلاف ہے۔ لہٰذا ہم زہرہ کا ابھار اور بچوں کی لائن کا مطالعہ کریں گے۔ اگر ابھار زہرہ عمدہ ہوگا تو ہم زندگی کی اولین عمر میں بچوں کا ہونا بیان کریں گے اگر یہ ابھار واضح نہ ہوگا تو بانجھ پن کی علامت ہوگی خواہ بچوں کی لائن موجود ہو لیکن اگر آدمی زہرہ کا ہے تو خواہ وہ ابھار کم ہوگا تب بھی متعدد بچوں کی پیشن گوئی کی جاسکتی ہے۔ بچوں کی حالت کو بچوں کی لائن سے بیان کیا جائے گا۔ پہلی صورت میں ہم اندازہ لگائیں گے کہ جب ابھار زہرہ کمزور ہو نیچا ہو تو پانچویں گھر کی نحوست ہوگی۔ یا زائچہ میں اس کے حاکم کی چھٹے یا آٹھویں یا بارہویں میں حالت نحس ہوگی اور جہاں زہرہ کا آدمی ہو اور ابھار نیچا ہو تو ہم کہیں گے۔ پانچویں گھر کا حاکم کمزور برج میں واقع ہوگا لیکن دوسرے ستاروں سے اس کے نظرات سعد ہوں گے۔ لہٰذا ستاروں کی پوزیشن ہاتھ سے معلوم کی جاسکتی ہے اور یہ یقینی ہے کہ ہاتھ اور زائچہ میں ستاروں کی پوزیشن اور حالت ایک ہی ہوگی۔

☆☆☆☆☆

تنتر، منتر، سحر، جنات، ہمزاد کی حقیقت

جادو میں تنتر، منتر سے کام لینا

جادو جس میں تنتر منتر سے کام لیا جائے۔ اس کا تعلق صرف جنات ہی سے ہے۔ تنتر میں کچھ کام کئے جاتے ہیں اور منتر میں الفاظ پڑھے جاتے ہیں جس کے ہمراہ کچھ کام بھی کیا جاتا ہے سب جانتے ہیں الفاظ میں بڑی قوت ہے۔ منتر کے ذریعے جنات یا دیوتاؤں کی مدد مانگی جاتی ہے۔ اس کو وکیل وکارساز بنایا جاتا ہے اور مدد کی طلب کی جاتی ہے۔

جادو دو قسم کا ہوتا ہے۔ ایک نظر بندی دوسرا اصلیت بدل دینا۔ نظر بندی میں انسانی خیال دھوکا کھاتا ہے جیسا کہ موسیٰ علیہ السلام فرعون کے واقعہ میں ہے۔ سَحَرُوْٓا اَعْیُنَ النَّاسِ (پارہ۹ رکوع ۲)۔ یعنی لوگوں کی نظر بندی کر دی۔ جادوگروں نے جب رسیاں پھینکیں تو معلوم ہوتا تھا سانپ چل رہے ہیں۔ جب رسول اللہ ﷺ پر جادو کیا گیا تو آپ ایک کام کر لیتے تھے لیکن خیال ہوتا تھا کہ نہیں کیا یا کام نہیں کرتے تھے تو خیال کرتے تھے کہ کر لیا ہے۔ جادو کی دوسری قسم میں اصلیت بدل جاتی ہے۔ مثلاً جادو کے زور سے کسی انسان کو جانور کی شکل میں بدل دینا یا جادوگر کا جادو کے ذریعہ ہوا میں اڑنا۔

جادو سیکھنے والی ایک عورت کا تذکرہ

حاشیہ بیضاوی میں لکھا ہے کہ جادو وہ ہے جو کسی حرام فعل یا قول کی وجہ سے جو قوت وقدرت، خارق عادت ہوتی ہے۔ تفسیر نیشاپوری میں ہے کہ بعض اقسام سحر میں وہ ہیں جن میں ارواح ارضیہ سے مدد چاہی جاتی ہے۔ بعض تسخیر جنات کے عمل بھی اس قسم کے ہوتے ہیں ایک قسم جادو کی یہ ہے کہ جنات وغیرہ زمین والوں کی روحوں سے امداد واعانت طلب کرتا ہے۔ ان روحوں سے تعلق قائم کرنا جادو کے ذریعہ ہی ممکن ہے

آسیب زدہ اور سحور میں فرق یہ ہے کہ آسیب زدہ پر جن خود مسلط ہو جاتا ہے اور سحور پر عامل یا جادوگر افعال والفاظ کے ذریعہ یا کچھ کھلا کر مسلط کر دیتا ہے۔ تفسیر ابن جریر میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد علاقہ دومتہ الجندل کی ایک عورت حضرت محمد ﷺ کی تلاش میں آئی۔ اس نے حضرت عائشہؓ سے اپنا واقعہ بیان کیا کہ میرا شوہر مجھ سے ناراض ہو کر کہیں چلا گیا ہے۔ میں نے ایک بڑھیا سے اس کا ذکر کیا وہ بڑھیا دوسرے روز دو کتے لے کر میرے گھر آئی ایک پر خود سوار ہوئی دوسرے پر مجھے سوار کیا پھر ہم دونوں بابل پہنچیں۔ یہاں پہنچ کر دیکھا

کہ دو شخص زنجیروں سے جکڑے ہوئے لٹک رہے ہیں وہ اصل میں دونوں جادوگر تھے۔ بڑھیا کے کہنے پر میں نے ان دونوں جادوگروں سے جادو سیکھنے کی خواہش ظاہر کی انہوں نے منع کیا جب میں نہ مانی تو انہوں نے کہا کہ جا تو پہلے اس تنور میں پیشاب کر آ۔ میں گئی تو مجھے ڈر لگا اور بغیر پیشاب کئے واپس آ گئی اور کہہ کر آئی انہوں نے پوچھا تو نے کیا دیکھا۔ میں نے کہا کچھ نہیں دیکھا۔ انہوں نے کہا کہ تو نے پیشاب ہی نہیں کیا اور ابھی تیرا کچھ نہیں بگڑا۔ تیرا ایمان سلامت ہے۔ جادو نہ سیکھ لیکن میں نہ مانی پھر پیشاب کرنے کو کہا گیا تو میں پھر جا کر بغیر پیشاب کئے واپس آ گئی اور وہی کہا جو پہلے کہا تھا۔ اب میں تیسری بار گئی اور پیشاب کیا تو دیکھا کہ ایک گھوڑے پر سوار منہ پر نقاب ڈالے آسمان پر چڑھ گیا ہے۔ میں نے واپس آ کر ان سے کہا تو انہوں نے کہا کہ یہ تیرا ایمان تھا جو چلا گیا۔ یعنی اب تو بے ایمان ہو گئی اب جا تجھے جادو آ گیا۔ میں نے گھر آ کر تجربہ کیا یعنی ایک دانہ گیہوں زمین پر ڈال کر کہا اُگ جا۔ وہ فوراً اُگ گیا۔ میں نے کہا گندم کا سٹہ پیدا ہو جائے۔ فوراً پیدا ہو گیا میں نے کہا سوکھ جائے فوراً سوکھ گیا۔ میں نے کہا دانے الگ ہو جائیں تو فوراً دانے الگ ہو گئے میں نے کہا آٹا بن جائے۔ آٹا بن گیا۔ میں نے کہا روٹی پک جائے۔ روٹی پک گئی۔

بعض مفسرین نے لکھا ہے کہ حضرت سلیمانؑ نے زمانہ نبوت میں سحر و کہانت کی کتابیں اپنی کرسی کے نیچے دفن کرادی تھیں تا کہ کسی کے ہاتھ نہ لگ جائیں پھر حضرت سلیمانؑ کی وفات کے بعد جنات نے نکال کر ان کی شہرت کی۔ اسی وجہ سے یہود حضرت سلیمانؑ کی نبوت کے منکر تھے اور جادوگر کہتے تھے۔ انبیائے اللہ جو معجزات دکھاتے تھے تو کافی انہیں جادوگر سمجھتے تھے۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ کو بھی کہا گیا۔ ’’ھٰذَا سِحْرٌ كَذَّابٌ‘‘ (پ ۲۳ رکوع ۱۰) یعنی یہ تو جادوگر اور جھوٹے ہے (معاذ اللہ)۔ حضرت موسیٰؑ و حضرت ہارونؑ کے بارے میں کہا گیا۔ ’’اِنَّ ھٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ‘‘ (پ ۱۶ رکوع ۱۲) یعنی دونوں جادوگر ہیں۔ (معاذ اللہ)

جس شخص پر سحر ہوتا ہے اس پر ایک جن مسلط کر دیا جاتا ہے وہ انسان کو مجبور کر کے وہی کام کراتا ہے جس کے لئے یہ جن مسلط کیا گیا تھا اور مسحور مثل ایک مخبوط الحواس کے ہوتا ہے اسی وجہ سے کفار انبیاء علیہم السلام کو (معاذ اللہ) مسحور کہتے تھے۔

ہمزاد کیا اور کون ہے

ایک جن اور ہوتا ہے جسے عاملین ہمزاد کہتے ہیں قرین بھی کہتے ہیں لیکن اس کی خاصیت و اہلیت جنات کے طبقہ سے الگ ہوتی ہے اس لئے کہ یہ انسان کے ہمراہ ہوتا ہے اور ہر وقت انسان کے ساتھ رہتا ہے۔ جو آدمی نیک ہوتا ہے اس کا ہمزاد بھی نیک ہوتا ہے جو آدمی کفر و شرک میں مستغرق رہے اس کا ہمزاد بھی کافر و مشرک ہوتا ہے مرد انسان کے ساتھ جن اور عورت کے ساتھ جنیہ پیدا ہوتی ہے، عاملین اس اپنے ہمزاد ہی کو اعمال کے ذریعہ اپنا فرمانبردار اور مطیع بنا لیتے ہیں اور عندالضرورت اس سے کام بھی لیتے ہیں لیکن یہ جادو میں نہیں آتا۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ روایت کرتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ تم میں سے کوئی آدمی نہیں جس

عامل کامل بننے کے راز
عامل ہر کوئی، کامل کوئی کوئی... !کیا آپ واقعی عامل کامل بننا چاہتے ہیں...؟
اگر ہاں... !تو اس کتاب سے محبت اور اس کی قدر کریں۔
افادات: حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی
پی ایچ ڈی (امریکہ)

عامل ہر کوئی، کامل کوئی کوئی! کیا آپ واقعی عامل کامل بننا چاہتے ہیں؟ اگر ہاں تو اس کتاب سے محبت اور اس کی قدر دانی کریں۔ آج ہی اپنی کاپی بک کروائیں۔

کے ساتھ ایک جن اور ایک فرشتہ موکل نہ ہو اور عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ ہر ایک آدمی کے ساتھ اس کا ایک قرین موکل ہوتا ہے لوگوں نے پوچھا۔ کیا آپ ﷺ کے ساتھ بھی فرمایا میرے ساتھ بھی مگر اللہ تعالیٰ نے مجھ کو اس پر غالب کر دیا ہے وہ اسلام لے آیا۔

قرآن میں ہے ”وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا“ (پ ۵، رکوع ۳) یعنی اور جس کا ہم نشین اور ساتھی شیطان ہو۔ یہاں قرین کو شیطان کہا گیا ہے ایک اور جگہ ہے فرمایا گیا ہم نے ان کے کچھ ہم نشین مقرر کر رکھے ہیں (پارہ ۱۵ رکوع ۱۰) میں ہے۔ ”حتیٰ اِذا جآءَ“ آیت کا مطلب یہ ہے کہ جب ہمارے (اللہ کے) پاس آئے گا کہے گا میرے اور تیرے (قرین یعنی شیطان کے ساتھی) کے درمیان مشرق و مغرب جتنی دوری ہوتی۔ تو بڑا برا ساتھی ہے اور ایک جگہ پارہ ۲۵ (رکوع ۱۶) میں ہے ”قال قرینہ“ یعنی اس کا قرین کہے گا کہ اے ہمارے رب میں نے گمراہ نہیں کیا تھا بلکہ یہ خود ہی گمراہی میں تھا۔

ان آیات سے یہ مفہوم ثابت ہوا کہ قرین و شیطان ایک ہی سے ہے جو آدمی کے ساتھ ہے اس کو جن بھی کہا گیا ہے احادیث سے بھی یہی ثابت ہے چونکہ یہ ہمہ وقت انسان کے ساتھ اور پاس رہتا ہے اس لئے اسے ساتھی، قرین کہا گیا ہے اس کو ہمزاد یا ہم نام بھی کہتے ہیں۔ دیگر جنات سے الگ اسے ایک اہم مقام حاصل ہے۔

جنات کی بنیادی دو قسمیں

جنوں کی قسمیں تو بے شمار ہیں لیکن پیدائش کے لحاظ سے دو ہیں ایک تو وہ طبقہ جن کی اولاد ماں باپ سے ہوتی ہے جیسے انسان کی۔

دوسری قسم وہ جو انسان کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں لڑکے کے ساتھ لڑکا۔ لڑکی کے ساتھ لڑکی اور جب یہ لڑکا یا لڑکی مر جاتی ہے تو وہ جن یا ہمزاد مرتا نہیں بلکہ آزاد ہو کر علیحدہ رہتا ہے۔

بڑے بھوت کی حیرت انگیز معلومات

عورتوں پر جو اثرات ہوتے ہیں ان میں سے ایک مقرون ہے۔ مقرون کا مطلب ہے جس پر قرین کا اثر ہو یہ عورتیں زمانہ حمل میں بیمار رہتی ہیں اور عموماً ۹ ماہ سے پہلے ہی اسقاط ہو جاتا ہے اور پیدا ہونے کے بعد مر جاتا ہے یا، اگر کچھ زندہ رہا تو سوکھ کر یا رنگ بدل کر مر جاتا ہے ایسے بچے عموماً چالیس دن کے اندر یا سال دو سال میں مر جاتے ہیں۔ ہندی میں اسے مسان کہتے ہیں۔ مسان کے معنی ”بڑا بھوت“ کے ہیں جو نابالغ بچے مر جاتے ہیں یہ ان کا قرین ہوتا ہے اس وجہ سے نہ تو عامل کے بلانے سے بولتا ہے اور نہ نشان و مقام بتاتا ہے۔

عمل ہمزاد بگڑنے کے نقصانات

تجربہ ہے کہ جس شخص کا ہمزاد یا قرین بگڑ جائے گا وہ اس پر اپنا اثر ڈال دے گا۔ اگر یہ اثر جان لیوا نہ ہو تو مخبوط الحواس کر دیتا ہے۔ بڑے آدمی جو ہمزاد کو تابع کرنے کے عمل کرتے ہیں تو وہ جس مقصد کے لئے عمل کرتے ہیں ناکام عمل کی صورت میں اس مقصد کو ضبط کر لیتے ہیں مثلاً ایک شخص ہمزاد کا عمل اس لئے کرتا ہے کہ اس سے روپیہ حاصل کرے یا ریس وسٹہ کا نمبر معلوم کرے تو اگر عمل فیل ہوا تو ہمزاد اس کی آمدن روک دے گا اور تنگ حال کر دے گا۔ اگر کسی شخص نے ہمزاد کا عمل اس نیت سے کیا کہ وہ فلاں لڑکی کو قابو کر کے شادی کرے گا تو عمل ناکام ہونے میں اس شخص کی شادی کہیں نہ کرنے دے گا۔ اس کے علاوہ ناکام ہونے کی صورت میں جا بجا نظر آتا رہتا ہے۔

قرین اور جنات کی مختلف علامتیں

قرین اور جنات کے اثرات کی علامات مختلف ہوتی ہیں۔ جنہیں عامل پہچان لیتے ہیں۔ بعض ہندو عامل جب مردہ جلتا ہے تو پاس بیٹھ کر عمل کرتے ہیں۔ چار کیل گاڑ کر اوپر کچا سوت باندھ کر ایک چوکور جگہ بنا لیتے ہیں۔ عمل پڑھتے ہیں تو اشک شعلہ چتا سے آ کر تار پر چلتا ہے۔

ساتویں چکر تک عامل ہاتھ مار کر بجھا دیتا ہے اور نیچے جس قدر مٹی ہاتھ آتی ہے وہ اٹھا کر ڈبیہ میں بند کر لیتا ہے۔ اس میں اس مردہ کی روح قابو آ گئی تو وہ ایک چٹکی جس شخص کو کھلا دیتا ہے اس پر مسان آ جاتا ہے۔ یہ اثر اس مردہ کے ہمزاد کا ہوتا ہے بعض کا ہمزاد ان کو خبریں دیتا ہے اگر سوتے وقت اپنا نام لے کر کہیں مجھے جگا دینا یہ بھی قرین یا ہمزاد کا کام ہے کہ وہ وقت پر اٹھا دیتا ہے اکثر قبروں پر جو منتیں ہیں وہ بھی صاحب قبر کا قرین انہیں پورا کرتا ہے۔ جنات، ہمزاد اور شیاطین کا عمل کے ذریعہ تابع کرنا ممکن ہے بہت لوگ عمل کرتے ہیں کچھ کامیاب بھی ہو جاتے ہیں یہ دراصل حضرت سلیمان علیہ السلام کے معجزات جاریہ میں سے ہے وہ جس فطرت کے ہوں اس کے مطابق کام کرتے ہیں بعض لوگ بغیر خلاف شرع کام کئے اور بغیر شرکیہ اعمال والفاظ پڑھے۔ ہمزاد یا جن کو تابع کر لیتے ہیں اس میں کوئی ہرج نہیں۔

☆☆☆☆☆

تیر بہدف اعمال برائے حاجات دینی ودنیوی

سحر خلائق

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِنُصْرَةِ الضُّعَفَآءِ وَالْخَلْقُ عَجَزُوا عَنْ ذَالِكَ ۔ اَللّٰهُمَّ سُدَّ لِسَانَ الْاَعْدَآءِ وَلَا تُشْمِتْ بِهِ الْاَعْدَاءَ وَاظْفُرْلِیْ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَعْدَآءِ قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۔ اِنَّ اللهَ سَیُبْطِلُهٗ اِنَّ اللهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ وَیُحِقُّ اللهُ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِهٖ وَلَوْ کَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ وَصَلَّی اللهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ ۔ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔ اس دعا کو روزانہ پانچ بار کسی وقت پڑھ لیا جائے۔ عام مخلوق اچھی نظر سے دیکھے گی۔ زبان بندی، صحت یابی، گفتگو اور خیر کی بات زبان سے نکلے گی۔

تیر بہدف عمل برائے حاجات دینی ودنیوی

روزانہ ایک بار صبح اور ایک بار شام سورۂ یٰسین شریف پڑھ لیا کریں۔ تمام آفات سے حفاظت رہے گی اور فراخی رزق ہوگی۔ ہر کام بخیر وخوبی پورا ہوگا۔ تمام لوگ ہمیشہ خوش رہیں گے۔ نیز کوئی شخص نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ جو دعا مانگیں گے، انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہوگی۔

بدمزاج عورت کی اصلاح کے لئے

اگر زوجین میں اختلاف رہتا ہے اور کسی طرح نہیں بنتی تو ذیل کی آیات کو روزانہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھیں۔ صبح وشام سجدہ میں جا کر دعا مانگیں کہ ''اے پروردگار! میری بیوی کو میرا مطیع اور فرمانبردار بنا دے''۔ ہفتہ عشرہ نہ گزرے گا کہ کمال محبت ہو جائے گی۔ وہ آیت پاک یہ ہے:۔

''اِنَّ وَلِیِّ اللهُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتٰبَ وَهُوَ یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ''(سورۃ الاعراف:۱۹۶)

برص وپھلبہری
برص پُھلبہری کورس

برص پُھلبہری سے مایوس
افراداب پریشان مت ہوں
برص پُھلبہری اب لاعلاج نہیں

قیمت
500.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

انتہائی کم قیمت بے بہا فائدہ

زحل کی ساعت کے بارے میں اہم معلومات

بدنصیبی کا احساس

کائنات میں ہر ذی روح اجسام کا آغاز اور انجام لابدی اور یقینی ہے لیکن اس آغاز اور انجام کے درمیان کا عرصہ یا وقت عدم مراجعت کہلاتا ہے اور جب بھی انسان اپنی زندگی میں مشکلات اور مصائب کا شکار ہو جاتا ہے تو وہ اپنے آپ کو بدنصیب کہتا ہے بلاشبہ یہ تجویز درست اور حقائق پر مبنی ہے، یہ دور انحطاط انسان کی اپنی فکر و جہد کی خامیوں کی وجہ سے اس پر مسلط ہوتا ہے عطارد سفر، تحریر و تقریر اور قوت فیصلہ پر اثر انداز ہوتا ہے یا یوں کہیے کہ یہ تحریر و تقریر قوت فیصلہ سے تعلق رکھتا ہے

عطارد جو قوت خیال تحریر و تقریر کا ستارہ ہے اپنی قوت سے زحل کا بھرپور مدافعانہ مقابلہ کرتا ہے اور ان دائرہ میں وقوع پذیر لائن جو زندگی میں غیر یقینی حالات پیدا کر کے کئی مصائب اور آلام لانے کا باعث بنتی ہیں ان کے اثرات کو زائل کرنے کے لئے عطارد کا بھرپور اثر ہی حوصلہ بخشی اور نتیجہ خیز ثابت ہوتا ہے۔

بسا اوقات ایک ایسا شخص اپنی شہ خرچی اور ناعاقبت اندیشی کی وجہ سے فوراً ہی برے حالات کا شکار ہو جاتا ہے اور پھر اسے احساس ہوتا ہے کہ یہ میری غلط سوچ اور عدم توجہی کی وجہ سے نتیجہ نکلا ہے تو اب اسے کف افسوس ملنے کے سوا کچھ نہیں ملتا۔ اس طرح کوئی شادی شدہ عورت اور مرد جب عشق کے اسیر ہوتے ہیں تو عدم توجہی اور جذبات کی رنگینی میں گرفتار ہوتے ہیں اس لئے وہ اس بات کا سوچنا قطعی گوارا ہی نہیں کرتے کہ ان کا یہ اقدام ان کی گھریلو زندگی میں طوفان لانے کا باعث ہو سکتا ہے ایسا نہ سوچنا ان کی انسانیت کا علمبردار ہونا اور ناپختہ فکری صلاحیتوں کا سبب تصور ہوتا ہے اور جب حالات یک بیک ان گرفت سے باہر ہو جاتی ہیں تو پھر واپس پلٹنے کی سوچتے ہیں لیکن یہ قطعی ناممکن ہوتا ہے۔ ایسا ہونا انہی دو ستاروں کی وجہ سے ہوتا ہے عطارد فکری صاحیتوں کو روبہ عمل لانا چاہتا ہے لیکن زحل فکری صلاحیتوں کو مفلوج کرتا ہے ایسے حالات میں نقشے میں موجود ان دو ستاروں کے زیریں میں جو دائرے موجود ہیں وہ ایسے حالات انتہائی ناگفتہ بہ ہو جاتے ہیں۔ اور پھر ان کو سنوارنا ناممکن ہو جاتا ہے یہی وہ مقام ''عدم مراجعت'' تصور ہوتا ہے۔ عدم مراجعت کے معنٰی ہیں جہاں سے واپسی ممکن نہ ہو۔ ایسے حالات کا درست ہونا معجزہ ہی تصور ہوتا ہے مگر ایسا شاذ ہی ہوتا ہے ان حالات کا شکار افراد اپنے تمام دوستوں سے برگشتہ اور بدگمان رہنے لگتے ہیں اس کے باوجود ان حالات کی ذمہ داری خود قبول نہیں کرتے بلکہ دوسروں کے سر تھوپنے کے عادی ہو جاتے ہیں۔ ان حالات پر اصلاحی گرفت ڈالنے میں نجوم کے اثرات مددگار ہوتے ہیں۔ اگرچہ اثرات نجوم ضائع شدہ اسباب یا مفلوج شدہ تعلقات یا تلف شدہ حقوق تو واپس نہیں لا سکتے البتہ مستقبل کے لئے رہنمائی کرتے ہیں اور تب ہی سے بچنے کے راستے متعین کر سکتے ہیں۔

زحل کا سبق

فریقین اپنی ''انا'' کی تضحیک اور تردید برداشت نہیں کرتے یا یوں سمجھیں وہ اپنی خفتہ ''انا'' کی تعریف سننے کے سوا اور کچھ برداشت نہیں کرتے حالانکہ ہمیں اپنے اوپر طاری مشکلات سے سبق حاصل کرنا چاہیے اور سبھی کے لیے یہی لازم ہے۔ زحل ہر کام میں تاخیر اور رجعت پیدا کرتا ہے علاوہ ازیں یہ ہمیں سبق بھی سکھاتا ہے کہ انسان کو آسان کوشش نہیں بلکہ سخت کوشش اور جہد پیہم کا عادی ہونا چاہیے کیونکہ زحل کے اثرات مشکلات اور جہد مسلسل کی دعوت دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہمیں عطارد کی ہمہ گیر خوبیوں سے ہمیشہ پرامید ہونا چاہیے کیونکہ زندگی میں اہم امور جو قوت فکر سے متعلق ہوتے ہیں وہ اسی کے زیر اثر ہوتے ہیں چنانچہ ہمیں اچھے حالات کے لئے تعمیر فکر اور تعمیری کوشش کا سہارا لینا ضروری سمجھنا چاہیے کیونکہ ہمارے لاشعور میں جو تفکراتی آندھیاں کلبلا رہی ہیں وہ اسی ستارے کے اثرات کے سبب اور ''زعم خودی کی وجہ سے سمٹ جاتی ہیں لیکن اس کے لئے تعمیری عمل کی ضرورت ہے''۔

ایک مثال پیش خدمت ہے جو اس تعمیری فکر کا نمونہ ہے وہ یہ کہ جب کوئی شخص یہ کہتا ہے کہ یہ حالات میرے بس میں ہیں میں اپنی قوت عمل سے ان پر قابو پا سکتا ہوں۔ تو اس کا مطلب صاف اور واضح ہے کہ عطارد کی تعمیری صلاحیتیں اس کی رہنما ہیں اس وجہ سے وہ ''بزعم خود'' یہ دعویٰ کرتا ہے۔ یہی تعمیری فکری پہلو ہے۔ عطارد کے اثرات کا پہلو یہ بھی ہے کہ وہ انسانی ذہن میں متبادل راہیں متعین کرنے اور فکری صلاحیتوں کو متبادل ذرائع پر استعمال کرنے کی جرأت بھی دیتا ہے اور یہی ارادہ اور عمل تمام تر تفکرات اور پشیمان کن اثرات سے نکال لانے کا باعث ثابت ہوتا ہے اور انسانی ذہن بے بسی کے زنگ سے بچ جاتا ہے کیونکہ اس کے جذبات کی اتھاہ گہرائیوں میں ''قوت خودارادی'' موجزن ہوتی ہے۔

عطارد کی قوت اور فطرت آپ کو ہر معاملہ پر غور و فکر کی دعوت دیتی ہے حقیقت میں عطارد دماغی صلاحیتوں کا آئینہ دار ہونے کی وجہ ہر فرد کو زندگی کے معاملات میں غور و فکر کی تحریک کا سبق دیتا ہے جب آپ اپنی مقدور بھر جہد اور دماغی صلاحیتوں کو توجہ کا مرکز بنا لیتے ہیں تو پھر کسی بھی معاملے کا نتیجہ آپ کی کوششوں کے خلاف نہیں ہو سکتا کیونکہ عطارد ملی جلی اوصاف کا مالک ہے اس لئے عملی صلاحیتوں کو ہر پہلو پر روبہ عمل لاتا ہے۔

عطارد کا تخریبی عمل ذہنی ارتعاشات کو منفی اثرات کا شکار بناتا ہے اور انسان ذہنی پریشانی بے کلی اور اضطراب محسوس کرنے لگتا ہے یہ تمام حالات ایسے ہیں جو ہماری زندگی میں وقوع پذیر ہو کر اپنی قوتوں کو روبہ عمل لائے بغیر ختم نہیں ہوتے اس لئے ان کو ''مقام عدم مراجعت'' کا نام دیا گیا ہے یہ دور انتہائی ذہنی انتشار کا ہوتا اور کوئی معجزہ ہی ان حالات کو درست کر سکتا ہے ایسے وقت میں اگر کوئی انسان یہ سوچے کہ میں اپنی ذات پر مکمل بھروسہ رکھتا ہوں اور اپنی طبع پر مضبوط گرفت رکھتا ہوں تو یہ ایک مجنونانہ بڑ کے سوا کچھ نہیں ان حالات میں عموماً انسان مالی دباؤ محسوس کرتا ہے اور بالعموم ایسے دور میں دھوکہ دہی کا مرحلہ بھی وجود میں آ سکتا ہے۔

زندگی میں تکلیف دہ تفکرات کے سائے جب کبھی مسلط ہوتے ہیں تو عطارد والے بالخصوص اس سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں اور یہ دور واقعی بے حد اہم ہوتا ہے اور ایسے میں اگر کوئی یہ کہے اسے اپنی فکری صلاحیتوں پر مکمل گرفت حاصل ہے تو بلاشبہ یہ قابل یقین بات نہیں ہو سکتی ہے دراصل احساسات کی وسعتوں اور خیالی رنگینوں کے توسط سے ایسا سوچنا ہی وہ فعل ہے جس کی وجہ سے انسان اپنی فکری صلاحیتوں کو اپنی گرفت میں محسوس کرتا ہے۔ یہی وہ وقت ہے جہاں انسان کو نہایت غور و خوض سے کوئی عملی قدم اٹھانا چاہیے ورنہ ذرا سی غفلت ناقابل تلافی نقصان سے ہمکنار کر سکتی ہے۔ اور دوسرے افراد کی نظروں میں ایسے شخص کی حیثیت ایک مجنوں کی سی ہو کر رہ جاتی ہے۔


اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا (القرآن)
اہلِ بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین
سے جینا سیکھیں
تدوین
شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی
پی ایچ ڈی (امریکہ)

اہل بیت اطہار رضوان اللہ علیہم اجمعین کا وہ عظیم خانوادہ جنہوں نے نبوت کی آغوش میں تربیت پائی اور نور نبوت سے جن کی گھٹی میں محبت، پیار، وجاہت، وقار، الفت، سخاوت، شجاعت، دریادلی علم کے سمندر رچ بس گئے اس مقدس گھرانے جن کی زندگی کا ہر ہر انداز قابل رشک اور قابل تقلید بن گیا اور جن کا حرف حرف ہیرے موتی سے زیادہ آبدار نظر آنے لگا۔ آیئے ان مبارک ہستیوں سے جینا سیکھیں۔

ایک خاص کیفیت پریشان حالی کی یہ بھی ہوتی ہے انسان ذہنی پریشانیوں کا شکار ہوتا ہے وہ ''زعم خودی'' میں اپنی ناکامیوں کو ظاہر نہیں کرنا چاہتا تو وہ بات کا موضوع بدل کر دوسرے شخص سے منسوب کر کے اس کی ذہنی پریشانیوں کا ذکر کرتا ہے حالانکہ وہ خود اپنی پریشانی بیان کر رہا ہوتا ہے یہی وہ تخریبی پہلو ہے۔ زحل کے اثرات ایسے عالم میں انتہائی تکلیف دہ ثابت ہوتے ہیں ایسے عالم میں لاشعور میں یہ بات جاگزیں ہو جاتی ہے یا کلبلاتی رہتی ہے کہ یہ کرو یا بالکل نہ کرو جو بالعموم انسانی فکر منفی طرز عمل میں ظاہر ہوتی ہیں۔ جب نیچا دکھانے کی کوشش کرتے ہیں اور اسے ہر انداز میں

زک پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں یہی اندازِ فکر ان کے لئے خوش کن ہوتا ہے حالانکہ یہ انتہائی پریشانیوں کی آئینہ دار حقیقت ہوتی ہے۔

جب زحل کی تخریبی قوتیں عروج پر ہوتی ہیں تو انسان کی ہر تدبیر ناکام ثابت ہوتی ہے ہر منصوبہ خاک میں مل جاتا ہے ایسے افراد ایک نادیدہ خوف سے خائف رہتے ہیں مگر اس کے باوجود وہ اپنی قابل غور حالت پر غور کرنے کے بجائے خود فریبی میں مبتلا رہتے ہیں اور ان اسباب پر نظر ڈالنے کی کوشش نہیں کرتے جن کی وجہ سے ان پر دور انحطاط طاری ہوتا ہے اسی طرح تمام زحل کے افراد ایک نادیدہ خوف اور ذہنی بے بسی اور مجنونانہ اندازِ فکر کو اپنا لیتے ہیں۔

گزشتہ حالات سے سبق

دراصل ان تمام تر ناکامیوں کا تجزیہ کیا جانا چاہیے اور سوچنا چاہیے کہ ایسا کیوں ہوا اگر اپنی حماقتوں اور ناکامیوں پر پردہ ڈالنے کی کوشش کر کے انہیں بھول جانے کی سعی کرینگے۔ تو تکلیف دہ مستقبل کی بنیاد بن جاتا ہے۔ خود فریبی اور لااابالی پن ایسے حالات میں مستقبل کو تباہ کر دیتا ہے اور انسان ترقی کی خواہش کرنے کے باوجود پس ماندہ رہ جاتا ہے زحل کے اثرات تو آپ کے لئے آئینہ ہیں اس میں خامیوں کا عکس دیکھ کر تجربہ کیجئے اور تعمیری انداز اختیار کر لیجئے اور اگر آپ نے ایسے حالات سے سبق نہ سیکھا تو پھر زحل کی تخریب پسندی آپ کو ایسا سبق پڑھائیگی جسے آپ قطعی نہ بھول سکیں گے اور اگر آپ ایسے حالات میں گرفتار ہیں تو فوراً تعمیری جہد شروع کیجئے اور اسباب اختیار کیجئے۔ ایسے میں آپ کے لئے آسانیاں رہنما بن جائیں گی اور آپ ان کے تخریبی اثرات سے بچ نکلنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ زحل کی تخریب کاریوں کا دائرہ اتنا وسیع اور گہرا ہے کہ نہ کوئی شخص عبور کر سکتا ہے نہ دوڑ کر طے کر سکتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

زندگی میں نکھار پیدا کرنے والے واقعات

زوہیب ذیشان، حویلی لکھا

بیر پتھر کے بن گئے۔۔۔ کیوں اور کیسے؟

حضرت مفتی الٰہی بخش صاحبؒ نے دہلی کے زمانہ قیام کے چند عجیب و غریب واقعات نقل کیے ہیں۔ شاہ جہاں آباد دہلی کے نواح میں بیروں کے ایک باغ میں ایک درویش کا گزر ہوا۔ اس وقت بیر لگے ہوئے تھے اور پھل آ رہا تھا۔ اس درویش نے باغبان سے بیر مانگے۔ باغبان نے ترش روئی کے ساتھ کہا: ''یہاں بیر نہیں، پتھر ہیں، جی چاہے تو کھا لے'' درویش کو غصہ آ گیا اور غضب ناک ہو کر کہا ''اگر پتھر ہیں تو پھل کے بجائے پتھر ہی اٹھانا''۔ یہ کہا اور چل دیا۔ اچانک باغبان کی نظر جو بیروں پر پڑی تو تمام بیر پتھر کے بن چکے تھے۔ سخت افسوس کیا۔ لیکن اب افسوس سے کیا فائدہ ہو سکتا تھا؟ لوگ حیرت اور تعجب سے ان بیروں کو، جو پتھر بن گئے تھے، دوسری جگہ لے جاتے تھے۔ اور زہر مہرہ کی طرح امراض میں کام میں لاتے تھے۔ چنانچہ ان میں سے کچھ بیر بادشاہ زمان شاہِ عالم کے دربار میں بھی پہنچے۔ بادشاہ نے ان کو استاد الاساتذہ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحبؒ کی بارگاہ میں پیش کیا۔ اس وقت اس بندہ گنہگار (مفتی الٰہی بخش صاحبؒ) نے بھی اس کو عبرت کی نگاہ سے دیکھا۔ بڑے سوکھے ہوئے بیر کے برابر سخت پتھر تھا۔ جو دیکھنے میں بالکل بیر معلوم ہوتا تھا۔ اوپر سے گدلا اور اندر سے سفید۔ اصلی بیر سے امتیاز مشکل ہوتا تھا۔ ان اللہ علی کل شیءٍ قدیر۔

خلق خدا میں کسی کو بھی حقیر نہیں سمجھنا چاہیے۔ کون جانتا ہے کہ اللہ تعالیٰ عزوجل کے مقبول بندے کس حال میں مل جائیں؟ لہٰذا ہمیشہ خود کو کمتر اور دوسرے کو برتر یا کم از کم اپنے سے کمتر کو اپنے برابر سمجھیں۔ اگر خدانخواستہ کسی درویش یا فقیر (اس سے پیشہ ور فقیر مراد نہیں ہیں) کی بددعا لگ گئی تو تمام زندگی کف افسوس ملتے رہ جائیں گے۔

بلی کی خدمت مغفرت کا ذریعہ

حضرت بایزید بسطامیؒ کو کسی نے بعد وفات کے خواب میں دیکھا۔ پوچھا ''آپ کے ساتھ کیا معاملہ ہوا؟'' فرمایا ''جب میں پیش کیا گیا تو پوچھا گیا کہ اے بایزید کیا لائے؟'' میں نے سوچا کہ نماز روزہ وغیرہ سب اعمال تو اس قابل نہیں کہ پیش کروں البتہ ایمان تو بفضلہٖ تعالیٰ ہے۔ اس کے لیے عرض کیا کہ ''توحید''۔ ارشاد ہوا ''اما تذکر لیلة اللبن'' یعنی دودھ والی رات یاد نہیں؟

قصہ یہ ہوا تھا کہ حضرت بایزید بسطامی رحمہ اللہ کے ایک شب پیٹ میں درد ہوا تو ان کی زبان سے نکل گیا کہ دودھ پیا تھا، اس سے درد ہو گیا۔ اس پر شکایت ہوئی کہ درد کو دودھ کی طرف منسوب کیا اور فاعل حقیقی کو بھول گئے۔ پھر ارشاد ہوا کہ ''اب بتلاؤ کیا لائے؟'' عرض کیا ''اے اللہ! کچھ نہیں''۔ فرمایا کہ ''ایک عمل تمہارا ہم کو پسند آیا ہے۔ ایک مرتبہ بلی کا بچہ سردی میں مر رہا تھا۔ تم نے اس کو لے کر اپنے پاس لٹا لیا۔ اس کی وجہ سے بخشتے ہیں''۔ رہ گئی ساری کی ساری بزرگی اور تمام حقائق اور دقائق و معارف، سب کالعدم ہو گئے۔

قبروں کی شکستگی مغفرت کا ذریعہ

حضرت حکیم الامت نور اللہ مرقدہٗ فرماتے ہیں ''الرحمۃ المہداۃ'' میں ہے ہے کہ ایک نبی علیہ السلام ایک مقبرہ پر گزرے، جس میں نئی سی قبریں بنی ہوئی تھیں۔ پاس گئے تو معلوم ہوا کہ اکثر معذب (عذاب میں) ہیں۔ دعا کی اور آگے گزر گئے۔ کچھ عرصہ کے بعد پھر وہاں گزر ہوا، جبکہ قبریں شکستہ ہو گئی تھیں۔ قریب پہنچے تو معلوم ہوا کہ سب کے سب مغفور اور روح و ریحان میں ہیں۔ حیرت ہوئی اور جناب باری میں عرض کیا کہ ''مرنے کے بعد ان کا کوئی عمل تو ہوا نہیں، پھر مغفرت کا سبب کیا ہوا؟ فرمایا ''جب ان کی قبریں شکستہ ہو گئیں اور کوئی ان کا پوچھنے والا نہ رہا تو مجھے رحم آیا اور مغفرت کر دی''۔

☆☆☆☆☆

پراسرار روحانی طاقتیں حاصل کرنے کے طریقے

روح اور ملائکہ کے کشف حاصل کرنے کا طریقہ

طالب کو چاہیے کہ داہنی طرف ''سُبُّوْحٌ'' اور بائیں طرف ''قُدُّوْسٌ'' اور آسمان کی طرف ''رَبُّ الْمَلَائِکَةِ'' کہے اور دل پر ''وَالرُّوْحِ'' کی ہزار مرتبہ ضرب لگائے اور مطلوب کی طرف توجہ کرے۔ پس روح اور ملائکہ سے بیداری یا خواب میں ملاقات ہو گی اور اگر دو ہزار مرتبہ ضرب لگائے گا جلد مقصود حاصل ہو گا۔

بے مثالی کشف اور بلیات سے نجات کیلئے

داہنی طرف یَا اَحَدُ اور بائیں طرف یَا صَمَدُ اور سر کو



اصلاح
معدہ و جگر پیکیج
اصلاح معدہ و جگر پیکیج
قیمت
440.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
بھوک چمکانے' غذا کو ہضم کرنے
معدے کے تمام امراض
اور پھر سے جزو بدن بنانے کیلئے
عجیب و غریب اثرات کا حامل پیکیج

شانے کی طرف پھیر کر ’’یاحی‘‘ اور دل میں ’’یاقیوم‘‘ ضرب کرے انشاء بے مثالی کشف حاصل ہوگا اور اس کے ساتھ ساتھ تمام آفات و بلیات سے بھی نجات ملے گی۔

ہر بیماری سے شفایابی حاصل کرنے کا طریقہ

اگر کوئی شخص کسی بیماری میں مبتلا ہے تو اس عبارت ’’درست یا احد در چپ یا صمد آسمان یا وتر در دل یا فرد‘‘ کو ہزار مرتبہ پڑھے تو اللہ کے فضل سے اس بیماری سے شفاء پائے۔

مشکل کاموں کے آسان کرنے کا طریقہ

تہجد کی نماز کے بعد ہزار دفعہ داہنی طرف ’’یاحی‘‘ بائیں طرف ’’یاقیوم‘‘ آسمان کی طرف ’’یاوھاب‘‘ اور دل میں ’’یااللہ‘‘ کی ضرب لگائے اور دعا کرے تو اللہ کے فضل وکرم سے بڑی سے بڑی مشکل کو اپنی آنکھوں سے نہایت ہی آسان ہوتا دیکھے گا۔

کشف القبور کا طریقہ

پہلے اکیس دفعہ ’’یارب‘‘ کہے بعدہٗ آسمان کی طرف ’’یاروح‘‘ اور قبر پر ’’یاروح‘‘ اور دل پر ’’یاروح الروح‘‘ کی ضرب لگائے۔ میت کا حال خواب میں یا کسی اور طرح سے ضرور معلوم ہو جائے گا۔

کشف القبور کا دوسرا طریقہ: دوسرا طریقہ یہ ہے کہ قبر کے ساتھ بیٹھ کر پہلے میت پر فاتحہ پڑھے۔ پھر آسمان کی طرف ’’اَکْشِفْ لِیْ یَانُوْرُ‘‘ اور دل پر بھی ’’اَکْشِفْ لِیْ یَانُوْرُ‘‘ اور قبر پر ’’عَنْ حَالِہٖ‘‘ کی ضرب لگائے اور قلب کی طرف متوجہ ہو۔

آپ ﷺ سے روحانی ملاقات کی سعادت حاصل کرنے کا طریقہ

چاہئے کہ حضرت ﷺ کی صورت مثالیہ کا تصور کر کے درود پڑھے اور داہنی طرف ’’یَااَحْمَدُ‘‘ اور بائیں طرف ’’یَامُحَمَّدُ‘‘ اور دل میں ’’یَارَسُوْلَ اللّٰہِ‘‘ ہزار مرتبہ کہے۔ علانیہ یا خواب میں دولت دیدار سے مشرف ہوگا۔

ہر حاجت پوری کرنے کیلئے

جو کوئی مشکل یا مہم یا حاجت پیش آئے۔ اسمائے حسنیٰ میں سے اس کے موافق اسم لے کر سہ ضربی یا چہار ضربی میں مشغول ہو۔ مثلاً کشائش رزق کے لئے ’’یَارَزَّاقُ‘‘۔ شفائے مریض کے لیے ’’یَاشَافِیْ‘‘ نقصان پہچانے والی چیزوں سے بچنے کے لیے ’’یَاحَفِیْظُ‘‘ فاقہ سے بچنے کیلئے ’’یَاصَمَدُ‘‘ رفع دشمن کے لئے ’’یَامُذِلُّ‘‘ دفع بلیات اور کشادگی دل کے واسطے ’’یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ‘‘ اور علیٰ ہذا القیاس۔

اہل اللہ کی نسبت معلوم کرنے کا طریقہ

اہل اللہ کی نسبت دریافت کرنے کا طریقہ خواہ وہ زندہ ہو یا مردہ! یہ ہے کہ اگر زندہ ہے اس کے سامنے۔ اگر مردہ ہے تو قبر کے سامنے بیٹھے اور اپنے نفس کو ہر نسبت سے خالی کر کے درگاہ علام الغیوب میں التجا کرے۔ ’’یَاعَلِیْمُ یَاخَبِیْرُ یَامُبِیْنُ‘‘ اور دعا کرے کہ یا اللہ مجھ کو خبر دے اور اس شخص کی کیفیت باطن سے مجھ کو آگاہ کر اپنی روح کو اس کی روح میں ملا دے۔ پھر تھوڑی دیر کے بعد اپنی ذات کی طرف رجوع کرے۔ پس جو اپنے نفس میں کیفیات پائے۔ سمجھے کہ یہ نسبت اس شخص کی ہے اور خطرے کی پہچاننے کا بھی یہی طریق ہے کہ اپنے نفس کو ہر خطرہ اور حدیث النفس سے خالی کر کے دل سے اس کے قلب کی طرف متوجہ ہو۔ پھر جو کچھ خیر یا شر دل میں گزرے۔ اسی کی طرف سے سمجھے۔

کشف حاصل کرنے کا نہایت آسان طریقہ

اپنے دل کو تمام خطروں سے پاک کر کے اوّل جناب الٰہی میں دعا کرے۔ یَااللّٰہُ یَاعَلِیْمُ یَاخَبِیْرُ یَامُبِیْنُ۔ مجھ کو اس واقعہ کی خبر دے

پس اگر تمام خطرے منقطع ہو جائیں اور کشف کا انتظار جیسے پیاسا پانی طلب کرتا ہو۔ اپنی روح کو ساعت بساعت ملاء اعلیٰ یا ملاء اسفل کی طرف حسب استعداد نہایت ہمت سے متوجہ کرے۔ پس وہ واقعہ آواز ہاتف یا خود دیکھنے سے یا خواب میں معلوم ہو جائے گا۔

بلیات کے دور کرنے کا طریقہ

طریقہ معینہ سے اس بلا کی صورت مثالیہ کا خیال کر کے ہمت اور قوت سے دفع بلاء کی طرف توجہ کرے امداد الٰہی سے دفع ہوگی۔ مگر یہ تصرفات عجیبیہ و غریبیہ بغیر حصول نسبت فنا و بقا کے حاصل نہیں ہوتے اور یہ معاملے اکثر وسط درجے کے سالکوں سے واقع ہوتے ہیں اور منتہیوں سے امور کونیہ مذکورہ میں التفات نہ ہونے کی وجہ سے کم ظاہر ہوتے ہیں اور جاننا چاہئے کہ عارف کے تمام مکشوفات کا صحیح اور مطابق واقع کے ہونا ضروری نہیں ہے۔ اس لئے کشف وقائع امور ظنیہ میں سے ہے کہ خطا کا احتمال بھی رکھتا ہے اور کبھی بالکل واقع کے خلاف بھی ہو جاتا ہے۔ پس ایسے امور کا یار و اغیار کے سامنے ظاہر کرنا فضول ہے۔

مشکلات دنیوی سے نجات کیلئے

مشکلات دنیوی سے نجات حاصل کرنے کیلئے، خواہ وہ پریشانیاں کسی بھی قسم کی کیوں نہ ہوں، دفع امراض، دفع وبا، دفع دشمن، دفع مصائب، اور ناگہانی حادثات یا خوف سے بچنے کیلئے ایک موثر طریقہ بیان کرتا ہوں جو شخص جس مقصد کیلئے کرے گا انشاء اللہ کبھی ناکام نہ ہوگا۔
''بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَلۡبَاطِنُ'' 2100 مرتبہ کھانے یا میٹھے پانی پر پڑھ کر دم کریں اور تمام اہل خانہ کو کھلائیں، اس اسم معظم کی برکت سے تمام گھر والے حیرت انگیز حفاظت کے نظام میں آجائیں گے اور کوئی بلا یا علت ان تک نہ پہنچ سکے گی۔

☆☆☆☆☆

یَا حَسِیۡبُ کے ذریعے مشکلات کا حل

انتخاب، بلال پراچہ

یہ اسم مشترک ہے اور اس کے اعداد اسی (۸۰) ہیں۔

برے ہمسائے اور دشمن سے حفاظت

اگر کوئی اکتالیس (۴۱) بار وسوسہ کو دور کرنے کے لئے اور برے ہمسایہ کے شر سے اور دشمنوں کی دشمنی سے بچنے کے لئے پڑھے تو محفوظ و مامون رہے۔

آنکھ کے زخم اور خوف کا علاج

اور اگر کسی کی آنکھ میں زخم ہو گیا ہو یا کوئی اور خوف طبیعت میں پیدا ہو گیا ہو تو وہ صبح شام ستر (۷۰) مرتبہ ایک ہفتہ تک اس اسم کو پڑھتا رہے۔ اللہ تعالیٰ حفظ و ایمان میں رکھیں۔ اس کا وظیفہ یہ ہے: ''حَسۡبِیَ اللّٰہُ الۡحَسِیۡبُ'' اور اس کے پڑھنے کی ابتداء چاند کی پہلی


شوگر کا
کامیاب علاج

تحقیق و تالیف:
حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ
پی ایچ ڈی (امریکہ)

شوگر ایک جان لیوا مرض ہے لیکن لاعلاج نہیں……! موجودہ کتاب اس مرض کو تفصیل سے بیان کرتی ہے۔ یہ کہنا بجا ہوگا کہ مصنف نے سمندر کو کوزے میں بند کر دیا ہے اور اس میں ایک خاص الخاص نسخہ بھی دیا گیا ہے جس سے الحمدللہ! ہزاروں مریض صحت یاب ہوئے ہیں یہ کتاب کسی نعمت سے کم نہیں۔

جمعرات سے کرے۔ بحکم خدا مراد کو پہنچے۔

چور، برے ہمسایہ، دشمن اور نظر بد سے حفاظت

جو کوئی چور، برے ہمسایہ، دشمن، نظر بند سے ڈرے تو آٹھ دن تک صبح وشام مذکورہ طریقے سے ستتر (۷۷) مرتبہ روزانہ ''حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ'' پڑھے۔ اللہ جل مجدہ مامون ومحفوظ رکھے اور جو اثرات ہوں، وہ جاتے رہیں۔ آٹھ دن تک یہ وظیفہ جاری رکھے۔

الحسیب کا نقش معظم

۷۸۶

۱۲	۲۷	۲۶	۱۵
۲۴	۱۷	۱۸	۲۱
۱۶	۲۲	۲۳	۱۶
۲۵	۱۴	۱۳	۲۸

☆☆☆☆☆

یَاجَلِیْلُ کے ذریعے اپنی زندگی خوبصورت بنائیں

یہ اسم جلالی ہے اور اس کے اعداد تہتر (۷۳) ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے سچی محبت

جو شخص روزانہ سات مرتبہ اس کا وظیفہ پڑھے، اسے اللہ تعالیٰ سے سچی محبت ہو جائے۔

جلال اور رعب کیلئے

اور اگر اوّل وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے اور درمیان میں ۱۰۰ مرتبہ یہ وظیفہ پڑھے۔ صاحب جلال ہو جائے اور لوگوں پر اس کا رعب چھا جائے۔

حصولِ عزت وتعظیم

اور اگر کوئی اس کا نقش مقدس مشک اور زعفران سے لکھ کر اس کا پانی پئے یا اس کا نقش اپنے پاس رکھے تو تمام خلائق میں اس کی توقیر وتعظیم بڑھے اور اس کی عظمت بلند ہو۔

الجلیل کا نقش معظم

۷۸۶

۱۰	۲۶	۲۴	۱۳
۲۲	۱۵	۱۷	۱۹
۱۸	۲۰	۲۱	۱۴
۲۳	۱۲	۱۱	۲۷

زندگی میں بے قراری کی وجہ اور نظرات قمر و زحل

(۱) جب قمر بعض کواکب سے نحس حالت رکھتا ہو اور بعض سے سعد بھی ہو تو ایسے وقت میں کوئی کام کرے تو نہ اپنے کو فائدہ ہوگا۔ نہ دوسرے کو جب ایک ستارہ سے نظر سعد ہو اور دو ستاروں سے نحس نظر ہو تو عمل بیکار ہوگا۔ (۲) جب دو سعد ستارے اس سے ناظر ہوں اور ایک ستارہ نحس بھی ناظر ہو تو کوئی کام کیا جائے۔ وہ بحکم خدا پورا ہوگا۔ بلکہ نحس کا صدقہ کردیں تو بہتر ہوگا۔ مثلاً زحل ہو تو کالا بکرا یا کالا مرغا، مریخ ہو تو مینڈھا یا سرخ رنگ کی گائے یا سرخ رنگ کا مرغا صدقہ کریں۔

قران قمر و زحل کے بارے میں دلچسپ معلومات

(۳) اگر زحل قمر سے قران کرے تو ناقص ہے۔ (۴) اگر زحل کا قران کسی آتشی ستارہ کے ساتھ ہو تو جنگ و فساد کی خبر ملتی ہے۔ (۵) اگر زحل کا قران کسی بادی ستارہ کے ساتھ ہو تو دو چیز کا اتفاق ہوتا ہے۔ ہوا سے نقصان یا بیماری کا اندیشہ۔ (۶) اگر زحل کا قران کسی خاکی ستارہ سے ہو تو دو امر کا اتفاق ہوتا ہے، بیماری کا اندیشہ یا رزق میں کمی۔ (۷) اگر زحل کا قران کسی آبی ستارہ سے ہو تو دو امر کا اتفاق ہوتا ہے خشکی یا دریا کے متعلق اہم خبر ملے۔ (۸) اگر قمر زحل سے قران کرے تو ہر کام کے لئے ناقص ہوتا ہے۔ اس وقت جو کام کرے اس میں تکلیف اٹھائے، مشقت اور سختی پیش آئے۔ اگر اس وقت اولاد پیدا ہو تو زندہ نہ رہے۔ اگر اس وقت گھر بنائے تو اس میں جن بھوت کا دخل ہو جائے۔ اگر جہاز یا کشتی پر سوار ہو تو غرق ہو جائے اور وہ کشتی منزل مقصود تک نہ پہنچ پائے۔ نیا کپڑا پہنا جائے تو آئندہ کپڑا مشکل سے ملے۔ اگر اس نظر میں درخت لگائے تو وہ درخت پھل نہ دے گا۔ اگر اس وقت صدر یا وزیر یا کسی سے بھی وفا کا دم بھرے تو بے فائدہ ثابت ہو۔ بلکہ ضرر و نقصان درپیش رہے۔ اگر کوئی صدر یا وزیر اس وقت حلف اٹھائے تو عدل، وفا اور خدمت سے قاصر رہے۔ بلکہ جابر و قاتل ثابت ہو اور لوگوں کو اس طرح کھائے جیسا کہ لکڑی کو گھن کھاتا ہے باطل راستہ پر حکم چلائے جس کے ذرا سا بھی خلاف ہو۔ اس کی جائیداد تباہ کردے۔ بادشاہ ہو تو ۱۵ سال سے زیادہ حکومت نہ کرے صدر ہو تو سات سال سے زیادہ نہ رہ سکے۔ وزیر ادنیٰ ہو تو ڈھائی سال سے زیادہ نہ رہ سکے۔ (۹) اگر کوئی اس نظر میں مکان بنائے تو فقر و فاقہ پیش آئے۔ یا مرجائے۔ مکان میں جنات بھی داخل ہوں۔ برخلاف اس کے اس نظر میں نحس کام کرے تو کامیابی ہو۔ اگر دشمن اس وقت گھر سے نکلے تو مکان میں داخل نہ ہوگا۔ (۱۰) اس مقارنہ میں کوئی کام کرے تو پھر صدقہ دے۔ تاکہ نحس اثر سے محفوظ ہو۔ صدقہ کالی چیز کا ہوتا ہے۔ کالی گائے یا کالی بھیڑ یا مرغا یا سات رنگ کی کالی چیزیں صدقہ دو۔

تثلیث قمر و زحل کے اثرات

(۱۱) اگر دونوں کے درمیان نظر تثلیث ہو۔ یعنی سعد اکبر نظر ہو تو ہر کام میں قوی اور مبارک ہے اگر سفر کرے تو کامیاب ہو، مال تجارت فروخت کرے تو فائدہ

اکسیر البدن

اکسیر البدن
AKSEER-UL-BAD

بے رونق جسم
پچکے گال
دماغی کمزوری
مایوس زندگی
دھنسی آنکھیں

قیمت
300.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

ایسے میں اکسیر البدن صحت کا انمول خزانہ ہے

ہوگا۔ سفر میں جائے تو اپنے گھر صحیح وسلامت واپس آئے اگر اس وقت شادی کرے تو اولاد شریف اور نیک سیرت پیدا ہو اور صاحب برکت ہو۔ اس وقت کھیتی کرے یا باغ لگائے تو برکت ہوگی۔ اگر اس وقت بچہ کا ختنہ کرے تو وہ شریف بن جائے گا اور لوگ اس سے بہتر خوش رہیں گے۔ محبت سے پیش آئیں گے۔ (۱۲) اگر کوئی صدر یا وزیر حاکم حلف اٹھائے تو وفادار مستحکم اور صحیح ثابت ہو۔ اگر صدر یا بادشاہ حلف اٹھائے تو وہ حسب اقرار کام کرے گا اس وقت کسی حاکم کی تقرر مبارک ثابت ہوگی۔ تمام وزراء امراء اس سے محبت کریں گے اندازہ ہے۔ دوسال کی حکومت میں عدل وانصاف قائم کرنے کی کوشش کرے گا۔

تربیع قمر وزحل کے اثرات

(۱۳) جب قمر وزحل میں نظر تربیع ہو تو وہ سب کاموں کے لئے ناقص ہے۔ اگر اس وقت سفر کیا تو مسافرت میں ہی رہے گا۔ غم وفکر اور پریشانی ہوگی۔ اگر نیا لباس پہن لیا تو بیماری بدن میں داخل ہوگی اور آئندہ بھی مشکل سے کپڑا ملے گا۔ اگر اس وقت نکاح ہو تو لڑائی جھگڑا اور تکرار ہو دشمنی پیدا ہو یہ بھی ممکن ہے کہ اس عورت سے مردہ بچے پیدا ہوں یہ بھی ممکن ہے کہ انسانی صورت سے مشابہت نہ رکھے۔ (۱۴) اگر زراعت یا نخل کاری کرے تو وہ زراعت تباہ ہو درخت بھی مرجائے یا پھل دے تو برابر وزن کا نہ ہو۔ اگر اس وقت گھر بنانا شروع کرے تو مال ختم ہو اور فقر وفاقہ پیش آئے۔ اس وقت بچے کا ختنہ کرے تو وہ بے عقل ہوگا۔ یعنی اس کی عقل وفکر جاتی رہے۔ پاگل ہوگا یا پاگل جیسا ہوگا۔ نہ اس سے برکت ہو نہ محبت ہو۔ (۱۵) اگر مذکورہ وقت کوئی حاکم یا وزیر یا صدر حلف اٹھائے یا کوئی جماعت حلف وفاداری اٹھائے تو وطن میں قحط واقع ہو یا بادشاہ تخت نشین ہو تو قحط واقع ہو وزراء اور امراء آپس میں خصومت رکھیں اور حاکم اعلیٰ سحر یا زہر یا تلوار یا گولی سے ہلاک ہوگا۔

تسدیس قمر وزحل کے اثرات

(۱۶) یہ نظر تمام کاموں کے لئے مبارک ہے سعد ہوتی ہے اگر تجارتی سفر کرے تو فائدہ ہو یا سفر کرکے کہیں جائے تو لوگ محبت سے پیش آئیں گے۔ کافی برکت ہو اور صحیح وسلامت واپس ہوگا۔ اگر نیا کپڑا پہنے تو فوری دوسرا کپڑا ملے گا اور بدن بھی نہایت سبک اور تندرست رہے گا اگر اس وقت نکاح کرے تو عورت نیک سیرت ملے۔ بابرکت ہو۔ (۱۷) اگر کوئی سلطان یا صدر اختیارات سنبھالے تو وزراء امراء اس کے ساتھ موافقت کریں گے۔ اگر اس وقت زراعت کرے تو خیر وبرکت ہو۔ اگر کشتی یا جہاز بنائے یا چلائے تو کمائی خوب کرے۔ صاحب کشتی خوش وخرم رہے اگر اس وقت بادشاہ رعایا کے لئے سوگند کھائے تو دونوں نیک دل نیت صادق اور خوش وخرم رہیں۔ جن پر اس کے حکم کا اطلاق ہوگا۔

مقابلہ قمر وزحل کے اثرات

(۱۸) اگر مقابلہ قمر وزحل کا ہو تو وہ ہر کام کے لئے ناقص ہوتا ہے۔ اگر مذکورہ وقت میں سفر کرے تو مسافرت میں ہی رہے اور فقر وفاقہ پیش آئے نیز غور وفکر اور پریشانی لاحق رہے اگر نیا کپڑا پہنے تو علت بدن میں پیدا ہو جائے اور آئندہ کپڑا ابھی جلد نہ ملے۔ (۱۹) اگر اس وقت شادی کی تو عورت تولید کے وقت مرجائے، بنیاد مکان کی رکھی تو صاحب مکان مکان میں داخل ہونے سے بیشتر مرجائے اگر داخل ہوگا بھی تو فقیر و بے نوا ہو جائے گا۔ (۲۰) اگر مذکورہ وقت کشتی یا جہاز بنایا تو کشتی کا مالک آمدن سے قبل ہی مرجائے گا۔ اگر دریا کا کوئی سفر کرے تو غرق ہو۔ اگر کھیتی باڑی کرے یا درخت لگائے تو سورج کی گرمی سے سب کچھ جل جائے۔ (۲۱) اگر بادشاہ یا صدر حلف اٹھائے تو وہ جابر اور قاتل ثابت ہو۔ بے رحم آدمی ثابت ہوگا۔ وطن میں قحط تنگی رزق اور گرانی پیدا ہو۔ (۲۲) اگر اس وقت خشکی کا سفر ہو تو مشکلات پیش آئیں گی۔ اگر کسی جنگ یا فسادزدہ علاقہ میں جائے تو قتل ہو جائے اگر چہ بہت بہادر ہی کیوں نہ ہو یا جل جائے گا یا وطن میں دشمنی کا عمل دخل ہو اور سحر جادو سے بھی تکلیف اٹھائے۔

☆☆☆☆☆

مقطعات کی سورۂ سیزدہم النمل کے خواص

یوم سیزدھم النمل ۲۷

۲۶۳۲	۳۲۵۷۰۲	۹۱	۴۷۹۶	۱۱۵۹
۹۴	۴۷۹۴	۱۱۵۷	۲۶۳۵	۳۲۵۷۰۰
۱۱۶۰	۲۶۳۳	۳۲۵۷۰۳	۹۲	۴۷۹۲
۳۲۵۷۰۱	۹۰	۴۷۹۵	۱۱۵۸	۲۶۳۶
۴۷۹۳	۱۱۶۱	۲۶۳۴	۳۲۵۶۹۹	۹۳

وفق=۳۳۴۳۸۰

بخار سے شفاء ہو

اگر کسی کو بخار ہو تو اس وفق کو لکھ کر اس کے چاروں طرف یہ آیت لکھ کر مریض کو پہننے کے لئے دیا جائے اور ایک وفق اسی طرح اسے عرق گلاب میں دھو کر پلایا جائے تو اس کا بخار اتر جائے گا۔ ''اَنْۢ بُوْرِكَ مَنْ فِی النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ '' (النمل:۸)

گمشدہ چیز واپس پانے کیلئے

اگر کوئی چیز غائب ہوگئی ہو اور اس کی واپسی مقصود ہو یا کوئی چیز ضائع ہوگئی ہو اور اس کا نعم البدل مطلوب ہو تو اس وفق کو لکھ کر اس کے چاروں طرف سے یہ آیت لکھ کر اس کو پہنے اور اسی آیت کو ایک سو گیارہ بار پڑھ کر اس کے وسیلہ سے دعا مانگے تو مقصود حاصل ہوگا۔ لیکن اس آیت کو پڑھنے کے بعد سجدہ تعظیمی باری تعالیٰ کی جناب میں کرے کہ یہ آیت، آیت سجدہ ہے۔ ''اَلَّا یَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِیْ یُخْرِجُ الْخَبْءَ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَیَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ '' (النمل:۲۵)

غم دور ہوں اور خوشیاں ملیں

اگر ہموم و غموم انسان کو اپنی لپیٹ میں لئے ہوئے ہوں اور ان سے جان ہی نہ چھوٹتی ہو تو اس وفق کو لکھ کر اس کے چاروں طرف یہ آیت لکھ کر اس کو اپنے پاس رکھے اور اس آیت کا کھلا ورد رکھے تو اس کے غم دور ہوں اور خوشی حاصل ہو۔ لیکن اس آیت کو پڑھنے کے بعد سجدہ تعظیمی باری تعالیٰ کی جناب میں کرے کہ یہ آیت، آیت سجدہ ہے۔ ''اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ '' (النمل:۲۶)

غائب شخص واپس آجائے

اگر کسی غائب شخص کو واپس لانا ہو تو اس وفق کو لکھ کر اس کے چاروں طرف یہ آیت لکھ کر اس کے نیچے اس



ٹینشن سے فری لائف ہر شخص کی دلی چاہت ہے۔ صوفیائے کرام کی تعلیمات اور جدید تحقیقات کا بہترین سنگم آج ہی طلب فرمائیں اور ٹینشن فری لائف گزاریں۔

غائب کا نام بمعہ والدہ کے لکھ کر اس کو ہوا میں لٹکائے اور ان آیات کو روزانہ ایک سو آٹھ (۱۰۸) بار بوقت نصف شب پڑھ کر اس کی واپسی کی دعا مانگے تو غائب کی واپسی ہوگی اور جب مقصد حاصل ہو جائے تو اس وفق کو اتار کر کسی درخت میں جہاں پاکیزہ پانی سے سیرابی ہوتی ہو، دھو کر اس کی جڑوں میں ڈال دے۔ یہ حکم اس قسم کے تمام اعمال کے لئے ہیں۔ ''اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ''(النمل:۳۰۔۳۱)

غیبی امداد حاصل کرنے کیلئے

اگر کسی معاملے میں غیبی امداد درکار ہو تو اس وفق کو لکھ کر اس کے چاروں طرف یہ آیات لکھ کر اس کو اپنے پاس رکھے اور ان آیات کا کھلا ورد کرے تو اس کو غیبی مدد حاصل ہوگیا۔ ''اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ وَاِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ. قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ اِلَيْكَ طَرْفُكَ ''(النمل:۳۹۔۴۰)

ہر آفات وبلیات سے حفاظت

اگر تمام آفات سے امان مطلوب ہو تو اس وفق کو لکھ کر اسکے ہر چہار طرف یہ آیت لکھ کر اس کو اپنے پاس رکھے اور اس آیت کو ورد کرنے کے بعد مانگ تو اسے تمام آفات سے نجات ملے۔ ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى آللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ ''(النمل:۵۹)

☆☆☆☆☆

جنات اور بھوت پلید کا علاج۔۔۔سورہ کہف

خاصیت اگر عورت یا مرد پر آسیب کا اثر ہو اور واقعی کسی شخص پر جن یا بھوت پلید آتا ہو تین مرتبہ ان مبارک آیتوں کا مریض پر پڑھ کر دم کرنا اور تین بار کسی کاغذ پر لکھ کر مریض کو دکھانا نہایت مفید اور مجرب ہے۔ سورۂ کہف کی آیتیں یہ ہیں: ''وَ يَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَ تَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً وَّ حَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ۔وَ عُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍۭ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ۔وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَ يَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰىهَا وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا۔

سورۂ کہف کے چھ حیرت انگیز فوائد

فائدہ:۔(1) سورۂ کہف کا جمعہ کے دن پڑھنا زمین سے آسمان تک نور پیدا کرتا ہے اور آٹھ دن تک وہ نور برابر قائم رہتا۔(2) پھر اس کے پڑھنے والے کو یہ سارا نور قبر میں اور قبر کے بعد قیامت میں دیا جائے گا۔(3) اس سورۂ کا روزانہ پڑھنا ایمان کی قوت کو زیادہ کرتا ہے اور نور ایمان میں ترقی بخشتا ہے۔(4) جس مکان میں سورہ کہف پڑھی جائے گی کوئی شیطان یا چور اس مکان کا قصد نہ کرے گا۔(5) سورۂ کہف کی تین آیتیں اوّل سے یاد کرنا پھر ان کا ہر روز تین مرتبہ پڑھنا دجال کے فتنہ سے محفوظ رکھے گا۔(6) اگر کسی شخص کو رات کے وقت جاگنا منظور ہو اور کوئی جگانے والا نہ ہو اور خود بھی اٹھنے کی امید نہ ہو وہ شخص عشاء کی نماز کے بعد سورہ کہف پڑھ کر سو جائے انشاء اللہ جس وقت ارادہ کرے اسی وقت آنکھ کھلے گی۔ مجرب عمل ہے۔

☆☆☆☆☆

تیر نظر کا وہ اثر جسے لگا وہ شکار ہے

نظر کی طاقت کے کمالات

ماہرین نفسیات کا قول ہے کہ ”نظر میں بڑا تاثیر ہوتی ہے“ ہم سب چاہتے ہیں کہ لوگ ہماری طرف اچھی نظروں سے دیکھیں ہم کن اکھیوں سے دیکھنے والوں سے بچنا ہی چاہتے ہیں آنکھ ملا کر نہ دیکھنے والے اکثر اپنے دل میں مجرمانہ احساس رکھتے ہیں وہ ڈرتے ہیں کہ کہیں ان کے دل کی گہرائیوں میں چھپے ہوئے خیالات کا بھانڈا نہ پھوٹ جائے۔ صاف اور سادہ لوحی کی سیدھی نگاہ، بشرطیکہ اس میں تلاش نہ ہو۔ مخاطب پر اچھا اثر ڈالتی ہے ارادے کے ساتھ ساتھ گھور گھور کر دیکھنے والی نظر ڈھٹائی اور اکڑ پن ظاہر کرتی ہے اور اسی طرح دیکھنے والے اسی نظر سے اکثر گھبراہٹ کو چھپانے کی اس طرح کوشش کرتا ہے۔ جس طرح ایک بدصورت اداکار ظاہری ٹیپ ٹاپ اور رنگ روغن کی مدد سے خوبصورت بننے کی کوشش کرتا ہے۔

نگاہ نہ صرف مقناطیسی کشش رکھتی ہے بلکہ اپنے اندر طاقت وقوت بھی رکھتی ہے۔ سانپ کی سحر آلود نگاہ سے پرندہ مسخر ہو کر بالآخر درخت سے نیچے گر پڑتا ہے۔ سرکس کا استاد خونخوار شیر کو اپنی نگاہ کے زور سے مغلوب اور بے بس بنائے رکھتا ہے۔ جمی ہوئی نگاہ جو بیبا کی، تحکم اور گستاخی سے خالی ہو ہمیشہ کارگر ہوتی ہے۔ مقصد حاصل کر لیتی ہے اور مخاطب کو راضی وتابع بنا دیتی ہے، بے مقصد اِدھر اُدھر پھرنے والی نگاہ جلد ہی بھٹک جاتی ہے راست باز نظر والا شخص ہمیشہ زیادہ کامیاب رہتا ہے۔ توجہ کی نظر دوسرے فضول خیالات اور پریشان حالی سے محفوظ رکھتی ہے، دل جمعی، اجتماع خیال اور یکسوئی سے متوجہ ہونے میں مدد دیتی ہے۔

کسی پر نظر ڈالتے وقت کی احتیاط

اپنے مقام ومقصود کو جاننے والا شخص دفتر میں پہنچ کر اِدھر اُدھر بیکار کتابوں اور تصویروں پر غلط انداز نظر ڈال ڈال کر اپنا وقت ضائع نہیں کرتا۔ وہ صرف اپنے مخاطب پر سیدھی نظر رکھتا ہے اور اس کے دل کی گہرائیوں تک پہنچنے کی کوشش کرتا ہے لیکن یاد رکھئے کہ اس طرح گھور کر ڈراؤنی نظر نہ جمائے کہ جس سے غریب مخاطب سمجھنے لگے کہ آپ اسے کھا ہی جائیں گے اگر آپ کی نگاہوں میں تناؤ یا برہمی کی آمیزش ہوگی تو مخاطب فطری طور پر برانگیختگی ظاہر کرنے پر مجبور ہوگا۔ بڑی چیز سکون واطمینان ہے۔ جو آپ کی نگاہ سے ظاہر ہونا چاہیے۔ حرکات وسکنات، چہرے کے اتار چڑھاؤ اور جذبات پر قابو رکھنے سے اطمینان حاصل ہوتا ہے جس کا عکس نگاہ میں نظر آتا ہے۔

نظر کہاں اور کس طرح ڈالی جائے

زمانہ قدیم سے بڑی بوڑھیاں نظر لگنے یا نظر ہونے کی قائل ہیں۔ چنانچہ تقریباً ہر گھر میں اکثر چھوٹے



چہرہ
شفاء

معدے کی تیزابیت، جسم کی الرجی،
پرانے دانے، پرانی خشک وتر
خارش کیلئے چہرہ شفاء لاجواب چیز
صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ

قیمت
150.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

بچوں کی نظریں اتاری جاتی ہیں۔ جس کے لئے مختلف طریقے استعمال کئے جاتے ہیں۔ اگر آپ اپنے آگے بیٹھے ہوئے کسی شخص کی گردن یا پشت پر بے چینی سے نگاہ ڈالیں گے تو وہ اپنے سر اور گردن کو چھو کر ہاتھ پھیرے گا کہ کیا بات ہے؟ اس سے محض معمولی نظر کے حیرت انگیز اثر کا اندازہ کر سکتے ہیں۔ جو قوت ارادی کی شدت سے پیدا ہو جاتا ہے۔ جب پس پشت غائبانہ نظر کا یہ حال ہے تو دو بدو سامنے سے لگنے والے تیر نظر کی تاثیر کس قدر زیادہ ہونی چاہئے۔ اسی لئے کہتے ہیں کہ اپنی نظر مخاطب کی آنکھ پر نہیں بلکہ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیانی حصہ پر رکھنا مناسب ہے۔ اس میں کیا حکمت ہے؟ اولاً تو بالخصوص یہ کہ براہ راست مخاطب کی آنکھ میں آنکھ ملا کر دیکھنا مناسب نہیں۔ دوم یہ کہ دونوں آنکھوں کے درمیانی نقطہ بڑی اہمیت رکھتا ہے جو کہ لوگ اسے شیوا کی آنکھ اور کپال ودیا (علم الراس) کے ماہر اسے مرکز ارادہ کہتے ہیں۔ آپ اپنی نظر اسی مقام پر جمائے رکھیں تو مخاطب اپنی پوری توجہ مسئلہ زیر بحث پر مرکوز رکھے گا۔

مادی پریشانیوں میں مبتلا لوگوں کیلئے لائحہ عمل

ہپناٹزم (عمل تنویم) کے ماہر معمول کی آنکھ میں آنکھ ڈال کر نظر ڈالتے ہیں۔ اس عمل سے مریض کو بے حس و بے ہوش کیا جاتا ہے اور بہت سے عصبی امراض کا علاج کیا جاتا ہے۔ عمل ہمزاد کے شائق اسی نظر کی توجہ سایہ پر مرکوز کرتے ہیں تو سایہ انسانی شکل اختیار کر کے ہمکلام ہوتا ہے۔ اگر کسی شخص میں قوت ارادہ نہیں۔ پھر نظر جما کر اپنے دل کو اس طرف نہیں لگا سکتا تو وہ کامیاب نہیں ہو سکتا۔ آج کل کی نئی زندگی میں جب کہ انسان مادی پریشانیوں میں مبتلا ہے۔ ہر شخص کے لئے اچھا نظر آنا حصول کامیابی کے لئے ضروری ہے لیکن بہت سے لوگ بھول جاتے ہیں کہ دوسروں کی طرف کس نظر سے دیکھنا چاہئے اور کس طرح دیکھنا چاہیے۔

☆☆☆☆☆

اکابر رحمہم اللہ کے تیر بہدف باکمال عملیات

سر درد، دانت درد اور ریح کے درد کا علاج

ایک پاک تختی پر پاک ریت بچھا کر ایک میخ سے اس پر یہ لکھیں:

اَبْجَدْ هَوَّزْ حُطِّیْ

اور میخ کو زور سے الف (ابجد کے الف) پر دبائیں اور مریض اپنی انگلی زور سے درد کی جگہ پر رکھیں۔ عامل ایک دفعہ سورۂ فاتحہ پڑھے اور مریض سے درد کا حال پوچھیں۔ اگر درد باقی ہو تو اسی طرح ''ب'' کو دبائیں۔ ایک ایک حرف پر اسی طرح عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حروف ختم نہ ہونے پائیں گے اور درد جاتا رہے گا۔

سانپ، بچھو یا بھڑ وغیرہ کا کاٹ لینا

ذرا سے پانی میں نمک گھول کر جس جگہ کاٹا ہو، اس جگہ ملتے جائیں اور سورۂ کافرون (مکمل) پڑھ کر دم کرتے جائیں۔ بہت دیر تک ایسا ہی کریں۔

ہر طرح کی بیماری

چینی کی تشتری پر سورۂ فاتحہ اور یہ آیتیں لکھ کر روز مرہ بیمار کو پلایا کریں۔ بہت ہی تاثیر کی چیز ہے۔ آیاتِ شفایہ ہیں:

''وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ۔ وَ اِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْ۔ وَ شِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَ

نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّ شِفَآءٌ۔ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ"

اولادنرینہ کیلئے نہایت آسان عمل

اس عورت کا خاوند یا کوئی دوسری عورت اس کے پیٹ پر انگلی سے ستر (۷۰) بار دائرے بنائے اور ہر دفعہ میں 'یَامَتِیْنُ' کہے۔ انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا۔ (کسی نامحرم سے ہرگز یہ عمل نہ کروایا جائے۔)

ہر قسم کے درد کا علاج

ہر قسم کا درد، خواہ کہیں ہو، یہ آیت بسم اللہ سمیت تین دفعہ پڑھ کر دم کریں اور کسی تیل وغیرہ پر پڑھ کر مالش کریں یا باوضو لکھ کر باندھیں۔ "وَ بِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ط وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا"

مرگی سے نجات کیلئے

آیات ذیل کو لکھ کر گلے میں ڈال دیا جائے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّ عَذَابٍ۔ رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ۔ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ وَ اَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ۔

ایام ماہواری کی کمی

اگر ایام ماہواری میں کمی ہو اور اس سے تکلیف ہو تو آیات ذیل کو لکھ کر گلے میں اس طرح ڈال دیں کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے: "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّ اَعْنَابٍ وَّ فَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ۔ اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ"

ایام ماہواری کی زیادتی

اگر کسی کو ایام ماہواری زیادہ آتے ہوں اور اس سے تکلیف ہو تو آیات ذیل کو لکھ کر گلے میں اس طرح ڈال دیں کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے: "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ۔ وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ" (سورۃ ھود، ۴۴)

نظر بد سے نجات کیلئے:

اگر نظر بد کا احتمال ہو تو آیات ذیل لکھ کر گلے میں ڈال دیں: "وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ۔ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ" (القلم: ۵۱-۵۲)



ہمارے معاشرے میں سینکڑوں ایسے واقعات ہیں جو ہمیں صوفیاء کی پرسکون زندگی کی طرف آنے پر مجبور کررہے ہیں۔ جدید سائنس نے صوفیا کی طرز زندگی کو کس طرح لیا؟ اس کا ایک گلدستہ اس کتاب کی شکل میں پیش خدمت ہے۔

حرف (ذ) کے حیرت انگیز طلسماتی کرشمات

حرف ذال کا منازل قمر کے ساتھ خاص تعلق

اگر کسی کو اعمال کا شوق ہو تو حروف تہجی کے اعمال ہی اس کو کافی ہیں اور ہر ضرورت پر کام آتے ہیں بشرطیکہ اس حروف کی زکات ادا کی جا چکی ہو۔ خواہ وہ اکبر ہو یا اصغر۔ ابجد کے ۲۸ حروف ہیں۔ منازل قمر بھی ۲۸ ہیں۔ لہٰذا ہر حرف ایک منزل سے متعلق ہے۔ اس حرف کی زکات اسی کی منزل میں ادا کی جاتی ہے۔ یہ آپ کے سامنے (ذ) ذال کا بیان ہے۔ اور (ذ) کے عدد ۷۰۰ ہوتے ہیں۔ حکمائے فلاسفہ کے نزدیک یہ حروف آتشی ہے۔ اور آخرین ہے۔ حروف بادی کے ساتھ مل کر تقویت ہوتی ہے حروف آبی اس کے دشمن ہیں۔ جب یہ اپنے ہی عنصر کے حروف سے ملتے ہیں تو قوی المزاج ہو جاتے ہیں۔ اس حرف کی طبع گرم خشک ہے اور ناطق ہے۔ جب اس کی زکات ادا کرنا چاہیں تو منزل اخبیہ میں جب چاند داخل ہو تو ادا کریں۔ چاند ہر ماہ ایک دفعہ اس منزل میں آتا ہے۔ ایک منزل کا وقت کم و بیش ۲۴ گھنٹے رہتا ہے۔ اس میں زکات ادا کی جا سکتی ہے۔ ایک منزل کا وقت اگلی منزل تک ختم ہو جاتا ہے۔

یاد رہے کہ وہ جنتریاں جو ہندوانہ حساب سے ہوتی ہیں۔ ان کے اوقات میں اور عربی حساب میں فرق ہوتا ہے لہٰذا منازل کے جو اوقات ان جنتریوں میں درج ہوں گے وہ کام نہ دیں گے۔ مسلمانوں کے علم جفر حروف اور علم جفر کا کوئی تعلق ہندوؤں کے حساب سے نہیں۔ جب زکات ادا کرنا ہو تو اسے باموکل پڑھتے ہیں۔ آجِبْ یَا آھْرَائِیْلُ بِحَقِّ یَاذَا

اس منزل کے وقت کے اندر اندر ۴۴۴۴ مرتبہ پڑھ لیں گے تو حرف ذال کی زکات ادا ہو جائے گی۔ اب عامل کو اختیار ہے کہ جب چاہے حرف ذال کے عملیات سے کام لے سکے۔ بوقت زکات اور عمل بخور اس کا جلانا ہو گا جو لوبان ترفلفل، انزروت، ریحان اور موتیا ہے۔ کوئی ایک چیز لے لیں جو مل جائے۔

حرف ذال کے 9 مجرب اعمال

(۱) جس وقت برج عقرب کے ۱۱ درجہ ۹ دقیقہ طلوع ہوں تو ۹۰ ذال سفال آب نارسیدہ پر لکھ کر دریا میں ڈالے تو غلبہ ہوا یا سردی سے محفوظ رہے۔ (۲) اگر ستر بار ذال مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے تو تمام خلق اللہ میں عزیز و محترم ہو گا اور دشمن اس کے زیر ہوں گے۔ (۳) اگر جمعہ کے دن بعد نماز فجر ۷ ہزار بار ذال کو پڑھے اور ورد کرے تو تھوڑے ہی عرصہ میں دولت مند ہو جائے گا۔ (۴) حرف ذال کے عدد رقمی ۷۰۰ لفظی ۷۳۱ اور عددی ۵۹۳ ہیں۔ کل ۲۰۲۴ ہوئے مثلث کے لئے ۶۷۱ عدد کامل کو خانہ اوّل میں رکھ کر نقش آتشی پر کیا۔

۷۸۶

۶۷۶	۶۷۱	۶۷۸
۶۷۷	۶۷۵	۶۷۳
۶۷۲	۶۷۹	۶۷۴

اس نقش کو اسی کی منزل میں سفال آب نارسیدہ پر لکھ کر پشت پر طالب و مطلوب جن کے اندر محبت کی تاثیر پیدا کرنا ہو تو ان کے اعداد نکال کر ان کا موکل بنائے اور خالی مثلث بنا کر اس پر موکل کا نام لکھے اور پھر اس ٹھیکری کو حرارت دے یعنی ایسی جگہ رکھے جہاں اسے گرمی ملتی رہے۔ تو ان دونوں میں محبت کے جذبات پیدا ہوں گے۔ (۵) جس شخص کو بلانے کا ارادہ ہو تو سفید ریشم کے کپڑے پر اس حرف کو معہ نام مطلوب اور اس کی ماں کے لکھو۔ یہ کام منزل متعلقہ میں کرو۔ پھر اس کی بتی بنا کر کورے چراغ میں روشن کرو اور اس کی عزیمت کو پڑھتے جاؤ جس سے

زکات نکالی ہے۔ انشاء مطلب حاصل ہوگا۔ (۶) اگر کسی کا غصہ یا پیاس دور کرنا ہو تو اس حرف کو لکھ کر اس شخص کو کہ وہ اسے اپنے پاس رکھے۔ (۷) جو شخص اس کو سات بار چینی کے برتن میں لکھ کر شہد سے دھو کر سات روز پیے بلغم اس کی دور ہو۔ اس کے اعمال سردی وتری کے ہوتے ہیں اس لئے کہ یہ صرف حرارت و یبوست کی تاثیر رکھتا ہے۔ (۸) اگر دائرہ کے اندر قلم ہندی سے ۸۱ بار چینی کے برتن میں لکھے اور شہد سے دھو کر سات روز متواتر نہار منہ پیے اور سردی کی بیماری والے کو پلائے تو نفع ہوگا۔ (۹) اگر اس حرف کے بسط ثانی کو جو اس طرح ہے۔ ذال الف لام۔ اس کو علیحدہ علیحدہ حروف میں لکھے ذال، ال ف، ل ام یہ نو حروف ہیں ان کو نقش ۹ در ۹ میں پیر کے روز ساعت مریخ میں لوہے کی تختی پر لکھے اور نقش کے چاروں کونوں پر باہر کی طرف یہ چار اسم لکھے۔ یا دقادر، یا مقتدر، یا قوی، یا قائم اور پھر لوح کو اپنے بازو پر باندھے تو عظیم قوت پیدا ہو۔

☆☆☆☆☆

قران زہرہ ومریخ۔۔۔

میاں بیوی میں اختلافات کیلئے خاص عمل

زہرہ کو عورت اور مریخ کو مرد گردانا گیا ہے۔ علم کواکب میں یہی دو قوتیں مونث و مذکر ہیں۔ یہ قران ۲۱ اور ۲۲ جون کی درمیانی رات ۱۲ بجکر ۲۹ منٹ پر ہوگا۔ جن مرد و عورت میں یا میاں بیوی میں اختلاف ہے یا جھگڑا چلا آ رہا ہے یا دونوں میں علیحدگی ہو چکی ہے یا طلاق کے مقدمات چل رہے ہیں۔ یہ اختلافات کتنے بھی شدید کیوں نہ ہوں اس وقت دونوں مخالف صنفوں کا قران ہو رہا ہے اس وقت کی روحانیت سے فائدہ اٹھائیں اس عمل کو ہر شخص کر سکتا ہے۔ گو اس قسم کے طریق کا رکو رموز الجفر میں سمجھایا گیا ہے تاہم یہاں بھی تفصیل سے بیان کیا جاتا ہے اور کسی اسرار کو پوشیدہ نہیں رکھا گیا۔

عملیات میں فائدہ نہ ہونے کی ایک خاص وجہ

عام طور پر یہ مشہور ہے کہ عمل میں اثر نہیں ہوتا۔ میں خیال کرتا ہوں تو معلوم ہوتا ہے اس میں وہی اصحاب شامل ہیں جنہوں نے کبھی کبھار کسی ضرورت کے وقت کوئی نقش یا تعویذ لے لیا (مفت یا ہدیہ سے) اور اس نے اثر نہیں کیا تو وہ لوگ عملیات کو بے اثر کہتے پھرتے ہیں۔ دوسرے وہ لوگ ہیں جنہوں نے عمل تو بہت کئے مگر وہ قواعد عملیات سے ناواقف ہیں۔ ذرا غور کریں معمولی اجرت پر کام کرنے کے لئے پہلے برسوں اس کو سیکھنا پڑتا ہے پھر اس میں دسترس پیدا ہوتی ہے پھر جا کر اس کے ذریعے سے روپیہ پیسہ کماتا ہے دنیا کا ادنیٰ سے ادنیٰ ہنر بغیر استاد کے اور محنت و کوشش کے نہیں آتا پھر عملیات کو بے اثر کہتا ہے کوئی عمل بھی بے اثر نہیں ہوتا

معدہ کا السر
عبقری دواخانہ

معدہ کا السر
(کورس)

قیمت
400.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

تیزابیت، معدہ کا السر
غذا کی نالی میں جلن
جگر اور ناف کے گرد درد
اور پاخانے کی بار بار حاجت

ان تمام امراض کیلئے
معدہ کا السر کورس بہترین دوا ہے

اپنی غلطی سے ہی ناکامی ہوتی ہے یا تم اس کے قواعد سے ہی نابلد ہو۔ جس کے تحت خالق حقیقی نے اثر کو مرتب کیا ہے۔

تسخیر و محبت کا یہ قاعدہ بھی مقلب القلوب ہے اگر آپ وقت اور قواعد کی پابندی کریں گے تو انشاء اللہ کبھی ناکامی نہ ہوگی۔ طریقہ یہ ہے کہ ایک سطر لکھی پہلے نام مطلوب معہ والدہ پھر نام طالب معہ والدہ اب اس کی تکسیر کا خاص قاعدہ یہ ہے کہ پہلے سطر میں تمام علیحدہ علیحدہ حروف لکھو دوسری سطر میں طالب کے نام کا اوّل حروف چھوڑ کر تمام سطر کے حروف لکھو اور چھوڑا ہوا حروف آخر میں لکھ لو۔ اسی طرح تمام تکسیر کرو یعنی ہر دفعہ طالب کے نام کا پہلا حروف چھوڑ کر لکھنا ہے اور پھر اسے آخر میں لکھ دینا ہے اگر آخری سطر میں نام طالب کا پہلے آجائیگا اور نام مطلوب کا آخر میں آجائے گا تو پھر یہی اس کی زمام ہوگی مختصر ناموں کی تکسیر پیش کی جاتی ہے جس میں ماں کا نام شامل نہیں۔ دونوں ناموں کے درمیان کے لئے دوہری لکیر لگا دیں۔ مثلاً طالب علی مطلوب محمد ہے تو تکسیر یہ ہوگی۔ اس میں نام مطلوب اول اور طالب آخر ہی رہا ہے۔

م	ح	م	د	ع	ل	ی
ل	ی	م	ح	م	د	ع
د	ع	ل	ی	م	ح	م
ح	م	د	ع	ل	ی	م
ی	م	ح	م	د	ع	ل
ع	ل	ی	م	ح	م	د
م	د	ع	ل	ی	م	ح
م	ح	م	د	ع	ل	ی

اب کرنا یوں ہے کہ تکسیر کے سیدھی طرف کے پہلے پہلے تمام حروف اور پھر آخری آخری حروف لے کر ان کو امتزاج دیں۔

سطر اول	م	ل	د	ح	ی	ع	م	م
سطر دوم	ی	ع	م	م	ل	د	ح	ی

امتزاج دینے کا طریقہ یہ ہے کہ سطر دوم کا آخری حروف اور سطر اوّل کا پہلا حروف لیں۔ بار بار اس طرح کریں حتیٰ کہ ایک سطر بن جائے۔

امتزاج یہ ہوا۔ ی م ح ل دول ح م ی م ع ع م ی م=۱۶ حروف

ان کے اعداد لے کر ایک مربع نقش پر کریں۔ کل اعداد ۴۵۴ ہوئے۔ مربع میں پر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد سے ۳۰ تفریق کریں باقی کو ۴ پر تقسیم کریں جو حاصل آئے اسے خانہ اوّل میں رکھ کر رفتار سے پر کریں اگر تقسیم کریں جو حاصل آئے اسے خانہ اوّل میں رکھ کر رفتار سے پر کریں اگر تقسیم سے باقی ایک بچے تو خانہ ۱۳ میں ۲ بچیں تو خانہ ۹ میں ۳ بچیں تو خانہ ۵ میں ایک کا اضافہ کر دیں نقش پر ہو جائے گا اور چاروں طرف سے میزان برابر آئے گا۔

۴۵۴-۳۰=۴۲۴ تقسیم ۴=۱۰۶ نقش یہ ہے اسے آتشی انداز سے پر کریں

۱۰۶	۱۱۹	۱۱۶	۱۱۳
۱۱۷	۱۱۲	۱۰۷	۱۱۸
۱۱۱	۱۱۴	۱۲۱	۱۰۸
۱۲۰	۱۰۹	۱۱۰	۱۱۵

اس نقش کے گرد تمام امتزاج کے حروف لکھ دیں۔ چونکہ جفت ہیں اس لئے چار چار کے کلمات بنا کر لکھیں۔ اگر طاق ہوں تو تین تین یا پانچ پانچ حروف کے کلمات بنائیں اس نقش کے نیچے اپنا مطلب لکھیں یا عزیمت لکھیں یہ دو نقش کے گرد تمام امتزاج کے حروف لکھ دیں چونکہ جفت ہیں اس لئے چار چار کے کلمات بنا کر لکھیں۔ یہ دو نقش تیار کریں ایک کو گلے میں ڈالیں یا بازو پر باندھیں اور دوسرے کو ایسی جگہ رکھیں جہاں اسے حرارت ملتی رہے۔ انشاء اللہ ایسے اسباب پیدا ہوں گے کہ دونوں کا ملاپ ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆

استاذ العالمین حضرت حافظؒ کے مجرب اعمال

ہر قسم کے جادو جنات سے نجات

الحمد شریف کو ایک سو (۱۰۰) مرتبہ چالیس (۴۰) روز تک پڑھیں۔ ترک حیوانات کریں۔ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ بوقت ضرورت گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مسحور کو پلائیں اور گلے میں باندھیں۔ انشاء اللہ کیسا ہی سخت جادو، سحر علوی یا سفلی ہوگا، دور ہوگا۔ عزیمت یہ ہے ''اَلْحَمْدُ لِلّٰه''۔ (روزانہ پانی پر دم کر کے دینا ہے۔ اس عمل کو کم از کم اکیس دن تک ضرور کریں۔ اگر اثر باقی رہے تو اکتالیس دن تک عمل جاری رکھیں)

میاں بیوں میں بے مثال محبت کیلئے

''الحمد للہ'' کو پچاس (۵۰) مرتبہ شیرینی پر دم کر کے کھلائیں۔ تسخیر زوجین کے لئے مجرب و آزمودہ ہے۔ (یہ عمل بغیر زکوٰۃ نکالے نہ کیا جائے۔ فائدہ نہ ہوگا۔ زوجین میں جو غلط ہو اس کی جائز تسخیر کی نیت سے عمل کیا جائے۔ خصوصاً شوہر کی تسخیر حرام ہے۔ شوہر کی تسخیر کی اجازت صرف اس وقت ہے، جب وہ بیوی کے جائز اور شرعی حقوق کو پورا ادا نہ کر رہا ہو۔ اس وقت بھی صرف جائز حقوق پورا کرنے کی حد تک تسخیر کرنے کی اجازت ہے۔ جب وہ جائز حقوق دینا شروع کر دے تو عمل کو بند کر دینا چاہئے)



روزگار کی مشکلات۔ گھریلو ناچاقی۔ ترقی میں رکاوٹ۔ رشتوں کی بندش۔ اولاد کی نافرمانی۔ کاروبار میں زوال۔ نظر بد کے اثرات۔ جادو اور جنات کے اثرات۔ حاسدین اور دشمنوں کے شر۔ روحانی ترقی اور لاعلاج مریضوں کیلئے بہت آزمودہ۔ یہ کتاب قدم قدم پر آپ کی زندگی کے ہر مسئلہ کی رہنمائی کرے گی۔ لاکھوں آزما چکے اب آپ کی باری۔ آج ہی طلب فرمائیں!

بانجھ پن دور کرنے کا عمل

جس روز عورت حیض سے پاک ہو، اس روز گیارہ چھوہارے لے کر ہر ایک پر سورۂ مزمل شریف ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اور ایک چھوہارہ روز نہار منہ عورت کو کھلائیں اور مرد ہم بستر ہوتا رہے۔ انشاء اللہ حمل قرار پائے گا۔

جائز محبت کیلئے

اس عزیمت کو تین سو (۳۰۰) مرتبہ پڑھ کر شیرینی یا کسی میوہ پر یا کسی خوشبو یا میٹھے پان پر دم کر کے کھلائیں۔ انشاء اللہ محبت پیدا ہوگی۔ وہ عزیمت یہ ہے: ''یَااَللّٰهُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَاقَادِرُ یَافَتَّاحُ یَارَزَّاقُ یَاوَهَّابُ یَامُسْتَقِیْمُ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا

اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهُ'' یہ بات یاد رکھیں کہ اس قسم کے اعمال صرف جائز محبت میں ہی کیے جاتے ہیں ناجائز کرنے والے خود اپنے نقصان کے ذمہ دار ہونگے۔

جو بچہ مٹی کوئلہ کھاتا ہو

جو بچہ کوئلہ مٹی کھاتا ہو تو اس کے لئے یہ بہترین عمل ہے کہ کسی میٹھی چیز پر اللہ کا یہ کلام لکھ کر بچہ کو کھلائیں ''فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيْلًا وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا اللهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ''

چند روز تک لکھ کر کھلائیں اور دو تین روز تک بچہ کو آزاد چھوڑ دیا جائے اور بچہ کا پیچھا کیا جائے لیکن دور دور رہتے ہوئے۔ تین چار روز ایسا ہی کرتے رہیں اور جب بچہ مٹی وغیرہ کھاتا ہوا دیکھیں تو فوراً سخت تنبیہ کی جائے۔ مسلسل تین روز ایسا ہی کرتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

حاجتوں کیلئے تیر بہدف عمل

یہ عمل انشاء اللہ الکافی، حاجتوں کے حل ہونے میں کافی وافی ہے اور عمل تیز تر اور زود تر ہے۔ اپنی حاجتوں کا خیال رکھتے ہوئے اللہ مشکل کشا کو ان الفاظ میں پکاریں ''اَللّٰهُ كَافِیْ اَلْكَافِیْ وَ خَصَّتُ الْكَافِیْ وَ وَجَدتُّ الْكَافِیْ بِكَافِیْ الْكَافِیْ وَ كَفَانِی الْكَافِیْ وَنِعْمَ الْكَافِیْ وَلِلّٰهِ الْحَمْد''

ان کلمات کو تنہائی میں قبلہ رخ بیٹھ کر باوضو تین سو (۳۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ اوّل و آخر سات مرتبہ درود شریف ملا لیں۔ انشاء اللہ، اللہ الکریم کا کرم ہو جائے گا۔ (اس عمل کو کسی خاص بڑی حاجت کے لئے پڑھیں، عام حاجتوں کے لئے نہیں۔ نیز جب تک حاجت پوری نہ ہو، یہ عمل یقین سے کرتے رہیں)

برے جنات و دشمنوں سے حصار کیلئے

دشمن خواہ انسانوں میں سے ہو یا جنات میں سے ان سے حصار و حفاظت کے لئے یہ کریں کہ ایک لکڑی لے کر اس سے حصار کریں یعنی اپنے اردگرد زمین پر حلقہ بنا کر کھینچیں اور آہستہ آہستہ کھینچتے وقت ''آیۃ الکرسی'' پڑھتے جائیں۔ حلقہ بننا ختم ہو اور ''آیۃ الکرسی'' کی تلاوت مکمل ہو۔ اور آپ اس حلقہ کے اندر رہیں۔ انشاء اللہ اللہ المحیط ہر طرح کی حفاظت میں رہیں گے۔

☆☆☆☆☆

مقصد میں کامیابی اور میاں بیوی میں محبت کیلئے

مجربات امام غزالی رحمہ اللہ

بیوی شوہر کی دیوانی ہو جائے

جو شخص اپنی بیوی کی نظروں میں باعزت ہونا چاہے تو مندرجہ ذیل کلمات کو اپنی بیوی کے پیشانی پر لکھے اور پھر اس کو بیوی کے چہرہ پر پھیر دے تو اس کی بیوی، اس کے علاوہ کسی مرد اور عورت کی طرف مائل نہیں ہوگی اور نہ کوئی اس کے قریب ہوگا۔ کلمات یہ ہیں: ''هُوَ اللهُ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ وَاِبْرَاهِيْمَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ''

برائے محبت و مقصد میں کامیابی کیلئے

اس نقش کو زرد رنگ کے مرغے کے خون سے لکھا جائے۔ نقش یہ ہے:

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

یہ تعویذ حاکموں اور وزراء سے کامیاب ملاقات کیلئے مجرب ہے۔ جس شخص کا وزراء سے ملاقات کا ارادہ ہو تو اس کی پیشانی پر مذکورہ (برائے محبت والا) نقش کو بنایا جائے اور اس کے ہندسوں کو اس کی انگلیوں پر لکھا جائے، ہفتہ کے دن پہلی گھڑی میں۔ اور اس پر یہ آیت تلاوت کی جائے: ''یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا وَ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِیْهًا'' اور نقش کے مقرر کلمات اس کے بائیں ناخون پر لکھے جائیں۔ پھر جس شخص کا وزراء سے ملاقات کا ارادہ ہو، اس کو ملاقات کے لئے بھیج دیا جائے تو مدمقابل (وزیر) کی زبان گفتگو کے دوران لڑکھڑائے گی۔

بیوی کی مخالفت اور اس کا علاج

اور جس کو اپنی بیوی کی مخالفت کا ڈر ہو تو اس کا نام، اس کی والدہ کے نام کے ساتھ لکھے۔ پھر اس نام اور مندرجہ ذیل کلمات کو اپنے گھر میں رکھ لے تو اپنی بیوی سے ہرگز کوئی بداخلاقی نہیں دیکھے گا۔ کلمات یہ ہیں: ''هُوَ اللّٰهُ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ وَاِبْرَاهِیْمَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَةِ''

برائے جائز محبت

مندرجہ ذیل آیات وکلمات کو مہندی کے پانی سے مرغی کے انڈے پر لکھو اور اس کو آگ کی گرم راکھ میں دبا دو تو وہ تیرے پاس آئے گا یا آئے گی مجنون کی طرح۔ آیات اور کلمات یہ ہیں: ''سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَیْثُ لَا یَعْلَمُوْنَ۔ وَ اُمْلِیْ لَهُمْ اِنَّ كَیْدِیْ مَتِیْنٌ'' (القلم: ۴۴۔۴۵)

اللّٰهم هيج و عطف و احرق قلب فلانة بنت فلانة تظهر فی موضع فلان ابن فلانة الساعة العجل الوحا ولا تاكل ولا تشرب ولا تنام بحق هذه الایات والقرآن العظیم تاتی تاتی الساعة الساعة عاجلا عاجلا عاجلا۔ (کلمات لکھتے وقت سورت کا نام اور آیات نمبر نہیں لکھنے)

☆☆☆☆☆

روحانی
عطر
قیمت
240.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
اسم اعظم کا دم شدہ
موذی امراض کا علاج
رزق کی برکت کا راز

اسم الٰہی ''الوہاب'' کے عامل بنیں اور کمال دیکھیں

وہاب کے معنی ہیں بے غرض بخشنے والا یہ اسم جمالی ہے اور خا کی عنصر رکھتا ہے۔ اگر کوئی شخص اس کے ذکر کی مداومت کرے تو وہ تقسیم رزق کا مشاہدہ کرے اور اس کا رزق کشادہ ہو۔ عدد اس کے ۱۴ ہیں جو اسم جواد کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ جو شخص بھی اس اسم کے اسرار سے واقف ہوگا۔ اس کی تمنا پوری ہو جائے گی۔ جو شخص دنیا اور آخرت میں ایک خاص مقام عزت کا طالب ہو۔ اس کو اس کا ذکر کرنا چاہئے اس اسم کے خادم کا نام ھطال ہے۔ اس کے ماتحت چار افسر ہیں۔ جن میں سے ہر ایک ۴۵ صفوں کا سردار ہے اور ہر صف میں ۴۵ ہزار فرشتے ہیں اور یہ سب حضرت میکائیل کے زیر حکم ہیں۔ جو رزق کا فرشتہ ہے اس کا ذکر یہ ہے۔ ''اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْوَھَّابُ وَاَنَا الْبَائِسُ فَمَنْ یَّدْعُ الْبَائِسُ اِلَّا الْوَھَابُ یَارَبِّ'' حضرت یونس سجاوندیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے اس سے بہت فائدہ اٹھایا ہے۔ میں کسی بھی شخص کی طرف بائیس مرتبہ پڑھ کر پھونکتا تھا تو وہ شخص مسخر ہو جاتا تھا میں نے اکثر کافروں کو اسی سے مسلمان کیا۔

غیبی خزانے اور علم لدنی حاصل کرنے کیلئے

جو شخص اس اسم کے ساتھ تقرب حاصل کرنا چاہے اور کچھ ذخیرہ روحانی اپنے پاس جمع نہ رکھتا ہو تو اس فتوح کے لئے یہ اسم نہایت مفید ہے۔ ریاضت اس کی چالیس روز ہے۔ عدد کو عدد میں ضرب دے کر پڑھے یعنی ۲۰۲۵ روزانہ پڑھے۔ اس کے موکل کی تسبیح یہ ہے۔ اور اسی کو چالیس دن پڑھنا ہوگا۔ ''بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سُبْحَانَ الْوَھَّابِ الْقُدُّوْسِ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْفَعَّالُ لِّمَا یُرِیْدُ''

امام بونیؒ لکھتے ہیں کہ ایک نیک بخت آدمی بہت کند ذہن تھا۔ خلوت میں اس نے اس اسم کو پڑھنا شروع کیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس پر علم لدنی مفتوح کیا اور خواب میں موکل نے کل علوم اس کو تعلیم کئے۔ جو شخص بھی اس اسم کی تلاوت کرے گا۔ کسی مخلوق کا محتاج نہ ہوگا اور غیبی خزانے اس کو حاصل ہوں گے۔ ایک روز میں بیت المقدس میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایک شخص کھڑا ہوا اور کہنے لگا۔ تیرے عزت اور جلال کی قسم۔ اگر تو اس وقت مجھے روٹی عصیدہ کھلا دے۔ تو خیر ورنہ تیرے گھر کی قندیلیں توڑ دوں گا۔ میں نے اس شخص کو دیکھ کر سوچا کہ کوئی دیوانہ آدمی ہے۔ پھر وہ شخص سو گیا۔ میں نے دیکھا کہ ایک شخص روٹی عصیدہ لئے ہوئے آیا اور اس سوتے شخص کو جگا کر روٹی کھلائی پھر میں اس شخص کے پیچھے دوڑا اور کہا تم کون ہو۔ یہاں کیونکر آئے۔ اس نے کہا میں اپنے گھر میں روٹی پکانے بیٹھا ہی تھا کہ ہاتف نے آواز دی کہ مسجد جا اور ہمارا ایک دوست سوتا ہے اس کو جگا کر روٹی کھلا۔ لہٰذا میں نے اسے اٹھا کر کھانا کھلایا میں نے اس آواز دینے والے شخص کو پایا تو معلوم ہوا وہ اسم وہاب کا عامل ہے۔

تمام عالم کو اپنا خادم بنانے والا عمل

جو صدق دل سے اس اسم کا ذکر کرے گا وہ تمام عالم کو اپنی خدمت کرتے ہوئے ملاحظہ کریگا جو شخص کثرت سے ذکر کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر رزق کے دروازے کھول دے گا۔ تلاوت اس کی اس کے عدد مضروب کے ساتھ ہے اور جب انسان اس کے مربع کو لکھ کر اپنے پاس رکھے عنایات الٰہی اس پر وارد ہوں۔ اور اگر کند ذہن اس کو لکھ کر پئے۔ عقل و فہم اس کو نصیب ہو۔ صورت اس کی یہ ہے:

ا	ل	د	ھاب
۷	۷	۲	۲۹
۶	۴	۳۲	۳
۳۱	۴	۵	۵

جب کسی امر کے لئے اس اسم کا ذکر کرے تو مقصد بیان کر کے موکل کو اس طرح مخاطب کرے۔ ''یَا اَللّٰہُ یَا وَھَّابُ اَجِبْ اَیُّھَا الْمَلِکُ ھَطَالُ خَادِمُ ھٰذَا الْاِسْمِ بَارَکَ اللّٰہُ فِیْکَ''

رزق اتنا کے سنبھالا نہ جائے

• شیخ مغرب اور دیگر اکابرینؒ فرماتے ہیں کہ نمازوں کے بعد سجدہ میں ۱۴ بار پڑھا کرے تو رزق اس کا کشادہ ہو۔ اہل طریقت فرماتے ہیں کہ اس کو یوں پڑھنا چاہئے یَاوَهَّابُ ذِی الطَّوْلِ اس سے رزق کشادہ ہوتا ہے۔ اور تنگی دور ہو جاتی ہے۔ بعض لوگ فرماتے ہیں کہ یوں پڑھے: ۔ ’’اَلْكَرِيْمُ اَلْوَهَّابُ ذِی الطَّوْلِ‘‘ اتنا رزق ملے کہ امیر ہو جائے۔

• کوئی مہم پیش ہو، کام نہ چلتا ہو دوسرے کے سہارے پر ہو اور روزی کم ہو یا رزق میں تنگی ہو۔ غرض راہ حقیقت ہو، یا دنیا دی مقصود حاصل کرنا ہو یا اعلیٰ درجہ کی حکومت کا طالب ہو۔ دشمنی کو دفع کرنا ہو یا دوست کی تمنا ہو یا کوئی بھی نیک خواہش ہو تو آدھی رات کو وضو کر کے دو رکعت نماز نفل بجالائے۔ لیکن شب جمعہ ہو، مسجد یا خانہ خلوت میں پڑھے۔ نماز کے بعد سر کو برہنہ کر کے ہاتھوں کو پھیلائے یعنی دعا کے لئے اُونچے کرے اور سو مرتبہ یَاوَهَّابُ کہے۔ بعد ازاں حق تعالیٰ سے حاجت طلب کرے۔ اس عمل کو متواتر تین رات کرے۔ انشاء اللہ مقصود حاصل ہوگا۔

• اگر چالیس روز تکسیری عدد کے ساتھ بحضور دل پڑھے۔ معدہ غذا سے خالی ہو تو جس چیز کا متلاشی ہو وہ ملے۔ عدد تکسیر ایک ہزار تین سو تیس (1330) ہیں۔

• ادائے قرض، وسعت رزق و آمدن، دنیا کی تونگری و حصول عہدہ کے لئے جمعرات یا جمعہ کو روزہ رکھے۔ دو رکعت نماز نفل حاجت پڑھے۔ نماز سے پہلے سو مرتبہ درود پڑھے اور نماز کی دونوں رکعتوں میں فاتحہ کے بعد پچیس مرتبہ سورہ قل ہو اللہ اور پندرہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھے اور بعد از نماز اکتالیس ہزار بار یَاوَهَّابُ پڑھے۔ اس عمل کے اوّل سے آخر تک کسی سے کلام نہ کرے۔ بعد نماز و تلاوت اسم دعا کرے، حق سبحان و تعالیٰ مستجاب فرمائے گا۔

شیخ بونیؒ کا مالدار ہونے کا راز

شیخ بونیؒ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس ذکر کی مواظبت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کا رزق اس کے اوپر آسان فرماتا ہے اور مواہب لدینہ کے ساتھ اس کی امداد فرماتا ہے اور اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کاملہ کے ساتھ مخصوص فرمائے اور اپنی نعمتیں نازل فرمائے تو اعداد مضروب کے مطابق ذکر کرے۔ یعنی 45x45 کے مطابق۔

بعض علماء نے فرمایا ہے کہ چودہ سو مرتبہ چالیس روز تک بالشرائط پڑھے تو رزق وسیع ہو اور کاروبار کشادہ ہو مقاصد و مرادات حاصل ہوں۔ جب میں حالت درویشی میں تھا تو یہ میرا محبوب اسم تھا۔ جس کی وجہ سے میں سیلانی حالت میں رزق پاتا تھا۔ جو شخص چودہ دن تک خلوت میں ترک حیوانات ولذات کے ساتھ چودہ ہزار مرتبہ روزانہ یاوھاب پڑھے تو ابواب رزق مفتوح ہوں اور حالات میں سازگاری پیدا ہو جائے۔ آج کل ایسا زمانہ ہے جس میں برکت بھی نہیں رہی اور اشیاء مہنگی



شوگر ایک جان لیوا مرض ہے لیکن لاعلاج نہیں……! موجودہ کتاب اس مرض کو تفصیل سے بیان کرتی ہے۔ یہ کہنا بجا ہوگا کہ مصنف نے سمندر کو کوزے میں بند کر دیا ہے اور اس میں ایک خاص الخاص نسخہ بھی دیا گیا ہے جس سے الحمدللہ! ہزاروں مریض صحت یاب ہوئے ہیں یہ کتاب کسی نعمت سے کم نہیں۔

ہوتی جارہی ہیں۔ عورتوں کو چاہئے کہ اسم کا ذکر کیا کریں۔ تاکہ خاوند کے ذریعہ یا اور طرح اسباب رزق کشادہ ہوں اور برکت ملے وہ عورتیں یا مرد جن کو کسی نہ کسی وجہ سے تنگی ہو یا رزق کا ذریعہ قطعی نہیں تو ان کو چاہیے کہ اس اسم الٰہی سے مدد مانگیں اور مداومت کریں۔ دنوں کو نہ گنیں اور اللہ کے فضل کے منتظر رہیں صدق و یقین سے پڑھا گیا تو وہ مدد ملے گی جو کسی اور ذریعہ سے ممکن نہ ہوگی۔

☆☆☆☆☆

یکم رجب کو بننے والی خاص لوح

صوفی نذیر رانجھا

علم مثل ایک خزانہ کے ہے اور میں نے ایسا خزانہ آپ کے ہاتھوں میں دیا ہے جسے کسی قیمت پر خریدا نہیں جا سکتا۔ ابجد کے ۲۸ حروف میں سے ۱۴ ظلمانی ہیں۔ مقطعات قرآنی میں تمام حروف نورانی ہیں جن کی نسبت علماء نے مختلف صفات اور معنی بیان فرمائے ہیں۔ چونکہ میرا طریق اثرات روحانی سے ہے اس لئے بیان کرتا ہوں۔ مختصراً یہ کہ حروف قرآن کی حفاظت کرتے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کی مہریں ہیں۔ انا نحن نزلنا الذکر و انا لہ لحافظون۔ ان کے اسمائے صفات پر ہے۔ یکم رجب میں برسہا برس سے میں ایک لوح چاندی کی تختی پر لکھنے کے لئے دیتا چلا آرہا ہوں۔ یہ میری وضع کردہ ہے۔ اگر کوئی شخص رجب کی پہلی تاریخ کو ساعت اوّل میں کندہ کرے اور پہنے تو درج ذیل فوائد حاصل ہوں گے: (۱) ڈرپوک ہو تو حوصلہ مند ہو جائے گا۔ (۲) اگر کسی سے ڈر ہو تو امن میں ہو جائے۔ (۳) اگر کسی امیر وزیر کے پاس جائے تو وہ اس کی خاطر کرے۔ (۴) اگر غصہ کی حالت میں اس کے سر پر رکھے تو اس کا غصہ دور ہو۔ (۶) اگر پیاسا اپنے منہ میں رکھے تو پیاس دور ہو۔ (۷) اگر اسے بارش کے پانی میں دھو کر سات دن صبح پی لے تو حافظہ اور فہم قوی ہو۔ (۸) اگر کوئی کنواری لڑکی اپنے پاس رکھے تو بہت لوگ اس کی شادی کے لئے راغب ہو جائیں۔ (۹) اگر مرگی والے پر یہ انگوٹھی رکھ دی جائے تو اسی وقت افاقہ ہو۔ (۹) جس عورت کو دردِ زہ ہو، وہ اس کو پہنے تو فوراً بچہ پیدا ہو۔ (۱۰) اگر لوح پر بخور رکھ کر سحر زدہ کو دھونی دیں تو فوراً سحر زائل ہو۔ (۱۱) جسم کے کسی حصہ سے خون جاری ہو۔ اسے پہنا دیں۔ فوراً خون بند ہو جائے گا (۱۲) اس کی برکت سے حادثہ سے انسان محفوظ رہتا ہے۔ (۱۳) بچے اغواء سے محفوظ ہو جاتے ہیں۔ (۱۴) سامان میں رکھیں تو چوری نہیں ہوتا۔ (۱۵) زہر خوانی اتفاقیہ ہو جائے تو اس سے موت واقع نہیں ہوتی۔ (۱۶) اگر کسی آسیب زدہ کو پہنا دیں تو جن بھاگ جائے گا۔ (۱۷) ہوائی جہاز میں سفر کرنے والے، ڈرائیور اور عموماً سفر کرنے والوں کو حفاظت ہو۔ (۱۸) جس شخص کے دشمن ہوں اور اسے جان کا خوف ہو۔ اسے بھی گلے میں ڈالنا چاہیے۔ دشمن کچھ نہ کر سکے گا۔ (۱۹) آج کل سڑکوں کے حادثات سے تو کوئی بھی محفوظ نہیں۔ اس لئے بھی ہر شخص اپنی حفاظت اس سے کر سکتا ہے۔

نقش یہ ہے:۔



میں نے ایک دفعہ ایک ایسے شخص کو پہننے کے لئے دی جو غلط ٹیکہ لگنے سے بیہوش اور ناطاقتی ہو گیا وہ اچانک گر پڑتا تھا اور دوائیاں اس پر الٹا اثر کرتی تھیں تو وہ چند دن پانی میں ڈال کر پیتا رہا تو تندرست ہو گیا۔

یہ نقش بناتے وقت پہلے اندر کے خانے لکھیں۔ پھر ضلعے بنائیں۔ پہلے بسم اللہ سے، پھر قولهُ الحق وله الملك سے، پھر مؤکلات سے، پھر خدام، پھر اوپر **مجيب الدعوات والا كرام** پھر نیچے **ق والقرآن المجيد**، **ن والقلم و ما يسطرون** لکھے۔ پھر چاروں طرف سے بند کرے۔ لوبان کی دھونی جلائے۔ وضو کر کے لکھے اور کمرہ میں تنہا ہو۔ اگر چاندی کے بجائے کاغذ پر لکھے تو سرخ سیاہی سے لکھے۔ اس لوح کو زائد النور میں موافق اوقات میں تیار کیا جائے تو مزید بہتر نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

دشمن کو زیر کرنے کا خاص عمل

توحید اصغر

یہ عمل اس وقت جائز ہے جب دشمن فاسق و فاجر اور ظالم ہو اور اس کے فسق و فجور اور ظلم و ستم سے لوگ پریشان ہوں۔ اگر کسی نے ذاتی دشمنی نکالنے کے لئے یہ عمل کیا تو عامل کی آخرت برباد ہوگی اور ہونے والے خطرناک نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔

اس عمل کو چاند کی ۱۲، ۱۳، ۱۴ تاریخ میں نصف شب کے بعد کرنا چاہئے۔ ہر رات غسل کے بعد عمل شروع کرے اور مندرجہ ذیل نقش لکھ کر مصلے کے نیچے، سجدے کی جگہ پر رکھے۔ پھر اس مصلے پر دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ۴۰ مرتبہ سورۂ فیل اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ۴۰ مرتبہ سورۂ کافرون پڑھے۔ جب نماز سے فارغ ہو جائے تو سجدے میں جا کر یا قادر ۳ مرتبہ، یا مقتدر ۳ مرتبہ، یا عزیز ۳ مرتبہ، یا علیم ۳ مرتبہ پڑھے۔ پھر سجدے سے سر اٹھا کر یہ دعا مانگے۔ اَللّٰھُمَّ خُذْلِیْ حَقِّیْ فلاں ابن فلاں وَاجْعَلْهُ عِبْرَةً لِلْمُعْتَبِرِیْنَ یَاشَدِیْدُ. اَللّٰھُمَّ اَھْلِکْهُ کَمَا اَھْلَکْتَ قَوْمَ فِرْعَوْنَ اِنَّكَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ دشمن کا تصور ذہن میں رکھیں۔ نقش یہ ہے:

نقش اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں

روشن دماغ

دماغی تقویت
اور لاجواب حافظہ
تعلیم کی دوڑ میں کامیابیاں

قیمت
250.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ



الله قہار دائم رب متین قیوم تواب دلیل رقیب

ق	ا	د	ر	م	ق	ت	د	ر
ا	د	ر	م	ق	ت	د	ر	ق
د	ر	م	ق	ت	د	ر	ق	ا
ر	م	ق	ت	د	ر	ق	ا	د
م	ق	ت	د	ر	ق	ا	د	ر
ق	ت	د	ر	ق	ا	د	ر	م
ت	د	ر	ق	ا	د	ر	م	ق
د	ر	ق	ا	د	ر	م	ق	ت
ر	ق	ا	د	ر	م	ق	ت	د

رب قیوم الله دائم رقیب متین قہار تواب دلیل

☆☆☆☆☆

بُو اور خوشبو کو عملیات میں کیوں استعمال کیا جاتا ہے؟

انسانوں اور جانوروں میں خوشبو کے اثرات

آپ نے اکثر عملیات کی کتابوں میں پڑھا ہوگا کہ محبوب کے پاؤں کی مٹی لو، ناخن لو اس سے یہ عمل تیار کرو یا اس تعویذ کو مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے میں لپیٹ لو۔ جذب القلوب کتاب میں بھی اس امر کی وضاحت کی گئی ہے جو تسخیر کے اہم نقطہ اعداد متحابہ کے سلسلے میں لکھی گئی۔ اس میں ''نظریہ تاثیر'' کے ماتحت لکھا ہے کہ طالب و مطلوب کے درمیان کوئی قدر مشترک ہونی چاہیے یہ قدر مشترک تعویذ پاس رکھنے یا کھانے پینے کی چیز میں ملا کر دینے سے پیدا کی جاتی ہے۔ اس مسئلے کو اب میں عام نظریہ سے بیان کرتا ہوں کہ ایسا کیوں کیا جاتا ہے۔ اکثر ماہرین جنسیات اس بات سے متفق ہیں کہ حیوانوں اور انسانوں کی قوت شامہ ان میں جنسی تحریک پیدا کرنے کے لئے ایک اہم رول ادا کرتی ہے۔ چنانچہ اگر کسی جاندار میں سونگھنے کی صلاحیت نہ ہو تو افزائش نسل کے لئے اس کی سرگرمیاں کمزور پڑ جاتی ہیں۔ کیونکہ اسے جنسی مخالف کی قربت میں کوئی لطف محسوس نہ ہوگا۔ جانوروں میں بو کو ایک طاقتور جنسی کشش محرک سمجھا جاتا ہے۔ یہی وہ چیز ہے جو زبردست جنسی کشش کا سبب بن جاتی ہے۔ کئی اہم اور مخصوص خوشبوئیں حیواناتی جنسی غدود ہی سے پیدا ہوتی ہیں۔ جیسے مشک نافہ، مشک بلاؤ یا اود بلاؤ۔ حقیقت یہ ہے کہ انسانوں کو جنسی زندگی کا بھی ایک اہم پہلو یہ ہے جسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا اور نہ اسے وہم قرار دیا جا سکتا ہے۔ ہر شخص کی بو اس کے کپڑوں میں آجاتی ہے اور یہی بو محبوب کے کپڑوں اور ناخنوں یا پاؤں کی مٹی میں مل کر عمل و تعویذ میں کشش کا ایک محرک سمجھی جاتی ہے۔

خوشبو کا جیون ساتھی کی زندگی پر اثر

ہمیں اپنی روزمرہ کی زندگی میں ایسے واقعات دیکھنے کو ملتے ہیں جو سونگھنے اور جنسیت کے درمیان ایک گہرے تعلق کی تصدیق کرتے ہیں۔ یہ دوسری بات ہے کہ موجودہ تہذیب کے بعض اصولوں نے ہمیں اپنے جسم کی حقیقی بو سے جدا کر کے عطریات کا سہارا لینے پر مجبور کر دیا ہے۔

ڈاکٹر ونڈل ہومز کہتے ہیں کہ عصب شامہ کا دماغ کے ساتھ اتنا گہرا اور مضبوط رشتہ قائم ہے کہ اُسے کسی اعتبار سے بھی الگ نہیں کیا جاسکتا۔ بلکہ وہ دماغ ہی کا ایک حصہ ہے جو بھیجے کے اگلے حصے میں ملا ہوا ہے۔ ڈاکٹر ہومز بھی دوسرے علماء جنسیات کے ساتھ اس بات کا یقین رکھتے ہیں کہ انتہائی شائستہ لوگوں میں بھی بو ہی سب سے بڑے جنسی محرک کا کام کرتی ہے۔ ہر مرد خواہ وہ کسی بھی طبقے سے تعلق رکھتا ہو۔ کسی بھی ماحول میں اس نے پرورش پائی ہو اور کیسی ہی تعلیم حاصل کی ہو۔ ایک مہکنے والی بیوی کے سامنے سر تسلیم خم کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ مہکتی ہوئی، صاف، ستھری اور تندرست بیوی اس کے اعصاب میں ایک لطیف سی جھنجھناہٹ پیدا کر دیتی ہے۔ وہ اس کے پسینے کی ہلکی ہلکی قدرتی بو سے اثر لئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ ایک شاعر اپنی محبوبہ بیوی سے کہتا ہے۔

وہ تمہارے ولولے، وہ آرزوئیں کیا ہوئیں
کیا ہوئے وہ ریشمی آنچل، وہ بوئیں کیا ہوئیں

تو ہمیں اس کے جذبات کو محسوس کرنے میں زیادہ مشکل پیش نہیں آتی۔

شیکسپئر کے ان الفاظ کی بھلا کون تردید کرسکتا ہے کہ ''محبوبہ (بیوی) کی بو ایک محب کے لئے اتنی ہی کشش رکھتی ہے جتنا کہ اس (محبوبہ) کا نظر آجانا'' یہی بات گیسوانوا کی سوانح حیات میں بھی ملتی ہے۔ موصوف لکھتے ہیں کہ ''جس بیوی سے مجھے محبت ہے اس کی بو اتنی ہی دلکش ہے۔ جتنی کہ گل مہندی کی خوشبو'' مشہور فرانسیسی مصنف سہان کے یہ الفاظ بھی ملاحظہ فرمائیے کہ ''زلفیں خوشبوؤں کا گہوارہ ہوتی ہیں بھوری اور سیاہ جلد کی بیویوں کے بالوں میں جوش پیدا کرنے اور تھکا دینے والی بو ہوتی ہے۔ سرخ جلد والی بیویوں کے بالوں میں تیز اور خوفناک بو ہوتی ہے اور گوری بیوی کے سنہرے بالوں میں شیریں سی مہک ہوتی ہے۔ اور بھی بہت سی کتابوں میں بھی عورتوں کو جنسی بوؤں کے بہت سے حوالے ملتے ہیں۔ جنہیں جاذب توجہ اور دلکش بنایا گیا ہے۔ دلہن کے جسم کے مختلف حصوں کی بوؤں کا مقابلہ لوبان، بخور، سیب، انار، انگور اور خوشبودار مثالوں سے کیا گیا ہے۔ چونکہ زمانہ جاہلیت کے انسان پر بھی جسمانی بوؤں کی اہمیت ظاہر ہوگئی تھی اور اس نے محسوس کرلیا تھا کہ نفسانی خواہش کو بیدار کرنے میں ان کا کیا حصہ ہوتا ہے۔ اس لئے وہ نباتاتی اور حیواناتی عطریات کے ذریعہ اپنی جسمانی مہک میں اضافہ کیا کرتا تھا۔

قدیم لوگوں میں خوشبو کا رواج

قدیم لوگ عطریات کو اپنے جسم پر نہایت شوق سے اس طرح لگانا پسند کرتے کہ وہ انہی کے جسم کی خوشبوئیں معلوم ہوں۔ تہذیب کے ابتدائی دور میں ہی یہ درفافت کرلیا گیا تھا کہ خوشبوئیں نہ صرف اعصاب شامہ کو متاثر کرتی ہیں اور قدرتی جسمانی بوؤں کی جنسی تاثیر کو بڑھاتی ہیں بلکہ جسم کی خوشگوار مہک کو چھپانے میں بھی مدد کرتی ہیں۔ ہمارے ملک میں دلہن کے جسم پر ابٹن ملنے کا رواج اسی لئے ہے۔ ابٹن نہ صرف جسمانی بو کو چھپاتا ہے بلکہ جنسی تحریک کا باعث بھی بنتا ہے۔



صوفیائے کرام کی پاکیزہ زندگی کی اجلی صفات اور ایمان افروز حکایات پر مشتمل حیرت انگیز اور لاجواب کتاب

خوشبو اور جنسیات کا تعلق

تیز تر عطریات کے بنیادی اجزائے ترکیبی بعض جانوروں کے ان مخصوص غدود سے حاصل کئے جاتے ہیں جن کا تعلق ان کے جنسی اعضا سے ہوتا ہے۔ پھولوں سے تیار کئے ہوئے سینٹوں کا جوہر بھی پھولوں کے ان ’’روغنی غدود‘‘ سے حاصل کیا جاتا ہے۔ جو ایک پودے کی زرخیزی کے لئے ضروری ہوتے ہیں۔ حیوانی غدود کی رطوبتوں میں مشک نافہ، مشک بلاؤ اور مشک اود بلاؤ قابل ذکر چیزیں ہیں۔ یہ تمام قدرتی بوئیں جو حیوانات میں ملتی ہیں۔ مناسب طور پر مرکب کردی جانے کے بعد خوشگوار خوشبوئیں مہیا کرتی ہیں۔ یہ دوسری لطیف خوشبوؤں میں آسانی سے حل ہوکر انہیں دیرپا عطریات کی حیثیت عطا کردیتی ہیں۔ انتہائی محرک اور سویٹر سینٹ وہ ہوتے ہیں جن کی بوئیں جسمانی رطوبتوں سے ملتی جلتی ہوں۔ مشک کی بو ایک نوجوان اور تندرست انسانی جسم کی بو کی مانند ہوتی ہے۔ مشک بہت سے جدید عطریات میں ملتا ہے۔ اگرچہ اسے بڑے کمال سے دوسری خوشبوؤں میں ملا دیا جاتا لیکن اعصاب شامہ بڑی آسانی سے محسوس کرلیتے ہیں۔ بہت سے قدیم زمانے کے ساحروں کو عطریات کی کشش اور ان کے راز کا علم ہوگیا تھا۔ انہیں یہ معلوم تھا کہ خوشبوئیں جنسی شوق میں تڑپ پیدا کرنے کے لئے قوت شامہ پر کتنا اہم اثر مرتب کرتی ہیں۔

بادشاہوں میں خوشبو کا ذوق

اسلامی اقتدار کی حامل شخصیات تو خوشبو استعمال کرتی ہی تھیں لیکن ذیل میں چند غیر مسلم فرماں رواوں کے نام پیش کیے جاتے ہیں جو کہ خوشبو کو نہایت ہی اہمیت دیا کرتے تھے۔

(۱)۔ مصر کی قلوپطرہ ایک مشہور ملکہ گزری ہے اس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اس کے پاس سب سے بڑا حربہ خوشبو تھا۔ اس کے عہد میں مصری عورتیں اپنے اندر اپنے شوہروں کیلئے مزید کشش پیدا کرنے کے لئے اپنے جسم کے خاص اعضا کو معطر کرلیتی تھیں۔ قلوپطرہ کے بارے میں شیکسپئر کہتا ہے کہ ’’وہ خوشبوؤں سے اس قدر بھری ہوئی ہوتی تھی کہ ہوائیں تک مریضہ عشق معلوم ہوتی تھیں‘‘۔

(۲)۔ قدیم یونان اور روم کے بادشاہوں اور ان کے مصاحبوں کے متعلق بھی یہ مشہور ہے کہ وہ خوشبودار لوبان اور عطروں پر دل کھول کر دولت صرف کرتے تھے۔ مثلاً نیرو، ہیلوگبیالس اور قبیلی گولا کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ خوشبوؤں سے غسل کرتے تھے۔ کہا جاتا ہے کہ نیرو نے اپنی بیوی پوپی کی آخری رسم کے موقع پر اتنے زیادہ عطریات استعمال کئے تھے جتنا کہ ایک سال میں پورے عرب میں تیار کیا جاتا ہے۔

(۳) دربار لوئی پانژدہم اپنی شان وشوکت کی وجہ سے کافی مشہور ہے اس دربار میں عطریات کا استعمال ایک اعلیٰ فیشن سمجھا جاتا تھا۔

(۴) ایک مقام شوائسی کی مادام پومیادوا اپنے عطریات پر سالانہ پانچ لاکھ لائیور (تقریباً ایک لاکھ ڈالر) خرچ کردیتی تھیں۔

(۵) میری انتوئینت بھی قیمتی خوشبوؤں کے ذریعے اپنے قسمت سنوارنے اور عروج تک پہنچنے کی وجہ سے قابل ذکر ہے۔ اس کی پسندیدہ خوشبوئیں بنفشہ، گلاب اور مشک نافہ کی آمیزش سے تیار کی جاتی تھیں۔

(۶) میری جینے نیبہ مادام وریاری کے نام سے مشہور ہوئی اور لوئی پانژدہم کی مسٹرس بن گئی۔ محسور کن اور نشاط انگیز عطریات کا ایک نسخہ راندۂ زمانہ اور بدنام ساحر کیگی لیوسترد سے حاصل کیا تھا۔

(۷) والی عہد آنجو کو (جو بعد میں ہنری سوم بنا) اور اس کی بیوی میری بھی خوشبو کے بے حد شوقین تھے اور اور ان کا دربار ہر وقت طرح طرح کی خوشبو سے معطر رہتا تھا۔ اور سلسلہ ازدواج سے منسلک ہونے کی وجہ بھی خوشبو ہی تھی۔

(۸) ڈاکٹر مارش شدیکل نے ایک شخص کی مریضانہ ذہنیت کا ایک واقعہ بیان کیا ہے کہ ایک نوجوان لڑکا اپنی محبوبہ بیوی کے جوتے سونگھ کر خوش ہوا کرتا تھا اور اس کی نفسانی خواہشات کو جوتے کی بو سے تسکین مل جاتی تھی۔

عملیات میں خوشبو استعمال کرنے کی وجہ

یہ وہ حقائق ہیں جو ہمیں ان جنتروں سے متعلق سوچنے پر مجبور کرتے ہیں جن (بیوی اور اسی طرح کے دوسرے رشتے جن کی شریعت نے اجازت دی ہے) کی تسخیر کے لئے اس کا پسینہ لگا ہوا کپڑا، ناخن، بال پاؤں کی مٹی استعمال ہوتی ہے۔ تسخیر اور دو دلوں کو ملانے والے نقوش کے اوپر دونوں میں سے کسی ایک کا کپڑا لپیٹا جاتا ہے۔ بعض عامل مریض کا کپڑا منگوا کر اس سے مرض کا پتہ لگاتے ہیں۔ مقصد صرف یہ ہے کہ بو کشش کا ذریعہ ہے اور طالب سے کہا جائے کہ اس تعویذ کو مطلوب کے کپڑے میں لپیٹ کر پاس رکھنا اور اگر وہ کہے کہ میرے پاس کوئی چیز نہیں۔ تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ یہ تسخیر میں ناکام رہے گا۔ یہ بار بار عمل کرنے سے کامیاب ہوگا۔

☆☆☆☆☆

عملیات کی بنیاد سیکھنے والے متوجہ ہوں!

انتخاب: استاد بشیر

حروف تہجی

ہر نام، اسم اور عبارت کے عدد اس جدول کے مطابق لینے ہیں۔

جدول ابجد

ا	ب	ج چ	دڈ	ھ	و	زژ	ح	ط	ی	ک گ	ل	م	ن
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
س	ع	ف	ص	ق	رڑ	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

یاد کرنے کیلئے یہ کلمات ہیں۔ ابجد، ہوز، حطی، کلمن، سعفص، قرشت، ثخذ، ضظغ، اُردو زبان میں مستعمل لفظ پ، چ، ڈ، ڑ، ث، گ زائد ہیں۔ مثلاً اللہ کے عدد (ا، ل، ل، ہ) کے ٦٦ ہوئے۔ یہ اعداد جمیل کبیر کہلاتے ہیں۔ علم اعداد جمیع علوم مخفیہ میں مشکل اور افضل ہے۔ کیونکہ اسی سے ہی الواح و نقوش بنتے ہیں۔ اس علم کے بارے میں فرمایا گیا عِلْمُ الْاَعْدَادِ اَجَلَّ الْعُلُوْمِ۔ لہٰذا حروف کے وقف اعداد میں بعض حکمائے سلف نے کمال حاصل کیا تھا اور وہ تصرفات عالم میں دخل رکھتے تھے۔ کوئی بھی علم مخفیہ بغیر علم اعداد کے حاصل نہیں ہوسکتا۔ کسی حکیم کا قول ہے اِنَّ عِلْمُ السّمْیَّاء جُزْءٌ مِنْ اَعْدَاد الْوَقْفِ۔ یعنی تمام اسراری علوم، اعدادِ وقف کا جز ہیں۔ جب تک اسماء اور


سچا منجن

قیمت
70.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
دانتوں کا پیلا پن ہمیشہ کیلئے ختم
دانتوں کو مضبوط اور دانتوں کو قدرتی چمک بخشے

آیات کے اعداد نکالنے کا طریقہ کو نہ سمجھے گا۔ اعداد مقصود حاصل نہیں کر سکتا۔ اس میں بھی اکثر لوگ غلطیاں کرتے ہیں۔

اعداد نکالنے کا اُصول

☆ ہمزہ کے اعداد اس کے استعمال کی بنا پر لیتے ہیں۔ بعض جگہ یہ الف کی آواز دیتا ہے۔ بعض جگہ ی کی بجائے ہوتا ہے۔ بعض جگہ اس کے عدد نہیں لیتے جاتے۔ مثلاً عطاء اللہ میں ہمزہ بجائے الف کے ہے۔ ایک عدد لیں گے ئیل میں ہمزہ بجائے الف کے (ایل) ایک عدد لیں گے۔ نور النساء میں ہمزہ ساکن ہے۔ کوئی عدد نہ ہوگا۔ رؤف میں ایک ہمزہ ایک واؤ کی بجائے ہے یا پیش کی بجائے۔ کوئی عدد نہ ہوگا۔ رئیس میں ہمزہ یائے مکرر ہے۔ چونکہ کسرہَ ماقبل میں یا اشباع ہے اس لئے دو ی کے عدد بیس لیں گے۔ لیکن رصییین اور بنییین میں ی کے عدد دس لئے جائیں گے۔ ہمزہ کو خط منحنی کہتے ہیں۔ چونکہ ابجد میں اس کا حرف مقرر نہیں۔ اس لئے خود کوئی قیمت نہیں رکھتا۔

☆ اعداد نکالنے کا قاعدہ یہ ہے کہ مکتوبی حروف کے اعداد لئے جاتے ہیں۔ بولنے میں جو آتے ہیں، ان کا لحاظ نہیں رکھا جاتا۔ مثلاً عبدالرحمٰن میں الف لام بولنے میں نہیں آتا مگر لکھنے میں آتا ہے۔ اس لئے اس کے عدد لیں گے۔ آمنوا میں آخری الف زائد ہے۔ بولنے میں نہیں آتا مگر لکھنے میں آتا ہے۔ اس لئے اس کے عدد لیں گے۔

☆ اس طرح الف وصل مکتوبی ہونے کی وجہ سے عدد لیا جائے گا۔ حالانکہ بولنے میں نہیں آتا۔ مثلاً **واقتلوھم** کا الف۔

☆ زیر زبر، پیش، مدات اور کھڑی زیر یا زبر کا کوئی عدد نہیں ہوتا۔ لفظ اللہ میں ایک لام مشدد نہیں بلکہ دو لام لکھے جاتے ہیں۔ عدد ٦٦ ہوں گے۔

☆ سمٰوٰت، اسحٰق، رحمٰن کے الف کے پڑھنے میں آتے ہیں مگر لکھنے میں نہیں آتے۔ ان کے عدد نہ لئے جائیں گے۔

☆ الف مقصورہ کے دس عدد ہوں گے جیسے مرتضیٰ، موسیٰ، عیسیٰ، مصطفیٰ وغیرہ مثلاً مرتضیٰ کے عدد (م، ر، ت، ض، ی) کے ہوں گے۔

☆ تائے طویل کے عدد ۴۰۰ ہوں گے۔ جیسے کائنات، ذات، صفات وغیرہ۔ یہ تا جمع کی ہے۔ مذکر ہے۔ تائے تانیث کو عموماً ہائے مدور (ہ) پر لکھا جاتا ہے۔ جیسے صلوٰۃ زکوٰۃ۔ اس کے صرف پانچ عدد لئے جائیں گے۔ اس لئے یہ ہائے ہوز قائم تا ہے شام لوگ ضرورت سن تاریخی کو مدنظر رکھ کر اس کے بھی ۴۰۰ عدد لے لیتے ہیں اور عملیات میں بھی ۴۰۰ عدد لئے جاتے ہیں۔

☆ نون تنوین مکتوبی نہیں۔ اس لئے اعداد نہ لئے جائیں گے۔

☆ واؤ عاطفہ مثل دل وجان میں و کے عدد لئے جائیں گے۔

☆ یائے معروف جس پر خط منحنی ہو، اس کے بیس عدد لئے جائیں گے۔ اس لئے کہ جب کسرہَ ماقبل اشباع پائے گا تو دوسری یے ہو جائے گی۔

☆ حروف مشدّد، چونکہ تحریر میں ایک ہی بار آتا ہے اس لئے دو مرتبہ محسوب نہ ہوگا۔ جیسے فرّخ، ف، ر، خ کے عدد ۸۸۰ ہوں گے۔

نام کے اعداد نکالنا

(۱) عورت و مرد کے ناموں کے اعداد نکالتے وقت نام مع والدہ لیا جاتا ہے۔ خواہ کسی عمل میں لکھا ہوا ہو یا نہ ہو۔ والدہ کا نام تخصیص کے لئے ہوتا ہے۔ بعض لوگ حوا کا نام شامل کرتے ہیں، یہ درست نہیں۔ نام معہ والد میں کمزوری رہ سکتی ہے اور شک کی گنجائش باقی رہتی ہے کہ آیا درحقیقت یہ شخص باپ ہے بھی یا نہیں۔ اس امر کو قدرت بہتر جانتی ہے مگر کسی شخص کی والدہ کا حقیقی ہونا، ایک یقینی امر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قیامت کے دن باری تعالیٰ انسانوں کو ان کی ماؤں کے ناموں سے پکارے گا۔ یوں سمجھ لیں کہ محمد حسین نام کے لوگ تو بہت ہوں مگر جب مع والدہ کا نام لیا محمد حسین بن امت الحفیظ۔ تو یہ نام کسی دوسرے کا نہ ہوگا۔ لہٰذا لوح یا عمل کے مؤکلات کے لیے یہ تخصیص نہایت ضروری ہے۔

(۲) عموماً پیدائشی نام لیا جاتا ہے۔ اکثر صورتوں میں شبہ ہوتا ہے کہ پیدائشی نام کونسا ہے؟ کیونکہ بعض لوگوں کے نام کئی کئی بار بدلے جاتے ہیں۔ بعض اوقات نام کوئی رکھتے ہیں پکارتے کوئی ہیں اور برسوں یہی نام چلتا ہے۔ لہٰذا نام کے لیے یہ یاد رکھیں کہ پیدائش کے بعد سے جو نام

قائم رہایا تبدیل ہوکر قائم رہا،تحریر میں آیا،سکول سرٹیفکیٹ میں آیا،وہ گنا جائے گا۔

بعض لوگ نام مختصر کرلیتے ہیں۔ جن سے کاروباری امور سرانجام دیتے ہیں۔ اکثر لوگ بھی اسی نام سے پکارتے ہیں تو تعویذات میں یہ نام نہ چلے گا۔ کیونکہ یہ قائم مقام نام ہیں۔ اصل نہیں ہوتے۔

بعض عورتوں کے سسرال میں نام بدل دیئے جاتے ہیں۔ ان کا پیدائشی نام لینا ہوگا اور اگر نام نکاح کے وقت بدلا اور نکاح نامہ میں بھی آ گیا اور پھر یہ رائج ہوگیا تو یہ نیا نام بھی کام دے گا۔

افسران کے نام، جن کی والدہ کے نام نہ معلوم ہو، ان کا مروجہ پورا نام معہ عہدہ لیں تاکہ تخصیص ہوجائے۔ نام اور والدہ کا نام کے درمیان بن یا بنت کے عدد نہیں لئے جاتے۔ نقش کے اندر نام لکھنا ہو تو معہ والدہ ہو، جس میں بن یا بنت نہ لکھیں۔ مگر عزیمت جو نقش کے نیچے لکھی جاتی ہے، اس میں بن یا بنت درمیان میں لکھا جائے گا۔

آدمی کا نام معہ والدہ ہو تو بن لکھتے ہیں۔ عورت کا نام معہ والدہ ہو تو درمیان میں بنت لکھتے ہیں۔

ذات، لقب، کنیت، تخلص وغیرہ کے الفاظ مثلاً سید، شیخ، آغا، مرزا، مولوی، میر وغیرہ نام کا حصہ نہیں ہیں۔ یہ ذات پات اور خاندانی اثر کے تحت ہوتے ہیں۔ اس لئے ان تمام الفاظ کے عدد نام میں شامل نہ کرنے چاہئیں۔ البتہ کوئی افسر یا ایسا شخص ہو۔ جس کی ماں کا نام معلوم نہ ہو تو تخصیص کے لئے پورا نام اور شہرت کیلئے جو لفظ اس کا مل سکے۔ وہ شامل کرسکتے تاکہ کچھ تو تخصیص ہوسکے۔

☆☆☆☆☆



اسلام قبول
کرنے والے
نومسلم بھائیوں
کی کہانی خود
ان کی زبانی

قصیدہ بردہ شریف۔۔۔دکھی دلوں کا مرہم

نعیم الحق

بارگاہ رسالت ﷺ میں قصیدہ بردہ کی قبولیت

قصیدہ بُردہ شریف عظیم الشان قصیدہ ہے جو بارگاہِ نبوی علیہ الصلوٰۃ والسلام سے سند قبولیت پاکر چاردانگ عالم میں مشہور ہے۔ اس کے مصنف علامہ شرف الدین محمد بوصیری رحمۃ اللہ القوی ہیں۔ قصیدہ بردہ لکھنے کا سبب یہ ہوا کہ ایک روز اچانک آپ پر فالج کا حملہ ہوا۔ حتیٰ کہ نصف حصہ بے حس ہوگیا۔ آپ رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ ”میرے ضمیر نے مجھے مشورہ دیا کہ ایک قصیدہ حضور نبی کریم ﷺ کی تعریف میں لکھوں اور اس کے وسیلے سے اپنے لئے شفا طلب کروں۔ لہٰذا میں نے اس قصیدہ مبارکہ کو لکھا تو خواب میں حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوا۔ میں نے آپ ﷺ کو قصیدہ پڑھ کر سنایا تو آپ ﷺ نے خوش ہوکر مجھے چادر عطا فرمائی اور میرے اعضا پر اپنے نور بھرے ہاتھوں کو پھیرا۔ جب آنکھ کھلی تو میں نے اپنے آپ کو بالکل صحت یاب پایا“۔

قصیدہ بردہ۔۔۔بیماروں کیلئے پیغام شفاء

قصیدہ بردہ سے آنکھوں کا علاج:

اس قصیدہ سے افادہ استفادہ اکثر علماء و بزرگان دین کا معمول رہا ہے۔ اس کے فوائد ان گنت اور مسلم ہیں جیسا کہ اکثر شارحین نے ذکر فرمایا کہ حضرت سعد فاروقی رحمۃ اللہ تعالیٰ کی آنکھوں میں سخت آشوب چشم ہوگیا۔ قریب تھا کہ نابینا ہو جاتے۔ دریں اثناء ان کی سوئی ہوئی قسمت انگڑائی لے کر جاگ اٹھی اور خواب میں حضور سید عالم نور مجسم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپ ﷺ کے لب ہائے مبارکہ کو جنبش ہوئی۔ رحمت کے پھول جھڑنے لگے اور الفاظ کچھ یوں ترتیب پائے کہ فلاں شخص کے پاس جاؤ۔ اس کے پاس قصیدہ بُردہ رکھا ہے۔ اسے لے کر آنکھوں پر لگاؤ۔ آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ اس شخص کے پاس گئے اور قصیدہ بُردہ شریف کو لے کر آنکھوں پر لگایا اور پڑھا۔ الحمد اللہ اُن کا مرض بھی جاتا رہا اور آنکھیں پہلے سے بھی زیادہ روشن ہوگئیں۔ (عصیدہ الشہدۃ، صفحہ ۴۔۵)

(1) قصیدہ بردہ سے ضعف قلب و دمہ کا علاج

لَوۡلَا الۡھَوٰی لَمۡ تُرِقۡ دَمۡعًا عَلٰی طَلَلٍ
وَلَا اَرِقۡتَ لِذِکۡرِ الۡبَانِ وَالۡعَلَمِ

اگر کسی کو ضعف قلب (دل کی کمزوری) ہو یا دل بے انتہا پریشان ہو یا دمہ کا مرض ہو تو اس شعر کے حروف سیب پر لکھ کر کھلائیں تو انشاء اللہ چند ہی دنوں میں کلی صحت ہوگی۔ سیب پر حروف اس طرح لکھیں۔

ل و ل اا ل ه و ی ل م ت ر ق د م ع ا ع ل ی ط ل ل
و ل اا ر ق ت ل ذ ك ر ا ل ب ا ن و ا ل ع ل م

اور علامہ محمد بن عبداللہ قیصری رحمہ اللہ القوی فرماتے ہیں ہم نے اس کا کئی مرتبہ تجربہ کیا، سچ اور حق پایا۔ (عصیدۃ الشہدۃ۔ ص ۱۹)

(۲) ہر جائز حاجت پوری ہونے کا عمل

فَکَیۡفَ تُنۡکِرُ حُبًّام بَعۡدَ مَا شَھِدَتۡ

بِهِ عَلَيْكَ عُدُوْلُ الدَّمْعِ وَالسَّقَمِ

اگر کسی جائز حاجت و مقصد کیلئے اس شعر کو تین مرتبہ پڑھ کر دہ کام شروع کرے تو ان شاء اللہ عزوجل وہ حاجت پوری ہوگی۔

(۳) دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کا عمل

مَحَّضْتَنِي النُّصْحَ لٰكِنْ لَسْتُ أَسْمَعُهُ
إِنَّ الْمُحِبَّ عَنِ الْعُذَّالِ فِيْ صَمَمِ

اگر کسی شخص کو دشمن کا ڈر ہو یا کسی سے تکلیف و اذیت پہنچنے کا خوف ہو تو ایک گول کاغذ کے کنارے کنارے اس شعر کو لکھ کر عمامہ یا ٹوپی میں اس طرح رکھیں کہ یہ شعر پیشانی کی طرف رہے۔ انشاء اللہ عزوجل، دشمن ذلیل و رسوا ہوا اور یہ خود ان کے شر سے محفوظ رہے۔ (عصیدہ الشہدۃ ص ۳۰)

(۴) کسی بھی کتاب میں انتہائی مشکل مقام کو حل کرنے کا عمل

وَاسْتَفْرِغِ الدَّمْعَ مِنْ عَيْنٍ قَدِ امْتَلَأَتْ
مِنَ الْمَحَارِمِ وَالْزَمْ حِمْيَةَ النَّدَمِ

اگر دوران مطالعہ کوئی ایسا مقام آجائے جو انتہائی مشکل ہو اور باوجود کوشش کے کسی طرح حل نہ ہو تو یہ شعر ۱۱۹ مرتبہ پڑھیں۔ پھر مطالعہ کریں۔ انشاء اللہ عزوجل وہ مسئلہ، وہ مقام حل ہو جائے گا۔ (عصیدۃ الشہدۃ۔ ص ۵۳)

(۵) مکان میں قصیدہ شریف پڑھا جائے تو مکان سات چیزوں سے محفوظ رہے گا

۱۔ آسیب و جن وغیرہ اس گھر سے بھاگ جائیں گے۔
۲۔ مرض آبلہ سے نجات ہوگی۔
۳۔ آنکھ میں زخم نہ ہوگا۔
۴۔ وبا سے نجات ملی گی۔
۵۔ مرض برص اور اچانک موت سے نجات ہوگی۔
۶۔ اچانک حادثہ سے حفاظت ہوگی اور ہر بلا سے انشاء اللہ حفاظت ہوگی۔
۷۔ دین و دنیا کا نقصان نہ ہوگا۔

(۶) جملہ حاجات کیلئے مجرب عمل

جو شخص جمعہ کی رات میں ستائیس (۲۷) مرتبہ قصیدہ بردہ شریف پڑھ کر حضور ﷺ کے وسیلے سے دعا کرے تو حاجت انشاء اللہ پوری ہوگی۔

(۷) گھر خیر و عافیت کیساتھ واپس آنے کا عمل

مَا سَامَنِي الدَّهْرُ ضَيْمًا وَاسْتَجَرْتُ بِهِ
إِلَّا وَنِلْتُ جِوَارًا مِنْهُ لَمْ يُضَمِ

سکون افزاء
اب بڑی پیک میں بھی
320.00 روپے
قیمت
120.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
شوگر فری سیرپ
ٹینشن، ڈیپریشن، اینگزائٹی کی چھٹی

اگر مسافر اس شعر کو ایک کاغذ پر لکھ کر پہلا مصرعہ گھر چھوڑ دے اور دوسرا مصرعہ اپنے پاس رکھے تو انشاء اللہ عزوجل ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہے گا اور گھر خیر و عافیت کے ساتھ واپس آئے گا۔ (عصیدۃ الشہدۃ۔ ص ۱۴)

(۸) ہر قسم کے آسیب سے شفایابی کا بہترین عمل

فَکَیۡفَ تُنۡکِرُ حُبًّا بَعۡدَ مَا شَهِدَتۡ
بِهٖ عَلَیۡكَ عُدُوۡلُ الدَّمۡعِ وَالسَّقَمِ
مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الۡکَوۡنَیۡنِ وَالثَّقَلَیۡنِ
وَالۡفَرِیۡقَیۡنِ مِنۡ عُرۡبٍ وَّمِنۡ عَجَمِ

اگر چینی کے برتن میں یہ اشعار لکھ کر آسیب زدہ کو پلائیں تو چند ہی روز میں انشاء اللہ شفا ہوگی۔ (یہ دونوں اشعار ہر قسم کے آسیب زدہ پر پڑھ کر دم کریں اور اس کا تعویذ لکھ کر گلے میں باندھ دیں)۔

(۹) لڑکیوں کے نصیب کھولنے کیلئے باکمال عمل

جو جمعہ کی رات جبکہ چاند عروج پر رہا ہو، بعد نمازِ عشاء، سترہ (۱۷) بار قصیدہ بردہ شریف پڑھ کر دعا کرے۔ انشاء اللہ عزوجل مراد پوری ہوگی۔ یہ عمل سات جمعہ کرے۔

(۱۰) سکرات الموت میں آسانی کا عمل

لَوۡ نَاسَبَتۡ قَدۡرَهٗ اٰیَاتُهٗ عِظَمًا
اَحۡیَا اسۡمُهٗ حِیۡنَ یُدۡعٰی دَارِسَ الرِّمَمِ

اگر یہ شعر سکرات الموت میں مبتلا شخص پر پڑھا جائے تو اگر وقت پورا ہو چکا ہے تو موت آسانی سے ہوگی ورنہ جلد شفا ہوگی۔ (عصیدۃ الشہدۃ۔ ص ۹۳)

(۱۱) ظالم و جابر اور درندے سے حفاظت کیلئے

وِقَایَةُ اللهِ أَغۡنَتۡ عَنۡ مُّضَاعَفَةٍ
مِنَ الدُّرُوۡعِ وَعَنۡ عَالٍ مِنَ الۡاُطُمِ

اگر ظالم کا خوف ہو یا کسی ایسی جگہ میں ہو، جہاں درندوں کا خوف ہو کہ چیر پھاڑ کھائیں گے تو یہ شعر ۷ بار یا ۹ بار پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے حصار کرے۔ ان شاء اللہ عزوجل، دائرہ میں کوئی وحشی درندہ داخل نہ ہو سکے گا اور ظالم و جابر ہر شخص سے بھی محفوظ رہے گا۔ یہ عمل مجرب ہے۔ (عصیدۃ الشہدۃ۔ ص ۱۳۹)

(۱۲) دینی و دنیاوی حاجات کیلئے تریاق

هُوَ الۡحَبِیۡبُ الَّذِیۡ تُرۡجٰی شَفَاعَتُهٗ
لِکُلِّ هَوۡلٍ مِّنَ الۡاَهۡوَالِ مُقۡتَحَمِ

اگر کسی کی دینی و دنیاوی حاجات ہوں، اسے چاہئے کہ ایک ہی مجلس میں اس شعر کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو اللہ عزوجل، اس کی حاجات پوری فرمائے گا۔ علامہ ابو سعید رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں ''اَنَالُ مَا أَتَمَنَّاهُ'' (اس شعر کی برکت سے میری ہر تمنا پوری ہوئی ہے)۔ (عصیدۃ الشہدۃ۔ ص۔ ۷۷، ۸۸)

(۱۳) گناہوں کی عادت سے چھٹکارے کا عمل

وَخَالِفِ النَّفْسَ وَالشَّيْطَانَ وَاعْصِهِمَا
وَاِنْ هُمَا مَحَّضَاكَ النُّصْحَ فَاتَّهِمِ
وَلَا تُطِعْ مِنْهُمَا خَصْمًا وَّلَا حَكَمًا
فَأَنْتَ تَعْرِفُ كَيْدَ الْخَصْمِ وَالْحَكَمِ

جو شخص گناہوں کا عادی ہو اور نفسانی خواہشات کی وجہ سے توبہ کی طرف مائل نہ ہوتا ہو تو اسے چاہیے کہ ان دونوں اشعار کو بعد نماز جمعہ، ایک کاغذ پر لکھ کر عرق گلاب سے دھو کر پی لے اور اسی جگہ قبلہ کی طرف چہرہ کئے بیٹھا رہے اور خضوع و خشوع کے ساتھ بارگاہ الٰہی میں توبہ کرے اور نبی اکرم ﷺ پر درود پاک پڑھتا رہے حتیٰ کہ نماز عصر و مغرب و عشاء وہیں پڑھے تو انشاء اللہ عزوجل نفس مغلوب و تابع ہوگا۔ (عصیدۃ الشہدۃ۔ ص ۵۸)

(۱۴) نافرمان جانور کو تابع کرنے اور زبان کی لکنت کا علاج

أَمِنْ تَذَكُّرِ جِيْرَانٍ بِذِيْ سَلَمِ
مَزَجْتَ دَمْعًا جَرٰى مِنْ مُّقْلَةٍم بِدَمِ
أَمْ هَبَّتِ الرِّيْحُ مِنْ تِلْقَآءِ كَاظِمَةٍ
وَأَوْمَضَ الْبَرْقُ فِي الظَّلْمَاءِ مِنْ إِضَمِ
فَمَا لِعَيْنَيْكَ إِنْ قُلْتَ اكْفُفَا هَمَتَا
وَمَا لِقَلْبِكَ إِنْ قُلْتَ اسْتَفِقْ يَهِمِ

(۱) ان تینوں اشعار کو اگر شیشہ کے برتن پر لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر نافرمان جانور کو پلایا جائے تو وہ فوراً تابع ہو جائے گا۔ اور اگر کسی نافرمان بیوی کو بھی اسی طرح لکھ کر پانی پلا جائے تو فرماں بردار ہو جائے گی اور شوہر کی ہر بات مانے گی۔ حضرت علامہ محمد بن عبداللہ قیصری رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں ہم نے اس کا تجربہ کیا اور اسے تیر بہدف پایا۔ (۲) اگر ان تینوں اشعار کو ہرن کی جھلی پر لکھ کر ایسے شخص کے بازو پر باندھا جائے جس کی زبان میں لکنت کا مرض ہوت زبان کی لکنت دور ہو جائے گی اور اللہ عزوجل کی مدد سے وہ فصیح اللسان ہو جائے (عصیدۃ الشہدۃ۔ ص ۱۴)

(۱۵) مجرب استخارہ

جمعہ کی رات کو بعد از نماز عشاء باوضو ہو کر دو رکعت نماز نفل برائے استخارہ ادا کریں۔ پھر مندرجہ ذیل شعر ۳۱۳ بار پڑھیں اور اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر اپنے بدن پر دم کریں۔ متواتر اسی طرح تین روز کرنے سے جس کام کے متعلق دریافت کرنے کا ارادہ ہوگا، بذریعہ استخارہ ان شاء اللہ معلوم ہو جائے گا۔ قصیدہ بردہ شریف کا ۳۶واں شعر یہ ہے۔

هُوَ الْحَبِيْبُ الَّذِيْ تُرْجٰى شَفَاعَتُهٗ
لِكُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ مُقْتَحَمِ

(۱۶) جائز محبت میں بے قرار کرنے کیلئے

جنوبی دیوار میں سفید کاغذ پر سیاہ دائرہ لگا کر، سامنے بیٹھ کر باوضو اگربتی وغیرہ سلگا کر اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر نظر دائرہ پر جما کر قصیدہ بردہ شریف کا بہتر واں یہ شعر

[redacted]

جَآءَتْ لِدَعْوَتِهِ الْاَشْجَارُ سَاجِدَةً
تَمْشِي اِلَيْهِ عَلٰى سَاقٍ بِلَا قَدَم

یکسوئی و نظر قائم کر کے توجہ سے پڑھنا ہے۔ چند یوم میں یہ عبور حاصل ہو جائے کہ شعر پڑھنے کے دوران دائرہ سفید ہو جائے یا غائب ہو جائے اور اتنی مشق ہو جائے کہ دائرہ غائب کرنے یا سفید دیکھنے پر مکمل کنٹرول ہو جائے تو عامل کو حیرت انگیز قوت اس طرح حاصل ہو جائے گی کہ راہ چلتے ذی روح پر توجہ و یکسوئی مکمل رکھ کر شعر پڑھنا شروع کرے تو معمول راہ گیر اسی لحہ اپنی راہ سے ٹوٹ کر عامل کے پاس حاضر ہو جائے گا اور حکم کی مکمل تعمیل کرے گا۔

(نوٹ: جو شخص حرام کاری کیلئے عمل کو غلط طریقہ سے استعمال میں لائے گا، وہ اپنے گناہ و آخرت کا خود ذمہ دار ہوگا۔ حلال و جائز کیلئے عمل کو استعمال کرنے کی اجازت ہے)

☆☆☆☆☆

یَاوَدُوْدُ کے چونکا دینے والے کمالات

یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد بیس (۲۰) ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا ہو

جو کوئی ۱۰۰ امرتبہ اس اسم پاک کا وظیفہ پڑھے اللہ تعالیٰ کی محبت اس کے دل میں عاشقوں جیسی پیدا ہو جائے۔

نافرمان شوہر کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا

اور اگر کوئی اپنے نافرمان شوہر کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا چاہے تو بعد نماز عشاء، تین سو تیس (۳۳۰) مرتبہ محبوب کا تصور باندھ کر پڑھے۔ کچھ دنوں میں اس کے دل میں محبت پیدا ہو جائے گی۔ صرف جائز محبت کیلئے پڑھیں۔

شوہر کو مطیع کرنا

اور اگر کوئی اپنے شوہر کے نام کے عدد کے مطابق اس کو پڑھ کر کسی مٹھائی پر دم کر کے کھلائے، تو شوہر اس کا مطیع ہو جائے۔

آوارہ لڑکا راہِ راست پر آجائے

اور اگر کسی کا لڑکا آوارہ ہو گیا ہو، نافرمان ہو، تو بعد نماز جمعہ ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) بار پڑھ کر عمدہ قسم کی لطیف مٹھائی پر دم کرے اور دو رکعت نماز نفل پڑھے اور پھر اس مٹھائی کو اس کو کھلائے۔ انشاء اللہ وہ راہ راست پر آجائے گا۔

میاں بیوی میں محبت پیدا ہو

اگر میاں بیوی میں نا اتفاقی رہتی ہو اور ہر وقت لڑائی جھگڑے رہتے ہو تو اس اسم کو ایک ہزار (۱۰۰۱) بار کھانے یا مٹھائی پر پڑھ کر دم کر دے اور کھلا دے۔ بفضلہ تعالیٰ آپس میں محبت پیدا ہو جائے۔

بیوی فرمانبردار ہو اور زوجین میں محبت ہو

اگر کسی مٹھائی یا کھانے پر ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) بار پڑھ کر اس پر دم کردے اور میاں بیوی دونوں کھائیں، بیوی میں اطاعت اور فرمانبرداری کا جذبہ پیدا ہو اور دونوں میں محبت بڑھے۔

الودود کا نقش معظم:

نقش عددی

۷۸۶

۶	۴	۶	۴
۶	۴	۶	۴
۴	۶	۴	۶
۴	۶	۴	۶

نقش حرفی

۷۸۶

و	د	و	د
و	د	و	د
د	و	د	و
د	و	د	و

تین نقش بنانے ہیں



روحانی پھکی

اسم اعظم کے خصوصی دم

اور برکت سے مزین پھکی

قیمت
30.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

موت کے سوا ہر بیماری کا علاج ہے

۷۸۶

۸	۲	۱۰		
	۹	۷	۴	
		۳	۱۱	۶

۷۸۶

۷	۸	۵
۱۰	۲ ۷ ۱ ۴ ۴	۹
۳	۱۱	۶

☆☆☆☆☆

ساج ''کلیری سیج'' ایک جادوئی پودا

کلیری سیج کے بارے میں بنیادی معلومات

کلیری سیج جو ہمارے یہاں ساج کے پتے کے نام سے مشہور ہے اس کے تقریباً۴۴۸ اقسام پائے جاتے ہیں۔ آب وہوا اور زمین کے فرق کی وجہ سے ان کی شکلیں اور خوشبو میں نمایاں فرق پایا جاتا ہے مگر تقریباً یکساں تاثیر کا حامل ہے۔

ساج (کلیری سیج) کا نباتاتی نام (Officinalis Sage) ہے یہ ایک جانا پہچانا عام پودا ہے اور بکثرت پایا جاتا ہے اس کی باقاعدہ کاشت صدیوں پہلے شروع ہوئی کیونکہ تمام قدیم نسخوں اور کھانے پکانے کی ترکیبوں میں اس کا ذکر عام ملتا ہے۔ کلیری سیج کی دوسری قسم (Sage Sclerca) ہے لوگ اس کے بارے میں بہت کم جانتے ہیں۔ مگر یہی وہ پودا ہے جس کا ایسنشیل آئل تیار کیا جاتا ہے۔ کلیری سیج ایسنشیل آئل کی کاسمیٹک انڈسٹری اور ادویہ سازی دونوں میں خاصی مانگ ہے۔ سالانہ پیداوار تقریباً سوٹن بہت زیادہ ہے اس کے باوجود اس کی قیمت خاصی گراں ہے۔

قدیم وجدید ادوار میں مقبولیت

قدیم رومی کلیری سیج کے طبی خواص کے معترف تھے اور انہی کی بدولت انگلستان میں یہ باقاعدہ کاشت کی گئی۔ اس کے نام کے پہلے حرف کا مطلب بھی جان کے ہوتے ہیں۔ ایک قدیم کہاوت بھی اس بات کی تائید کرتی ہے۔ ''وہ آدمی کیسے بیماری سے مرسکتا ہے جس کے دماغ میں

کلیری سیج کا پودا موجود ہو' یونانی حکماء بھی اس کے طبی وسحری خواص کے معترف تھے۔ یہ (Hippocrates) کے کئی نسخوں میں شامل تھا۔ (Dioscorides) بھی جگر کی تمام بیماریوں میں اس کو استعمال کرتے تھے۔ قدیم رومی اس کو یاداشت گم ہونے اور حسیات کی کمی کا شافی علاج تصور کرتے تھے۔ قدیم مصری اس کو بانجھ پن کے امراض میں استعمال کرتے تھے۔ طاعون اور دیگر وبائی امراض سے حفاظت اور اس کے علاج میں بھی استعمال کیا جاتا تھا۔

پندرہویں وسولہویں صدی کے تمام حکماء وڈاکٹرز کلیری سیج کے خواص کے معتقد تھے۔ ۱۶۳۹ء سائمن پالی نامی ماہر نباتات نے بھی ۴۰۰ صفحے کی ایک کتاب صرف کلیری سیج کے خواص پر لکھی۔ اس کا ایک مشہور جملہ آج بھی انگریزی محاوروں میں موجود ہے۔ اگر ہاتھ پیر شل ہو جائیں اور اعصاب تباہ ہو چکے ہوں ہو تو بھی کلیری سیج انسان کو مضبوط توانا بنا سکتا ہے''۔ جدید تحقیقات سے بھی یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ اعصابی توانائی کے لئے اور بیماری کے مضر اثرات دور کرنے کے لیے کلیری سیج سے بہتر کوئی اور دوسری چیز نہیں ہے۔

کلیری سیج سے حیرت انگیز شفایابی

لفظ کلیری سیج لاطینی زبان سے بگڑ کر بنا ہے۔ اس کے معنی ''شفاف آنکھیں'' ہیں۔ (ا) دراصل آنکھوں کے امراض میں اس کی شفایابی کا تناسب اتنا زیادہ تھا کہ اس کا نام ہی یہ پڑ گیا۔ قدیم زمانے میں اس کو پیس کر آنکھوں میں اس کا ٹکور کیا جاتا تھا۔ جس سے نہ صرف بصارت کی کمزوری دور ہو جاتی تھی بلکہ دھند، سفیدی اور سرخی بھی دور ہو جاتی تھی۔ (۲) جلدی امراض مثلاً سرخی، سوجن، پھوڑے، دانوں اور دیگر جلدی امراض میں اس کے پتے پیس کر لگانے کا رواج عام تھا اور اس کے دوسرے بے شمار فائدے بھی قدیم نسخوں میں بکثرت ملتے ہیں۔

ماہرین حیاتیات کی تحقیق

اس کی تاریخی شہرت کے پیش نظر ۱۹۳۸ء میں دو یورپی ماہر حیاتیات نے اس پر باقاعدہ تحقیق کی۔ ان کی تحقیقات کی روشنی میں کلیری سیج حیض کیلئے خصوصی اہمیت رکھتا ہے، نیز اس کو خواتین کے ٹھنڈے پن، رحم میں خون کا انجماد، پیڑوں کی درد و تکالیف۔ دوران حیض پسینہ کی زیادتی اور جسمانی درد کے لئے نہایت موثر اور مفید پایا گیا ہے۔

اس کے ان طبی خواص کو کئی ماہرین نے من عن تسلیم کیا۔ جن میں ڈاکٹر لیکریک (Dr.Leclerc) جیسی قد آور ہستی بھی شامل تھی۔ فرانسیسی ڈاکٹرز اور اروماتھیراپسٹ کے مطابق حیض کی تکالیف میں کلیری سیج سب سے زیادہ مفید ہے۔ اس کے علاوہ یہ ٹانک کا کام کرتی ہے۔ تحریک آور ہے، پسینہ کی زیادتی کو دور کرتی ہے، دافع تشنج، مصفا خون، ریاحی خارج کرنے والا اور انتہائی طاقتور اینٹی سیپٹک ہے۔

کلیری سیج آل راونڈر آئل

کلیری سیج کو آل راونڈر آئل بھی کہا جاتا ہے کیونکہ یہ


مرض روحانی ہو یا جسمانی الجھن ذہنی ہو یا کاروباری' سب کا حل
مشکلات کے پہاڑ
اور میرے روحانی تجربات
جمع وترتیب
شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

مرض روحانی ہو یا جسمانی' الجھن ذہنی ہو کاروباری سب کا حل۔ سفر حرمین کا ہو یا زندگی کا' گھر میں ہوں یا کاروبار میں' ہر شخص کی ضرورت' شرکت اور بدعت سے پاک۔ ایسے مسنون اعمال جو آسان بھی ہیں اور جنہیں ہر پڑھا لکھا اور ان پڑھ آسانی سے پڑھ سکتا ہے۔ آج ہی خریدیں اور بھرپور استفادہ حاصل کریں۔

امراض نسواں کے علاوہ مختلف النواع بیماریوں میں فرسٹ ایڈ کا کام کرنے کے علاوہ کئی ایک بیماریوں کے لئے کلی شفا کا باعث بن جاتا ہے۔ یورپ کے اروماتھیراپسٹ تو امراض نسواں اور امراض چشم میں سب سے پہلے اس کو استعمال کرواتے ہیں پھر کسی دوسرے آئل پر توجہ دی جاتی ہے۔ کلیری سیج نروس سسٹم کی کمزوریوں اور خامیوں کو دور کرتی ہے۔ عام کمزوری میں فائدہ کرتی ہے۔ بے تابی، چڑچڑاپن، تنک مزاجی اور ڈپریشن میں فوری فائدہ دیتی ہے۔ ہاضمہ کی کمزوری میں بھی فائدہ مند ہے۔ جگر کے امراض میں بے حد فائدہ کرتی ہے۔ بلغم، دمہ، سانس کے امراض اور اس سے ہونے والے درد اور بخار کو دور کرنے میں اپنا جواب نہیں رکھتا۔ عام درد، چوٹ، کٹ جانے کی صورت میں بہت فائدہ کرتا ہے۔ اکثر اقسام کی ایگزیما اور دانوں، پھوڑے پھنسیوں میں بھی بہت فائدہ دیتا ہے۔ ساج کے سوکھے ہوئے پتوں کی چائے پینے سے اور اس کا ایسنشیل آئل لگانے سے گلے کے امراض خصوصاً گلے کی سرخی اور دردسر درد میں فوری فائدہ ہوتا ہے۔ حیض کی کمی اور حیض لانے کے لئے اس کے تیل کی پیڑوں پر مالش بہت فائدہ کرتی ہے۔ درد، نزلہ اور بخار میں بھی فائدہ کرتا ہے۔ بچے کی پیدائش سے دو ہفتے پہلے اگر اس کے آئل کو زیتون کے تیل کے ہمراہ پیڑوں اور کمر ٹانگوں کی مالش کی جائے تو دوران پیدائش کی تمام تکالیف سے نجات مل جائے گی۔ آج کل یہ طریقہ بہت ہی زیادہ شہرت پا چکا ہے۔ حتیٰ کہ یورپ کے بڑے بڑے ہسپتالوں میں رائج کر دیا گیا ہے۔ کیونکہ بلا وجہ آپریشن سے بچنے کے لئے اس سے زیادہ مفید طریقہ کوئی اور دوسرا دریافت نہیں ہوا۔ مسوڑھوں کے امراض، بالوں کے امراض، دل کی بے ترتیب دھڑکن اور زکام کی کئی حالتوں میں اس سے مفید دوا شاید ہی کوئی ہو۔ ڈپریشن، ٹینشن، فکر، خوف چاہے کسی بھی وجہ سے ہو اور خاص طور پر خواتین کو حیض کے دوران یا اوّل و آخر اس پریشانی کا سامنا رہتا ہو اور ایسی خواتین جو حیض کی بے قاعدگی یا کمی کے باعث موٹاپے اور سوجن کا شکار ہوں۔ ان کو چاہیے کہ زیتون کے تیل میں ۳ قطرے کلیری سیج ملا کر پیڑوں اور سولر پلکسس (سینے کے نیچے نرم ہڈی) پر دائروں کی صورت میں مالش کریں اور کمر اور رانوں کی ہاتھ پیروں کی تلووں کی مالش کریں۔ دن میں دو دفعہ اس طرح کی مالش سے آپ کو کئی تکالیف سے کلی نجات ملے گی۔ ہاں البتہ موٹاپے کے لئے کئی مہینوں کی مسلسل محنت درکار ہے۔ ساتھ میں کسی ڈائٹ پروگرام پر بھی عمل کریں۔

خواتین و حضرات کی تھکن کیلئے خاص تحفہ

ایسے خواتین و حضرات جن کا کام کھڑے رہنے کا ہوتا ہے جیسا کہ سیلز مین، کاونٹر مین اور فیکٹری ورکرز وغیرہ۔ ان افراد کو اکثر ٹانگوں کی سوجن اور بدنمار گوں کی شکایت ہو جاتی ہے بلکہ بعض افراد کو ہمیشہ میٹھا میٹھا درد رہتا ہے۔ ایسے افراد اگر اس تکلیف سے نجات چاہتے ہیں تو اس کا بہت آسان نسخہ حاضر ہے۔ کام سے واپس آنے کے بعد نیم گرم پانی سے نہالیں۔ ایک بڑے چمچ سویابین آئل میں ڈالیں یا زیتون کے تیل میں چار قطرے کلیری سیج آئل ڈال کر پہلے پیروں کے تلوں کی مالش کریں۔ پھر نیچے سے اوپر کی جانب پورے ٹانگ کی مالش کریں۔ پھر ۱۰ منٹ پیر اونچے رکھ کر یعنی پیروں کے نیچے دو تکیہ رکھ کر آرام سے لیٹ جائیں۔ انشاء اللہ فوری طور پر تازہ دم ہو جائیں گے اور کچھ ہی عرصے میں پیروں کی سوجن اور بدنمار گوں سے نجات مل جائے گی۔

بیوٹی اور پرفیوم انڈسٹری میں مقبولیت

بیوٹی اور پرفیوم انڈسٹری میں بھی کلیری سیج کی بڑی مانگ ہے۔ کیونکہ کلیری سیج کے بارے میں مشہور ہے کہ بالوں کو کالا کرنے اور دانتوں کو چمکانے اور منہ کی اور پسینہ کی بدبو دور کرنے میں اس کا جواب نہیں۔ لہٰذا اکثر پسینہ کی بو دور کرنے والی دوا، منہ کی بدبو دور کرنیوالی ادویات، بالوں کو کالا کرنے والی ایلوپیتھک اور ہربل میڈیسن میں اس کا استعمال کسی نہ کسی صورت ضرور ہوتا ہے۔ عرب اور روم کے قدیم باشندوں میں دانتوں کو چمکانے اور منہ کی بدبو دور کرنے کے لئے صبح و شام ساج کے پتوں کو دانتوں پر ملنے کے رواج کا ثبوت بھی ملتا ہے۔ گلے کا درد، سرخی، دانت کے درد، مسوڑوں کی سوجن، منہ کی بدبو اور خون آنے کی صورت میں، زبان اور گلے کے چھالے کی صورت میں ساج کے پتے پانی میں

ابال کر تین چار مرتبہ غرارے کرنا ان کے نسخوں میں شامل تھا۔ آپ کلیری سیج کے ایسنشیل آئل کے تین قطرے گرم پانی میں ڈال کر غرارے کریں انشاء اللہ فوری افاقہ ہوگا۔ دانتوں اور مسوڑھوں کے امراض میں نمک اور تین قطرے کلیری سیج ملا کر دانتوں پر ملیں اور پانی بہا دیں، فوری فائدہ ہوتے ہوئے دیکھا گیا۔ بالوں کو کالا کرنے، اس کے جڑوں کو مضبوط کرنے اور اس کو موٹا کرنے کے لئے تھوڑے سے زیتون کے تیل میں آٹھ قطرے کلیری سیج ڈال کر سر کی جڑوں کی خوب مالش کریں پھر گرم پانی سے نچوڑے ہوئے تولیے کو بالوں پر لپیٹ دیں۔ ۱۰، ۱۵ منٹ بعد کسی ہربل شیمپو خصوصاً گھر میں بنائے ہوئے شیمپو سے بال دھولیں۔ ایسا ۳، ۴ ماہ مستقل کریں پھر دیکھیں کہ آپ کے بال کتنے مضبوط وتوانا ہو چکے ہیں۔

کلیری سیج کے طاقتی اثرات

کلیری سیج مقوی (ٹانک) اثرات کا مالک، مسکن، بے چینی میں سکون پیدا کرنے والا مانع تشنج، طبیعت میں ٹھہراؤ سکون اور بشاشت پیدا کرنے والا یہ نظام دوران خون پر اچھا اثر ڈالتا ہے اور ہائی بلڈ پریشر کو کم کرنے میں معاون ہے۔ ہائی بلڈ پریشر کو کم کرنے کا طریقہ یوں ہے کہ تھوڑے سے زیتون یا سرسوں کے تیل میں چھ قطرے کلیری سیج اور تین قطرے لیونڈر آئل ملا کر سینے پر، دل پر، سولر پلکسس (سینے کی نرم ہڈی) کے مقام پر اور گردن اور سر کے پچھلے حصے کی مالش کرنے سے فوری فائدہ ہوتا ہے۔ نظام تنفس، دمہ اور دیگر سانس و پھیپھڑوں کے امراض میں بھی موثر شفا کن اثرات مرتب کرتا ہے۔ کھانسی کی شدت میں اکثر کمی لاتا ہے۔ ٹینشن اور فکر و پریشانی سے ہونے والے سانس کے امراض میں تو جادو کا اثر کرتا ہے۔ طریقہ کار یوں ہے کہ تھوڑے سے زیتون یا کارن آئل پر ۴ قطرے کلیری سیج اور ۳ قطرے صندل ملا کر صبح وشام سینے، گردن اور گلے پر سامنے حصے میں مالش کریں اور اس کی بھاپ لیں۔ لوبان کا تیل یا اس کے پاؤڈر کو تیل میں ملا کر لینا بھی زبردست فائدہ کرتا ہے۔ حیض اور زچگی، بانجھ پن کی بے شمار علامتوں میں اس کا استعمال صدیوں سے نہایت موثر ثابت ہوتا دیکھا جا رہا ہے۔ طریقہ یوں ہے کہ تھوڑے سے تیل میں کلیری سیج کے چھ قطرے اور جرینیم کے تین قطرے ڈال کر زیر ناف، پیڑوں پر کمر اور رانوں پر مالش کریں۔

ویسے یہ طریقہ فرسٹ ایڈ ہے۔ بہتر ہوگا کہ اروماتھراپسٹ سے مشورہ کرلیا جائے کیونکہ اکثر خواتین اپنی علامتوں کو صحیح نہیں سمجھ پاتیں۔ لیکن اگر مستقل مالش کی جائے تو فائدہ لازمی ہے۔

کلیری سیج اعصابی نظام پر نہایت موثر اور طاقتور اثرات مرتبہ کرتا ہے۔ خاص طور پر ڈپریشن، پیدائش سے پہلے کی ذہنی وجذباتی تکالیف وخوف، عام ٹینشن و خوف، ڈر، موت اور انجانا خوف، ہسٹریا، کسی مخصوص چیز یا جگہ کا خوف، جنسی بے زاری و بے رغبتی اور جسم میں بلاوجہ جھٹکے لگنے میں حد درجہ مفید پایا گیا ہے۔ طریقہ یوں ہے کہ روزانہ بلاناغہ جب تک فائدہ نہ ہو صبح وشام تھوڑے سے زیتون یا پیلے سرسوں کے تیل میں ۵ قطرے کلیری سیج، ۳ قطرے گلاب اور ۳



قطرے لوبان آئل ملا کر مالش کریں۔ عضلاتی نظام یعنی گوشت پٹھوں اور رگوں کے لئے بھی نہایت مفید ہے۔ یہ عضلات کے ٹینشن، کھینچاؤ اور درد کو دور کرنے میں معجزاتی اثر ظاہر کرتا ہے۔ خاص طور پر جب جسمانی چوٹ کے بجائے جذباتی و ذہنی وجہ سے یہ درد ہوں۔ مثلاً علیحدگی، طلاق اور موت کے غم کی وجہ سے جو جسمانی درد و ٹینشن ہوا ان کا لاجواب علاج ہے۔ طریقہ یوں ہے کہ تھوڑے سے تیل میں پانچ قطرے کلیری سیج، چار قطرے روزمیری آئل اور تین قطرے دھنیا کا تیل ملا کر پورے جسم کی مالش کریں۔ پھر تھوڑی سی ورزش کر کے نیم گرم پانی سے نہالیں۔ فوری طور پر افاقہ ہوگا۔ جذباتی اتار چڑھاؤ مثلاً شادی، طلاق، علیحدگی، عزیزوں کی موت، بھول جانے کا مراض، جنسی بے رغبتی، جنسی بے راہ روی، یکسوئی اور شفاف خوابوں کے لئے بھی کلیری سیج کا جواب نہیں۔ طریقہ یوں ہے ۵ قطرے کلیری سیج میں ۳ قطرے یلنگ یلنگ آئل ملا کر پورے جسم کی مالش کریں۔ تھوڑی سی ہلکی پھلکی ورزش کریں اور نیم گرم پانی میں ۳ قطرے کلیری سیج ڈال کر نہالیں۔ فوری افاقہ ہوتے دیکھا گیا ہے۔ جنسی مسائل کے لئے کمر اور اعضاء رئیسہ کی بھی مالش کی جائے۔

کلیری سیج کی سحری خواص میں سب سے اہم یہ ہے کہ یہ راحت اور بشاشیت پیدا کرتا ہے لیکن یاد رہے کہ اس کو کبھی بھی نشہ آور چیزوں کے ہمراہ نہ استعمال کیا جائے نہ ہی بلا وجہ استعمال کریں۔ ہاں کسی قسم کی ٹینشن، کمزوری، مایوسی اور شدید غم کی حالت میں چند لمحے اس کو سونگھا جائے اور پھر نیلی و سنہری روشنی کا مراقبہ کریں۔ اس سے نہ صرف طبیعت میں بشاشیت طاری ہوگی بلکہ غیر معمولی شفاف خواب نظر آئیں گے۔ اگر ایک منٹ سے زیادہ سونگھا جائے تو شدید سر درد کا خطرہ ہوتا ہے لہٰذا احتیاط لازم ہے۔ رات کو سونے سے پہلے اس کا سونگھنا نیند لانے میں بھی معاون ہے مگر لیونڈر ضرور تالو پر ایک قطرہ لگالیں۔

☆☆☆☆☆

آزمودہ عملیات

دودھ کی کمی دور کرنے کے لیے

اگر کسی عورت کا دودھ کم ہو اور بچہ بھوک سے روتا ہو تو پسے ہوئے نمک پر یہ آیتیں باوضو گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور وہ نمک ماش کی دال میں ڈال کر عورت کو کھلایا کریں انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔ وہ آیتیں یہ ہیں۔

وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ (پارہ ۲ ع ۱۴)

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهَا مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ (پارہ ۱۴ ع ۱۴)

ہر قسم کے مقدمہ میں کامیابی کے لیے

ہر قسم کے مقدمہ میں کامیابی کے لیے ہر روز صبح کو سورۃ فتح (پارہ ۲۶) اور سورطور (پارہ ۲۷) ایک ایک مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔ (بحوالہ: بدترین پریشانیوں کے لیے لاجواب وظائف، صفحہ نمبر 6,5)

ہر مرض سے شفاء ہو

نبی کریم کا ارشاد ہے کہ جو شخص بارش کا پانی لیکر اس پر سورۃ فاتحہ ستر بار، آیت الکرسی ستر بار، قل ہو اللہ احد ستر بار اور معوذتین (قل اعوذ برب الناس اور قل اعوذ برب الفلق) ستر بار پڑھ کر دم کرے تو آپ نے قسم کھا کر ارشاد فرمایا کہ حضرت جبریل علیہ السلام میرے پاس تشریف لائے

اور مجھے خبر دی کہ جو شخص یہ پانی سات روز تک متواتر پیئے گا اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس کے جسم سے ہر بیماری دور فرمائیں گے اور اسے صحت وعافیت عطاء فرمائیں گے اور اس کے گوشت پوست اور اس کی ہڈیوں سے بلکہ تمام اعضاء سے تمام بیماریاں نکال دیں گے۔ (الدرالعظیم صفحہ نمبر 11)

فیوض عملیات

آج کل زیادہ تر گھرانوں میں میاں بیوی کے جھگڑے، نافرمان اولاد کا مسئلہ، ساس بہو کا جھگڑا، الغرض تقریباً ہر گھر اس چیز کی لپیٹ میں ہے آج کا مضمون خصوصی طور پر ان ماؤں بہنوں کے لیے ہے۔ جوان مسئلوں سے پریشان ہیں۔ اور عاملوں کے پاس چکر لگا کر تھک چکی ہیں۔ تھوڑی سی محنت کر کے خود اپنا کام کر سکتی ہیں۔

عملیات میں کامیابی کے لیے جو چیز سب سے زیادہ ضروری ہے وہ چیز انتہا کی یکسوئی اور کامل یقین ہے۔ اور آج کل کے دور میں یہ چیز نہایت کم ہے۔ اس وجہ سے عملیات اپنے سوفی صد اثرات نہیں دکھاتے ورنہ قرآنی آیات یا بزرگان دین کے بتائے ہوئے عملیات سے کیسے انکار ہو سکتا ہے۔ آج کی محفل میں جو عملیات لکھ رہا ہوں وہ انتہائی مجرب ہیں۔ اور کئی بار اپنا اثر دکھا چکے ہیں۔

(۱) اگر کوئی شوہر اپنی بیوی پر ظلم کرتا ہو یا اس کے حقوق ادا کرنے میں کوتاہی برتتا ہو تو یہ عمل حُب کریں انشاءاللہ فرمانبردار بن جائے گا۔

طریقہ

دو بادام لیں اور بعد نماز عشاء وضو کر کے دو بادام منہ کے اندر زبان کے اوپر رکھیں اور شوہر کا تصور کرتے ہوئے معنی بھی ذہن میں رکھیں۔ یہ آیت نمبر 500 بار پڑھیں جب 100 بار پڑھ لیں تو بادام منہ سے نکالیں اور دم کر دیں۔ اس طرح 500 بار پڑھیں اور پانچ بار دم کریں۔ اور پھر یہ بادام کسی کاغذ میں رکھ کر محفوظ کر لیں۔ روزانہ 5 دن تک دم کریں اور پھر کسی طرح شوہر کو کھلا دیں۔ خیال رہے کہ یہ بادام کسی گرم چیز میں ڈال کر نہ کھلائیں اور نہ ہی یہ دم کیا ہوا بادام آگ کے قریب رکھیں۔ اور پڑھتے وقت جب بادام منہ میں ہونگے تو اس کے بعد جب منہ سے نکالیں تو لعاب دہن صاف نہ کریں۔ آیت یہ ہے۔

(وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّي وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِي ۚ) (سورہ طہ پارہ نمبر 16)

ترجمہ: ”اور ہم نے آپ (موسیٰ) پر اپنی محبت کا سایہ کر دیا تا کہ آپ خاص ہماری نگرانی میں رہیں۔“ یہ ترجمہ ذہن میں رکھیں اور وقت ایک ہی رکھیں۔

(۲) یہ دوسرا عمل بھی میرا مجرب ہے اور ذاتی استعمال میں بھی ہے۔ اسلامی ماہ کی پہلی جمعرات کو 1000 بار بہ نیت زکوۃ اس عمل کو پڑھیں۔ زکوۃ ادا ہو جائے گی۔ اور پھر روزانہ بعد نماز عشاء 41 بار پڑھیں ہمیشہ عمل قابو میں رہے گا۔ بعد ازاں جب بھی ضرورت ہو 41 بار پڑھ کر کھلائیں اس طرح 5 سے 7 دن تک دم کر کے کھلائیں۔ انشاءاللہ سوفی صد کام ہوگا۔ عمل یہ ہے۔

(اَللّٰهُمَّ يَا مُسَخِّرَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سَخِّرْ لِيْ اَللّٰهُمَّ اَلْقِ مُحَبَّتِي فِيْ قَلْبِهٖ


سورۃ البقرہ سے
(انشاءاللہ)
شرطیہ بیٹا پائیں
شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

بیٹوں کے در در کی خاک چھاننے والے چند مشاہدات پڑھ لیں! ان شاءاللہ یہ کتاب آپ کو مایوس نہیں کرے گی۔

اِجْعَلْهُ عَلَیَّ رَءُوْفًا مُّحِبًّا رَحِیْمًا بِحَقِّ یَا اَللهُ یَا رَحمَانُ یَا رَحِیْمُ مُحِبًّا عَلَیَّ عَلَیَّ مُحِبًّا عَلَی الْمَحْبُوْبِ حُبًّا کَانَ حُبًّا اَجِبْ یَا رَبِّ جِبْرَائِیْلُ یَارَبِّ دَرْدَائِیْلُ یَارَبِّ رَفْتَمَائِیْلُ)

(۳) گھریلو جھگڑوں کو ختم کرنے کے لیے آپ جمعرات یا جمعہ کے دن سورج نکلنے کے فوراً بعد سورۃ نساء لکھیں اور پھر سات بار پڑھ کر دم کریں۔ اور پھر یہ سورۃ پانی میں گھول کر پانی سارے گھر والوں کو پلائیں انشاء اللہ چند ہی دنوں کے بعد جھگڑے ختم اور سکون ہوجائے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔ یہ عمل پھر بھی کر سکتے ہیں۔ یعنی تین بار کرلیں مجرب ہے۔

(۴) یہ عمل محبت زوجین کے لیے ایک بہترین تحفہ ہے۔ طالب اور مطلوب (میاں بیوی) کی تصاویر لیکر جوڑ کرسی دیں۔ اور ان کو سامنے رکھ کر اول آخر 11 بار درود پاک ابراھیمی اور درمیان میں بہ نیت محبت پیدا کرنے کے ایک تسبیح (بِسْمِ اللهِ الْوَاسِعِ جَلَّ جَلَالُهٗ) پڑھ کر دم کردیں اور سائل کو دیں۔ تاکہ وہ روزانہ رات کو سوتے وقت اپنے سرہانے کے نیچے رکھ کر سوئے اور روزانہ اس کا رخ تبدیل کرے جب تک مقصد حاصل نہ ہو انشاء اللہ 11 یا 21 روز تک مقصد حل ہوجائے گا۔

یہ عمل مجرب المجرب ہے۔ کامل یقین کے ساتھ جائز مقصد میں استعمال کریں۔ انشاء اللہ ضرور بالضرور فائدہ ہوگا۔ باقی اللہ آپ کا حامی و ناصر ہو۔

آپ مریض ہیں تو یہ عمل کریں

ابن جریر میں حضرت علیؓ کا فرمان ہے جب تم میں سے کوئی شفا چاہے تو قرآن کریم کی کسی آیت کو کسی صحیفے پر لکھ لے اور اسے بارش کے پانی سے دھو لے اور اپنی بیوی کے مال (مہر) سے اس کی رضامندی سے پیسے لے کر شہد خرید لے اور یہ دونوں پی لے پس اسی میں کئی وجہ سے شفا آجائے گی۔ خدا تعالیٰ عزوجل کا فرمان ہے۔

"وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ" (سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر 82)

''ہم نے قرآن میں وہ نازل فرمایا ہے جو شفا ہے اور رحمت ہے مومنین کیلئے۔'' ایک دوسری آیت میں ہے

"وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا"

''ہم ہی آسمان سے بابرکت پانی برساتے ہیں۔'' مزید فرمایا

"فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَیْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِیْٓــًٔا مَّرِیْٓــًٔا" (سورۃ النساء آیت نمبر 4)

''اگر عورتیں اپنے مال مہر میں سے اپنی خوشی سے تمہیں دے دیں تو بے شک تم اسے کھاؤ پیو سہتا بجتا۔'' شہد کے بارے (سورۃ نحل آیت نمبر 69) میں فرمان الٰہی ہے۔

"فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ"

''شہد میں لوگوں کیلئے شفا ہے۔''

ابن ماجہ میں ہے حضور فرماتے ہیں جو شخص ہر مہینے میں تین دن صبح کو شہد چاٹ لے اسے کوئی بڑی بلا نہیں پہنچے گی۔ (تفسیر ابن کثیر ۳ ص ۱۲۹)

ان آیات قرآنی اور احادیث سے تین چیزوں کا بابرکت ہونا معلوم ہوا۔ (۱) بارش کا پانی (۲) شہد (۳) بیوی کا مہر علماء نے لکھا ہے کہ کوئی کاروبار کرے اور بیوی کے مہر کی رقم کاروبار میں تھوڑی سی لگادے تو اسے ان شاء اللہ نقصان نہ ہوگا۔ مہر کی رقم طرفین کیلئے خیر و برکت کی چیز ہے۔

ہر شے سے حفاظت کیلئے محفوظ قلعہ

حضرت عبداللہ ابن خبیبؓ روایت کرتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بارش کی رات اور سخت اندھیرے میں تلاش کر رہے تھے کہ آپ

صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو مل گئے ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین بار سورۃ اخلاص اور تین بار سورۃ فلق اور تین بار سورۃ الناس صبح شام پڑھ لیا کرو یہ تمہارے لئے ہر شے کیلئے کافی ہو جائے گا (مشکوٰۃ)

آب شفاء خیر و برکت

1 ۔ برتن میں پانی ڈالیں اور مندرجہ ذیل وظیفہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر پھونک کر اپنے جسم کو مساج کریں اور پانی پر پھونک ماریں۔ ضرورت کے مطابق پانی ڈالیں اور تین گھونٹ میں پانی پئیں ۔ اس پانی میں کوئی دوسرا پانی نہیں ڈالنا، بلکہ ختم ہونے پر نیا پانی تیار کریں، انشاء اللہ پریشانی، ذہانت، رزق کی کمی کے لیے لاجواب ہے۔ تعویز، دھاگہ، آسیب، نحوست کے خاتمہ اور صحت وتندرستی کیلئے مفید ہے۔

3 بار اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ، 3 بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ، 3 اردرود پاک (ابراہیمی)، 3 بار آیت الکرسی، ہر ایک میں سات بار وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ (سورۂ بقرہ آیت نمبر 255) 11 مرتبہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ (سورۂ یسین آیت نمبر 58) تین مرتبہ ہر ایک قل 3 مرتبہ تیسرا کلمہ، 3 مرتبہ دوسرا کلمہ، 3 مرتبہ پہلا کلمہ، مرتبہ الحمد شریف ۔ 11 مرتبہ درود وسلام اور برکت (لامحدود)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ دَائِمًا اَبَدًا

اے اللہ جل شانہ تو محمدؐ اور محمدؐ کی آل پر ہمیشہ ہمیشہ کیلئے اتنی تعداد میں درود سلام اور برکت بھیجتا رہ جتنا کہ تیرا علم ہے ۔ 313 یا 101 دفعہ پڑھ کر ضرور سوئیں یہ زندگی میں ایک دفعہ ہی پڑھنا کافی ہے کیونکہ یہ درود وسلام اور برکت لامحدود ہے۔

قرآنی آیات سے کینسر کا علاج

قرآن پاک خداوند کریم کی جانب سے بھیجا گیا ایک نسخہ کیمیا ہے جس میں ہر مرض کا علاج موجود ہے اور قرآنی آیات کی تلاوت کی جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ مریض صحت یاب نہ ہو۔ ایک مریض جو چند سال قبل کینسر کے مرض میں مبتلا تھا اور ڈاکٹروں نے اسے لاعلاج قرار دے دیا تھا۔ ایسے میں ایک خدا ترس خاتون نے قرآن پاک کی چند چھوٹی چھوٹی آیتیں لکھ کر مریض کو دیں ۔ ان آیات کی روزانہ تلاوت کرنے سے چند سالوں میں اس شخص کا مرض جڑ سے چلا گیا۔ اس مرض سے صحت یاب ہونے کے بعد اس شخص نے ان آیات مبارک کی فوٹو کاپیاں کروا کر ابوظہبی میں تقسیم کیں تا کہ جو بھی مسلمان اس موذی مرض میں مبتلا ہو خدا کے پاک کلام سے فیض یاب ہو سکے ۔ قرآنی آیت جن سے کینسر کا علاج ممکن ہے درج ذیل ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (1) وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ o (سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر 82) (2) وَاِذَا مَرِضْتُ فَھُوَ یَشْفِیْنِ o (سورۃ الشعرا آیت نمبر 80)



(3) وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ o (سورہ المومنون آیت نمبر 118)

(4) اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْءَ (سورہ النمل آیت نمبر 62)

(5) قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ (سورہ الانبیاء آیت نمبر 69)

(6) وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ (سورہ الانبیاء آیت نمبر 83)

(7) رَبِّ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ o (سورہ القمر آیت نمبر 10)

(8) لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ o

(9) فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ (سورہ الانبیاء آیت نمبر 87,88)

(10) اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ o (سورہ ہود آیت نمبر 57) (11) حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ o (سورہ آل عمران آیت نمبر 173) (12) نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ o (سورۃ الانفال، آیت نمبر 40)

(13) وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ط وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا o (سورۃ احزاب، آیت نمبر 3)

(14) اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ o (سورۃ الزمر، آیت نمبر 36)

(15) هُوَ مَوْلٰكُمْ ج فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ (سورۃ الحج، آیت نمبر 78)

(16) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (سورۃ فاتحہ، آیت نمبر 1)

(17) فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ o (سورۃ المؤمنون، آیت نمبر 14) (18) لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ o

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَادِقُ الْوَعْدِ الْاَمِيْنُ

نوٹ: اول آخر درود شفاء 7 بار اور ہر آیت پر 7 بار ہر نماز کے بعد بارش، زم زم یا عام پانی پر دم کر کے خود پئیں یا مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ ہر مرض سے شفا نصیب ہوگی۔

چار زبردست آیات

اللہ تعالیٰ نے اپنے خصوصی فضل وکرم سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اوپر اپنے عرش سے 4 آیات خصوصی طور پر اتاری تھیں۔ یقین کامل، توجہ دھیان سے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل وکرم ہوجاتا ہے۔ ہر مسئلہ کے لیے مکمل توجہ سے پڑھیں۔

1۔ سورۂ فاتحہ........ ہر قسم کی بیماری یا حاجت کے لیے پڑھیں (نمازِ فجر کی سنت اور فجر کے فرض کے درمیان) اول آخر 11 مرتبہ درود شریف 41 مرتبہ بِس ±مِ اللهِ الرَّح ±مٰنِ الرَّحِي ±م کی میم کے ساتھ سورۂ فاتحہ ملا کر 41 دن پڑھیں۔

2۔ سورۂ بقرہ کی آخری دو آیات........ 21 مرتبہ اول آخر درود شریف 3 مرتبہ ہر قسم کی پریشانی کے لیے، توبہ کے لیے، اللہ تعالیٰ کی مدد لینے کے لیے پڑھیں۔

3۔ آیۃ الکرسی (100 مرتبہ نمازِ عشاء کے بعد تنہائی میں لائٹ بند کر کے پڑھیں) ہر قسم کے آسیب، جادو، ٹونہ وغیرہ کے اثرات رفع کرنے کے لیے پڑھیں۔

4۔ سورۂ کوثر........ ہر قسم کے دشمن سے پناہ کے لیے اوپر والے عمل نمبر 2 اور 3 کیے ہوئے ہیں۔ ایک نومسلم انگریز خاتون کا واقعہ تھا۔ اس کے خاوند کو کینسر ہو گیا تھا۔ ڈاکٹر نے اس کو لاعلاج قرار دے دیا تھا۔ اس کے ہمسائے میں ایک مسلمان خاندان آباد تھا۔ انہوں نے ان کو یہ

وظیفہ یا عمل بتایا تھا۔ اللہ کے فضل وکرم سے اس کے خاوند کی حالت چند دن بعد ہی بہتر ہوگئی۔ وہ اس کو دکھانے ڈاکٹروں کے پاس لے گئی۔ ڈاکٹروں نے اس کا بلڈ ٹیسٹ کیا تو حیران رہ گئے کہ اس کے ٹیسٹ کے اندر بہتری کی علامات پائی گئیں ہیں۔ انہوں نے خاتون سے دریافت کیا کہ ہم نے مکمل چیک کرنے کے بعد اس کو لاعلاج قرار دے دیا تھا۔ اب تم اس کو کونسی دوائی کھلا رہی ہو۔ خاتون نے جواب دیا کہ میں اس کو دوائی نہیں بلکہ اللہ پاک کا کلام پڑھ کر پانی پر پھونک مار کر پلا رہی ہوں۔ ڈاکٹروں نے مطالبہ کیا کہ کیا تم وہ پانی ہمیں لاکر دکھا سکتی ہو۔ تو خاتون نے ان کے ساتھ وعدہ کیا کہ ہاں کل جب میں صبح اس عمل کو کروں گی، تو پانی خاوند کو پلانے کے بعد تھوڑا سا بچا کر لے آؤں گی۔ اگلے دن حسب وعدہ وہ خاتون پانی لیکر ڈاکٹروں کی ٹیم کے پاس پہنچ گئی۔ ڈاکٹروں نے اس پانی کا لیبارٹری ٹیسٹ کیا اللہ کی توفیق سے اس پانی میں کینسر کو ختم کرنے والے جراثیم پیدا ہو چکے تھے۔ اللہ کے فضل وکرم سے اس خاتون کے خاوند کو شفا نصیب ہوگئی۔

خاتون کہتی ہے کہ جب میرے خاوند کو ڈاکٹروں نے جواب دیا تو میں بہت زیادہ پریشان تھی کہ ہمسائے میں رہنے والے مسلمان خاندان کے سربراہ نے پریشانی کے بارے میں پوچھا تو خاوند کی کیفیت کے بارے میں بتایا۔ بھائی صاحب نے مجھے اسلام کی تعلیم دی، اللہ پر بھروسہ کرنے کا کہا، ساتھ مسلمان ہونے کی دعوت دی، میں اللہ کی توفیق سے مسلمان ہوئی پھر انہوں نے یہ عمل مجھے بتایا اور عرض کیا کہ یقین کامل کے ساتھ پڑھیں۔ اللہ کے فضل وکرم سے اس کی دی ہوئی توفیق سے عمل کے بعد میں اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر خاوند کی صحت یابی کے لیے دعا مانگتی تھی۔ اللہ پاک نے خصوصی فضل کیا اب میرا خاوند بالکل ٹھیک ہے۔

☆☆☆☆☆

پھلبہری سے نجات

کوہاٹ جانا ہوا وہاں باجی کی ہمسائی سے اچھے تعلقات تھے یوں میں بھی ان کے گھر چلی جاتی۔ کافی عرصے پہلے میں نے ان کی بیٹی کو دیکھا تو اس کے تقریباً جسم کے آدھے حصے پر پھلبہری کے نشان تھے' سر سے آدھے بال اڑ چکے تھے۔ گردن دورنگی تھی۔ چہرہ داغ کی وجہ سے بدنما ہو چکا تھا۔ تعطیلات ہوئیں تو پھر سوچا کوہاٹ چلیں یوں بھی وہاں گئے ہوئے کافی عرصہ ہو چکا تھا۔ کوہاٹ کی تیاری کی اور پہنچ گئے۔ دوسرے روز میں بھی کی ہمسائی کے گھر گئی ان کے اہل خانہ کی خیریت معلوم کر رہی تھی کہ بہت ہی خوبصورت بچی جوس لے کر آئی۔ میں اس بچی کے ہاتھ سے جوس لینا بھول گئی۔ اس بچی کو دیکھتی رہی۔ یہ بچی کتنی حسین ہے۔ بے اختیار زبان سے نکلا۔

یہ تو وہی بچی ہے جس کو پھلبہری تھی مگر یہ ٹھیک کیسے ہوئی؟؟؟ میں ایسی گم تھی کہ اس بچی سے جوس بھی نہ لیا۔ اتنی دیر میں بچی کی والدہ آگئیں۔ میں سب کچھ



صرف تین بار سورۂ قریش پڑھنے سے ایسے ایسے مسائل حل ہوئے کہ آج بھی پڑھنے والے دشت بدندان ہیں! سورۂ قریش سے کینسر ختم۔
سورۂ قریش سے جادو جنات' گھریلو پریشانیاں' الجھنیں' شادیوں کی بندش ایسے ختم کہ آپ حیران رہ جائیں۔ اگر آپ بھی اپنی گھریلو' کاروباری اور طبی و روحانی پریشانیوں سے نجات چاہتے ہیں تو اس کتاب سے دوستی لگائیں اور پھر کمال دیکھیں!

بھول کر پوچھنے لگی پھلبہری سے بچی نے نجات کیسے پائی۔ کہنے لگیں اللہ کے کلام میں بے حد برکت ہے اس کے علاج کیلئے در بدر پھری۔ بس پھر کسی عامل نے مجھے عمل بتایا کہ فجر کی نماز پڑھ کر ایک بار درود شریف' ایک بار آیت الکرسی' ایک بار سورۂ فاتحہ اور پھر چاروں قل پڑھ کر اپنا لعاب دہن شہادت کی انگلی پر لگا کر بچی کے جہاں سے نشان شروع ہیں اور آخری نشان تک وہ انگلی بھر دیں۔ کافی عرصے سے یہ علاج کیا اللہ نے کرم کیا میری بچی کلام الٰہی کی برکت سے ٹھیک ہوگئی۔ لیکن اس بچی کی آنکھ کے نیچے ایک سٹار کا نشان ہے وہ ایسا نشان ہے کہ اس بچی کے حسن میں اضافہ کرتا ہے۔ پھلبہری کا وہ نشان رہ گیا تھا جو معجزہ کلام الٰہی کا تھا۔ وہ سٹار ایک سوالیہ نشان اور شفاء کا نشان ہے۔

رزق کی تنگی دور ہوگئی

ایک صاحب کہنے لگے رزق کی تنگی کا شکار تھا۔ حضرت نے تمام سنتوں میں آخری چھ سورتیں پڑھنے کو فرمایا۔ اس کی برکت سے اب پیسے ختم نہیں ہوتے۔

مجھے ترجیح دی جاتی ہے

ایک صاحب کہنے لگے کہ میں جہاں بھی جاب انٹرویو کیلئے جاتا ہوں تو حضرت کا بتایا ہوا وظیفہ کٓھٰیٰعٓصٓ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ پڑھتا ہوں کبھی ناکام نہیں ہوا حالانکہ مجھ سے اچھے لوگ وہاں آئے ہوتے ہیں لیکن مجھے ترجیح دی جاتی ہے۔

عورت کا بانجھ پن

عورت کا بانجھ پن بھی دو طرح سے ہوتا ہے۔ ایک تو یہ ہے کہ وہ قدرتی طور پر اولاد جنم دینے کے قابل نہ ہو اور دوسرا یہ ہے کہ وہ قدرتی طور پر تو ٹھیک ہو لیکن رحم میں کسی جن کی شرارت کی وجہ سے وہ بانجھ ہو جائے اور بچہ جننے کے قابل نہ ہو۔ اس کی شرارت کی ایک شکل تو یہ ہے کہ وہ اس کی پیداواری صلاحیت کلی طور پر ختم کر دے اور دوسری شکل یہ ہے کہ ابتدائی طور پر تو اس کے رحم میں حمل ٹھہر جائے لیکن چند ماہ بعد وہ رحم کی رگوں میں ایڑ لگا دیتا ہے جس سے عورت کو خون آنا شروع ہو جاتا ہے اور اس کا حمل ضائع ہو جاتا ہے اور صحیحین میں رسول اکرم ﷺ کا یہ فرمان موجود ہے کہ ''شیطان انسان کی رگوں میں خون کی طرح گردش کرتا ہے۔'' (صحیح بخاری 2039)

بانجھ پن کا علاج

صبح کے وقت سورۃ الصافات (پارہ 23) کی تلاوت کرے یا اس کی تلاوت سنتا رہے۔ سوتے وقت سورۃ المعارج (پارہ 29) کی تلاوت کرے یا اس کی تلاوت سن لے۔ کلونجی کے تیل پر یہ سورتیں پڑھیں: الفاتحہ' آیۃ الکرسی' سورۃ البقرۃ کی اور سورۂ آل عمران کی آخری آیات' سورۃ الفلق' سورۃ الناس۔ اس تیل کو مریض اپنے سینے' پیشانی اور پیٹھ کی ہڈیوں پر ملتا رہے۔ یہی آیات و سورتیں خالص شہد پر بھی پڑھیں جسے مریض صبح نہار منہ ایک چمچ استعمال کرے۔ مندرجہ بالا علاج مریض کئی مہینے مسلسل کرتا رہے' انشاء اللہ شفاء نصیب ہوگی بشرطیکہ وہ اس دوران اللہ کی شریعت کی پابندی کرے۔

(مزید ایسے بہترین روحانی نسخے حاصل کرنے کیلئے'' کالی دنیا کالا جادو وظائف اولیاء اور سائنسی تحقیقات کا مطالعہ کریں')

مدینہ منورہ میں بزرگ سے ملا خاص دم

مجھے بیت اللہ شریف حج پر جانے کی سعادت نصیب ہوئی۔ پرائیویٹ گروپ والے حج سے پہلے ہی مدینہ منورہ لے گئے نو دن وہاں رہنے کا شرف حاصل ہوا۔ ہمارے گروپ میں ایک بزرگ بھی شامل تھے مجھے ان کی خدمت کا موقع ملا اور وہ مجھ سے بہت خوش تھے۔ کہنے لگے تمہیں ایک تحفہ دینا چاہتا ہوں لیکن یہ کسی کو بتلانا نہیں ہے۔ لیکن میرے بار بار اصرار اور ترغیب پر اسے عام کرنے کی اجازت دیدی۔

قارئین کرام! ان دموں کو مدینہ منورہ اور مکہ میں فی سبیل اللہ لوگوں کو کرتے رہے اور مخلوق خدا جھولیاں بھر بھر کر دعائیں دیتی رہی۔ اگر آپ کو ان دموں سے فائدہ ہو تو میرے لیے بھی دعا اور مسجد میں حسب استطاعت رقم ضرور ڈال دیں۔ مسجد کی خدمت تاکید ہے۔ یہ ان دموں کی زکوۃ ہے۔ یہ چاروں دم صرف ثواب کی نیت سے آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

☆جسم میں کسی بھی جگہ درد ہو

سر میں، ڈاڑھ میں، گردن میں، پیٹ میں، گھٹنوں میں یا ریح کا درد ہو جو کہ پاؤں میں اوپر نیچے پھرتا ہے یا کبھی کولہے میں ہوتا ہے غرض جسم میں کسی جگہ بھی درد ہو تو پہلے اول آخر 11 مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھیں پھر بسم اللہ پڑھ کر 7 مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھیں۔ 11 مرتبہ سبحان اللہ، 11 مرتبہ الحمدللہ، 11 مرتبہ اللہ اکبر پڑھیں۔ 11 مرتبہ اَلْعَظْمَۃُ لِلّٰہِ پڑھ کر درد والی جگہ پر تین پھونکیں ماریں۔ درد انشاءاللہ ختم اور آرام آجائے گا۔ کچھ افاقہ محسوس ہو تو اس عمل کو دوبارہ کریں اور تعداد بڑھاتے جائیں۔ کچھ صدقہ خیرات پہلے نکال دیں۔ حاجت کے دو نفل پڑھنے نہ بھولیں۔ باوضو دم کریں۔ درود شریف کوئی بھی پڑھ لیں اجازت ہے۔

☆زہر باد کا دم

ہاتھ یا پیر لال سرخ ہو جاتے ہیں، پھوڑا سا بن جاتا ہے، پیپ ڈل جاتی ہے، شدید درد رہتا ہے، بعض دفعہ دودھ پیتا بچہ ماں کی چھاتی پر سر مار دیتا ہے جس کی وجہ سے گلٹی بن جاتی ہے، چھاتی پر پھوڑا سا بن جاتا ہے نوبت آپریشن تک آجاتی ہے۔ بھینس، گائیں اور بکری وغیرہ کے تھن پر زہر باد ہو جاتا ہے تھن سوج جاتا ہے، گلٹی بن جاتی ہے جس کی وجہ سے جانور کو شدید درد رہتا ہے اس کیلئے یہ اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے، اعتماد شرط ہے۔ کوئی سا بھی درود شریف 11 مرتبہ پہلے اور 11 مرتبہ بعد میں پڑھنا ہے۔ بسم اللہ پڑھ کر 3 بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر متاثرہ جگہ پر ایک پھونک ماریں پھر 3 بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر دوسری پھونک ماریں پھر 3 بار پڑھ کر پھونک ماریں۔ غرض 9 دفعہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر 3 پھونکیں مارنی ہیں۔ اصل چیز پھونک کی تعداد ہے۔ پورے وثوق اور اعتماد کے ساتھ دم کریں۔ اللہ کا کلام ہے، شفاء یقینی ہے۔ مکۃ المکرمہ کا تحفہ ہے آرام آنے پر مسجد میں کچھ پیسے ضرور ڈلوا دیں، تاکید ہے۔ شدید درد میں سورۂ فاتحہ کی تعداد بڑھاتے جائیں۔

☆زہریلی چیز کاٹنے کا دم

پہلے اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر بسم اللہ کے ساتھ سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھیں پھر آخری 3 قل یعنی سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ ناس ایک دفعہ پڑھ کر درد والی جگہ پر 3 پھونکیں ماریں۔ پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اور نمک پر دم کر کے پانی میں گھول کر ڈنگ والی جگہ پر ڈالیں۔ سوزش اور چبھن کم ہو جائیگی۔ افاقے کی صورت میں صدقہ دیں۔

☆جسم کے کسی بھی عضو میں خرابی ہو

کینسر کا پھوڑا ہو، شوگر کا پھوڑا، پیٹ میں پھوڑا، جس میں کسی بھی جگہ گلٹی ہو، یرقان ہو یا جگر خراب ہو غرض جسم کے کسی عضو میں خرابی ہو تو مندرجہ ذیل دم کے الفاظ

دم والا
شہد، دوائی

قیمت
900.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

بے اولاد جوڑوں کیلئے حیرت انگیز تحفہ

جادو کا اثر رکھتے ہیں۔ دم کے کچھ عرصہ بعد پھوڑا اپھٹ جائیگا پیپ بہہ جائیگی۔ پورے بھروسے کیساتھ باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر یہ وظیفہ پڑھیں۔ دو رکعت نماز نفل حاجت پڑھنا نہ بھولیں اور صدقہ زکوٰۃ کی کچھ رقم پہلے ہی نکال کر تقسیم کر دیں یا کسی مستحق کو بھجوا دیں اور مریض کو نماز کی تلقین کرتے رہیں۔

طریقہ یہ ہے:۔ 11 مرتبہ پہلے اور 11 مرتبہ بعد میں درود شریف پڑھنا ہے یہ کلمہ 40 مرتبہ اس طرح پڑھنا کہ پہلے 12 مرتبہ پڑھ کر متاثرہ جگہ پر ایک لمبی سی پھونک ماریں۔ پھر 12 مرتبہ پڑھ کر اسی جگہ دوسری پھونک ماریں۔ پھر 16 مرتبہ پڑھ کر تیسری پھونک ماریں۔ یہ کلمہ ٹوٹل 40 مرتبہ پڑھنا ہے۔ اور کلمہ یہ ہے۔ (جس میں کوئی شرکیہ الفاظ نہیں) بسم اللہ پڑھ لیں۔ ''کچھ، کچھر الی' چندری' نالے' تھن' ٹھلیا' چندری و جائے جمول' تنس بی بی آمنہ' جس جایا بیٹا نبی پاک رسول صلی اللہ علیہ وسلم۔ برحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ پورا کلمہ پڑھنا ہے۔ ساتھ ہی پانی پر دم کر کے 3 گھونٹ مریض کو پلائیں۔ سرسوں کے تیل پر بھی ساتھ ہی پھونک مار کر درد والی جگہ پر بار بار لگائیں۔

منزل پڑھنے سے مشکل دور ہوگئی

یہ واقعہ ہمارے پڑوس میں واقع ایک دکاندار کے ساتھ پیش آیا۔ اسی کی زبانی سنتے ہیں۔ ''ہماری پرچون کی دکان ہے۔ جہاں روزمرہ کے استعمال کی اشیاء با آسانی مل جاتی ہیں۔ بڑے بڑے ریستوران کے لوگوں سے ہمارے کھاتے بنے ہوئے ہیں تو اللہ کے فضل سے کافی آمدن ہوجاتی ہے۔ ہم تین بھائی دکان پر ہوتے ہیں تین وقت تین بھائی علیحدہ علیحدہ بیٹھتے ہیں۔ ایک بار میرے بھائی جس کا نام بلال ہے اس نے کہا کہ دکان کی آج صفائی کرتا ہوں۔

ایک میز جو کہ کافی عرصے سے وہیں پڑی تھی۔ وہاں کافی گند جمع تھا اس نے سوچا اس کو ہٹا کر صفائی کرلوں جیسے ہی اس نے میز ہٹائی وہاں سے ہزار ہزار والے دس نوٹ برآمد ہوئے۔ وہ یہ دیکھ کر حیران رہ گیا کہ یہ کہاں سے آئے۔ کیا دیکھتا ہے کہ چوہوں نے وہاں پر پیسے اکٹھے کر رکھے تھے اور اللہ کا کرنا یہ ہوا کہ ان پیسوں کو چوہوں نے کہیں سے بھی نہیں کھایا ہوا تھا۔

بلال اس دوران اپنا گھر بنوا رہا تھا اس کے پاس پیسوں کی کمی تھی تو غیب سے اس کی مدد ہوگئی۔ وہ چوہے اللہ کے حکم سے ان کی پیسوں والی صندوقچی سے ہزار والے نوٹ اٹھا کر لے جاتے رہے اور جب اسے ضرورت پڑی تو اسے مل گئے۔ وہ بہت خوش ہوا۔ اللہ کا شکر ادا کیا اور پیسے لے گیا۔ ماں کو سارا قصہ سنایا تو ماں نے کہا یہ سب منزل اور سورۂ واقعہ کا کمال ہے جو کہ میں روزانہ پڑھتی ہوں۔ منزل نام کی کتاب بہت اچھی ہے۔ یہ ہر آفت' مشکلات' جنوں بھوتوں اور کئی بیماریوں سے بچاتی ہے۔ روزانہ ایک بار پڑھ لینا ہی کافی ہے۔ منزل میں قرآن مجید کی کئی سورتوں سے آیات اکٹھی کی گئی ہیں جو کہ بہت مجرب ہیں۔ جہاں ہم اتنی ساری مصیبتوں سے محفوظ رہیں اور اس کے پڑھنے سے غیب سے مدد بھی حاصل ہو تو ایک بار پڑھنا کونسی مشکل بات ہے اور سورۂ واقعہ مغرب کے بعد پڑھنی چاہیے۔

جادو کے اثرات سے نجات

جس کو جادو کے اثرات ہوں وہ بیری کے سات سبز پتوں کو پیس لے اور اتنا پانی ڈالے کہ غسل کیلئے کافی ہو پھر آیۃ الکرسی' سورۃ البقرہ کی آخری آیات' سورۂ کافرون' سورۂ طارق اور معوذتین نیز آیت اعراف 117 سے 119 سورۂ یونس آیت 79 تا 82 اور طٰہٰ 45 تا 49 بھی پڑھے اور دم کر کے مریض تین دفعہ پیے اور باقی پانی سے غسل کرے۔ انشاء اللہ بیماری ختم ہوجائے گی۔

کینسر' ہیپاٹائٹس' رسولی' ٹی بی اور دوسرے موذی امراض کے لئے

☆ اول و آخر گیارہ' گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنا ہے۔

☆ بسم اللہ الرحمن الرحیم 786 مرتبہ

☆سورۂ فاتحہ 101 مرتبہ

☆سورۂ رحمن 7 مرتبہ

☆سورۂ قریش 1001 مرتبہ

☆آیت کریمہ 313 مرتبہ

☆چاروں قل 4000 مرتبہ (یعنی ہر سورۃ ایک ہزار مرتبہ)

☆آیۃ الکرسی 41 مرتبہ۔

☆آیت الشفاء (التوبہ 14، یونس 57، النحل 41، الاسراء 82، الشعراء 80، حٰم السجدہ 44) 33 مرتبہ۔ یہ سب پانی پر دم کر کے وہ پانی اکیس دن تک مریض کو پلائیں۔

نوٹ: پانی پینے کا طریقہ یہ ہے:۔ پانی دن میں تین مرتبہ باوضو پینا ہے۔

فجر کی نماز کے بعد، ظہر کی نماز کے بعد، عشاء کی نماز کے بعد۔ ہر دفعہ پانی پیتے وقت اکیس مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اور سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پانی پی لیا کریں۔ اکیس دن کے بعد کسی اچھی لیبارٹری سے ٹیسٹ کروائیں تو انشاء اللہ آپ کو یہ بیماری نہیں ہوگی۔

ہر قسم کا درد دور کرنے کے لئے

جس جگہ درد ہو اس جگہ کو مضبوط پکڑ کر دس مرتبہ سورۂ فاتحہ اور دس مرتبہ سورۂ کافرون پڑھ کر دم کر دیں اور چھوڑ دیں، پھر مریض سے دریافت کریں کہ آرام آیا یا نہیں، اگر نہیں آیا ہو تو دوبارہ اسی طرح کریں۔ تین بار کرنے سے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا اور اگر پھر بھی نہ جائے تو گیارہ مرتبہ کرنے سے یقیناً درد دور ہو جائے گا۔ (ص173)

برائے دفع خوف

جو شخص کسی صاحب حکومت سے خوف رکھے اس کو چاہیے کہ كٓهٰيٰعٓصٓ كُفِيْتُ حٰمٓ عٓسٓقٓ حُمِيْتُ ہاتھ باندھ کر پڑھیں اور ایک ایک حرف پر انگلی کھول دے اور دائیں ہاتھ سے شروع کریں اور بائیں ہاتھ پر ختم کریں اور ہاتھ بند کیے حاکم کے سامنے جائیں اور وہاں جا کر ہاتھ کھول دیں۔ (ص 175) (مزید ایسے بہترین روحانی نسخے حاصل کرنے کیلئے ’’کالی دنیا کالا جادو وظائف اولیاء اور سائنسی تحقیقات کا مطالعہ کریں‘)

مرحوم والدین کے لئے تحفہ

شب جمعہ یا جمعہ کے دن دو رکعت نوافل والدین کی نیت سے ادا کریں۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی پڑھیں اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ ان نوافل کا ثواب والدین کو بخش دیں۔ جن کے والدین فوت ہو چکے ہوں وہ اس عمل پر عمل کریں۔ انشاء اللہ ان کی آخرت بنے گی، قبر میں سکون ملے گا والدین اولاد کی ایسی نیکی سے خوش ہونگے، چاہے دونوں فوت ہو گئے ہوں یا ایک فوت ہو گیا ہو پورا پورا ثواب ملے گا۔

پیشاب میں رکاوٹ و پتھری کی تکلیف

☆پیشاب میں رکاوٹ اور پتھری کی تکلیف پر اصفہان کے رہنے والے شخص نے مندرجہ ذیل آیت طشتری پر لکھ کر پانی سے دھو کر پی لیا تو پیشاب ٹھیک آنے لگا اور پتھری نکل گئی۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ وَّ بُسَّتِ الۡجِبَالُ بَسًّاۙ٥ فَكَانَتۡ هَبَآءً مُّنۡۢبَثًّا (الواقعہ 5,6)۔ وَّ حُمِلَتِ الۡاَرۡضُ وَ الۡجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً (الحاقۃ 14)

☆اسی طرح اس آیت شریف کو لکھ کر اس کا پانی پینا پیشاب اور پاخانہ کی تکالیف کو بھی دور کرتا ہے۔ کلام اللہ پر یقین رکھنا لازم ہے۔

وَاِذِ اسۡتَسۡقٰى مُوۡسٰى لِقَوۡمِهٖ فَقُلۡنَا اضۡرِبۡ سے لیکر فِى الۡاَرۡضِ مُفۡسِدِيۡنَ۔ (البقرۃ 60)

☆اس مرض کیلئے سورۂ کوثر بھی اسی طرح نفع بخش ہے۔

☆سلسل بول بیماری ہے، پیشاب بار بار چھوٹے وقفوں سے یا قطروں کی صورت میں آتا ہے اس کے دفعیہ کیلئے ان آیات کو لکھ کر بازو یا گلے میں باندھ لیا جائے تو بحکم ربی یہ مرض زائل ہو جائیگا۔

وَ قِيۡلَ يٰۤاَرۡضُ ابۡلَعِىۡ مَآءَكِ وَ يٰسَمَآءُ اَقۡلِعِىۡ وَغِيۡضَ الۡمَآءُ وَقُضِىَ الۡاَمۡرُ وَاسۡتَوَتۡ عَلَى الۡجُوۡدِىِّ وَقِيۡلَ بُعۡدًا لِّلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ (ھود ۴۴)

ہر مشکل کے حل کے لئے

اول و آخر درود شریف تین بار، سورۂ اخلاص ایک ہزار بار بلاناغہ ہر مشکل کے حل کیلئے پڑھیں، جلد مشکل حل ہوگی۔ روزانہ ایک ہزار بار سورۂ اخلاص پڑھنے سے روحانی انقباض بھی ختم ہوتا ہے۔

نیز: کوئی ضرورت پیش ہو تو بعد نماز مغرب سورۂ فاتحہ چالیس بار پڑھیں اور سورۂ فاتحہ کے وسیلہ سے دعا مانگیں ابھی اپنی جگہ پر ہوں گے تو کام ہو جائیگا۔

ہر بیمار کے لئے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ان آیتوں کا پڑھنا ثابت ہے اور فرمایا کہ آفتاب کے طلوع و غروب کے وقت جب یہ آیات پڑھی جائیں تو بیماری خدا کے فضل سے دور ہو وہ آیات یہ ہیں:۔

وَلَوۡ اَنَّ قُرۡاٰنًا سُيِّرَتۡ بِهِ الۡجِبَالُ اَوۡ قُطِّعَتۡ بِهِ الۡاَرۡضُ اَوۡ كُلِّمَ بِهِ الۡمَوۡتٰى بَلۡ لِّلّٰهِ الۡاَمۡرُ جَمِيۡعًا (الرعد 31) تک اور وَ يَسۡـَٔلُوۡنَكَ عَنِ الۡجِبَالِ فَقُلۡ يَنۡسِفُهَا رَبِّىۡ نَسۡفًا فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفۡصَفًا لَّا تَرٰى فِيۡهَا عِوَجًا وَّلَاۤ اَمۡتًا (طٰہٰ 105 تا 107) اور لَوۡ اَنۡزَلۡنَا هٰذَا الۡقُرۡاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيۡتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنۡ خَشۡيَةِ اللّٰهِ (الحشر 21) تک اور ہر آیت کے بعد یہ کہتا جائے کہ فَكَيۡفَ اَنۡتَ يَاۤ اَيَّتُهَا الۡعِلَّةِ

برائے خوف حاکم

جو شخص کسی صاحب سے خوف کرے اس کو چاہیے کہ یوں کہے كٓهٰيٰعٓصٓ كُفِيۡتُ حٰمٓ عٓسٓقٓ حُمِيۡتُ اور كٓهٰيٰعٓصٓ کے کہتے وقت ہر حرف کے تلفظ پر داہنے ہاتھ کی ہر انگلی کو بند کرے یعنی کاف کہتے وقت سب سے چھوٹی انگلی بند کرے، ھا پر دوسری، یا پر تیسری، عین پر چوتھی اور ص پر انگوٹھا بند کرے اور حٰمٓ عٓسٓقٓ کے ہر حرف پر بائیں ہاتھ کی اسی طرح انگلیاں بند کرے اور دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو بند کیے ہوئے اس حاکم کے سامنے جا کر کھول دے ان شاء اللہ مہربان ہوگا۔

خاندانی آزمودہ نسخہ

ہمارا خاندانی آزمودہ نسخہ ہے میری چچی نے بتایا تھا اور میں اور میری والدہ نے بھی کئی دفعہ کیا ہے۔ کوئی بھی بیماری ہو مسئلہ ہو ستر آٹے کی گولیاں بنالیں ہر گولی پر ایک دفعہ سورۂ مزمل پڑھ کر سائیڈ پر رکھ دیں۔ جب ساری گولیاں ختم ہو جائیں تو ان پر 11 دفعہ آیۃ الکرسی، 11 دفعہ چاروں قل،

101 دفعہ سورۂ اخلاص پڑھ کر حضرت خواجہ خضر علیہ السلام کی روح کو ہدیہ کردیں۔ پھر اس کو دریا میں ڈال دیں۔ بڑی مؤثر چیز ہے۔ یہ تو اتنی دفعہ امی اور ہم پڑھا چکے ہیں۔ کوئی مشکل ہو، کوئی پریشانی ہو مثلاً میرے والد کو ہارٹ اٹیک ہوا تب پڑھا۔ بہت زبردست عمل ہے۔

ہر شرعی حاجت پوری ہونے کیلئے میرا مجرب ترین عمل

نہایت خشوع و خضوع کے ساتھ اول و آخر درود شریف 3،3 بار، سورۂ فاتحہ ایک بار، سورۂ اخلاص تین بار پڑھ کر دعا مانگیں۔ بس دعا مانگنے کی دیر ہوتی ہے الحمدللہ حاجت پوری ہوجاتی ہے۔

چار نفل پڑھیں آرام ہی آرام پائیں

چار نفلوں کو بھی میں نے بہت زیادہ آزمایا ہے۔ اسم اعظم جن کو کہتے ہیں امام جعفر رحمۃ اللہ علیہ سے جو منقول ہیں۔ چار رکعات نماز نفل، سورۂ فاتحہ کے بعد پہلی رکعت میں لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ (الانبیائ 87) وَ نَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَ كَذٰلِكَ نُـْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ (الانبیائ 88)۔ دوسری میں رَبِّ اِنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ (الانبیاء 83) رَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔ (قمر 10) تیسری میں وَ اُفَوِّضُ اَمْرِيْۤ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ (المؤمن 44) حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ (آل عمران 173) سو دفعہ پڑھ کر سلام پھیر لینا ہے۔ پھر سجدے میں جا کر رَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ (قمر 10) سو دفعہ پڑھنا ہے پھر دعا مانگنی ہے۔ بہت آزمودہ ہے۔

ہر حاجت پوری ہو

اپنے مقصد کیلئے چار رکعت نماز پڑھیں۔ طریقہ نماز: چار رکعت دو دو کر کے پڑھیں اور ہر مرتبہ سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ آل عمران کی پہلی دس آیتیں اور سورۂ حشر کی آخری چار آیات تلاوت کرنی ہیں۔ ایک شخص کے کان میں کلنی جس کو بعض لوگ چچڑی بھی کہتے ہیں، گھس گئی تھی اور وہ بہت پریشان تھے کہ اب کیا کیا جائے۔ اس نے تھوڑا سا زمزم لیکر اس پر شروع کی دس آیتیں سورۂ آل عمران اور سورۂ حشر کی آخری چار آیتیں پڑھ کر اس پر دم کر کے پی لیا۔ پانی کا پیٹ میں اترنا تھا کہ وہ کلنی کان سے نکل آئی۔

سحر و جادو سے ایک ہفتہ میں نجات

آج کے اس ظلمت کے دور میں کئی لوگوں کا کاروبار بذریعہ سحر جادو بند ہوتا ہے۔ اس کیلئے نوافل بعد نماز عشاء رات 10 بجے نوچندی جمعرات سے شروع کریں، پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 41 مرتبہ سورۂ فیل، دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 41 مرتبہ سورہ نصر، تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 41 مرتبہ سورۂ قریش اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 41 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ سلام پھیر کر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں اور اس کا ثواب حضور نبی کریم ﷺ اور آل نبی ﷺ کو بخشیں۔ دن کے وقت کلمہ طیبہ کثرت سے پڑھا کریں، انشاء اللہ ایک ہفتہ میں حالات بہتر ہونا شروع ہوجائیں گے۔

دیسی کریم



چہرے کے دانے
چھائیاں، کیل مہاسے
ایڑیوں کا پھٹنا
جلدی بیماریوں میں نہایت مؤثر

قیمت
500.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

دل کے تین بند والو کھل گئے

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کا ماہنامہ عبقری ہر مہینے بڑے شوق سے پڑھتا ہوں، اس رسالہ کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے، محترم حکیم صاحب! میں دل کا مریض تھا، میں کارڈیالوجی ہسپتال میں علاج کیلئے گیا انہوں نے عارضی طور پر دوائیاں دیں اور انجیوگرافی کیلئے تاریخ دیدی جب انجیوگرافی کی گئی تو رپورٹ میں بتایا گیا کہ دل کی تین شریانیں بند ہیں اس کے بعد انہوں نے میرا ویبلٹی سکین بھی کیا تو انہوں نے کہا کہ آپ کا میجر آپریشن ہوگا اور بائی پاس کیلئے اپنے سرجن کو مارک کردیا کہ ان سے آپریشن کا ٹائم لے لیں لیکن سرجن صاحب نے کہا کہ آپ کے دل کے پٹھے بہت کمزور ہیں آپریشن نہیں ہوسکتا آپ صرف دوائی استعمال کریں۔ ایک اور فزیشن کو انجیوگرافی کی سی ڈی چیک کرواکر مشورہ لیا تو انہوں نے کہا کہ آپریشن لازمی کروائیں اس کے بغیر چارہ نہیں۔ میں لاہور سارے ہسپتالوں میں گیا لیکن ہر سرجن نے بائی پاس کرنے سے انکار کردیا۔ شاید اللہ کو یہی منظور تھا کہ آپریشن نہ ہو میں سخت تکلیف میں تھا کئی کئی مرتبہ زبان کے نیچے گولیاں رکھتا رہتا۔

ایک دن میں نے رحمۃ اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان حدیث مبارکہ میں پڑھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ جبرائیل علیہ السلام میرے پاس آئے اور مجھے خبر دی کہ جسمانی ظاہری، باطنی بیماریوں اور خصوصاً دل کی بند شریانوں کیلئے اور کسی قسم کا مرض ہو تو اللہ کریم ساری بیماریوں کو جو اس بدن میں ہونگی سب دور کردے گا اور صحت وتندرستی عطا فرمائے گا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ساری بیماریوں کو اس کی رگوں، گوشت اور ہڈیوں اور تمام اعصاب سے نکال دے گا وہ کلام ربانی کا نسخہ مندرجہ ذیل ہے:۔

سورۂ فاتحہ 70 مرتبہ، معوذتین (فلق وناس) 70 بار، سورۂ اخلاص 70 بار، آیۃ الکرسی 70 بار، سورۂ حشر کی آخری چار آیات 70 بار، سورۂ بقرہ کی آخری 3 آیات 70 بار، یَاقَوِیُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِیْ وَقَلْبِیْ 70 بار۔

یہ تمام بارش کے پانی پر پڑھ کر پھونک ماریں اور روزانہ نماز فجر کے بعد نہار منہ تین گھونٹ پی لیں۔ سات، چودہ یا اکیس روز تک یہ پانی پئیں اور آدھا گھنٹہ تک کچھ نہ کھائیں۔ انشاء اللہ تمام بیماریوں سے کامل شفاء ہوجائے گی۔ جب میں نے یہ عمل کیا تو اللہ تعالیٰ نے میری ہر تکلیف دور فرمادی۔ آپ بھی یہ مبارک عمل کیجئے اور تمام بدنی بیماریوں سے شفاء پایئے۔

سٹوڈنٹس کے لئے خاص الخاص عمل

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! امید کرتا ہوں آپ خیریت سے ہوں گے آج ایک ایسے عمل کے بارے میں بتانے والا ہوں جس سے سٹوڈنٹس کو بہت فائدہ حاصل ہوسکتا ہے۔ اس سے انسان کی لکھنے کی رفتار تیز ہوجاتی ہے اور اللہ تعالیٰ اس کی غیب سے مدد کرتے ہیں اور وہ چیزیں بھی وہ حل کرلیتا ہے جن کے حل کرنے کی اُسے امید بھی نہیں ہوتی۔ اس کو پڑھنے کے بعد جب پہلی دفعہ طالب علم پرچہ کو دیکھتا ہے تو ایسے لگتا ہے کہ اسے کچھ نہیں آتا لیکن جیسے جیسے وہ اس کو حل کرنے لگتا ہے ایسے لگنے لگتا ہے کہ اسے سب کچھ آتا ہے۔

☆عمل لوح قرآنی کی ترتیب درج ذیل ہے

لوح قرآنی کو پڑھنا ہے اور اپنی دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی بند کریں اسی طرح ہر دفعہ پڑھتے جائیں اور اپنی انگلیاں بند کریں، انگوٹھا سب سے آخر میں آئے۔ اب یہ ایک مکے کی شکل اختیار کرے گا اب اسی طرح اسے کھولنا ہے کہ ہر دفعہ پڑھ کر اپنی انگلیاں کھولتے جائیں کھولتے ہوئے سب سے پہلے انگوٹھا کھولیں اس کے بعد چھوٹی انگلی اس کے بعد اسی طرح کھولتے جائیں کہ آخری کھلنے والی انگلی شہادت کی ہو، اس عمل کو پیپر والے دن پیپر سے پہلے پڑھیں۔ اس کے بعد کمرہ امتحان میں داخل ہونے کے بعد کسی سے بات نہ کریں اور درود ابراہیمی کا ورد کریں جب تک کہ سوالیہ پیپر شروع کرنے کا نہ کہہ دیا جائے۔ انشاء اللہ پیپر بہت اچھا ہوگا۔ لوح قرآنی درج ذیل ہے:

الم حٰمعسق ن
المص حم یسین
کھیعص ق امین

جادو یا بیماری۔۔۔۔ تشخیص خود کریں

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! جب کسی کو قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کی ہدایات اور اس کے آخری پیغمبر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تا قیامت رہنے والی ہدایات کی طرف متوجہ کیا جاتا ہے تو وہ حیران ہوجاتا ہے کہ یہ کیسے ہوسکتا ہے......؟؟؟ کہ صرف قرآن مجید کی آیات پڑھنے اور دم کرنے سے ہی بغیر رقم خرچ کیے آرام آجائے۔ صرف اس میں آپ کو کچھ وقت پانچ وقت کی نماز اور وظائف کو دینا پڑیگا بشرطیکہ رزق حرام، ذخیرہ اندوزی، رشوت اور نشہ آور اشیاء سے پرہیز کرنا ہے۔

یہ سبق چودہ سو سال سے پڑھایا جارہا ہے آخر کیسے آرام نہ ہو؟ اللہ تعالیٰ نے پانچ نمازیں فرض کی ہیں تندرست ہوں یا بیمار، کھڑے ہوکر بیٹھ کر لیٹ کر اشاروں سے نماز لازمی پڑھیں۔ پانچ وقت کی نماز اور وظائف کی ادائیگی ایسا علاج ہے کہ ثواب کا ثواب اور علاج کا علاج۔

قرآنی وظائف حاضر ہیں: میں چند سورتوں کا نام درج کررہا ہوں جو کہ آیت الکرسی، سورۂ فاتحہ، سورۂ نصر، سورۂ کوثر، سورۂ اخلاص، سورۂ قریش ہیں یہ وظائف قدرت الٰہی سے وقتاً فوقتاً عطا ہوئے جو میں اپنے مرشد کی خدمت میں پیش کررہا ہوں۔ ان سورتوں میں سے کسی ایک سورت کو لے لیں اور یقین کامل کے ساتھ عمل کریں گے تو انشاء اللہ تعالیٰ آپ اس کے فوائد سے بھی مستفید ہوں گے۔ اول چالیس دن تک روزانہ ایک تسبیح معہ بسم اللہ اور درود شریف نماز والا اول آخر سات بار۔ کوئی بھی ایک سورت، نماز عشاء کے بعد ایک جگہ اور مخصوص کردہ لباس میں چاند کی پہلی جمعرات سے شروع کریں۔

چالیس دن کے بعد عمل آپ کے ہاتھ میں ہوگا بعد ازاں کسی بھی وقت دن میں ایک دفعہ تسبیح کرلیا کریں تا کہ عمل آپ کے ہاتھ میں رہے زیادہ محنت نہیں اللہ تعالیٰ کی ذات بھی خوش ہوگی اور ثواب کا ثواب، چاہے آپ ایک ہاتھ سے گنیں یا ایک صاف کاغذ لیکر ایک تا دس تک علیحدہ علیحدہ اعداد لکھیں کسی کے دانت، کان، جوڑوں کا درد، بلڈ پریشر ہو زیادہ یا کم کچھ مریضوں کے سر میں اتنا شدید درد ہوتا ہے کہ نا قابل برداشت ہوجاتا ہے۔ مریض سے کہیں کہ درد والی جگہ پر ہاتھ رکھیں اور اسے پہلے کہہ دیں کہ میں جب اشارہ کروں تو ہاتھ اٹھالے میں نے پھونک مارنی ہے اس کے بعد مریض درد والی جگہ پر ہاتھ رکھ لے۔ پہلے درود شریف نماز والا تین دفعہ پڑھ کر ایک عدد کو کاٹیں اور سورۂ ایک بار پڑھ کر پھونک ماریں۔ اس طرح جو عدد کاٹیں گے اتنی ہی بار صرف سورۂ مع تسمیہ پڑھ کر پھونک مارتے جائیں۔

شگفتہ باتیں
بکھرے موتی
انمول یادیں

عربی کا مقولہ ہے کہ کل جدید لذیذ یعنی ہر نئی چیز لذیذ ہوتی ہے لہٰذا جو معلومات آپ کی خدمت میں پیش ہیں یہ یقیناً لذیذ ہیں۔ یہ کتاب پرانی بھولی بسری یادوں کو نئے انداز یاد کرائے گی۔ اس کتاب کے چند ابواب تو حیرت کدہ اور طلسم کدہ ہیں اور جنہیں پڑھ کر آپ کی سوچیں ہی بدل جائیں گی۔

انشاءاللہ تعالیٰ چند پھونکوں سے درد بالکل ختم ہوجائے گا اور مریض سے پوچھتے جائیں کہ درد ختم ہوا ہے یا نہیں۔ آخر میں تین دفعہ درود شریف پڑھ کر خود پر پھونک ماریں مریض سے کوئی رقم نہیں لینی البتہ باہر وہ کسی مانگنے والے کو پانچ دس روپے صدقہ ضرور دے۔ بخار' پیٹ درد' بلڈ پریشر والے کو اول و آخر سات بار درود شریف ایک بار سورۂ مع تسمیہ پانی پر پڑھ کر پھونک مار کر پلا دے۔ اللہ تعالیٰ بخار' پیٹ درد' بلڈ پریشر ختم ہوجائے گا۔

جانیے جادو ہے یا بیماری

اسی طرح کسی مریض کی تشخیص کرنی مطلوب ہو کہ اسے کیا مرض ہے تو اس کی قمیص جو کہ سلکی نہ ہو اور استعمال شدہ یعنی دھونے والی ہو۔ قمیص کو اول کندھے کی سلائی سے لے کر نیچے گھیرے تک ایک فیتہ سے ناپ کر لکھ لیں پھر اول و آخر درود شریف معہ مندرجہ ذیل بالا سورتوں میں سے کوئی بھی ایک سورت جو کہ آپ کے عمل میں ہے سات بار پڑھ کر تین پھونکیں قمیض پر ماریں اور دوبارہ اسی طرح قمیض کا ناپ لیں اگر بڑھ جائے تو جنات' کم ہوجائے تو تعویذات کا اثر اور اگر برابر رہے تو بیماری۔

تینوں صورتوں میں اسی سورت کا تعویذ بنا کر اول و آخر سات مرتبہ درود شریف ایک بار سورت مع تسمیہ پڑھ کر اس تعویذ پر اور پانی کی ایک بوتل پر دم کردیں۔ اللہ تعالیٰ بہتر کریگا۔ مندرجہ بالا سورتیں میں تو ساری پڑھتا ہوں آپ اپنی ہمت سے پڑھ سکتے ہیں تو پڑھیں وگرنہ ایک سورت پڑھیں۔ کسی اجازت یا پرہیز کی ضرورت نہیں۔ پرہیز صرف رزق حرام' کالا دھندہ' ذخیرہ اندوزی' رشوت اور نشہ آور اشیاء سے ہے۔ ضرورت صرف یقین کامل کی ہے اور اس پر عمل کرنے کی ہے۔ یہ وظائف بارہا کے آزمائے ہوئے ہیں۔

ہر قسم کے جادو اور بیماری کا روحانی علاج

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کے درس میں آتی رہتی ہوں اور کافی کچھ سیکھنے کو ملا۔ آپ نے فرمایا کہ انسان کو جس چیز سے نفع ملے وہ لوگوں تک پہنچائے تا کہ اور لوگوں کو بھی فیض ملے تو محترم حکیم صاحب اسی لیے لکھ رہی ہوں کہ آپ کے رسالے میں ایک آیت چھپی تھی **وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ** (بنی اسرائیل 105) یہ آیت میں نے اکتالیس بار اول و آخر تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر جس جس کو خواہ وہ روحانی تکلیف ہو یا جسمانی بیماری ہو دم کیا اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ لوگ فیض یاب ہوئے۔

یہ بہت ہی تیر بہدف اور مجرب عمل ہے جس جس نے آزمایا کبھی خالی نہیں گیا۔ میری امی کے معدے کے امراض کی وجہ سے زبان میں زخم ہوگئے تھے اور ڈاکٹری علاج بہت کروایا لیکن ڈاکٹر کہتے تھے کہ اس کا کوئی علاج نہیں ہے وہ زخم دوائیوں سے بھی ٹھیک نہیں ہوئے میری امی مرچ والی کوئی چیز نہیں کھاسکتی تھیں۔ آخر میں نے یہی عمل صبح و شام کیا اور پانی پر پڑھ کر دم کیا خدا کی قدرت دیکھیں کہ اکیس دن میں زبان نارمل ہونی شروع ہوئی۔

امی نے اکیس دن کے بعد مرچوں والا سالن کھایا اور پھر بالکل ٹھیک ہوگئیں۔ ڈاکٹر خود حیران ہوگئے۔ پھر میں نے عبقری میں پڑھا کہ جادو' نظر بد وغیرہ سے آرام کیلئے تین مرتبہ درود ابراہیمی اول و آخر تین مرتبہ سورۂ فاتحہ' تین مرتبہ آیۃ الکرسی' تین مرتبہ سورۂ اخلاص' تین مرتبہ سورۂ فلق' تین مرتبہ سورۂ ناس پڑھ کر دم کرنا ہے۔ میں نے یہ عمل پڑھ کر اپنی خالہ کو دم کیا جن پر کسی نے کالا علم کروایا تھا۔ اس علم کی وجہ سے ان کے ایک ماہ سے کمر میں بہت شدید درد تھا' نیل بھی پڑ رہے تھے' کافی جگہ سے علاج کروایا لیکن آرام نہ آیا تو انہوں نے مجھ سے مسئلہ بیان کیا تو میں نے ایک ہی دن میں آدھے آدھے گھنٹے کے وقفے سے ان کو تین بار یہی دم اور بنی اسرائیل کی آیت 105 یہ دونوں چیزیں پڑھ کر دم کیں آپ یقین کریں کہ اللہ نے شاید مجھے عزت دینی تھی ان کا درد اسی دن 90 فیصد ٹھیک ہوگیا اور اگلے دن میں نے ان کو فون پر دم کیا تو باقی کا بھی اثر زائل ہوگیا۔

یہ دونوں عمل جادو' جنات' آسیب' بیماری خواہ روحانی اور جسمانی ہو۔ نظر بد' ڈیپریشن' لڑائی جھگڑے سب کیلئے اکسیر اور تیر بہدف اور مجرب ہیں' کر کے دیکھیں اور مجھے بھی اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں شاید میرے لکھنے سے کسی کا بھلا ہو اور میری پریشانیاں بھی دور ہو جائیں یہ سب عزت مجھے محترم حکیم صاحب کے وظائف کرنے سے ملی ہے کہ میری زبان میں اتنی تاثیر آ گئی ہے۔

استخارہ کا خاص طریقہ

عشاء کی نماز کے بعد باوضو پاک کپڑے پہن کر پاک بستر پر قبلہ کی طرف منہ کر کے دائیں کروٹ لیٹ جائیں' مندرجہ ذیل سورتیں حسب ذیل ترتیب سے پڑھیں۔ سورۂ شمس 7 مرتبہ' سورۂ لیل 7 مرتبہ' سورۂ اخلاص 7 مرتبہ' سورۂ والتین 7 مرتبہ پڑھیں۔ یہ سورتیں 30 ویں پارہ میں ہیں' اس کے بعد عاجزی سے اللہ پاک سے عرض کریں' اے اللہ جل جلالہٗ! میرے خواب میں اشارہ دے اور میرے حال میں کشادگی پیدا کر۔ اللہ تعالیٰ جل شانہٗ ضرور مدد کریں گے اور صحیح سمت میں آگاہی دیں گے۔ بہت سوں کا آزمودہ عمل ہے۔

کاش وہ پاؤں نہ کاٹے شوگر میں مبتلا ضرور پڑھیں

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! بندہ خود مڈل ایسٹ کے ہسپتال میں کام کر چکا ہے اور مجھے 28 سال کا تجربہ ہے' وہاں پر جلے ہوئے مریضوں کا علاج نمک میں نہلا کر' بٹھا کر زخم صاف کر کے کرتے تھے۔ 60 فیصد مریض ٹھیک ہو جاتے' وہاں پر سہولیات گرم پانی' ٹب' برن ٹاول ہر وقت موجود ہوتے' ابھی پچھلے دنوں ہوا یوں کہ میں اور میری بیوی دونوں شوگر کے مریض ہیں اور گزشتہ بارہ سال سے انسولین صبح و شام لیتے ہیں' شوگر میں اکثر پاؤں جلتے رہتے ہیں' میں پانی گرم کر کے ایک کھانے کا چمچ نمک ڈال کر پاؤں رکھتا اور وہ اپنے پاؤں صابن سے صاف کرتی رہتی لیکن اُن کو یقین نہیں آتا۔

خیر میری بیوی کو شوبائٹ سے انگلی میں زخم ہو گیا اور دیکھتے ہی دیکھتے انگلیاں کالی سیاہ اور پنجہ سوج گیا۔ زخم کے سات دن کے بعد ہم راولپنڈی کے فوجی فاؤنڈیشن ہسپتال پہنچے' زخم دیکھنے کے بعد ڈاکٹروں نے کہا یہ تو مہینے یا ڈیڑھ مہینے کا زخم ہے' ہم نے کہا نہیں یہ صرف 8 دن کا ہے۔ 6 دن صفائی اور علاج کرنے کے بعد ڈاکٹروں نے آدھا پنجہ کاٹ دیا اور ٹانکے لگائے اور 7 دن بعد آنے کو کہا۔ اس دوران میں پٹیاں کرنے کو کہا' دوسرے دن پٹی کھولی تو بدبو ہی بدبو اور پیپ ہی پیپ تھی۔ جب دوبارہ ہسپتال گئے تو زخم کا منہ کھلا تھا۔ ڈاکٹروں نے ایڑھی سے اوپر تک کاٹنے کو کہا۔ میں نے انکار کیا' ہم فوراً دوسرے پرائیویٹ ہسپتال پشاور آ گئے۔ وہاں کا ڈاکٹر کینسر سپیشلسٹ تھا۔ اس نے کہا ان کو پاؤں نہیں کاٹنا چاہیے تھا۔ وہاں ڈاکٹر ٹھنڈے پانی میں ہوزن گیس سے علاج کرتا ہے' ٹھنڈے پانی میں مشین لگا کر مشین سے پیپ وغیرہ روزانہ نکالتے ہیں لیکن ڈاکٹر نے کہا کہ اگر پاؤں نہ کاٹتے تو ایک مہینے میں ٹھیک ہو جاتا۔ میری بیوی کو ٹھنڈے پانی میں علاج پسند نہ تھا۔



دوسرا ابلا کی سردی، اس لیے وہاں سے سیدھا دوسرے ہسپتال آ گئے۔ میں چونکہ عبقری کا گزشتہ 3 سال سے مطالعہ کرتا رہتا ہوں، ان دنوں مجھے عبقری جون 2009ء کا شمارہ گھر میں پڑا ملا جس میں ڈاکٹر راحت شفیع صفحہ نمبر 7 پر نمک غذا، دوا اور شفاء پڑھا اور علاج گھر پر ہی شروع کر دیا اور مجھے فوراً یاد آ گیا او ہو۔۔۔! ہم تو مڈل ایسٹ کے ہسپتال میں جلے ہوئے مریضوں کو نمک کے پانی میں بٹھاتے تھے اور علاج کرتے تھے۔ اللہ کا کرم ہے اسی سال بالکل زخم بھر گئے۔ کاش! وہ آدھا پاؤں نہ کاٹتے۔ اس لیے شوگر کے مریضوں کیلئے عرض ہے ایک عدد بالٹی پانی کی ابال کر اس میں دو بڑے چمچے نمک کے ڈالیں اور 20 منٹ تک اچھی طرح پاؤں کی صفائی کریں اور پائیوڈین کی پٹیاں کریں۔ اس کے علاوہ ایک عدد بالٹی پانی گرم کر کے پھٹکڑی سفید بڑا چمچ ملا لیں، شوگر والے زخم پانی میں رکھ کر صاف کریں اور میں نے تجربہ کیا ہے کہ پھٹکڑی سفید نمک سے بھی جلدی زخم صاف اور ٹھیک کر دیتا ہے۔ لیکن یاد رہے کہ علاج کے دوران مریضہ کو 6 آیات شفاء روزانہ 21 دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلاتا رہتا، یہ عمل صرف 11 دن کرنے کا ہے۔

چھ آیات شفاء درج ذیل ہیں

(1) وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ (توبہ ۱۴)

(2) وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ (یونس ۵۷)

(3) فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ (سورۃ نحل ۶۹)

(4) وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (بنی اسرائیل ۸۲)

(5) وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ (الشعراء، ۸۰)

(6) قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ (حم ۴۴)

امراض قلب کیلئے مؤثر اور مجرب عمل

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (الرعد 28)

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (بنی اسرائیل 82)

ان دونوں آیات کو ہر نماز کے بعد جتنی بار آسانی سے ممکن ہو پڑھیں۔ انشاء اللہ دل کے ہر مرض کیلئے بہت لاجواب عمل ہے۔ آزمایا اور مجرب عمل ہے۔

ہر نقصان سے حفاظت

اول و آخر درود ابراہیمی درمیان میں ایک بار سورۂ فاتحہ، ایک بار آیۃ الکرسی، ایک بار سورۂ کافرون، ایک بار سورۂ اخلاص، ایک بار سورۂ فلق، ایک بار سورۂ ناس پڑھ کر اپنے گھر، اپنے بچوں، اپنے کاروبار کے گرد حصار کھینچ لیں آپ کو کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ اگر صبح پڑھیں گے تو شام تک حفاظت ہوگی اور اگر شام کو پڑھیں گے تو صبح تک حفاظت ہوگی۔ انشاء اللہ۔

گھریلو جھگڑے کے لئے

جس گھر میں ہر وقت جھگڑا ہوتا رہتا ہو آیۃ الکرسی، سورۂ بقرہ کا آخری رکوع، سورۂ اخلاص، فلق اور سورۂ ناس پر دم کر کے پئیں اور تمام گھر والوں کو بھی پلائیں۔

ہر حاجت اور جادو کے توڑ کے لئے

سات مرتبہ درود شریف، ایک مرتبہ سورۂ یونس کی آیت 81،82، سات مرتبہ آیۃ الکرسی، سات مرتبہ سورۂ طارق، سات مرتبہ سورۂ اخلاص، سات مرتبہ سورۂ فلق، سات مرتبہ سورۂ ناس، ایک مرتبہ سورۂ بقرہ مکمل اور آخر میں سات مرتبہ درود شریف۔

طریقہ عمل: یہ عمل سات جمعۃ المبارک تک کرنا ہے۔ عصر سے مغرب تک ایک ہی جگہ بیٹھ کر پڑھنا ہے جب پڑھائی مکمل ہوجائے تو اس جگہ کی صفائی کریں جو مٹی آئے اسے دور پانی میں بہادیں۔ یہ عمل ہر حاجت کیلئے ہے اور خاص کر جادو کے اثرات بھی ختم ہوجاتے ہیں۔

ہیروئن کا نشہ چھڑانے اور زنا کاری کا علاج

جو کوئی ہیروئن کے نشہ میں غرق ہو کر گھر کی پونجی اور اپنی صحت برباد کررہا ہو اور کسی بھی طریقہ سے باز نہ آتا ہو تو ذیل کا عمل کریں۔ انشاء اللہ لعنت بد سے شفاء ملے گی۔ ہفتے میں تین دن یعنی جمعرات' جمعہ اور پیر کو یہ عمل کرے۔ ان دنوں کی راتوں کو کسی مٹھائی یا پانی پر ذیل کی سورۂ مبارکہ پڑھ کر دم کریں اور نشئی کو اس وقت کھلائیں یا پلائیں جس وقت اس کا نشہ ٹوٹ چکا ہو اس کے علاوہ سورۂ فاتحہ 7 بار' اول آخر درود شریف 7 مرتبہ پڑھ کر دم بھی کریں۔ سورۂ مبارکہ یہ ہیں۔ سورۂ فاتحہ 41 مرتبہ' سورۂ اخلاص 41 مرتبہ' سورۂ جمعہ 3 مرتبہ' سورۂ رحمان 3 مرتبہ' سورۂ مزمل 3 مرتبہ' درود پاک اول آخر 41 مرتبہ' انشاء اللہ 90 دن کے عمل سے نشئی ہمیشہ کیلئے نشہ سے متنفر ہوجائے گا اور پھر کوئی ترغیب و تحریص اس کو اس بدعادت پر مجبور نہ کرسکے گی۔

جادو' سحر' نظر بد کے خلاف انتہائی مضبوط ڈھال

یہ عمل ہر قسم کے جادو' سحر' بداثرات' نظر بد کے خلاف انتہائی مضبوط ڈھال ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص صبح کو سورۂ فاتحہ' آیۃ الکرسی اور حٰمٓ تنزیل سے الیه المصیر (المومن 1 تا 3) تک پڑھ لے وہ شام تک ناپسندیدہ اور تکلیف دہ امور سے محفوظ رہے گا اور جو شام کو پڑھ لے وہ صبح تک محفوظ رہے گا۔

سورۂ حشر اور سورۂ حدید نے ناممکن کو ممکن بنادیا

جب میری پہلی شادی کی کچھ ناگزیر وجوہات کی وجہ سے طلاق ہوئی تو میں نے اپنے ٹیسٹ کروائے تو پتہ چلا کہ اولاد پیدا کرنے والے جرثومے بہت کم ہیں بلکہ نہ ہونے کے برابر ہیں۔ ایک دن ایسے ہی بیٹھے بیٹھے اللہ تعالیٰ کی تعریف والی آیات تلاش کرنے کا خیال آیا۔

اصل میں سورۂ حشر کی آخری چار آیات اور سورۂ الحدید کی ابتدائی چار آیات کے بارے میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی یہ بات کہ پڑھ کر جو دعا مانگے قبول ہوگی تو ترجمہ پڑھا تو پتہ چلا کہ یہ آیات تو صرف اللہ کی تعریف ہی تعریف ہیں اور ایسی پیاری تعریف ہے کہ دل مبہوت ہوجاتا ہے۔ میں نے قرآن پاک کے آخری صفحہ میں ان آیات کے نمبر لکھے اور قرآن میں نشانی رکھ کر روزانہ ان آیات کو پڑھنا شروع کردیا۔ بغیر مقصد کے صرف اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کرنے کیلئے۔ پھر ایک دفعہ دعاؤں کی کتاب میں ''منزل'' کے نام سے آیات ملیں تو اس میں کم و بیش وہی آیات تھیں چند آیات نہ تھیں میں نے منزل کا مطالعہ روزانہ شروع کردیا۔ کچھ عرصہ بعد میری شادی ہوئی اور شادی کے



جب سے یہ کتاب شائع ہوئی ہے' بے شمار فون، خطوط اور پیغامات اس کی تعریف کے موصول ہورہے ہیں۔ یقیناً آپ بھی پڑھ کر نہ صرف حیران ہوں گے بلکہ یہ سوچنے پر مجبور ہوجائیں گے کہ یہ کتاب اب تک ہم سے کیوں اوجھل رہی......!

پہلے سال ہی بغیر کوئی دوائی یا کورس کیے اللہ نے مجھے ایک خوبصورت بیٹی عطا کی۔

جوڑوں پنڈلیوں کے درد کا آزمودہ

فرض نمازوں سے پہلے یا بعد کے جو دو رکعات سنت مؤکدہ ہیں، یعنی فجر سے پہلے، ظہر کے بعد، مغرب کے بعد، عشاء کے بعد جو سنت مؤکدہ دو رکعات ہیں ان میں پہلی رکعت میں سورۂ کافرون، سورۂ نصر، سورۂ لہب اور دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص، سورۂ فلق، سورۂ ناس پڑھیں، یقین اور اخلاص شرط ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تیس چالیس دن کے اندر اندر فرق محسوس ہوگا۔ بندہ نے بہت سے دوستوں کو یہ ورد دیا ہے جب انہوں نے یقین کے ساتھ عمل کیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کو کامل شفاء نصیب کی ہے اس لیے یقین شرط اول ہے۔

دعاؤں کی مقبولیت کا عمل خاص

یہ دعا مستجاب الداعوات کیلئے بہت زبردست ہے۔

اَللّٰھُمَّ احْفَظْ مِنْ کُلِّ بَلَاءِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَۃِ اِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمَانَ وَاِنَّہٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ نماز باجماعت ناغہ کوئی نہیں، ہر عشاء کی نماز کے بعد۔ گیارہ دفعہ آیۃ الکرسی اور گیارہ دفعہ درج بالا آیت پڑھے۔ ہر جائز دعا قبول ہوگی۔

☆☆☆☆☆

جوہر شفاء مدینہ موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج
معدہ کا مسئلہ، بلڈ پریشر، جگر، گردے یا دل کے امراض
صرف چند ڈبیاں آپ کو ان امراض سے نجات دلا سکتی ہیں۔
شفاء کا ایسا بیش بہا خزانہ جس کا انتخاب بیشتر نبوی جڑی بوٹیوں سے کیا گیا
سالہا سال کے تجربات نے اسے خود گارنٹی اور کسوٹی بنا دیا ہے
قیمت صرف -/150 روپے علاوہ ڈاک خرچ
بڑی سے بڑی قیمتی ادویات جہاں ناکام ہوجاتی ہیں وہاں یہ دوا کام کرتی ہے۔

عملیات سیکھنے کے خواہشمند حضرات متوجہ ہوں!

فن عملیات سے تعلق رکھنے والے افراد میں سب سے بڑی کمی جو دیکھی وہ یہ کہ فن عملیات کے قواعد کی کوئی پابندی نہیں کرتے۔ کوئی بھی دنیوی فن ہو اس کے کچھ قواعد اور اصول ہوتے ہیں ان قواعد اور اصولوں پر عمل نہ کرنے کی سب سے بڑی وجہ کم علمی اور فضول کی رائے زنی ہے۔ درج ذیل میں اہم قواعد دیئے گئے ہیں۔ کوشش کی جائے کہ زیادہ سے زیادہ پر عمل کریں تا کہ مکمل فائدہ حاصل ہو۔

عملیات سیکھنے کیلئے پہلا اصول

عامل کو مناسب ہے کہ عمل پڑھتے وقت وساوسِ شیطانی اور خیالاتِ فاسد کو دل سے دور کرے اور جس کام کے واسطے پڑھے، اوّل سے آخر تک اس کا خیال رکھے اور وقت کی پابندی اور ترکیب عمل کو خوب اچھی طرح معلوم کرے اور جس جگہ اوّل روز پڑھے، تا اختتام اُسی جگہ پڑھے۔

عملیات سیکھنے کیلئے دوسرا اصول

اگر حب کا عمل پڑھنا ہو تو شروع چاند، شبِ دوشنبہ یا شب جمعہ پڑھے۔ یا عصر یا صبح کی نماز کے بعد، مگر بعد فرض کے پڑھے۔ اور قدرے قند (چینی) منہ میں ڈالے اور مطلوب کا خیال کر کے اور اس کے مکان کی طرف منہ کر کے پڑھے۔ بعد پڑھنے کے دعا مانگے اور اس کے مکان کی طرف پھونک دے۔

عملیات سیکھنے کیلئے تیسرا اصول

جدائی (لیکن ایسی صورتحال کیلئے جہاں شریعت نے جائز قرار دیا ہو) کے واسطے جو عمل پڑھا جاتا ہے تو عاملوں نے منگل یا پیر کا دن دوپہر کا وقت تجویز کیا ہے۔ اس میں زیادہ کامیابی ہوتی ہے۔ اور نیم کا پتہ یا اور کوئی کڑوی چیز ضرور منہ میں ڈال لے۔

عملیات سیکھنے کیلئے چوتھا اصول

ہر ماہ میں پہلا عشرہ اور دوسرا عشرہ کشائش رزق و حب وغیرہ کے واسطے، تیسرا عشرہ جدائی اور دفاع اعداء اور نقصان سے بچنے کے واسطے۔

عملیات سیکھنے کیلئے پانچواں اصول

بیان ان ستاروں کا جو سعد اور نحس ہیں اور ان کی تاثیرات کا بیان ہے

مشتری: نہایت سعید ہے۔ محبت کا عمل اور تعویذ، اس کی ساعت میں پڑھا اور لکھا جائے تو نہایت پراثر ہوگا۔ اور غائب ہوئے شخص اور مریض کے واسطے بھی اس کی ساعت میں عمل پڑھنا اور لکھنا چاہیے۔

زہرہ: سعدِ اصغر ہے۔ زبان بندی اور خواب بندی کے واسطے اس کی ساعت بہت مناسب ہے۔ تعویذ لکھے یا عمل پڑھے۔



عطارد: مشترک ہے۔ اس کی ساعت حب اور خواب بندی، زبان بندی، تیغ بندی وغیرہ کے واسطے از حد مفید ہے۔

شمس: بھی سعد ہے۔ اس کی ساعت بھی صحت بیماران اور محبت کے عمل پڑھنے اور تعویذات لکھنے کے واسطے بہتر ہے۔

قمر: سعد ہے۔ اس کی ساعت تعویذ محبت اور خلاصی قیدی اور شفائے بیماران کے واسطے نہایت مناسب ہے۔

زحل: نحس اکبر ہے۔ اس کی ساعت میں تعویذ ہلاکی دشمن اور جدائی کا عمل پڑھنا اور تعویذ لکھنا چاہیے۔

مریخ: بہ نسبت زحل کے، کم نحس۔ اس کی ساعت بھی تعویذ عداوت اور ہلاکی دشمن کے واسطے اچھی ہے۔

عملیات سیکھنے کیلئے چھٹا اصول

عامل کو چاہیے کہ جس قسم کا عمل پڑھے یا تعویذ لکھے، ویسی ہی ساعت اور دن کا خیال رکھے۔

عملیات سیکھنے کیلئے ساتواں اصول

بخورات کا بیان۔

مشتری	صندل سرخ۔ شکر۔ عود۔ مشک۔ کافور۔
زھرہ	کافور۔ صندل سفید۔ اسپند۔ عود۔ عنبر۔ مشک
عطارد	کافور۔ عود۔ صندل سرخ۔ قرنفل۔
شمس	مشک۔ دارچینی۔ عود۔
قمر	کافور۔ عود۔ شہد۔
زحل	رال۔ لوبان۔ عود۔
مریخ	پلپل گرد۔ لوبان۔ عود۔

عملیات سیکھنے کیلئے آٹھواں اصول

دوشنبہ کے روز شفاء بیماران اور کشائش رزق اور تسخیر کے واسطے تعویذ لکھے یا عمل پڑھے۔ پنجشنبہ اور جمعہ کو ترقی دولت اور محبت کے واسطے۔ شنبہ اور سہ شنبہ کو ہلاکی دشمن کے لئے۔ یکشنبہ اور چہارشنبہ کو زبان بندی وغیرہ کے واسطے تعویذ لکھے یا عمل پڑھے۔

عملیات سیکھنے کیلئے نواں اصول

جاننا چاہیے کہ جو عمل پڑھا جاوے، اس کا پہلا حرف اور اپنا، مطلوب کے نام کا پہلا حرف معلوم کرے۔ اگر تینوں حروف آتشی ہوں تو بہت جلد اثر ہوگا۔ آتشی حروف اور آبی میں سخت عداوت ہے۔ آتشی اور بادی حروف سزاوار ہیں۔ آبی اور خاکی حروف میں سخت عداوت ہے۔ مناسب ہے کہ حروف سر اسم درست کر کے عمل پڑھے۔ اگر حروف مخالف ہوں گے تو ہرگز کام نہ ہوگا۔ اور اگر موافق ہوں گے تو کام بخوبی ہو جائے گا۔

عملیات سیکھنے کیلئے دسواں اصول

اکثر عملیات میں ناموں کے عددوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس واسطے نقشہ جدول ابجد تحریر کیا جاتا ہیں۔ اس میں سال کلمہ ہیں اور ہر کلمہ چہار حرفی اور ہر ایک کلمہ سبع سیارہ سے متعلق ہے۔ اس میں سات حروف آتشی اور سات بادی اور سات آبی اور سات خاکی ہیں۔ ان حرفوں سے جو حروف جس کے سر اسم ہو، اس کا تعلق اس ستارے سے ہوگا۔ اس کے موافق بخور جلاوے۔ بہت جلد اثر ہوگا۔

نقشہ ابجد یہ ہے:

کلمہ چہار حرفی	ابجد	ھوزح	طیکل	منعس	فصقر	شتثخ	ذضظغ
سبع سیارہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
آتشی	ا ۱	ہ ۵	ط ۹	م ۴۰	ف ۸۰	ش ۳۰۰	ذ ۷۰۰
بادی	ب ۲	و ۶	ی ۱۰	ن ۵۰	ص ۹۰	ت ۴۰۰	ض ۸۰۰
آبی	ج ۳	ز ۷	ک ۲۰	س ۶۰	ق ۱۰۰	ث ۵۰۰	ظ ۹۰۰
خاکی	د ۴	ح ۸	ل ۳۰	ع ۷۰	ر ۲۰۰	خ ۶۰۰	غ ۱۰۰

عملیات سیکھنے کیلئے گیارواں اصول

عمل پڑھنے کے وقت، علاوہ معمول کے کپڑوں کے علاوہ اور کپڑے پہن لے اور عطر لگائے۔ جب پڑھ چکے، دوسرا لباس بدل لے۔ اور جب تک عمل کی میعاد ختم نہ ہو، روزمرہ وہی کپڑا پہن لیا کرے۔ اور ہم بستری سے پرہیز کریں۔ اگر اس سے پرہیز نہ کرے گا، عمل ہرگز اثر نہ دے گا۔ ناحق محنت برباد ہوگی۔

عملیات سیکھنے کیلئے بارہواں اصول

کھانے کی ان چیزوں سے ضرور پرہیز کرے۔ گڑ، تیل، گھی، انڈا، ہر قسم کا گوشت، تھوم، پیاز اور جس قدر کڑوی اور گرم چیزیں ہیں، ہرگز نہ کھاوے۔

عملیات سیکھنے کیلئے تیرہواں اصول

تیرہواں قاعدہ ''جدول ساعت نامہ'' کا ہے۔ جس سے ساعت اور وقت اور روز سعید کا حال معلوم ہوتا ہے۔ عملیات کی کئی کتب میں لکھا ہے وہاں سے دیکھ لیا جائے۔

☆☆☆☆☆



کامیاب شادی کے تیرہ اصول
شرعی طریقے اور جدید سائنس
تحقیق وتالیف
حکیم محمد طارق محمود عبقری مجذوبی چغتائی

تحقیق وتالیف
شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

گھر اس وقت خوبصورت اور پرسکون بنتا ہے جب اس میں رہنے والا ہر شخص ایک دوسرے کا خیال رکھے، زیر نظر کتاب گھروں کو مسکراہٹوں کا چمن زار بنانے، شگفتہ مزاجی اور خوش کلامی پیدا کرنے، سکون اطمینان کے ساتھ مسرت بخش کرنے اور ایک دوسرے کیلئے اچھے جذبات پیدا کرنے کا ذریعہ ہے۔

اسمائے الٰہی ''الہادی'' کے ذریعے گھروں کے سکون کا راز

اسم ھادی کی بنیادی معلومات

راہ دکھانے والا یہ اسم جمالی ہے اور عنصر آبی ہے۔ معلوم ہوا کہ ہادی وہ ہے جس نے مخلوق کو پیدا کیا ہے اور اپنی ذات کی معرفت ہدایت کی ہے اور ہدایت کو اس نے اپنی ذات کی طرف منسوب کیا ہے۔ چنانچہ فرماتا ہے۔ ''اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰه'' بے شک ہدایت خدا ہی کی ہدایت ہے اور جو شخص اس کی طرف چلتا ہے اس کو وہ ہدایت فرماتا ہے۔ جس وقت اللہ تعالیٰ نے نشاۃ اولیٰ میں وجود کو قدم سے پیدا کیا۔ اس کی دو قسمیں کیں ''فَرِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيْقٌ فِي السَّعِيْرِ'' ایک فریق اہل یمین کہلاتا ہے اور ایک فریق اہل یسار اور ان میں سے ہر ایک نشاۃ کی طرف مائل ہے اور اس پر گواہ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے۔ ''فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا'' یعنی ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ نے توحید کے قبول کرنے کی ہدایت کی ہے اور اہل کفر کو واسطے اجابت اضطرار کے ان کے وجود کی حیثیت سے۔ یہاں تک کہ مومنوں کو ہدایت کی ہے اور وہی ھادی حقیقی ہے اور معبودوں پر ہدایت کا اطلاق مجازاً ہوتا ہے۔ بلکہ اصل حقیقت میں اس نے ان کو ایسی اصل کی طرف ہدایت کی ہے جس پر یہ چلتے ہیں اور یہ سب باتیں بغیر سابقہ کے ہیں جس نے ان کو دور کیا ہو بلکہ یہ محض اس کی قضا و قدر ہے جس کے احکامات جور و ظلم سے بری ہیں۔ ''لَا يُسْئَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْئَلُوْنَ'' جو شخص اس علم کا ذکر کثرت سے کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو ہدایت دے گا اور اپنے احسان و کرم سے اس کو خالص اور صالح کی توفیق دیتا ہے۔

عادات بد چھڑوانے اور آئی کیو لیول بڑھانے کیلئے

تقریب الٰہی کے لئے اسم ''بدیع'' کو اس کے ساتھ ملا کر پڑھے تو تقرب نصیب ہو۔ جو لوگ کسی بری عادت یا خصلت میں ملوث ہوں ان کے لئے یہ اسم اکسیر سے کم نہیں۔ یہ اسم کند ذہنی اور مالیخولیا جیسے امراض سے نجات دلاتا ہے۔ اس کے نقش کو گھول کر پلائیں اللہ نے چاہا تو ان علتوں سے چھٹکارا ملے گا۔ کسی کو بری عادت سے چھٹکارا دلانے کے لئے اس کے عزیز یا گھر والے اس اسم کو کسی بھی چیز پر دم کر کے پلا سکتے ہیں۔

نقش اس کا یہ ہے:

ال	ھا	د	ی
۵	و	۳۲	۵
۸	۲	۸	۳۲
۷	۳۴	۷	۳

ہر ایک سالک کو مخلص کے واسطے پڑھنا مناسب ہے جو شخص اس مربع کو اپنے پاس رکھے تمام ظاہری و باطنی کاموں میں اس کے خیر ہو۔

ھا	الف	دال	یا
۳۶	ی	۷	۱۱
۹	۳۳	۱۱۳	۸
۱۱۲	۹	۸	۳۴

اگر شرف قمر میں چاندی کی انگوٹھی پر اس مربع نقش کو کندہ کر کے پہنے تو نیک اعمال کی توفیق ہو۔ اس کا نقش اس بچے کے گلے میں ڈالیں جو دودھ نہ پیتا ہو تو دودھ پینے لگے۔ جو شخص راستہ بھول گیا ہو اس کو فوراً ذکر کرنا چاہئے تا کہ راستہ مل جائے۔ جو شخص اندھیرے میں داخل ہو کر یہ کہے ''يَاهَادِئْ اِهْدِنِيْ'' اس کو مطلب حاصل ہو۔

روحانی ترقی کیلئے حضرت اسرافیل کا خاص ذکر

ارباب احوال کے واسطے اس اسم میں عجیب اسرار ہیں اور یہ اسرافیل علیہ السلام کا ذکر ہے۔ جو شخص سوتے وقت ''یَاهادِیُّ آهْدِنِیْ'' کو بلاتعداد کثرت سے پڑھتا ہوا سو جایا کرے اس کو آئندہ کے احوال معلوم ہوں اور ہدایت مختلف امور میں ملتی رہے اور اسی طرح استخارہ میں بھی اس اسم کو کام میں لایا جاسکتا ہے۔ جس بادشاہ نے اس اسم کا اس قدر ورد کیا کہ اس کا حال اس پر غالب ہوگیا تمام ملک اس کی اطاعت کرے اور جو شخص عالم بقاء کی طرف ترقی کرنا چاہتا ہے اس واسطے یہ مفید ہے۔ اسم کے عدد ۲۰ ہیں جو زدج الزوج ہیں اور بدوح کے بھی ۲۰ عدد ہیں۔ جو تسخیر کے لئے بہت موثر ہے چنانچہ جس کے نام کے مفرد عدد ۲۰ ہوں ان کے لئے یہ اسم، اسم اعظم ہے۔ بدوح کے ساتھ کسی بھی چیز پر دم کر کے جس کو کھلائے وہ محب بن جائے۔ عاشق ہو۔

بری عادات سے نجات کیلئے

اہل حقیقت نے فرمایا ہے کہ جو شخص اسم کا عمل کرے بہت خیر بجالائے تاکہ حق تعالیٰ اس کے امور میں صلاحیت عطا فرمائے۔ جناب امام علی رضا رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص بیس مرتبہ روزانہ پڑھے تو افعال ذمیمہ اس سے سرزد نہ ہوں۔ شیخ بونی ؒ نے فرمایا ہے کہ آسمان کی طرف سر اٹھا کر اور اپنے ہاتھوں کو بلند کر کے اس اسم کو چند مرتبہ کہے تو حق تعالیٰ راہ ہدایت دکھلائیں۔

طالب حکومت کے لئے یہ اسم مفید ہے۔ اگر پنج عدد تکسیر سے مداومت کرے اور آخر میں چند مرتبہ کہے ''یَاهَادِیَ الْمُضَلِّیْنَ'' تو حق سبحانہ وتعالیٰ صفائے باطن عطا فرمائے۔ اگر کسی شخص کو اپنا معین بنانا ہو تو اس کے نام کے ساتھ اس اسم کی تکسیر کو بخور سے غسل دے کر اپنے پاس رکھے اور اسم مبارک ھادی کی تلاوت شروع کرے بروز جمعرات ساعت مشتری سے ہر وقت ہر حالت میں پڑھے اور ہر سو مرتبہ کے بعد یہ کہے ''یَاهَادِیَ مَنِ اسْتَهْدٰی اِهْدِ فلاں ابن فلاں وَاجْعَلْهُ طَوْعَ یَدِیْ وَمَکِّنِّیْ مِنْ نَّاصِیَتِهٖ وَقَلْبِهٖ'' تو اللہ کے فضل سے مقصد حاصل ہو۔

باطن کو روشن اور غیبی مکاشفات کیلئے

اگر کوئی شخص چاہے کہ روشن ضمیر ہو اس کو چاہئے کہ ان اسماء ''یَاهَادِیُ یَاخَبِیْرُ یَامَتِیْنُ یَا عَلَّامُ الْغُیُوْبِ'' کو ظاہر و باطن سے پاک ہو کر ہر نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ پڑھا کرے روزانہ روزہ رکھے اور اسی پر مداومت کرے تو دلوں کے بھید اس پر کھل جائیں آسمان اور زمین کے رازوں کی اسے اطلاع ہوتی رہے اور دور دراز کی خبریں قلب پر وائرلیس کی مانند وارد ہوا کریں۔

ہر مراد پوری کرنے کیلئے خاص نقش

جو اس نقش کو شرف قمر میں لکھے اور دو رکعت سورۂ اخلاص و آیت الکرسی کے ساتھ پڑھ کر لوح سامنے رکھ کر اتنا ورد کرے کہ زبان تھک جائے تو مطلب حاصل


خاتون
شفاء
سیرپ

حیض کی بندش کے علاوہ خون کو
صاف کرتی ہے چہرے اور جسم سے
غیر ضروری بال قدرتی طور پر ختم کرتی ہے

قیمت
120.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

موٹاپے کا بہترین علاج ہے
حیض کی بے قاعدگی کا آخری علاج

ہوگا۔ نقش یہ ہے:۔

۷۸۶

ھ	ا	د	ی
ی	د	ا	ھ
ا	ھ	ی	د
د	ی	ھ	ا

اور جو اسم مربع کو رکھے اللہ تعالیٰ اس کو نیک اعمال کی توفیق دے۔

پہاڑ کو ریزہ ریزہ کردینے والا عمل

ایک بزرگ لکھتے ہیں کہ جو افعال ناجائز ہیں مثلاً چوری، زنا، شراب نوشی وغیروغیرہ ان کو دور کرنے کے لیے یہ عمل مانند اکسیر ہے اس میں اس قدر تاثیر ہے کہ پہاڑ بھی ریزے ریزے ہوکر اڑ جاتے ہیں۔ عمل یہ ہے۔

جس شخص کیلئے یہ عمل کیا جارہا ہے اس کا نام معہ والدہ کے اعداد میں ھادی کے ۲۰ عدد اور آیت ''اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ'' کے اعداد ۱۰۷۳ شامل کریں اور کل اعداد کا مربع مندرجہ ذیل چال سے پر کریں۔

۷۸۶

۴	۱۵	۱۰	۵
۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶

اس نقش کے نیچے یہ لکھیں۔

''اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ یَاھَادِیُ'' فلاں بن فلاں کی بری عادت ختم ہوجائے۔ عادت کو مختصراً لکھیں جس کا چھڑوانا مطلوب ہو۔ نام معہ والدہ کو ۱۲ پر تقسیم کرکے برج معلوم کریں۔ اور اس برج سے متعلق جو ستارہ ہو اور اس ستارہ کی جب قمر کے ساتھ نظر تثلیث بنے اس وقت گیارہ عدد نقش لکھیں ایک نقش روزانہ پانی یا شربت میں گھول کر پلایا کریں اگر اس کو پہنا سکیں تو ایک اور نقش لکھیں اور گلے میں لٹکا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ شخص بری عادتوں سے یقینی باز آجائے گا اور توبہ کرلے گا۔

شیخ مغربیؒ لکھتے ہیں کہ جو شخص ایک مدت تک اس اسم کا کثرت سے ذکر کرے تو مخلوق اس کے تابع بن جائے گی۔ اور لکھتے ہیں کہ ریاضت کے تمام لوازمات کو پورا کرتے ہوئے اس اسم کو روزانہ ۷ ہزار بار پڑھے۔ جمعہ کے دن سے شروع کرے۔ بخور جلائے اور نقش کو جمعہ کے دن شرف قمر میں چاندی کی لوح پر کندہ کرکے گلے میں لٹکائے اور ورد شروع کرے اور ہر ایک تسبیح کے بعد ایک بار یہ دعا پڑھا کرے۔

''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِھَاءِ الْھَدَایَةِ وَ بِدَالِ الدَّیْمُوْمِیَّةِ وَبِاَلِفِ الْوَاحِدَانِیَّةِ اَنْ تَسْخِرَلِیْ دمریائیلُ الْمَلِكَ الرُّوْحَانِیُّ اَسْئَلُكَ اَیُّھَا الْمَلِكُ الرُّوْحَانِیُّ وَاُقْسِمُ عَلَیْكَ بِحَاءِ الْاِحَاطَةِ وَ بِالْمَلَآئِکَةِ الَّذِیْنَ یَدُوْرُوْنَ حَوْلَ الْبَیْتِ الْمَعْمُوْرِ وَھُمْ وَاھُمُوْنَ وَذَکَرَھُمْ مِنْ حَیْثُ الْتَجَلِّیْ ھُوَ ھُوَ وَمِنْ حَیْثُ التَّرَقِّیْ ھَاھَا وَبِالنَّھرِ الدَّائِرِ دَوَرَانِ الْھَاءِ وَبِعَظْمَةِ مُکَوِّرِ الْعَالِمَ الْعَلْوِیَّ وَالْسِفْلِیَّ مِنَ الْعَرْشِ اِلَی الْفَرْشِ مَثْلُ الْکِرَّةَ وَمَا فِیْھِمَا وَ مَا بَیْنَھُمَا قَدْ اَلْقُمْھَا الْمُلْكُ فِیْ فِیْهِ وَھُوَ مُنْتَظِرٌ لأمر الْمُلْكِ الْھَادِیَ وَابَا الْاِسْمِ الْمَکْتُوْبِ عَلٰی جُبْھَتِهٖ وَابِا الْحُرُوْفِ الْمَرْقُوْمَةِ ھُنَاكَ

وَبِاُبْحُوْرِ اَلعَذْبَةِ وَالْمَلَحَةِ الَّتِیْ تَجْرِیْ اِلَّا مَا اجبتنی ایُهَا الروحانی وَمَا اُمْرِنَا اِلَّا وَاحِدَةٌ کَلَمِحٍ با البصرًا اَوْهُوَ اَقْرِبُ اِنَّ اللہ عَلٰی کُلِّ شَیءٍ قَدِیْر اِفْعَلُوْا مَا تؤمَرُوْنَ'' خادم روحانیت اسم حاضر ہوگا۔ طالب کو چاہیے کہ چاندی کی خاتم بسطور نشانی طلب کرے جو اس کے ہاتھ میں ہوگی۔ اس انگشتری پر اسم اعظم کنندہ ہوگا۔ چند شرائط کے بعد وہ دے دیگا۔ اس کو لے کر اپنے داہنے ہاتھ میں پہن لے اور کبھی بھی اس کو انگلی سے نہ نکالے اور جب بھی ضرورت ہو انگشتری کو گرم کرے اور مقصد کہے فوراً ایک ساعت میں مقصد حاصل ہوگا۔ نقش جو پہننا ہے وہ یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۳۰	۵	۱	۴
۳۰	الهادی	الهادی	الهادی	۵
٥	الهادی	۵	الهادی	۱
۱	الهادی	الهادی	الهادی	۱
۴	۱	۵	۱	۳۰

☆☆☆☆☆

غیبی رزق حاصل کرنے کا خاص عمل

عمر فاروق

فتوحات کے دروازہ کھولنے اور فقر و فاقہ کو دُور کرنے کے لیے ایک دعا حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ کی تصنیف شدہ تحریر کرتا ہوں، جو کہ یہ ہے: ''اَللّٰھُمَّ یَا غَنِیُّ یَاحَمِیْدُ یَا مُبْدِیَ یَامُعِیْدُ یَارَحِیْمُ یَاوَدُوْدُ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَّعْصِیَتِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ''

امام غزالی رحمہ اللہ اور تمام علماء دین فرماتے ہیں کہ جو شخص اس دُعا کو بعد جمعہ سے پڑھنا شروع کرے گا اور روزانہ ایک سو گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے گا تو خدا تعالیٰ اس دعا کے پڑھنے والوں کو مخلوق سے غنی کردے



جنات کا پیدائشی دوست جلد اول کی پوری دنیا میں پذیرائی ہوئی مخلوق خدا کی گھریلو الجھنیں ختم ہوگئیں، لاکھوں ویران گھر آباد ہوئے، سلگتی اور سسکتی انسانیت کو ٹھنڈک پہنچی اجڑی اور بے آباد زندگی کو ایک رہنما اور رہبر "جنات کا پیدائشی دوست" کی شکل میں ملا۔ اب جلد دوم پوری شان و شوکت کے ساتھ آپ کے ہاتھ میں ہے۔ اس میں کیا ہے ملاحظہ فرمائیں۔

انوکھے راز حقیقی طلسماتی دنیا کے ہوش ربا انکشافات اور جناتی وظائف پر مشتمل انوکھی کتاب جو کائنات کے ایسے رازوں سے پردہ اٹھاتی ہے جن کے بارے میں اب تک لب کشائی نہیں کی گئی۔

گا اور ایسی جگہ سے رزق دے گا جہاں سے اس کو گمان بھی نہ ہوگا اور تمام مخلوق سے بے پرواہ ہوجائے گا۔ مجرب المجرب عمل ہے۔ (اس دعا کو کم از کم چالیس یوم پڑھا جائے اور اس دوران اللہ تعالیٰ کو ناراض کرنے والے اعمال سے بھی بچا جائے)۔

☆☆☆☆☆

ماہرین عملیات کے نہایت ہی مجرب عملیات

تحریر: استاد ناصر بخاری

عمل برائے فراخی رزق

جو شخص سورۂ واقعہ مغرب اور عشاء کے درمیان پڑھے اور درمیان میں کسی سے کلام نہ کرے، پھر یہ دعا پڑھے، تو اللہ تعالیٰ پڑھنے والے کے لئے رزق کا ایک دروازہ کھول دیں گے۔ دعا یہ ہے:

''اَللّٰھُمَّ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ یَسِّرْ عَلَیْنَا الْحِسَابَ اِنْ کَانَ رِزْقِیْ فِیْ السَّمَآءِ فَاَنْزِلْهُ وَاِنْ کَانَ فِیْ الْاَرْضِ فَاَخْرِجْهُ وَاِنْ کَانَ بَعِیْدًا فَقَرِّبْهُ اِلَیَّ وَاِنْ کَانَ قَرِیْبًا فَیَسِّرْهُ وَاِنْ کَانَ کَثِیْرًا فَخَلِّدْهُ وَطَیِّبْهُ وَاِنْ کَانَ طَیِّبًا فَبَارِکْ فِیْهِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ'' (روزانہ اس کا معمول بنائیں۔ انشاء اللہ رزق میں بہت فراخی ہوگی)

مقدمہ میں کامیابی کے لئے

وَ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبٰطِلُ اِنَّ الْبٰطِلَ کَانَ زَهُوْقًا (الاسراء:۸۱) اگر آپ کو مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنی ہو تو روزانہ کسی نماز کے بعد ایک سو تینتیس (۱۳۳) دفعہ مذکورہ آیت پڑھ لیں۔ اگر حق پر ہیں، تب پڑھیں۔ ورنہ ناحق پڑھنے والا خود مصیبت میں گرفتار ہوسکتا ہے۔

دل کی گھبراہٹ دور ہو

''اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِکْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِکْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ'' (الرعد:۲۸)

اگر آپ کو دل کی گھبراہٹ اور بیماری دور کرنی ہو تو اکتالیس (۴۱) بار پانی پر دم کر کے پی لیں۔

☆☆☆☆☆

سورہ لقمان آپ کی پریشانیوں کا حل

مقطعات کی سورۃ ہفد ہم لقمان کے خواص

یوم ہفد ھم لقمان ۳۱

۲۰۵۲	۱۵۰۵۸۶	۳۲	۲۱۷۴	۵۵۰
۳۵	۲۱۷۲	۵۴۸	۲۰۵۵	۱۵۰۵۸۴
۵۵۱	۲۰۵۳	۱۵۰۵۸۷	۳۳	۲۱۷۰
۱۵۰۵۸۵	۳۱	۲۱۷۳	۵۴۹	۲۰۵۶
۲۱۷۱	۵۵۲	۲۰۵۴	۱۵۰۵۸۳	۳۴

وفق = ۱۵۵۳۹۴

غائب شخص یا چیز کی واپسی

اگر کسی کی کوئی چیز غائب ہوگئی ہو یا کسی غائب کی واپسی مقصود ہو تو اس وفق کو لکھ کر اس کے نیچے مقصد لکھ کر اس کو کسی ہوادار درخت میں لٹکائے اور روزانہ بوقت نصف شب اس آیت کو ورد کر کے اپنے مقصد کی بابت دعا مانگے تو غائب کی واپسی ہو۔

”یٰبُنَیَّ اِنَّهَاۤ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ“ (لقمان:۱۶)

بخل اور کنجوسی کی اصلاح

اگر کوئی بہت بخیل اور کنجوس ہو یا تنگ نظر ہو تو اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف یہ آیت لکھ کر اس کو پلایا جائے تو اس کے دل سے تنگی دور ہو جائے گی اور وہ فیاض ہو جائے گا۔

”لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ“ (سورۂ لقمان:۲۶)


جوش
جوشاندہ
قیمت
10.00 روپے
فی ساشے
نزلہ، زکام، الرجی،
کھانسی اور بخار کیلئے
فوری حل، ابالنے کی تکلیف سے نجات

سورہ سجدہ کے خواص وکمالات

یوم هجد هم السجدہ ۳۲

۱۸۸۴	۱۰۶۶۱۳	۲۸	۱۵۶۶	۳۷۲
۳۱	۱۵۶۴	۳۷۰	۱۸۸۷	۱۰۶۶۱۱
۳۷۳	۱۸۸۵	۱۰۶۶۱۴	۲۹	۱۵۶۲
۱۰۶۶۱۲	۲۷	۱۵۶۵	۳۷۱	۱۸۸۸
۱۵۶۳	۳۷۴	۱۸۸۶	۱۰۶۶۱۰	۳۰

وفق: ۱۱۰۴۶۳

عورت کو حمل ٹھہرے

اگر کسی عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو تو اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف یہ آیات لکھ کر اس عورت کو پہننے کے لئے دیں۔ اور صبح و شام ان آیات کو اکتالیس بار پڑھ کر اس عورت پر دم کرتے رہیں۔ اس کو حمل ٹھہر جائے گا۔

”الَّذِيْۤ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۔ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۔ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ“ (السجدہ: ۹۔۷)

خواہشاتِ نفسانیہ کا علاج

اگر کسی پر خواہشات نفسانیہ کا بہت غلبہ ہو تو اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف اس آیت کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور صبح و شام اکتالیس بار اس آیت کو پڑھ کر اپنے او پر دم کرتا رہے تو اس کی طبیعت معتدل ہو جائے گی۔ یہ ہائی بلڈ پریشر کے لیے بھی بہت مفید ہے جو کہ محض سوچ کی وجہ سے ہوتا ہے۔ ”وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ“ (السجدہ: ۲۴)

لڑائی جھگڑے ختم ہوں

اگر گھر میں جھگڑے بہت ہوتے ہوں یا دشمن باوجود کوششوں کے مصالحت پر آمادہ نہ ہوں تو اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف یہ آیت لکھ کر گھر کا یا قبیلے کا سردار اپنے پاس رکھے اور اس آیت کا صبح و شام ورد کرے تو خود مصالحت پیدا ہو۔ ”اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ“ (السجدہ: ۲۵)

☆☆☆☆☆

مستندروحانی علاج صرف بدحال لوگوں کیلئے

تین ناموں کے ایسے کمالات جوآپکوحیران کردیں

حدیث شریف میں وارد ہے کہ جس کام کے شروع میں بسم اللہ نہ پڑھی جائے وہ کام بے برکت ہوگا۔ (ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ)

حدیث شریف میں بھی آیا ہے کہ جس دعا کے اوّل بسم اللہ ہوتی ہے وہ پھیری نہیں جاتی درحقیقت اس آیت کریمہ کے فائدے لکھنے کے لئے کسی انسان کی طاقت نہیں سمندر کی سیاہی اور درختوں کے قلم بھی کافی نہیں ہو سکتے۔

حضرت ابن مسعودؓ کہتے ہیں جو شخص یہ چاہے کہ وہ دوزخ کے انیس زبانیہ (دوزخ کے پیادوں) سے نجات پائے وہ بسم اللہ پڑھا کرے کیونکہ بسم اللہ میں انیس حروف ہیں اور دوزخ کے پیادے بھی انیس ہیں۔

شیخ احمد بونیؒ نے لطائف الارشاد میں لکھا ہے کہ درخت وجود بسم اللہ الرحمن الرحیم سے نکلا ہے اور تمام عوالم اسی سے قائم ہیں۔ اس لئے جو شخص بسم اللہ کا زیادہ ورد رکھے گا اس کو عالم علوی اور سفلی میں اللہ تعالیٰ ہیبت وجلال عطا فرمائے گا۔ اسی لئے بعض بزرگوں نے لکھا ہے کہ جو کوئی پوری بسم اللہ کو چھ سو پچیس (۶۲۵) بار لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اللہ تعالیٰ اس کو ہیبت عظیم عطا فرمائے گا کوئی شخص اس کو اللہ کے حکم سے تکلیف نہ پہنچا سکے گا۔ شرجیؒ کہتے ہیں یہ بالکل صحیح اور مجرب ہے۔

انشاء اللہ مقدمہ میں ضرور فتح ہو

کیسا ہی سنگین مقدمہ ہو خاص پیشی کے دن سوا لاکھ مرتبہ بسم اللہ ختم کرانا اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔ ترکیب ختم کی یہ ہے کہ گیارہ آدمی وضو کر کے سب کے سب قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھیں اور ایک سفید کپڑے پر شمار دانے رکھے جائیں۔ شمار دانے بادام ہوں یا املی کے بیج یا جو کچھ ہو پاک چیز ہو۔ مکان میں لوبان کی دھونی دیجائے پہلے ہر ایک شخص گیارہ گیارہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔ ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰے مُحَمَّدٍ مِفْتَاحِ الرَّحْمَةِ وَالنُّصْرَةِ وَالْجَنَّةِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ'' پھر گیارہ گیارہ مرتبہ یہ آیت شریفہ پڑھیں۔ ''نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ وَّ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ'' اس کے بعد ہر ایک دانہ پر ایک مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر سوا لاکھ کی گنتی پوری کریں۔ جب ختم پورا ہو تو پھر گیارہ گیارہ مرتبہ وہی درود پڑھا جائے اور گیارہ گیارہ مرتبہ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ والی آیات پڑھ کر پندرہ منٹ مقدمہ کی فتح کے لئے نہایت عاجزی اور انکساری سے دعا مانگی جائے۔ کم سے کم مقدمہ کے دوران میں تین ختم کئے جائیں۔ انشاء اللہ مقدمہ ضرور حسب مرضی ہوگا اور اللہ سے امید ہے کہ یہ عمل خالی نہ جائے گا۔

اولاد کی زندگی کیلئے کامیاب عمل

جس عورت کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو بسم اللہ کو اکسٹھ (۶۱) مرتبہ لکھ کر عورت اپنے گلے میں یا شکم پر باندھ



ایسے لوگوں کے سچے واقعات جنہوں نے اپنی آنکھوں سے جنات کو دیکھا، ان کی زندگی کو پرکھا اور سمجھا۔ باذوق لوگوں کیلئے بہترین کاوش قدر دانوں کیلئے لاجواب سرمایہ......

لے۔ انشاء اللہ اس کی اولاد زندہ رہے گی۔ ایک مرتبہ قیصر روم نے حضرت عمرؓ کو لکھا کہ میرے سر میں ہر وقت درد رہتا ہے کچھ دوا بھیج دیجئے۔ آپؓ نے ایک ٹوپی بھیج دی۔ جب وہ ٹوپی سر پر رکھتا تو درد بند ہو جاتا۔ ٹوپی کو کھول کر دیکھا تو اس میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لکھی تھی۔ اس نے کہا کیسا اچھا مکرم دین ہے جس کی ایک آیت کی برکت سے خدا نے مجھے شفا دی۔

سورۂ فاتحہ سے ہر مرض کا علاج

اس سورت کے فائدہ اور خاصیتیں حد اور شمار سے باہر ہیں۔ قرآن پاک میں اس کو سبع مثانی فرمایا ہے کیونکہ اس میں سات آیتیں ہیں جو ہر نماز میں بار بار پڑھی جاتی ہیں۔ جب یہ سورت نبی کریم ﷺ پر نازل ہوئی ہے تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ سورت مجھ پر عرش کے خزانوں سے عطا کی گئی ہے اور فرمایا کہ **الفاتحة شفاء من كل داء** الحمد شریف ہر بیماری کی دوا ہے گویا ایک زبردست خزانہ ہے جو لاکھوں مرضوں کا علاج ہے۔ اس کی بعض خاصیتیں لکھی جاتی ہیں۔

قید سے خلاصی کیلئے

سورۃ فاتحہ روزانہ ایک سو گیارہ بار، ہر دس مرتبہ پڑھنے کے بعد قیدی پر پھونک مارے یا قیدی تصور کر کے پھونکے انشاء اللہ رہا ہو جائے گا۔

مال میں خوب برکت حاصل کرنے کیلئے

ہر مہینے کی پہلی تاریخ سے پندرہ تاریخ تک ہر جمعرات کے دن پاک وصاف کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر مکان میں جا کر بیٹھے اور تین سو اسی (۳۸۰) مرتبہ الحمد شریف پڑھے اوّل و آخر ایک سو گیارہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔ ”**اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ**“ انشاء اللہ اس کے رزق اور مال میں برکت ہوگی۔

ہر درد اور بیماری کے لیے

الحمد شریف صبح کی سنت اور فرض کے درمیان روزانہ معہ بسم اللہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ انشاء اللہ افاقہ ہوگا۔ بعض بزرگوں نے لکھا ہے کہ بسم اللہ کے میم کو الحمد کے لام کے ساتھ ملا کر اکتالیس (۴۱) بار پڑھیں اور بغیر ملائے پڑھیں تو روزانہ ستر (۷۰) بار پڑھا کریں۔ بعض مشائخین نے پڑھنے کی مدت ۴۱ دن لکھی ہے۔ مگر بہتر یہ ہے کہ جب تک مریض صحتیاب نہ ہو پڑھتے رہیں۔

آنکھ کے درد کے لئے روزانہ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان اکتالیس بار پڑھ کر انگلی پر دم کر کے لعاب دہن سے آنکھ پر ملیں۔ انشاء اللہ آنکھ کا درد اور ہر درد دور ہو جائے گا۔ اسی طرح طاعون کی گلٹی پر روزانہ ۴۱ مرتبہ پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ شفا ہوگی۔ یہ عمل مجرب ہے اسی طرح ہر مطلب کے لئے روزانہ ۴۱ بار ۴۱ روز تک پڑھیں ورنہ برابر تین چلے تک پڑھیں۔

☆☆☆☆☆

ماہ محرم میں برکت والے اعمال سے برکت حاصل کریں

☆ حضور ﷺ نے فرمایا افضل تر روزہ رمضان کے بعد عشرہ محرم کا ہے اور بہترین نماز فریضہ نماز کے بعد شب عاشورہ کی ہے۔ حضرت غوث پاکؒ نے اپنی کتاب ”غنیۃ الطالبین“ میں لکھا ہے کہ جس نے ماہ محرم میں ایک روزہ رکھا اس کو دس ہزار فرشتوں کی عبادت کا ثواب اور دس ہزار شہیدوں اور دس ہزار حاجیوں کا ہوگا۔

☆ صحیح بخاری میں ہے کہ آپ ﷺ نے مدینہ میں یہودیوں کو عشرہ محرم کے دن روزہ دار دیکھا تو دریافت کیا۔ اس دن روزہ کیسا؟ جواب دیا۔ آج کے دن حضرت موسیٰ علیہ السلام کو نجات ہوئی اور فرعون غرق ہوا۔ پس ہم تعظیماً روزہ رکھتے ہیں۔ حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ہم تم سے زیادہ حضرت موسیٰؑ کے ساتھ حقدار ہیں۔ لہٰذا حکم دیا کہ عشرہ محرم کا روزہ رکھو۔ آپ ﷺ نے بھی رکھا اور فرمایا۔ اگر اب کے زندہ رہا تو دو روزہ رکھوں گا۔ اس لئے نویں و دسویں کا روزہ سنت قولی و فعلی ہے۔

☆ بعض بزرگوں سے نقل کیا گیا ہے کہ سریانی میں عاشورہ دس کو کہتے ہیں اس دن دس ہزار نبیوں کی دعائیں قبول ہوئیں۔ ان میں ہی آدم نوح و ایوب اور موسیٰ علیہم الصلوٰۃ والسلام ہیں۔ اسی دن دس ہزار نبیوں کو نبوت عطا ہوئی۔ جو کوئی روزہ عشرہ محرم کا رکھے۔ ساتوں آسمان کے ملائکہ کی عبادت کا ثواب اللہ تعالیٰ اس کو عطا کرے گا جس نے عشرہ محرم کا روزہ افطار کرایا۔ گویا اس نے تمام امت کا روزہ افطار کرایا۔

☆ نقل کیا گیا ہے کہ پہلی تاریخ محرم کو دو رکعت نماز نفل طلوع آفتاب کے بعد پڑھے۔ سورۂ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی ایک بار۔ سورۂ اخلاص پانچ بار ہر رکعت میں پڑھے۔ بعد سلام ستر بار کلمہ طیبہ اور ستر بار درود شریف اور تین بار یہ دعا پڑھے۔ ’’اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اللهُ الْاَبَدُ الْقَدِیْمُ وَھٰذِہٖ سَنَةٌ جَدِیْدَةٌ اَسْئَلُكَ فِیْھَا الْعِصْمَةَ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ‘‘ فرمایا اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ اس پر مقرر کردے گا وہ اس کو نیک کاموں میں مدد کرے گا اور برے کاموں سے روکے گا۔ ایک سال تک وہ حفاظت کرے گا۔

☆ جو شخص شب عاشورہ میں حضرت امام حسینؓ کی روح مبارک کو ہدیہ کرنا چاہے وہ یوں کرے کہ شب عاشورہ میں چار رکعت ادا کرے بعد فاتحہ کے آیت الکرسی ایک بار اور سورۂ اخلاص پندرہ بار ہو۔ سلام کے بعد درود شریف سو بار پڑھے اور ہدیہ کرے۔ حضرت شبلیؒ نے ایسا ہی کیا تھا تو خواب میں حضرت امام حسینؓ کی زیارت ہوئی۔ فرمایا جو شخص یہ نماز پڑھے اور میری روح کو ہدیہ کرے تو میں جنت میں قدم نہ رکھوں گا۔ جب تک اس کو ہمراہ داخل نہ کروں گا۔

سانپ کاٹے کے دوعمل

(۱) اس عمل کو محرم کی شب عاشورہ میں اوّل آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ ۵۰۰ مرتبہ پڑھ لیں اور کسی میٹھی چیز پر دم کر کے پہلے خود کھائیں۔ پھر بچوں کو تقسیم کردیں۔ عمل قابو میں آجائے گا۔ ہر سال اسی طرح زکوۃ ادا کرلیا کریں۔ اگر کسی کو سانپ نے کاٹا ہو تو اوّل تین مرتبہ درود اور ۵ مرتبہ آیت پڑھ کر دم کریں۔ اس طرح پانچ مرتبہ دم کریں۔ انشاء اللہ مریض صحت یاب ہوجائے گا۔ ’’قَالَ اَلْقِھَا یٰمُوْسٰی۔ فَاَلْقٰھَا فَاِذَا ھِیَ حَیَّةٌ تَسْعٰی۔ قَالَ خُذْھَا وَ لَا تَخَفْ سَنُعِیْدُھَا سِیْرَتَھَا الْاُوْلٰی۔ (۲) اس عزیمت کو شب عاشورہ میں ۱۲۱ مرتبہ پڑھ لیں۔ اگر کسی کو سانپ نے کاٹا ہو تو اس عزیمت کو سات مرتبہ میٹھی چیز پر پڑھ کر مریض کو کھلائیں بحکم خدا زہر دور


خون افزاء ٹانک
قیمت
120.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
صالح خون پیدا کرتا ہے
جگر اور معدہ کو تقویت دیتا ہے
زائل شدہ قوت کو بحال کرتا ہے
چہرے پر لائے رونق!

ہوگا۔ عزیمت یہ ہے۔

اوّل نام خدادا۔ دوجا نام محمد رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا۔ دوہائی چار کبار دی۔ ہدا پیران پیر دستگیر کا۔ اذن گوگے پیر کا۔

یہ یاد رہے کہ صرف ایک عمل کی زکوۃ دیں جو بھی پسند ہو اور اسی پر کاربند رہیں۔ دونوں عمل کی زکوۃ ادا نہ کرنی چاہیے۔

حاضرات کے عامل بنیں

اس حاضرات کا عامل بننے کے لئے محرم کی پہلی سے گیارہ تاریخ تک اکتالیس مرتبہ روزانہ پڑھنا ہے۔ پڑھنے کا کوئی ایک وقت مقرر کرلیں۔ گیارہ روز کے بعد ایک شیشے کا گلاس یا پیالہ سامنے رکھ کر پڑھیں تو جو بھی مقصد ہوگا پانی میں معلوم ہوگا جیسا کہ عام حاضرات میں سیاہی میں نظر آتا ہے۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ بِخَفِيْهِ لُطْفِ اللهِ بِلَطِيْفِ سُنَنِ اللهِ بِجَمِيْلِ سِتْرِ اللهِ دَخَلْتُ فِيْ كَنَفِ اللهِ و تَشَفَّعْتُ بِرَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِدَوَامِ مُلْكِ اللهِ وَ بِرَسُوْلِ اللهِ بِلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ یاھو یاھو یاھو اَحْيَاشُ اَحْيَاشُ حَجَبْتُ نَفْسِيْ بِحَجَابِ اللهِ مَنْ اَعْطَا هَا بِاٰيٰةِ بيِّنٰتٍ بِحَقِّ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ جِبْرَائِيْلُ عَنْ يَّمِيْنِيْ وَ اسْرَافِيْلُ عَنْ يَّسَارِيْ وَ سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم۔ اِمَامِيْ وَعَصَا مُوسىٰ بِيَدِيْ فَمَنْ رَّاٰنِيْ هَابَنِيْ و خَاتَمُ سُلَيْمَانَ عَلٰى لِسَانِيْ فَمَنْ تَكَلَّمَتْ اِلَيْهِ قَضَا حَاجَتِيْ وَ نُوْرُ يُوْسَفَ عَلٰى وِجْهِي فَمَنْ رَّاٰنِيْ يُحِبُّنِيْ وَاللهُ مُحِيْطٌ بِحَوْلِ الْمُسْتَعَانِ عَلٰى اَعْدَائِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ الْمُسْتَعَانِ عَلٰى اَعْدَائِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ الْمتَعَالِ۔ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

اللهم صلى وسلم على رسولك سيدنا و مولانا محمد نبى الرحمه و كاشف الغمة و شفيع الامة وعلى اله و اصحابه و بارك وسلم۔

رزق بارش کی طرح برسے

اس کا طریقہ یہ ہے کہ نماز فجر ادا کر کے اس پورے درود شریف کے عمل کو شروع سے آخر تک پڑھا جائے۔ یہ ایک بار ہوا۔ اس طرح گیارہ یا اکیس بار، گیارہ یا اکیس یوم پابندی سے پڑھا جائے اور عمل کے آخر میں اپنے گناہوں کی معافی اور رزق میں فراخی کی خوب دعا کی جائے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ اٰدَمَ وَنُوحٍ وَإِبْرَاهِيمَ وَمُوسىٰ وَ عِيسٰى وَمَا بَيْنَهُمْ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ صَلَوَاتُ اللهِ وَسَلَامُهُ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا جِبْرِيْلَ وَ مِيْكَائِيْلَ وَ إِسْرَافِيْلَ وَ عِزْرَائِيْلَ وَ حَمَلَةِ الْعَرْشِ وَعَلَى الْمَلَائِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَعَلٰى جَمِيْعِ الْأَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ صَلَوَاتُ اللهِ وَسَلَامُهُ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَحْرِ اَنْوَارِكَ وَ مَعْدَنِ اَسْرَارِكَ وَلِسَانِ حُجَّتِكَ وَ عَرُوْسِ مَمْلَكَتِكَ وَإِمَامِ حَضْرَتِكَ وَطِرَازِ مُلْكِكَ وَخَزَائِنِ رَحْمَتِكَ وَطَرِيقِ شَرِيْعَتِكَ الْمُتَلَذِّذِ بِتَوْحِيْدِكَ اِنْسَانِ عَيْنِ الْوُجُوْدِ وَالسَّبَبِ فِيْ كُلِّ مَوْجُوْدٍ عَيْنِ اَعْيَانِ خَلْقِكَ الْمُتَقَدِّمِ مِنْ نُوْرِ ضِيَائِكَ صَلَاةً تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ وَتَبْقٰى بِبَقَائِكَ لَا مُنْتَهٰى لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ صَلَاةً تُرْضِيْكَ وَ تُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى بِهَا عَنَّا يَارَبَّ الْعَالَمِيْنَ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَمَا فِيْ عِلْمِ اللهِ صَلَاةً دَائِمَةً بِدَوَامِ مُلْكِ اللهِ (تین بار)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِيْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ، وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّئَاتِ وَ تَرْفَعُنَا بِهَا اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا أَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِيْ

اَلْحَیَاۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ۔ (تین بار)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃَ الرِّضٰی وَارْضَ عَنْ اَصْحَابِہٖ رِضَاءَ الرِّضٰی (تین بار)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الرَّؤُوْفِ الرَّحِیْمِ ذِی الْخُلُقِ الْعَظِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ فِیْ کُلِّ لَحْظَۃٍ عَدَدَ کُلِّ حَادِثٍ وَقَدِیْمٍ۔ (تین بار)

☆☆☆☆☆

خواتین میں بندش کی زنجیریں اور انکا آسان توڑ

جواد احمد

سحر النزیف بے شک خون حیض جاری کرنے کے لیے مشہور ہے مگر اس جادو سے سفلی عامل بواسیر کا خون، سل دق کا خون اور دشمن کے مختلف اعضاء سے خون جاری کرتے ہیں۔ اس جادو سے خون کی قے بھی جاری ہو جاتی ہے حتیٰ کہ تمام خونی امراض اسی جادو سے جادو کرنے والے پیدا کر لیتے ہیں۔

طریقہ سحر

گو کہ یہ جادو صرف عورتوں کے لئے مخصوص ہے مگر جادو کرنے والے اس سے عجیب و غریب کام لیتے ہیں۔ خون استحاضہ جاری کرنے کے لیے جادو کرنے والا ایک لیموں اور سیہہ جانور کا کانٹا لے کر جادو کا عمل پڑھ کر لیموں میں گاڑھ دیتا ہے۔ جب تک کانٹا لیموں میں رہتا ہے، خون جاری رہتا ہے۔ بعض اوقات جادوگر سحر المرض اور سحر الھواتف سے بھی ایسے کام لے لیتا ہے۔ اور بعض اوقات کسی شیطان جن یا ارواح خبیثہ کو اس مقصد کے لیے استعمال کرتا ہے۔

علامات

(۱) اس جادو کی علامات ظاہری ہیں۔ عورتوں کا خون حیض جاری ہو جاتا ہے اور جسمانی علاج یعنی ادویات سے بند نہیں ہوتا۔

(۲) جسم کے کسی عضو سے خون جاری ہو جاتا ہے اور وقفہ وقفہ سے جاری رہتا ہے۔

جادو کے ذریعے خواتین کی بیماری اور اسکا علاج

(۱) اگر کسی عورت کا خون حیض سحر النزیف کی وجہ سے جاری ہوا اور بند نہ ہو رہا ہو تو مندرجہ ذیل عمل کریں۔ طریقہ یہ ہے کہ تین عدد جامن کے پتے لے کر ہر ایک پر نقش تحریر کریں اور ایک پتہ صبح ایک شام کو پانی میں جوش دے کر مریضہ کو پلا دیں۔ اسی طرح تین یوم


گھریلو الجھنوں سے
چھٹکارا پانے والے
المعروف
بندشوں کی زنجیر اور روحانی ایٹم بم
تالیف
شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی
(پی ایچ ڈی امریکہ)

ہر جگہ سے ٹھکرائے اور در بدر کی ٹھوکریں کھا کھا کر خون کے آنسو رونے والے مایوس اور نامراد لوگوں کیلئے لاجواب تجربہ شدہ وظائف جن کی تاثیر ایٹم بم سے بھی زیادہ ہے۔

کریں اور ایک نقش کاغذ پر تحریر کر کے مریضہ کو دیں کہ وہ تعویذ کو اپنی کمر میں باندھے تا کہ تعویذ مریضہ کے ناف کے مقام پر رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خون بند ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے:

یَاقَابِضُ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَاقَابِضُ

۶۸۸	۷۰۱	۶۹۸	۶۹۵
۶۹۹	۶۹۴	۶۸۹	۷۰۰
۶۹۳	۶۹۶	۷۰۳	۶۹۰
۷۰۲	۶۹۱	۶۹۲	۶۹۷

یاقابض اقبض ھذا الدم الجاری من الرحم بقبضك یاقبض

(۲) مستحاضہ مریضہ مسحورہ کیلئے یہ علاج بھی بڑا قوی الاثر ہے۔ جب تک کسی عورت کا خون جاری ہو اور ہر طرح کے علاج سے بند نہ ہو رہا ہو۔ مندرجہ ذیل خاتم کسی سفید کاغذ پر تحریر کر کے مریضہ کو پانی میں گھول کر پلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ خون بند ہو جائے گا۔ اور مریضہ صحت یاب ہو جائے گی۔ یہ عمل کسی چینی کے برتن پر بھی لکھا جا سکتا ہے، خاتم درج ذیل ہے:



(۳) جادو کے ذریعے جاری خون کیلئے قوی الاثر تعویذ

عورت کے خون حیض کو روکنے کے لئے مندرجہ ذیل قوی الاثر ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ بیری کے تین پتوں پر مندرجہ ذیل عزیمت اس ترتیب سے تحریر کریں، جیسا درج ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ .. کاخلخ
الرَّحْمٰنِ .. کاخلخ
الرَّحِیْمِ .. کاخلخ

پھر مریضہ مسحور کو ایک پتہ نہار منہ کھلا دیں یعنی پانی سے پتے کو نگل لے۔ دوسرے دن نہار منہ دوسرا پتہ نگل لے، پھر تیسرے دن آخری پتے کو حسب سابق استعمال کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو گی۔ یہی عمل خونی بواسیر اور ہر طرح کے خون بہنے کو روکتا ہے خواہ وہ جسم کے کسی بھی حصہ سے بہہ رہا ہو۔

(۴) بواسیر، نکسیر اور مقعد سے آنے والے خون کا علاج

اگر کسی عورت کا خون جاری ہو یا کسی کا خون بواسیر، نکسیر یا مقعدے کے ذریعہ آرہا ہو یا سحر و جادو کی وجہ سے خون کی قے آئی ہو۔ سب کے لیے یہ نقش مفید ہے۔ مریض مسحور کے کپڑے پر یہ نقش تحریر کرکے اس کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ خون رُک جائے گا۔ نقش یہ ہے:

یاقابض

	قلنهود	برشان	کظهیر	نموشلخ	
	برشان	کظهیر	نموشلخ	قلنهود	
یاقابض	کظهیر	نموشلخ	قلنهود	برشان	یاقابض
	نموشلخ	قلنهود	برشان	کظهیر	

یاقابض

(۵) جادو کے ذریعے جاری خون کا پانچواں علاج

اگر کسی عورت کا خونِ حیض نہ رک رہا ہو اس کا یہ علاج کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ خون رک جائے گا۔ وجہ مرض بدنی ہو یا سحر النزیف۔ طریقہ یہ ہے کہ مندرجہ ذیل نقش تحریر کرکے مریضہ کو صبح، دوپہر اور شام پانی میں گھول کر پلائیں۔ نقش مبارک درج ذیل ہے:

نقش اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں


شہد
(ایک کلوگرام)

قیمت
700.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

شہد امراض زنانہ و مردانہ
کیلئے نہایت مفید قدرتی دوا ہے

خالص شہد کے متلاشی متوجہ ہوں!

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّہٗ عَلٰی رَجْعِہٖ لَقَادِرٌ

غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها
غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها
غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها
غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها
غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها
غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها
غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها
غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها
غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها	غياها

اِنَّہٗ عَلٰی رَجْعِہٖ لَقَادِرٌ۔ اِنَّہٗ عَلٰی رَجْعِہٖ لَقَادِرٌ۔ اِنَّہٗ عَلٰی رَجْعِہٖ لَقَادِرٌ

(٦) جادو کے ذریعے جاری خون کا چھٹا علاج

اگر کسی عورت کا خون حیض بند نہ ہو رہا ہو۔ وجہ سحر النزیف ہو یا کسی مرض کی شدت ہو، دونوں صورتوں میں ہی یہ علاج کارآمد ہے۔ ایک سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے تحریر کر کے ایک نقش عورت کو گھول کر پلا دیں اور ایک نقش کو وہ اپنے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خونِ حیض رُک جائے گا۔

کااا	کااا	کااا	کااا	کااا
کااا	کااا	کااا	کااا	کااا

اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَآءِ الْعِظَامِ اِلَّامَا قُطِعَتِ الدَّمُ مِن فَرْجِ
فُلَاں بِنْتِ فُلَانْ ھی ھَیَا شَرَا ھِیَا شَرَا ھِیَا اَدُوْنَایٍ اَصْبَاؤُتْ
اَلْ شَدَایٍ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

(۷) جادو کے ذریعے جاری خون کا ساتواں علاج

اگر کسی عورت کا خون حیض جاری ہو اور کسی علاج سے نہ رُک رہا ہو یا کسی کی نکسیر جاری ہو اور رکنے میں نہ آتی ہو، خون کی قے آتی ہو یا بواسیر کا خون جاری ہو، سب کے لئے مندرجہ ذیل نقش مبارک تحریر کر کے مریضہ مسحورہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ ہر قسم کا خون رُک جائے گا۔ نقش یہ ہے:

نقش اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں!


ک ح
ه م
ی ع
ع س
ص ق
۱۱۰
۱۲۳
۱۲۰
۱۱۷
ع س
ص ق
ک ح
ه م
ی ع
۱۲۱
۱۱۶
۱۱۱
۱۲۲
ه م
ی ع
ع س
ص ق
ک ح
۱۱۵
۱۱۸
۱۲۵
۱۱۲
ص ق
ک ح
ه م
ی ع
ع س
۱۲۴
۱۱۳
۱۱۴
۱۱۹
ی ع
ع س
ص ق
ک ح
ه م

(۸) علاج منزوف

جس کا خون جاری ہو، وہ مرد ہو یا کوئی عورت، اس کے لئے یہ عمل ایک کاغذ پر تحریر کر کے اس کی آنکھوں کے درمیان یعنی ابروؤں کے درمیان لگا دیں، خون بند ہوجائے گا۔ اِنْقَلِبُ یَاآدَمُ بِالْفِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ٥ ھبح لج ھج لج ھج لج ھج لج ھِیْ لِخَطَاسِ ھی

(۹) زیادتی ایام

مندرجہ ذیل نقش تحریر کر کے مریضہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند ماہ میں ماہواری کا نظام درست ہوجائے گا اور خون کی زیادتی ختم ہوجائے گی۔

یَاقَابِضُ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَاقَابِضُ

ی	ی	ی	ی
۱۹	۱۹	۱۹	۱۹
۹	۹	۹	۹
۷	۷	۷	۷

یَاقَابِضُ یَاقَابِضُ

(۱۱) زیادتی حیض

اگر کوئی عورت زیادتی حیض سے پریشان ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل عمل کیا جائے۔ ذیل کے نقش کو چار مرتبہ سفید کاغذ پر زعفرانی روشنائی سے تحریر کریں۔ اب عورت کے قد کے مطابق سات سفید دھاگے لے کر اس پر سات گرہ لگائیں۔ تین مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر ایک گرہ لگائیں کہ گرہ کے دائرہ میں دم کریں۔ پھر اس دھاگہ میں ایک نقش باندھ کر عورت کو دیں تا کہ وہ اسے اپنی کمر سے اس طرح باندھ لے کہ نقش پیٹ پر رہے اور باقی تین نقوش میں سے ایک ایک نقش عرق گلاب کی بوتل میں ڈال کر سات سات گھونٹ صبح و شام پیتی رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرض سے نجات مل جائے گی۔


کینسر کو شکست
تحقیق و تالیف
شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

دنیا کا کوئی مرض ناقابل علاج نہیں، اللہ تعالیٰ نے ہر مرض کا علاج اس کائنات میں ضرور پیدا کیا ہے۔ کینسر کیا ہے؟ اسے کیسے ختم کیا جائے؟ یہ سب کچھ اس کتاب میں ملے گا۔ پڑھئے اور یہ سوچنے پر مجبور ہوجائیے کہ یہ کیسے، کسی طرح اور کب ممکن ہوا۔

نقش یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۱۸	۲۳۲	۲۲۸	۲۲۵
۲۲۹	۲۲۴	۲۱۹	۲۳۱
۲۲۳	۲۲۶	۲۳۴	۲۲۰
۲۳۳	۲۲۱	۲۲۲	۲۲۷

یَاقَابِضُ الَّذِیۡ بِحَقِّ یَاقَابِضُ بستم زیادتی حیض
فلاں بنت فلاں یَاقَابِضُ

☆☆☆☆☆

دردر کی ٹھوکریں کھانے والے حضرات کیلئے کرشماتی اعمال

حبیب اللہ مجددی

کسی خاص شخص سے کوئی کام کروانا

ذیل کا عمل دس بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے ہاتھ چہرے پر مل کر جس بندے کے پاس جائیں گے وہ محبت سے پیش آئے گا اور اس سے کوئی کام ہو تو وہ کام کردے گا۔ ”اَلَّا تَعۡلُوۡا عَلَیَّ وَاۡتُوۡنِیۡ مُسۡلِمِیۡنَ یَاخَیۡرَ الۡمَقۡصُوۡدِیۡنَ یَاخَیۡرَ الۡمَطۡلُوۡبِیۡنَ یَاخَیۡرَ الۡمَحۡبُوۡبِیۡنَ یُحِبُّوۡنَهُمۡ کَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ“

حصول عزت کیلئے

جو شخص فجر کے بعد اکتالیس (۴۱) مرتبہ اسم ”اَلۡعَزِیۡزُ“ کو پڑھے گا، وہ عزت پائے گا۔

مطلوب کو راضی کرنے کا عمل

اگر بیوی ناراض ہو کر میکے جا بیٹھی ہو اور کسی کے منانے سے واپسی پر آمادہ نہ ہوتی ہو یا شوہر روٹھ گیا اور راضی ہونے کو تیار نہ ہو، غرضیکہ آپ کا مطلوب اور محبوب ناراض ہے اور ماننے کو کسی طور آمادہ نہیں تو وہاں اس عمل کی کرشماتی کارگزاری دیکھیں۔ عشاء کے بعد وقت مقررہ پر خوشبو لگا کر باوضو قبلہ رخ بیٹھیں اور اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر درمیان میں نوسو (۹۰۰) بار ”قَدۡ شَغَفَهَا حُبًّا یَا وَدُوۡدُ“ پڑھیں۔ وقت کی مکمل پابندی کریں۔ نتیجہ سو فیصد انشاء اللہ آپ کی خواہش کے مطابق ملے گا۔ عمل صرف جائز رشتوں کیلئے کریں۔

ناراض افسر کو راضی کرنا

اگر افسر اپنے سٹاف سے بگڑ جائے اور سخت گیر ہو تو اس آیت کو کاغذ میں افسر اور اسکی ماں کے نام کے ساتھ لکھ کر پہاڑ میں کسی اُونچی جگہ رکھ دیں یا کسی اُونچے درخت کی ٹہنی پر باندھ دیں۔۔ انشاء اللہ اس کی حالت درست ہو جائے گی۔

”ثُمَّ قَسَتۡ قُلُوۡبُکُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ ذٰلِکَ فَهِیَ کَالۡحِجَارَةِ اَوۡ اَشَدُّ قَسۡوَةً وَاِنَّ مِنَ الۡحِجَارَةِ لَمَا یَتَفَجَّرُ مِنۡهُ الۡاَنۡهٰرُ وَاِنَّ مِنۡهَا لَمَا یَشَّقَّقُ فَیَخۡرُجُ مِنۡهُ الۡمَآءُ وَاِنَّ مِنۡهَا لَمَا یَهۡبِطُ مِنۡ خَشۡیَةِ اللّٰهِ وَمَا اللّٰهُ بِغٰفِلٍ عَمَّا تَعۡمَلُوۡنَ“ (البقرہ: ۷۴)

بھاگنے، نافرمانی اور سرکشی کی عادت کا علاج

''یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا اللہَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ'' (سورۃ ال عمران: ۲۰۰)

اس آیت کو ایک روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر جس شخص کو بھاگنے کی عادت ہو یا جس عورت کو نافرمانی اور سرکشی کی عادت ہو، اس کو کھلا دے۔ انشاء اللہ اس کی وہ عادت جاتی رہے گی۔

عزت وشہرت پانے کے لیے

''مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ''

جو شخص فجر کے بعد روزانہ ان کلمات کو دس مرتبہ پڑھے گا، اس کو عزت وشہرت ملے گی۔

☆☆☆☆☆

سسرال میں مقبولیت اور کامیابی کے اعمال

جاوید نسیم قاسمی

سسرال میں مقبولیت اور پسندیدگی حاصل ہو

سسرال میں مقبولیت اور پسندیدگی حاصل کرنے اور انہیں اپنی طرف متوجہ کرنے کے ذیل کا عمل روزانہ فجر اور مغرب کی نماز کے بعد گیارہ بار پڑھنا بہت مفید ہے۔ اوّل وآخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔

''بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یُّحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللہِ، وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلہِ وَالْکٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ۔ وَاللہُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ۔ اَوَمَنْ کَانَ مَیْتًا فَاَحْیَیْنٰہُ وَجَعَلْنَا لَہٗ نُوْراً یَّمْشِیْ بِہٖ فِی النَّاسِ کَمَنْ مَّثَلُہٗ فِی الظُّلُمٰتِ لَیْسَ بِخَارِجٍ مِّنْھَا۔ کَذٰلِکَ زُیِّنَ لِلْکٰفِرِیْنَ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ۔ فَلَمَّا رَاَیْنَہٗٓ اَکْبَرْنَہٗ وَقَطَّعْنَ اَیْدِیَھُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلہِ مَا ھٰذَا بَشَرًا اِنْ ھٰذَآ اِلَّا مَلَکٌ کَرِیْمٌ۔ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلہِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَکُنْ لَّہٗ شَرِیْکٌ فِی الْمُلْکِ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرْہُ تَکْبِیْرًا۔ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَکُوْنُوْا کَالَّذِیْنَ اٰذَوْا مُوْسٰی فَبَرَّاَہُ اللہُ مِمَّا قَالُوْا وَکَانَ عِنْدَ اللہِ وَجِیْھًا۔''

میاں بیوی کے درمیان محبت میں اضافہ کیلئے

ذیل کی آیات ان کلمات سمیت میاں بیوی دونوں کے گلے میں لکھ کر ڈال دیں، انشاء اللہ دونوں میں خوب محبت ہوگی۔

چلڈرن سیرپ

پیچش، پتلے دست، قے، متلی، فوڈ پوائزنگ اور ہیضہ کیلئے

ایک خوش ذائقہ سیرپ

قیمت
120.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

''یٰاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ۔ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۔ اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَ (میاں اوراس کی والدہ کا نام لکھیں) وَ (یہاں بیوی اوراس کی والدہ کا نام لکھیں) كَمَآ اَلَّفْتَ بَيْنَ اٰدَمَ وَحَوَّآءَ وَبَيْنَ مُوْسٰى وَ صَفُوْرَآءَ وَبَيْنَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم و عائشۃ رضی اللہ عنہا ۔ ''

صلح کرانے کے لیے

میاں بیوی یا بہن بھائیوں میں ناچاقی ہوگئی ہوتو اسے صلح ومحبت میں تبدیل کرنے کے لیے درج ذیل آیات کریمہ چینی پر پڑھ کر کچن کے چینی کے برتن میں وہ چینی ملا دیں۔ اس چینی کو جو جو استعمال کرتا جائے گا، اس کے دل سے کدورت، نفرت، بیزاری اور تلخی مٹتی چلی جائے گی اور اس کی جگہ محبت، اُلفت، چاہت اور قربت کی مٹھاس اپنا رس گھولنے لگے گی۔ یہ آیات 11 سو بار چینی پر پڑھنی ہے۔ اوّل آخر درود شریف گیارہ بار۔ ''عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ '' (سورہ الممتحنۃ: ۷)

☆☆☆☆☆

بلاؤں کا نزول اور ان سے نجات

دشمن سے حفاظت کے اعمال

اس دن کے فضائل وبرکات کیلئے حضرت خواجہ خواجگان چشت اہل بہشت کے پیشوا فریدالدین شکر گنج ؒ نے اور خواجہ غریب نواز اجمیری ؒ کے اوراد شریفہ میں مذکور ہے کہ تمام سال میں تین لاکھ اور بیس ہزار بلائیں آسمان سے زمین پر اترا کرتی ہیں۔ لیکن ان سب دنوں میں زیادہ سخت ترین خطرناک آخری چہار شنبہ ہے۔ اس روز اپنے خیال وفکر سے باقاعدہ اعمال وظائف ونوافل کے ذریعہ جو شخص اپنے حافظ حقیقی سے پناہ مانگ لے کہ وہ اپنے فضل وکرم سے اسے محفوظ رکھے گا۔ طلوع آفتاب کے بعد چہارگانہ نافلہ ادا کرے۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ کوثر سات بار اور اخلاص ومعوذتین پانچ پانچ مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام یہ دعا تین بار پڑھے تو وہ اپنے گھر والوں کے سمیت حفاظت میں رہے۔ دعا یہ ہے:

يَا شَدِيْدُ الْقُوٰى يَا شَدِيْدُ الْمَاحل يَا عَزِيْزُ ذَلَّتْ لِعِزَّتِكَ ۔ جَمِيْعُ خَلْقِكَ اِكْفِنِيْ بِفَضْلِكَ يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا مُفْضِلُ يَا مُنْعِمُ يَا مُكْرِمُ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اس کے بعد یہ مخمس اسم ''سلام'' زعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے تو تمام دشمنوں سے حفاظت میں رہے گا۔ جب تک یہ نقش عزیز پاس رہے گا ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ جب کوئی ہندسہ لکھے تو اسم ''سلام'' ایک دفعہ پڑھ کر لکھے۔ اگر چاہیں تو اپنے خاندان والوں میں سے جس کو چاہیں یہ نقش لکھ کر دے سکتے ہیں جو آپ کے ساتھ رہتے ہوں۔

۷۸۶

۵۳	۳۴	۲	۲۰	۳۲
۶	۲۶	۳۹	۴۲	۱۸
۵۰	۲۸	اپنا نام	۲۲	۳۱
۱۴	۴۹	۴۶	۱۲	۱۰
۸	۴	۴۴	۳۵	۴۰

ہر قسم کی بلاؤں سے محفوظ رہنے کیلئے

دو رکعت نماز نفل ادا کرے اس میں سورۂ اخلاص تین بار اور آیات سلام ایک بار پڑھے۔ اسکے بعد چینی کی صاف پلیٹ پر درمیان میں مثلث دو پایہ لکھے۔ اس کے چاروں طرف آیات سلام گلاب وزعفران سے لکھ کر ایک بوتل عرق گلاب میں دھو کر ڈال دیں اور اپنے تمام گھر والے اس کو تھوڑا تھوڑا پیتے رہیں اور اسم سلام پڑھتے ہوئے ہاتھ پر دم کر کے اپنے تمام بدن پر ناف سے لے کر اوپر تک ہاتھ پھیر لیں۔ تو تمام مکروہات، آفات وبلیات لاعلاج امراض سے حفاظت ہوگی۔ اگر کوئی مریض درد کی وجہ سے چلا رہا ہو تو اسے یہ عرق ایک ہفتہ تک صبح ساعت اوّل میں روز پلایا کریں۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ میں صحت ہوگی۔ خواہ کیسا ہی مرض کیوں نہ ہو۔ اگر پلیٹ پر خالی جگہ رہ جائے۔ تو اسے اسم یاسلام سے پر کریں اور جس وقت پلیٹ لکھیں تو زبان سے بھی ادا کریں اور حسن عقیدت سے لکھتے رہیں بعد تیاری عرق جس کو چاہیں پلائیں اور ضرورت ہو تو محفوظ بھی رکھ لیں۔ طشتری پر لکھنے اور عرق بنانے کا یہ تمام کام ساعت عطارد میں سرانجام دیں۔

۷۸۶

۱۶۹	۱۳۵۲	۵۰۷
۱۰۱۴	۶۷۶	۳۳۸
۸۴۵	یاسلام	۱۱۸۳

اس نقش کے چاروں طرف گول دائرے میں یہ آیات لکھیں: ''سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ۔ سَلٰمٌ عَلٰی نُوۡحٍ فِی الۡعٰلَمِیۡنَ۔ سَلٰمٌ عَلٰۤی اِبۡرٰهِیۡمَ۔ سَلٰمٌ عَلٰی مُوۡسٰی وَ هٰرُوۡنَ۔ سَلٰمٌ عَلٰۤی اِلۡ یَاسِیۡنَ۔ سَلٰمٌ عَلَیۡکُمۡ طِبۡتُمۡ فَادۡخُلُوۡهَا خٰلِدِیۡنَ۔ سَلٰمٌ هِیَ حَتّٰی مَطۡلَعِ الۡفَجۡرِ۔ اَنۡتَ السَّلَامُ وَمِنۡكَ السَّلَامُ وَاِلَیۡكَ یَرۡجِعُ السَّلَامُ''

غیبی طاقتوں کے حصول کیلئے چِلّہ

آخری چہار شنبہ نماز صبح کے بعد ایک برتن پانی کا ایک کٹورہ یا گلاس خود لے کر سورۃ یاسین شریف پڑھتے ہوئے آب چاہ جاری یا نلکہ تک جائیں۔ ایک مبین تک پڑھنا ہے۔ پھر **سلام قولا من رب الرحیم** سات بار کہہ کر پانی تھوڑا سا لیں۔ پھر دوسرے چاہ یا نلکہ کی طرف سورہ یاسین پڑھتے ہوئے جائیں اور دوسرے مبین تک ختم کر کے اسی طرح سات بار سلام قولا من رب الرحیم پڑھ کر تھوڑا سا پانی لیں اور چل پڑیں۔ اسی طرح سات مبین تک سات جگہ سے پانی حاصل کرنا ہے۔ گھر واپسی تک سورۃ ختم کر دینی ہے۔ اسی اثناء میں کوئی دوسرا کام یا کلام نہ کریں۔ سوائے سلام کے کوئی جواب نہ دیں۔

اس فراہم شدہ پانی میں نقرائی چھلے جس قدر بھی ممکن ہوں گرم کر کے سات بار اس پانی میں بجھاؤ دے لیں۔



قبض ان بیماریوں میں سے ایک ہے جو مادیت کے دور کا تحفہ ہیں۔ بظاہر یہ بیماری معمولی سمجھی جاتی ہے لیکن ماہرین نے اسے تمام بیماریوں کی جڑ قرار دیا ہے۔ قبض کیوں، کیسے اور کس طرح ہوتی ہے؟ یہ ہمارے جسم میں کن خرابیوں کا ذریعہ بنتی ہے......؟ ان تمام سوالات کے جوابات کا نام زیر نظر کتاب ہے جو ان شاء اللہ آپ کیلئے سراپا صحت اور شفاء کا ذریعہ ہے۔

بجلی کی تاثیر ان میں پیدا ہو جائے گی۔ اگر بچے کے گلے میں ڈالیں۔ تو امن سے رہے درد زہ والی کے کمر میں باندھیں تو آسانی ہو۔ بائیں چھنگلی میں ڈالیں تو جملہ قسم کی بواسیر سے محفوظ رہے۔ بیمار گلے میں ڈالنے سے شفا کاملہ ہو۔

پرانے امراض سے نجات کیلئے

اگر اس دن ساعت عطارد میں ایک لوح نقرہ پر مندرجہ بالا نقش مثلث دو پایہ لکھے اور بچہ، زن حاملہ، پیر مرد، جوانمرد یا مریض لا دوا کو غرض کہ جس کو پہننے کے لئے دے وہ شفا پائے اور جس کے پاس یہ لوح ہو وہ وبائی امراض سے محفوظ رہے۔ اس نقش کے گرد آیات سلام لکھنے کی ضرورت نہیں۔

☆☆☆☆☆

کالے علم کی تباہی اور نوری علم کے کرشمات

(وزیر خان، فیصل آباد)

میں نے ایک عامل سے کافی عمل کئے۔ تمام قرآنی سورتوں پر مشتمل تھے۔ مجھے یاد ہے کہ سورۂ الم نشرح کے عمل کے دوران ننگی عورتیں سامنے آئی تھیں اور ناچ رہی تھیں۔ مجھے بڑی حیرانی ہوئی کہ قرآنی عمل میں ایسا کیوں ہو رہا ہے؟ میں نے اپنے استاد کو بتایا۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بات نہیں۔ اب کافی عرصہ ہو گیا ہے ان سے رابطہ نہیں رہا۔ جب سے عمل کئے ہیں، میرا زوال شروع ہو گیا۔ دین سے بھی دور ہو گیا دنیا بھی بہت تنگ ہو گئی پھر بھی میں اپنے استاد سے جڑا رہا۔ آہستہ آہستہ ان کی باتیں سامنے آئیں کہ ایک دنیادار عامل ہیں۔ نماز نہیں پڑھتے۔ نہ ہی شرعی وضع قطع ہے۔ دین نام کی کوئی چیز ادھر نہیں ہے۔ میں ان سے اب دور ہو چکا ہوں۔ مجھے ایک عامل کا پتہ لگا کہ انھوں نے ایسے کئی عاملین کی مدد کی ہے اور اس طرح کے غلط عاملین سے نجات پا کر لوگ سکون کی زندگی گزار رہے ہیں میں نے ان سے رابطہ کیا اللہ کے واسطے میری بھی مدد کریں۔ گھر میں بھی عجیب بے چینی ہے۔ بیوی سے بھی نہیں بنتی۔ بچے بھی ہر وقت بیمار رہتے ہیں۔ کام بھی کوئی نہیں۔ پیسے کی بھی بہت تنگی ہے۔ عمل پڑھنے کو بالکل دل نہیں کرتا۔ کئی ماہ سے کوئی عمل نہیں پڑھا۔ بڑی امید لے کر آپ سے رابطہ کر رہا ہوں امید ہے کہ مایوس نہیں کریں گے۔ تو ان کا مجھے جواب آیا کہ آپ کے استاد کالا علم کرتے ہیں۔ قرآنی سورتوں کی چلہ کشی میں جس طرح کا منظر آپ کو نظر آیا، یہ ممکن نہیں۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ آپ کے استاد نے آپ کو پڑھنے کو تو قرآنی سورت دی اور پیچھے سے اپنی شیطانی چیزوں کو کہہ دیا کہ جا کر نظارہ کراؤ۔ آپ اسی پر خوش ہو گئے کہ نظارہ ہو گیا کئی لوگوں کی تو عمریں گزر گئیں مگر کچھ نظر نہ آیا۔ میرا مشورہ تو یہی ہے کہ تمام اعمال سے نجات حاصل کریں۔ عموماً کالے علم والے سبھی عاملین کا ایک اصول دیکھنے میں آیا ہے کہ جب ان کا شاگرد ان کے پاس آنا چھوڑ دیتا ہے تو وہ اس کے خلاف بندشیں لگا دیتے ہیں۔ اور وہ اس لئے آسانی سے سب کچھ کر لیتے ہیں کیونکہ انہوں نے راستہ بنا لیا ہوتا ہے۔ شاگرد کو کوئی نہ کوئی ایسا کلام ضرور سکھاتے ہیں، جس کے ذریعے سے اسی کو مارتے ہیں، اسی کا کام خراب کرتے ہیں، بندشیں لگاتے ہیں۔ کبھی قرآنی حصارات کے اعمال نہیں سکھاتے کیونکہ وہ روحانی طور پر عامل کے گرد حصار لگاتے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ ہر قسم کے تمام اعمال، جو آپ نے اپنے سابقہ استاد سے سیکھے ہیں، ان کو ضائع کر دیا جائے۔ اگر انہوں نے کوئی بھی چیز دم کر کے دی ہے تو اس کو بھی گھر سے باہر نکال دیں اور چلتے پانی میں بہا دیں۔ ان کا دیا ہوا کوئی بھی تعویذ، دھاگہ، کڑا، انگوٹھی وغیرہ آپ کے گھر کے اندر موجود نہ ہو۔ سب کچھ پانی میں بہا دیں۔ اس کالے علم والے استاد کے اعمال ختم کرنے کے لئے روحانی طور پر مجھے جو مشورہ ملا ہے۔ وہ یہ کہ تین جمعرات آپ سوا کلو زردہ بنائیں اور اپنے استاد کے اعمال مخصوص تعداد میں پڑھ کر زردہ پر دم کریں اور زبان سے کہیں کہ ”میں نے فلاں فلاں عمل کے پیچھے جو بھی مخلوق ہے، اس کو آزاد کیا۔ میرا اب اس عمل

سے کوئی تعلق نہیں''۔ پھر اس زردہ میں سے تھوڑا سا لے کر اپنی چھت پر رکھیں اور باقی مستحقین میں بانٹ دیں۔ تین جمعرات کر کے مجھے اطلاع کریں۔ مزید خاص ہدایات بھی دے دوں گا۔ پھر ان اعمال کو ہرگز نہیں پڑھنا اگر سورت پڑھنی ہے تو دوران تلاوت یا نماز میں پڑھیں۔ اس سورت کا کوئی بھی وظیفہ یا دم نہ کریں۔ کم از کم چالیس دن ایسا ہی کریں۔ پہلے اعمال سے نجات ہوگی۔ پھر آپ اور آپ کے گھر کی روحانی طور پر صفائی کروائی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

تسخیر ہمزاد کے دو خاص اعمال

حمزہ رفیق

تسخیر ہمزاد (ایک یوم) اجازتی عمل

''اِنَّ رَبَّکُمُ اللہُ الَّذِیۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ فِیۡ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسۡتَوٰی عَلَی الۡعَرۡشِ یُغۡشِی الَّیۡلَ النَّہَارَ یَطۡلُبُہٗ حَثِیۡثًا وَّ الشَّمۡسَ وَ الۡقَمَرَ وَالنُّجُوۡمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمۡرِہٖ اَلَا لَہُ الۡخَلۡقُ وَالۡاَمۡرُ تَبٰرَکَ اللہُ رَبُّ الۡعٰلَمِیۡنَ'' (سورۂ اعراف: ۵۴)

طریقہ

رات بعد نماز عشاء قبرستان میں جا کر تازہ قبر پر یا بوسیدہ قبر پر منہ شمال کی طرف، اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی اور آیت مذکورہ مبارکہ سو بار پڑھیں۔ قبر کانپنے لگے گی اور قبر شق ہو کر مردہ کھڑا ہو جائے گا۔ فکر نہ کریں، ڈریں بالکل نہیں، دل کو مضبوط رکھیں، ہوش و حواس قابو میں رکھیں۔ اگر خوف کھا کر بھاگ گئے تو جان کو خطرہ ہے یا پاگل ہو جاؤ گے، جس کا علاج بے حد دشوار ہے یا تو اجازت دہندہ صحیح کر سکتا ہے یا پھر خدا تعالیٰ۔

ہمزاد حاضر ہو کر پوچھے گا مجھے کیوں بلایا ہے؟

آپ کہیں کہ میں آپ سے دوستی کرنا چاہتا ہوں اور اپنے مشکل امور کے بارے میں حل و طریقہ معلوم کرنا چاہتا ہوں، آپ میری مدد کر دیا کریں۔ پھر وہ جو آنے کا طریقہ بتائے یا جو بھی آپ کو بات بتائے۔ اس پر عمل کریں۔ عمل اگر پہلے دن کامیاب نہ ہو تو دوسرے دن پھر قبر پر جا کر عمل دوبارہ کریں۔ اگر دوسرے دن بھی کامیابی نہ ہو تو تیسرے دن پھر اسی قبر پر جا کر عمل کریں۔ انشاء اللہ تیسرے دن ہر حال میں کامیابی ہوگی۔ کامیاب ہونے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں اور دو نفل برائے شکرانہ ادا کریں۔ غریبوں کو خیرات کریں، صدقہ دیں اور کھانا دو چار آدمیوں کو ضرور کھلائیں۔

چوٹ شفاء

ایکسیڈنٹ کی چوٹ ہو
رگڑ کی چوٹ ہو
یا کسی حادثہ کی ہو

جسم پر ہر قسم کی چوٹ کیلئے ٹانک

قیمت
100.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

طریقہ: نو چندی منگل یا نو چندی سنیچر کو مذکورہ بالا عمل کو شروع کریں اور رات بارہ بجے گیارہ سو بار سات یوم تک پڑھیں۔ ساتویں روز یعنی آخری یوم دودھ کا پیالہ بھر کر رکھو اور اس میں دو عدد کافور کی ٹکیہ دودھ میں ڈالو۔ ہمزاد کو یہ پیالہ پیش کریں اور معاہدہ سوچ سمجھ کر طے کر لیں۔ دنیا کا ہر کام پل بھر میں کرے گا۔

☆☆☆☆☆

قران شمس و مشتری کے انوکھے اثرات

قران شمس و مشتری

شمس و مشتری آپس میں جانبین سے دوست ہیں۔ اس وقت سے وہ لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں جن کے حکام یا بڑے آدمیوں سے ایسے کام اٹکے ہوئے ہیں جو روپیہ یا ترقی سے متعلق ہیں۔ مثلاً ملازمین جن کو ترقی کی ضرورت ہے جو ہو نہیں پاتی یا رکی ہوئی ہے یا گورنمنٹ کی طرف روپیہ رکا ہوا ہے۔ اور وہ کسی کی دخل اندازی کی وجہ سے نہیں ملتا۔ یا بڑی فرموں کے ملازمین تاجر، کنٹریکٹر، ایڈورٹائزر، امپورٹ ایکسپورٹ کا کام کرنے والے، بینکوں سے قرضہ حاصل کرنے والے، گورنمنٹ ملازمین، گویا گورنمنٹ یا پرائیویٹ بڑی فرموں سے جن لوگوں کا لین دین یا مالی مفاد وابستہ ہے وہ سب فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ ترقی، دولت، ترقی مرتبہ یا بڑوں کی نظروں میں معزز و مکرم ہونے کے لئے اس وقت کی تاثیر سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

اعداد سے کس طرح فائدہ حاصل کیا جائے؟

اسباب خوش بختی میں وہ سبب جو مخفی طور پر کام کرتا ہے وہ کسی اسم الٰہی یا آیت قرآنی سے مخصوص جفری طریقوں سے مدد حاصل کرنا ہے اور وہ اسباب جو عملی طور پر کام کرتے ہیں ایسا ذریعہ اختیار کرنا جس سے مال ملے اور اس میں روپیہ لگانا ہو۔

اعداد اور حرف کی قوتوں سے کام لینے کیلئے زمانہ قدیم سے حکمائے جفر نے نقوش الواح کا علم ایجاد کیا۔ آج تک دنیا ان کی پر تاثیر طریقوں سے فیض حاصل کر رہی ہے جس طرح بیماری سے نجات پانے کے لئے کوئی جڑی بوٹی اکھاڑ کر نہیں کھا سکتے بلکہ اس سے فائدہ اٹھانے کیلئے اس کا سکھانا، سفوف بنانا، گولیاں بنانا، شربت بنانا، ضروری ہے اسی طرح آیات و اسماء کو تکسیر اعداد میں لا کر ہی فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

ساعت شمس میں تیار کردہ لوح کے کمالات

لوح سعادت مشتری کی چال روشن قدسی کا اثر یہ ہے کہ فراخی رزق، زائد آمدن اور ترقی مرتبہ بڑوں کے نزدیک معزز و مکرم ہونے کے لئے تیار کی جاتی ہے۔ اہل زمین پر شمس و مشتری کی جو تاثیر اس وقت پڑے گی۔ وہ خیر و برکت اور دولت کی ہوگی۔ اس لوح کا حامل ہونا اسباب دولت کے ایک عظیم سبب کو اختیار کرتا ہے۔ پیر کے دن اگر ساعت شمس میں اس لوح کو تیار کریں گے تو ترقی مرتبہ، ترقی عہدہ، اور بڑوں کے نزدیک معزز کرے گی اور ان کی نظروں میں وقار بڑھے گا۔ ہر کام میں خیر و برکت ہوگی اور اگر مالی فراوانی روپے کے حصول و وصول کے خواہاں ہیں تو ساعت مشتری میں تیار کریں۔ لوح سونے یا چاندی کی حسب استطاعت بنائیں۔ سونے کی تاثیر تیز ہوگی۔ چاندی کی تاثیر دھیمی ہوگی لیکن فائدہ یکساں ملے گا۔ فرق صرف دیر سویر کا ہوگا۔ انشاء اللہ ایک سال کے اندر اندر انسان غنی ہو جائے گا۔ یہ زوج الزوج نقش ہے۔ صاف و پاک کپڑے پہن کر علیحدہ کمرے میں کندہ کریں۔ بخور صندل و عود کا جلائیں اور بعد تیار سبز ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر سی لیں اور پاس رکھیں حسب توفیق صدقہ کریں اور اور بزرگوں کو ایصال ثواب کریں۔ روزی بہت فراخ ہوگی روپیہ مختلف بہانوں سے ملے گا۔ انعامات سے

بھی ملے گا گویا قسمت کھل جائے گی۔ لوح سعادت مشتری یہ ہے:۔

إِلٰهُ خَيْرُ النَّاصِرِيْنَ

ل	۴۵۸	۷۷	۷۴	۳۴	۴۵۴	۸۱	ع
۷۸	۷۳	۳۱	۴۵۷	۸۲	۶۹	۳۵	۴۵۳
۷۲	۷۵	۴۶۰	۳۲	۶۸	۷۹	۴۵۶	۳۶
۴۵۹	۳۳	۷۱	۷۶	۴۵۵	۳۷	۶۷	۸۰
۳۸	۴۵۰	۸۵	۶۶	۴۲	۴۴۶	۸۹	۶۲
۸۶	۶۵	۳۹	۴۴۹	ص	۶۱	۴۳	۴۴۵
۶۴	۸۳	۴۵۲	۴۰	س	۸۷	۴۴۸	۴۴
۴۵۱	۴۱	۶۳	۸۴	۴۴۷	۴۵	۵۹	۸۸

نقش کی چال یہ ہے:۔

۱	۶۲	۳۵	۳۲	۵	۵۸	۳۹	۲۸
۳۶	۳۱	۲	۶۱	۴۰	۲۷	۶	۵۷
۳۰	۳۳	۶۴	۳	۲۶	۳۷	۶۰	۷
۶۳	۴	۲۹	۳۴	۵۹	۸	۲۵	۳۸
۹	۵۴	۴۳	۲۴	۱۳	۵۰	۴۷	۲۰
۴۴	۲۳	۱۰	۵۳	۴۸	۱۹	۱۴	۴۹
۲۲	۴۱	۵۶	۱۱	۱۸	۴۵	۵۲	۱۵
۵۵	۱۲	۲۱	۴۲	۵۱	۱۶	۱۷	۴۶

اس لوح میں آٹھ دور ہیں۔ تین جگہ ہندسوں میں تبدیلی ہے جو حسب ذیل ہے:۔ (ا) پہلا اور دوسرا دور ۳۰ سے شروع ہوکر ۴۵ کے ہندسہ پر ختم ہوتا ہے۔ (ب) تیسرا تا چھٹا دور ۵۹ سے شروع ہوکر ۹۰ پر ختم ہوتا ہے۔ جس میں تیسرا دور ۵۹ تا ۶۶، چوتھا دور ۶۷ تا ۷۴، پانچواں دور ۷۵ تا ۸۲، چھٹا دور ۸۳ تا ۹۰ ہے۔ (ج) ساتواں اور آٹھواں دور ۴۴۵ سے شروع ہوکر ۴۶۰ تک ختم ہوگا۔ اس لوح کو لوح سعادت مشتری اس لئے کہتے ہیں کہ کونوں پر ل۔ ع حروف نورانی کے ہیں جو مشتری سے متعلق ہیں۔ وہ لوگ جنہوں نے حروف نورانی کی زکات دی ہوئی ہے وہ اپنے لئے تیار کر سکتے ہیں اور وہ لوگ جو مربع کی زکات کے عامل ہیں۔ دوسروں کو بھی تیار کر کے دے سکتے ہیں۔ اسی لوح کے بطن میں شمس کے حروف نورانی۔ ص، س بھی قائم ہیں۔ اس لوح کے کل اعداد ۱۲۷۸ ہیں یہ اعداد ''الہ خیر الناصرین'' کے ہیں اس کو سر لوح پر لکھیں اور اس کی وساطت سے ہی روزانہ دعا کریں۔ اللہ بہت برکت دے گا۔

☆☆☆☆☆

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ کے عامل بنیں

صلاح الدین، کہروڑپکا

ہر انسان، خواہ مرد ہو یا عورت، عملیات سے واقف ہو یا نہ ہو، اس عمل کو کر سکتا ہے۔ ایک اہم بات ہمیشہ ذہن میں رہے کہ بنیادی درجہ کا عامل، عاملہ صرف اپنے لئے یا اپنے گھر والوں کے لیے عملیات کر سکتا، سکتی ہے۔ عوام کا علاج معالجہ کرنے کے لیے باقاعدہ سیکھنا پڑتا ہے ورنہ نقصان ہونے کا قوی اندیشہ ہوتا ہے۔

عمل کا طریقہ

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ کے کل حروف ۱۶ ہیں۔ ان کے اعداد ۸۱۸ بنتے ہیں۔ عمل کرنے کے لئے نوچندی شب جمعرات یا جمعہ کے بعد کوئی وقت مقرر کر لیں۔ جگہ بھی مقرر ہو۔ اوّل و آخر گیارہ بار درودِ ابراہیمی کے ساتھ عمل کو ۸۱۸ بار ۱۶ یوم بلا ناغہ پڑھیں۔ روزانہ عمل مکمل کر کے اللہ سے اپنے عمل کی کامیابی کی دعا اس انداز میں مانگیں کہ ”یا اللہ! میں نے جو یہ عمل کیا ہے، اس کی کمی کوتاہیوں کو اپنے فضل سے پوری کر کے اس عمل کو میرے عمل میں دے دیں تا کہ میں اس کے روحانی فیض سے خود بھی فیض یاب ہوں اور میرے گھر والے بھی فیض یاب ہوں“۔ آخری روز سوا پاؤ یا سوا کلو سفید شیرینی (برفی، چم چم وغیرہ) نابالغ بچوں میں تقسیم کر دیں اور دو رکعت نفل شکرانے کے پڑھیں۔ پھر روزانہ ہر نماز کے بعد آٹھ بار اس کو اپنے معمول میں رکھیں۔ اب آپ سلام قولا من رب رحیم کے عامل ہو چکے ہیں۔ کسی بھی کتاب میں اس کا کوئی طریقہ استعمال ملے یعنی عمل ملے تو آپ کرنے کے اہل ہیں۔ کسی سے اجازت کی ضرورت نہیں ہے۔ عمل آپ کے پاس ہے، کتابوں میں طریقہ استعمال دیئے جاتے ہیں۔ صرف یہ احتیاط رکھنی ہے کہ عمل اپنے لیے یا اپنے گھر والوں کے لیے استعمال کرنا ہے۔ اگر کسی اور کو دینا بھی ہو تو ہرگز جادو یا جنات کے مسئلے میں ہاتھ نہیں ڈالنا۔ باقی معاملات کے لئے اپنی سمجھ کے مطابق فیصلہ کر لیں۔

مزاج معلوم کرنے کا طریقہ

چار چالوں سے مراد آتشی، بادی، آبی او خاکی کی چالیں ہیں۔ انسان کے مزاج بھی چار ہوتے ہیں۔ جب کسی کو پہننے کے لئے نقش دینا ہو تو جو اس کا مزاج ہو، اسی چال کا نقش بنا کر پہننے کے لیے دیں۔

نقوش بھرنے کے طریقے:

نقوش بھرنے کا عمل بھی بہت آسان ہے۔ صرف یہ اصول یاد رکھیں کہ سب سے چھوٹا عدد، سب سے پہلے لکھنا ہے، پھر اس سے بڑا اور پھر اس سے بڑا اور اسی طرح نقش پورا کرنا ہے۔

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ کے مثلث نقوش

آتشی چال

۷۸۶

۲۷۴	۲۶۸	۲۷۶
۲۷۵	۲۷۳	۲۷۰
۲۶۹	۲۷۷	۲۷۲

بادی چال

۷۸۶

۲۷۴	۲۷۵	۲۶۹
۲۶۸	۲۷۳	۲۷۷
۲۷۶	۲۷۰	۲۷۲

آبی چال

۷۸۶

۲۶۹	۲۷۵	۲۷۴
۲۷۷	۲۷۳	۲۶۸
۲۷۲	۲۷۰	۲۷۶

خاکی چال

۷۸۶

۲۶۹	۲۷۷	۲۷۲
۲۷۵	۲۷۳	۲۷۰
۲۷۴	۲۶۸	۲۷۶

سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ کے مربع نقوش

درج ذیل میں چاروں چالوں کے مربع نقوش دیئے جا رہے ہیں

مربع نقوش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں!

ٹھنڈی مراد

قیمت
120.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

گرمی کی جلن
سانس کا پھولنا
تپش منہ کی خشکی
نیند میں بے چینی

عورتوں، مردوں اور بچوں کیلئے یکساں مفید ہر موسم میں بہترین

آتشی چال

۷۸۶

۱۹۷	۲۱۰	۲۰۷	۲۰۴
۲۰۸	۲۰۳	۱۹۸	۲۰۹
۲۰۲	۲۰۵	۲۱۲	۱۹۹
۲۱۱	۲۰۰	۲۰۱	۲۰۶

بادی چال

۷۸۶

۲۱۰	۱۹۷	۲۰۴	۲۰۷
۲۰۳	۲۰۸	۲۰۹	۱۹۸
۲۰۵	۲۰۲	۱۹۹	۲۱۲
۲۰۰	۲۱۱	۲۰۶	۲۰۱

آبی چال

۷۸۶

۲۰۷	۲۰۴	۱۹۷	۲۱۰
۱۹۸	۲۰۹	۲۰۸	۲۰۳
۲۱۲	۱۹۹	۲۰۲	۲۰۵
۲۰۱	۲۰۶	۲۱۱	۲۰۰

خاکی چال

۷۸۶

۲۰۴	۲۰۷	۲۱۰	۱۹۷
۲۰۹	۱۹۸	۲۰۳	۲۰۸
۱۹۹	۲۱۲	۲۰۵	۲۰۲
۲۰۶	۲۰۱	۲۰۰	۲۱۱

☆☆☆☆☆

مطیع وفرمانبردار کرنے کا سرمہ

نقش آدم

۱۸	۱۱	۱۶
۱۳	۱۵	۱۷
۱۴	۱۹	۱۲

نقش حوا

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

سرمہ تیار کرنے کا طریقہ

نوچندی جمعرات دو نئے مٹی کے چراغ حاصل کئے جائیں۔ اور پینتالیس عدد نقش آدم کسی سفید پاکیزہ کاغذ پر زعفران وگلاب کی روشنائی سے، انار کی لکڑی کے نئے قلم سے تحریر کریں۔ اسی طرح پندرہ عدد نقوش حوا تحریر کئے جائیں۔ تمام نقوش آدم کا ایک فلیتہ بنائیں اور تمام نقوش حوا کا ایک فلیتہ بنائیں۔ اور دونوں چراغ میں روئی لپیٹ کر رکھیں۔ اور روغن کنجد ڈال کر کسی جگہ، آبادی سے دور جہاں شور وغل نہ ہو، چلے جائیں۔ شمال کی طرف منہ کر کے دونوں چراغوں کو اس طرح رکھ کر روشن کریں کہ جلنے پر دونوں کی لو ایک ہو جائے۔

ان دونوں چراغوں کا شعلہ جہاں ایک لو کی شکل اختیار کرے، اس سے ذرا اوپر کاسہ سربشر اس طرح رکھیں کہ دونوں چراغوں کا دھواں اس میں اکٹھا ہوتا رہے۔ جب تک چراغ جلتے رہیں، پاس بیٹھ کر کامل یکسوئی سے یہ عمل پڑھتے رہیں۔ ایک گھنٹہ بھر میں جتنا کاجل تیار ہو جائے۔ اتار کر فوراً کسی چاندی کی ڈبیہ میں محفوظ کرلیں۔ جب کسی کو مطیع وفرمانبردار کرنا ہو، ایک ایک سلائی کاجل آنکھوں میں ڈال کر پہلی نظر اسی کو دیکھیں، مقصد پورا ہوگا۔ منتر یہ ہے:

اماں حوا اور بادا آدم کی محبت
بناتِ حوا اور ابناء آدم میں آئی
جو دیکھیں سو داس ہو جائیں
اماں حوا اور آدم کی دھائی


کولیسٹرول کا سائنسی اور روحانی علاج
تحقیق: حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

آخر آج کی پرعیش زندگی نے ہمیں صحت جیسی نعمت سے کیوں محروم کردیا......! آج سب کچھ ہونے کے باوجود تندرستی روٹھتی جارہی ہے......! کولیسٹرول کے مریضوں کیلئے حیرت انگیز مثالی کتاب طبی ذوق کا عظیم شاہکار......

سورۂ انبیاء کے ذریعے سلجھن پانے کے راز

حق کو غالب کرنے کا عمل

اگر کہیں حق و باطل کا مقابلہ جھوٹا سچے کا سامنا ہو اس وقت سچا آدمی یہ آیت تین مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ باطل حق کے سامنے نہ پڑے گا۔ آیت یہ ہے ”بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ۔ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ“۔

سخت بخار کا نہایت آسان علاج

جس شخص کو بخار چڑھا ہوا ہو اس کے سرہانے ایک ہزار مرتبہ اس آیت کا پڑھنا بخار کے اتر جانے کے لئے نہایت مفید ہے۔ آیت یہ ہے۔ یٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ۔

ہر مرض کی دوا اور مشکل کا حل۔۔۔ آیۂ کریمہ کے پانچ خاص اعمال

ہر مرض کی دوا، ہر ایک مشکل حل کرنے والی یہ آیت خدا نے ہمارے لئے نازل فرمائی ہے اس آیت کریمہ کے پڑھنے کی صدہا ترکیبیں بزرگان دین سے ثابت ہوئی ہیں یہ آیت اکسیر اعظم بلکہ اسم اعظم ہے ۔ آیت مبارکہ یہ ہے: لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

آیۂ کریمہ کا پہلا خاص عمل: ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ ایک مجلس میں اس آیت کا ختم کرنا نہایت مفید ہے مگر ترکیب اس ختم کی یہ ہے کہ سات یا گیارہ یا اکیس آدمی غسل کر کے سفید کپڑے پہن کر ہر شخص دو رکعتیں بطور صلوٰۃ توبہ کے پڑھے جہاں تک ممکن ہو سب پڑھنے والے رو بقبلہ بیٹھیں دنیا کی بات مطلق نہ کریں اور نہایت خلوص کے ساتھ ختم پورا کریں اور پھر متواتر تین روز تک ایسا ہی کیا جائے انشاء اللہ العزیز یہ عمل ساری مصیبتوں کے لئے مفید اور مجرب ہے۔

دوسرا عمل: عامل سات روزے رکھے حلال لقمہ کھائے ہر روز عشاء کی نماز کے بعد اندھیری کوٹھڑی میں بیٹھ کر اکیس مرتبہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ پڑھ کر سات سو مرتبہ آیت کریمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ پڑھ کر ایک پیالہ پانی کا بھر کر سامنے رکھے، ہر ایک تسبیح کے بعد داہنا ہاتھ پانی میں ڈال کر منہ پر پھیرے اور اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى ذِى النُّوْنِ تین دفعہ کہے پھر تین مرتبہ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ۔ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ۔ وَكَذٰلِكَ نُـْۨجِي الْمُؤْمِنِيْنَ کہے انشاء اللہ عرصہ سات روز میں مراد پوری ہوگی۔

تیسرا عمل: جناب رسول اکرم ﷺ نے ابو عبداللہ مغربی کو خواب میں تعلیم فرمائی تھی، ابو عبداللہ ایک سخت بلا میں گرفتار تھے۔ رات کو خواب میں حضور اکرم ﷺ کی زیارت ہوئی، ارشاد فرمایا پہلے دو رکعتیں پڑھو، پھر چاروں سجدوں میں چالیس چالیس مرتبہ آیت ”لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ“ پڑھو، انشاء اللہ مصیبت دور ہوگی۔ یہ عاجز کاتب الحروف کہتا ہے کہ یہ عمل نہایت مجرب ہے مسلمان ضرور عمل کیا کریں زیادہ سے زیادہ مدت اس کی سات دن ہے۔ اس عرصہ میں انشاء اللہ بالضرور کامیابی ہوگی۔

چوتھا عمل: کھڑے ہو کر ایک ہزار تین مرتبہ آیت کریمہ کا پڑھنا اور متواتر سات روز عمل کرنا جملہ حاجات کے لئے فائدہ مند ہے۔

پانچواں عمل: چالیس دن تک ایک شخص کا گیارہ ہزار مرتبہ ہر روز ترک حیوانات اور پرہیز جلالی اختیار کر کے پڑھنا عامل کو نہایت مقدس بزرگ اور صاحب تاثیر بناتا ہے اور جو دعا کرے وہ قبولیت کو پہنچتی ہے جو طلب کرے وہ خدا چاہے ملتا ہے۔ سوائے جو کی ایک ٹکیا کے اور ایک آبخورہ پانی کے سوا کھانا کچھ نہ کھائے، ہر ایک شے ترک کرے چالیس روز کے بعد ایسے ایسے اسرار غیبی کا مشاہدہ کرے گا کہ جنہیں دیکھ کر حیران رہ جائے۔

اس وظیفے کے ہوتے ہوئے بے اولاد جوڑے پریشان کیوں ہیں؟

بانجھ عورت یا بے اولاد مرد اگر اس آیت کو بسم اللہ کے ساتھ تین ہزار دفعہ روزانہ ایک چلے تک پڑھے گا۔ انشاء اللہ بالضرور اولاد پیدا ہوگی۔ آیت یہ ہے ''رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ''۔

جھوٹے الزام اور تہمت سے نجات کیلئے

اگر کوئی شخص تہمت میں آجائے اور وہ چاہتا ہے کہ میں اس تہمت سے بری ہو جاؤں، سات ہزار دفعہ ایک جلسہ میں اس آیت کو عشاء کے بعد پڑھے انشاء اللہ غیب سے اس کی پاک دامنی کی صورت پیدا ہوگی۔ آیت یہ ہے: ''رَبِّ احْکُمْ بِالْحَقِّ ـ وَ رَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ۔

☆☆☆☆☆

عملیات کا کام کرنے کے لیے ضروری ہدایت

اصراف عامر

اس بات کو ہمیشہ ذہن میں محفوظ رکھیں کہ کوئی بھی جگہ عمار جنات سے خالی نہیں ہوتی۔ اور ان جگہوں پر رہائش پذیر عمار جنات اس بات کی اجازت نہیں دیتے کہ کوئی شخص کسی قسم کی ارواح، موکلات، جنات، اعوان، خدام علویہ وسفلیہ کو ان جگہوں پر بلائے۔ اس لیے ضروری ہے کہ پہلے ان عمار جنات سے عمل کی جگہ کو خالی کرایا جائے تا کہ آپ کا عمل کامیاب ہو سکے۔ اس قسم کے عمل کو اصرافِ عامر کہا جاتا ہے۔

اصرافِ عامر کا عمل

غرض یہ کہ جنات سے کوئی جگہ خالی نہیں ہے اور یہ سب ابلیس کی اولاد ہیں اور انسان کو نقصان پہنچانا ان کی فطرت میں شامل ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ جب بھی عامل تسخیر ارواح کی ریاضت شروع کرے تو پہلے اس جگہ یا مکان کے جنات و شیاطین اور ارواحِ خبیثہ کو بھگادے تا کہ وہ جگہ ان سے خالی ہو جائے اور عامل کی چلہ کشی کا مثبت نتیجہ برآمد ہو۔ اگر عامل ایسا نہ کرے تو اس جگہ کے جنات و شیاطین اس کا عمل فاسد کردیں گے۔ اکثر لوگوں کے اعمالِ ارواح اسی نکتہ کی ناواقفیت کے سبب رائیگاں ہوتے ہیں اور عامل کو خبر بھی نہیں ہوتی۔ کیونکہ ان جنات و شیاطین کو گوارا نہیں ہوتا کہ ان کے گھر میں غیر جنات یا موکلات آئیں اور جب عامل تسخیر ارواح کی ریاضت شروع کرتا ہے تو جنات


ٹھنڈک پیکیج

قیمت
500.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

سخت گرمی ہو یا لو یا پھر گرم ہوا میں
اب پریشان نہ ہوں

عبقری لایا آپ کیلئے موسم گرما
کی جلتی بھنتی ساعتوں میں
شفاعوں کی ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار

اور موکلات اس مکان کے دروازے پر حاضر ہو کر سینوں پر اپنے ہاتھ اسمائے الٰہی اور کلمات عمل کی اطاعت کے واسطے رکھ کر واپس چلے جاتے ہیں، عامل کے سامنے نہیں آتے اور عامل کا کام بغیر ان کے سامنے ہوئے نہیں چلتا۔ اس لیے تمام اعمال ناقص رہتے ہیں اور عامل بجائے اپنی غلطی تسلیم کرنے کے عمل کو غلط کہہ دیتا ہے۔

جنات کو بھگانے کے لیے اس قسم کو پڑھا جائے تو جنات اپنی سکونت تبدیل کر لیتے ہیں۔ اس قسم کا نام ''اصرافِ عامر'' ہے اس عظیم علم کے مشائخ نے اس قسم کو تمام جنات کے لیے جبر و قہر رکھا ہے اور اس قسم کے پڑھنے کے بعد جنات عامل کو بغیر نقصان پہنچائے وہ مکان اور جگہ چھوڑ کر کہیں اور چلے جاتے ہیں کیونکہ اس قسم کے اسماء تمام جنات اور ان کے حاکم پر جس کا نام ''طارش'' ہے، غالب ہیں۔

پس ثابت ہوا کہ تمام اعمالِ تسخیرات ارواح بغیر اس قسم یعنی اصرافِ عامر کے ناقص رہتے ہیں اور جب عامل اس قسم کو پڑھ لیتا ہے تب اس جگہ کے جنات عمل کے پورا ہونے میں عامل کی مدد کرتے ہیں اور اسی کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچاتے اور اس وقت موکلات اور جنات کے بادشاہ عامل کے پاس آ کر بہت جلد اس کی حاجت کو پورا کرتے ہیں۔

پس اس فن کے طالب صادق کے لیے ضروری ہے کہ جب کسی جنگل بیابان یا مکان میں تسخیر ارواح کی ریاضت شروع کرے تو پہلے اس جگہ لوبان سفید کا بخور روشن کرے۔ پھر اس قسم یعنی اصرافِ عامر کو سات بار پڑھے اور ایسا سات یوم تک ضرور کرے تو اس جگہ کے جنات اپنے بال بچوں کو لے کر وہاں سے چلے جائیں گے اور خود تمہاری خدمت، تمہاری مدد کے لیے حاضر رہیں گے یہاں تک کہ تم عمل کی ریاضت سے فارغ ہو جاؤ۔

جب عامل حفاظت کی دُعاؤں، حجابوں، اصرافِ عامر اور دیگر تمام احتیاطوں کے ساتھ عمل کو شروع کرتا ہے تو قبائل جنات اور ان کے بادشاہوں میں ایک اعلان ہوتا ہے کہ فلاں شخص (عامل) تم کو مطیع کرنا چاہتا ہے۔ اے جنات (ارواح)! تم کو اس کی اطاعت کرنی چاہیے کیونکہ تم اس کی مخالفت کی تاب نہیں رکھتے ہو۔ اس طریق سے جس وقت عامل عمل شروع کرے گا تو جنات، موکلات، ارواح فوراً اس کی خدمت میں حاضر ہوں گی۔ جسے یہ سب باتیں معلوم نہ ہوں وہ ہرگز ہرگز ان اعمال کی طرف متوجہ ہو کر اپنے مال و جان اور بیوی کو ہلاک نہ کرے۔

ایک شخص نے جو قواعد و ضوابط اور بخورات وغیرہ سے بالکل ناواقف تھا۔ استخدام کا ایک عمل شروع کیا۔ موکل بطخ کی صورت میں اس کے سامنے آیا اور بڑا ہونا شروع ہوا۔ یہاں تک کہ بھینس کے برابر ہو گیا۔ عامل پر اس قدر خوف غالب ہوا کہ عمل کو بھی بھول گیا اور تھر تھر کانپنے اور لرزنے لگا۔ آخر اس موکل نے ایک طمانچہ ایسا مارا کہ اس کا آدھا جسم بالکل بے حس و حرکت مثل فالج زدہ کے ہو گیا۔

ایسے حوادث ان لوگوں کو پیش آتے ہیں جو اس علم کے قواعد سے ناواقف ہوتے ہیں اور اس علم کے علماء سے انہوں نے اس فن کے رموز و اسرار ہائے سربستہ نہیں سمجھے۔ لہٰذا جو لوگ قواعد کی پابندی نہ کریں گے وہ ضرور نقصان اٹھائیں گے، جس کی تمام تر ذمہ داری خود ان پر ہو گی۔ راقم السطور اس سلسلہ میں بری الذمہ ہے۔ اس جہاں میں کون ایسا بشر ہے جس کی یہ خواہش نہ ہو کہ ہر انسان اس کا مطیع بنا رہے اور وہ عزت کا دیوتا بن کر ہر انسان پر حکومت کرے۔ ہم یہ بھول جاتے ہیں کہ قوانین قدرت کی پابندی قادر قیوم ہی کے احکام دوامی کی بجا آوری کا دوسرا نام ہے۔ اس لیے کسی کام میں تائید یا مخالفت کے لیے اپنی ذات کو استعمال کرنے سے قبل ہمیں یہ سوال خود اپنے دل میں کرنا چاہیے کہ کیا ہم قواعد و ضوابط کے مطابق یہ کام کر رہے ہیں؟ اگر قانون کے مطابق ہے تو کامیابی یقینی ہے۔ اگر معاملہ اس کے برعکس ہے تو اصلی طاقت اور علم محض رائیگاں نہیں ہو گا بلکہ عامل کو اپنی اس بے وقوفی کے باعث طرح طرح کے نقصانات اُٹھانا اور خمیازہ بھگتنا پڑتا ہے۔ اصراف عامر کی عزیمت یہ ہے:

''بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم۔ اَقۡسَمۡتُ عَلَيۡكُمۡ اَيَّتُهَا الۡعُمَّارُ وَالۡجَآنُّ الَّذِیۡ فِیۡ هٰذَا الۡمَكَانِ بِذِی الۡعِزَّةِ وَالۡجَبَرُوۡتِ وَالۡهَيۡبَةِ وَالۡقُدۡرَةِ وَالۡعَظۡمَةِ وَالسَّطۡوَةِ وَالۡجَلَالِ وَالۡجَمَالِ اَقۡسَمۡتُ عَلَيۡكُمۡ بِاللهِ الۡحَیِّ الۡقَيُّوۡمِ الَّذِیۡ لَايَغۡفَلُ وَلَا يَنَامُ وَلَايَمُوۡتُ وَبِكُلِّ كِتَابٍ اَنۡزَلَهٗ وَبِكُلِّ رَسُوۡلٍ اَرۡسَلَهٗ وَبِكُلِّ مَلَكٍ مُقَرَّبٍ فِی السَّمَآءِ وَالۡاَرۡضِ

وَبِكُلِّ رُوْحَانِيَّةٍ عَلْوِيَّةٍ وَبِالنَّبِيِّ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ الَّذِیْ اَطَاعَهُ الْجِنُّ وَالْاَنْسُ وَالْمَرَدَةُ الشَّيٰطِيْنُ وَالرِّيَاحُ وَ الْوُحُوْشُ وَالطُّيُوْرُ اَنْ تَبَرُّوْا قَسْمِیْ وَ تَنْصَرِفُوْا مِنْ هٰذَا الْمَكَانِ حَتّٰی تَحْضُرُ الْمُلُوْكُ وَالْاَعْوَانُ وَتَكُوْنُوْا مُسَاعِدِيْنَ لِیْ فِیْ عَمَلِیْ مِنْ غَيْرِ ضَرَرٍ وَلَافَسَادٍ بِحَقِّ طُنَبْطَةَ مُرْيَقِ مَا فُرْطُيَشْ مُلَيْشُ بَيَهُوْشُ هُلَيْشُ شُلْشُمُوْنَ قِوْدَوْشُ هُوَ اُدْوَنَائِیْ هُوَ اُلْ اُدْوَانَائِیْ يَهٍ بَخَوْلَقِ مُقِفُنَ مُقِرْحَ اِيَّاكَ اَعْنُوْا وَلَكَ اَقُوْلُ يَا عَامِرَ هٰذَا الْمَكَانِ وَيَا سَاكِنَ هٰذَا الدَّارِ وَهٰذِهِ الْاَرْضِ بِحَقِّ هٰذَا الْقَسَمِ الْعَظِيْمِ وَبِحَقِّ الْمَلِكِ الْحَاكِمِ عَلَيْكُمْ طَارِشُ وَبِحَقِّ الْمَلِكِ الْاٰخِذِ بِنَاصِيَتِهٖ كوائيل وَ بِحَقِّ الْعَهْدِ الْمَاخُوْذِ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنْصَرِفُوْا وَتَعْزِلُوْا مِنْ هٰذَا الْمَكَانِ اَنْتُمْ وَ حَرِيْمُكُمْ وَ اَوْلَادُ كُمْ وَ كَبِيْرُ كُمْ وَ صَغِيْرُكُمْ وَمَنْ يَلُوْذُبِكُمْ وَمَنْ يُخْشٰی عَلَيْهِ بِحُضُوْرِ الْاَرْوَاحِ وَالْمُلُوْكِ حَتّٰی اَقْضِیَ حَاجَتِیْ ثُمَّ تَعُوْدُوْا اِلٰی مَكَانِكُمْ وَلَا تُفْسِدُوْا عَلٰی عَمَلِیْ وَلَاتُشَوِّشُوْا عَلَیَّ فِیْ اسْتِحْضَارِیْ وَ كُوْنُوْا عَوْنًا لِّیْ عَلٰی عَمَلِیْ وَسَاعِدُوْنِیْ فِیْ كُلِّ اُمُوْرِیْ وَفِیْ قَضَآءِ حَوَآئِجِیْ كُلِّهَا يَا عَمَّارَ الدَّارِ وَيَا سُكَّانَ هٰذِهِ الْاَمَاكِنِ اِنْصَرِفُوْا حَيْثُ شِئْتُمْ بِحَقِّ هٰذَا الْقَسَمِ الْعَظِيْمِ عَلَيْكُمُ الَّذِیْ تُعَظِّمُوْنَهٗ هَيَّا اُلْوَاحَا هَيَّا اُلْوَاحَا اَلْعَجَلْ اَلْعَجَلْ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ بَارَكَ اللهُ فِيْكُمْ وَ عَلَيْكُمْ "

☆☆☆☆☆

حرف ''ث'' کے حیرت انگیز طلسماتی کرشمات

اگر کسی کو اعمال کا شوق ہو تو حروف تہجی کے اعمال ہی اس کو کافی ہیں اور ہر ضرورت پر کام آتے ہیں بشرطیکہ اس حروف کی زکوۃ ادا کی جا چکی ہو۔ خواہ وہ اکبر ہو یا اصغر۔

حرف ''ث'' کا مختصر تعارف اور زکات کا طریقہ

ابجد کے ۲۸ حروف ہیں منازل قمر میں ۲۸ ہیں لہٰذا ہر حرف ایک منزل سے متعلق ہے اس حرف کی زکوٰۃ اسی کی منزل متعلقہ میں ادا کی جاتی ہے۔ اب حرف ''ث'' کا بیان ہے اس کے عدد ۵۰۰ ہوتے ہیں۔ حکمائے فلاسفہ کے نزدیک یہ حرف بادی ہے۔ حروف بادی کے ساتھ مل کر تقویت پاتا ہے اور آتشی کے ساتھ مل کر قوی المزاج ہو جاتا ہے حروف خاک اس کے دشمن ہیں۔ اس حروف کی طبع بادی گرم خشک اور ناطق ثابت ہے۔ جب اس کی زکوٰۃ ادا کرنا چاہیں تو منزل بلعہ میں جب چاند داخل ہو تو ادا کریں۔ چاند ہر ماہ ایک دفعہ اس منزل میں آتا ہے۔ ایک منزل کا وقت کم و بیش ۲۴ گھنٹے کا ہوتا ہے۔ اس میں زکوۃ ادا کی جا سکتی ہے۔ چاند

دو انمول خزانے کے کرشمات
شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

روزگار کی مشکلات۔ گھریلو ناچاقی۔ ترقی میں رکاوٹ۔ رشتوں کی بندش۔ اولاد کی نافرمانی۔ کاروبار میں زوال۔ نظر بد کے اثرات۔ جادو اور جنات کے اثرات۔ حاسدین اور دشمنوں کے شر۔ روحانی ترقی اور لاعلاج مریضوں کیلئے بہت آزمودہ۔ یہ کتاب قدم قدم پر آپ کی زندگی کے ہر مسئلہ کی رہنمائی کرے گی۔ لاکھوں آزما چکے اب آپ کی باری۔ آج ہی طلب فرمائیں!

کی منازل میں داخلے تقویموں میں دیے گئے ہیں۔ اوقات داخلہ میں اوپر گھنٹے اور نیچے منٹ ہوتے ہیں مثلاً اسے باموکل اس طرح پڑھتے ہیں: ’’اَجِبْ یَامِیْکَائِیْلُ بِحَقِّ یَاثَا‘‘ اس منزل کے وقت کے اندر اندر ۴۴۴۴ مرتبہ پڑھ لیں گے تو حرف ث کی زکات ادا ہوجائے گی۔ اب عامل کو اختیار ہے کہ جب چاہے حرف ’’ث‘‘ کے عملیات سے کام لے سکے۔ بوقت زکوۃ بخور اس کا عود ہے۔ عود نہ ملے تو بابونہ لے۔

حرف ’’ث‘‘ کے خواص

خواص اس کے یہ ہیں: (1) اگر خالص چاندی کے برتن پر دس بار نقش کیا جائے اور ہر شکل کے گرد ایک بار ثا ہندی لکھے اور پانی سے دھوکر زہر خوردہ یا مارگزیدہ کو پلائے تو حکم الٰہی سے فوراً شفا ہو۔ (2) اس شکل کو چاندی کی تختی پر کندہ کرکے بچے کے گلے میں ڈالے تو موذیات اس کے قریب نہ آئیں اور نہ وہ چیچک کی بیماری میں مبتلا ہو۔ اگر بہت روتا ہو تو رونا بھی بند کردے۔ (3) اگر کوئی شخص اس کے اعداد بسط کو مربع میں وضع کرکے انگوٹھی پر نقش کرے اور شکل ہندی میں دائرہ کے گرد ۱۴ بار لکھے اور وہ انگوٹھی پہن لے تو سانپ اس کے نزدیک نہ آئے۔ (4) اگر زہر آلود کھانا اس کے قریب آئے تو اس کو فوراً معلوم ہوجائے اور اگر زہر خوردہ کے منہ میں اس انگوٹھی کو رکھیں وہ اس کو چوسے تو زہر کے اثر سے نجات ہو۔ (5) جو شخص اس کے مرکب عددی کو مسبع نقش میں وضع کرکے اونٹ کی کھال پر لکھے اور جلا کر پیس لے پھر جس کی آنکھ میں سفیدی ہو اس کو لگائے تو سفیدی زائل ہوگی۔ (6) اور اگر اس حرف کو کسی کے نام کے ساتھ امتزاج دے اور حرفاً حرفاً لکھے۔ یعنی ایک حرف مطلوب کا اور ایک حرف طالب کا۔ اس طرح دونوں ناموں کو لکھ کر ’’ث‘‘ کو بھی درمیان میں لکھے۔ پھر شمالی ہوا چلتی ہو تو اس طرف لٹکا دے اور سات بار حرف ثا کو معہ موکل پڑھے۔ اس کے بعد کہے اے اس حرف کے خدام۔ فلاں شخص کو اس جگہ پہنچا دو اور یہ کام پیر کے دن زیادتی قمر کے دنوں میں کرے مطلب حاصل ہوگا۔ (7) جس وقت برج عقرب کے ۸ درجے طلوع ہوں تو سفید کاغذ پر ایک ہزار تین سو چار حرف ’’ث‘‘ لکھے اور موم جامہ کرکے کنوئیں میں ڈال دے۔ لکھتے وقت بخور روشن کرے اور اس گولی پر دم کرکے کنوئیں میں ڈال دے تو نظر بد اور بدخوانی سے محفوظ رہے گا۔ اگر تین سو حروف ث لکھے اور گلے میں ڈالے تو خواب میں ڈرنا موقوف ہوجائے گا۔ (8) جس گھر میں جن یا شیاطین یا خبیث یا گفتار اور کسی موذی کا گزر ہو اور وہ اذیت اور تکلیف پہنچاتا ہو یا گھر میں رہنے والوں کو یا کسی عضو کو بے کار کردیا ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ ایک لوح قلعی کی لے کر لوہے کی قلم سے اس مثلث کو لکھے اور گھر میں دفن کردے تمام تکلیف دینے والے اس مکان سے بھاگ جائیں گے۔

۷۸۶

۵۳۳	۵۴۰	۵۳۵
۵۳۸	۵۳۶	۵۳۴
۵۳۷	۵۳۲	۵۳۹

اگر ہرن کی کھال پر ایک دائرہ لگا کر ۵۰ حرف ثا اندر اور پچاس باہر لکھے اور چالیس عمود میں لکھے تو جس شخص کے سر سے اتارے وہ نظر بد سے نجات پائے۔ اس کے بندھے کام کھل جائیں۔ رزق اس کا روز بروز کشادہ ہو۔ اگر مشک وزعفران سے لکھ کر دروازہ کے مقابل لگا دے تو دوکان میں وسعت رزق ہو۔ بہت گاہک آئیں۔ دائرہ کے اندر باہر لکھے اور عمود پر بھی لکھے۔



اگر تین سو بار لکھ کر بچے کے تکیے کے نیچے رکھے تو وہ خواب میں نہ ڈرے گا۔ اگر منگل کے دن طلوع آفتاب کے وقت لکھے تو تمام دشمن مطیع ہوں اور بار بار یا کَبِیۡرُ پڑھتا رہے۔

بعض علمائے فن کا کہنا ہے کہ حرف ''ث'' جمعرات کے دن سے متعلق ہے۔ عامل کو چاہیے کہ اسم الٰہی سے استمداد طلب کرے تا کہ نتائج کلی طور پر ظاہر ہوں۔ حرف ث کو خوف کے لئے استعمال کرنا ہو تو جوز ثابت لے۔ اندر مغز بھی ہو۔ اس کے پوست پر اکیس بار اس اسم کو نقش کرے اور تمام مفسد، فاسق اور حاسدین کی راہ یا ٹھہرنے کی جگہ پر دفن کر دیں تو سب متفرق ہو جائیں گے اور پریشان رہیں گے۔ ایک کتاب میں لکھا ہے اگر کوئی روزانہ پانچ سو مرتبہ اس حرف کو پڑھا کرے تو محبت کو پیدا کرتا ہے۔ موکل جمعرات کا علوی میکائیل اسرافیل ہے۔ ملک سفلی السید شمھورش و کرش الثابت ہے۔

صحت، رشتہ و کاروبار کی ہر بندش ختم

یہ عمل ایک خاص بزرگ عامل کا عطیہ ہے اور انتہائی مجرب ہے۔ یقین سے صرف اکیس یوم پڑھیں۔ انشاء اللہ ہر قسم کی بندش ٹوٹ جائے گی۔ شروع چاند کی تاریخوں میں شب جمعرات یا شب جمعہ سے آغاز کریں اور اکیس یوم مسلسل پڑھ کر اپنے او پر دم کریں اور اللہ تعالٰی سے دعا مانگیں۔ اگر خدانخواستہ کوئی کسر رہ جائے تو مزید ایک بار دہرالیں۔ عمل یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ۔ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ مٰلِكِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ۔ اِیَّاكَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ۔ اِھۡدِنَا الصِّرٰطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ۔ صِرٰطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡھِمۡ۔ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡھِمۡ وَلَا الضَّآلِّیۡنَ۔

فَعَسَى اللّٰہُ اَنۡ یَّاۡتِیَ بِالۡفَتۡحِ۔ اِنۡ تَسۡتَفۡتِحُوۡا فَقَدۡ جَآءَکُمُ الۡفَتۡحُ۔ فَتَحۡنَا عَلَیۡھِمۡ اَبۡوَابَ کُلِّ شَیۡءٍ۔ وَعِنۡدَہٗ مَفَاتِحُ الۡغَیۡبِ۔ رَبَّنَا افۡتَحۡ بَیۡنَنَا وَبَیۡنَ قَوۡمِنَا بِالۡحَقِّ وَ اَنۡتَ خَیۡرُ الۡفٰتِحِیۡنَ۔ وَلَوۡ فَتَحۡنَا عَلَیۡھِمۡ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوۡا فِیۡہِ یَعۡرُجُوۡنَ۔ رَبِّ اِنَّ قَوۡمِیۡ کَذَّبُوۡنِ۔ فَافۡتَحۡ بَیۡنِیۡ وَ بَیۡنَھُمۡ فَتۡحًا۔ یَقُوۡلُوۡنَ مَتٰی ھٰذَا الۡفَتۡحُ اِنۡ کُنۡتُمۡ صٰدِقِیۡنَ۔ قُلۡ یَوۡمَ الۡفَتۡحِ لَا یَنۡفَعُ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡۤا اِیۡمَانُھُمۡ۔ قُلۡ یَجۡمَعُ بَیۡنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ یَفۡتَحُ بَیۡنَنَا بِالۡحَقِّ۔ وَھُوَ الۡفَتَّاحُ الۡعَلِیۡمُ۔ مَا یَفۡتَحِ اللّٰہُ لِلنَّاسِ مِنۡ رَّحۡمَۃٍ فَلَا مُمۡسِكَ لَھَا۔ فَفَتَحۡنَاۤ اَبۡوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنۡھَمِرٍ۔ لَا یَسۡتَوِیۡ مِنۡکُمۡ مَّنۡ اَنۡفَقَ مِنۡ قَبۡلِ الۡفَتۡحِ۔ نَصۡرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَ فَتۡحٌ قَرِیۡبٌ۔ فُتِحَتِ السَّمَآءُ فَکَانَتۡ اَبۡوَابًا۔

اِذَا جَآءَ نَصۡرُ اللّٰہِ وَالۡفَتۡحُ۔ وَرَاَیۡتَ النَّاسَ یَدۡخُلُوۡنَ فِیۡ دِیۡنِ اللّٰہِ اَفۡوَاجًا۔ فَسَبِّحۡ بِحَمۡدِ رَبِّكَ وَاسۡتَغۡفِرۡہُ۔ اِنَّہٗ کَانَ تَوَّابًا۔

اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ اس عمل کو بعد نمازِ فجر گیارہ بار اور بعد نمازِ مغرب اکیس بار

جوھر شفاء مدینہ

قیمت
150.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

بڑی سے بڑی قیمتی ادویات جہاں ناکام ہو جاتی ہیں وہاں یہ دوا کام کرتی ہے۔

معدہ کا مسئلہ، بلڈ پریشر، جگر، گردے یا دل کے امراض صرف چند ڈبیاں آپ کو ان امراض سے نجات دلا سکتی ہیں۔

پڑھیں۔ انشاء اللہ ہر قسم کی بندش کھل جائے گی۔ یہ عمل ان تمام افراد کے لئے مفید ہے جو کسی نہ کسی طرح بندش کا شکار ہوں مثلاً رشتہ وشادی، کاروبار وغیرہ، معاش ورزق، نوکری، صحت، اولاد، ترقی، عزت، تعلقات وغیرہ کی بندش۔

☆☆☆☆☆

دونمبر پیروں سے ہوشیار رہیں!

(الیاس شیخ)

ایک تعویذ اور محبوب (بیوی یا خاوند) قدموں میں

یہ اشتہار شاید آپ کی نظروں سے بھی گزرے ہوں کہ خاوند آپ کے قدموں میں۔ بیوی خاوند کے قدموں میں۔ صرف ایک تعویذ سے مسئلہ حل۔ اب اس کا طریقہ یہ ہے کہ جو عورت اپنے خاوند سے ناراض ہو جائے اور اسے اپنا غلام بنانا چاہتی ہو تا کہ خاوند بیوی کے سامنے سر نہ اٹھا سکے۔ وہ قبرستان میں جائے۔ خوب غور سے قبروں کو دیکھے۔ جو سب سے زیادہ بوسیدہ قبر ہو اس میں تعویذ دبا دے۔ خاوند بیوی کے قدموں میں آجائے گا اور اپنی غلطیوں پر معاف بھی مانگے گا۔

ایک معلمہ بہن کے ساتھ ایک گاؤں میں جانے کا اتفاق ہوا وہاں سے پتہ چلا کہ ہمارے پڑوسی گاؤں میں پیر صاحب لڑکی لے کر بھاگ گئے ہیں۔ یہ لڑکی تعویذ وغیرہ لینے جاتی تھی کہ پیر نے پھانس لیا اور لے کر بھاگ گیا ابھی تک کوئی خبر نہیں کہ وہ کدھر گئے ہیں۔ ادھر پیر خود ہی لڑکی لے کر بھاگ گئے اور دوسرے پیر صاحب تعویذ دے رہے ہیں کہ اتنے دن کے اندر اندر لڑکی واپس آجائے گی۔ یہ ایک الگ الگ قصہ ہے کہ لڑکی کسی اور آدمی کے ساتھ بھاگ گئی۔ گھر والے بدنامی کے خوف سے پولیس میں رپورٹ درج نہیں کرواتے اور پیروں کے پاس چلے جاتے ہیں۔ کئی لالچ دے کر کہتے ہیں کہ ہمیں تعویذ بھی دیں اور دعا بھی کریں کہ ہماری لڑکی واپس آجائے۔ پیر صاحب نے وقت دے دیا کہ اتنے دنوں تک واپس آجائے گی۔ آپ ذرا غور کریں کہ وہ لڑکی جو کسی کے جال میں پھنس کر گھر سے نکل بھاگتی ہے۔ اسے کون قبول کرتا ہے؟ کیا وہ جو لڑکے کے والدین یا بہن بھائی ہیں، اس لڑکی کو قبول کریں گے؟ نہیں۔ ایسی لڑکی کو جب کوئی بھی قبول نہیں کرتا تو اس نے واپس اپنے والدین کے پاس ہی آنا ہے۔ آکر بہانے لگائے گی کہ میں اغواء ہوگئی تھی یا وہ مجھے بہلا پھسلا کر اپنے ساتھ لے گیا تھا۔ میں آپ کی بیٹی ہوں۔ واپس آگئی ہوں۔ اب یہ کہ پیر صاحب تو بڑے پہنچے ہوئے بزرگ ہیں، ایک ہی تعویذ سے بھاگی ہوئی لڑکی واپس لے آئے ہیں۔

☆☆☆☆☆

تحویل آفتاب کے وقت خاص عملیات

غیب سے مدد حاصل ہونے کیلئے نقش

خالق کائنات نے جس وقت نظام دنیا کا چکر پیدا کیا اور جس نقطہ سے اس دور کی ابتداء ہوئی تو جب بھی سال بھر میں وہ دور آتا ہے تو اسے تحویل آفتاب کہتے ہیں اس وقت دن رات برابر ہو جاتے ہیں۔ تمام اہل علم سال بھر کا حساب اس ساعت سے تیار کرتے ہیں۔ جفار ساعت کی سعادت اور تاثیر سے فائدہ اٹھانے کے لئے لوحیں، نقوش تیار کرتے ہیں۔ اور تحویل کے وقت ہر متحرک چیز ساکن ہو جاتی ہے لیکن یہ وقفہ اس قدر قلیل ہوتا ہے۔ جس کا ادراک وشعور ممکن نہیں، تو مشکل ضرور ہے۔ اس وقت کو پانے کے لئے لوگ مختلف طریقے اختیار کرتے ہیں۔ استجابت دعا کے لئے یہ وقت تیر بہدف ہے۔ اس سال کے تحویل آفتاب کے وقت سے پہلے غسل کریں لباس سفید و پاکیزہ پہنیں لباس میں

کوئی کپڑا سرخ رنگ کا بھی ہو خواہ رومال ہی کیوں نہ ہو۔ یا جائے نماز ہو، صندل، لوبان، اگر بخور وغیرہ میں جو میسر ہو۔ اس کی دھونی وقت عمل جلائیں۔ قبل ازیں عمل دو رکعت نماز نفل ادا کریں لیکن نفل ایک گھنٹہ قبل ادا کر کے تیاری میں رہیں جگہ تنہا ہو۔ عمل کرتے وقت کوئی پاس نہ ہو۔ زعفران سے لکڑی کے قلم سے جو نیا ہو، کاغذ بھی نیا ہو، لے کر اس نقش مربع کو وقت مقررہ پر پر کریں۔ مربع پر کرنے کا قاعدہ یہ ہے کہ اپنے اور اپنی ماں کے نام کے اعداد حساب ابجد نکال کر اس میں ۳۸۷ کا اضافہ کریں اس مجموعہ میں ۳۰ عدد کو تفریق کر کے بقایا کو ۴ پر تقسیم کریں اور خارج قسمت کو چال کے نقش کے خانہ اوّل میں رکھ کر حسب قاعدہ نقش پر کریں۔ چاروں طرف سے میزان پورا ہوگا۔ تو نقش درست پُر ہوگا اگر تقسیم کرنے سے باقی کچھ بچ جائے تو ایک کے لئے خانہ ۱۳ میں ۲ کے لئے خانہ ۹ میں ۳ کے لئے خانہ ۵ میں ایک کا اضافہ کرنا ہوگا۔ خارج قسمت کو خانہ اوّل میں رکھ کر چال کے مطابق آگے آگے عدد لکھتے جائیں۔

چال آتشی مربع کی یہ ہے:۔

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش کے نیچے یہ عبارت لکھیں ''یَا اَللّٰہُ اَجِبْ دَعْوَتِی بِحَقِّ کَلَائِیْلُ'' بعد میں مختصر مطلب لکھ دیں۔ اب یہ نقش تیار ہے اس کو سامنے جائے نماز پر رکھیں اور خوشبو کو کوئلوں پر ڈالتے رہیں اس عمل کو ۳۸۷ (تین سو ستاسی) مرتبہ پڑھیں۔

''یَا اللّٰہُ بِحَقِّ اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَا اَللّٰہُ بِحَقِّ کَلَائِیْلُ اَجِبْ دَعْوَتِی''

اپنے مقصد کا دل میں خیال رکھیں اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی ہو عمل کے آخر میں اپنے مقصد کی دعا مانگیں۔ اس نقش کو اپنے گلے میں ڈال لیں اور اسکے بعد روزانہ کسی ایک وقت مقررہ پر ۳۸۷ مرتبہ عمل پڑھتے رہیں چند ہی دنوں میں خدا کی قدرت اور عملیات کی عظمت کا تماشا نظر آئے گا اور مقصد خواہ کتنا ہی مشکل کیوں نہ ہو اس کی تکمیل کے اسباب پیدا ہونگے۔ یہ واضح ہو جائے گا کہ کس طرح غیب سے آپ کو امداد ہوتی ہے اور کس طرح کامیابی ہوتی ہے۔

تحویل کے صحیح وقت کے دیئے گئے وقف کا خیال رکھیں تحویل کے عین وقت پر جو کلمہ یا عدد قلم سے نکل گیا ان ہی حروفوں سے کوئی حروف بھی نقطہ اعتدال سے ٹکرا گیا وہی اسم اعظم ہو جائے گا۔ اس لئے وقت مقررہ سے قبل عمل شروع کریں اور بعد میں ختم کریں تا کہ یہ وقت درمیان عمل کے آئے کیوں کہ صحیح وقت کا پانا مشکل ہے حکمت سے کام لیں گے تو کام ہو جائے گا۔ وقت موہوم کا وقفہ خالی نہ جانے پائے یہی آپکی کامیابی


کامیاب شادی کے
سنہرے اصول
نبوی طریقے اور جدید سائنس
تحقیق و تالیف
حکیم محمد طارق محمود عبقری مجذوبی چغتائی

گھر اس وقت خوبصورت اور پرسکون بنتا ہے جب اس میں رہنے والا ہر شخص ایک دوسرے کا خیال رکھے، زیر نظر کتاب گھروں کو مسکراہٹوں کا چمن زار بنانے، شگفتہ مزاجی اور خوش کلامی پیدا کرنے، سکون اطمینان کے ساتھ مسرت بخش کرنے اور ایک دوسرے کیلئے اچھے جذبات پیدا کرنے کا ذریعہ ہے۔

کاراز ہے۔ ''سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا۔ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ '' یہ وقت نہایت سریع التاثیر اور سعد ہوتا ہے۔

شفائی اثرات سے بھرپور پانی

عین تحویل کے وقت سے شروع کر کے سات سلاموں کو سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے محفوظ کر لیا جائے تو یہ پانی مصیبت زدہ اور بیمار کو ایک چمچ پلانے سے شفا حاصل ہوگی اور تکلیفوں سے راحت حاصل ہوگی سات سلام یہ ہیں۔

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ۔ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ۔
سَلٰمٌ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ۔ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ۔
سَلٰمٌ عَلٰى اِلْ يَاسِيْنَ۔ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ۔
سَلٰمٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ۔

کام ایسے بنیں کہ آپ حیران رہ جائیں

سات مثقال وزن چاندی کی ایک مربع تختی بنوائیں ایک مثقال ٣ ماشہ ٦ رتی کا ہوتا ہے۔ عین تحویل کے وقت اس پر ذیل کا طلسم کندہ کریں۔ ریشم کی ڈوری اس میں ڈال لیں ہر حروف کے نیچے اس کے عدد بھی لکھیں پھر اس کے

یامفشیشلیح
۱۰ ۱ ۴۰ ۸۰ ۳۰۰ ۱۰ ۳۰۰ ۳۰ ۱۰ ۸
ح ی ل ش ی ش ف م ا ی

نیچے علیحدہ حروف بھی لکھیں اس تختی کے اثر سے عجیب و غریب برکت دیکھیں گے اب جب بھی کوئی کام ہو اس ڈوری سے تختی کو اپنے داہنے بازو پر باندھیں اور نام زبان سے پکار کر کام کہیں۔ اس کام کے لئے جس کے پاس جانا ہو جائیں کسی بھی غیبی مدد سے وہ سرانجام ہو جایا کرے گا اس کے نتائج حیرت انگیز ہوں گے جن کو بیان کرنا مشکل ہے البتہ تجربہ ہی بہتر اظہار کرے گا۔ اس طلسم کو بعینہ نقل کریں۔ چاندی کی تختی پر کسی نوکدار چیز سے با آسانی لکھا جا سکتا ہے۔

☆☆☆☆☆

ریکی چکراز کے حیرت انگیز کمالات و معمولات

انتخاب: فاروق ندیم

پہلا چکرا

پہلا چکرا بنیادی چکرا (ریڑھ کی ہڈی کا چکرا) یا کنڈالنی شکتی چکرام (Rout Chakar) بھی کہلاتا ہے۔ یہ بقا کے معاملات سے تعلق قائم کرتا ہے۔ جذباتی طور پر یہ زندہ رہنے کی خواہش سے ربط پیدا کرتا ہے۔ جسمانی طور پر یہ مدافعتی نظام سے ربط پیدا کرتا ہے۔ اس لئے جب کوئی شخص مایوسی کا شکار ہو جاتا ہے تو کنڈالنی شکتی چکرا میں انرجی میں اضافہ ہونے لگتا ہے اور مدافعتی نظام کی طاقت کمزور پڑنے لگتی ہے۔ اسی طرح جب کسی شخص میں زندہ رہنے کی خواہش دم توڑنے لگتی ہے یا اس کے لئے زندگی پرکشش نہیں رہتی تو یہ چکرا متاثر ہوتا ہے۔

یہ چکرا ایڈرینل گلینڈ (Adrenal Gland) کلوی غدود سے ملتا ہے۔ کلوی رطوبت ان گلینڈ سے پیدا ہونے والے ہارمونز میں سے ایک

ہے جولڑائی جھگڑے یا مار کٹائی کی صورت حال میں کام کرتے ہیں۔ ان کا تعلق ترغیب، جوش وخروش اور طاقت سے بالواسطہ ربط ہوتا ہے۔ اگر کوئی شخص جسمانی طور پر کمزور ہوتو اس کے کنڈالنی شکتی چکرا (Chakra Root) کو مناسب مقدار میں ریکی دی جانی چاہیے۔ ہنگامی صورت حال میں یا جب کسی شخص کو انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں رکھا جاتا ہے تو روٹ چکرا کو زیادہ انرجی دی جانی چاہیے۔ اگر (Root Chakra) پر ہاتھ رکھنا ناممکن ہو یا یہ معیوب لگتا ہوتو پاؤں کو ریکی دی جانی چاہیے۔ پاؤں کے چھوٹے چکراز کا (Root Chakra) سے تعلق ہوتا ہے۔

دوسرا چکرا

مقدس چکرا Sacral Plexus کہلاتا ہے۔ اسے عام طور پر ہارا Hara کہا جاتا ہے۔ ہارا ایک جاپانی اصطلاح ہے۔ یہ وہ حصہ ہے جو ہمارے جسم کا مرکز کہلاتا ہے۔ دوسرے چکرا کا تعلق ہماری زندگی کے استحکام کے معاملے سے ہے۔ استحکام کا تعلق تخلیقیت سے ہے۔ پیچیدہ انداز میں اس کا تعلق ذہنی سکون سے ہے۔ آیئے اس استحکام، تخلیقیت، ذہنی سکون کی وضاحت کریں۔ تخلیقیت تو وہ کام ہے جو ہم کرتے ہیں۔ اور اس کے بدلے میں ہمیں انرجی (عموماً رقم کی صورت میں) ملتی ہے۔ یہ رقم ہمیں ہماری بقا، استحکام اور نشوونما کے لئے معاون ہوتی ہے۔ جب ہمیں اپنے کام کے حوالے سے اطمینان ہوتا ہے اور ہمیں اس بات کا بھی علم ہوتا ہے کہ ہم اپنے کام کو فروغ دے رہے ہیں تو ہمیں ذہنی سکون حاصل ہوتا ہے۔ جب ہم اپنی بقاء استحکام اور ذہنی سکون کے بارے میں محتاط رہتے ہیں تو ہمیں (ہماری خواہشات کی) تکمیل حاصل ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ تینوں چیزیں آپس میں مربوط ہیں۔ لیکن ہمارے معاشرے میں لوگوں کی اکثریت غلط کام کرتی ہے۔ لوگ اپنے میلان کے مطابق کام نہیں کرتے اور اسی لئے انہیں ذہنی سکون حاصل نہیں ہوتا۔ اس طرح وہ اندر سے مسلسل انتشار کا شکار رہتے ہیں۔ غصہ آنے کی ایک وجہ یہ بھی ہوتی ہے۔ ہمارے رجحان سے مطابقت رکھنے والا کام ''زندگی کا کام'' کہلاتا ہے۔ عدم مطابقت والا کام کرنے سے ہمیں مسرت کے بجائے بے چینی حاصل ہوتی ہے۔

دوسرا چکرا جنسی مرکز بھی ہے۔ معاشرتی دباؤ کی وجہ سے اس معاملے کو دبایا جاتا ہے۔ اس لئے اس چکرا میں باقی چکراز کی نسبت کم انرجی ہوتی ہے۔ یہ جسامت میں بھی سکڑا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ جب ہم خوراک کھاتے ہیں تو بنیادی خام انرجی پہلے اور دوسرے چکرا میں پیدا ہوتی ہے۔ یہ بنیادی انرجی فطرت کے لحاظ سے جنسی ہوتی ہے اور تصعید کے بعد اسے تخلیقی انرجی میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ انرجی سر میں جاتی ہے۔ ہارٹ چکرا، بازوؤں اور ہاتھوں سے مربوط ہے۔ ہارٹ چکرا سے انرجی ہاتھوں کی جانب آتی ہے۔ ہم ہاتھوں سے مختلف کام سرانجام دیتے ہیں اس لئے ہاتھوں کے ذریعے ہماری تخلیقیت ظاہر ہوتی ہے۔


خون روک شفاء

خون روک شفاء حیض کو باقاعدہ مقررہ وقت اور مقررہ مقدار میں لاتی ہے

قیمت
120.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

خون روک شفاء لیکوریا، رحم کی تقویت کیلئے اور کمر درد کا بہترین علاج ہے

وہ لوگ جو اپنے کام میں مسلسل مگن رہتے ہیں وہ اس انرجی کا استعمال کرتے ہیں جیسا کہ پہلے اور دوسرے چکرا میں پیدا ہوتی ہے۔ ان کا جسم ہلکا محسوس ہوتا ہے اور وہ تروتازہ رہتے ہیں۔ وہ اس درجہ تک جنسی قوت محسوس نہیں کرتے کہ یہ انرجی ان کے لئے مشکلات پیدا کرے۔ تعلقات کے معاملات کو دو چکرا زمربوط بناتے ہیں ہارٹ چکرا اور ہارا چکرا، جب ہم کسی شخص کا بہت زیادہ خیال کرتے ہیں، اس سے محبت کرتے ہیں تو اس شخص سے ہمارا تعلق ہارٹ چکرا کے ذریعے ہی ہوتا ہے۔ تعلقات کی یہ قسم آزادی عطا کرتی ہے۔ یہ آزادی فرد کو اظہار کے حوالے سے فطری بناتی ہے۔ لیکن جب ہم اپنی ذاتی بقاء، استحکام، تکمیل یا توقعات کو کسی شخص سے منسوب کر لیتے ہیں، تو اس شخص سے ہمارا تعلق ''ہارا چکرا'' کے ذریعے ہوتا ہے۔ اس شخص سے ذہنی وابستگی ہو جاتی ہے۔ اس صورت میں وہ شخص آزادی محسوس نہیں کرتا۔ تعلقات کی اس قسم پر بعض شرائط لگائی جاتی ہیں۔ اس تعلق کے حوالے سے استحکام اور بقا کے مستقبل کے لئے یہ ایک خطرہ ہوتا ہے۔ یہ بھی تعلق کی ایک حالت ہوتی ہے۔ جب کوئی شخص یہ کہتا ہے۔ ''اگر تمہیں کچھ ہو گیا تو میرا کیا بنے گا'' تعلقات کی اس قسم کا تعلق ''ہارا چکرا'' سے ہے۔ اس کا تعلق ہارٹ چکرا سے نہیں ہے۔ کئی طرح کے تعلقات میں لوگ گھٹن محسوس کرتے ہیں کیونکہ اس تعلق کی وجہ سے کئی قسم کی انرجی میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ یہ انرجی دوسرے شخص کے ''ہارا چکرا'' سے وصول ہوتی ہے۔

جب ہم (اپنی بقاء استحکام یا تعلقات کے حوالے سے) کوئی افسوس ناک چیز سنتے ہیں تو ہم اپنے 'ہارا چکرا' میں خالی پن یا کھوکھلا پن محسوس کرتے ہیں۔ جیسا کہ اس حصے سے کوئی چیز چیر کر نکال لی گئی و۔ اس طرح ہم اپنا ''مرکز'' کھو دیتے ہیں۔ تصوراتی مسائل کا تعلق بھی ہارا چکرا اور رُوٹ چکرا سے ہے۔ اگرچہ مسئلے کی عمومی وجہ معاملات کی پیچیدگی ہو سکتی ہے۔ یہ زندگی کے خدشات بھی ہو سکتے ہیں۔ جب کوئی شخص خود زندگی سے خوف زدہ ہو جائے تو وہ نئی زندگی کو کیسے وجود میں لا سکتا ہے۔ بچے کی پیدائش میں تکلیف کی بھی کئی وجوہات ہوتی ہیں۔ ہارا چکرا سے متعلق غدود وہ غدود ہیں جو مردوں میں خصیے اور عورتوں میں رحم کہلاتے ہیں۔

ہارا چکرا استحکام کا مرکز ہے۔ استحکام سے مراد وہ حالت ہے کہ جس میں ہماری بقا کی تکمیل کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہمارا اپنا گھر ہو، معقول ذرائع آمدنی ہوں۔ اس کے علاوہ کام کے حوالے سے ہمیں مسلسل ترقی ملتی رہے۔ استحکام کے فقدان سے ہارا متاثر ہوتا ہے۔ زندگی میں اس قسم کے استحکام کی کمی کی وجہ سے اکثر موٹاپا پیدا ہو جاتا ہے۔ عموماً اس حصے پر پہلے موٹاپا آتا ہے۔ جب کوئی فرد یہ محسوس کرتا ہے کہ وہ بیرونی دنیا میں استحکام حاصل نہیں کر سکتا تو اس طرح اس کے استحکام کے مرکز کا وزن بڑھنا شروع ہو جاتا ہے۔ یہ اندرونی بھاری پن استحکام کا متبادل ہوتا ہے۔ موٹاپا ہمیشہ ''ہارا'' میں کسی رکاوٹ کی وجہ سے پیدا نہیں ہوتا، بعض اوقات یہ گلے کے چکرا میں کسی رکاوٹ کی وجہ سے بھی پیدا ہوتا ہے۔

☆☆☆☆☆

کیا کچھ نہیں ملتا۔۔۔ دعا کی برکت سے!

☆ عام طور پر لوگ مصیبت کے وقت ہی دعا کرتے ہیں۔ یہ بندہ کی خود غرضی کی بات ہے، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا ''جو چاہتا ہو کہ مشکل وقتوں میں اس کی دعا قبول کی جائے اسے چاہئے کہ بہتر وقت میں خوب دعا کیا کرے''

(ترمذی عن ابی ہریرہؓ)

☆ ''دعا چونکہ خود عبادت ہے، اس لیے وہ کبھی رائیگاں نہیں جاتی، آپ ﷺ نے فرمایا، یا تو اس کی دعا اسی طرح قبول کر لی جاتی ہے، یا آخرت کے اجر کی صورت میں محفوظ ہو جاتی ہے، یا اسی مطلوب کے بقدر مصیبت اس سے دور کر دی جاتی ہے''

(مشکوٰۃ عن ابی سعید خدری: ۲۲۵۹)

چنانچہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے پروردگار بہت حیا والے اور کریم ہیں، جب بندہ ہاتھ پھیلاتا ہے تو اس سے حیا کرتے ہیں کہ اس کے ہاتھوں کو خالی واپس کردیں۔ (مشکوٰۃ: ۲۲۴۴)

☆ البتہ دعاء کے معاملہ میں عجلت اور بے صبری نہیں ہونی چاہیے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر انسان گناہ یا قطع رحمی کی دعا نہ کرے تو اس کی دعا قبول ہوتی ہے، بشرطیکہ جلد بازی سے کام نہ لے۔ دریافت کیا گیا کہ جلد بازی سے کیا مراد ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یوں کہے میں نے بہت دعا کی، لیکن لگتا ہے میری دعا قبول نہیں ہوئی، چنانچہ ناامید ہوکر دعا کرنا چھوڑ دے۔
(مشکوٰۃ عن ابی ہریرۃ: ۲۲۳۷)

☆ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ: خوش حالی اور کشادگی کا انتظار بھی افضل ترین عبادت ہے، وافضل العبادۃ انتظار الفرج
(مشکوٰۃ: ۲۲۳۷)

☆☆☆☆☆

شرف شمس میں تیار کی جانے والی خاص لوح

شرف شمس میں کیے جانے والے عملیات

شمس جب برج حمل میں داخل ہوتا ہے تو یہ اس حد میں داخل ہوجاتا ہے جہاں اسے شرف اور بزرگی کا اعزاز حاصل ہوگا۔ جب وہ ۱۹ درجہ پر پہنچتا ہے تو مسند شرف پر جلوہ افروز ہوجاتا ہے عاملین کے نزدیک یہ وقت تمام اوقات فلکی میں سعد اور ارفع ترین ہوتا ہے۔ اس وقت عالم علوی میں اس امر کی صلاحیت پیدا ہوجاتی ہے کہ اس کا اثر عالم سفلی پر مضبوط ہوسکتا ہے۔ بشرطیکہ مادہ موافق مہیا ہو عین اسی طرح کہ ریڈیو اسٹیشن سے نشر ہونے کے وقت ہی ریڈیو (مہیا مادہ) ان نشریات کو قبول کرتا جاتا ہے اور اس سے پیدا ہونے والی لہروں سے متاثر ہوتا ہے۔

لہٰذا اس وقت عالم بالا میں جو تاثیر پیدا ہوتی ہے وہ ظہور صنعت وقدرت خدا کا ہوتا ہے عاملین اس وقت کی تاثیر کو قبض کرنے کے لئے موافق مادہ مہیا کرتے ہیں یعنی دھات پر موافق اسماء یا آیات کو موافق لوح پر اتار لیتے ہیں وہ لوح تاثری جو ہر برج وکوکب سے مرکب سعد شکل آسمانی کا اثر قبول کرلیتی ہے۔ چونکہ شمس تمام سیارگان میں شہنشاہ کی حیثیت رکھتا ہے کہ تمام کواکب اس کے اردگرد حرکت کرتے اور اس کی روشنی حرارت اور برقی قوتوں سے فیضیاب ہوتے ہیں اس لئے اس کی تاثیر کو عاملین جفر حصول مراتب، جاہ و منزلت دشمنوں پر فتح یابی، حصول عظمت وفتوحات کے لئے ضبط کرتے ہیں اس کی برکت سے عامل لوح تمام لوگوں

اہل اللہ کی زندگیاں مشعل راہ ہوتی ہیں۔ موجودہ کتاب میں اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ ان پاک نفوس کی ایسی ہی باتوں کو عام اور مروج کیا جائے، اپنے موضوع پر دلچسپ کتاب......
کراماتِ اولیاء
جمع وترتیب
شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

سے ممتاز ہو جاتا ہے اس پر نہ سحر غلبہ پا سکتا ہے نہ اعداء وہ مراتب دینوی کے حصول کے لئے با آسانی اسباب وسائل کو پاتا ہے۔ شرف شمس کے موقع پر اس دفعہ جو عمل دیا جا رہا ہے یہ ملازمین حکام اور ان تمام لوگوں کے لئے ہے جن کا تعلق عام لوگوں سے ہوتا ہے ڈاکٹر، وکلاء اور تجارتی لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ وہ لوگ جن کو اپنے پیشے میں ترقی حاصل نہیں ان کو خصوصاً اس وقت سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ اس سال یہ وقت ۱۷ اپریل کو شام ۵ بجکر ۱۵ منٹ سے ۱۸ اپریل ۶ بجکر ۲۵ منٹ شام تک رہے گا۔ چوں کہ شمس دن کا حاکم ہے اس لئے اس کے اعمال بھی دن کو تیار کئے جاتے ہیں۔ لہٰذا صرف ۱۸ اپریل کا دن ہی اس کام کے لئے ملے گا اور اس دن بھی صرف دو ساعت شمس کام کے لئے ملیں گی جس میں عمل تیار کیا جا سکتا ہے۔ پہلی ساعت صبح ۹ بجکر ۲۷ منٹ سے ۱۰ بجکر ۳۰ منٹ تک رہے گی۔ دوسری ساعت شام ۴ بجکر ۳۳ منٹ سے ۵ بجکر ۴۵ منٹ تک رہے گی۔ یہ دو گھنٹے کا وقت ملے گا جس میں آپ کو نقش یا لوح مکمل کر لینی چاہیے۔

چالیس دن میں مالدار ہونے والا چلہ

اسمائے اربعین میں سے ایک اہم اسم اللہ کی صف رفعت جلال سے متصف ہے اور یہی اسم سر بلندی کے لئے کام دیتا ہے وہ یہ اسم ہے "یَااِلٰهَ الْاٰلِهَةِ الرَّفِيْعُ جَلَالُهٗ" اس اسم کی عام خاصیتیں یہ ہیں کہ جو کوئی ہر روز پندرہ ہزار مرتبہ چالیس روز تک پڑھے تمام خلقت اس کی مطیع و مسخر ہو اور عالم اس کا غنی ہو۔

اگر کوئی تنگ دست ایسا ہو کہ سب کی نظروں میں حقیر اور بے اعتبار ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ ہر روز فجر کی نماز کے بعد پندرہ مرتبہ پڑھا کرے اس کے پڑھنے سے اس کی پیشانی پر آثار رحمت وحشمت کے نمایاں ہوں گے۔ اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کا مرتبہ عالی ہو شرف اور دولت ملے، اکابر و حکام اس کی مدد کریں اور سختی تندہی اور متکبرانہ انداز سے پیش نہ آئیں تو اس اسم کو سترہ بار روز ہر نماز کے بعد پڑھا کرے۔ طلب جاہ، رفعت وحشمت اور کثرت اموال و اسباب اس کو نصیب ہو گی۔ اگر کوئی چاہے کہ اسکا عظمت و جمال ہمیشہ رہے تو ہفت دھات کی انگشتری بنوائے اور اس پر اس اسم کو ساعت مشتری میں کندہ کرائے اور جمعرات کو پہنے۔ استنجے اور ناپاکی کے وقت اتار دیا کرے ہمیشہ بدن پاک رکھے تو اس کو فیض پہنچے۔ جو بھی شخص اس اسم کا چلہ کرے جیسا کہ پہلے لکھا گیا ہے کہ وہ کسی سے ذکر نہ کرے اپنے حال کو پوشیدہ رکھے اب میں اس اسم سے شرف شمس میں کام لینے کا طریقہ بتاتا ہوں۔ وقت مقررہ پر علیحدہ کمرے میں صندل سرخ کی دھونی جلا کر قبلہ رخ منہ کر کے بیٹھ جائیں دھات پر کندہ کر سکتے ہوں تو اس پر کندہ کریں کاغذ پر لکھنا ہو تو زعفران سے کاغذ پر لکھیں۔ نقش یہ ہے

یاالہ	الالھۃ	الرفیع	جلالہ
۳۹۲	۶۸	۴۸	۴۶۶
۶۷	۳۸۹	۴۶۹	۴۹
۴۶۸	۵۰	۶۶	۳۹۰

اس نقش کے لکھنے کی رفتار کا مطلب یہ ہے کہ نمبر ایک سے ۱۶ خانوں میں ترتیب سے ہندسے لکھیں اور ہندسوں کی جگہ اسماء آئیں تو وہ لکھیں۔ نقش کے خانے بنانے کے بعد ضلع "قولہ الحق ولہ الملک" سے تیار کریں۔ رفتار یہ ہے۔

۱	۲	۱۱	۱۶
۱۲	۱۵	۲	۵
۱۴	۹	۸	۳
۷	۴	۱۳	۱۰

نقش لکھنے کے بعد نیچے وَ كَفٰى بِاللهِ شَهِيْدًا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ لکھیں سیدھی طرف اسمائے شمس لکھیں۔ ابرثا، صبرثا، صارثا، صورثا بائیں جانب طلسم شمس لکھیں اور نقش کی پشت پر عزیمت لکھیں اَللّٰهُمَّ سَخِّرْلِیْ جَمِيْعَ خَلْقِكَ كَمَا سَخَّرْتَ سُلَيْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِحَقِّ الرَّفِيْعُ

نقش یا لوح تیار ہونے کے بعد اسے کسی زرد یا سنہرے کپڑے یا کاغذ میں لپیٹ کر پوشیدہ کردیں اور خود اس اسم کو جو نقش کے اندر ہے ۱۹ مرتبہ پڑھ لیں اور کام ختم کردیں۔

یاد رہے کہ نقش لپیٹ کر اسے سنہرے کاغذ یا زرد رنگ کے کپڑے میں سی کر تعویذ بنالینا ہے لوح کو اس کے اندر لپیٹ لینا ہے۔ اب جو اتوار آئے اس دن سورج کے طلوع سے قبل کسی ایسی جگہ جائیں یا مکان کی چھت پر جائیں جہاں سے سورج کے نکلنے کا نظارہ ہوسکے جب تک سورج نظر نہ آئے سورۂ والشمس (پارہ ۳۰) پڑھتے رہیں اور جونہی قرص آفتاب نظر آئے تو تعویذ یا لوح ہاتھ میں لے کر دعا کریں۔ اے اللہ پاک جس طرح تو نے سورج کو سربلند کیا ہے اپنے اس اسم کی برکت سے مجھے بھی سربلند کردے اور عزت دے۔ اب آپ اسے پہن لیں بازو راست پر باندھیں یا گلے میں لٹکائیں۔

سورج کی متعلقہ دھات سونا ہے خواتین اگر ہوسکے تو یہ لوح سونے اور مرد چاندی کی بنائیں وگرنہ دونوں حضرات چاندی کی لوح بنوا کر سنہری کاغذ میں لپیٹ لیں یا سنہرے کاغذ پر لکھ لیں اور اللہ سے برکت و تاثیر کی دعا کریں۔

☆☆☆☆☆

چھٹی حس۔۔۔ انسانی فکر کی ماورائی وراثت

چھٹی حس سے دوری کیوں!

پرانے نظریات کا بنیادی لیکن انتہائی دشوار تخلیل فکر و ادراک جو روحانی علوم کی وجہ سے نشوونما پاتا ہے اور اس کی کمی روحانی قوتوں کے انحطاط کا سبب تصور ہوتی ہے۔ کائنات وقت کے تغیر کے ساتھ ساتھ بدلتی جارہی ہے اس سرزمین پر نشوونما کا فطری عمل تخریب و تعمیر اگرچہ باقاعدگی سے جاری وساری ہے اور انسان اپنی فکری صلاحیتوں کی بناء پر بالغ سے بالغ تر ہوتا جارہا ہے انسانی زندگی اور شعور کی ماورائی قوتیں ستاروں کے جہاں سے آگے نکل گئی ہیں۔ لیکن ہماری روحانی اقدار اور علوم وی وسعت کا ربط اسی انداز سے آج بھی قمر اور نجوم سے وابستہ ہے جیسے کبھی پہلے ہوا کرتا تھا۔ سمندر کی وسعتیں سمٹ رہی ہیں۔ فلکیاتی اجرام کے درمیان لامحدود فاصلے احاطہ سفر میں آگئے ہیں اور حیرت ناک

عبقری
طب نبوی
حسن وجمال

طب نبوی
حسن وجمال
کریم

آپ کے چہرے کو بنائے
تروتازہ دلکش اور حسین

طبِ نبوی اور جدید سائنس کا حسین
امتزاج آپ کو تر بنانے کے لئے

قیمت
300.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

نظریات کیمیائی فارمولوں کے توسط سے صداقت اور علوم صداقت پر منتج ہو رہے ہیں۔ مگر انسانی فکر کی لاشعوری قوت تمیز جسے ''چھٹی حس'' کا نام دیا جاتا ہے آج تک اس کی ماہیت کا اندازہ صحیح طور سے نہیں لگایا جا سکا ہے۔ حالانکہ یہ انسانی فکر کی ماروائی وراثت ہے۔ اس ہمہ گیر قوت متخیلہ کی وسعت اگرچہ اب تک ہمارے علم میں بہت کم آئی ہے مگر جہاں تک میرا ذاتی نظریہ اور عقیدہ ہے کہ یہ اولیائے کرام کی قوت ادراک ہے اور آج کل اسے صحیح طریقے سے دیکھنے والے چند لوگ اور چند واقعات بھی نہیں ملتے۔

لنکائرین فوجیں کی تباہ و بربادی۔۔۔۔چھٹی حس کا حیرت انگیز واقعہ

اگر ہم اس قوت کی وسعت اور عمل پذیری کا جائزلیں تو اس کے حیرت انگیز کارنامے پوری تاریخ انسانی میں بے شمار ملتے ہیں۔ ان وقتوں میں بھی کچھ ایسے ہی ناقابل فراموش بین الاقوامی شہرت پذیر واقعے رونما ہوئے جن کی صداقت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ چنانچہ انہیں واقعات میں ایک ناقابل یقین واقعہ BATTLE OF KOSES ہے جس میں تمام لنکائرین فوجیں تباہ و برباد ہو گئیں تھیں اس کی ناکامی کا پہلے ہی واضح طور پر ایک پیش گوئی کے ذریعے اعلان کر دیا گیا تھا اور احساسات نے ان تباہ کاریوں کا پہلے ہی سے اندازہ کر لیا تھا اور یوں معلوم ہوتا تھا کہ جیسے کہیں خون کی بارش ہوتی ہوا اور زخمی بچے کراہ رہے ہوں۔ نتیجہ اس جنگ کا فوجوں کی ناقابل توجہ شکست اور پسپائی میں ظاہر ہوا۔ عام حالات میں ایک عام انسان اس واقعہ کو ہسٹریائی کیفیت کے سوا کچھ نام نہیں دے گا لیکن اس کی صداقت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

ایک کسان لڑکے کی چھٹی حس کا واقعہ

ایک بالکل اَن پڑھ سادہ سا کسان لڑکا جو اپنی اس چھٹی حس کی وجہ سے بے حد مشہور تھا۔ جس کا نام رابرٹ تھا۔ اس نے یہ بتایا کہ ہنری ہفتم کے دور اقتدار میں اسے دربار میں طلب کیا جائے گا جہاں اس کی پیش گوئی کو رجسٹر پر درج کرنے کے بعد اسے سزا دی جائے گی اور اس طرح اس کی موت واقع ہو جائے گی چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اسے بادشاہ وقت کے دربار میں طلب کیا گیا۔ اس نے اپنے ملک میں ''خانہ جنگی'' کی صورت حال اور چالس اول کی دستبرداری کی پیش گوئی کی جو اس لڑکے کی موت کے طویل عرصے کے بعد درست ثابت ہوئیں لیکن لڑکے کو حوالات میں بند کر دیا گیا اور پھر جیل کے حکام اسے بھول گئے نتیجہ یہ ہوا کہ وہ قابل رحم حالت میں موت کا شکار ہو گیا۔

چھٹی حس سے بڑھتی ہوئی دوری

صاحب غور و فکر انسان، انسانی تاریخ میں مختلف ممالک کے افراد میں بلاشبہ ایسے معروف انسانوں کا پتہ چلا سکتے ہیں جو عظیم قوت کے حامل تھے لیکن آج کل تو عدم یقینی کی وباء ایک فیشن کی صورت اختیار کر چکی ہے جس کی وجہ سے لوگ پرانے نظریات کی تضحیک و تمسخر سے بھی باز نہیں آتے ہیں لیکن ایسے عظیم انسانوں کی عظمت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ حالانکہ ایسے افراد کی تعداد بلاشبہ کم نہیں ہے بلاشبہ ان میں ناقابل یقین قوت ارادی موجود تھیں جس کی وجہ سے ان کی پیش گوئیاں بڑے بڑے مفکر عالمین اور فلاسفہ دان اپنے پاس ریکارڈ کے طور پر رکھتے تھے اور بڑے بڑے لیڈران سے مشورے طلب کرتے تھے کیونکہ ان کی خلوص نیتی اور انسان دوستی شک و شبہ سے بالاتر تھی اب یہ بات ذہن میں آتی ہے کہ بیسویں صدی کے لوگ ان باتوں اور اس فکری عظمت کا اعتراف کیوں نہیں کرتے اس کی وجہ عدم واقفیت اور علوم روحانیات اور نفسیات سے عدم دلچسپی ہے۔ ان تمام تر عدم دلچسپیوں کی بنیادی وجہ آج کل ناگفتہ بہ سماجی معاشرتی اور نفسیاتی عوامل کے ساتھ ساتھ ناخالص خوراک بھی ہے اس میں صداقت قرائن اور حقائق سے ملتی ہے کہ سولہویں اور سترہویں صدی میں نام نہاد قسم کی جادوگرنیوں کی اگر نجی زندگی کا جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوگا کہ جھوٹ کا پلندہ نہیں تحقیق اور انہیں اپنی شکم پری کے لئے روٹی چرانی پڑتی تھی اور اس طرح ہنری ہفتم کے دربار میں بلایا جانے والا لڑکا ایک معمولی سے کسان کا لڑکا تھا مگر اس کی سادہ زندگی پرسکون تھی اور خوراک معمولی تھی یہی وجہ تھی کہ اس کی ''چھٹی حس'' نتیجہ خیز تھی لیکن مصنوعی طور پر اس قوت کے حصول کے لئے تکلیف دہ عملوں سے گزرنا پڑتا ہے تب کہیں اسے ''چھٹی حس'' کی بیداری میں کمال حاصل ہوتا ہے۔ چنانچہ یہی وجہ ہے مستقبل کے متعلق بتانے والے بھکاری اور پیشہ ور قسمت بتانے والے بڑی سخت زندگی گزارتے ہیں۔

چھٹی حس اور اولیائے کرام کا قلت طعام

اس حقیقت سے روگردانی نہیں کی جاسکتی کہ گزشتہ سوسال سے انسان تقریباً پہلی کئی صدیوں سے بہتر طور پر زندگی گزار رہا ہے اور سہل انگار بن گیا اور یہ ایک میڈیکل سروے نے بات قطعی کردی ہے کہ انسان تعیش اور سہل انگاری کے ساتھ ساتھ عمومی ضرورت حیات سے کہیں زیادہ خوراک کھانے کا عادی ہوگیا ہے اس لئے اس عظیم قوت سے عاری ہوگئے ہیں۔

ایک یورپین مصنف لکھتے ہیں کہ ''میں بے حد خوش نصیب افراد میں سے ایک ہوں کہ اگر میں نے کہیں کوئی ایسا شخص جس میں ''چھٹی حس'' کی صلاحیت دیکھی تو فوراً میں نے اس سے رابطہ قائم کیا اور اپنے احساسات کی تشفی کا باعث ثابت ہوا۔ اس سے ملنے پر اکثر و بیشتر یہ حقیقت منکشف ہوئی کہ یہ افراد جنگ اور اس کے بعد کے اثرات کی وجہ سے کافی تکلیفوں میں گھرے رہے اور اپنی قوت کی وجہ سے بے انتہا مشکلات سے دو چار رہے۔ اسی طرح ناگفتہ حالات میں ''چھٹی حس'' والوں کی تکلیف کا ذکر مجھ سے ایک سپاہی نے کیا جو مختلف جنگوں میں حصہ لے چکا تھا جس کا تعین صحرائی فوج کے آٹھویں گروپ Desert Rat میں تھا کہ ایک دن جب ہماری سپلائی تھوڑی دیر کے لئے ملتوی ہوئی ہم سب بے حد تھکے ہوئے اور پریشان تھے اچانک میرے احساسات پر ایک بوجھ سا طاری ہوگیا اور یوں معلوم ہوا کہ ہم سب کے جسم مفلوج ہوگئے ہیں اور ہمارے ٹینک بھی ہماری زندگی بچانے میں مددگار ثابت نہیں ہوسکتے کیونکہ اس وقت دشمن کے حملے کا بے حد خطرہ تھا میں نے اپنا احساس دوستوں پر واضح کیا مگر کسی نے اس پر غور نہ کیا۔ دریں اثناء ہم سب ایک ٹینک میں گھس گئے جب کہ اچانک دشمن کے طیار نے ہم پر حملہ کیا ٹیک تباہ ہوگیا۔ ماسوائے میرے تمام ساتھی موت کی گمنام وادی میں کھو گئے۔

میں اس سپاہی کی بات پر یقین کئے بغیر نہ رہ سکا کیونکہ یہ ایک ایسی قوت ہے جس کی عظمت کا میں قطعی معترف ہوں۔ علاوہ ازیں میں نے کوئی ایسی مثال اس قوت عظیم کی ''لاشعوری'' پیکر سے جدا ہوکر نہیں دیکھی بلکہ میں اسے ایک لاشعوری عمل اور خوبی کا نام دیتا ہوں۔ اسی طرح مجھے اس قوت کی کئی اور مثالیں ثبوت کے طور پر کئی ائرمینوں اور جنگ میں شامل سپاہیوں نے پیش کی ہیں جیسا کہ ہوائی فوج کے کئی افراد نے بتایا کہ انہوں نے اپنی اس قوت سے ایک آنے والے خطرناک حادثے سے کئی جانوں کو تلف ہونے سے بچایا ہے اسی طرح کئی پائلٹوں نے اس قوت حس کی وجہ سے اپنے جنگی طیارے کو دشمن کی زد سے فوراً بچالیا اور یہ اس وقت ہوا جب کہ دشمن کے طیارے اسے نرغے میں لینے کے لئے اچانک سامنے آنے والے ہوتے تھے۔ ایک شفاف دن کی روشنی میں اس قوت تمیز سے کئی معجزے ظہور میں آئے ہیں۔ علاوہ ازیں جنگ کے دوران عموماً کئی افراد نے اپنی چھٹی حس کو کافی کارآمد مددگار پایا ہے کیا آج کل کے حالات جنگی کھچاؤ سے کم ہیں؟ میں سوچتا ہوں آج کل کے انسان نے اپنے آباؤاجداد کی اس قوت سے کیا فائدہ اٹھایا ہے۔ اس قوت کے حصول میں کوئی مشکل حائل نہیں ہے اگر اس قوت کے حصول کی تمنا کرے تو سب سے پہلے اسے کم خوشی اور کم خوری کی عادت ڈالنا


شہید پاکستان
حکیم محمد سعید شہید کی سچی کہانی۔ اوراق غم کی زبانی
تحقیق و تالیف
حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی
پی۔ ایچ۔ ڈی (امریکہ)

موجودہ کتاب وقت کو عبادت سمجھنے والے، بوسٹن (امریکہ) کے کینسر ریسرچ سنٹر میں کامیاب علاج کرنیوالے، کروڑوں کے اثاثے کو پاکستان کیلئے قربان کردینے والے ایک ایسے شخص کی کہانی جو تنہا اپنی ذات میں ایک ادارہ تھا۔

چاہیے کیونکہ بسیاری خوری غفلت کرتی ہے اس کے بعد ہی وہ شخص سوسائٹی کے لئے کارآمد ثابت ہوسکتا ہے۔ اکثر آپ نے دیکھا ہوگا کہ امراء اپنی تھکن اور کلفت دور کرنے کے لئے پہاڑوں کی چوٹیوں پر سکون کی تلاش میں جاتے ہیں دراصل یہی وہ خواہش ہے جو اس قوت کے روبہ عمل ہونے کی صلاحیت کا پتہ دیتی ہے۔ انجام کار میں یہ کہے بغیر نہ رہ سکوں گا کہ یہ وہ عظیم قوت ہے جو انسان کو نادیدہ اور نہ ختم ہونے والے روحانی خزانوں سے سرفراز کرسکتی ہے اور وہ اس دولت سے لوگوں کو فائدہ پہنچانے کے اہل ثابت ہوسکتے ہیں جیسے ایک دولت مند اپنی جائیداد کا ٹیکس ادا کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆

ہر حاجت کی قبولیت کیلئے۔۔۔ مسنون اعمال

نماز حاجت ہر مشکل کا حل:

جامع ترمذی میں ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس کسی کو اللہ تعالیٰ یا کسی انسان سے کوئی حاجت ہو تو اسے چاہیے کہ اچھی طرح وضو کرے۔ پھر دو رکعت پڑھے۔ پھر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء اور بارگاہِ رسالت جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر تحفہ درود پیش کر کے یہ دعا مانگے''

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔ أَسْأَلُكَ مُوجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَ عَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ إِثْمٍ لَا تَدَعْ لِي ذَنْبًا إِلَّا غَفَرْتَهُ وَلَا هَمًّا إِلَّا فَرَّجْتَهُ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا إِلَّا قَضَيْتَهَا يَآ أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

ترجمہ: ''نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے۔ اللہ بردبار بزرگی والا پاک ہے۔ اللہ جو عظمت والے عرش کا مالک ہے۔ سب تعریف اس اللہ ہی کے لئے ہے جو تمام جہانوں کا رب ہے۔ مانگتا ہوں میں تجھ سے اسباب، تیری رحمت کے اور وسائل، تیری بخشش کے اور غنیمت جاننے کا جذبہ ہر نیکی کو اور سلامتی ہر گناہ سے۔ نہ چھوڑ میرے کسی گناہ کو مگر اس طرح کہ تو اسے بخش دے اور نہ چھوڑ کوئی غم مگر اس طرح کہ تو اسے کھول دے اور نہ چھوڑ کوئی حاجت جو تیری مرضی کے تحت ہے مگر اس کو پورا فرما۔ اے تمام رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے''۔

پریشان حال لوگوں کیلئے خاص دعا:

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے غلاموں کو حالت اضطرار میں جس طرح اپنے مولا کریم کے سامنے دعا کرنے کا سبق دیا ہے، وہ تحریر ہے تاکہ سب غلامان مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء اس سے استفادہ کرسکیں۔

عن ابی بکرۃ قال قال رسول اللہ ﷺ فی دعاء المضطر۔ اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَ اَصْلِحْ لِيْ شَانِيْ كُلَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ (قرطبی)

ترجمہ ''اے اللہ! میں صرف تیری رحمت کا امیدوار ہوں۔ مجھے آنکھ جھپکنے کی دیر بھی میرے نفس کے حوالے نہ کر۔ میرے کام درست فرما دے۔ تیرا سوا کوئی معبود نہیں''۔

مصیبت دور مشکل آسان:

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم ایک روز حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ''کیا تمہیں ایسی چیز بتلادوں جس کے پڑھنے سے ہر مصیبت و تکلیف جو کسی انسان پر پڑ گئی ہو، دور ہو جائے'' صحابہ کرام رضی اللہ

عنہم نے عرض کیا ”یارسول اللہ (ﷺ) ضرور ارشاد فرمائیں“۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ”حضرت ذوالنون (حضرت یونس علیہ السلام) کی دعا یعنی آیت کریمہ ”لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ“

ہر مصیبت و پریشانی سے نجات کی دعا

ایک شخص نے بیان کیا کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ایک صاحب ہمارے مہمان ہوئے۔ جب رخصت ہونے لگے تو مجھے کچھ ہدیہ دینا چاہا۔ میں نے انکار کر دیا تو فرمایا کہ اچھا! ہم تمہیں ایک دعا بتلاتے ہیں جو ہمارے جدامجد حضرت انس رضی اللہ عنہ کی دعا ہے اور میں نے جب کبھی یہ دعا کی، اللہ تعالیٰ نے ہر مصیبت و پریشانی سے نجات عطا فرمائی۔ وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّ ذُنُوْبِیْ لَمْ تَبْقَ لِیْ اِلَّا رَجَاءَ عَفْوِكَ وَ قَدْ قَدَّمْتُ اٰلَةَ الْحِرْمَانِ بَیْنَ یَدَیَّ۔ فَاِنْ اَسْئَلُكَ بِمَا لَا اَسْتَحِقُّهٗ وَ اَدْعُوْكَ بِمَا لَا اَسْتَوْجِبُهٗ وَ اَتَضَرَّعُ اِلَیْكَ بِمَا لَا اَسْتَاهِلُهٗ فِلَمْ یَخْفٰی عَلَیْكَ حَالِیْ وَاِنْ خَفِیَ عَلَی النَّاسِ كُنْهَ مَعْرِفَةِ اَمْرِیْ۔ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ رِزْقِیْ مِنَ السَّمَآءِ فَاهْبِطْهُ وَ اِنْ كَانَ بَعِیْدًا فَقَرِّبْهُ وَاِنْ كَانَ قَرِیْبًا فَیَسِّرْهُ وَاِنْ كَانَ قَلِیْلًا فَكَثِّرْهُ وَبَارِكْ لِیْ فِیْهِ۔

ترجمہ ”اے اللہ! میرے گناہوں نے بجز تیری معافی کے اور کوئی امید باقی نہیں چھوڑی اور میں نے محرومی کا سامان اپنے آگے بھیجا ہے۔ میں تجھ سے ایسی چیز مانگتا ہوں، جس کا مستحق نہیں اور ایسی دعا کرتا ہوں، جس کا سزاوار نہیں اور ایسی چیز سے تیری تضرع وزاری کرتا ہوں، جس کا میں اہل نہیں۔ تجھ پر میرا کوئی حال مخفی نہیں، اگرچہ لوگوں پر میرے معاملات کی حقیقت ظاہر نہ ہو۔ اے اللہ! اگر میرے رزق آسمان میں ہے، تو اس کو اتار دے اور زمین میں ہے، تو اس کو ظاہر کر دے۔ اور اگر دور ہے تو اس کو قریب کر دے اور اگر قریب ہے، تو اس کو آسان کر دے۔ اور اگر کم ہے تو اس کو زیادہ کر دے اور اس میں برکت عطا فرما“۔

☆☆☆☆☆

مشکلات سے نجات کے لئے مجرب اعمال

نوچندی شب پنجشنبہ (جمعرات) کو بعد نماز عشاء چالیس (۴۰) مرتبہ درود شریف پڑھ کر چہل قاف چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھیں۔ ہر ایک مرتبہ پڑھنے پر رب ذوالجلال کے حضور نہایت عاجزی و انکساری کے ساتھ دل کی گہرائیوں سے دعا مانگیں۔ آخر میں دوبارہ چالیس (۴۰) مرتبہ درود شریف پڑھ کر وظیفہ ختم کریں۔ اس عمل کو چالیس دن تک بلاناغہ جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ، اللہ جل شانہٗ کے فضل سے چالیس (۴۰) دن سے قبل مراد پوری ہوگی۔ مگر پھر بھی

قیمت
120.00

فٹنس فولاد ٹانک

خون بڑھانے کے لیے
توانائی بخش ٹانک
مکمل دماغی اور جسمانی ٹانک
چہرے کو گلنار بنائے

چالیس (۴۰) دن تک پڑھتے رہنا ہے۔ درمیان میں نہ چھوڑیں۔ اس کا پورا فائدہ حاصل کرنے کیلئے نماز پنجگانہ ادا کریں۔ گناہوں سے پرہیز لازمی ہے۔ وقت اور جگہ ایک رکھیں۔ عمل شروع کرنے سے پہلے اس کا تلفظ خوب درست کریں تا کہ غلطی نہ ہو۔

بسم الله الرحمن الرحيم

كفاك ربك كم يكفيك وا كفة كفكافها ككمين كان من كلكاتكر كرا ككر الكر في كبد تجلى مشكشكة كلكلك كلكا كفاك مابى كفاك الكاف كربته يا كو كبا كان يحكى كو كب الفلك۔

ادارہ عبقری کی نئی پیشکش
چھلکا اسپغول
Rs:200
SPAGHOL
چھلکا اسپغول
100 Gram
بیری کا خالص شہد
1/2 Kg Rs:1100
خالص دیسی گھی
عبقری دیسی گھی
حلال
Rs:950
1kg
بے بی ٹانک
بچوں کے جملہ امراض کیلئے بہترین
Rs: 80
فیملی شفاء
گیس، بدہضمی، سینے کی جلن کیلئے انمول تحفہ
فیملی شفاء
Family Shifa
عبقری
Rs: 10

حل المشکلات

’’لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَاِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ‘‘
ہر روز بعد از نماز عشاء پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ، اوّل و آخر درود شریف پڑھیں۔ بلا ناغہ کریں۔ مجرب ہے۔

کام بگڑ جاتے ہوں

جس کا کام ہوتے ہوتے بگڑ جاتا ہو تو ’’اھدنا الصراط المستقیم‘‘ کو جتنے ایام میں ہو سکے سوا لاکھ دفعہ پورا کرے۔ اس کے بعد ۳۱۳ مرتبہ ہر روز پڑھتا رہے اور دعا بھی کرتا رہے اور اوّل و آخر درود شریف بھی لازمی پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سب کام سیدھے ہو جائیں گے۔

ہر مقصد کے لئے

عشاء کی نماز پڑھ کر بغیر کسی سے کلام کئے باوضو قرآن مجید سامنے رکھ کر شروع سے اخیر تک ہر سطر پر انگلی رکھتا جائے اور ’’بسم اللہ الرحمن الرحیم‘‘ پڑھتا رہے۔ حتیٰ کہ پورا قرآن پاک ختم کر دیں۔ پھر عاجزی و انکساری سے دعا مانگیں۔ ہر مہینہ میں ایک بار۔ پھر دوسرے مہینہ میں ایک بار۔ پھر تیسرے مہینہ میں ایک بار۔ انشاء اللہ جو بھی جائز مقصد ہوگا، ضرور پورا ہوگا (مجرب ہے)۔

برائے ہر حاجت

اگر صبح کی نماز کے بعد سورۃ فاتحہ کو اس کے حروف کی تعداد کے برابر (یعنی ایک سو پچیس مرتبہ) پڑھے، تو بغیر کسی شک و شبہ کے مطلوب کا حصول ہوگا‘‘۔

حل المشکلات

ایک سو دفعہ بعد نمازِ عشاء و فجر مندرجہ ذیل آیت پڑھے اور اوّل و آخر درود شریف بھی پڑھے۔ وہ آیت یہ ہے:

’’رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ‘‘ (سورۃ القمر: ۱۰)

حل المشکلات

ہر روز سورۂ مزمل فجر کی سنتوں کے بعد ایک مرتبہ اور پانچوں نمازوں کے فرضوں کے بعد دو دو مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ مقصد حاصل ہوگا۔

☆☆☆☆☆



عرصہ دراز سے لوگوں کا مطالبہ تھا کہ کوئی ایسی کتاب ہو جس میں روحانی علاج کے ساتھ ساتھ قرآنی علاج بھی ہو۔ زیر نظر کتاب میں ایسے روحانی اور قرآنی تجربات جو سالہا سال تجربات اور نسلوں کے مشاہدات کے بعد آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

قیمتی جواہر ''اوپل'' کے کرشماتی خواص

اوپل کی سائنسی تحقیق

اوپل کی کرسٹل ساخت Amorphous ہے۔ یاد رہے کہ تمام پتھر اسی کرسٹل ساخت کے لحاظ سے درجہ بندی پاتے ہیں۔ اس طرح ہمارے پاس کل سات (۷) اقسام کے جیم کوالٹی کے پتھر ہوئے۔ نام درجہ بندی کے حساب سے یوں ہیں۔

Tetragonal, Cubic .Monclinic... orthorhomibic, Trigonal, Hexagonal, اور Triclinic آپ سوچیں گے کہ Amorphous کا تو ذکر ہی نہیں ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ Amorphous وہ گلاس کے پتھر ہیں جو اتنی جلدی ٹھنڈا ہوا کہ کرسٹل کی شکل اختیار ہی نہ کر سکا۔ اس کی کیمیکل کمپوزیشن بالکل کرسٹل (بلور) کی طرح ہے مگر یہ Crustalline حالت نہیں اختیار کر سکا دوسرے یہ کہ اس میں ۱ تا ۵ فیصد پانی بھی موجود ہوتا ہے۔ اس لئے یہ نان کرسٹلائن ایمورفوس (Non Crytalline Amorphous) کہلاتا ہے۔ اس کا کیمیکل فارمولا $SiO_2 H_2 O$ ہے۔ یعنی سلیکون ڈائی آکسائڈ اور پانی کا مرکب ہے۔ اس لئے یہ ان چند پتھروں میں شامل ہیں۔ جو بالاخر خشک ہو کر چٹک جاتی ہے اور رنگ تبدیل کرتی ہے۔ اگر اس کا رنگ تبدیل نہ ہو تو یہ لیبارٹری میں تیار شدہ نقلی اوپل ہوگا۔ اسی لئے اوپل وغیرہ جیسے پتھروں کے لئے ضروری ہے کہ روزانہ اسے کچھ دیر سادہ پانی میں یا نباتاتی تیل ملے پانی میں چھوڑ دیا جائے اور خشک کر کے استعمال کیا جائے۔ اوپل کی سختی عموماً اوسط ۶ درجہ لکھی جاتی ہے مگر چونکہ مختلف چیزوں کا مجموعہ ہوتی ہے۔ اس لئے یہ 5.5 درجہ سے لیکر 6.5 درجہ تک تبدیل ہوسکتی ہے۔ اس کی کثافت Density بہت کم ہوتی ہے اس لئے اس کی Specfic gravity وزن مخصوص 1.98 سے لیکر 2.10 تک ہوسکتی ہے۔ یہ پتھر میں پانی کے تناسب پر منحصر ہوتا ہے۔ اس کا انعطاف نما Refractive Index 1.37-1.4 تک ہوتا ہے۔ اس کا کوئی DR نہیں ہے۔ یعنی ڈبل انعطاف نما ممکن نہیں۔ اس کے دو بنیادی اقسام ہیں۔ ایک نایاب قیمتی اقسام جو کہ کرسٹل کی طرح رنگ بکھرتا ہے۔ دوسرے عام قسم جو ہمارے ملک میں سنگ دودھیا نام سے مشہور ہے۔ سائنس دان گلسن نے ۱۹۷۳ء میں پہلی مرتبہ اوپل کی کامیاب نقل تیار کیا۔ یہ نقل اس قدر خوبصورت اور جامع ہے کہ اصل اس کے مقابلے میں ماند پڑ جاتا ہے اور اچھے مائیکرواسکوپ کے علاوہ اصلی اور نقلی پتھر میں تمیز کرنا ناممکن ہے۔ ان کے علاوہ امریکی سائنس دان سلوچم Slocum نے بھی کچھ عرصے بعد بہترین نقل تیار کی اس کے علاوہ پلاسٹک اور شیشہ کے نیز Mother of Pearl نامی سیپ سے کئی کامیاب نقلی پتھر اوپل کے نام سے فروخت کئے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ ایک Opel Latcx بھی لیبارٹری میں تیار ہوتا ہے جو نہ صرف قیمتاً سستا ہوتا ہے بلکہ کئی ظاہری وجوہات کی بناء پر بہترین اوپل کی مشابہت رکھنے کی وجہ سے تمام ملکوں میں اوپل کے ساتھ ہی فروخت ہو جاتے ہیں۔ چونکہ اوپل کو لیبارٹری میں تیار کرنا اصل اوپل کی کان کسی سے سستا پڑھتا ہے۔ اس لئے تمام دنیا میں بڑی تعداد میں نقلی اوپل مارکیٹ میں موجود ہیں۔

اوپل کی دنیا میں مقبولیت

اوپل پوری دنیا میں ہر جگہ موجود ہیں۔ ہاں البتہ فی الوقت بین الاقوامی مارکیٹ میں اوپل کی سپلائی کا بڑا حصہ آسٹریلیا کے پاس ہے۔ دیگر مما لک جہاں بہترین قسم کے اوپل موجود ہیں۔ ان میں چیکوسلواکیہ، امریکہ، برازیل، میکسکو اور جنوبی افریقہ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ اوپل کی چند مخصوص قسمیں صرف گوٹے مالا وغیرہ میں ملتی ہے۔ اوپل کو قدیم تاریخ میں ''حوا کا چہرہ'' قرار دیا جاتا ہے کیونکہ حوا کی طرح اس کی بھی بے شمار قسمیں اور رنگ ہیں۔ ساتھ ہی حوا کے موڈ کی طرح اس کی اکثر قسمیں رنگت اور چمک تبدیل کرتی رہتی ہیں۔ اوپل کے بے شمار رنگ ہیں تقریباً قوس وقزاح کے تمام رنگ اور اس کے علاوہ بھی بے شمار شیڈ میں پایا جاتا ہے جن کا شمار کیا جانا مشکل ہے۔ اس کا رنگ سفید دودھیا سے ہلکے گرے تک، سفید سے کالے تک، زردی مائل سبز، اورنج، اسکائی بلو، دھواں جیسا گرے، مکمل سیاہ، لال، گلابی، پیلا، بے رنگ ہوسکتا ہے۔

اوپل کی اقسام

اوپل ٹرانسپیرنٹ، سیمی ٹرانسپیرنٹ اور نان ٹرانسپیرنٹ تینوں اقسام میں پایا جاتا ہے۔ حتیٰ کے کرسٹل کی طرح آب وتاب اور چمک دمک والا بھی مل جاتا ہے سب سے قیمتی مکمل سیاہ اوپل اور نایاب بے رنگ اوپل ہوتا ہے۔ اس کے بعد سرخ اور اورنج رنگ کے کرسٹل نما اوپل اس کے بعد نیلے اور سفید مکس، نیلے ہر مکس، سفید سبزی اور زرد مکس وغیرہ کے سنگ دودھیا اوپل آجاتے ہیں۔ اصل اور نقل، قیمتی وارزاں اوپل کی شناخت بے حد مشکل ہے۔ بڑے سے بڑا جوہری بھی باآسانی دھوکہ کھا سکتا ہے۔ البتہ Synthetic یعنی لیبارٹری میں تیار شدہ اوپل کی طاقتور مائیکروسکوپ سے جانچا جاسکتا ہے۔ ہمارے ملک میں جہالت کی تناسب کے حساب سے کسی بھی پتھر کی گارنٹی لینا اور گارنٹی دینا بہت مشکل ہے۔ بیچنے والے اور خریدنے والے دونوں کو نہیں پتہ ہوتا کہ کیا خرید رہا ہے اور کیا بیچ رہا ہے۔ مثال کے طور پر ہمارے یہاں بلور کرسٹل کو نقلی زرقون کے نام سے عام فروخت کیا جارہا ہے۔ حتیٰ کہ صدر کے مشہور جوہری بھی اس مرض میں مبتلا نظر آتے ہیں۔ حالانکہ زرقوت میں اتنا (فائر) چمک نہیں ہوتی جتنا کرسٹل میں ہے۔ جب کہ طبی وسحری خواص کے حساب سے نیز کیمیکل اور فیزیکل پراپرٹی کے حساب سے دونوں کے خواص میں بھی زمین آسمان کا فرق ہے۔ اسی لحاظ سے قیمت کا فرق بھی بہت ہے۔

پاکستان میں زمرد بڑی مقدار میں پایا جاتا ہے اور چونکہ زمرد زبرجد فیملی سے تعلق رکھتا ہے۔ لہٰذا زبرجد کی تمام قسمیں جن میں ایکوامیرئن، بکس بائٹ، گوشینائٹ، ہیلوڈور، مورگانائٹ وغیرہ سب ساتھ نکلتی ہونگی۔ مگر یہ سب Synthetic پتھروں اور نقلی زبرحد کے نام سے مارکیٹ میں کوڑی کے مول بکتی ہیں۔ جب کے ان کے اصل خواص اور طبی اور سحری خواص سے عوام الناس فائدہ اٹھانے سے قاصر رہ جاتے ہیں۔ بیرون ملک سے آنے والے افراد سستے داموں خرید کر گھڑیوں اور دیگر جواہرات اور آرائشی اشیاء کی تیاریوں میں ان کا استعمال کرتے ہیں اور ہمارے ملک کو نہایت مہنگے داموں فروخت کرتے ہیں۔

مجھے ایک صاحب کے پاس Malachite میلا چائٹ پتھر نظر آئے۔ میں نے یونہی پوچھ لیا کہ بھائی اس پتھر کا کیا نام ہیں موصوف نے بڑے مزے سے کہا کہ میاں یہ دھانہ فرنگ ہے اور کڈنی اسٹون کے نام سے مشہور ہے۔ پوری دنیا میں Jade کو موگی سبز پتھر Jadetite کو کڈنی اسٹون کہتے ہیں۔ بے مشک میلا چائٹ پتھر گردوں، مثانے کی تکالیف میں خاصہ فائدہ مند ہے۔ مگر کسی کی غلطی اور لاعلمی کی وجہ سے Jadetite کی جگہ میلا چائٹ کڈنی اسٹون مشہور ہوگیا۔ تاریخی طور پر سب سے پہلی اسپینی قوم نے جب سینٹرل امریکہ کو فتح کیا تو Jadetite پر نقوش و تعویذات نقش کروا کر پہننا شروع کیا۔ انہوں نے اس پتھر کو دو نام (ا) Loin Stone (صلب اور کمر کا پتھر)، (۲) کڈنی اسٹون (گردوں کا پتھر) چونکہ یہ کمر اور گردوں کے لئے زیادہ کارگر ثابت ہوا اس لئے رفتہ رفتہ پورے یورپ میں کڈنی اسٹون کے نام سے مشہور ہوگیا۔ جب کہ چین و جاپان میں اسے بدستور Jade کہتے ہیں۔ اب ان لوگوں کی غلط

فٹنیس پیک

نایاب جڑی بوٹیوں کا نفیس مرکب ہے

ذہنی وجسمانی تھکاوٹ، خون کی کمی اور بے رونق زندگی کیلئے

بیانی کا نقصان صرف پتھروں کے سحری اور طبی خواص کو پہنچ رہا ہے کیونکہ ہر شخص یہ پتھر اس کے طبی اور سحری خواص کے حساب سے لے گا اور اس کو فائدہ نہ ہوگا تو یقیناً پتھر کو اور اس علم کو ہی جھوٹا جانے گا۔ جبکہ آپ شاید یقین نہ کریں۔ جب سے یورپ و امریکہ میں روحانی شفا گری کا غلغلہ مچا ہے۔ پتھروں کے سحری خواص پر بے حد تحقیق اور تالیف کا کام ہو رہا ہے۔ لیکن ہم ہیں کہ اپنے اسلاف کی حکمتوں کو بھلا کر جہالت کی تاریکی سے چمٹے ہوئے ہیں۔

اوپل کے خواص

اوپل کو تمام بیماریوں کا دافع قرار دیا جاتا ہے۔ ساتھ ہی تمام بیماریوں کے حملے کو روکنے والا قرار دیا جاتا ہے۔ تاریخ میں نیلم اور ہیرے کے بعد سب سے زیادہ کہانیاں اوپل سے منسوب ہیں۔ یہ آنکھ کی بیماریوں کو دور کرتا ہے۔ اور زخم بھرنے میں یہ ید طولیٰ مانا جاتا ہے۔ سن ۱۸۲۹ء میں سر والٹر اسکاٹ نے Anne of Geierstein نامی ناول لکھ کر اوپل کی برائی بیان کی تھی۔ ان کی شخصیت اس قدر سائنسی تھی کہ لوگوں نے اسی کہانی کو حقیقت جانا اور اوپل درجہ اوّل سے گر کر درجہ سوم میں پہنچ گیا اور پورے یورپ میں اس کا کوئی خریدار نہ رہا۔ ۲۰ سال تک Opel کو منحوس پتھر سمجھا جاتا رہا۔ بالآخر جب ملکہ وکٹوریہ نے اپنے تاج پر سیاہ اوپل لگایا تب جا کر اس کی قیمت بحال ہونی شروع ہوئی کنگ ایڈورڈ ہفتم نے بھی اس کی خوب پذیرائی کی۔ اب واپس اس کی قدر قیمت بحال ہو چکی ہے۔

دودھیا رنگ کے اوپل کے خواص

یہ عمومی صحت کا ضامن ہے۔ خاص طور پر تلی، معدے اور پیٹ کے تمام امراض میں مفید ہے اور ان اعضاء کو طاقتور و قوی بناتا ہے۔ سحری خواص میں یہ موذی افراد کے موڈ میں استحکام پیدا کرتا ہے۔ اس لئے ۲ عدد والوں کے لئے خصوصی طور پر مفید ہے۔ یہ سوچ و بچار کی قوت اور یکسوئی فراہم کرتا ہے۔ لہٰذا مراقبہ کے دوران اس کا پہننا نہایت مفید ہے۔ یہ اورا کے سات لیول میں سے ایثری، جذباتی اور ذہنی حلقوں میں ہم آہنگی پیدا کرتا ہے۔

عام اوپل یا سنگ دودھیا:

یہ سفید، دودھیا، زرد اور گلابی بیک گراؤنڈ کے ساتھ ہوتا ہے یہ جسمانی کمزوری اور نقص کی وجہ سے بولنے کی دقت اور لکنت، ارادی حرکت میں غیر ہم آہنگی کو دور کرتی ہے۔ مرگی کے مریض بھی اس سے شفایاب ہوتے دیکھیں گئے ہیں۔ آنکھوں کے تمام امراض میں مفید ہے۔ یہ دماغ کے Pinal اور Pituitary گلینڈ کی کارکردگی بڑھتا ہے۔ مردوں میں پائی جانے والی نسوانیت کو دور کرتا ہے۔ کراؤن چکرا، تھرڈ آئی چکرا اور سولر پلکس چکرا کو کھولنے کے لئے اس کے ساتھ مخصوص مراقبہ کیا جاتا ہے۔ جو قدیم یوگ کی کتابیوں میں مرقوم ہیں۔ عام اوپل کو ہمیشہ گلے میں لٹکانا چاہیے، کیوں؟ کسی کتاب میں اس کی وجہ نہیں بیان کی گئی ہے۔

اوپل کی قسم۔۔۔اورنج اور سرخ فائر

یہ کرسٹل اور زرقون کی طرح چمک دھمک والا پتھر ہے۔ یہ صرف اورنج اور سرخ کے مختلف شیڈ میں پایا جاتا ہے یہ Lukemia یعنی خون میں پیدا ہونے والے امراض میں اور دیگر خون کی بیماریوں کے لئے اکسیر مانا جانا جاتا ہے۔ اگر بیماری کو مکمل طور پر ختم نہ بھی کرے تو اس کی شدت میں خاصی کمی لانے کی شہرت رکھتا ہے۔ یہ ذہن کو شفاف بناتا ہے اور پراگندہ ذہنی حالت کو ختم کر دیتا ہے یہ وجدان اور دیگر روحانی قوتوں کو ابھارنے میں بھی معاون ہے۔ یہ اضطراب، ڈپریشن، خوف اور مایوسی کو دور کر کے اعصاب کو سکون فراہم کرتا ہے۔ فائل اوپل خون کے سرخ ذرات اور اعضلات کی نشوونما کے لیے مفید ہے اور تمام خون کے امراض میں بھی قابو پانے میں معاون ہے۔ یہ طبیعت میں جولانی، خوشی اور بشاشیت لاتا ہے اور تر و تازہ طاقتور اور توانا رکھتا ہے۔ کئی طرح سے یاقوت کی کوالٹی اور خواص کا مالک ہے۔ بہت کمزور، ناتواں اور

خون کی کمی کے شکار افراد کو دونوں پتھر ساتھ دیئے جاسکتے ہیں۔ مشورے سے پہنیں ورنہ اوپل پھر اوپل ہے۔ یہ ڈائمنڈ کی طرح تمام قوت خود جذب کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اسی وجہ سے تمام حکماء سیکنڈ ہیڈ اوپل پہننے سے منع کرتے ہیں کیونکہ یہ اپنے پہلے پہننے والے کی تمام منفی و مثبت خواص خاص طور پر منفی پاور کو جذب کرلیتا ہے۔

اوپل کی قسم۔۔۔سیاہ اوپل

گولڈن براؤن بیک گراؤنڈ سے لیکر سیاہ بیک گراؤنڈ تک سب سیاہ اوپل میں شمار کئے جاتے ہیں۔ اس اوپل کو نچلی سطح کے اورا لیول کو مضبوط بنانے کے لئے مفید سمجھا جاتا ہے۔ جو بعد میں اورا کے بلند لیول کو اور آفاقی جذبہ محبت کو استحکام دینے میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ سیاہ اوپل مردانہ وزنانہ تمام جنسی اعضاء خصوصاً خصیہ، خصیۃ الرحم، بیضہ دانی کے امراض میں اکسیر مانا جاتا ہے اور ان اعضاء کی کمزوری اور نقائص کو دور کرتا ہے۔ اس کے علاوہ جگر، لبلبہ، تلی، طحال وغیرہ کی خبیث بیماریوں کو دور کرنے میں بھی معاون ہے۔ وہ حضرات وخواتین جو جنسی طور پر ٹھنڈے ہوں ان کے لئے بھی نفع بخش ثابت ہوچکا ہے۔ چونکہ اوپل خیال کی قوت کو استعمال کرتا ہے۔ لہٰذا اس کے پہننے والے پر لازم ہے کہ اپنی تمام سوچ کو مثبت بنالے اس سے نفع حاصل ہونا لازمی ہے۔ سیاہ اوپل کو انگشتری میں یا گردن کے مقام پر پہننا مفید تصور کیا جاتا ہے۔ خواب میں اگر خود کو اوپل پہننے والے پائیں تو کسی معاملے میں غلط فہمی کا شکار ہونگے مگر کلی طور پر غلطی پر نہ ہونگے۔ اگر اوپل دور سے دیکھیں یعنی اپنے جسم پر نہ ہو تو خوش بختی کی علامت ہے۔ اگر اوپل میں چمک دیکھیں تو خوشیاں حاصل ہونگی۔ اگر آسمان میں اوپل دیکھیں یا آسمان اوپل کی رنگت کی طرح ہوجائے تو اپنے پسندیدہ شخص کو حاصل کرنے میں کامیاب ہونگے۔ اگر تین اوپل ساتھ دیکھیں تو جسمانی، جذباتی اور ذہنی ہم آہنگی کی دلیل ہے۔ اگر اپنے پاس ہے تو خود پر لاگو ہوگا اور کسی اور کے پاس دیکھا تو اس پر لاگو ہوگا۔ اگر خود کے پاس کئی یا بہت سارے اوپل دیکھیں تو آپ دوسروں کے مشورے یا خیالات کا بالکل دھیان دیئے بغیر اپنا کام کرنے والے فرد ہیں اور لاشعور آپ کو تبدیل ہونے کا اشارہ دے رہا ہے۔ اگر خواب میں آپ سے اوپل گم ہوجائے تو کوئی عزیز یا دوست وقتی طور پر آپ سے دور ہوجائے گا۔

اوپل زندگی میں محبت کا عنصر داخل کرنے والا پتھر بھی کہلاتا ہے۔ اسے ''جواہر کی رانی'' کے نام سے بھی پکارا جاتا رہا ہے۔ کیونکہ یہ نہ صرف آپ کو محبت سے آشنا کرتا ہے۔ بلکہ خوشی اور طمانیت کا احساس بھی اُجاگر کرتا ہے۔ اوپل غصے کو دور کرتا ہے اور اشتعال انگیز طبیعت پر قابو پانے میں مدد دیتا ہے۔ اوپل کو میزان والوں کا برتھ اسٹون قرار دیا گیا ہے۔ آپ بھی اگر مثبت خیالات کے مالک نہیں ہیں اور چڑنے والے تنقید برائے تنقید کرنے والے اور حاسد فطرت کے مالک ہیں تو اوپل سے اجتناب برتیے۔ ہاں البتہ بیماری کے لئے پہن سکتے ہیں۔ روشن ضمیر افراد کا کہنا ہے کہ اوپل ہیرے کی طرح تمام توانائی خود چوس لیتا ہے مگر ساتھ ہی کرسٹل



صلوۃ التسبیح ایک مسنون عمل ہے جس پر جنت ملتی ہے، گناہوں کی معافی اور جہنم کے عذاب سے حفاظت ملتی ہے، ذرا سوچیئے......! جس عمل سے کھربوں سال ناختم ہونے والی زندگی سنور جاتی ہے تو کیا اس عمل سے ساٹھ یا ستر سال کے نظام کی اصلاح اور مسائل کا حل نہیں ہوسکتا......؟ زیر نظر کتاب ان ہی لوگوں کے تاثرات کا مجموعہ ہے جنہوں نے اس عمل کو کیا اور مشکلات کے بھنور سے فوراً نکل آئے۔

(بلور) کی طرح تمام مثبت توانائی پہننے والے کے اوراس میں بکھرتا ہے۔ اس لئے کسی کا اوپل نہیں پہننا چاہیے۔ کیونکہ وہ اس کے تمام منفی عزائم و خواص آپ پر کچھ دیر میں منتقل کرسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆

اولیاءاللہ کے 60 مجرب اعمال

1)۔۔ایک دعا آپ کے مسائل کا حل

علامہ یافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تحریر کردہ کتاب ''**نور الیقین و اشارۃ اھل التمکین**'' میں فرمایا کہ جن اوصاف وخصوصیات سے اولیاءاللہ کو مخصوص کیا گیا ہے (ایک یہ ہے کہ) جب کوئی کسی حاجت کی قبولیت کا ارادہ کرے تو جمعرات کی شام کو غسل کرے اور اپنی نماز کی جگہ اعتکاف کی نیت کرکے بیٹھ جائے۔ حتیٰ کہ مغرب کی نماز پڑھے اور پھر ذکر کرتا رہے۔ حتیٰ کہ عشاء کی نماز بھی پڑھ لے اور اس کے بعد جتنی طاقت ہو نماز میں مشغول رہے۔ جب وتروں کے آخری سجدہ میں پہنچے تو سجدہ میں ہی سومرتبہ ''یَارَبِّ، یَارَحمَنُ، یَارَحِیمُ، یَاحَیُّ یَاقَیُّومُ بِرَحمَتِكَ اَستَغِیثُ'' کہے۔

اللہ کے حکم سے اس کی حاجت پوری ہوگی۔ (الدرالنظیم ص:۳۸)

نوٹ: عشاء کی نماز کی سنتیں اور نوافل پڑھ کر اس وظیفہ کی نماز شروع کرے اور وتر بالکل اخیر میں پڑھے۔

حاجت برآری کیلئے امام غزالیؒ کا عمل

تین دن روزے رکھو، ریاضت کی شرطوں کے ساتھ اور تیسرے روزے صبح کی نماز کے بعد اسماء کے حروف کو جدا جدا مشک، عرق گلاب، زعفران یا بارش کے پاس سے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر، بائیں ہاتھ سے لکھو۔ اور اسی طرح بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر دائیں ہاتھ سے لکھو۔ پھر دو رکعت نماز پڑھو اور اپنے ہاتھوں کو آسمان کی طرف اٹھاؤ (یعنی دعا کے لئے ہاتھ اٹھاؤ) اور اللہ تعالیٰ سے سچی اور خالص نیت سے سوال کرو۔ ضروری ہے کہ نیت اور عمل ساتھ ساتھ ہوں۔ اور نیت (توجہ) اوّل سے آخر تک کسی دوسری حاجت کی جانب مبذول نہ ہو اور اپنی حاجت اور ضرورت کا نام لے کر دعا کرے۔ اور کہے ''یا اللہ! آپ ان تمام اسرار کے وسیلے سے میری حاجت کو پورا فرمادیں'' اور اس مذکورہ دعا کو بار بار دہراؤ تو تم اپنی مجلس دعا سے فارغ بھی نہ ہوگے کہ اللہ تعالیٰ تمہاری حاجت پورا فرمادیں گے اور بغیر کسی شک کے، دعا مقبول ہوگی۔ اور مندرجہ ذیل نقش کو لکھ کر اپنے سجدے کی جگہ پر رکھ دو اور اسماء یہ ہیں:

اسحس سعطف

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

ق ک ہ ی

م ع س

ع ص ح

3)۔ ہر مطلب پورا ہونے کیلئے شیخ ابن عربیؒ کا عمل

اگر کسی کو حاجت ہو تو بعد نماز مغرب، فرض وسنت سے فارغ ہو کر اسی مقام پر جہاں اس نے نماز پڑھی ہے، سورۃ فاتحہ چالیس (۴۰) بار بمع

وصل میم کے پڑھے اوراس طرح دعا کرے کہ ''اے اللہ! تیرا علم کافی ہے، اس امر سے کہ سوال سورۃ فاتحہ کی حرمت سے میرا سوال پورا فرما۔ سورۃ فاتحہ کی حرمت سے مجھے عزت بخش اور میری مراد پوری فرما''۔ حق تعالیٰ ضرور حاجت پوری فرما دیں گے۔

4)۔ ہر مشکل حل کیلئے کا باکمال عمل

(۱) اگر کسی کو کوئی مشکل پیش آئے تو سورۂ یٰسین شریف پڑھیں۔ اور مبین پر پہنچ کر سات بار سورۂ فاتحہ مع تسمیہ اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔

5)۔ تمام حوائج ومصائب کے حل کیلئے

(۲) تین سو اکتالیس (۳۴۱) مرتبہ حَسۡبُنَا اللّٰہُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ۔ نِعۡمَ الۡمَوۡلٰی وَنِعۡمَ النَّصِیۡرُ، ہر روز صبح کی نماز کے بعد پابندی سے پڑھیں۔

6)۔ ہر مشکل کے حل کیلئے بابرکت عمل

تمام مشکلات کے حل کے لئے اسم یَا لَطِیۡفُ بعد نمازِ عشاء گیارہ سو گیارہ بار پڑھے۔ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے اور پھر دعا کرے۔

7)۔ حل مشکلات کیلئے عارف باللہ رحمہ اللہ کا عمل

آیت کریمہ کو ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ بعد نمازِ عشاء، اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ پڑھ کر اپنی حاجت اور پریشانی کے خاتمے کی دعا کی جائے۔ انشاء اللہ مقصد حاصل ہوگا۔

8)۔ ہر پریشانی سے نجات کے لئے

جب کسی پریشانی یا کسی کی ایذا رسانی سے تکلیف ہو یا کوئی حل نہ ہونے والی مشکل درپیش ہو تو کثرت سے یہ دعا پڑھیں:

یَااَللّٰہُ یَارَحۡمٰنُ یَارَحِیۡمُ یَاذَا الۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ بِرَحۡمَتِكَ اَسۡتَغِیۡثُ انشاء اللہ تعالیٰ پریشانی سے نجات ہوگی اور اطمینان قلب حاصل ہوگا۔

9) پریشانی ومصائب سے نکلنے کیلئے آزمودہ عمل

حَسۡبُنَا اللّٰہُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ

ایک سو چالیس (۱۴۰) مرتبہ روز پڑھیں۔

10)۔۔۔ تکالیف کے خاتمہ کیلئے آزمودہ عمل

سورۂ یٰسین یوں پڑھے کہ ہر مبین پر یَااَللّٰہُ یَارَحۡمٰنُ یَارَحِیۡمُ گیارہ دفعہ پڑھے اور جب کلمہ کُن پر پہنچے تو یَااَللّٰہُ یَاغَنِیُّ یَامُغۡنِیُّ یَافَتَّاحُ پڑھ کر ختم کردے۔ انشاء اللہ سب تکالیف کا خاتمہ ہو جائیگا۔


قیمت
200.00
کراماتی تیل
کراماتی تیل
مالش کا حیرت انگیز تیل جو بچوں بوڑھوں اور جوانوں کیلئے یکساں مفید
جوڑوں کے درد، فالج، سردی لگ جانا
لقوہ، رعشہ، گھٹیا اور بھی بہت سے مراض کیلئے

11) مصائب حل مشکلات دور۔۔!

مصائب دور کرنے کے لئے مندرجہ ذیل دعا بارہ ہزار (۱۲۰۰۰) دفعہ روزانہ بارہ (۱۲) دن متواتر اس طرح پڑھنی چاہئے کہ اگر دن میں یہ تعداد پوری نہ ہو سکے تو شام کے بعد نیند سے پہلے پوری کر لے۔ دعا یہ ہے: ’’یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ ‘‘

12) مشکل مسائل کے حل کیلئے وظیفہ شیخ المشائخؒ کا عمل

جناب میاں واجد محمود سرگانہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ خواجہ صاحب رحمہ اللہ کی مجلس میں بیٹھا تھا۔ ایک ساتھی حضرتؒ کے قریب ہوا اور اپنی گھریلو بیماری، کاروباری، معاشی اور رشتہ داروں کے سلوک کی درد بھری کہانی سنائی، جس سے قریب لوگوں کا بھی دل بھر آیا اور پھر عرض کیا ’’حضرت جی! ان تمام پریشانیوں سے نکلنے کے لیے وظیفہ بتائیں‘‘

حضرت والا (رحمہ اللہ) نے عشاء کی نماز کے بعد ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ سورۂ اخلاص بمع بسم اللہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرنے کے لئے کہا کہ ’’اے اللہ تعالیٰ! اس کلام پاک کی برکت سے میرے مسائل حل فرما‘‘۔ اللہ تعالیٰ مہربانی کرے گا اور پھر اجتماعی دعا بھی مانگی۔

13) تمام مشکلات پانی ہو گئیں

(ا) حافظ الحدیثؒ فرماتے تھے کہ رئیس المفسرین حضرت مولانا حسین علی رحمہ اللہ یہ اشعار پڑھتے تھے جبکہ علاقہ کے رئیس و سردار مخالف ہو گئے تھے (اور حضرت بستی کے قریب دوسری جگہ پر جا کر بیٹھے)۔ اس لئے یہ اشعار سات مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اوّل آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ تمام ضروریات کا انتظام ہو گا اور تمام مشکلات حل ہوتی رہیں گی۔

یَامَنْ یَّرٰی مَافِی الضَّمِیْرِ وَیَسْمَعُ	اَنْتَ الْمُعِدُّ لِکُلِّ مَایُتَوَقَّعُ
اے وہ ذات جو باطن کی چیزوں کو دیکھتی و سنتی ہے	تو ہی عطا کرنے والا ہے ہر اس چیز کو جس کی امید کی جاتی ہے
یَامَنْ یُّرَجّٰی فِی الشَّدَائِدِ کُلِّھَا	یَامَنْ اِلَیْہِ الْمُشْتَکٰی وَالْمَفْزَعُ
اے وہ ذات جس سے تمام مصیبتوں میں امید رکھی جاتی ہے	اے وہ ذات جس کی طرف فریاد کی جاتی ہے اور جو جائے پناہ ہے
یَامَنْ خَزَائِنُ فَضْلِہٖ فِیْ قَوْلِ کُنْ	اُمْنُنْ فَاِنَّ الْخَیْرَ عِنْدَکَ اَجْمَعُ
اے وہ ذات کہ اس کے فضل کے خزانے اس کے قول کن میں ہیں	احسان فرما کیونکہ تمام بھلائی تیرے پاس ہے
مَالِیْ سِوٰی فَقْرِیْ اِلَیْکَ وَسِیْلَۃٌ	فَبِالْاِفْتِقَارِ اِلَیْکَ اَیْدِیْ اَرْفَعُ
میرے لئے احتیاجی کے سوا تیری طرف کوئی وسیلہ نہیں	تیری طرف احتیاجی کے ساتھ اپنے ہاتھ کو اٹھاتا ہوں
مَالِیْ سِوٰی قَرْعِیْ لِبَابِکَ حِیْلَۃٌ	فَلَئِنْ رُدِدْتُّ فَاَیَّ بَابٍ اَقْرَعُ
تیرے دروازے کے کھٹکھٹانے کے سوا کوئی حیلہ نہیں	اگر مجھے رد کر دیا گیا تو کون سا دروازہ کھٹکھٹاؤں گا
اِنْ کَانَ لَایَرْجُوْکَ اِلَّا مُحْسِنٌ	فَالْمُذْنِبُ الْعَاصِیْ اِلٰی مَنْ یَّرْجِعُ
اگر تیری رحمت کے نیک و کار ہی امیدوار ہوں	تو گناہگار گناہ کا ارتکاب کرنے والا کس کی طرف رجوع کرے
حَاشَا لِجُوْدِکَ اَنْ تُقَنِّطَ عَاصِیًا	اَلْفَضْلُ اَجْزَلُ وَالْمَوَاھِبُ اَوْسَعُ
تیری سخاوت سے بعید ہے کہ تو کسی گناہگار کو ناامید کرے	تیرا فضل بہت زیادہ ہے اور تیرے عطایا بہت وسیع ہیں
وَمَنِ الَّذِیْ اَدْعُوْا وَاَھْتِفُ بِاسْمِہٖ	اِنْ کَانَ فَضْلُکَ عَنْ فَقِیْرِکَ یُمْنَعُ
اور کون ہے جس کو پکاروں اور جس کے نام کے ساتھ مانگوں	اگر تیرا فضل تیرے محتاج سے روک دیا جائے

ثُمَّ الصَّلٰوۃُ عَلَی النَّبِیِّ وَاٰلِہٖ	خَیْرِ الْاَنَامِ وَمَنْ بِہٖ یُتَشَفَّعُ
پھر حضور (ﷺ) اور ان کی آل پر رحمت نازل ہو	وہ حضور جو سب لوگوں سے افضل ہیں اور جس کے ذریعہ شفاعت حاصل کی جائیگی

(۲) ہر مشکل کے لئے ان اشعار کو صبح و شام پڑھا کرے، اوّل آخر درود شریف پڑھیں

یَامَنْ یُجِیْبُ دُعَاءَ الْمُضْطَرِّ فِی الظُّلَمِ
وَیَاکَاشِفَ الضُّرِّ وَالْبَلْوٰی مَعَ السُّقَمِ
قَدْنَامَ وَفْدُكَ حَوْلَ الْبَیْتِ وَانْتَبَھُوْا
وَعَیْنُ جُوْدِكَ یَامَوْلَایَ لَمْ تَنِمِ
فَھَبْ لِیْ بِجُوْدِكَ فَضْلَ الْعَفْوِ عَنْ زُلَلِیْ
یَامَنْ اِلَیْہِ رَجَاءُ الْخَلْقِ فِی الْحَرَمِ
وَاِنْ کَانَ عَفْوُكَ یَرْجُوْہُ ذُوْخطاً
فمن یجود علے العاصین بالنعم

14) مسائل کے حل کیلئے ولایت علی پھلتی" کا عمل

اس دعا کو سات یوم تک لکھ کر دریا میں ڈالے۔ یَاحَنَّانُ۔ یَا مَنَّانُ۔ یَاسُلْطَانُ۔ یَاغُفْرَانُ۔ یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ، یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاَکْرَامِ بِرَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

15) دینی و دنیاوی حاجات کیلئے شاہ کلیم اللہ" کا عمل

صبح کی نماز کے بعد دینی و دنیاوی حاجات کے لئے ستر بار یَاوَھَّابُ اور یہ پڑھیں اَللّٰھُمَّ زِدْ نُوْرَنَا وَزِدْ سُرُوْرِنَا وَزِدْ حُضُوْرَنَا وَ زِدْ مَعْرِفَتَنَا وَزِدْ طَاعَتَنَا وَ زِدْ نِعْمَتَنَا وَ زِدْ مَحَبَّتَنَا وَ زِدْ عِشْقَنَا وَزِدْ شَوْقَنَا وَ زِدْ ذَوْقَنَا وَزِدْ عِلْمَنَا وَزِدْنَا یَامَوْلَانَا بِرَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

16) مشکلات سے نجات کیلئے کا عمل

حضرت مولانا سید شاہ صاحب" فرماتے ہیں کہ جمیع مقاصد حل مشکلات دینی و دنیاوی یہ عمل نہایت مجرب ہے۔

اوّل و آخر درود شریف سو مرتبہ درمیان میں حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ صرف پانچ سو مرتبہ روزانہ



یہ کتاب مسلسل مشاہدات، تجربات روحانی واردات کا انوکھا مجموعہ ہے جو کئی لوگوں کی زندگیوں کا نچوڑ ہے جسے انہوں نے در بدر کی ٹھوکریں کھانے کے بعد حاصل کیا۔ امید ہے آپ اس کتاب سے علم و کمال، روح و روحانیت اور تجربات کا اتھاہ سمندر حاصل کریں گے۔

پڑھنا چاہئے۔ حتیٰ کہ مقصد حاصل ہو جائے اور مشکلات حل ہو جائیں۔ اس ختم کا ثواب بروح پر فتوح حضرت ممدوح رحمہ اللہ کو بخش کر اپنی مشکلات کے حل کے لئے بواسطہ جناب ایشاں بارگاہ الٰہی جل شانہ سے استدعا کرے۔ انشاء اللہ مشکل دور ہو گی۔

17) مصیبت سے نجات

مصیبت سے نجات کے لئے سورۂ فاتحہ اس طرح پڑھے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم کی میم کو الحمد کے لام سے ملا دے۔ اتوار کے دن فجر کی سنت فرض کے درمیانی وقفہ میں شروع کرے۔ پہلے دن ستر بار اور دوسرے دن ساٹھ بار اور تیسرے دن پچاس بار، اسی طرح ہر روز دس بار کم کرتا جائے یہاں تک کہ ہفتہ کے دن دس بار پڑھے۔ انشاء اللہ جو حاجت ہو گی، پوری ہو گی۔ جو مصیبت ہو گی، دور ہو جائے گی۔

18) سورہ قریش پڑھیں اور کمال دیکھیں

☆ سورۂ قریش اگر روزانہ مداومت سے ستر بار پڑھے تو انشاء اللہ مشکل حل ہو گی۔

☆ حل مشکلات کے لئے اسم ذات اللہ کو چار ہزار پانچ سو (۴۵۰۰) مرتبہ، ہر رات میں روزانہ پڑھنا اکسیر ہے۔

19) ہر حاجت پوری ہونے کا عمل

حضرت مولانا عاشق الٰہی رحمہ اللہ میرٹھیؒ فرماتے ہیں کہ سورۃ الواقعہ کو ایک ہی مجلس میں اکتالیس بار (۴۱) پڑھنے سے حاجت پوری ہو۔ بالخصوص جو رزق سے متعلق ہو۔ (یہ عمل اگر حالات زیادہ خراب ہیں تو لگا تار ہر شب جمعہ کو تین ماہ تک کیا جائے اور پھر چھوڑ دیا جائے۔ انشاء اللہ حالات بہتر ہو جائیں گے۔ عام حالات میں ہر ماہ دو بار یہ عمل کرنا کافی رہتا ہے)۔

20) ہر قسم کے کشائش رزق حضرت گنگوہیؒ کا عمل

جو لوگ پریشانی میں مبتلا ہوتے تھے، ان کو اکثر آپ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ نمازِ عشاء کے بعد سوتے وقت پڑھنے کے لئے تعلیم فرماتے تھے۔ اور اگر اس وقت نہ ہو سکے تو جس وقت بھی ممکن ہو سکے۔ اور ایک دفعہ نہ ہو سکے تو متفرق اوقات میں اس تعداد کو پورا کر کے دعا مانگ لیا کریں اور اگر پانچ سو مرتبہ نہ ہو سکے تو ایک سو مرتبہ ضرور پڑھ لیا کریں۔ اور اگر سائل بہت ہی زیادہ پریشان ہوتا تو تعداد اٹھا دیتے اور یوں فرماتے تھے ’’چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے، وضو بے وضو۔ اس کو جتنا ہو سکے پڑھتے رہو‘‘ سینکڑوں نے اس پر عمل کیا اور کامیاب ہوئے۔

21) ضروری کام پورا ہونے کیلئے حضرت مدنیؒ کا عمل

شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنی نور اللہ مرقدہٗ فرماتے ہیں کہ مندرجہ ذیل کلمات پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ بعد نماز عشاء روزانہ پڑھے۔ اوّل وآخر درود شریف ایک سو بار پڑھے۔ جب تک کام پورا نہ ہو، پڑھتا رہے۔ پڑھنے میں پابندی کرے، ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ ہر مشکل آسان اور ہر کام پورا ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:

يَاخَفِيَّ الْاَلْطَافِ اَدْرِكْنِيْ بِلُطْفِكَ الْخَفِيِّ

22) حضرت مولانا محمد یٰسین رحمہ اللہ، برائے ہر مہم وحاجت

يَابَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَابَدِيْعُ۔ بارہ سو (۱۲۰۰) مرتبہ بارہ (۱۲) روز تک پڑھے۔

23) برائے ہر مہم وحاجت

سورۂ یٰسین مہینہ کے پہلے یکشنبہ کے روز بعد نمازِ صبح، طلوع آفتاب سے پہلے اس طرح پڑھے کہ جب اس سورت میں پہلے مبین پر پہنچے تو پھر

ازسرنو سورت شروع کرے۔ اور جب دوسرے مبین پر پہنچے تو پھر ازسرنو شروع کرے۔ جب تیسرے مبین پر پہنچے تو ازسرنو شروع کرے۔ اس سورت میں سات مرتبہ لفظ مبین آیا ہے۔ اس طرح سات مرتبہ یہ سورت پڑھی جائے گی اور عمل طلوع آفتاب سے پہلے ختم کیا جائے۔ کم ازکم سات روز یہ عمل بلاناغہ جاری رکھے۔

24) بلاومصیبت سے نجات کے لئے

سورۂ قریش ستر (۷۰) مرتبہ اور یَاسَلَامُ سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے۔

25) ہر حاجت پوری ہو، ہر مشکل سے نجات کیلئے مفتی محمد شفیعؒ کا عمل

سات یوم تک روزانہ سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر اپنے مقصد کی دعا کریں۔ انشاء اللہ کیسی ہی مشکل ہو، حل ہو گی۔ کوئی بھی حاجت ہو، پوری ہوگی۔

26) ہر مشکل اور حاجت کیلئے

جو شخص بسم اللہ الرحمن الرحیم کو بارہ ہزار (۱۲۰۰۰) مرتبہ اس طرح پڑھے کہ ہر ہزار پورا کرنے کے بعد درود شریف کم ازکم ایک مرتبہ ضرور پڑھے اور اپنے لئے اور اپنے مقاصد کے لئے دعا کرے۔ پھر ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر درود شریف پڑھنے کے بعد دعا کرے۔ اسی طرح بارہ ہزار مرتبہ پڑھنے کے بعد درود شریف پڑھ کر دعا کرے۔ اس طرح بارہ ہزار کی تعدادی پوری کر لے۔ اور بارہ مرتبہ دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل آسان ہوگی اور ہر حاجت پوری ہو جائے گی۔

27) حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب دہلویؒ، ہر ضرورت اور حاجت پوری ہو۔

’’اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ وَ عَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ‘‘ (سورۃ التغابن: ۱۳)

اس مبارک آیت کا ہمیشہ ایک ہزار مرتبہ پڑھنا، ہر ایک ضرورت اور حاجت کو پورا کرنے کے لئے اکسیر اعظم ہے۔

28) کوئی حاجت اٹکی نہ رہے

جو کوئی ہر فرض نماز کے بعد یَارَافِعُ اکیس (۲۱) مرتبہ ہمیشہ پڑھے گا، انشاء اللہ اس کی کوئی حاجت اٹکی نہ رہے گی۔

29) مصیبت دور ہو

بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَابَدِیْعُ

ستّر ہزار (۷۰۰۰۰) مرتبہ باوضو روبقبلہ بیٹھ کر پڑھے۔ انشاء اللہ مصیبت رفع ہو۔

30) رنج و مصیبت سے نجات

جس شخص کو کوئی رنج یا مصیبت پیش آئے، ایک سو تیس (۱۳۰) مرتبہ یَاصَبُوْرُ کو پڑھ کر جناب الٰہی میں دعا کرے۔ انشاء اللہ، رنج و مصیبت سے نجات نصیب ہوگی۔

کانوں کے امراض کا ایک ہی حل کانوں کی کھجلی
کان شفاء۔۔۔ شور، شائیں شائیں
ان تمام امراض کیلئے کان شفاء ایک نعمت سے کم نہیں

31)غیب سے مدد کا دروازہ کھلنے کیلئے

حضرت مولانا محمد عمر پالن پوری نور اللہ مرقدہٗ فرماتے ہیں کہ آیت وَاُفَوِّضُ اَمۡرِیۡۤ اِلَی اللّٰہِؕ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیۡرٌۢ بِالۡعِبَادِ بعد نماز عشاء ایک سو ایک (۱۰۱) دفعہ پڑھنے سے غیب سے مدد کا دروازہ کھلتا ہے۔

32)غیب سے مدد کا دروازہ کھلنے کے لئے

یَفۡرَحُ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ۔ بِنَصۡرِ اللّٰہِؕ یَنۡصُرُ مَنۡ یَّشَآءُؕ وَھُوَ الۡعَزِیۡزُ الرَّحِیۡمُ (روم:۴۔۵)
ہر جائز مراد کے لئے اور ہر مشکل کی آسانی کے لئے اس آیت کو ایک سو تیرہ (۱۱۳) دفعہ پڑھیں۔

33)گھریلو پریشانیوں سے نجات کا عمل

ایک صاحب کے گھر کے حالات بہت خراب تھے اور برابر حضرت مولانا قاری سید صدیق احمد باندوی قدس سرہٗ کی خدمت میں اپنے حالات لکھ کر دعاء کی درخواست کرتے رہتے۔ حضرت نے ان کے لئے جواب تحریر فرمایا: آپ ان سے تاکید کردیں کہ نماز کی پابندی کریں اور کسی نماز کے بعد اوّل وآخر درود شریف کے ساتھ یَارَحِیۡمُ ایک سو پچیس (۱۲۵) بار پڑھ کر دعاء کرلیا کریں۔ اللہ پاک فضل فرمائے۔

34)جملہ پریشانیوں کیلئے

ایک مدرسہ کے ذمہ دار نے مدرسہ سے متعلق بڑی پریشانیاں لکھیں یہ بھی لکھا کہ مدرسہ کافی مقروض ہے۔ زمین بھی مدرسہ کے لئے لینا ہے۔ کوئی نظم نہیں۔ اس کے علاوہ بھی شخصی اور مدرسہ کی پریشانیاں لکھی تھیں۔ حضرت مولانا قاری سید صدیق احمد باندوی قدس سرہٗ نے جواب تحریر فرمایا: دعا کررہا ہوں۔ اللہ پاک تمام مقاصد حسنہ میں کامیاب فرمائے۔ روزانہ سورۂ یٰسین شریف کا ختم کرایا جائے اور دعا کی جائے۔ انشاء اللہ غیب سے سامان ہوگا۔

35)بڑی سے بڑی پریشانی کا علاج

ایک صاحب نے بہت ہی زیادہ پریشانیوں کا اظہار کیا اور لکھا کہ حضرت اب آپ ہی بتلائیے کہ میں کیا کروں؟ حضرت مولانا قاری سید صدیق احمد باندوی قدس سرہٗ نے جواب تحریر فرمایا: پریشانی کا علاج خدا سے دعا ہے۔ جس دن فرصت ہو، دو رکعت نفل پڑھ کر اسی مجلس میں قبلہ رو ہوکر پانچ سو بار درود شریف پڑھ کر دعا کریں۔ یَاعَزِیۡزُ یَالَطِیۡفُ ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار پڑھا کریں۔ انشاء اللہ پریشانی دور ہوگی۔

36)مختلف قسم کی پریشانیوں اور مرادوں کے لئے

ایک صاحب نے مختلف قسم کی تمام پریشانیاں لکھیں اور بڑی مایوسی ظاہر کی۔ حضرت نے جواب تحریر فرمایا: دعا کررہا ہوں، اللہ پاک فضل فرمائے اور تمام پریشانیاں دور فرمائے۔ ایک مجرب عمل مشائخ کا تحریر کررہا ہوں۔ جس دن فرصت ہو، دو رکعت نفل پڑھ کر اسی جگہ قبلہ رو بیٹھ کر پانچ سو بار درود شریف پڑھ کر اپنے تمام حالات کے لئے دعا کرلیا کیجئے۔ ہر نماز کے بعد اوّل آخر درود شریف کے ساتھ یَافَتَّاحُ ایک سو پچیس (۱۲۵) بار پڑھ کر دعا کرلیا کیجئے۔

37)برائے حاجات حضرت مولانا عبدالحلیم زروبویؒ کا عمل

درود شریف تین سو پینسٹھ (۳۶۵) بار اور مندرجہ ذیل کلمات بھی تین سو پینسٹھ (۳۶۵) بار پڑھے۔
”لَاحَوۡلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ۔ لَامَلۡجَاَ وَلَا مَنۡجَاَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَی اللّٰہِ“ یہ عمل عصر کے وقت بہتر ہے۔

38)عمل برائے حل ہر مشکل

درود شریف ایک سو مرتبہ، حَسۡبُنَا اللّٰہُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ پانچ سو مرتبہ، درود شریف ایک سو مرتبہ۔ پڑھ کر دعا مانگے۔

39) برائے نجات از مصائب

سورۂ یٰسین تین بار اس طرح پڑھیں کہ جب پہلے مبین پر پہنچیں تو اپنی مشکل دور ہونے کی دعا کریں۔ پھر ابتدا سے سورت کو پڑھیں اور دوسرے مبین پر پہنچ کر دعا مانگیں۔ اس طرح سات مبینوں پر دعا مانگیں اور آٹھویں بار سورت شروع کر کے ختم کریں۔ یہ ایک بار ہوا۔ اس طرح تین بار کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ سات یوم میں کیسی ہی مشکل ہوگی، اللہ تعالیٰ نجات عطا فرمائیں گے۔

40)۔۔۔سخت مشکل سے نجات

آیت کریمہ کو بارہ روز تک روزانہ بارہ ہزار (۱۲۰۰۰) مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ، بڑی سے بڑی مشکل سے نجات ملے گی۔

41)۔۔۔مشکل سے نجات

آیت کریمہ کو چالیس روز تک روزانہ بارہ سو (۱۲۰۰) مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ، جو بھی مشکل ہوگی، حل ہوگی۔

42)۔۔۔پریشانی سے نجات

یَابَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ

چالیس روز تک روزانہ وقت مقررہ پر سات ہزار بار پڑھے۔ انشاءاللہ کیسی ہی سخت سے سخت اور نہ حل ہونے والی مشکل ہو، اللہ تعالیٰ کے فضل سے حل ہوگی۔

43)۔۔۔ایک ہی نشست میں مشکل سے نجات

سورۂ واقعہ کو ایک ہی نشست میں اکتالیس بار پڑھیں، انشاءاللہ جو بھی مشکل ہوگی، اس سے نجات ملے گی۔

44)۔ پریشانیوں سے نجات

دو رکعت نماز پڑھیں اور سلام کے بعد قبلہ رخ دوزانو بیٹھ کر سورۂ الم نشرح کو ایک سو باون (۱۵۲) بار پڑھیں اور اپنی پریشانی سے نجات کی دعا کریں۔ انشاء اللہ پریشانی دور ہوگی۔

45) رزق کی فراوانی کیلئے مفتی محمد فریدؒ کا عمل

نماز عصر کے بعد اول و آخر تین بار درود شریف پڑھ کر اٹھارہ مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ بِرَحْمَتِكَ اَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَ اَصْلِحْ لِیْ شَأْنِیْ کُلَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ۔

46) ہر حاجت روائی کیلئے مولانا ظفر احمد قادریؒ کا عمل

حاجت پوری ہونے اور مشکلات سے نجات کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ سورۂ فاتحہ سات بار اور یہ درود



کیا میک اپ نے آپ کو خوبصورت بنادیا؟ ہرگز نہیں! آیئے پھر قدرت کے دروازے پر سر رکھیں، ایسی تدابیر جو حسن کو سدا جوان اور توانا رکھ سکتی ہیں۔ نہایت کم قیمت، ہروقت میسر اور خوش ذائقہ ان قدرتی غذاؤں اور تدابیر سے کوئی مایوس نہ ہوا! آپ بھی ان شاء اللہ مایوس نہ ہوں گے۔

شریف دوسومرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اور پانچ سو بار یَاخَفِیَّ الْلُطْفِ اَدْرِکْنِیْ بِلُطْفِكَ الْخَفِیِّ۔ سورۂ فاتحہ سات باراور مذکورہ درود شریف دوسو باراور یاقاضی الحاجات (ایک سو) پڑھے اوراپنی حاجت گڑگڑا کراللہ تعالیٰ سے مانگے۔ بہت جلدامید برآوے گی۔

47)۔۔۔وظیفہ مشکل کشا

حضرت مولانا شاہ عین القضاہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: روزانہ نمازِ تہجد ادا کریں۔ یہاں تک کہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوجائیں۔ ہرآیت کوسو سومرتبہ پڑھیں اور سجدے میں جاکر دعا کریں۔

(۱) لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

(۲) رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ

(۳) وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللہِ۔ اِنَّ اللہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ

(۴) حَسْبُنَا اللہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ

(۵) یارَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

اسی سے ملتا جلتا ایک عمل شیخ الاسلامؒ سے بھی منقول ہے جو نیچے درج کیا جاتا ہے۔

48) نمازقضاء حاجات وحل مشکلات

یہ نماز بہت مجرب ہے۔ شب جمعہ کو کرلیں تو بہت مفید ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہرآفت سے حفاظت اور ہر حاجت پوری ہوگی۔ نماز یہ ہے: چار رکعت کی نیت کر کے نماز شروع کرے۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَ کَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ سومرتبہ پڑھ کر رکعت پوری کرے۔ دوسری رکعت میں الحمد کے بعد رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ سومرتبہ پڑھ کر رکعت پوری کرے۔ تیسری رکعت میں الحمد کے بعد سومرتبہ وَ اُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللہِ اِنَّ اللہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ پڑھے۔ چوتھی رکعت میں الحمد کے بعد سومرتبہ حَسْبُنَا اللہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھ کر نماز پوری کرے۔ بعد نماز کے سر سجدے میں رکھ کر سومرتبہ رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھے۔ اپنی حاجت وضرورت اور مقصد کیلئے عاجزی اور زاری سے دعا مانگے۔ (کتاب الداء والدعاص ۱۰۱)

تنبیہ: ہر رکعت میں آیۂ مبارکہ پڑھنے سے قبل ایک بار سورۃ اخلاص پڑھ کر پھر سوسومرتبہ آیت مبارکہ پڑھیں۔ ہندوستان کے ایک مشہور مفتی صاحب کا فتویٰ بھی ہے کہ یہ نماز بڑی عمدہ ہے اور فقہاء حضرات کی تصریح کے مطابق پہلے ایک بار سورۃ اخلاص پڑھ کر پھران آیات مبارکہ کو پڑھیں، بڑا مجرب عمل ہے۔

49) ہرقسم کی پریشانی اور مشکلات کے حل کیلئے

جو لوگ کسی عام پریشانی کا ذکر کرتے یا خاص پریشانی مثلاً کاروباری بندش کی شکایت کرتے تو ایسے لوگوں کو حَسْبُنَا اللہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ تین سوتیرہ (۳۱۳) مرتبہ تعلیم فرماتے۔

50) مدد ونصرت کا پہاڑ حاصل کرنے کیلئے

''الحی القیوم '' یہ اسم اعظم ہے۔ ہر نماز کے بعد یہ اسم اعظم جتنی زیادہ مرتبہ پڑھ سکیں، ضرور پڑھیں۔ نماز کے بعد جب بھی فرصت ملے، پڑھیں۔ اس کے پڑھنے سے ایسے فائدے حاصل ہوں گے جن کا قیاس وتصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔ کم سے کم اس کا پڑھنے والا زیادہ دیر

تک کسی مشکل میں نہیں رہ سکتا اور اس کی ضرورت پوری ہونے میں زیادہ وقت نہیں لگے گا۔ ہر نماز کے بعد ''یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اِسْتَغِیْثُ'' ستر (۷۰) مرتبہ پڑھیں۔ کیسی ہی کٹھن مشکل کیوں نہ ہو، انشاء اللہ بہت جلد دور ہو جائے گی۔

51) شہدائے کرام کی سکھائی ہوئی عجیب پُرتاثیر دعاء

علامہ ابن النحاس ابوزکریا محمد بن ابراہیم شہید رحمہ اللہ نے اپنی معروف جہادی کتاب ''مشارع الاشواق'' میں ایک ایمان افروز، دلچسپ اور عجیب واقعہ لکھا ہے اور اس واقعہ میں ایک پراثر دعا کا تذکرہ فرمایا ہے۔ یہ واقعہ بندہ کی تالیف فضائل جہاد کامل کے صفحے ۶۱۴ سے لے کر ۶۲۴ پر موجود ہے، وہاں سے ملاحظہ فرمالیں۔ خلاصہ اس کا یہ ہے کہ سات ڈاکوؤں نے اپنے گناہوں سے توبہ کی اور مجاہد بن گئے۔ انہوں نے رومیوں کے خلاف زبردست جنگیں لڑیں اور بارہا انہیں ذلت وشکست سے دوچار کیا۔ پھر ایک لڑائی میں یہ ساتوں گرفتار ہو گئے۔ رومی بادشاہ نے انہیں اسلام چھوڑنے پر مجبور کیا اور مال وشباب کی بڑی بڑی پیشکشیں کیں مگر اللہ تعالیٰ کے وہ مخلص بندے ایمان پر ثابت قدم رہے۔ رومیوں نے ان میں سے چھ کو بے دردی کے ساتھ شہید کر دیا۔ ساتواں مجاہد جوان کا امیر تھا، اسے بادشاہ کے وزیر نے مانگ لیا تاکہ وہ اسے اپنی حسین وجمیل لڑکی کے ذریعے فتنہ میں ڈال دے اور یہ بہادر شخص ان کے کام آئے۔ وزیر نے مجاہد کو ایک پرتعیش مکان میں ٹھہرایا اور اپنی لڑکی اس کے ساتھ چھوڑ دی۔ وہ مجاہد لڑکی کے ہاتھوں کیا گرفتار ہوتا، وہ لڑکی الٹا اس کی عفت وعبادت دیکھ کر اپنا دل ہار بیٹھی اور اسلام کی طرف مائل ہو گئی۔ موقع پا کر دونوں بھاگ نکلے۔ سفر لمبا اور پُرخطر تھا۔ اچانک ان کے پاس چھ گھڑسوار آئے۔ مجاہد نے دیکھا تو وہ اس کے اپنے چھ شہید ساتھی تھے۔ اُن شہداء نے مجاہد سے ایک دعا کہلوائی۔ ابھی اس نے دعا پڑھی ہی تھی کہ سینکڑوں میل کی مسافت طے ہو گئی اور وہ مسلمانوں کے ملک پہنچ گئے۔ جہاں ان کی شادی ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے انہیں سات بیٹے عطا فرمائے۔ وہ پرتاثیر دعا یہ ہے:

یَاصَمَدًا لَّا یَطْلِمُ۔ یَاقَیُّوْمًا لَایَنَامُ۔ یَا مَلِکًا لَّایُرَامُ۔ یَاعَزِیْزًا لَّا یُضَامُ۔ یَاجَبَّارًا لَّایَظْلِمُ۔ یَامُحْتَجِبًا لَّایُرٰی۔ یَاسَمِیْعًا لَّایَشُكُّ۔ یَاعَادِلًا لَّایَجُوْرُ۔ یَا دَائِمًا لَّایَزُوْلُ۔ یَاحَلِیْمًا لَّا یَلْهُوْ۔ یَاقَیُّوْمًا لَّا یَفْتُرُ۔ یَاغَنِیًّا لَّا یَفْتَقِرُ۔ یَا مَنِیْعًا لَّا یُغْلَبُ۔ یَاشَدِیْدًا لَّا یَضْعُفُ۔ یَا صَادِقًا لَّا یَخْلِفُ۔ یَابَاسِطَ الْیَدَیْنِ بِالْجُوْدِ وَ یَامَنْ هُوَ فِیْ مُلْكِهٖ مَحْمُوْدٌ۔ یَاعَلِیَّ الْمَكَانِ۔ یَارَفِیْعَ الشَّانِ۔ یَالَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ۔ یَالَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ۔

52) ہر مقصد کیلئے سورہ اخلاص کا مجرب عمل:

باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ پہلی مرتبہ پڑھنے سے پہلے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ لیں۔ پھر باقی بغیر بسم اللہ کے پڑھیں۔ عمل کے اول وآخر میں سات سات مرتبہ درود شریف پڑھ لیں۔ آخر میں اپنے مقصد کی دعا کریں۔ بہت طاقتور اور بعض اہل علم نے اسے ''اسم اعظم'' قرار دیا ہے۔

53) ہر قسم کی پریشانیوں کے حل کیلئے اسماء بدریینؓ کا عمل

شیخ الحدیث دیگر اکابرینؒ کا مجرب عمل ہے کہ اہل بدرؓ کے وسیلہ سے مانگی جانے والی دعائیں قبول ہوتی ہیں۔ ہر پریشانی سے نجات ملتی ہے۔ اس کو پڑھنے کا یہ طریقہ ہے کہ

قیمت
600.00
کولیسڑول سے نجات
(کورس)

کولیسٹرول سے نجات
ہائی کولیسٹرول کیلئے

ہائی کولیسڑ ول کیلئے
کولیسڑ ول کا لیول جسم کو جتنا درکار ہے وہ مہیا کرتا ہے
جگر کی اصلاح کر کے صاف خون پیدا کرتا ہے

(۱) صبح و شام، اوّل و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ ایک مرتبہ اسماء بدریین ؓ کا ورد کریں اور پڑھ کر اپنی پریشانیوں سے نجات کی دعا کریں۔ (۲) دعا کرتے وقت پوری توجہ اور آہ زاری کے ساتھ ان کا وسیلہ دے کر دعا مانگیں۔ (۳) شروع نام میں نبی کریم ﷺ کے نام کے ساتھ ﷺ اور ہر ایک صحابی کے نام کے ساتھ "رضی اللہ عنہ" ضرور پڑھیں۔ (یہ کتاب عام طور پر بازار میں مل جاتی ہے)

54)۔ ہر حاجت پوری ہونے کیلئے مفتی احسان صاحب کا عمل

اگر کسی شخص کو کوئی حاجت درپیش ہو تو اسے چاہیے کہ اسماء الحسنیٰ کو روزانہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ چالیس (۴۰) دن تک پڑھے اور آخری روز اللہ کے حضور سجدہ ریز ہو کر اپنی حاجت پیش کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس وظیفہ کی برکت سے اس کی حاجت پوری ہوگی۔

55)۔ ہر مقصد میں کامیابی

جو شخص خاص مقصد رکھتا ہو لیکن اپنے ارادے اور مقصد میں کامیاب نہ ہوتا ہو تو عشاء کی نماز کے بعد ایک سو بار سورۂ بقرہ کی آخری آیات امن الرسول سے آخر تک، پڑھے گا۔ اور اس کے اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے گا اور اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا کرے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ اگر کسی مسجد میں بیٹھ کر عمل کیا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔

56)۔ کسی طرح جان نہ چھوٹنے والے کیلئے عمل

اگر کوئی شخص مشکلات میں پھنس گیا ہو اور کسی طرح جان نہ چھوٹتی ہو تو اوّل و آخر چالیس مرتبہ درود شریف اور درمیان میں تین سو بار سورۂ توبہ کی آخری دو آیات پڑھیں۔ اس عمل کو چالیس یوم پابندی سے پڑھیں۔ اس عمل کے دوران حسب حیثیت صدقہ خیرات بھی کرتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس دن کے اندر اندر ہی حالات بہتر ہوتے جائیں گے۔ مشکلات حل ہونا شروع ہو جائیں گی۔ بیماریاں دور ہو جائیں گی اور پریشانیاں ازخود ختم ہو جائیں گی۔ مجرب عمل ہے۔

57)۔ حل مشکلات کیلئے

جو آدمی پیر کے روز طلوع آفتاب کے وقت سورۃ الکافرون دس بار پڑھ کر کسی مشکل کے حل یا مقصد کے حصول کے لیے دعا مانگے گا، اللہ تعالیٰ اس کی وہ مشکل حل اور مقصد پورا فرما دیں گے۔

58)۔ قضائے حاجات کے لئے باموکل عمل

اگر آپ کا کوئی کام اٹک گیا ہو اور حل ہو کے نہیں دے رہا یا کوئی بڑی مصیبت آ پڑی ہے اور ٹلنے کا نام نہیں لیتی تو اکیس (۲۱) دن تک سورۃ الاخلاص عشاء کے بعد ایک بار پڑھیں اور آخر میں یہ کلمات کہیں: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا اَحَدُ یَا فَرْدُ یَا صَمَدُ یَا مَنْ لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا یَا مَنْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ اَسْمَآئِکَ الْعِظَامِ وَ اَنْبِیَآئِکَ الْکِرَامِ اَنْ تَسْخِرَ لِیْ خُدَّامَ ھٰذِہِ السُّوْرَۃِ الْعَظِیْمَۃِ عَبْدَکَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ وَ عَبْدَکَ عَبْدَ الصَّمَدِ وَ عَبْدَکَ عَبْدَ الْوَاحِدِ یَکُوْنُوْنَ لِیْ عَوْنًا عَلٰی قَضَآءِ حَوَآئِجِیْ۔ اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ۔ اَلْوَحَا اَلْوَحَا۔ اَلسَّاعَۃَ اَلسَّاعَۃَ۔ بَارَکَ اللّٰہُ فِیْکُمْ وَ عَلَیْکُمْ وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَسَلَّمَ۔

الوحا سے پہلے دعا ہے، جو رب کریم سے مانگی جاتی ہے اور الوحا سے آخر تک آپ اس سورۃ کے موکلات کو مخاطب کریں گے۔

ف: اکیس دن عمل کر لینے کے بعد ہفتے میں ایک بار اگر اسے دہراتے رہیں تو آپ کے کام خود بخود حل ہوتے جائیں گے اور سورت کے موکلات آپ کی خدمت کی بجا آوری پر مامور رہیں گے۔ اگر ہفتہ وار عمل برقرار نہ رکھ سکیں تو آئندہ جب کبھی ضرورت پڑے، جمعہ کے دن سے شروع کر کے جمعرات کے دن تک عمل کر لیں۔ انشاء اللہ سات دن کا عمل ہی کافی ہو جائے گا۔

59)۔ حل مشکلات کا عمل

بسم اللہ شریف کے توسل سے دعا مانگنے کا ایک اور بھی طریقہ بزرگان دین سے نقل چلا آرہا ہے۔ اس مخصوص دعاء میں بسم اللہ شریف کو شامل کرکے اس کے وسیلے اور برکت سے اپنی حاجات اللہ تعالیٰ کے سامنے رکھی جائیں تو بہت جلد پوری ہوتی ہیں۔ دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت پڑھ کر اوّل وآخر درود شریف حسب توفیق پڑھ کر درمیان میں ایک سو اٹھارہ (۱۱۸) بار یہ دعاء پڑھیں اور آخری جملہ: وصلی اللہ۔ سے پہلے جہاں جگہ خالی چھوڑی گئی ہے وہاں اپنے مقصد کی دعا اپنی زبان میں پوری عاجزی وانکساری اور خشوع وخضوع سے مانگ کر آگے دعا مکمل کرلیں۔ انشاءاللہ ہر مقصد پورا اور ہر حاجت روا ہوگی۔ دعا یہ ہے:

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ اَللّٰھم اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ بِفَضۡلِ بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَ بِحَقِّ بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَ بِھَیۡبَۃِ بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَ بِمَنۡزِلَۃِ بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ اِرۡفَعۡ قَدۡرِیۡ وَیَسِّرۡ اَمۡرِیۡ وَ اشۡرَحۡ صَدۡرِیۡ یَامَنۡ ھُوَ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ الٓمٓ الٓمٓصٓ الٓمٓرٰ الٓمٓ اَللہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ بِسِرِّ الۡھَیۡبَۃِ و الۡقُدۡرَۃِ وَ الۡجَبَرُوۡتِ الۡعَظۡمَۃِ اِجۡعَلۡنِیۡ مِنۡ عِبَادِكَ الۡمُتَّقِیۡنَ وَاَھۡلِ طَاعَتِكَ الۡمُحِبِّیۡنَ۔ وصلی اللہ علی سیدنا محمد وعلی آلہ و صحبہ اجمعین۔

60)۔ کام فوری انجام پانے والا عمل

جو شخص فجر کے بعد اس آیت کا روزانہ چالیس (۴۰) بار ورد رکھے، اللہ تعالیٰ اس کی ہر مشکل آسان فرماتے ہیں اور اس کے تمام کام خود بخود ہوتے چلے جاتے ہیں۔ آیت یہ ہے:

ثُمَّ اَنۡزَلَ عَلَیۡکُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ الۡغَمِّ اَمَنَۃً نُّعَاسًا یَّغۡشٰی طَآئِفَۃً مِّنۡکُمۡ وَطَآئِفَۃٌ قَدۡ اَھَمَّتۡھُمۡ اَنۡفُسُھُمۡ یَظُنُّوۡنَ بِاللہِ غَیۡرَ الۡحَقِّ ظَنَّ الۡجٰھِلِیَّۃِ یَقُوۡلُوۡنَ ھَلۡ لَّنَا مِنَ الۡاَمۡرِ مِنۡ شَیۡءٍ قُلۡ اِنَّ الۡاَمۡرَ کُلَّہٗ لِلّٰہِ یُخۡفُوۡنَ فِیۡۤ اَنۡفُسِھِمۡ مَّا لَا یُبۡدُوۡنَ لَكَ یَقُوۡلُوۡنَ لَوۡ کَانَ لَنَا مِنَ الۡاَمۡرِ شَیۡءٌ مَّا قُتِلۡنَا ھٰھُنَا قُلۡ لَّوۡ کُنۡتُمۡ فِیۡ بُیُوۡتِکُمۡ لَبَرَزَ الَّذِیۡنَ کُتِبَ عَلَیۡھِمُ الۡقَتۡلُ اِلٰی مَضَاجِعِھِمۡ وَلِیَبۡتَلِیَ اللہُ مَا فِیۡ صُدُوۡرِکُمۡ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیۡ قُلُوۡبِکُمۡ وَاللہُ عَلِیۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ۔

☆☆☆☆☆

شگفتہ باتیں
بکھرے موتی
انمول یادیں
حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی
عربی کا مقولہ ہے کہ کل جدید لذیذ یعنی ہر نئی چیز لذیذ ہوتی ہے لہٰذا جو معلومات آپ کی خدمت میں پیش ہیں یہ یقیناً لذیذ ہیں۔ یہ کتاب پرانی بھولی بسری یادوں کو نئے انداز یاد کرائے گی۔ اس کتاب کے چند ابواب تو حیرت کدہ اور طلسم کدہ ہیں اور جنہیں پڑھ کر آپ کی سوچیں ہی بدل جائیں گی۔

نوشادر کے فوائد آپ پڑھ کر حیران ہو جائیں

نوشادر اکثر بازاروں میں ملتا ہے۔ عموماً میلا زیادہ ہوتا ہے۔ اس کی موٹی شفاف ڈلیاں، میلے یا سفید یا بھورے رنگ کی ہوتی ہیں۔ نوشادر کا ذائقہ نمکین اور تیز ہوتا ہے اور کسی قسم کی خوشبو نہیں ہوتی۔ جب اس کو دوا کے طور پر استعمال کرنا ہوتا ہے تو اس کو کھولتے ہوئے پانی میں گھول کر موٹے کپڑے میں چھان لیتے ہیں اور صاف سولیوشن کو برتن میں قلمیں باندھنے کے لئے دھوپ میں رکھ دیتے ہیں۔ قلموں اور سفید رنگ کے تہ نشین سفوف کو بوتل میں استعمال کے لئے رکھ چھوڑنا چاہیے۔ اس طرح صاف ہونے کے بعد وہ بہت سی امراض میں استعمال کا مانع ہے۔ تھوڑا سا ملٹھی کا سفوف ملانے سے اصلاح پر آ جاتا ہے۔

زچگی کے بعد نسوانی بیماریوں کا آسان علاج

زچگی کے بعد عورتوں کے پستانوں میں جو دنبل ہو جاتا ہے وہ اس ترکیب سے رک سکتا ہے کہ ایک ڈرم نوشادر اور ایک اونس تاڑی کو ایک پائنٹ گلاب میں ملا کر سولیوشن بنا لیں۔ اور اس سولیوشن میں کپڑا اتر کر کے مواد پیدا ہونے سے پہلے پستانوں پر باندھا جائے۔ سولیوشن مذکورہ اس وقت بھی مفید ہوتا ہے جب دنبل پھوٹ جانے کے بعد پستانوں میں سختی باقی رہ جاتی ہے۔ جسم کے دوسرے حصوں میں جب دنبل نمودار ہونے والا ہوتا ہے اس وقت بھی اس لوشن کا استعمال کرنے سے رک جاتا ہے۔ بشرطیکہ ابتدائی حالت میں مواد پیدا ہونے سے پہلے استعمال کیا جائے۔

نوشادر کے دیگر فوائد

چہرہ کے درد میں جو وجع مفاصل کے باعث ہو۔ نوشادر کبھی کبھی بہت مفید ہوتا ہے۔ دو ڈرام چھ اونس پانی میں حل کر کے ڈیڑھ اونس کی خوراک کے حساب سے باہر چار گھنٹہ بعد پلانا چاہئے۔ جب تک آرام نہ ہو۔ اگر چار خوراک کے بعد آرام نہ ہو تو پھر اس کا استعمال جاری رکھنا بے سود ہے۔ عصبی درد کی دوسری قسمیں عرق النساء اور درد کمر نوشادر کے استعمال سے زائل ہو جاتی ہیں۔ جب اس کو ابتدائے مرض میں دیا جاتا ہے۔ مزمن وجع مفاصل میں خصوصاً جب کہ عضلات زیادہ تر مبتلائے مرض ہوتے ہیں۔ نوشادر ۱۵ یا ۲۴ گرام کی خوراک میں خیساندہ ہندی سالسا کے ساتھ بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ بڑے شہر کے مزدوروں میں جو جسمانی مشقت اعتدال سے زیادہ کرتے ہیں اور شکم سیر کھانا نہیں کھاتے اور اس وجہ سے ان کے سینہ اور دھڑ کے عضلات میں جو درد ہو جاتا ہے اس کے رفع کرنے میں نوشادر بہت موثر پایا گیا ہے مگر ایسے مریضوں کو اس کا استعمال کچھ عرصہ تک جاری رکھنا چاہئے۔ عصبی اور صفراوی دردسر میں یا جب یہ مرض اختناق الرحم کے باعث ہو نوشادر دس یا بیس گرام کی خوراک میں دن میں دو یا تین دفعہ پلانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ مگر حملہ کے وقت جس قدر شروع میں اس کو دیا جائے اسی قدر مفید ہے۔

کھانسی میں بہترین علاج

مزمن کھانسی میں خصوصاً ضعیف العمری کی کھانسی میں ایک گرام نوشادر کو دو اونس شربت ملٹھی اور چار اونس پانی کے ساتھ مکسچر بنانے سے بعض اوقات بڑا فائدہ دیکھا گیا ہے اس مکسچر کی خوراک ایک اونس ہے۔ دن میں ۵ یا ۶ دفعہ پلانا چاہیے۔ جب بچہ کی عمر کا خیال کر کے ایک گرام سے لیکر ۵ گرام کی مقدار میں چند گرام سفوف دارچینی کے ساتھ ملایا جائے تو کالی کھانسی میں ایک بیش قیمت سفوف ہے۔ اگرچہ پھٹکری کی نسبت کم موثر ہے لیکن اگر حملہ کے شروع میں اس کو دیا جائے تو یقیناً فائدہ ہوتا ہے۔ جب پھیپھڑے، معدہ اور دیگر اندرونی اعضا سے سیلان خون ہو اس کو اس حالت میں آزمانا چاہئے جب کہ دوسری سریع الاثر دوائیں موجود نہ ہوں۔ ان امراض میں دو گرام سفوف کو ایک پائنٹ عرق کنجی میں حل کر کے ہر دوسرے تیسرے گھنٹہ میں آدھے گلاس کی مقدار میں بلحاظ شدت مرض دینا چاہئے۔ مریض کو ٹھنڈ میں چپ چاپ لٹا کر رکھنا چاہئے۔

امراض جگر کا شافی علاج

مرض یرقان میں جب اس کا حملہ دماغی صدمہ یا سردی میں رہنے سے یکا یک ہوجائے اس وقت نوشادر کی چند خوراک (۲۰ گرام ہر چہار گھنٹے بعد) اکثر موثر ہوتی ہیں۔ سوزش جگر اور دنبل جگر میں ڈاکٹر ڈبلوسٹوارٹ وسیع تجربہ کے بعد اس نمک کو ایک خاص دوا قرار دیتا ہے اور وہ اس کو تمام امراض جگر میں مفید بتلاتا ہے۔ خواہ وہ ساخت کی خرابی یا فعل کے فتور سے پیدا ہوں۔ اس کو تجویز کرنے کا مناسب وقت وہ ہے جب شدید علامات تخفیف پر آجائیں اور پسینہ خوب کھل کر آنے لگے اس کو اس وقت ۲۰ گرام کی خوراک میں صبح شام دینا چاہئے وہ اپنے تجربہ کی تائید میں ایک زبردست شہادت پیش کرتا ہے۔ وہ مزمن پیچش میں بھی اس کے فائدہ کے بڑی تعریف کرتا ہے اور شدت علامات گزر جانے کے بعد کچھ عرصہ تک اس کا استعمال جاری رکھنے کی صلاح دیتا ہے۔ اس استقا میں جس کا تعلق مرض جگر سے ہو یا جو بخاروں کے بعد ہوجایا کرتا ہے اس کو خوراک بالا کے حساب سے خیساندہ سونجنا یا جوشاندہ تال مکھانہ کے ساتھ دیتے ہیں۔ کھر دنچے، موچ، وجع مفاصل کے ورم، گلٹیوں کی سوزش، خراب بد، متورم جوڑ، دنبل اور جلد کے مقامی ورم میں نمک مذکور کا لوشن دوگرام فی پائنٹ والا عضو ماؤف پر چند گھنٹے لگا رکھنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ اس سے درد رفع ہونے کے علاوہ ورم بھی اتر جاتا ہے۔ اس لوشن میں ایک خوبی یہ بھی ہے کہ کھر دنچے اور موچ آجانے سے جو بدن کی جلد نیلگوں ہوجاتی ہے اس کو اصلی رنگ پر لے آتا ہے یہ کیفیت اس وقت میں دیکھی گئی ہے جب آنکھ میں خارجی صدمہ سے نیلگوں ہوجاتی ہے۔

☆☆☆☆☆

حرف ''ت'' کے حیرت انگیز طلسماتی کرشمات

حرف ''ت'' کی زکات کا طریقہ

حرف ''ت'' ابجد کا بائیسواں حرف ہے۔ حکمائے فلاسفہ کے نزدیک حروف ''ت'' خاکی ہے۔ حروف بادی اس کے دشمن ہیں۔ حروف آبی سے ملکر تقویت پاتا ہے۔ یہ حرف صامت بادد یابس ہے۔ اگر اس حروف کی زکات دینا چاہیں تو جب چاند منزل ذابح میں داخل ہوتو ادا کریں۔ چاند ہر ماہ اس منزل میں ایک دفعہ آتا ہے اور ایک منزل کا وقت اندازاً کم وبیش ۲۴ گھنٹے کا ہوتا ہے مثلاً زکوٰۃ کیلئے یوں پڑھیں۔ ''اَجِبْ یَاعِزْرَائِیْلُ بِحَقِّ یَاتَا'' اس منزل کے اندر اندر ۴۴۴۴ مرتبہ پڑھیں گے تو اس حروف کی زکوٰۃ اصغر ادا ہوجائے گی۔ عمل علیحدہ کمرہ میں حصار سے پڑھیں۔ مگر اندیشہ اس میں کوئی نہیں۔ اب عامل کو اختیار ہے جب چاہے حروف ''ت'' کے عملیات سے کام لے۔ بخور بوقت زکات اور عمل عنبر ہے۔ اگر عنبر نہ لے سکے تو کسم کے پھول لے یا زعفران لے اگر یہ بھی نہ خرید سکے تو مصلگی لے۔

حرف ''ت'' کے کمالات

اس حرف کی بھی دو شکلیں ہیں۔ ایک قمری ہے۔

قیمت
150.00

گردے
فیل
شفاء

گردے کمزور ہوگئے ہوں اور ان کی یوریا' یورک ایسڈ' کریٹینین' پوٹاشیم کی مقدار بڑھ گئی ہو ان امراض کیلئے لاجواب چیز ہے

گردے کے مریضوں کیلئے شفاء کا سچا پیغام

دوسری ملفوظی ۴۰۰۔ پس جو شخص حرف ''ت'' کو چار ٹھیکریوں پر لکھ کر کھیتی کے چاروں کونوں پر گاڑ دے اس کھیتی کی پیداوار خوب ہو اور جانور اسے نقصان نہ پہنچائیں۔ () اگر ان ٹھیکریوں کو غلہ کے گودام میں رکھے تب بھی وہ ہر آفت سے محفوظ رہے۔ اگر اس نقش کو چار سو بار سرخ یا زرد تانبے پر کندہ کر کے کشتی میں لگائیں تو غرق ہونے سے محفوظ رہے۔ اگر اسباب میں رکھ دیں تو چوری نہ ہو۔ صورت اس نقش کی یہ ہے کہ ایک مثلث کھینچئے۔

اس کے تین ضلعوں میں سے ہر ایک پر ۱۳۳ ''ت'' باہر اور ۱۳۳ ''ت'' لکھ کر چار سو پورے کریں۔ قیاس یہ پایا جاتا ہے کہ ہر ایک حرف کو اس کے عدد کے مطابق لکھا جائے۔ یعنی ت کے عدد ۴۰۰ ہیں تو چار سو بار لکھا جائے۔ اس کے لئے بعض اوقات ان اعداد کو توڑنا پڑتا ہے۔ اگر اس حرف کو سنگ مقناطیس پر چار سو بار لکھ کر اپنے پاس رکھے تو جو اسے دیکھے۔ محبت کرے اور خود بخود لوگوں کے دل اس کی طرف راغب ہوں۔ اس کا صرف ایک اسم ہے جس سے دعا کی جاتی ہے اور وہ ہے (تَوَّابُ) بعض علماء لکھتے ہیں کہ یہ لیٹا ہوا الف ہے۔ لہٰذا اس کی طبع موت کی طرف جاتی ہے اس کی خاصیت یہ ہے کہ جب انسان کو خواب میں احتلام بہت ہوتا ہو تب اس حرف کو اس کے عدد کے موافق معہ آیت ''تبارك الذی بیدہ الملك'' کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اس مرض سے محفوظ رہے اور جب اس حروف کو سیسے کی تختی پر لکھ کر جس شخص کے مکان میں ڈال دو گے وہ شخص بہت جلد اس جگہ کو چھوڑ کر چلا جائے گا (صرف اس مقصد کیلئے جس کی شریعت نے اجازت دی ہو)۔ خلوت اس حرف کی ۲۸ روز کی ہے۔ بخور روشن کر کے علیحدہ جگہ میں عزیمت کے ساتھ پڑھے گا تو اس کے موکل کی تسخیر ہوگی مگر عزرائیل کی حاضری نہ ہوگی بلکہ تویائیل کی ہوگی اور وہی کام کرے گا۔

سانپ، بچھو، کھٹمل، مچھر بھگانے کیلئے خاص روحانی اسپرے

اگر حرف ''ت'' کو ہزار بار مشک و زعفران سے شرف قمر لکھ کر پاس رکھے تو خلقت میں عزیز و محترم ہوگا۔ جس قدر حشرات الارض آدمی کو ستاتے ہیں مثلاً سانپ، بچھو، کھٹمل، مچھر، چیونٹی وغیرہ کے لئے اس حروف میں تاثیر خاص ہے اس کی مثلث رقمی ۴۰۰، نقطی ۴۰۱ اور عددی اربعہ مائتہ کے ۷۳۴ عدد لے کر کل ۱۵۳۵ ہوئے اس کی مثلث خاکی تیار کرے اور جگہ دفن کر دے جہاں سے حشرات کو دور کرنا مقصود ہو لکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک ٹھیکری کوری لے جو حشرات الارض تکلیف دیتے ہوں ان کا نام لکھے اور اعداد لے۔ پھر ان کے حروف بنا کر موکل بنائے اور اس موکل کا نام نقش پر بھی لکھے اور اگر ٹھیکری کے ایک طرف نقش لکھے اور موکل کا نام لکھے دوسری طرف اس جانور کی شکل بنائے اور اوپر موکل لکھے۔ پھر اس ٹھیکری کو کسی برتن میں یا چھوٹی سی کلیا میں رکھ کر جگہ میں دفن کر دے تو وہ جگہ اس کیڑے سے محفوظ ہوگی یاد رہے کہ ایک سے زیادہ کیڑے ہوں تو الگ الگ ٹھیکری تیار کرے۔ کیڑے کی شکل کے نیچے پانچ دفعہ ''اجہرظ'' لکھے۔

گمشدہ شخص کی بازیابی کیلئے

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو یا گم ہو گیا ہو تو یہ مثلث لکھے اور اس شخص کے نام معہ والدہ کے عدد نکال کر ان کا موکل تیار کرے۔ اس موکل کو مثلث پر لکھے دوسری طرف اس شخص کا ایسا عکس بنائے (جس کی شریعت نے اجازت دی ہو) اوپر موکل لکھے اور دکان میں دفن کر دے تو وہ شخص جلد از جلد مالک کے پاس حاضر ہوگا۔ اگر اسکی تصویر مل جائے تو تصویر کی پشت پر نقش تیار کرائے اور نیچے موکل کے چار دفعہ یابدوح لکھیں گے۔ اگر کسی کو سر درد ہو تو 400 چار سو حرف ''ت'' لکھے اور سر میں باندھے تو سر درد دور ہو۔ اگر کوئی شخص ہر روز ایک ہزار بار موکل پڑھا کرے تو اقبال اس کا بلند ہو۔

☆☆☆☆☆

کاملین کے تیر بہدف عملیات

خواجہ احمد دیربیؒ، برائے برآمد حاجات

بعض خواص سورۂ یٰسین سے یہ ہے کہ جو شخص گرفتار زنداں ہو یا قرضدار یا کسی سے خائف ہو اور وہ اس سورۃ کو اس نیت سے تین بار تلاوت کرے تو قید سے اس کی خلاصی اور خوف سے امن ہوگا اور دقرض ادا ہوگا اور اسی طرح جمیع مہمات میں اس سورت کو سات بار تلاوت کرے اور اس دعا کو بھی سات بار پڑھے پہلی مرتبہ کے بعد یا ہر مرتبہ ایک ایک بار یہ دعا بھی پڑھے اور وہ کلمات یہ ہیں۔

یَآاَیُّھَا الْجَمَاعَةُ الْمُسَخِّرُوْنَ الْمُطِیْعُوْنَ بِھٰذِہِ السُّوْرَةِ الْمُبَارَکَةِ بِحَقِ اَنْبِیَآءِ اللّٰہِ تَعَالٰی وَ اَوْلِیَائِہٖ وَبِحَقِّ خَالِقِکُمْ اجْعَلُوْا کَلِمَتِیْ سَارِیَةً وَقَوْلِیْ مَسْمُوْعاً مَقْبُوْلًا اِکْفُوْا فِیْ مُھِمَّاتِیْ وَ اُدْدُنِیْ وَ اَعِیْنُوْنِیْ فِی الْاُمُوْرِ کُلِّھَا الْکُلِّیَّةِ وَالْجُزْئِیَّةِ بِحَقِّ اِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمٰنَ وَاِنَّہٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْوَحَا اَلْعَجَلُ اَلسَّاعَةُ

ہر مشکل سے نجات کیلئے یالطیف کا ایک روزہ عمل

حضرت مولانا سید ابرار اللہ شاہ صاحبؒ کا عمل: جب کوئی مصیبت یا پریشانی میں مبتلا ہو تو مسجد میں پہنچ کر دو رکعت نماز برائے اجابت قبول پڑھے۔ بعد سلام کے ایک ہزار مرتب یالطیف کا ذکر کرے۔ اسی طرح تیس رکعتیں ادا کرے اور ہر دو رکعت کے بعد ایک ایک ہزار مرتبہ یہ اسم پڑھے۔ اور سولہویں مرتبہ ۱۶۴۱ مرتبہ پڑھے اور اپنے پروردگار سے جو مقصود ہے، دعا مانگے۔ اسی وقت انشاء اللہ دعا قبول ہوگی۔ اور جو مشکل ہوگی، انشاء اللہ اس سے نجات مل جائے گی۔

تین دن میں من کی مراد پوری (انشاء اللہ)

بدھ، جمعرات اور جمعہ، تین یوم روزہ رکھے۔ پھر جمعہ کا غسل کر کے جامع مسجد جا کر مساکین اور غرباء کو صدقہ تقسیم کرے۔ مؤدب قبلہ رو بیٹھ کر (بعد نمازِ جمعہ) اس عمل کو پڑھنا شروع کرے۔ جس قدر پڑھ سکے، پڑھے۔ عمل یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ۔ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔ لَاتَاْخُذُہٗ سِنَةٌ وَّلَانَوْمٌ۔ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَابَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَاشَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَایَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

اَلَّذِیْ عَنَتْ لَہُ الْوُجُوْہُ وَخَشِعَتْ لَہُ الْاَصْوَاتُ وَ وَجِلَتِ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْیَتِہٖ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیْ وَ تُسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ


روحانی دنیا کے انوکھے بھید
تحقیق و تالیف
حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی
پی ایچ ڈی (امریکہ)

کائنات ایک راز ہے اور رازوں میں لپٹی ہوئی ہے۔ ہاں جس پر اللہ تعالیٰ یہ راز کھول دیں۔ بات یہ ہے جتنا مجاہدہ اتنا مشاہدہ زیر نظر کتاب میں اسی نظام کے کچھ مخفی رازوں کو افشا کیا گیا ہے۔

وَّ عَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ وَاَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ۔
یہاں پر جو بھی مشکل ہو، اس سے نجات کا نام لے یا کوئی حاجت ہو، اس کا نام لے، انشاء اللہ، وہ مشکل دور ہوگی، وہ حاجت پوری ہوگی۔ نہایت موثر ہے۔ نااہلوں سے پوشیدہ رکھیں۔

مال اتنا کے آپ سنبھال بھی نہ سکیں

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ، جو وقت فرصت کا ہو، نکال کر ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے۔ عجیب و غریب تاثیر پیدا ہوگی۔ جس شخص سے جو بات آپ کہیں گے وہ پوری کرے گا اور دولت سے مالا مال ہو جائے گا اور ہر مشکل آسان ہوگی۔

کامیابیاں ہی کامیابیاں

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ يَاحَیُّ يَاقَيُّوْمُ

اس آیت کریمہ کو دو ہزار تین سو پچھتر (۲۳۷۵) بار بعد نماز عشاء، تاریک مکان میں تنہا پڑھیں اور اپنے پاس پانی کا ایک برتن بھر کر رکھ لیں۔ ہر سو کے بعد ہاتھ پانی میں ڈال کر ہاتھ منہ پر مل لیا کریں۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ مطلب کا خاص دل میں خیال رکھیں۔ بعد ختم عجز و انکساری سے دعا مانگ لیا کریں۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ میں کام ہوگا۔ اگر اوّل ہفتہ خالی جائے، دوسرے ہفتہ میں اسی طرح عمل کریں۔ مقصد حل ہوگا اور اگر کچھ رکاوٹ پیدا ہو رہی ہے اور دوسرا ہفتہ بھی خالی گیا۔ تیسرا ہفتہ انشاء اللہ، کبھی خالی نہیں جاسکتا۔ کامیابی اور پھر کامیابی اور ہزار کامیابی۔

اسم ذات ہر مقصد کے لئے

ایک نہایت مجرب اور زود اثر طریقہ درج کیا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ غالب تر ہے۔ اس کو ہی اگر منظور نہ ہو تو اس کا کوئی علاج نہیں۔ لیکن اس عمل کا اثر اس طرح یقینی ہے، جس طرح مشرق سے آفتاب کا نکلنا۔ جو آپ کا مقصد ہو۔ ملازمت، ترقی، اولاد، تسخیر وغیرہ، غرضیکہ ایسا مقصد ہو جو پورا نہ ہوتا ہو تو بحکم تعالیٰ پورا ہوگا۔

عمل یہ ہے کہ اسم ذات اللہ کو اس طرح لکھیں۔ ا ل لٰ ہ۔ سفید اور عمدہ کاغذ کے ٹکڑوں پر علیحدہ علیحدہ لکھا کریں۔ یعنی ہر کاغذ کے ٹکڑے پر ایک اسم، یہ اسم ایک لاکھ مرتبہ لکھا جائے گا۔ اب آپ اپنے وقت اور فرصت کا لحاظ کرتے ہوئے جس قدر روزانہ لکھ سکیں، لکھیں۔ ایک لاکھ کو اتنے دنوں پر تقسیم کرلیں مثلاً ۴۰ دن یا ۶۰ دن یا ۹۰ دن میں۔ غرض کہ جس قدر ایام میں آپ آسانی کے ساتھ ایک لاکھ کی تعداد ختم کرسکیں، اتنی تعداد روزمرہ لکھا کریں۔ پھر ہر ٹکڑہ کو آٹے میں لپیٹ کر دریا میں ڈال دیا کریں (جاری پانی ہونا اور اس میں مچھلیاں ہونا شرط ہے) اس امر کی ضرورت نہیں کہ روزمرہ گولیاں دریا میں ڈالی جائیں۔ بلکہ کئی کئی روز کی جمع کرکے ایک دن بھی ڈال سکتے ہو۔ مگر احتیاط رہے کہ کوئی پرزہ ضائع نہ ہو جایا کرے۔ لکھنا اور گولیاں بنانا سب باطہارت ہو۔ یہ عمل عروج ماہ میں پیر یا بدھ یا جمعہ کے دن لکھنا شروع کریں اور جس روز سے لکھنا شروع کریں، اسی روز سے اسم اللہ چار ہزار چار سو چوالیس (۴۴۴۴) مرتبہ روزانہ آخری دن تک پڑھا کریں۔ لکھنے اور پڑھنے میں اسم اللہ کے حرکات و سکنات زیر زبر پیش صحیح ادا ہونا ضروری ہے۔ ہ کی پیش خوب واضح کرکے پڑھیں۔ خیال رہے کہ جلدی میں ہ منہ سے ساکن نہ نکلے۔ اسی طرح لکھنے میں حرکات ساتھ لگائیں۔ یوں ال لٰ ہ۔

ایک کاغذ پر لکھتے چلے جائیں۔ پھر ہر اسم کو علیحدہ علیحدہ کرلیں۔ شرط یہ ہے کہ چاقو یا قینچی یعنی لوہے اور دھار دار آلے سے علیحدہ نہ کریں۔ قلم بھی لوہے کا نہ ہو۔ قلم و دوات نئی ہوں اور اسے کسی اور کام میں قطعی استعمال نہ کریں۔ زعفران سے لکھا کریں تو زیادہ بہتر ہے۔ خدا چاہے تو ایک مرتبہ بہتا ہوا دریا بھی رک جائے گا۔ اس عمل میں کوئی خاص پرہیز نہیں۔ صرف حرام سے بچیں اور حتیٰ الامکان نماز کی پابندی کریں۔ جھوٹ بولنے اور حرام کھانے سے پرہیز کریں۔ بس یہی شرائط ہیں۔

مہلک بیماری اور قرض سے نجات

جب کوئی شخص کسی مصیبت اور تکلیف میں گرفتار، مثلاً بے روزگاری، قرض، مہلک بیماری، مقدمہ، غرض کوئی تکلیف ہو، تو نئے چاند میں پہلے پیر کے دن صبح کی نماز سنت پڑھ کر ستر مرتبہ الحمد شریف پڑھیں۔ ہر مرتبہ بسم اللہ سے شروع کریں۔ اس طرح کہ الرحیم کی میم کو الحمد اللہ سے ملا کر پڑھے یعنی مل حمد للہ کر کے پڑھے۔ پھر فرض ادا کریں۔ اب سفید کاغذ پر زعفران سے الحمد شریف لکھیں۔ جہاں انعمت علیہم لکھیں۔ اس کے آگے اپنا مطلب لکھیں۔ پھر باقی سورۃ پوری کریں۔ اب اس کو تہہ کر کے تعویذ بنا کر صاف سفید کپڑے میں سی کر پاس رکھ لیں۔ چاہے گلے میں رکھیں، بازو بند بنوائیں یا جیب میں رکھیں۔ اگلے دن منگل کو پھر نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان ساٹھ 60 مرتبہ الحمد پڑھیں۔ بدھ کے دن اسی طرح 50 مرتبہ۔ جمعرات کے دن 40 مرتبہ۔ جمعہ کے دن 30 مرتبہ۔ ہفتہ کو 20 مرتبہ۔ اتوار کو 10 مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ میں غیب سے کامیابی کے سامان پیدا ہوں گے۔ اگر کسی وجہ سے ابھی اثر معلوم نہ ہو، تو عمل کو پلٹ دیں اور جاری رکھیں۔ یعنی اس کے بعد پیر کو 20 مرتبہ، منگل کو 30 مرتبہ، بدھ کو 40 مرتبہ، جمعرات کو 50 مرتبہ، جمعہ کو 60 مرتبہ، ہفتہ کو 70 مرتبہ پڑھیں۔ جب بھی انعمت علیہم پر پہنچا کریں تو زور دے کر کہا کریں اور مطلب کا دل میں تصور رکھیں۔ انشاء اللہ سو فیصد کامیابی ہوگی۔ دو باتیں اور ذہن میں رکھیں۔ ایک تو الحمد کے ورد کے اوّل آخر روزانہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھا کریں، دوسرا کام ہونے کے بعد کچھ صدقہ کریں اور آپ ﷺ کو ایصال ثواب کریں اگر ترقی اور اسباب آمدن یا رزق کی ضرورت ہو تو اتوار کے دن سے عمل شروع کریں۔

صرف اور صرف مایوس لوگوں کیلئے خاص الخاص تحفہ:

یہ عمل بھی بے روزگاروں، مقروضوں، ناحق مقدمہ میں پھنسے ہوؤں کے لئے ہے۔ کسی کے ظلم سے بچنے کے لئے یا کسی آنے والی مصیبت سے بچنے کے لئے فیض اٹھائیں۔ وہ لوگ جو روپیہ صرف کرنے کے باوجود اور سفارشوں کو کام میں لانے کے باوجود ناکام ہیں، وہ تھوڑی سی محنت کر کے دیکھیں۔ اللہ کی طرف رجوع ہو تو کوئی وجہ نہیں کہ مقصد کو نہ پائیں۔ چاند چڑھنے پر جو پہلا اتوار آئے، اس کو گزار کر جو رات آئے گی، اس رات کا یہ عمل ہے۔ ماہ کی کوئی تخصیص نہیں۔ چاند کے جس ماہ میں عمل کرنا ہو، اس رات کو تین بجے اٹھ کر غسل کریں۔ اور احرام کی طرح صرف ایک چادر بدن پر اوڑھ لیں، جو سفید رنگ کی ہو اور سلی ہوئی قطعی نہ ہو۔ وضو کر کے دو رکعت نماز بہ نیت تہجد گزاریں۔ اس طرح چھ رکعت ختم کریں۔ اس کے بعد بارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر کٓهٰیٰعٓصٓ كَفَايَتُنَا حٰمٓعٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا چار سو تہتر بار (۴۷۳) پڑھیں۔ اس کے بعد پھر بارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ سارے عمل میں یہ بات لازمی ہے کہ نماز اور درود شریف چھوڑ کر عمل پڑھتے وقت زبان تالو سے چمٹی رہے، علیحدہ نہ ہو۔ ممکن ہے شروع میں عادت اور مشق نہ ہونے کی وجہ سے کسی وقت زبان تالو سے علیحدہ ہو جائے تو کوئی ہرج نہیں۔ علیحدہ ہو جائے تو پھر لگا لیا کریں۔ البتہ کثرت سے ایسا ہونا عمل میں خلل کا باعث ہوگا۔ جب عمل ختم ہو جائے تو بھی مصلیٰ سے نہ

قیمت
600.00 روپے

بدھضمی، گیس، تبخیر (کورس)

بدھضمی، گیس، تبخیر (کورس)
عبقری دواخانہ

ان تمام امراض کیلئے بہترین کورس

- غذا کا جزو بدن نہ بننا،
- دل کا ڈوبنا،
- منہ سے بدبو،
- اجابت کا غیر تسلی بخش آنا

اٹھیں اور جب تک صبح کی نماز کا وقت نہ ہو جائے، نہ اٹھیں۔ اس وقفہ میں درود شریف پڑھ سکتے ہیں۔ پھر نماز فجر ادا کریں۔ اور اپنے مقصد کی دعا مانگیں۔ چودہ دنوں کا یہ عمل ہے۔ روزانہ ایک ہی وقت پر کریں۔ کامل یقین اور صدقِ دل سے عمل کریں۔ انشاء اللہ چودہ دنوں میں خداوند کریم کوئی نہ کوئی غیب سے ضرور سامان پیدا کردے گا۔ ایک وقت میں صرف ایک مقصد کے لئے کریں۔ چودہ دنوں کے بعد حسب استعداد صدقہ کرکے اور غریبوں کو کھانا کھلا کر اس کا ایصال ثواب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، انبیائے کرام، صحابہ کرام، شہداء و اولیاء کرامؒ کی خدمت میں پیش کریں اور جب کام ہو جائے تو پھر یہ عمل دوبارہ کریں۔ اگر چودہ دنوں کے بعد معلوم ہو کہ اس مقصد کے ہاتھ آنے میں اللہ میاں کے ہاں سے دیر معلوم ہو رہی ہے تو عمل مذکور کے چار الفاظ بلا تعداد اٹھتے بیٹھتے ورد رکھیں تا کہ عمل میں تواتر رہے اور گوہر مقصد ہاتھ آئے۔ فیصلوں والے معاملات کا انتظار کرنا چاہئے جو یقیناً سائل کے حق میں ہی ہوگا۔

اُلجھن اور مصیبت سے نجات دلانے والا تعویذ:

اگر کسی مصیبت کے وقت اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف یہ آیت لکھ کر پاس رکھی جائے اور ان آیات کا ورد رکھا جائے تو اس ممکنہ مصیبت سے نجات ملے گی۔

۲۲۹۲	۱۷۸۹۹۷۸	۲۸۴	۲۶۲۴۸	۶۱۴۰
۲۸۷	۲۶۲۴۶	۶۱۳۸	۲۲۹۵	۱۷۸۹۹۷۶
۶۱۴۱	۲۲۹۳	۱۷۸۹۹۷۹	۲۸۵	۲۶۲۴۴
۱۷۸۹۹۷۷	۲۸۳	۲۶۲۴۷	۶۱۳۹	۲۲۹۶
۲۶۲۴۵	۶۱۴۲	۲۲۹۴	۱۷۸۹۹۷۵	۲۸۶

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ (البقرہ:۱۵۶)

وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ (البقرہ:۱۵۸)

معاملات میں آسانی اور حاجات پوری ہوں

اگر اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف یہ آیات لکھ کر اسے اپنے پاس رکھا جائے اور ان آیات کو ورد میں رکھا جائے تو تمام معاملات میں آسانی ہو، جمیع حاجات پوری ہوں اور یہ وفق بمنزلہ اسم اعظم ثابت ہوگا۔

۴۸۳	۱۰۳۷۳۵۷	۱۹۸	۱۴۹۹۱	۳۴۹۹
۲۰۱	۱۴۹۸۹	۳۴۹۷	۴۸۶	۱۰۳۷۳۵۵
۳۵۰۰	۴۸۴	۱۰۳۷۳۵۸	۱۹۹	۱۴۹۸۷
۱۰۳۷۳۵۶	۱۹۷	۱۴۹۹۰	۳۴۹۸	۴۸۷
۱۴۹۸۸	۳۵۰۱	۴۸۵	۱۰۳۷۳۵۴	۲۰۰

الٓمّٓ۔ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ (آل عمران:۱۔۲)

ہر تنگی میں آسانی کیلئے

اگر کسی کے اسباب راہ مسدود ہو گئے ہوں تو اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف اس آیت کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور اس آیت کو ورد میں رکھے تو اس کے لئے آسانیاں پیدا ہوں گی۔

۳۳۵۷	۴۸۴۶۲۷	۱۰۹	۷۳۰۹	۱۷۹۵
۱۱۲	۷۳۰۷	۱۷۹۳	۳۳۶۰	۴۸۴۶۲۵
۱۷۹۶	۳۳۵۸	۴۸۴۶۲۸	۱۱۰	۷۳۰۵
۴۸۴۶۲۶	۱۰۸	۷۳۰۸	۱۷۹۴	۳۳۶۱
۷۳۰۶	۱۷۹۷	۳۳۵۹	۴۸۴۶۲۴	۱۱۱

اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ (یوسف:۱۰۰)

مشکل سے نکلنے اور آسانی حاصل کرنے کیلئے

جب کسی مشکل امر میں آدمی پھنس جائے اور حل کی کوئی صورت نہ دکھائی دے تو اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف یہ آیت لکھ کر وہ گلے میں پہنے اور بعد از صلوٰۃ الوتر اس آیت کو تین سو تیر (۳۱۳) بار پڑھے تو اللہ پاک اس کی مشکل کو آسان کر دے گا اور مصیبت اس سے دور ہو جائے گی۔

۱۴۷۷۳	۳۶۶۰۳۸	۱۳۳	۵۴۰۳	۱۳۵۳
۱۳۶	۵۴۰۱	۱۳۵۱	۱۴۷۷۶	۳۶۶۰۳۶
۱۳۵۴	۱۴۷۷۴	۳۶۶۰۳۹	۱۳۴	۵۳۹۹
۳۶۶۰۳۷	۱۳۲	۵۴۰۲	۱۳۵۲	۱۴۷۷۷
۵۴۰۰	۱۳۵۵۰	۱۴۷۷۵	۳۶۶۰۳۵	۱۳۵

اِنَّمَآ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ۔ وَسِعَ كُلَّ شَیْءٍ عِلْمًا (طٰہٰ:۹۸)

عمل بدوح برائے حصول حاجات

یہ عمل کفایات حاجات ہے۔ اگر کوئی چاہے کہ تسخیر خلق ہو، حصول اولاد ہو یا مدارج دنیوی رفع ہوں یا بیماری سے نجات ہو یا ہم اور غم دور ہوں یا اطباء کی لاشفائی کا مسئلہ ختم ہو یا ہزیمت دشمن ہو یا فلاں شخص مطیع ہو تو اس عمل کو کیا جائے۔ ناکامی کا منہ کبھی نہ دیکھے گا۔ انشاءاللہ۔

عمل یہ ہے:۔

تین دن کے لئے خلوت اختیار کرے اور روزہ رکھے۔ دن نو چندی جمعہ، ہفتہ و اتوار ہوں۔ جمعہ کی صبح کو فجر کی نماز پڑھ کر بعدہٗ چار رکعت نماز نفل (اشراق کے وقت) بہ نیت حاجت مطلوبہ پڑھے۔ پھر گیارہ بار



انسان کی زندگی میں سکھ، چین اور عافیت لانے میں رمضان المبارک کو بڑا دخل ہے، اگر آپ سعادت کے دن، رحمت کی راتیں اور نور کی بارش میں زندگی گزارنا چاہتے ہیں تو رمضان المبارک کے پل پل کی قدر کریں۔ اس موضوع پر یہ کتاب یقیناً آپ کیلئے بہت مددگار ثابت ہوگی۔

آیت الکرسی، گیارہ بار سورۂ نصر، گیارہ بار اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ پڑھ کر سر کو سجدے میں رکھ کر ایک ہزار مرتبہ یَابُدُّوْحُ پڑھے اور سر سجدے سے اٹھا کر دوسو اکیس (۲۲۱) بار یہ پڑھے:

سَوْهِیْءُ سَوْهُوْءُ سَوْاَجَلِّ سَوْاَللّٰهُ
سَوْپِرِیْنِ سَوْپَسَاهُ سَوْوَیْرِیْ سَوْوَاهِرُوْ

پس اپنی حاجت طلب کریں اور کلمہ پڑھ کر اٹھ کھڑے ہوں اور یہی عمل رات کو عشاء کے بعد بھی کیا جائے۔ پورا طریقہ اوپر والا ہے۔ صرف دوسو اکیس (۲۲۱) بار والی عبارت کی جگہ پر یہ عبارت اسی تعداد میں پڑھی جائے گی۔

وَیُوْمُر اَدُوْنَایَ مِسْنَایَ بَاوِزْرَاحُ مِسْعِیْرُ لَاْمُوْا هُوْ فِیْعَ مَهْر بَاْر اٰنْ مِیْر بِیُوْتُ مِمُنَادِشُ دَاْت لَاْمُوْا انشاءاللہ تین دن میں مقصد پورا ہو جائے گا۔

انشاءاللہ دلی مراد پوری کرانے والا عمل:

نمازِ پنجگانہ کے بعد دعائے ذیل چند بار پڑھا کرے۔ انشاءاللہ حصولِ مراد ہوگی۔ طریقہ یہ ہے کہ دعا کو ہر دفعہ شروع کرنے سے پہلے اپنی دونوں ہتھیلیاں بند کر لے۔ اور جب لفظ قیوم پر پہنچے تو دائیں ہتھیلی کھول دے اور جب لفظ مستعان پر پہنچے تو بائیں ہتھیلی کھول دے۔

یَااَللّٰهُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَاسَمِیْعُ یَابَصِیْرُ یَاحَلِیْمُ یَاوَدُوْدُ یَامُسْتَعَانُ کٓهٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰاحِمِیْن

پریشانی دور اور حاجت پوری کرنے کیلئے:

شب جمعہ کو اکتالیس (۴۱) دانہ گندم پر اکتالیس (۴۱) بار یہ دعا پڑھ کر پھونکیں۔ ہر دانہ پر ایک بار۔ پڑھ کر چھت پر ڈال دیں تاکہ پرندے کھا جائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ، جس حاجت کے لئے پڑھے گا، ضرور پوری ہوگی۔ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بِعَوْنِكَ وَ قُدْرَتِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بِحَقِّكَ وَ حُرْمَتِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَرَجاً فرجنی مِنْ اَمْرِیْ فرجاً مَخْرَجاً رَبَّنَا یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

ہر مصیبت و آفات دور کرنے کیلئے

اگر کسی پر ایسی کوئی آفت آجائے جو کسی بھی طریقے سے جان نہ چھوڑتی ہو تو روزانہ بعد نمازِ عشاء سورۂ ناس کو ان کلمات سمیت اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اپنے گھر کے کونوں میں دم کیا کریں۔ اور پڑھنے کے فوراً بعد اللہ تعالیٰ سے خصوصی دعا کیا کریں۔ اللہ کے فضل سے اس نورانی عمل کی بدولت چند دنوں کے اندر مصیبت اور اس آفت کا خاتمہ ہوگا۔ جس سے کوئی بھی بہت زیادہ پریشان ہوگا۔

اس عمل میں زیادہ قوت پیدا کرنے کے لئے اپنے نام کے حروف ابجد کے مطابق پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۔مَلِكِ النَّاسِ ۔اِلٰهِ النَّاسِ ۔مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ۔ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۔مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ۔ وبِحَقِّ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْقَدِیْمِ الَّذِیْ لَمْ یَزَلْ۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ الَّذِی لَمْ یَجْهَلْ۔ سُبْحَانَ الْجَوَّادِ الَّذِی لَمْ یَبْخَلْ۔ سُبْحَانَ الْحَکِیْمِ الَّذِیْ لَمْ یَعْجَلْ۔ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

ہزارہا ضروریات کا حل

اس عمل کو خصوصاً ایسے افراد کریں جو ہر وقت پاک وصاف اور باوضو رہتے ہیں کیونکہ اگر کوئی اس عمل کو پلیدی حالت یا پرہیز گاری کے بغیر

کرے گا تو نقصان کے علاوہ اور کئی قسم کے نقصانات بھی ہو سکتے ہیں۔ جو کوئی بھی یہ چاہے کہ اس کی حاجات وقت سے پہلے پوری ہو جایا کریں تو وہ دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ سورہ فاتحہ کے بعد پہلی رکعت میں سورۂ کافرون دس مرتبہ پڑھے۔ دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد، سورۂ اخلاص دس مرتبہ پڑھے۔ چار رکعت نماز کو اسی طرح پڑھے اور بعد سلام، سجدے میں جا کر دس مرتبہ دورد ابراہیمی پڑھے اور دس مرتبہ تیسرا کلمہ شریف اور دس مرتبہ اس دعا کو پڑھے۔ اللہ کے حکم سے دنیا میں ایسی کوئی بھی شے باقی نہیں رہے گی جو اس فرد کے پاس نہ ہو اور کوئی بھی مصیبت یا مشکل میں اس عمل کو کرنے والا کبھی گرفتار نہیں ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارْ۔

صرف بڑی مشکلات میں مبتلا لوگ کریں

اس عمل کو ایسے افراد کریں جو کسی انتہائی مشکل میں گرفتار ہو گئے ہوں یا کسی کی کوئی عزت نہ کرتا ہو یا کوئی انسان دنیا میں مرتبہ اُونچا کرنا چاہے یا کوئی بڑی سے بڑی مشکل ہو۔ اللہ کے فضل سے، اس عمل کی بدولت ہر وہ کام ممکن بن جائے گا جو پہلے ناممکن ہونے کی حیثیت رکھتا ہوگا۔ یہ عمل نہایت ہی مجرب ہے اور کئی مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ اگر کوئی اسے صرف عشاء کی نماز کے بعد روزانہ چالیس دنوں تک سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھ لے تو اس کا عامل بن جائے گا۔ پھر جس مقصد کی خاطر بھی سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے گا تو اسی وقت کام ہوگا۔ ویسے ہر مقصد کیلئے جب تک مقصد پورا نہ ہو تو اسے روزانہ بعد نماز عشاء ایک سو ایک (۱۰۱) کی تعداد میں پڑھا جا سکتا ہے اور اپنے کام کی مکمل نیت باندھے۔ اللہ کے حکم سے سات دنوں کے اندر کام ہوگا۔ اس نقش کو اپنے اس مقصد کی خاطر زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ بَابُنَا تَبَارَكَ حِيْطَانُنَا يٰسٓ سَقْفُنَا كٓهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتُنَا حٰمٓعٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

ک	ھ	ی	ع	ص	ح	م	ع	س	ق
ھ	ی	ع	ص	ح	م	ع	س	ق	ک
ی	ع	ص	ح	م	ع	س	ق	ک	ھ
ع	ص	ح	م	ع	س	ق	ک	ھ	ی
ص	ح	م	ع	س	ق	ک	ھ	ی	ع
ح	م	ع	س	ق	ک	ھ	ی	ع	ص
م	ع	س	ق	ک	ھ	ی	ع	ص	ح
ع	س	ق	ک	ھ	ی	ع	ص	ح	م
س	ق	ک	ھ	ی	ع	ص	ح	م	ع
ق	ک	ھ	ی	ع	ص	ح	م	ع	س
ک	ھ	ی	ع	ص	ح	م	ع	س	ق

حاجت پوری ہو

اگر کسی کو کوئی بھی حاجت یا ضرورت ہو تو وہ رات کو تہجد کے وقت اس عمل کو ایک ہزار کی تعداد یا اس سے بھی زیادہ کی تعداد میں پڑھے۔ اللہ کے حکم سے اگلے دن وہ کام پورا ملے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ سُبۡحَانَ اللّٰہِ الۡقَادِرِ الۡقَاھِرِ الۡقَوِیِ الۡکَافِیۡ۔

مشکلات میں تیر بہدف کام کرنے کیلئے

عاملان باعمل وحکمائے روحانیت فرماتے ہیں کہ مناجات مندرجہ ذیل ہمہ کارہائے مشکلات کی آسانی کیلئے تیر بہدف کام کرتی ہے لیکن جب تک اس کی زکوٰۃ ادا نہ کی جائے گی، تب تک اس کا صحیح اثر واقع نہیں ہوگا۔ اس کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ اسے سوالاکھ کی تعداد میں پڑھے اور اسے سوالاکھ کی تعداد میں سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر آٹے میں بند کر کے گولیاں بنا کر دریا میں بہائے۔ یہ اس کی زکات ہو جائے گی۔ اب اس کا وہ فرد عامل بن گیا ہے۔ اس کے بعد دنیاوی کوئی بھی کام ہو تو اس کو روزانہ بعد نماز عشاء چالیس مرتبہ پڑھ کر دعا کرے اور اگلے دن صبح اس کی چالیس گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دے۔ اس کا کام پور ہوگا۔

سبحان اللہ بھر غم یار توئی
سبحان اللہ بھر کشائش کار توئی
سبحان اللہ بحرمت کن فیکون
سبحان اللدہ مراد من حاصل کن

ہر مشکل آسان اور تنگی دور:

حضرت مولانا محمد حسین قریشی ہاشمیؒ صاحب فرماتے ہیں کہ سورۂ قریش کو ایک ہزار بار چالیس یوم پڑھنے سے بفضل خدا ہر مشکل حل ہو جاتی ہے۔

سورہ اخلاص کا عمل کرتے ہی کامیابیاں

سورۂ اخلاص کو اگر اس طریقے سے پڑھا جائے تو اللہ کے فضل سے ضرور کامیاب ہو جائے گا۔ طریقہ یہ ہے کہ دو رکعت نفل نماز درمیان مغرب وعشاء اس طریقے سے پڑھے کہ بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص پڑھے۔ جب اللہ الصمد پڑھے تو اس کو بار بار تکرار کرے۔ یہاں تک کہ دل بے قرار ہو جائے۔ پھر باقی ماندہ سورت پڑھ کر رکعت پوری کرے۔ اسی طریقے پر دوسری رکعت پڑھے۔ کم سے کم گیارہ روز کرے۔ اگر چالیس روز کیا جائے تو بے حد فائدہ ہوگا۔ بعد نماز کے اپنا مطلب کھول کر بیان کرے اور نہایت خشوع سے ہاتھ اٹھا کر، عاجزی کے ساتھ، اللہ کے حضور بیان کرے۔ انشاء اللہ مطلب حل ہوگا۔

قیمت
800.00

کمر جوڑوں اور پٹھوں کا درد کورس

درد بھری زندگی سے نجات پائیں!

جسم کو ہلکا، تندرست اور جوڑوں کی دردوں اور ورموں کی تکالیف سے نجات کیلئے آخری حل ہے۔
کمر جوڑ اور پٹھوں کا درد
کورس

آیت کریمہ کے ذریعے ہر کام پورا:

بعد نمازِ عشاء آیت کریمہ کو گیارہ سو مرتبہ چالیس یوم تک پڑھے۔ اوّل و آخر جو بھی درود شریف یاد ہو، پڑھے۔ جس کام کے واسطے پڑھے گا، بفضل خدا، پورا ہوگا۔

سورۂ مزمل کا خاص عمل برائے قضائے حاجات

نصف رات کو اٹھ کر اپنی حاجت کاغذ پر لکھ کر ایک کانہ چیرے اور اس کے شگاف میں اس کاغذ کو رکھے اور منہ کے آگے گاڑ لے۔ پھر سر ننگا کر کے پہلے گیارہ دفعہ درود شریف پڑھے اور پھر سورۂ مزمل کو اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ پڑھنے سے پہلے دو رکعت نماز ضرور پڑھ لے۔ ان شاء اللہ، حاجت پوری ہوگی۔

صرف ان کاموں کیلئے جو حل نہ ہوتے ہوں

ایک مشہور عامل شاہ صاحب کہتے ہیں کہ یہ عمل ہمارے بزرگ دوست سید صاحب کا تجربہ شدہ ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو کوئی تکلیف ہو یا کوئی مشکل پیش آجائے بلکہ سخت ترین مشکل کیلئے عمل کرے، عام مشکل کیلئے نہ کرے یا جس کا کوئی حل نظر نہ آتا ہو تو پھر اس عمل کو کام میں لائے۔ آپ فرماتے ہیں کہ آدھی رات کو کم از کم ساڑھے بارہ، ایک بجے اٹھ کر غسل کرے اور لکڑی کی چوکی پر بیٹھ کر اوّل و آخر ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے اور ایک سو مرتبہ سورۃ اخلاص بمعہ موکلات ورد کرے تو انشاء اللہ پہلے ہی دن مشکل حل ہوجائے گی لیکن پرہیز جلالی جمالی ضرور رکھے اور روزہ بھی رکھے۔ اگر روزہ نہ رکھ سکے تو پھر عمل کو کام میں نہ لائے۔ پہلے دن سو مرتبہ درود پاک، پھر سو مرتبہ سورۃ اخلاص۔ دوسرے دن پھر دو سو مرتبہ سورۃ اخلاص اور دو سو بار درود ابراہیمی اوّل و آخر پڑھے۔ تین دن اسی طرح ہی عمل کرے۔ انشاء اللہ تین دن کے اندر کامیابی حاصل ہوگی۔

عمل یہ ہے: یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا مَلِكُ عَهْدَ الصَّمَدْ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ اَللّٰهُ الصَّمَدُ۔ لَمْ يَلِدْ۔ وَلَمْ يُوْلَدْ۔ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔

یہ عمل بدھ والے دن شروع کرے اور صرف تین دن میں مکمل کرے۔ اگر تین دن میں فائدہ حاصل نہ ہو تو پھر آئندہ بدھ پھر سے عمل شروع کرنے سے پہلے کوئی میٹھی چیز بچوں میں تقسیم کرے، پھر عمل شروع کرے۔ اگر کوئی استاد ہے تو پھر ان سے اجازت حاصل کرے تو بہت ہی زیادہ فائدہ ہوتا ہے عمل کرنے کیلئے تنہائی کا ہونا ضروری ہے۔

ایک ہفتہ میں مراد پوری (انشاء اللہ)

جو کوئی صبح کی نماز کے بعد ایک سو مرتبہ نہایت ذوق و



اللہ تعالیٰ جب کسی سے راضی ہوتے ہیں تو اس کو اپنا قرب اور تعلق عطا فرماتے ہیں اور جب ناراض ہوتے ہیں تو اس کو نفس و شیطان کے حوالے کردیتے ہیں۔ مؤلف کی ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ لوگوں تک ایسی باتیں پہنچائی جائیں جو دنیا و آخرت کی برکت و عافیت کا سبب بن جائیں۔ بہترین انتخاب قدر کیجئے......

شوق کے ساتھ اس دعا کو پڑھے گا، انشاءاللہ ہفتہ بھر کے اندر اپنی مراد کو پہنچ جائے گا۔ اگر ہفتہ کے اندر اندر اس کی مراد بر نہ آئے تو پھر اپنی کوئی خطا سمجھے، اس میں کوئی شک نہیں۔ اعتقاد درست رکھنا شرط اعظم ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ ہم کو یہ وظیفہ حضور اکرم ﷺ کی طرف سے عطا ہوا تھا۔ اس سے ہزاروں کے فائدے ہوئے ہیں لیکن نماز شرط ہے۔ اس کے ساتھ پنجگانہ ضرور ادا کریں اور وظیفہ کے ساتھ ہر مرتبہ بسم اللہ ضرور پڑھیں، زیادہ سود مند ہوگا۔ وظیفہ یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ يَاقَدِيْمُ يَادَآئِمُ يَاقَائِمُ يَاحَیُّ يَاقَيُّوْمُ يَافَرْدُ يَاوِتْرُ يَا اَحَدُ يَاصَمَدُ يَامَنْ اِلَيْهِ الْمُعِيْرُ يَامَنْ لَّمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔

تین دن میں قضائے حاجات کا خاص عمل

بعد نماز عشاء، چار رکعت نفل پڑھیں۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین بار آیت الکرسی۔ دوسری میں تین بار سورۂ اخلاص۔ تیسری میں تین بار سورۂ فلق اور چوتھی میں تین بار سورۂ ناس۔ بعد سلام کے گیارہ بار درود شریف، ایک ہزار بار ''یاودود'' اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ پھر دعا مانگیں۔ ان شاءاللہ تین دن میں کامیابی ہوگی۔

ہر مشکل سے نجات، ہر حاجت پوری ہو

۳۱۳ مرتبہ آیت الکرسی پڑھنے سے ہر طرح کی مشکلات سے نجات ملتی ہے، ہر حاجت پوری ہوتی ہے۔

مشکل حل ہو

اگر کسی شخص کو کوئی مشکل پیش آ گئی ہو تو چاہیے کہ سات روز تک یا ستائیس روز تک باوضو اکیس مرتبہ آیۃ الکرسی روزانہ پڑھے۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے۔ ان دنوں میں گوشت کھانا ترک کر دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی۔

قضائے حاجات اور حل المشکلات

ترک حیوانات کر کے ایک ہفتہ پڑھے۔ انشاءاللہ مراد حاصل ہوگی۔ اس دوران گوشت، انڈہ، مچھلی نہ کھائے، کوئی ایک اناج کھائے تو بہتر ہے۔ پڑھنے کا طریقہ درج ذیل ہے

يَاقَاضِیَ الْحَاجَاتِ	ایک ہزار مرتبہ	اتوار
يَامُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ	ایک ہزار مرتبہ	پیر
يَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ	ایک ہزار مرتبہ	منگل
يَاحَیُّ يَاقَيُّوْمُ	ایک ہزار مرتبہ	بدھ
يَابَدِيْعَ الْعَجَائِبِ	ایک ہزار مرتبہ	جمعرات
يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ	ایک ہزار مرتبہ	جمعہ
لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ	ایک ہزار مرتبہ	ہفتہ

مشکلات میں پھنسے لوگ ضرور پڑھیں!

اگر کوئی شخص مشکل میں پھنسا ہوا اور وہ مشکل اس سے حل نہ ہوتی ہو بلکہ دن بدن بڑھتی جاتی ہو تو جمعرات کی رات کو کسی اچھی ساعت میں باوضو بیٹھ کر اسم ''یَافَتَّاحُ'' تین ہزار ایک سو (۳۱۰۰) مرتبہ پڑھے۔ اور اتنی ہی بار مندرجہ ذیل نقش لکھے۔ اور صبح کے وقت آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں بہا دے۔ ان نقوش میں صرف ایک نقش اپنے پاس رکھے۔ انشاءاللہ مشکل دور ہوگی۔ یہ عمل رمضان شریف میں کرنا ہے۔ نقش مکرم یہ ہے:

۷۸۶

۱۶۶	۱۵۹	۱۶۴
۱۶۱	۱۶۳	۱۶۵
۱۶۲	۱۶۷	۱۶۰

ہر مشکل کے لئے فتح نامہ

گیارہ مرتبہ سورہَ اخلاص، اوّل وآخر تین تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ پھر اس تعویذ پر دم کردیں۔ تعویذ جیب میں رکھیں یا دائیں بازو پر باندھیں۔ انشاءاللہ ہر مشکل حل ہوگی۔ تعویذ یہ ہے:

یاجبرائیل ۷۸۶ یامیکائیل

قل	هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد
هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم
الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد
احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم
الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن
الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له
لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفوًا
يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفوًا	احد

یااسرافیل یاعزرائیل

☆☆☆☆☆☆

روحانیت کیا ہے؟ جادو کیسے ہوتا ہے؟ اور وہم کی کیا حقیقت ہے؟ ان تمام پوشیدہ چیزوں کو اس کتاب میں انتہائی خوبصورتی اور سادہ الفاظ میں بیان کردیا گیا ہے۔ آج ہی خریدیں اور انوکھے بھید پالیں۔



سورۂ مریم میں چھپے۔۔۔آپ کے دکھ دردوں کا مداوا

افسر کی تسخیر کیلئے

خاصیت: کٓھٰیٰعٓصٓ داہنے ہاتھ کی انگلیوں پر اور حٰمٓعٓسٓقٓ بائیں ہاتھ کی انگلیوں پر پڑھ کر دم کرنا پھر دونوں ہاتھ کی انگلیاں کسی شخص کی طرف کھول دینا اس طرح کہ ہر ایک حرف کے ساتھ ایک انگلی بند کرلی جائے دس حرفوں کے ساتھ دسوں انگلیاں بند کرنے کے بعد جس کی طرف کھول دینا مقصود ہو دفعۃً کھولی جائیں اس میں انشاءاللہ فائدہ تسخیر کا پیدا ہوگا۔

سر درد سے نجات کیلئے

کٓھٰیٰعٓصٓ کا مریض کے ماتھے پر لکھنا بفضلہٖ تعالیٰ دردسر مرگی اور بے ہوشی سے صحت بخشتا ہے۔

اولاد کی فرمانبرداری اور ذہانت کیلئے

''بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ ''یٰیَحۡیٰی خُذِ الۡکِتٰبَ بِقُوَّۃٍ-وَ اٰتَیۡنٰہُ الۡحُکۡمَ صَبِیًّا۔ وَّ حَنَانًا مِّنۡ لَّدُنَّا وَ زَکٰوۃً-وَ کَانَ تَقِیًّا۔ وَّبَرًّۢا بِوَالِدَیۡہِ وَلَمۡ یَکُنۡ جَبَّارًا عَصِیًّا۔ وَسَلٰمٌ عَلَیۡہِ یَوۡمَ وُلِدَ وَیَوۡمَ یَمُوۡتُ وَیَوۡمَ یُبۡعَثُ حَیًّا'' لکھ کر بچے کے گلے میں تعویذ بنا کر ڈالنا اور ہر مہینہ میں تین روز چینی کی طشتری پر لکھ کر پلانا بچے کو والدین کی نافرمانی سے اور خود بچے کے لئے بھی تمام آفتوں سے بچانے اور ذہن اور حافظہ زیادہ کرنے کے لیے بڑا اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

نہ بولنے والے بچے کا علاج

اگر کوئی بچہ تین چار برس کا ہو جائے اور بولنا شروع نہ کرے اس کو روزانہ اکیس روز تک ان آیتوں کا لکھ کر گھول کر پلانا نہایت مجرب اور مفید ہے۔ انشاءاللہ اکیس ۲۱ روز کے عرصہ میں بچہ بولنے لگے۔ آیتیں یہ ہیں: ''اِنِّیۡ عَبۡدُ اللّٰہِ۔ اٰتٰنِیَ الۡکِتٰبَ وَ جَعَلَنِیۡ نَبِیًّا۔ وَّ جَعَلَنِیۡ مُبٰرَکًا اَیۡنَ مَا کُنۡتُ-وَ اَوۡصٰنِیۡ بِالصَّلٰوۃِ وَ الزَّکٰوۃِ مَا دُمۡتُ حَیًّا۔ وَّبَرًّۢا بِوَالِدَتِیۡ۔ وَلَمۡ یَجۡعَلۡنِیۡ جَبَّارًا شَقِیًّا۔ وَ السَّلٰمُ عَلَیَّ یَوۡمَ وُلِدۡتُّ وَیَوۡمَ اَمُوۡتُ وَیَوۡمَ اُبۡعَثُ حَیًّا۔''

ہارا مقدمہ جیتنے کیلئے

اگر کسی شخص کا مکان کا یا زمین کا مقدمہ چل رہا ہو یا کوئی شخص جائیداد غیر منقولہ کا مقدمہ ہار کر اپیل کرنے کا ارادہ رکھتا ہو تب مقدمہ چلانے کے دنوں میں تین ہزار مرتبہ روزانہ ''بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ''اِنَّا نَحۡنُ نَرِثُ الۡاَرۡضَ وَ مَنۡ عَلَیۡہَا وَ اِلَیۡنَا یُرۡجَعُوۡنَ '' آیت کا پڑھنا ہارا ہوا مقدمہ جیتنے کے لئے اکسیر اعظم اور نہایت مفید اور مجرب عمل ہے۔

والدین کو راہ راست پر لانے کیلئے

جس شخص کا باپ جاہل شریعت کی نافرمانی کرتا ہو اور بیٹا شریعت کا تابعدار ہو اور باپ کو بھی خدا اور رسول ﷺ کا تابعدار بنانا چاہے تو اکیس مرتبہ روزانہ اکیس دن تک یہ آیت پڑھ کر پانی یا کسی اور چیز پر دم کرکے پلائے انشاءاللہ مقصود حاصل ہوگا۔ آیت یہ ہے ''یٰۤاَبَتِ اِنِّیۡ قَدۡ جَآءَنِیۡ مِنَ الۡعِلۡمِ مَا لَمۡ یَاۡتِکَ فَاتَّبِعۡنِیۡۤ اَہۡدِکَ صِرَاطًا سَوِیًّا''

جھوٹ کی عادت ختم کرنے کیلئے

خاصیت: جو شخص جھوٹ بولنے کا عادی ہو اور چاہے کہ جھوٹ کی عادت چھوٹ جائے ایک ہزار دفعہ انیس دن تک اس آیت کو عشاء کی نماز کے بعد اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریعت پڑھنے کے بعد پڑھے اور حق تعالیٰ سے دعا کرے کہ الٰہی حضرت اسماعیل علیہ السلام کے طفیل

سے مجھے سچی زبان والا بنادے انشاء اللہ تعالیٰ نہایت صادق القول ہو جائے گا آیت یہ ہے ''وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ-اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا''

ملازمت سے برطرفی دور کرنے کیلئے

جس کسی ملازم کا عہدہ ٹوٹ کر تنزل ہوا ہو یا تجارت میں گھاٹا آیا ہو آبرو بگڑ گئی ہو چالیس دن رات کے اندھیرے میں بیٹھ کر تین ہزار مرتبہ اس آیت کریمہ کا پڑھنا انشاء اللہ کھوئی ہوئی عزت کو دوبارہ واپس لاتا ہے۔ بگڑی ہوئی بات کو بناتا ہے اگلے پچھلے سارے نقصان پورے کرتا ہے۔ اگر خلوص کے ساتھ پڑھا جائے تو عمل مجرب اور مفید ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے ''وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ-اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا۔ وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا۔ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ''

وبائی و متعدی امراض سے حفاظت کیلئے

جس شہر میں کسی قسم کا مرض یا طاعون یا ہیضہ وغیرہ پھیل رہا ہو اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ میرا گھر اس بلا سے محفوظ رہے وہ ان آیتوں کو تین مرتبہ کاغذ پر لکھ کر مکان کے دروازے پر لگائے انشاء اللہ ضرور اس وبا سے مکان محفوظ رہے گا۔ آیتیں یہ ہیں ''وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا۔ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا۔ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّاَحْسَنُ نَدِيًّا''

زوجین یا دو مخالفین کی آپس میں شیر و شکر کیلئے عمل

اگر دو لڑے روٹھوں میں ملاپ کرانا یا میاں بیوی میں سلوک محبت کرانا منظور ہو صبح کی نماز کے بعد تین دن تک برابر ایک تو تئیس مرتبہ اس آیت کریمہ کو کسی چیز پر دم کر کے لڑے روٹھے کو کھلانا اور پڑھنے کے بعد خدا سے دعا کرنا محبت سلوک پیدا کرنے کے لئے خدا کے حکم سے یہ عمل نہایت مجرب ہے آیت یہ ہے ''اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا۔ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ''

دشمن سے نجات پانے کیلئے

دشمن کے برباد کرنے کے لئے اس آیت کا اکیس ۲۱ ہزار مرتبہ سات دن تک ننگے سر ہو کر پڑھنا بے حد مجرب اور مفید ہے۔ آیت یہ ہے: ''وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ-هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا'' ضروری انتباہ! یہ آیت خونی اور جلالی ہے غیر شرعی جگہ میں استعمال سے پلٹ جانے کا اندیشہ ہے۔ اس لیے اس کا پرہیز سخت ہے تمام حرام اور مکروہ چیزوں کا کھانا مثلاً لہسن، پیاز، حقہ، زردہ وغیرہ وغیرہ چھوڑنا سوائے خشک جو کی روٹی کے علاوہ کل کھانوں کو چھوڑنا، غیر عورت پر نظر ڈالنے

قیمت
500.00

کرنٹ مالش
صرف مردوں کیلئے

عضو خاص کی جملہ بیماریوں
اور نامرد حضرات کیلئے
بیش قیمت روغن

کرنٹ مالش رگ و پٹھوں کو تقویت دیکر
تمام نقائص کو دور کرتی ہے



سے بچنا، جھوٹ بولنے ہر ایک قسم کے گناہ سے احتیاط کرنا فرض ہوگا ورنہ خود پڑھنے والا مر جائے گا اور اگر عمل پورا ہو تب ظالم دشمن جلد ہلاک ہوگا یا سخت بلا میں فوراً گرفتار ہوگا یا پڑھنے والے کی اطاعت قبول کرے گا۔

☆☆☆☆☆

تخیل کا کمال اور مریضوں کی حیرت انگیز شفایابی

تخیل کا انسانی زندگی پر اثر۔۔۔ایک اہم مثال

یہ عام مشہور ہے کہ ’’عالم تمام حلقہ دام خیال ہے‘‘ اور نپولین کا قول ہے۔ ’’تخیل دنیا کی بڑی طاقت ہے‘‘ چند ہی سال کا ذکر ہے کہ ایک آدمی ہسپتال میں لایا گیا۔ اس کی حالت اس قدر خراب تھی کہ وہ بستر پر سے اپنا سر نہیں اٹھا سکتا تھا۔ اس کا بیان تھا کہ اس نے اپنے مصنوعی دانت غلطی سے نگل لئے تھے جس کی وجہ سے اس کے معدے اور انتڑیوں میں شدت کا درد پیدا ہو رگیا تھا۔ ڈاکٹر نے اس کے دماغ سے اس خیال کو رفع کرنے کی بے حد کوشش کی۔ لیکن بے سود، مریض کا حال ابتر ہوتا گیا اور سب علاج الٹے پڑنے لگے۔ تھوڑی دیر بعد آدمی کو اپنی بیوی کا تار ملا کہ تمہاری مصنوعی دانت تمہاری تکیہ کے نیچے رکھے ہوئے مل گئے ہیں۔ پادری تار پڑھ کر کھسیائے اور ناراض تو بہت ہوئے کہ خواہ مخواہ انہوں نے اپنے تئیں بے وقوف ثابت کیا۔ لیکن اب جب کہ ان کی خیالی تکلیف رفع ہو چکی تھی وہ بستر مرگ سے اٹھے۔ کپڑے تبدیل کئے، فیس ادا کی اور چنگے بھلے ہو کر گھر کا راستہ لیا۔ جب تک آدمی کو یقین تھا کہ مصنوعی دانت اس کے معدے کے اندر موجود ہیں۔ تمام دنیا کے ڈاکٹر اس کی تکلیف کو فرضی نہ ثابت کر سکتے تھے۔ پہلے پادری کے خیال کو بدلنا ضروری تھا۔

تخیل کی وجہ سے بیماری کا بڑھنا۔۔۔دوسری مثال

ڈاکٹر کی رائے ہے کہ متعدی امراض کا اثر انسان کی ذہنی حالت پر منحصر ہے اور یہ بہت ممکن ہے کہ ایک غیر معمولی مالی طور پر مصروف آدمی خطرناک مریضوں کے درمیان رہ کر بھی کوئی نقصان نہ اٹھائے۔ جب تخیل کو بیماری کی طرف رجوع کرنے کا موقع ہی نہ ملے گا تو اس کا اثر بدن پر کیسے ظاہر ہو سکتا ہے۔

روایت ہے کہ جو شخص ہر روز ''فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ'' سات مرتبہ پڑھے۔ خداوند تعالیٰ اس کی تمام دینی اور دنیوی مہمات انجام کو پہنچائے۔ چاہے سچے دل سے پڑھے یا جھوٹے دل سے۔ تم دیکھو یہ آیت کیسی دربے بہا ہے کہ جس کے واسطے صدق دل کی بھی ضرورت نہیں۔ ورنہ اکثر اذکار کی تاثیریں صدق دل پر منحصر ہیں یہ ذکر تمام ذکر کرنے والوں کے واسطے بڑی رحمت کا موجب ہے اور تمام دنیوی اور اُخروی تفکرات و ہموم سے اس میں کفایت ہے۔ جس کو خدا اس کے پڑھنے کی توفیق دے۔ پھر اگر یہ پڑھنے والا توکل میں قدم نہیں رکھتا۔ تب بھی یہ نعمت ایسی ہے جس کا ادائے شکر انسان سے ممکن نہیں۔ یعنی اس کے پڑھنے کا ثواب پس خدا ہی کے واسطے تعریف اور سنت ہے۔

حکام سے حاجت پوری کرانے کا عمل

یہ عمل نہایت ہی عمدہ اور پوشیدہ راز ہے۔ جو شخص یہ چاہے کہ کسی امیر یا رئیس سے اس کی کوئی حاجت پوری ہو۔ اس کو لازم ہے کہ ۳۵ بار

سورۂ یٰسین پڑھ کراس کے پاس جائے۔ وہ ضرور اس کے ساتھ تعظیم سے پیش آئے گا اور جو حاجت ہوگی پوری ہوگی۔

رزق کے خزانے حاصل کرنے کیلئے

جو شخص جمعہ کی ہر دو اذانوں کے درمیان ستر (۷۰) مرتبہ اس دعا کو پڑھا کرے اور مداومت رکھے تو اس کے رزق میں برکت ہو۔ آمدن روز افزوں ہو اور کبھی بھی قرض دار نہ ہو۔ بلکہ بے انتہا فارغ البالی ہو دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ یَاغَنِیُّ یَاکَرِیۡمُ یَا ذَا الۡفَضۡلِ الۡعَظِیۡمِ یَاوَاسِعَ الۡعَطَاءِ وَ الۡکَرَمِ۔ اَللّٰھُمَّ اَغۡنِنِیۡ بِحَلَالِكَ وَاکۡفِنِیۡ بِفَضۡلِكَ عَمَّنۡ سِوَاكَ

اگر تم ہر جمعہ کو اس کی تلاوت کروگے۔ اس کی برکت تو خود پالو گے اور رزق میں کشادگی بھی دیکھ لو گے اور تم لوگوں میں مقبول اور خدا کے محبوب ہو گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہ دعا ایک عجیب راز ہے اور اس کی تاثیر بڑی عجیب وغریب ہے لیکن یہ ضروری ہے کہ وہ لوگ اس دعا سے کام لیں۔ جن کی حلال کی روزی ہو یا حلال کی کمائی کی ضرورت ہو۔ دوسرے لوگ اپنا وقت ضائع نہ کرے۔ دعا مانگنے والے کو خدا ایسی جگہ سے رزق دے گا۔ جہاں سے گمان بھی نہ ہوگا۔ قرض ہوگا تو دور ہو جائے گا کام یا ملازمت نہیں ہے۔ تو وہ بھی ملے گی۔ بڑی فراخی سے گزارا ہوگا اور آپ کے تمام حالات درست ہو جائیں گے۔

جان و مال کی حفاظت کیلئے

جو شخص مال تجارت، دکان یا مکان یا دولت وغیرہ کی حفاظت چور، ڈاکو وغیرہ سے کرنا چاہے تو چار ٹکڑے کچی ٹھیکری کے لائے۔ پہلی پر اللہ عِنۡدَہٗ دوسری پر عِنۡدَ کُلِّ شِدَّۃٍ تیسری پر حَسۡبِیَ اللّٰہُ وَحۡدَہٗ اور چوتھی پر اَلَیۡسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبۡدَہٗ کالی سیاہی سے لکھے اور مکان یا دکان کے چاروں کونوں پر اس ترتیب سے دفن کرے کہ پہلی ٹھیکری کو قبلہ رخ، دوسری کو شمال کی طرف، تیسری کو جنوب کی طرف اور چوتھی کو مشرق کی طرف دفن کرے۔ اس ترکیب سے مکان وسامان آتشزدگی اور چوری سے محفوظ رہے گا۔ بحکم الٰہی۔ ٹھیکریوں پر ہفتہ کے دن طلوع آفتاب کے بعد ہی کالی سیاہی سے لکھے اور پھر جب چاہے دفن کردے۔ امن وامان کا بندوبست پکا ہوگا۔ انشاء اللہ۔

استاذ العالمین کے مجرب اعمال

خواہشات کی تکمیل کے لئے

نوچندی جمعرات یا نوچندی اتوار کو بعد نماز عشاء گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورۃ فاتحہ ساٹھ (۶۰) مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد پھر سورۂ فاتحہ اس طرح پڑھیں کہ جب ''اِیَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ'' پر پہنچیں تو اس آیت کی چالیس (۴۰) مرتبہ تکرار کریں۔ اس طرح سورۂ فاتحہ کو چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھنے کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس عمل کو ختم کرتے ہی چار رکعت بہ نیت قضائے حاجت پڑھیں۔ اس طرح کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد چالیس (۴۰) مرتبہ سورۂ اخلاص، پچاس



ایسے لوگوں کے سچے واقعات جنہوں نے اپنی آنکھوں سے جنات کو دیکھا، ان کی زندگی کو پرکھا اور سمجھا۔ باذوق لوگوں کیلئے بہترین کاوش قدر دانوں کیلئے لاجواب سرمایہ……

(۵۰) مرتبہ ''لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ '' اور پچاس (۵۰) مرتبہ ''اَسْتَغْفِرُ اللهَ رَبِّ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ'' پڑھیں۔ اسی طرح چاروں رکعات پوری کریں۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد مکمل یکسوئی، کامل عاجزی اور انکساری کے ساتھ اپنی خواہشات کو (جو بھی ہوں) اپنی ہی زبان میں اپنے رب کے سامنے رکھیں اور یہ یقین دل میں جمائے رکھیں کہ آپ کا رب آپ کی بات کو سن رہا ہے اور آپ کے دلی جذبات سے اچھی طرح واقف ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ واقف ہے جتنا خود آپ اپنی خواہشات اور اپنے احساسات سے واقف ہیں۔ اس عمل کو لگاتار چھ جمعراتوں تک یا چھ اتواروں تک کریں۔ خیال رکھیں کہ چاند عقرب میں نہ ہو۔ اگر جمعرات کو چاند عقرب میں ہو تو اتوار کو کریں۔ اگر اتوار کو چاند عقرب میں ہو تو جمعرات کو کریں۔ کسی ماہ نوچندی جمعرات کو اور کسی ماہ نوچندی اتوار کو بھی کر سکتے ہیں۔ نوچندی جمعرات یا نوچندی اتوار اس کو کہتے ہیں جو چاند کی ۳ تاریخ کے بعد یعنی ۴ تاریخ سے لے کر ۱۱ تاریخ کے درمیان آئے۔ یہ بات خاص طور سے دھیان میں رکھیں اور چاند درعقرب دیکھنے کے لئے کسی مستند جنتری یا منجم سے رجوع کریں۔

دفع مصائب کیلئے سورہ فاتحہ کا عمل

اگر کوئی شخص ایسی مصیبت کا شکار ہو گیا ہے جو عزت و مال کے درپے ہو یا جس کی وجہ سے انسان کا چین وسکون ختم ہو گیا ہو یا اگر کوئی شخص ایسی ناگہانی بلا کا شکار ہو کر رہ گیا ہو جس کی وجہ سے اس کا آرام، اس کی عزت اور اس کا سکون غارت ہو گیا ہو اور اس شخص کو اس مصیبت سے چھٹکارے کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو ایسے حالات میں اس کو سورۃ فاتحہ کا یہ عمل کرنا چاہئے۔ سورۂ فاتحہ کے کل حروف کی تعداد ایک سو پچیس (۱۲۵) ہے۔ اگر ہر حرف کے بدلے میں ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ سورۃ فاتحہ کو پڑھا جائے تو تعداد ایک لاکھ پچیس ہزار (۱۲۵۰۰۰) مرتبہ بیٹھے گی۔ اس طریقہ ختم کو ''ختم کبیر'' کہتے ہیں۔ اگر ہر حرف کے بدلہ میں ایک سو (۱۰۰) مرتبہ سورۂ فاتحہ کو پڑھا جائے تو تعداد بارہ ہزار پانچ سو (۱۲۵۰۰) مرتبہ بیٹھے گی۔ اس طریقہ ختم کو ''**ختم وسیط**'' کہتے ہیں۔

ان تینوں ختم میں جو بھی ختم فوری طور پر ممکن ہو، اس پر عمل کرے۔ ان شاء اللہ کیسی بھی مصیبت ہو گی رفع ہو جائے گی۔ اگر ختم صغیر پڑھنا ہو تو پھر ایک ہی آدمی باوضو ہو کر پڑھے۔ اگر مصیبت ختم نہ ہو تو لگاتار چھ (٦) مہینوں تک نوچندی جمعرات یا نوچندی اتوار کو پڑھے۔ اگر مصیبت سے نجات مل جائے تو عمل موقوف کر دے۔ باقی دونوں ختم ایک سے زائد افراد مل کر پڑھیں۔ ختم کے بعد ہر بار اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں اور اپنی بے کسی اور کمزوری کا کھلے الفاظ میں اقرار کریں۔ انشاء اللہ رحمت خداوندی جوش میں آئے گی اور مصائب رفع ہوں گے۔

حاجت کی تکمیل کے لئے سورہ رحمٰن کا عمل

کسی بھی ایسی حاجت کی تکمیل کے لئے جو پوری نہ ہوتی ہو، تین روز تک یہ عمل کریں ہر فرض نماز کے بعد بیس مرتبہ سورۂ رحمٰن پڑھیں اور دعا مانگیں۔ حاجت کیسی بھی ہو، انشاء اللہ پوری ہو گی۔

کسی مصیبت سے نجات کے لئے

يَااَللهُ اَنْتَ رَبِّيْ۔ يَااَللهُ اَنْتَ حَسْبِيْ

قبلہ رو ہو کر پہلے پانچ سو مرتبہ کھڑے ہو کر پڑھے۔ پھر سو مرتبہ بیٹھ کر اور پھر سو مرتبہ لیٹ کر۔ پرہیز کچھ نہیں۔ البتہ وقت اور جگہ کی پابندی کرنی چاہیے۔ عمل کے شروع اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنا چاہیے۔ عمل ہلکی روشنی میں کرنا چاہیے نہ تیز روشنی میں اور نہ بالکل اندھیرے میں۔ سات دن میں ہی انشاء اللہ مراد پوری ہو گی اور مشکل حل ہو گی۔

آخری دن یعنی ساتویں دن، عمل یہ پڑھا جائے گا:

يَااَللهُ اَنْتَ رَبِّيْ۔ يَااَللهُ اَنْتَ حَسْبِيْ۔ تَنْصُرُ مَنْ تَشَآءُ وَاَنْتَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ

کالی، پیلی تمام بلاؤں کیلئے بہترین عمل

اُنۡصُرۡنَا فَاِنَّكَ خَيۡرُ النّٰصِرِيۡنَ

اس عمل کی کوئی زکوٰۃ نہیں ہے۔ جس کسی پر مصیبت آجائے تو اس کے گھر والے اور وہ خود بھی شامل ہوکر گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ اس کو پڑھیں۔ پڑھنے والوں کی تعداد ۳، ۷، ۹، ۱۱ ہونی چاہیے ورنہ پھر انسان خود تنہا یہ عمل کرے۔ اس عمل کو لگا تار سات دن تک کریں۔ سات دن میں بڑی سے بڑی مصیبت سے نجات مل جائے گی۔ انشاء اللہ۔

خطاؤں کی وجہ سے مصیبت کا شکار

وَاغۡفِرۡ لَنَا فَاِنَّكَ خَيۡرُ الۡغَافِرِيۡنَ۔ یہ عمل خاص طور پر اس وقت کرنا چاہئے کہ جب اپنی خطاؤں کی وجہ سے کوئی انسان یا کوئی گھرانہ کسی مصیبت کا شکار ہوگیا ہو۔ اس عمل کو لگا تار سات دن تک کریں۔ نوچندی جمعرات کو شروع کریں اور روزانہ اتنی مرتبہ مختلف لوگ مل کر پڑھیں کہ سات دن میں سوا لاکھ کی تعداد پوری ہوجائے۔ نوچندی جمعرات سے شروع کرکے بدھ کے دن تک پڑھیں۔ اگر دن یا رات کے وقت زوال کے وقت سے پہلے پہلے پڑھیں تو بہتر ہے۔ پڑھنے والوں کی تعداد طاق ہونی چاہئے یعنی ۳، ۵، ۷، ۹ اور زیادہ سے زیادہ گیارہ افراد۔

جب کوئی تدبیر کارگر نہ ہو

وَارۡحَمۡنَا فَاِنَّكَ خَيۡرُ الرّٰحِمِيۡنَ

یہ عمل اس وقت کرنا چاہئے، جب دوائیں، دعائیں اور تعویذات کارگر نہ ہو رہے ہوں۔ گھر کے تین لوگ اس عمل کو اس طرح کریں کہ نماز عشاء کے بعد ہر فرد گیارہ سو مرتبہ پڑھے۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر اجتماعی دعا مانگیں اور اللہ سے مدد چاہیں۔

حل مشکلات کے لئے

جب کوئی مشکل پیش آئے تو وضو کرکے مکمل تنہائی میں دو رکعت نماز نفل پڑھ کر دو سو انیس (۲۱۹) مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔ پھر سجدے میں جا کر دعا کریں۔ انشاء اللہ، کیسی بھی مشکل ہوگی اس سے نجات مل جائے گی۔ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ يَاوَدُوۡدُ يَاوَدُوۡدُ يَاوَدُوۡدُ يَا ذُاالۡعَرۡشِ الۡمَجِيۡدُ يَا مُبۡدِئُ يَا مُعِيۡدُ يَافَعَّالُ لِّمَا يُرِيۡدُ اَسۡئَلُكَ بِنُوۡرِ وَجۡهِكَ الَّذِيۡ اَرۡكَانَ عَرۡشِكَ وَبِقُدۡرَتِكَ الَّذِيۡ قَدَّرۡتَ بِهَا عَلٰى جَمِيۡعِ خَلۡقِكَ وَبِرَحۡمَتِكَ كُلَّ شَيۡءٍ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنۡتَ يَا غَيَاثُ اِغۡثۡنِيۡ يَا غَيَاثُ اِغۡثۡنِيۡ يَا مُغِيۡثُ اِغۡثۡنِيۡ يَا مُغِيۡثُ اِغۡثۡنِيۡ يَامُغِيۡثُ اِغۡثۡنِيۡ

ناگہانی پریشانی سے نجات

اگر کوئی شخص کسی ناگہانی پریشانی میں مبتلا ہوجائے تو بعد نمازِ عصر، سورۂ فاتحہ ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ پڑھے۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف۔

قیمت
640.00

نیو
طاقتی

جسم میں فولادی قوت پیدا کرنے والا شاہی نسخہ

مایوس ازدواجی زندگی کیلئے، اعصابی کمزوری، جلدی تھک جانا، کمر کے درد، پٹھوں کے کھچاؤ، ذہنی دباؤ، ٹینشن، ڈپریشن کے مریض ضرور استعمال کریں

انشاءاللہ پریشانی دفع ہوگی۔ لگاتار اس عمل کو تین دن تک کرے۔

مصیبت سے نجات کیلئے

اگر کوئی شخص کسی مصیبت کا شکار ہوجائے تو اس کو چاہئے لگاتار تین دنوں تک بدھ جمعرات، جمعہ نماز فجر کے بعد ۴۱ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے۔ اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور سجدے میں جاکر دعا کرے۔ انشاءاللہ مصیبت سے نجات مل جائے گی۔

حاجت روائی کیلئے

اگر کسی کی حاجت پوری نہ ہوتی ہو تو اس کو چاہئے کہ نمازِ عصر کے بعد تین مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات پڑھے اور اس عمل کو لگاتار 21 روز تک کرے۔ انشاءاللہ حاجت پوری ہوگی۔ کلمات یہ ہیں۔

یَاحَیُّ یَاحَلِیْمُ یَاعَزِیْزُ یَا کَرِیْمُ اِقْضِ حَاجَتِیْ بِحَقِّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ۔

انشاءاللہ ۲۱ روز میں حاجت پوری ہوگی۔

دینی ودنیاوی حاجات کیلئے

جو شخص حسب ذیل انداز سے سورۂ فاتحہ ہر نماز کے بعد پڑھے گا اور اس تعداد کو معمول بنالے گا تو اس کی تمام دینی ودنیاوی خواہشات پوری ہو جائیں گی۔ نمازِ فجر کے بعد ۳۰ مرتبہ، نماز ظہر کے بعد ۲۵ مرتبہ، نماز عصر کے بعد ۲۰ مرتبہ، نماز مغرب کے بعد ۱۵ مرتبہ اور نماز عشاء کے بعد ۱۰ مرتبہ پڑھے۔ اس طرح کل ۱۰۰ مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جس مقصد کو بھی ذہن میں رکھے گا اس میں کامیابی ملے گی۔

ہر حاجت کے لیے

نوچندی جمعرات سے اس عمل کو شروع کریں۔ اوّل وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف اور سورۂ فاتحہ روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ اگر اتنی تعداد میں روزانہ پڑھنا مشکل ہو تو ۳۱۳ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو ۱۲۵ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ چالیسویں دن اپنی حاجت کیلئے گڑگڑا کر دعا کریں۔

برائے قضائے حاجت

سورۂ فاتحہ کا ایک عمل جو قضائے حاجت کیلئے بے حد مجرب ہے۔ یہاں نقل کیا جاتا ہے۔ جو تمام کتب قدیم میں مذکور ہے اور بلاشبہ بے حد موثر ہے۔ طریقہ عمل یہ ہے کہ جب کسی حاجت کیلئے عمل کرے تو سب سے پہلے نیا لباس سلوائے۔ اگر گنجائش نہ ہو تو سفید لباس جو بھی بہتر موجود ہو۔ اس کو دھلوالے اور پہلے دن غسل کرکے، عروج ماہ کے کسی بھی اتوار کو، بشرطیکہ چاند برج عقرب میں نہ ہو، اسمائے رجال کا خیال کرکے بیٹھ جائے اور روزانہ عمل سے پہلے مصلے پر بیٹھ کر ایک مرتبہ آیت الکرسی ایک مرتبہ سورۂ بقرہ کا پہلا رکوع اور ایک مرتبہ سورۂ بقرہ کی آخری دو آیات آمن الرسول سے ختم سورۃ تک اور ایک ایک مرتبہ چاروں قل پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کرے۔ اس کے بعد دن یعنی اتوار کو بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ پانچ سو بیاسی (۵۸۲) مرتبہ۔ پیر کے دن الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ چھ سو اٹھارہ (۶۱۸) مرتبہ۔ منگل کے دن مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ دوسو بیالیس (۲۴۲) مرتبہ۔ بدھ کے دن اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ دوسو چھتیس (۲۳۶) مرتبہ۔ جمعرات کے دن اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ایک ہزار تہتر (۱۰۷۳) مرتبہ۔ جمعہ کے دن صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ آٹھ سو سات (۸۰۷) مرتبہ۔ ہفتے کے دن غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ تیرہ سو چار (۱۳۰۴) مرتبہ پڑھیں۔ انشاءاللہ سات ہی دن میں مراد برآئے گی۔

☆☆☆☆☆

عامل کامل ماسٹر نظامی صاحب کے مجرب اعمال

درود تنجینا کا مجرب

سات روز تک ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھنے سے مشکل حل ہوجاتی ہے۔

ہر مشکل کے حل کیلئے درود شریف کا زود اثر ختم

یہ ختم جملہ جائز مشکلات کے حل میں بہترین اور کارآمد ثابت ہوا ہے۔ اس درود شریف کا پہلا ختم ساٹھ ہزار (۶۰۰۰۰) کی تعداد میں کیا۔ تعداد بھی پوری نہ ہوئی تھی کہ کام ہوگیا۔ اس کے بعد اور بہت سے لوگوں کو بتایا، الحمدللہ سب ہی کامیاب ہوئے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ صَلٰوةً وَّسَلَامًا دَائِمَةً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ۔

شرائط: کمرہ علیحدہ پاک صاف کرلیا جائے۔ سوا تین میٹر مربع سفید لٹھے کی چادر، شمار کے لئے کنکریاں یا تخم املی رکھے جائیں۔ پڑھنے والے بالغ عورت اور مرد ہوں اور گھر والے ہوں، جو کسی نہ کسی صورت میں اس مشکل سے متاثر ہوئے ہوں۔ بالالفاظ دیگر کوئی غیر نہ ہو۔ روزانہ تین، پانچ یا چھ ہزار پڑھ کر ساٹھ ہزار کی تعداد پوری کریں۔ وقت جو پہلے دن ہو، وہی رہے۔ ختم میں شامل عورت احتیاط کرے کہ تا اختتام تعداد، شامل رہنا ہے۔

کمرہ پہلے اگربتی جلا کر مہکا لیا جائے۔ دوران ختم کمرے میں کوئی دوسرا نہ آئے اور نہ ہی ختم میں شامل حضرات میں سے کوئی اٹھے۔ بعد ختم، کمرہ بند کردیا جائے۔ دوران ختم کوئی کسی سے اشارہ سے بھی بات نہ کرے۔ بعد ختم تعداد، حسب توفیق کھانا پکا کر غریبوں میں بانٹ دیں اور اس کا ثواب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہدیہ کریں۔ چادر کسی نمازی یا ضرورت مند غریب آدمی کو دے دی جائے۔

درودِ نور سے مشکلات سے نجات

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَيِّدِ الْاَبْرَارِ۔

ایک دوست کو تین سو تیرہ (۳۱۳) روزانہ پڑھنا بتایا۔ اس کی ایسی مشکل حل ہوگئی جس کے حل ہونے کی کوئی صورت نظر نہ آتی تھی۔ دل و دماغ میں نور پیدا ہوگیا تھا اور دیدار سے بھی مشرف ہوا۔

مشکلات سے نجات کیلئے سورۂ مزمل کے اعمال

(۱) ڈیڑھ گز لمبا سفید جائے نماز بنالیں۔ سجدہ کی جگہ ڈیڑھ انچ قطر کا سیاہ رنگ کا گول ٹکڑا لگوائیں۔ کامل تنہائی میں اس مصلے پر دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت ادا کریں۔ سورۂ فاتحہ کے بعد اوّل رکعت میں اکیس بار اور دوسری رکعت میں بیس بار سورۂ مزمل معہ بسم اللہ


جنید جمشید
گلوکاری سے
پرہیزگاری
تک
تحقیق و تالیف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

شراب نوشی میں گھرے، برائیوں میں جکڑے اور ہر قسم کی نافرمانیوں میں مبتلا افراد کیلئے کس طرح ایک گلوکار ذریعہ بنا اور کس طرح اس نے مقام ولایت طے کیا......؟ صرف ان لوگوں کے لئے جو اپنے آپ کو گناہوں میں مبتلا پاتے ہیں۔

پڑھیں۔ قیام کی حالت میں جائے سجدہ پر لگے ہوئے گول ٹکڑے پر نظر رکھیں۔ بعد سلام درود شریف پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں گڑگڑا کر دعا مانگیں۔ نہ صرف بہت جلد بامراد ہوں گے بلکہ قلب و ذہن میں نورانیت پیدا ہو جائے گی۔ متواتر گیارہ رات پڑھیں۔ مجرب عمل ہے۔

(۲) فتاویٰ عزیزیہ کا مجرب عمل

دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت پڑھیں۔ رکعت اوّل میں تین بار اور دوم میں دو بار سورۂ مزمل پڑھیں۔ بعد سلام تین بار سورۂ مزمل پڑھیں۔ ہر بار جب آیت رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا پڑھ چکیں تو پچیس بار حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھیں۔ پھر سورت آگے پڑھیں یعنی وَاصْبِرْ سے شروع کر دیں۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ میں ہر جائز مراد پوری ہوگی۔ مجرب اور تصدیق شدہ عمل ہے۔

(۳) بعد نمازِ عشاء، کامل تنہائی، باطہارت جسم و لباس، دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت ادا کریں۔ پہلی رکعت میں بعد فاتحہ گیارہ بار اور دوسری رکعت میں دس بار سورۂ الم نشرح پڑھیں۔ بعد سلام اندھیرا کر لیں۔ چار زانو یا دو زانو بیٹھ جائیں۔ توجہ کاملہ کے ساتھ گیارہ بار دُرودِ ناریہ پڑھیں۔ اور بسم اللہ شریف پڑھ کر گیارہ سو بار آیت رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا پڑھیں۔ بعد ختم، گیارہ بار درود ناریہ پڑھیں۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ میں بڑی سے بڑی مشکل سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

☆☆☆☆☆

اٹکے، بھٹکے لوگوں کیلئے سورہ فاتحہ کے اعمال

(۱) جملہ مصائب سے نجات حاصل کرنے کا عمل

کیسی ہی مشکل کا وقت ہو اور کوئی راہ نجات کی نظر نہ آتی ہو تو سورۂ فاتحہ مندرجہ ذیل طریقے سے پڑھئے۔ انشاء اللہ سات روز میں نجات ہو جائے گی۔ نوچندی شب جمعرات سے علیحدہ کمرے میں سورۂ فاتحہ گیارہ بار پڑھیں۔ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ پڑھ کر ایک سو (۱۰۰) بار مندرجہ ذیل دعا پڑھیں۔ پھر سورۂ فاتحہ آگے اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ سے شروع کریں۔ ہر بار اسی مقام پر ایک سو (۱۰۰) بار دعا پڑھیں۔ اس دعا کے ساتھ بسم اللہ شریف نہیں پڑھنا۔ دعا یہ ہے:

اَقْوٰى مُعِيْنٍ وَّ اَهْدٰى دَلِيْلٍ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

اسی طرح گیارہ بار سورۂ فاتحہ پڑھیں۔ اوّل و آخر طاق بار درود شریف پڑھیں اور ہر بار بسم اللہ پڑھ کر شروع کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد مراد پائیں گے۔

(۲) مصائب سے نجات حاصل کرنے کا طریقہ

کامل تنہائی میں رات ایک بجے کے بعد دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت پڑھیں۔ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر سورۂ فاتحہ شروع کر دیں۔ جب آیت الرحمن الرحیم پڑھ چکیں تو فوراً بعد مندرجہ ذیل دعا گیارہ بار کامل توجہ سے پڑھ کر آگے سورۂ فاتحہ پڑھیں۔ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الرَّحِيْمُ وَاَنَا الْخَاطِئُ فَمَنْ يَّدْعُ الْخَاطِئُ اِلَّا الرَّحِيْمُ يَارَبِّ ارْحَمْنِيْ۔

اسی طرح اکتالیس بار سورۂ فاتحہ پڑھیں اور اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ میں بڑی مصیبت سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

☆☆☆☆☆

سمائے الٰہی اَلۡعَظِیۡمُ

بزرگ تر، عظمت و بزرگی والا۔ یہ اسم مشترک ہے اور عنصر آبی ہے۔ اس اسم میں اسم اعظم کے دو حروف ہیں۔ یہ دونوں طرفوں سے موکل اس کا حرفطیا ئیل ہے۔ جس کے ماتحت چار افسر ہیں اور ہر افسر کے ماتحت ۱۰۲۰ صفیں ہیں۔ جن میں سے ہر ایک صف میں ۱۰۲۰ موکل ہیں۔ ذاکر پر موکل نازل ہو کر قوت عظیم عنایت کرتا ہے اور تمام عالم میں قدر و منزلت اس کی بلند کرتا ہے۔ بادشاہ اور سرکش لوگ اس کے آگے عاجز اور مطیع ہوتے ہیں۔

معلوم ہو کہ اسم عظیم موضوعات اسمائے اجسام سے ہے اور اس کے اندر تین تین باتیں شامل ہیں۔ یعنی ایک تو وہ چیز بڑی ہوتی ہے۔ جس کے بڑے ہونے سے نگاہ اس کو محدود کر سکتی ہے۔ جسے ہاتھی اور ایک چیز ایسی ہے جس کو نگاہ محدود نہیں کر سکتی۔ مگر عقل محدود کر سکتی ہے۔ جیسے آسمان و زمین، ایک ایسی چیز کہ عقل بھی اس کو اس کی بزرگی کے سبب سے محدود نہیں کر سکتی اور وہ خداوند تعالیٰ ہے۔ اس اسم کو جب ذاکر پڑھے تو چاہئے کہ اسم الٰہی عَلِیُّ کو بھی اس کے ساتھ ملائے کیونکہ ان دونوں اسموں میں سر عظیم ہے۔ ملا کر ذکر کرنے سے خواص عجیب حاصل ہوں۔

اگر اسم مبارک علی اور عظیم کو جدا جدا حرفوں میں لکھ کر تکسیر کر کے اپنے پاس رکھے تو قدر بلند ہو۔ مرتبہ عظیم حاصل ہو۔ حوادثات زمانہ سے کوئی گزند نہ پہنچے۔ تمام دشمن مغلوب ہوں۔ کسی میں مقابلہ کی جرات نہ پیدا ہو۔ جب سالک خلوت میں جانے کا ارادہ کرے تو پہلے پاکیزہ کپڑے پہنے پھر اسم کو ہر نماز کے بعد اس کے عدد کے موافق پڑھا کرے۔ یہاں تک کہ موکل حاضر ہو۔

جناب امام علی رضا علیہ السلام نے ارشاد فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسم کو ہزار بیس مرتبہ روزانہ پڑھے تو پیش خلایق معظم ہو اور مقاصد بر آئیں۔ اہل تحقیق نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسم کا احصی کرے تو اپنے نفس کو بالکل ذلیل سمجھ لے اور فرمان خداوند عظیم میں اپنی گردن کو من کل الوجود جھکا دے اور تمام نوامر دنواہی کا پابند رہے تا کہ اللہ تعالیٰ کو عظیم القدر گردانے۔

شیخ مغربؒ نے فرمایا کہ اس اسم کا ذاکر جس کی جانب نگاہ اٹھا دے وہ بیساختہ تعظیم کے واسطے کھڑا ہو جائے۔ اگر کوئی شخص ذلیل ہو اور بزرگی کے مرتبہ پر پہنچنا چاہتا ہو یا فقیر ہو اور تو انگری چاہتا ہو تو اطلس سرخ پر شرف آفتاب میں اس اسم کا نقش مربع تحریر کر کے اپنے رکھے۔ اگر لوح طلا ہو تو بہتر ہے۔ اگر میسر نہ ہو تو زرد کاغذ پر ان نقوش میں سے کسی نقش کو تحریر کرے اور اپنے پاس رکھے اور چالیس یوم تک یا زیادہ عدد تکسیر سے دعوت بجالائے۔ تو اعلیٰ مرتبہ حاصل ہو۔ اس اسم کے اعداد تکسیر ۳۰۶۰ ہیں۔ دعوت ختم ہونے کے بعد اس اسم کے عدد کے مطابق پڑھا کرے۔ عدد اس کے ۱۰۲۰ ہیں۔ نقوش مربع اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں!

قیمت
100.00

ناک
شفاء

ناک میں ڈالنے والے قطرے

دائمی نزلہ الرجی، چھینکیں،

ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا

۷۸۶

۲۴۷	۲۶۱	۲۵۸	۲۵۴
۲۵۹	۲۵۳	۲۴۸	۲۶۰
۲۵۲	۲۵۶	۲۶۳	۲۴۹
۲۶۲	۲۵۰	۲۵۱	۲۵۷

۷۸۶

ع	م	ی	ظ
ی	ظ	ع	م
ظ	ی	م	ع
م	ع	ظ	ی

شیخ بونی ؒ نے فرمایا ہے کہ اس اسم کی تلاوت بجالائے تو اللہ تعالیٰ دائمی عزت عطا فرمائے اور قدر بلند فرمائے اور اگر سونے یا چاندی کی انگشتری پر کندہ کرے اور اس کے گرد موکل کا نام بھی تحریر کرے اور تلاوت شروع کرے تو کل مرادیں پوری ہوں۔ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے اور جنات کے ایذا سے محفوظ رہے۔ اگر بادشاہ اس کو اپنے پاس رکھے تو لشکر اس کا مطیع ہو۔ شیخ شہاب الدین سہروردیؒ سے منقول ہے کہ اگر ذیل کے اسماء کو سولہ دن تک ایک ہزار مرتبہ باشرائط قرأت کرے تو اعلیٰ درجات حاصل ہوں اور اگر چار ہزار مرتبہ روزانہ چالیس یوم تک پڑھے تو عجیب وغریب سے بہرور ہو۔ **یَاعَظِیْمُ ذَالثَّنَاءِ الْفَاخِرِ وَالْعِزِّ وَالْکِبْرِیَاءِ فَلَایَزَلُ عِزُّہٗ**

تسخیر مریخ اسی اسم سے کی جاتی ہے۔ لیکن صرف وہی شخص تسخیر کرے جو مجاہدہ وریاضت کا عادی ہو اور شرائط عمل پر پوری طرح عمل کر سکتا ہو۔ ورنہ عمل کی ہیبت اور دہشت مریخ سے دیوانگی وجنون حتیٰ کہ ہلاکت کا خوف ہے اور اگر آیت مبارکہ ''**اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ** سے لے کر **وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ**'' تک جس کو آیت الکرسی کہتے ہیں۔ تلاوت کرے تو دنیا وآخرت کی تمام نعمتیں حاصل ہوں اور اگر لکھ کر درد دل یا اختلاج قلب اور خفقان و درد جگر کے مریض کو پہنایا جائے یا لکھ کر دھو کر پلایا جائے تو شفا حاصل ہو۔ گیارہ مرتبہ پڑھ کر مصروع پر دم کریں تو ہوش میں آجائے۔ اور اگر گناہ گار ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھے تو تمام گناہ معاف ہوں۔ جنات وشیاطین کے شر اور دشمنوں کے شر سے محفوظ ومامون رہے۔ صاحب کتاب اسرار مکنونہ نے تحریر فرمایا ہے کہ امور مشکلات ومہمات کے لئے ایسے جنگل میں جائے جہاں کوئی انسان نہ ہو اپنا حصار کرے اور رو بقبلہ ہو کر نہایت عجز وانکساری کے ساتھ آیت الکرسی کو دو سو نوے بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی وقت مہم سر اور مقصود حاصل ہو جائے۔ اس اسم کا ذاکر لوگوں کی آنکھوں میں بزرگ ہوگا اور اس کی برائیاں کسی کو معلوم نہ ہوں گی اور اگر یہ سچا حال رکھتا ہے تو تمام عالم میں امر الٰہی کا مشاہدہ کرے گا اور لوگوں کے دلوں میں محبت اور بزرگی پیدا ہوتی ہے۔ اس اسم کے ذاکر کو ہر خوف کی بات سے خدا تعالیٰ محفوظ رکھتا ہے۔ اس کا ورد کرنے والے کے دل میں اسلام کی عظمت جاگزیں ہو جاتی ہے جو شخص کثرت سے بلاناغہ اس کا ورد رکھے گا اپنے اور پرائے دوست اور دشمن ہر ایک کی نظر میں قابل احترام ہو جائے گا۔ درد شکم کے لئے سات بار **العظیم** کاغذ پر لکھ کر پھر اسے دھو کر پلائے خدا شفا دے گا اور اگر سات مرتبہ **العظیم** پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا جائے تو انشاء اللہ کبھی پیٹ میں درد نہ ہوگا۔ اس مبارک نام کا ورد کرنے والا ہمیشہ احکام شریعت کو نہایت قابل تعظیم اور خدا کے نام پاک کی نہایت عظمت کرتا ہے۔ جناب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بڑی شان کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔

اسرار الجفر

اگر کسی شخص کو برباد کرنا مقصود ہو تو سورۃ القارعہ کو منفوش تک لیکر اس کے اعداد ابجد سے حاصل کر کے مثالث میں پر کریں مثلث کی چال یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

یہ نقش پہلے سے تیار کر کے رکھیں۔ جب قمر برج عقرب میں آئے تو ساعت مریخ میں سیاہی میں ذرا سا نمک اور سرکہ ملا کر خشت خام نہ ملے تو خود ہی مٹی کی اینٹ بنا کر دھوپ میں خشک کر لو مٹی خوب چکنی ہو بلکہ بنانے سے قبل مٹی کو چھان لو تا کہ کوئی کنکر باقی نہ رہے۔ اینٹ کے خشک ہو جانے پر گھس کر چکنی کر لو تا کہ لکھنے میں آسانی ہو ایک طرف یہ مثلث اور دوسری طرف تمام حروف علیحدہ علیحدہ لکھو۔ یعنی القارعہ تا منفوش تک اور نام دشمن معہ والدہ جب تمام حروف لکھ لو تو ایک چھری ہاتھ میں لو اور تین مرتبہ پڑھو ''تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ۔ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ'' اور چھری پر پھونک کر پہلے الف کو کاٹو یعنی القارعہ میں پہلے الف لکھا گیا ہے۔ اسی طرح اس اینٹ پر لکھے ہوئے تمام حروف کاٹ دو ہر حروف تین مرتبہ مذکورہ بالا آیت شریف پڑھ کر کاٹا جائے گا روشنائی سے لکھو اور چھری سے کاٹو اس طرح الق آخر تک سب حرف کاٹ چکو تو اس اینٹ کو پانی میں ڈال دو کنواں، تالاب، دریا یا نہر ہو۔ ایک ہفتے کے اندر وہ شخص تباہ و برباد ہو جائے گا۔ عمل ساعت مریخ میں شروع کرو، ختم چاہے کسی وقت ہو۔ اگر کوشش کرو۔ ساعت مریخ میں ہی ختم کر دو تو یہ عمل سیف ہو جاتا ہے۔

طلسم تسخیر

یہ عمل ماہ ذوجسدین میں کیا جائے گا۔ ذوجسدین چار مہینہ ہیں۔ یعنی جوزا، سنبلہ، قوس، حوت، قمری مہینہ سے مطابق کر لو نام مطلوب مع والدہ کے حروف علیحدہ علیحدہ اور سر اسم کے مطابق خدا کا نام لو اور ذیل کے طریقے سے امتزاج دو، صرف ایک نام مثلاً تحریر کرتا ہوں نام مطلوب حوا۔ ح، و، ا۔ حمید۔ ولی۔ اللہ۔ اب امتزاج کیا اور نام موکل پیدا کیا۔ موکل۔ پیدا کرنے کا طریق یہ ہے کہ اس حرف کو مکتوبی کر کے اعداد نکال کر جمع کر دو اور جمع کا حرف بنا کر آگے ائیل بڑھا دو۔ اگر اعداد زیادہ ہوں تو پھر جمع کر و یہاں تک کہ احاد پیدا ہو جائے۔ مثلاً اس مثال میں پہلے ۲ ہے اس کا مکتوبی ہوا


جنس جوانی
اسلام اور جدید سائنس
جمع و ترتیب
شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

جو گھریلو اور ازدواجی زندگی کو کامیاب' تلخیوں کو چاشنی میں بدلنا' روگ سکھ اور چین میں بدلنا چاہتے ہیں وہ اس کتاب کا ضرور مطالعہ کریں۔ جن کا مقصد اپنی اصلاح اور حلال ہیں ان کیلئے یہ کتاب ایک رہبر ہے۔

حاعدد ۹ حرف ط موکل بنا طائیل ومکتوبی واؤ عدد ۱۳ ۔ ۱۳ کو بطریق استنطاق ۳ حرف ج موکل جائیل حوا (ح وا) حمید۔ ولی۔ اللہ طائیل دائیل، جائیل اب عزیمت یہ ہوئی۔ طائیل سخر قلب الحاء بحق حمید یا دائیل سخر قلب الواد بحق ولی یا جائیل سخر قلب الالف بحق اللہ اسی طرح جس قدر نام مطلوب معہ والدہ میں ہوں سب کی عزیمت تیار کرو۔ جب اسم مطلوب معہ والدہ کی عزیمت تیار کر چکو تو اسم طالب معہ والدہ کی عزیمت اسی طرح تیار کرو اس تمام عزیمت کو ایک کاغذ پر لکھ کر فتیلہ بناؤ اور مٹی کے نئے چراغ میں چنبیلی یا کوئی خوشبودار تیل بھر کر اس فتیلہ کو روشن کرد کاغذ کے فتیلہ پر اگر مطلوب کے بدن کا کپڑا لپیٹ لیا جائے تو بہت خوب ہے اگر وہ نہ ملے تو پھر کوئی پاک کپڑا لیں تاکہ جلنے میں آسانی ہو۔ جب یہ روشن ہو جائے تو خود اس کے سامنے بیٹھو اور نام مطلوب معہ والدہ کی جز عزیمت ہے اسے ایک سو ایک بار پڑھو۔ نام طالب معہ والدہ کی عزیمت جلانے والے فتیلہ میں تو لکھی جائے گی۔ مگر پڑھنے میں صرف نام مطلوب معہ والدہ کی عزیمت پڑھی جائے گی۔ پڑھنے میں مطلوب کا دھیان رکھو۔ جب ایک سو ایک مرتبہ پڑھ چکو تو چراغ لجھا کر احتیاط سے رکھ دو اسی طرح سات دن برابر کرو۔ خدا چاہے تو مطلوب بے چین و جائے گا اور تمہاری اطاعت سے گریز نہ کرے گا۔ چراغ میں تیل برابر ڈالتے رہو۔ بتی ختم نہ ہو۔ ساتویں دن تمام بتی ختم کر دو۔ اگر عمل پڑھ چکے ہو تو جب بھی بتی کو قصداً جلا کر ختم کر دو یہ عمل میرے خاص عملیات میں سے ہے میرا تجربہ ہے کہ ہزار طلسم ایک طرف اور یہ طلسم ایک طرف۔

برائے آسیب اور نظر بد کیلئے

سپید کاغذ کا ٹکڑا لے کر پہلے وہ کاغذ مریض کے تمام جسم پر ملیں اور ملتے ہوئے سورۂ مزمل پڑھتے رہیں۔ جب تک ختم نہ ہو وہ کاغذ بھی ملتے رہیں۔ بعدازاں یہ نقش اس کاغذ پر لکھ کر اور فتیلہ بنا کر مریض کا پہنا ہوا کپڑا لپیٹیں اور روغن تلخ چراغ میں ڈال کر اسے روشن کریں۔ اس طرح کہ مریض کی آنکھوں کے سامنے رہے۔ انشاء اللہ کیسا ہی آسیب ہو یا نظر بد ہو سب رفع ہوگا۔

۱۸	۱۱	۱۶	خاتم سلیمان
۱۳	۱۵	۱۷	یابدوح
۱۴	۱۹	۱۷	روح اللہ

☆☆☆☆☆

سورۂ الم نشرح کا عمل برائے حل المشکلات

سورۂ الم نشرح ایک دوست کو پانچ سو بار پڑھنا بتایا۔ تیسرے روز اس کی بہت بڑی مشکل حل ہوگئی۔

سورۂ رحمٰن کا عمل برائے حل المشکلات

بعد نماز عشاء تنہائی میں توجہ کاملہ کے ساتھ دو رکعت نماز نفل پڑھ کر سورۂ رحمن گیارہ بار پڑھیں اور سو جائیں۔ انشاء اللہ بہت جلد آپ کی مشکل حل ہو جائے گی۔ اوّل و آخر درود شریف طاق اعداد میں ضرور پڑھیں۔

موت کے علاوہ ہر مشکل اور مرض کا علاج

دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت پڑھیں۔ رکعت اوّل میں بعد فاتحہ تین بار اور رکعت دوم میں دو بار سورۂ اخلاص پڑھیں۔ بعد سلام نماز تین بار درود شریف پڑھ کر بسم اللہ شریف دو ہزار بار اور درود شریف تین بار پڑھیں۔ پانی بیمار کے لئے پڑھنا ہے تو پانی پر دم کریں۔ ورنہ اپنے

مطلب کی مختصر دعا مانگ کر پھر دو نفل حسب سابق پڑھ کر دو ہزار بار بسم اللہ شریف پڑھیں۔ علے ھذ االقیاس دو نفل دو ہزار بار بسم اللہ شریف۔ دو نفل دو ہزار بار بسم اللہ شریف۔ اس طرح بارہ ہزار بار بسم اللہ شریف۔ بارہ نفلوں کے ساتھ پڑھیں۔ بیمار کے لئے پانی پر دم کرنا ہے تو یہ پانی تین روز یا سات روز پلائیں۔ پھر نیا پانی پڑھ دیں۔ اگر کوئی حاجت ہے تو متواتر تین روز پڑھیں۔ انشاء اللہ کامیاب ہوں گے۔

غیبی مدد اور من کی مراد پوری

دو رکعت نماز قضائے حاجت چھت پر یا صحن میں پڑھیں۔ خاتمہ نماز کے بعد مصلے پر ننگے سر کھڑے ہو کر گیارہ بار درود شریف، تین سو تیرہ (۳۱۲) بار یَاغَیَاثُ اَغِثْنِیْ بِرَحْمَتِكَ اور فوراً بعد اکیاون (۵۱) بار مندرجہ ذیل دعا پڑھیں:

اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ بِفَضْلِكَ اَغِثْنِیْ بِرَحْمَتِكَ اَغِثْنِیْ بِرَافَتِكَ اَغِثْنِیْ بِلُطْفِكَ اَغِثْنِیْ بِجَمِیْعِ اَسْمَائِكَ وَ صِفَاتِكَ وَ جَمَالِكَ وَ جَلَالِكَ اَغِثْنِیْ یَاغَیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ۔ درود شریف گیارہ بار۔

انشاء اللہ بہت جلد آپ کو مصیبت او غموں سے نجات حاصل ہوگی۔ مشکل سے مشکل کام آسانی سے پورے ہوں گے۔ کامل توجہ اور پختہ یقین سے پڑھیں۔

ہر طرح کی مشکل سے نجات

علیحدہ اور صاف پاکیزہ کمرے میں رات بارہ بجے کے بعد دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت پڑھیں۔ نماز ختم کر کے گیارہ گیارہ بار اوّل و آخر درود شریف اور درمیان میں کم از کم تین سو تیرہ (۳۱۳) بار ورنہ گیارہ سو (۱۱۰۰) بار کامل توجہ کے ساتھ مندرجہ ذیل شعر پڑھ کر دایاں گھٹنا کھڑا کر کے اس پر دایاں گال رکھ لیں اور اپنی حاجت با آواز دل بارگاہ الٰہی میں پیش کریں۔ انشاء اللہ گیارہ دن میں کامیاب ہوں گے۔

فَسَهِّلْ یَااِلٰهِیْ هٰذَا صَعَبٍ
بِحُرْمَتِ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ سَهِّلْ

☆☆☆☆☆

زائچہ قسمت

علم الاعداد کے ذریعہ زائچہ بنانے کا طریقہ بہت آسان ہے۔ پندرہ کا نقش اسی کا بنیادی پہلو ہے یہ نقش ایک سے لے کر ۹ ہندسوں تک ہوتا ہے اور ہر طرف سے اس کی تعداد پندرہ ہوتی ہے۔ ماہرین نے ۹ کے ہندسوں کو تین حصوں پر تقسیم کر دیا ہے اور ہر طرف سے اس کی تعداد ۱۵ ہوتی ہے۔ (۱) روحانی (۲ض ذہنی (۳) مادّی

روحانی اعداد	۱۔۳۔۹ ہیں
ذہنی اعداد	۱۔۵۔۶ ہیں
مادی اعداد	۸۔۴۔۲ ہیں


قیمت
700.00 روپے
نوجوانوں کے روگ
(کورس)
نوجوانوں کے روگ
جوانی کی بہاریں پھر سے لوٹ آئیں!
قوت برداشت میں کمی یادداشت پر اثر،
شادی کے نام سے گھبراہٹ،
زندگی سے مایوسی نوجوانوں کیلئے
ایک بہترین شفائی نسخہ

یہ تو آپ کو معلوم ہوگا کہ نمبر ۱ شمس کا۔ ۲ قمر کا۔ ۳ مشتری کا۔ ۴ شمس کا۔ ۵ عطارد کا۔ ۶ زہرہ کا۔ ۷ قمر کا۔ ۸ زحل کا۔ ۹ مریخ کا عدد ہے اس نظریہ کے مطابق تین حصوں کے ذریعہ نقش کی ترتیب حسب ذیل ہوگی۔ نقش بلحاظ اعداد

۹	۱	۳
۵	۶	۷
۴	۸	۲

نقش بالحاظ سیارگان

مریخ	شمس	مشتری
عطارد	زہرہ	قمر
شمس	زحل	قمر

اس روشنی میں زائچہ اس طرح تیار کیا جاتا ہے کہ جس شخص کا زائچہ بنانا مقصود ہو اس کی تاریخ پیدائش معلوم کریں اگر وہ ۱۲ بجے دن سے پہلے ہے تو ایک دن پہلے کی تاریخ شمار کریں۔ مثلاً ایک شخص ۱۲ اکتوبر کو ۱۰ بجے قبل از دوپہر پیدا ہوا ہے تو ۱۱ تاریخ زائچہ علم الاعداد میں شمار ہوگی اور اگر ۲ بجے دوپہر پیدا ہوا ہو تو ۱۲ تاریخ ہی شمار ہوگی۔ تاریخ و سن پیدائش کے اعداد کو نقشہ نمبر ۲ کے مطابق درج کر لیا جائے اگر کوئی عدد دو مرتبہ آئے تو اس عدد کو درج کر کے اس پر خاص نشان لگادیں اگر وہ عدد تین مرتبہ آئے تو اس پر دو مخصوص نشان لگادیں۔ مثلاً ایک شخص 11 اکتوبر ۱۹۴۴ء دن کے ۱۰ بجے پیدا ہوا تو عدد تاریخ ماہ و سن کے اس طرح حاصل کریں- 11+10+44 (صدی کے عدد نہ لیں) اب ان اعداد کو نقش میں جہاں جہاں یہ ہندسے ہیں وہاں لکھ لیں ان اعداد میں جو ہندسے نہیں اس کے خانے خالی رہنے دیں۔ مثلاً اس کا زائچہ یہ ہوا صرف دو خانے پر ہیں۔ نمبر ۱ پر دو نشان- یہ ظاہر کرتے ہیں کہ نمبر ایک تین مرتبہ آیا اور نمبر ۴ پر ایک نشان یہ ظاہر کرتا ہے کہ نمبر ۴ ایک دفعہ اور آیا ہے اب اس شخص کے زائچہ میں روحانی درجات پر نمبر ایک ہے جو شمس کا نشان ہے۔ ذہنی درجات خالی ہیں مادی درجات میں نمبر ۴ ہے جو دو دفعہ آیا ہے یہ بھی شمس کے تحس ہے ان درجوں کے نمبروں کی تفصیل یہ ہے۔

	۱	
۴		

(۱) شخصیت، انانانیت، حکومت، تسلط اقتدار پسندی، (۲) انقلابات، عدم استقلال، سیاست، قسمت میں مدو جزر،

(۳) ترقی، وسعت، افزائش ثروت، امارت، (۴) تکمیل خواہشات، عملی نتائج، غرور، خودداری

(۵) ذہانت، علمیت، مستعدی، تجارت، زبان دانی، سائنس، (۶) فنون لطیفہ، شعر و سخن، حسن معاشرت، محبت، ہمدردی، خلق، مروت

(۷) روحانی صفت، ذاتی امر، ہر دلعزیزی، بحری سیاحت، رفتار زمانہ کا ساتھ دینا، ترقی عروج

(۸) بربادی، امراض، موت، دیوانگی، نقصانات، اخلاقی زوال، ناکامیابی

(۹) آزادی، قوت ارادی، سرگرمی عمل، مستعدی، انہماک، جوش، آگے بڑھنے کا جذبہ، آتش مزاجی۔

اب مندرجہ بالا زائچہ میں نمبر ایک شخصیت اقتدار پسندی کی ہوگی اور مادی طور پر یہ نمبر ۴ کی تکمیل خواہشات اس کی قسمت کا لازمہ ہوگی۔ غرور خودداری کا پتلا ہوگا۔ نمبر ایک شمس کا ہے۔ نمبر ۴ بھی شمس کا ہے گویا اس شخص کا ستارہ شمس ہے اگر اس کی تاریخ پیدائش کے نمبروں کو جمع کر دیں تو 11+10+44=11=2 ہوگا۔ اس کے لئے ۲ تاریخ ہمیشہ سعد ہوگی اور جن تاریخوں کا مجموعہ ۲ ہو وہ بھی سعد ہی رہیں گی۔ یہ یادرہے کہ مکرر ہندسوں کا مطلب یہ ہے کہ شمس روحانی زندگی میں تگنی اور مادی ترقی میں دوگنی مدد کرے گا۔ ایسا شخص دنیوی مال و دولت سے مالا مال بھی ہوگا اور اگر وہ روحانی طور پر یہ شہرت حاصل کرنا چاہے اور ایسے کام اختیار کئے تو بہت مشہور ہو جائے گا جو شمس کے ماتحت ہیں۔ یہ یادرہے کہ مکرر ہندسوں کا مطلب یہ ہے کہ شمس روحانی زندگی میں تگنی اور مادی ترقی میں دوگنی مدد کرے گا۔ ایسا شخص دنیوی مال و دولت سے مالا مال بھی ہوگا اور اگر وہ روحانی طور پر یہ شہرت حاصل کرنا چاہے اور ایسے کام اختیار کئے تو بہت مشہور ہو جائے گا جو شمس کے ماتحت ہیں۔ اگر کسی شخص کو تاریخ پیدائش کا ہمیں علم نہیں صرف نام معلوم ہے تو اس کا پیدائشی نام لیں اس کو علیحدہ علیحدہ حرفوں میں لکھیں ان کے نیچے ان کی مادی قوتیں لکھ دیں اب اس حرف کو زائچہ میں لکھ دیں۔ اگر حرف مکرر یا سہ مکرر آیا ہے تو اس کی تعداد کو ہندسوں میں لکھ دیں۔ مثلاً محمد علی کا زائچہ اعداد یہ ہوگا۔

م	ح	م	د	ع	ل	ی
۴	۸	۴	۴	۷	۳	۱
د	ح	د	د	ز	ج	ا

نام کے حروف		ا	ج
اعداد مفرد		ز	
عدد مفرد کا حرف	د۲	ح	

اس کا مطلب یہ ہے کہ مادی اعداد میں نمبر ۴ تین دفعہ اور نمبر ۸ ایک دفعہ آیا ہے۔ ذہنی اعداد میں نمبر ۷ ایک دفعہ آیا ہے۔ روحانی اعداد میں نمبر ایک ایک مرتبہ اور نمبر ۳ ایک مرتبہ آیا ہے۔ اس شخص کی شخصیت کا تجزیہ یوں کریں گے کہ د۲۔ ح۔ ز۔ ای۔ س سے صاف طور پر یہ معلوم ہوگا۔ مادی، ذہنی اور روحانی طور پر اس کی قوتوں کا توازن کیا ہے۔ مثلاً د، کی قوت ۳ ہے، تو کل قوت ۱۲ ہوئیں ح کی قوت ۸ ہے چونکہ "د" یا نمبر ۴ کی تشریح تکمیل خواہشات پر مبنی ہے اور نمبر ۸ بربادی اور ناکامی ہے تو مادی لحاظ سے تکمیل خواہشات اور ناکامی کی نسبت ۳ و ۴ کی ہے روحانی لحاظ سے نمبر ا شخصیت میں انانیت کا مرتبہ بلند کرتا ہے اور نمبر ۳ ترقی اور وسعت لاتا ہے اس لئے روحانی نظریہ سے یہ بلند



ایسے لوگ جو سالہا سال سے کامیاب عامل بننا چاہتے ہیں لیکن کوئی رہبر نہیں ملتا۔ یقین جانئے یہ کتاب ایک رہبر اور بامقصد ساتھی ہے اور مشکلات سے نکلنے کے خواہش مند افراد کیلئے بے شمار عاملوں کی زندگی کا اچھوتا تحفہ ......!

پایہ شخص ہوگا اور اپنے روحانی نمبروں سے کامیابی حاصل کرے گا۔ ذہنی اعتبار سے اس کے نمبر ۷ ہیں یہ روحانی صفت ہوگا اور ہر دلعزیز اور سیر و تفریح کا شائق ہوگا۔ اس شخص کا روحانی ستارہ مشتری ہوگا ذہنی مقر اور مادی شمس و زحل ہیں شمس مادی زندگی میں ۱۲ گنا اور زحل ۸ گنا مدد دے گا، شمس کامیابی اور زحل ناکامی کا ستارہ جیسا کہ دونوں مادی عناصر کے متعلق بتایا گیا ہے شمس سب سے باقوت ہے اس لئے محمد علی کا ستارہ شمس ہے وہ شمسی قوتوں کے ذریعے مادی امور میں کامیابی حاصل کرسکتا ہے۔ شمسی قوت کا مطلب نمبر ایک کی قوت ہے مطلب یہ ہے کہ زندگی میں اسے افسرانہ پوسٹ پر کام کرنا یا کسی اور ذمہ دارانہ یا خودمختارانہ عہدہ کا حامل ہونا چاہئے پھر وہ کامیابی حاصل کرے گا۔

☆☆☆☆☆

اُلجھنوں سے نجات کیلئے بہترین اعمال

مولانا خواجہ محمد یٰسین صاحبؒ

دینی اور دنیاوی ہر اُلجھن کیلئے سلجھن

غم و سختی دور کرنے کا نسخہ مجرب۔ اگر غم و فکر میں پریشان ہے، حیرت و قلق میں، تو یہ دعا پڑھے: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ

طریقہ: ہر رات ایک سو گیارہ بار (۱۱۱) اوّل آخر درود شریف سات سات بار پڑھے۔ یہ دعا معظم قیدی کی رہائی کیلئے بھی اسم اعظم کا درجہ رکھتی ہے۔ (بحوالہ کذافی العینی شرح بخاری شریف، مشکوۃ شریف ص ۲۱۲، خیر متین شرح حصن حصین ص ۱۸۰، کتاب الادعیۃ التعویذات از قطب الارشادؒ ثم شجاع آبادیؒ ص ۸)

فوائد: گھریلو پریشانیاں، مالی پریشانیاں، کاروباری پریشانیاں، ذہنی پریشانیاں، قرض کی پریشانیاں، غرضیکہ ہر قسم کی دینی و دنیوی پریشانیوں کے ازالہ کیلئے خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ کا ارشاد گرامی تمام پریشانیوں کے ازالہ کیلئے اکسیر اعظم، تیز بہدف ہے۔ یہ وظیفہ مجرب و بار بار کا آزمودہ ہے۔

فتح و کامیابی کیلئے

ظاہری باطنی دشمنوں سے مقدمات میں فتح و کامیابی، مالی پریشانیوں سے نجات، لاینحل مشکلات سے نجات۔ روزانہ باوضو ایک وقت مقرر کرکے سورۂ قریش ایک سو ایک (۱۰۱) بار، اوّل آخر درود شریف گیارہ بار پڑھ کر عاجزی سے دعا مانگ لیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ کے اندر اندر تمام پریشانیاں دور ہوجائیں گی۔ تمام مشکلات سے نجات مل جائے گی۔ اَطْعَمَهُمْ پر رزق فراخ کی نیت ہو اور اٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ پر دشمنوں حاسدین کا تصور کرکے پڑھ لیا کریں۔ چلتے پھرتے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ (عطیہ سراج السالکین حضرت مولانا محمد عبداللہ بہلوی قدس سرہ العزیز)

تمام پریشانیاں دور، رزق ہی رزق، پیسے ہی پیسے

ایک عظیم المرتبت بزرگ فرماتے ہیں کہ یہ وظیفہ درحقیقت ایک چیک تھا جو بمنزلہ کیش کے مجھے ملا۔ اس کی برکت سے جو چاہتا مل جاتا اور حج کے موقعہ پر لاکھوں روپے راہِ خدا میں خرچ فرماتے۔

وظیفہ یہ ہے:۔ ہر نماز کے بعد اوّل و آخر ایک ایک مرتبہ درود شریف ابراہیمی نماز والا اور درمیان میں سات مرتبہ سورۂ قریش پڑھیں۔ تحدیث نعمت کے طور پر عرض ہے کہ بندہ ناچیز غلام یاسین عفا اللہ عنہ کو ۱۳۸۶ء میں ایک ولی کاملؒ نے خاص اجازت بخشی۔ اسی روز سے

تاحال بندہ کے معمولات میں سے ہے اور اللہ تعالیٰ نے ہر تنگی، ہر پریشانی، ہر مشکل سے بچایا۔ اللہ کا کروڑوں اربوں شکر ہے کہ اس نے گوناگوں نعمتوں سے نوازا ہے۔ الحمد اللہ، ثم الحمد اللہ۔

بارش کی طرح رزق برسانے والا وظیفہ

عطیہ پیر و مرشد اکابر علمائے حقہ حضرت مولانا حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ۔

وظیفہ: ۔ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ نَسْتَغِيْثُ

بعد نماز عشاء، باطہارت کاملہ، روبقبلہ، تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ، اوّل و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار بلاناغہ پڑھے۔ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ بھی پڑھ سکتے ہیں۔

فوائد: سید الطائفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس وظیفے کے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ تمام غموں اور پریشانیوں سے نجات عطا فرما دیتے ہیں اور روزگار کی وجہ سے پریشان لوگوں پر رزق کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ رزق بارش کی طرح برسے گا۔ مالی پریشانیاں دور ہو کر فرحت و فراوانی حاصل ہو جاتی ہے۔ اگر اس کا رزق سمندر کی لہروں میں ہوگا تو وہاں سے بھی اس کو حاصل ہو جائے گا۔ ہر طرف سے رزق دوڑتا ہوا اس کے گھر داخل ہوگا۔ فتوحات ہی فتوحات ہوں گی۔ اس طرح رزق پہنچے گا کہ اس کو وہم و گمان بھی نہ ہوگا۔ بلکہ سکون قلب اس کے بغیر حاصل ہوتا ہی نہیں ہے اور لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ جنت کے خزانوں میں سے ہے اور ننانوے بیماریوں کا علاج ہے۔ سب سے چھوٹی مرض فقر و فاقہ اور محتاجی ہے"۔ حالانکہ سب بے روزگاری اور فقر و فاقہ و مہنگائی میں گھرے ہوئے ہیں، جس کا حل فرمانِ نبوی ﷺ ہے۔ روزانہ پانچ سو بار پڑھیں۔ اوّل آخر گیارہ بار درود شریف۔

قضائے حاجات، غم و پریشانیاں دور

اگر کسی کو کوئی ایسی حاجت ہو جو کسی بھی طرح سے پوری نہ ہوتی ہو تو ایسی صورت میں چاہئے کہ وہ جمعہ کے دن دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ پھر نماز کی ادائیگی کے بعد گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اور گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ یہ کلمات مبارک کہے۔ اس کے بعد اپنی حاجت کیلئے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور حاجت پوری ہوگی۔ قضائے حاجت کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ کلمات مبارکہ یہ ہیں يَابَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَابَدِيْعُ خلوص دل سے پڑھے۔ حافظ ثناء اللہ صاحب رحمہ اللہ (ہلوکی، لاہور والوں) نے بھی اس فقیر غلام یاسین کو فرمایا کہ مجھے ایک اللہ والے بزرگ نے اس طرح پڑھنے کا بتلایا جو بہت مجرب ہے۔

ہر مقصد پورا مجرب المجرب عمل

تمام مشائخ، تمام اکابر اولیاء اللہ کا تیر بہدف مجرب المجرب کامیاب عمل۔ روزانہ بارہ دن ایک

قیمت
500.00
معجون
شفاء یابی
معذور اپاہج لوگوں کیلئے نئی زندگی
گزشتہ 70 سال سے اپاہج
اور معذور افراد کو تندرست
اور توانا بنانے والی
کامیابی ترین دوا

وقت مقرر کر کے پاکیزہ کامل طہارت کے ساتھ چودہ مرتبہ اوّل آخر درود شریف نماز والا اور **يَابَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَابَدِيْعُ** بارہ سو (۱۲۰۰) مرتبہ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں، یکسوئی کے ساتھ، عاجزی اور زاری سے دعا مانگ لیا کریں جس مقصد کیلئے پڑھیں گے، کامیاب ہوں گے۔

ہر مشکل مہم میں ختم خواجگان چشت کا کمال

ہر مشکل اور مہم کے واسطے۔ پہلے وضو کر کے قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے، پہلے دس بار درود شریف (اگر نماز والا درود شریف ابراہیمی پڑھے، تو بہتر ہے) ورنہ جو درود شریف آسانی سے پڑھ سکے، پڑھے۔ اس کے بعد تین سو ساٹھ (۳۶۰) بار **لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ** پڑھ کر سورۃ الم نشرح تین سو ساٹھ (۳۶۰) بار پڑھے۔ پھر یہی دعائے مذکور **لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ** تین سو ساٹھ (۳۶۰) بار اور درود شریف دس بار پڑھ کر ختم کرے اور اپنی مراد خدا سے مانگے۔ اسی وقت اسکی دعا قبول ہوگی۔

(کلیات امدادیہ ص ۶۵، عملیات اکابر ص ۳۷)

ایک مشہور عالم دین نے فرمایا مجھے اس ختم خواجگان چشتیہ کی اجازت شیخ الحدیثؒ سے ملی۔ آخر میں درود شریف بھی تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھیں۔ بندہ ناچیز فقیر کو بھی اس طرح اجازت فرمائی۔ یہ شرح صدر مقاصد دینی و دنیاوی حل مشکلات کیلئے اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔

گیارہ بار درود پڑھیں۔۔۔اور رزق کی فراوانی دیکھیں

اس کا نام درود ناریہ تفریجیہ بھی ہے۔ سرعت تاثیر میں مثل شعلہ ناریہ کے ہے اور اس کی مقدار ۴۴۴۴ بار ہے۔ درود یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلٰوةً كَامِلَةً وَّسَلِّمْ سَلَامًا تَآمًّا عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ تَنْحَلُّ بِهِ الْعُقَدُ وَ تَنْفَرِجُ بِهِ الْكُرَبُ وَتُقْطٰى بِهِ الْحَوَائِجُ وَ تَنَالُ بِهِ الرَّغَائِبُ وَ حُسْنُ الْخَوَاتِمِ وَ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ وَ عَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ فِي كُلِّ لَمْحَةٍ وَّنَفَسٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ۔ نیز یہ اصل درود شریف ہے (اسرار قدسی ص ۲۵،۲۶)

تفریج کروب و تحصیل مطلوب کیلئے عدد مذکور کے ساتھ بہت مفید ہے۔ ہر دن گیارہ بار پڑھنا وسعت رزق کیلئے مجرب ہے۔ جو شخص اس کو بعد نماز کے گیارہ بار پڑھے گا۔ وہ مراتب اعلیٰ کو پہنچے گا۔ اس طرح ہر صبح کو اکتالیس بار پڑھنا موجب فلاح و کامیابی ہے۔ اور ہر روز سو بار پڑھنے سے بے شمار فوائد حاصل ہوں۔ امام قرطبیؒ نے پڑھنا، اس کا واسطے تحصیل امر مہم عظیم یا دفع بلائے عظیم کے ۴۴۴۴ بار لکھا ہے، حافظ الدنیا حافظ ابن حجر عسقلانیؒ نے یہی خواص اس عدد ۴۴۴۴ کے ذکر کئے ہیں اور کہا ہے **فانه اكسير فی سبب التاثير**

فوائد: یہ درود شریف سخت جلالی ہے۔ اکیس، بائیس یا تیئس آدمی باوضو کامل طہارت سے اپنے مقصد کا ارادہ کر کے فجر کی نماز کے متصل بعد پڑھیں ۴۴۴۴ بار بلا کم و بیش پڑھ کر دعا مانگیں۔ اسی وقت مقصد حاصل ہوگا۔ یہ درود وہ آدمی پڑھیں، جنہوں نے پہلے یاد کرلیا ہو۔ پڑھنے میں کافی دیر لگتی ہے۔

☆☆☆☆☆

نقوش بسم اللہ شریف

بسم اللہ شریف کے نقوش کے فوائد

(۱) اس کا عامل اگر کسی گڑھے میں گر جائے تو اللہ تعالیٰ بہت سی بلاؤں سے اس کو محفوظ رکھے گا۔

(۲) ہر شیطان رجیم سے، جلنے، مسخ ہونے اور غرق ہونے سے اللہ محفوظ رکھے گا۔

(۳) جب کسی کو انواع واقسام کے امراض کی شکایت ہو تو اس نقش کو پاس رکھے، اللہ تعالیٰ کے فضل سے شفا پائے گا۔

(۴) غیر لوگوں کے دلوں میں رعب اور ہیبت رہے گی اور دوستوں کے نزدیک محبوب ہوگا۔

(۵) چھوٹا بچہ جو نیند میں ڈرتا ہو۔ اس کے گلے میں ڈال دیں تو اس سے آفات دور رہیں گی۔

(۶) جس شخص کے گلے میں یہ لوح ہوگی اس کے مال اور کسب میں برکت ہوگی۔

(۷) اگر اس لوح کو دوکان پر لٹکائے تو خدائے تعالیٰ ظالموں اور حاسدوں کی آنکھوں کو اندھا کر دے گا اور اسے از حد نفع ہوگا۔

(۸) اگر اس کو چاندی کی لوح پر لکھ کر پانی میں ڈال دیں اور وہ پانی مریض کو پلائیں تو شفا ہوگی۔

(۹) شاید تاریخ کا یہ واقعہ آپ کی نظروں سے گزرا ہو کہ قیصر روم نے حضرت فاروق اعظمؓ کی خدمت میں لکھا تھا کہ میرے سر میں ہمیشہ درد رہتا ہے اور حکیم لوگ اس سے عاجز آ گئے ہیں۔ آپ کے پاس کوئی دوا ہو تو ارسال فرمائیں۔ تو آپ نے ایک کلاہ اس کی طرف بھیجا جب وہ سر پر رکھتا تو درد دور ہو جاتا۔ اگر اتارتا تو پھر شروع ہو جاتا۔ اسے بہت تعجب ہوا جب اس نے کھولا تو اس میں ایک کاغذ پایا۔ جس پر بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ لکھا ہوا تھا۔

مخصوص وقتوں میں لکھنے کے فوائد

(۱) جو شخص محرم کی پہلی تاریخ کو ایک سو تیرہ مرتبہ لکھ کر پاس رکھے۔ اسے کوئی برائی اور تکلیف نہ پہنچے گی۔ آنے والے آفات ومصائب ٹل جائیں گے۔

(۲) اگر جمعرات کے دن ساعت اوّل میں نقش کو لکھ کر پاس رکھے تو سلاطین وامراء کے نزدیک معزز ومکرم ہو۔ (۳) جو شخص جمعہ پڑھنے کے بعد کاغذ پر لکھ کر شیشے میں جڑوا کر اگر دوکان میں لٹکائے تو اس کی آمدنی میں بہت برکت ہوگی اور اللہ تعالیٰ حاسدوں کو اندھا کر دے۔

خاص ہدایت

(۱) اگر کسی کے نام کے اعداد جفت ہیں تو نقش مربع سے کام لے اور طاق ہیں تو نقش مثلث لکھے۔



جانوروں کی نفسیات، خصوصیات اور عجائبات کی تحقیقات سے لبریز چشم دید واقعات، آج ہی کتاب خریدیں، پڑھیں اور حیران ہوں۔

(۲) ان نقشوں کے اندر اعداد نہیں لکھے جائیں گے صرف اسماء الٰہی لکھے جائیں۔ اعداد محض رفتار نقوش کو واضح کرتے ہیں۔

(۳) پاس رکھنا ہو تو چاندی کی تختی پر لکھے۔ دوکان میں لٹکانے کے لئے سفید کاغذ پر لکھے۔

(۴) یہ نقوش ہر روز لکھے جاسکتے ہیں۔ مگر صرف ساعت اول میں یعنی طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ کے اندر اندر۔

(۵) اگر کوئی عامل بسم اللہ شریف ہے تو وہ دوسروں کو نقوش لکھ کر دے سکتا ہے۔

نقش یہ ہیں۔

نقش مربع ۷۸۶ عدد بسم اللہ الرحمن الرحیم از متفرق اسمائے حسنیٰ باری تعالیٰ در کلام ربانی واز اعداد مسلسل ۱۸۹ تا ۲۰۴۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یااللہ یاحق ۱۹۶	یاماجد یالطیف ۱۹۹	یاوکیل یاجامع ۲۰۲	یاواحد یامحصی ۱۸۹
یامجیب یامعید ۲۰۱	یاحق یاحلیم ۱۹۰	یامجید یاقوی ۱۹۵	یاملک یاحلیم ۲۰۰
یاسمیع ۱۹۱	یاولی یامومن ۲۰۴	یاحمید یاباقی ۱۹۷	یاعزیز یاحکیم ۱۹۴
یاباسط یاعدل ۱۹۸	یااول یاصمد ۱۹۳	یاعفو یاوہاب ۱۹۲	یابادی یامانع ۲۰۳

نقش مثلث ۷۸۶ عدد بسم اللہ الرحمن الرحیم از متفرق اسمائے حسنیٰ باری تعالیٰ در کلام ربانی واز اعداد مسلسل ۲۵۸ تا ۲۲۶

یاجامع یالطیف ۲۶۵	یااللہ یاقدوس ۲۵۸	یاواسع یاعد ۲۶۳
یااول یانافع ۲۶۰	یاملک یاعلیم ۲۶۲	یاعزیز یامحصی ۲۶۴
یامجیب یامقدم ۲۶۱	یاباقی یاسلام ۲۶۶	یامجید یاسمیع ۲۵۹

علم الحروف ح

اگر کسی شخص کو اعمال کا شوق ہو تو حروف تہجی کے اعمال ہی اس کو کافی ہیں اور ہر ضرورت میں کام آتے ہیں۔ بشرطیکہ اس حروف کی زکات ادا کی جا چکی ہو خواہ وہ اکبر ہو یا اصغر۔ ابجد کے ۲۸ حروف ہیں۔ منازل بھی ۲۸ ہیں لہٰذا ہر حرف ایک منزل سے متعلق ہے۔ اس حروف کی زکات اسی منزل میں ادا ہوگی۔ حرف ''ح'' ابجد کا آٹھواں حرف ہے۔ اس کے عدد ۸ ہیں۔ حکمائے فلاسفہ کے نزدیک یہ آبی دوسرا حرف ہے۔ حروف آبی کے ساتھ مل کر اسے تقویت ہوتی ہے اور حروف خاک سے مل کر قوی المزاج ہو جاتا ہے۔ حروف آتش اس کے خلاف ہیں۔ جب اس حروف کی زکوٰۃ دینا چاہیں تو جب چاند منزل نثرہ میں داخل ہو تو ادا کرے۔ چاند ہر ماہ منزل نثرہ میں آتا ہے اور ایک منزل کا وقت اندازاً چوبیس گھنٹہ ہوتا ہے۔ اجب یا تتکفیل بحق یا حا ۴۴ ۴۴ ۴۴ مرتبہ پڑھیں گے تو زکوٰۃ اصغر ادا ہو جائے گی۔ اب عامل کو اختیار حاصل ہوگا وہ جب چاہے حرف ح کے عملیات سے کام لے سکے۔ بخور بوقت زکوٰۃ اور بوقت عمل جلانا ہوگا۔ بخور اس کا حب کے لئے زعفران اور بغض کے لئے انار کے چھلکے ہیں۔ اس کے خواص یہ ہیں: جس وقت برج جوزا ۸ درجہ پ طلوع کرے تو ۱۶ حرف حا معہ نام مطلوب معہ والدہ کچی اینٹ پر لکھے اور رات کو اسے آگ پر رکھے۔ بخور سانپ کی کینچلی کا جلائے۔ تو معشوق یا مطلوب کی نیند بند ہو جائے گی۔ اگر ۸۵ ۳ مرتبہ کسی چینی کے برتن پر زعفران سے لکھے اور دریا یا کنوئیں کا پانی آدھی رات کے وقت لا کر حرف مذکورہ اس میں دھو کر مریض کو پلائے۔ خواہ کیسا ہی مرض ہو۔ انشاء اللہ صحت ہوگی۔ اگر کوئی چاہے کہ دشمن کو مسخر کرے تو جمعہ کے دن دوسو بار حروف مذکورہ او پر خاک قبر شہید یا کسی بزرگ کی لے کر پڑھ کر دم کرے اور دشمن کے گھر میں ڈال دے تو وہ دشمن دوست ہو جائے گا۔ اگر شب جمعہ کو کسی بیمار کے لئے یا کسی درد شدید یا کہنہ کے لئے دم کرے تو درد اور تشنج سے رہائی پائے۔ اگر بیماری لوط یا طاعون یا سرطان یا ورم کی ہو تو حرف حا سترہ مرتبہ پڑھ کر دم کیا کرے۔ مریض کو چند دنوں میں صحت ہوگی۔ امام بونیؒ لکھتے ہیں کہ یہ حرف اسرار حیات سے ہے۔ خواص اس کا بیماریوں کو درست کرنا ہے۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ اس حرف کو مریض کے نام کے ساتھ معہ اسماء حائیہ کے کسی برتن میں زعفران سے لکھ کر عرق گلاب سے دھو کر شہد ملا کر پلائے۔ تو چند دن میں مریض تندرست ہوگا۔ اسمائے حائیہ وہ ہیں جن کے شروع میں ح آتی ہے جیسے حیؔ۔

اسماء حائیہ کو اگر کوئی شخص سخت گرمی کے دنوں میں طلوع و غروب آفتاب کے وقت پڑھے تو گرمی اسے تکلیف نہ دے گی۔ چاہے کتنا ہی سفر کرے یا کتنی ہی گرمی میں رہے اسے پیاس معلوم نہ ہوگی۔ چونکہ یہ آبی حرف ہے اس لئے اہل حال لوگ ان کو تکلیف نہیں دیتی بلکہ بجھ جاتی ہے۔ شہوت کو باطل کرنا بھی اس حروف کا کام ہے۔ جب اس حرف کو انگوٹھی پر معہ اسم موکل اور اضمار کے کندہ کر کے پہنیں گے۔ تو نفع ہوگا اور گندے خیالات سے بھی نجات مل جائے گی۔

اس حروف کی ریاضت کے طریقے الگ ہیں اور اس کے موکل کی تسخیر کے طریقے بھی الگ ہیں۔ اضمار اس کا یہ ہے:

قیمت
500.00
قددراز
کورس
چھوٹے قد والے نوجوان لڑکے
اور لڑکیاں پریشان نہ ہوں
آپ بھی اپنے قد میں مناسب
حد تک اضافہ کر سکتے ہیں

اجب ایها الملك طفیائیل بحق دهلج و دهلج یغشلا ما اعظم شانه واعز سلطانه و افعل (یہاں مطلب لکھے) فی هذه الساعه العجل الوحا

یہ حرف سرد مزاج اور آبی ہے۔ صفرا کا علاج اس سے عجیب تاثیر ظاہر کرتا ہے۔ دن اس کا جمعرات اور ستارہ مشتری ہے۔ محبت اور تالیف قلوب کے لئے اور غصہ دور کرنے کے لئے بھی اس کے اعمال موثر ہوتے ہیں۔ اس کی شکل ہندی ۸ ہے۔ اپنی ہتھیلی پر لکھ کر کسی پاک برتن میں پانی سے دھوکر پئے تو پیاس کی تسکین ہوگی اور جس شخص کو گرمی کا مرض ہو وہ متواتر تین روز اس عمل کو کرے۔ خدا اس کو شفا دے گا۔ اور جو شخص اس کی شکل مخصوص کو تیندوے کی کھال پر لکھ کر جلائے اور پھر پیس کر سرمہ بنا کر آنکھ میں لگائے تو ارواح بے حجاب نظر آئیں۔ اگر حرف ح کو ۶۴ بار چیچک یا پھنسی کے گرد لکھے تو آرام ہو اگر اس کو شیشے کے گلاس میں لکھ کر پانی سے دھوکر پئے تو التہاب اور سوزش سینہ کو شفا ہو۔ اگر اس کے نقش 8x8 کو رانگ (سیسہ) کی لوح پر نقش کرے۔ جب مشتری شرف میں ہو اور قمر نحوست سے سالم ہو اور اپنے پاس رکھے تو رزق کشادہ ہو اور سب لوگ اس سے محبت کریں۔

اگر اس نقش کو اس شخص کے سر پر باندھے جس کے سر میں صفراوی درد ہو تو فوراً آرام ہو۔ لڑائی جھگڑا بند کرنے کے لئے بھی اس حروف میں خاص تاثیر ہے۔ کوئی بھی اس کا عمل کرے تو اس کے بعد دعا کرے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَاحَیُّ یَاحَكِیْمُ یَا حَمِیْدُ یَاحَسِیْبُ یَا حَنَّانُ یَا حَفِیْظُ یَا حَقُّ یَا حَافِظ بِمَا اَوْدَعْتَهٗ حَرْفَ الْحَاءِ مِنْ الْاَسْرَارِ الْمَكْنُوْنَةِ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ خُدَّامَ هٰذَا الْحَرْفِ یُطِیْعُوْنِیْ فِیْمَالَكَ فِیْهِ رِضًا اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

اس حرف حا کے متعلق ایک اور راز بھی بتا دوں۔ اسماء حائیہ یہ ہیں۔ حی، حسیب، حافظ، حفیظ، حق، حکم، حکیم، حلیم، حمید، حنان ترتیب ابجد کے لحاظ سے تمام متواتر دہائی سے ترفع پاتے ہیں اور دہائی حرف ح کے بعد دوسرا حرف ہے۔ مثلاً حی میں ح کے بعدی کے ۱۰ عدد ہیں۔

حی	(ی)	۱۰
حکیم	(ک)	۲۰
حلیم	(ل)	۳۰
حمید	(م)	۴۰
حنان	(ن)	۵۰
حسیب	(س)	۶۰
حفیظ	(ف)	۸۰
حق	(ق)	۱۰۰

یہ آٹھ اسم ہیں۔ ح کے عدد بھی ۸ ہیں۔ ۷۰ و ۹۰ کے درجہ کے اسماء نہیں ہیں۔ اگر ان آٹھ اسماء کو شرف مشتری میں لوح ۸ در ۸ میں اس طرح لکھیں کہ سر لوح تمام اسماء حائیہ آ جائیں۔ تو اس کو چاندی کی لوح پر کندہ کرے۔ جب شرف مشتری یا اوج مشتری ہو تو اس کے دم بدم دنیاوی درجات بلند ہو۔ شہرت ہو اور پیسہ بہت ملے۔

جفری طریقہ

اگر کوئی ایسا کام ہو جسے فوری طور پر حاصل کرنا ہو تو اس امر کے تصرف کے لئے وہ طریقہ گیارہ موازین کا استعمال میں لائے جو حرف الف

کے اثرات میں بیان کیا گیا تھا۔ یعنی جب عمل کرنا چاہے تو

(۱) طالع وقت نکالے (۲) طالع وقت کا ستارہ (۳) دن (۴) صاحب دن (۵) منزل قمر (۶) ساعت (۷) کتنی ساعت ہے (۸) قمر کس برج میں ہے (۹) موکل سلفی وعلوی (۱۰) مقصد (۱۱) اسم الٰہی۔

ان تمام کے اعداد نکال کر اس کا موکل تیار کرے اور جو حروف ان اعداد سے حاصل ہوں ان حرفوں کو بسط عزیز سے مقوی کرے۔ ان تمام اعداد کا مربع تیار کر کے پشت نقش پر حروف تالیف طبع معہ موکل لکھے اور مقصد لکھے اور اس کو نمدار جگہ رکھے تو بہت جلد تاثیر ظاہر ہو۔

اس وقت کے لئے طالع وقت موافق عمل نکالیں۔ سعد اعمال کے لئے سرطان، اسد، سنبلہ، میزان، عقرب، قوس میں سے طالع ہونا چاہئے۔ ان میں سے دن کو عمل کرنا ہے۔ تو اسد، میزان یا قوس طالع ہونا چاہیے۔ باقی برج رات کے ہیں۔

(۱) طالع وقت = قوس
(۲) طالع وقت کا ستارہ = مشتری
(۳) دن = پیر (یوم الاثنین)
(۴) صاحب دن = قمر
(۵) منزل قمر = نثرہ
(۶) ساعت = قمر (الساعۃ القمر)
(۷) کتنی ساعت ہے = اوّل (شروق)
(۸) قمر کس برج میں ہے = سرطان
(۹) دن کا موکل سلفی وعلوی = شدحائیل، ابوالنور
(۱۰) مقصد = ترقی
(۱۱) اسم الٰہی = حکیم

اب ان تمام استخراجات کے اعداد نکال کر جمع کریں۔ قوس، مشتری، یوم الاثنین، قمر، نثرہ، الساعۃ القمر، شروق، سرطان، شدحائیل، ابوالنور، ترقی، حکیم کے اعداد نکال کر حروف بنائیں اور اس کا موکل تیار کریں اور ان حروف کو بسط عزیز کریں۔ یعنی موافق عنصر حرف میں ملائیں۔

اب اعداد مستخرجہ کا نقش ۸ در ۸ پر کریں۔ سر پر موکل کا نام لکھیں اور اردگرد سطر بسط عزیزی لکھیں۔ نیچے مطلب لکھیں اور دعا کر کے پہن لیں۔ ان شاء اللہ فوری احکام صادر ہوں گے۔ یہ طریقہ سریع الاثر ہے اور طلسمات میں اس کا شمار ہوتا ہے۔ عمل میں غلطی نہ ہونی چاہیے استخراجات صحیح ہوں۔



جیلوں میں بیتے لمحات
کی کہانی
مشاہیر کی زبانی

جمع وترتیب
شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

زیر نظر کتاب ان پاکیزہ نفوس کی سوانح کے چمکتے اور مہکتے گلستان کی روداد ہے جنہوں نے تاریخ کو متاثر کیا اور ہمارے لئے استقامت کے ایسے سنگ میل متعین کئے کہ اگر اس شاہراہ حیات پر زندگی کو بڑھایا جائے تو نہ صرف کامیابی مقدر ہوگی بلکہ گزرنے والا اک اک لمحہ متاع وقت ہوگا۔

تسدیس عطارد و مشتری

۴ فروری دوپہر ۲ بجکر ۳۳ منٹ پر تسدیس عطارد مشتری ہے۔ عاملین ایسی ساعتوں کا انتظار کرتے ہیں۔ جو کبریت احمر کا حکم رکھتی ہیں۔ اگر عالم الغیب کا ہی حکم خاص اس عمل کے اثر کو روک دے تو اور بات ہے اور زیر قانون ''واللہ غالب علی امرہ'' مجبوری ہے مگر جہاں تک عاملین کی تحقیق اور قانون عملیات کا تعلق ہے اس عمل کا اثر یقینی ہے جن اصحاب کی ترقی رکی ہوئی ہے یا ملازمت نہ ملتی ہو یا کاروبار رک گیا ہے تو یہ نقش آپ کو خوش قسمتی سے ہمکنار کرے گا۔ مجھے اس پر کامل یقین دعا ہے۔ خداوند کریم آپ کو بھی اس سے کامیاب کر کے میرے یقین کا ممد و معاون بنائے یہ خیال نہ کریں کے نقش بالکل سادہ ہے اور اس کی ترکیب آسان سی ہے بلکہ جس طرح طب میں علاج بالمفردات ایک موثر طریق ہے اسی طرح عملیات میں بھی ایک قسم خاص اس نقش معظم کو ۶۸ مرتبہ لکھو یہ اس کی زکوۃ ہے۔ ہر نقش کو علیحدہ علیحدہ کاٹ کر اور گولیاں بنا کر آٹے میں لپیٹ کر پانی میں ڈال دو۔ لیکن ایک اور نقش بھی لکھ لو۔ اس آخری نقش کو عطر میں معطر کر کے اور زرد ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر سچے اعتقاد سے اپنے پاس رکھ لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۲۱ یوم میں اس کا کھلا ہوا اثر معلوم ہو جائے گا۔ نقش ہمیشہ اپنے پاس رکھیں اور دراز عرصہ تک اپنے پاس رکھیں۔ پاس رکھنے کی کوئی معیاد نہیں مگر اثر اکیسویں دن سے ظاہر ہونا شروع ہوگا۔

نقش یہ ہے:۔

۲۹۲	۲۸۷	۲۹۵
۲۹۴	۲۹۱	۲۸۹
۲۸۸	۲۹۶	۲۹۰

نقش کی رفتار

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

نقش لکھنے کے متعلق بھی سمجھ لیں۔ اگر ایک ہی نشست میں نقش لکھنے کا ارادہ ہو تو مندرجہ بالا وقت تسدیس سے اتنا پہلے لکھنا شروع کریں کہ آسانی سے اس وقت پر ختم ہو جائے اور اس تسدیس کے وقت میں صرف آخری نقش لکھنا پڑے گا ر ایک ہی نشست میں ممکن نہیں تو چھ دن قبل نقش شروع کرو ہر روز ایک سو نقش لکھو اور ایک نقش پاس رکھنے والا لکھ لو پس عمل کی تکمیل ہو جائے گی۔ روزانہ نقش لکھنے کا وقت مقرر نہیں جو وقت پہلے مقرر کر لیں۔ اس کی پیروی روزانہ کریں کسی خاص قلم دوات اور کاغذات کی بھی ضرورت نہیں زکات کے نقوش زعفران سے لکھنا ہوگا۔ نقش طہارت سے لکھا کریں منہ مشرق کی طرف رکھا کریں۔ کوئی پرہیز نہیں۔ اگر چاہیں تو روزانہ نقش لکھ کر گولیاں بنا کر بھی دریا وغیرہ میں ڈال سکتے ہیں یا آخری دن سب نقوش کو بھی اکٹھا ڈال سکتے ہیں پانی ایسا ہو جس میں مچھلیاں ہوں اگر کسی جگہ ایسا پانی نہ ہو تو پھر کنوئیں میں ڈال دیں وہ کنواں جس سے کھیتوں کو پانی ملتا ہو۔ تسدیس کی پرواہ نہ کریں کام مکمل کر لیں۔

☆☆☆☆☆

تثلیث زہرہ و مشتری کی عملیات کیلئے اہم معلومات

زہرہ اور مشتری کو سعدین کیوں کہا جاتا ہے

زہرہ اور مشتری کو سعدین کہتے ہیں زہرہ عورت سے متعلق ہے اور عیش و عشرت سے متعلق ہے۔ مشتری اور اکی ارفع قوتوں سے متعلق ہے۔ جب ان کا قران واقع ہوتا ہے تو ارضی پہنائیوں میں ایسی روحانیت پیدا ہوتی ہے۔ جس کو اگر مادہ مناسب مہیا ہو جائے تو وہ سعادت جلب و قلب یعنی تسخیر قلب کا کام دیتی ہے۔ ہر سال کی پہلی ساعت زہرہ اور دوسری ساعت مشتری کے وقت یہ عمل کریں۔ عاملین کے نزدیک ایک ایسا موثر وقت ہے جو ایک سال کے انتظار کے بعد بنتا ہے۔

فوائد

دوستوں کو ملانے کے لئے موثر ہے۔ (خواہ واقف ہوں یا ناواقف) دو ناراض دلوں کو ملانے، محبوب کو تسخیر کرنے، میاں بیوی کی ناراضگی کو دور کرنے، افسران کو تسخیر کرنے، دشمن کو دوست بنانے، روٹھے ہوئے کو منانے اور گئے ہوئے کو بلانے کے لئے یہ تثلیث سریع التاثیر ہے۔ اس وقت جو بھی عمل کیا جائے گا تو فرد یا خلقت کسی مخفی طاقت کے زیر اثر خود بخود کھچی چلی آئے گی۔ لیڈر، حکام، حکماء، طبیب، ڈاکٹر، معلم اس وقت فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ وہ لوگ جو محبوب کو تسخیر کرنا چاہیں کہ قید و بند کو توڑ کر کھچی چلی آئے یا ناراض میاں بیوی میں سے کوئی فرد واپس آ کر قدموں پر گرے تو اس وقت سے فائدہ اٹھائیں۔ البتہ جائز صورتوں کو مدنظر رکھیں۔ ورنہ موکلات کا عمل ہے۔ اس کی ناراضگی اچھا اثر نہ دے گی۔ چونکہ ہر شخص عملیات کے فہم کو نہیں پہنچتا۔

جفری طریقہ کی وضاحت

جفری طریقہ کی وضاحت یہ ہے۔ جس میں چلہ کی ضرورت نہیں۔ سب کو عام اجازت ہے۔ تیاری کیلئے تنہا جگہ ہو اور وہ جگہ لوبان و صندل کی خوشبو میں روشن کریں۔

(۱) اگر کسی عورت یا آدمی کی تسخیر مطلوب ہو۔ تو آیت يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللهِ-وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ کے اعداد لیں۔ اس کے اعداد ۱۴۹۳ ہیں۔

(۲) اگر تسخیر خلق مطلوب ہے تو ''لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ '' کے اعداد لیں اس کے اعداد ۲۸۹۸ ہیں۔

(۳) اوّل نام طالب معہ والدہ اور نام مطلوب معہ والدہ کے اعداد نکالو اور آیت ''يُحِبُّوْنَهُمْ '' کے اعداد اس میں شامل کرو۔ اب کل مجموعہ سے ۴۱ عدد تفریق کرو۔ جو عدد باقی بچے ان کے حروف بنا کر آگے کلمہ ایل لگا دیں۔ یہ موکل ہوگا۔



قیمت
70.00

مرہم سکون

بیرونی استعمال کیلئے یہ مرہم انتہائی لاجواب ہے

خارش، جلن، پھوڑے، پھنسی کیلئے خون صفا اندرونی طور پر ایک ایسے تیر کی طرح ہے جو ہمیشہ نشانے پر جا کر لگتا ہے

(۴) اگر تسخیر خلق مطلوب ہے تو اپنا نام معہ والدہ لے کر اس میں آیت ''لَقَدْ جَآءَ کُمْ '' کے اعداد شامل کریں۔ کل سے ۴۱ عدد تفریق کر کے حروف بنا کر آگے کلمہ ایل لگالیں۔ یہ موکل ہوگا۔

(۵) اب موکل حاصل کرنے کے بعد تکسیر سطور کرنی ہے۔ ایک سطر لکھو۔ پہلے نام معہ والدہ، پھر آیت بعد میں نام مطلوب معہ والدہ، اب نئی سطر میں علیحدہ علیحدہ حروف میں یہ سطر لکھو اور اس کی تکسیر جفری کرو۔ تکسیر جفری کا مطلب یہ ہے۔ ایک حروف بائیں سے ایک دائیں سے لے کر ایک نئی سطر تیار کی جائے۔ پھر اس سطر پر ہی عمل دہرایا جائے۔ بلکہ ہر نئی آنے والی سطر پر یہ بائیں دائیں سے حروف لینے کا دہرایا جائے۔ حتیٰ کہ سطر اوّل، آخر میں ظاہر ہو جائے۔ اسے تکسیر جفری کہتے ہیں مثلاً میں ''علی محمد'' کی تکسیر کرتا ہوں۔

مثالی تکسیر

ع ل ی م ح م د سطر اوّل
د ع م ل ح ی م
م د ی ع ح م ل
ل م م د ح ی ع زمام
ع ل ی م ح م د سطر آخر

جب سطر اوّل پھر آخر میں ظاہر ہو جائے تو تکسیر مکمل ہو گئی۔ اس میں سطر آخر چونکہ مکرر ہے۔ اس کو نہ لیں۔ باقی تکسیر میں سے پہلوئے راست کے حروف اور پہلوئے چپ کے حروف علیحدہ علیحدہ لکھو۔ اگر حروف جفت ہوں تو چار چار یا دو دو ملالو۔ اگر طاق ہوں تو تین تین یا پانچ پانچ ملا کر آگے یوش لگادو۔ یہ اس عمل کا اعوان ہوگا۔ اسے اعوان العمل کہتے ہیں۔

(۷) اب تمام تکسیر کے اعداد نکالو جو سطر زمام تک ہوں۔ سطر اوّل کے اعداد کو کل سطر تکسیر سے ضرب دے دو گے تو کل تکسیر کے عدد معلوم ہو جائیں گے۔ ان اعداد کو مخمس میں پر کرنا ہوگا۔ نقش مخمس پر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد سے ۶۰ عدد تفریق کر کے ۵ پر تقسیم کرو اور جو حاصل قسمت آئے اسے خانہ اوّل میں رکھ کر ایک ایک کر کے اضافہ سے بمطابق چال پر کرتے جاؤ۔ اگر تقسیم کرنے کے بعد ایک باقی بچے تو خانہ ۲۱ میں ایک کا اضافہ کرو۔ باقی ۳ ہو تو خانہ ۱۱ میں ایک کا اضافہ کرو اگر باقی ۲ ہو تو خانہ ۱۶ میں ایک کا اضافہ کرو۔ باقی ۴ ہوں تو خانہ ۶ میں ایک کا اضافہ کرو۔ نقش پر ہو جائے گا۔

چال کا نقش:۔

۳	۲۰	۷	۲۴	۱۱
۱۶	۸	۲۵	۱۲	۴
۹	۲۱	۱۳	۵	۱۷
۲۲	۱۴	۱	۱۸	۱۰
۱۵	۲	۱۹	۶	۲۲

نقش پر ہو جانے کے امتحان کا طریقہ یہ ہے کہ چاروں طرف سے میزان وہ آئے گی جس کو نقش میں پر کرنا ہے۔ کسی ایک طرف سے بھی میزان غلط ہوئی تو نقش درست نہ ہوگا۔

(۸) تمام تکسیر کے اعداد جس کا نقش پر کیا گیا ہے ان میں ۳۱۹ عدد خارج کر کے باقی اعداد کے حرف بنا کر آگے کلمہ طیش لگائیں۔ یہ جنات العمل پیدا ہو جائے گا۔

(۹) نقش مخمس کے جانب چپ طالب کا نام لکھ کر اوپر موکل کا نام لکھو۔ جانب راست مطلوب کا نام لکھ کر اوپر جنات العمل کا نام لکھ دو۔ اب نقش کے جانب راست دہ اعوان العمل لکھو۔ جو سطر تکسیر کی سیدھی جانب سے نکلا اور جانب چپ، دہ اعوان العمل لکھو۔ جو سطر تکسیر کے جانب چپ کے حروف سے نکلا۔ نقش کے نیچے یہ عزیمت لکھو۔ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَاۤاَيُّهَا الْاَرْوَاحِ الْعَلَوِيَّاتِ وَالثِّقْلِيَّاتِ يا (موکل کا نام لو۔ پھر اعوان العمل پھر جنات العمل) اُحْضُرُوا (نام مطلوبہ معہ والدہ) فِى الْمَحَبَّتِ وَالْمَوَدَّةِ (نام طالب معہ والدہ) اَلْعَجَل اَلسَّاعَةَ اَلْوَحَا۔

(۱۰) ایسے تیرہ نقش تیار کر لو۔ اس میں سے ایک نقش پاس رکھو۔ ایک مطلوب کی گزرگاہ میں دفن کرو۔ باقی گیارہ نقوش کی بتیاں بنالو۔ ایک بتی رات کو جلاؤ اور باقی دس راتوں میں ہر رات ۹ بجے ایک بتی جلایا کرو۔ یا بعد کا وقت کوئی رکھ لو۔ لیکن مقررہ وقت کا روزانہ خیال رکھو۔ نقش زعفران سے لکھے جائیں۔ بخور رات کو بھی جلانا ہوگا۔ تیل خوشبودار چراغ میں ڈالو۔ چراغ نیا ہو۔ کمرہ تنہا ہو۔ منہ چراغ کا مطلوبہ کے گھر کی طرف ہو۔ جب تک بتی جلتی رہے۔ اس کے سامنے بیٹھ کر یوں پڑھتے رہو۔ یا (موکل کا نام) اُحْضُرُوا (نام مطلوب معہ والدہ) اَلْعَجَل اَلسَّاعَةَ اگر درمیان عمل میں کوئی ٹوکے۔ تو مت بولو۔ مطلوب کے علاوہ کوئی اور عورت آئے۔ قطعی توجہ مت دو۔ تسخیر افسر یا حاکم یا دشمن مطلوب ہو تو حاضری کا عمل نہ کرو بلکہ اُحْضُرُوا کی جگہ سحر قلب پڑھو۔ مثلاً یا موکل سحر قلب (نام) اَلْعَجَل اَلسَّاعَةَ انشاءاللہ گیارہ دنوں میں مقصد ہاتھ آجائے گا۔

(۱۱) اگر کسی دشمن کے افسر کی تسخیر مطلوب ہو تو نام دشمن معہ باپ کے نام کے ساتھ بھی لے سکتے ہیں۔ افسر ہو تو نام عہدہ کے ساتھ لکھ سکتے ہیں۔ تکسیر میں بھی اسی طرح لکھنا ہے۔ یعنی پہلے نام اپنا معہ والدہ پھر آیت شریف پھر نام افسر معہ عہدہ یا دشمن۔

(۱۲) اگر تسخیر خلق مطلوب ہو تو تین نقش لکھو۔ لکھنے کے بعد آیت ”وَلَقَدْ جَآءَكُمْ“ کو ۹۲ مرتبہ پڑھو۔ اور نقوش پر دم کر و اس آیت کو بھی نقش کے چاروں طرف لکھ لو اور نقوش کو لپیٹ کر ایک بازوئے راست پر باندھ لو۔ ایک اپنے دفتر یا دکان میں شیشے کے فریم میں جڑوا کر لگا دو۔ ایک اپنے گھر کی چھت پر کسی اُونچی جگہ لٹکا دو۔ اگر گھر میں درخت ہو تو اس پر لٹکا دو یا کسی اور جگہ کسی پھلدار درخت پر اونچا لٹکا دو کہ ہوا چلنے سے ہلے۔ نقش کو موم جامہ ضرور کراؤ تا کہ بارش وغیرہ سے خراب نہ ہوں۔ نیز صرف جمعرات یا جمعہ کو نقش استعمال کرو۔ مثلاً لٹکانا ہو تو جمعرات یا جمعہ کے دن کا انتخاب کرو۔ بس کام ختم ہے۔ مگر آیت روزانہ ۹۲ مرتبہ کسی وقت بھی پڑھ لیا کریں۔ اوّل آخر درود شریف ہو۔ تا کہ تسخیر خلق کی روحانیت جلد کھل جائے دکانداروں، کاروباری لوگوں کو جن کی آمدن


عشق اسلام اور جدید سائنس
تحقیق و تالیف:
شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم (امریکہ)

قارئین! آپ اس کتاب کو جذبہ اصلاح کے تحت پڑھیں اور اس بات کی کوشش کریں کہ کتاب کا ہر حرف اصلاح اور صراط مستقیم کا ذریعہ بنے۔

خلقت کی آمد سے وابستہ ہو۔ ان کو اس وقت فائدہ اٹھانا چاہیے۔

حرف کے اعداد سے موکل بنانے کا طریقہ

عام طور پر عامل کو حروف سے اعداد بنا کر موکل بنانے میں الجھن پیش آتی ہے۔ اسلئے آسانی کیلئے سمجھایا جارہا ہے۔ مثلاً ۳۷۴۲ کے حروف بنا کر موکل بنانا ہے تو ۴۱ عدد تفریق کئے باقی ۳۷۰۱ رہے اب اس کے حروف بنائیں اس میں ایک ہے سات سو ہے تین ہزار ہے۔ ایک کا ''الف''، سات سو کا ''ذ''، تین ہزار کے تین ''غ غ غ'' ہونگے۔ حروف ہوئے، ''اذ غ غ غ'' موکل بنا۔ اذغغغائیل۔ اگر غ زیادہ ہوں تو ان کو فرو کر کے غین لگایا جاسکتا ہے مثلاً تین ''غ'' ہیں تو ''جغ'' بنالیں اس لحاظ سے موکل اذ جغائیل ہوگا۔ دونوں موکل درست ہیں اگر ۳۷۴۲ سے ۳۱۹ عدد خارج کردیں تو ۳۴۲۳ رہ جائیں گے۔ اعوان کے طیش لگانا ہے اس لئے جلغغغطیش اعوان ہوگا۔

وہ لوگ جو نقوش کو ایک معمولی کام تصور کرتے ہیں ان کو معلوم ہوگا کہ علم تیار کرنا معمولی کام نہیں۔ چند خانوں کا نقش بڑی محنت اور مشکلوں کے بعد تیار ہوتا ہے۔ آپ محنت کریں گے تو ضرور فائدہ ہوگا چند گھنٹے حل کرنے میں لگ جائیں گے۔ مگر اس کا نفع وہ ہوگا جو کوئی نہیں دے سکتا۔ اور اللہ کے فضل سے قسمت عجیب وغریب طریقہ سے کھل جائے گی۔

☆☆☆☆☆

اسماء الحسنیٰ کے ذریعے ہر دکھ کا علاج

یا اللہ کے ذریعے دنیا کی آسانیاں حاصل کریں

ایک نشست میں ایک زانو ہو کر ایک ہزار (۱۰۰۰) بار یَا اَللّٰہُ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ جو بھی مشکل ہو، اس کو حل فرمائیں گے۔

یارحمٰن کا عمل، مصیبت دور کرنے کیلئے

بعد نمازِ عشاء یا تہجد، دو رکعت نفل مشکل دور ہونے کی نیت سے پڑھیں۔ اس کے بعد گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ یارحمن پڑھیں۔ اوّل وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ انشاء اللہ جو بھی مصیبت ہوگی، دور ہوگی۔

مصیبت سے نجات

رات کو بعد نماز عشاء دو رکعت نماز برائے دفع مصیبت پڑھے۔ پھر کلام ہذا اکیس (۲۱) مرتبہ جس کے پہلے و بعد میں اکیس اکیس مرتبہ درود شریف پڑھے اور اپنا مطلب دل میں رکھ کر سو جائے۔ انشاء اللہ، مصیبت سے نجات ملے گی۔ کلام یہ ہے: یَارَحْمٰنُ بِحَقِّ مَجْمَعَ الْبَحْرَیْنِ

ہر مشکل کے حل کیلئے

ہر شخص اسم خَالِقُ کو پانچ ہزار ایک سو پندرہ (۵۱۱۵) بار خالی مکان میں پڑھے اور مشکل سے نجات کی دعا کرے۔ انشاء اللہ، بہت جلد حاجت پوری ہوگی۔

ہر مشکل کے حل کیلئے یاوھاب کا وظیفہ

وضو کے بعد دو رکعت نماز حاجت پڑھیں اور پھر سجدہ میں جا کر ایک سو بار یَاوَھَّابُ پڑھیں۔ اگر ممکن ہو تو صحن میں یہ عمل کریں یعنی سر پر آسمان ہو۔ چالیس یوم میں وہ مشکل دور ہو جائے گی۔ انشاء اللہ۔

سخت اور بڑی مشکل کے حل کیلئے

اگر کوئی شخص کسی بڑی اور سخت مشکل میں گرفتار ہو جائے تو اس کی خلاصی کے لئے اس کے متعلقین اکیس (۲۱۰۰۰) مرتبہ یَافَتَّاحُ کو سات یوم بلا ناغہ پڑھیں۔ انشاء اللہ وہ شخص مشکل سے نکل جائے گا۔

ہر پریشانی سے نجات کیلئے یا فتاح کا عمل

ہر فرض نماز کے بعد تین سو تیرہ (۳۱۳) یا گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ یَافَتَّاحُ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں۔ اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف۔ انشاء اللہ ہر پریشانی سے نجات ملے گی۔

ہر پریشانی دور ہو

دو رکعت تحیۃ الوضو ادا کر کے ایک سو مرتبہ یالطیف پڑھ کر دعا مانگیں۔ انشاء اللہ پریشانی دور ہوگی۔

ہر مشکل و پریشانی کے حل کیلئے یالطیف کا عمل

ہر فرض نماز کے بعد ایک سو انتیس (۱۲۹)، تین سو تیرہ (۳۱۳) یا گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ یالطیف پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں۔ جیسی مشکل ہو، اسی تعداد میں پڑھا جائے۔ یعنی زیادہ بڑی ہو تو زیادہ تعداد، معمولی ہو تو کم تعداد کا انتخاب کریں۔ اوّل و آخر کوئی سا درود شریف سات یا گیارہ مرتبہ پڑھ لیں۔

ہر قسم کی تکالیف دور کرنے کیلئے

جو شخص اسم اَلْغَفُوْرُ کو تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھے گا، اس کی تمام تکالیف اور رنج و غم دور ہوں گے۔

مشکل سے نجات کے لیے

یَا کَبِیْرُ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَھْتَدِی الْعُقُوْلُ بِوَصْفِ عَظْمَتِہٖ یَا کَبِیْرُ

مشکل سے نجات کے لئے تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ پڑھے۔

ہر پریشانی سے حفاظت و نجات

چلتے پھرتے یا وکیل پڑھنے سے جو بھی پریشانی ہو، اس سے نجات مل جاتی ہے اور آئندہ پریشانیوں سے حفاظت بھی رہتی ہے۔

ہر مشکل کے حل کیلئے

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ کی کثرت کرنا، ہر مشکل کے حل کیلئے مجرب ہے۔

سخت ترین مشکل سے نجات کے لئے یا قیوم کا تین روزہ عمل

سخت ترین مشکل میں ایک فرد یا تین افراد مل کر اکیس

قیمت
200.00
مشروب عبقری افزاء
عبقری لا یا نبوی ؐ جڑی بوٹوں کا تحفہ
جھلستی گرمی اور سخت لُو کیلئے

ہزار (۲۱۰۰۰) مرتبہ روزانہ تین یوم تک یَاقَیُّوْمُ کا ورد کریں۔ انشاء اللہ جلد مشکل آسان ہوگی۔

اللہ الصمد کا عمل برائے حل المشکلات

عروج ماہ میں اتوار کی رات سے آغاز کرنا ہے۔ روزانہ ستر (۷۰) مرتبہ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اور ستر (۷۰) مرتبہ اللہ الصمد پڑھ کر کھڑے ہو کر اس دعا کو اکیس (۲۱) بار پڑھیں۔ اَللّٰھُمَّ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ
انشاء اللہ اکیس یوم کے اندر اندر مشکل دور ہوگی۔ اوّل و آخر سات بار کوئی سا درود شریف۔ وظیفہ کی مدت اکیس یوم ہے۔ اگر اکیس یوم سے پہلے مشکل حل ہو جائے تو بھی اکیس یوم پورے پڑھنا ضروری ہیں۔

اللہ الصمد سے سات یوم میں مشکل حل ہو

(1) نئے چاند کی شب اتوار کو بعد نمازِ عشاء کوئی وقت مقرر کر کے یہ عمل شروع کریں۔ اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف اور پانچ ہزار (۵۰۰۰) مرتبہ اللہ الصمد پڑھیں۔ پھر اکیس مرتبہ یہ عمل پڑھیں:

(2) ''بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ المدد یا اللہ یا اللہ یا اللہ بحرمت محمد رسول اللہ محمد رسول اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم''۔ پھر اپنی مشکل دُور ہونے کا سوال کریں۔ سات دن یہ عمل کریں انشاء اللہ سات یوم میں ہی پریشانی سے نجات مل جائے گی۔

(3) ہر فرض نماز کے بعد تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھ کر دعا مانگیں۔ ہر مشکل آسان ہوگی۔

یا قادر و پرسکون زندگی کا راز

جو شخص مشکل کے وقت اکتالیس (۴۱) مرتبہ اس اسم یَاقَادِرُ کو پڑھ لے، اس کی مشکل آسان ہو جائے گی۔

دکھی دلوں کا سہارا

یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بعد نمازِ عشاء ایک سو مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ ہر مشکل آسان ہوگی۔

یَابَاقِیُ کے ذریعے اپنے سکھ باقی رکھیں

یَابَاقِیُ کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ جو بھی مشکل ہوگی، بفضل تعالیٰ حل ہوگی۔

یَاصَبُوْرُ کے ذریعے اپنے حالات بہتر بنائیں

یَاصَبُوْرُ کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ، سات دن تک پڑھیں۔ جو بھی مشکل ہوگی، بفضل تعالیٰ حل ہوگی۔

مشکلات سے نجات کے لیے

مشکلات سے نجات کے لئے تین روزے رکھے اور روزانہ فجر کی نماز کے بعد تین سو (۳۰۰) مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

یَادَائِمَ بِلَا فَنَاءٍ وَّلَا تَدَالَ لِمُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَادَائِمُ

ہر مصیبت و پریشانی سے نجات

سات روز تک روزانہ سات سو (۷۰۰) مرتبہ یَاوَکِیْلُ یَا کَفِیْلُ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے مشکلات سے نجات کی دعا مانگیں۔ اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔

ہر مشکل کے حل کیلئے

یَارَحْمٰنُ یَاسَلَامُ کو چار سو انتیس (۴۲۹) مرتبہ روزانہ صبح و شام پڑھنا ہر مشکل کے حل کیلئے مجرب ہے۔

ہر پریشانی سے نجات کا ایک خاص عمل

فجر کی نماز کے بعد قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھ جائیں اور ایک سو (۱۰۰) بار کوئی بھی درود شریف پڑھیں۔ پھر پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ لاحول ولاقوۃ الاباللہ پڑھیں۔ پھر درج ذیل ترتیب سے یہ اسماء الحسنیٰ پڑھیں

یَافَتَّاحُ۔۔ ایک سو (۱۰۰) بار
یَاوَھَّابُ۔۔ ایک سو (۱۰۰) بار
یَارَزَّاقُ۔۔ ایک سو (۱۰۰) بار
یَامُعِزُّ۔۔ ایک سو (۱۰۰) بار
یَاسَلَامُ۔۔ ایک سو (۱۰۰) بار

اس عمل کو کر کے اپنی مشکل سے نجات کے لئے دعا مانگیں۔ انشاء اللہ، بہت جلد مشکل سے نجات ہو جائے گی۔

برائے دفع پریشانی

اگر کوئی ایسی پریشانی میں مبتلا ہو کہ کسی علاج سے دفع نہ ہو تو جمعہ کے دن، عصر کی نماز پڑھ کر غروب آفتاب تک یا اللہ یا رحمن یا رحیم تنہائی میں ورد کرنے سے پریشانی سے نجات مل جائے گی۔ مجرب ہے۔

تین نام پڑھیں اور فوائد سے حیران رہ جائیں

مشکلات سے نجات کے لئے ستر (۷۰) مرتبہ درج ذیل عمل کو رات کے وقت قبلہ رو بیٹھ کر پڑھیں:

یَاحَیُّ یَاحَلِیْمُ یَاعَزِیْزُ یَاکَرِیْمُ
اس سخت کام کو آسان کر
بِحَقِّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ

☆☆☆☆☆

میاں بیوی کا رشتہ مضبوط رکھنے والا نقش

جن میاں بیوی میں علیحدگی یا تعلقات ٹوٹنے کا اندیشہ ہو یا اندیشہ رہتا ہو یا جو عورت او رمرد یہ چاہے کہ شریک زندگی سے طلاق نہ ہو تو مندرجہ ذیل دو نقش تثلیث زہرہ و زحل میں لکھے۔ دونوں پر رفریق ثانی کا پہنا ہوا کپڑا لپیٹے۔ ایک نقش پاس رکھے۔ دوسرا گھر میں کسی بھاری چیز کے نیچے دبادے۔ یہ نقش زعفران سے سفید کاغذ پر لکھنے چاہئیں۔

طریقہ یہ ہے ایک مربع نقش تیار کریں اور جس کو چال کے مطابق مندرجہ ذیل طریقے سے پر کریں۔



زیر نظر کتاب ایسے چشم کشا تجربات پر مزین ہے جس کے مطالعہ سے لوگوں کو نفع ہوگا اور وہ گمراہ کن عاملوں اور شرکیہ اعمال سے بچ جائیں گے۔ آج ہی یہ کتاب خریدیں اور جادو جنات کے پراسرار حقائق جانیے اور ان کے نپٹنے کے آزمودہ روحانی علاج سیکھیے۔

(۱) خانہ اول میں نام طالب معہ والدہ لکھیں اس کے بعد خانہ دوم میں اعداد نام طالب معہ والدہ میں ایک عدد جمع کر کے لکھیں خانہ تین میں دو جمع کر کے خانہ چار میں تین جمع کر کے لکھیں۔

(۲) خانہ پانچ میں عدد ۱۴۶۰، خانہ چھ میں ''واللہ غالب علی امرہ''۔ خانہ سات میں ۱۴۶۲۔ خانہ آٹھ میں ۱۴۶۳ لکھیں۔

(۳) خانہ نو میں ۱۲۸۹۔ خانہ دس میں ۱۲۹۰۔ خانہ گیارہ ''وانہ لحب الخیر لشدید'' خانہ بارہ میں ۱۲۹۲ لکھیں۔

(۴) اب نام مطلوب معہ والدہ کے اعداد نکالیں اسمیں سے تین کم کر کے خانہ ۱۳ میں لکھیں ۷ ۲ کم کر کے خانہ ۱۴ میں لکھیں اور نام مطلوب معہ والدہ خانہ ۱۶ میں لکھ دیں۔ نقش کی چال یہ ہے:

۱	۶	۱۱	۱۶
۱۲	۱۵	۲	۵
۱۴	۹	۸	۳
۷	۴	۱۳	۱۰

ہر دو نقوش لکھ کر صدقہ کریں اور ایصال ثواب کریں۔ انشاء اللہ مقصد ہر حال میں پورا ہوگا اور اللہ کے فضل سے رشتہ قائم رہے گا خواہ کتنی ہی مخالفت اور شرارتیں کیوں نہ ہوں۔

☆☆☆☆☆

اروما تھراپی (روزمیری) صحت مند زندگی کا ساتھی

روزمیری کے طبی وسحری خواص

روزمیری کا نباتاتی نام (Rosemarinus Officinalis) ہے۔ یہ بھی (Labiatae) فیملی سے تعلق رکھتا ہے۔ اسکے تازہ و خشک پتوں نیز پورے پودے سے عرق کشید کیا جاتا ہے۔ اس کی خوشبو کو کافوری اقسام میں گردانا جاتا ہے۔ قدیم وقتوں سے بحیرہ روم کے آس پاس گرم ساحلی علاقوں میں پایا جاتا تھا۔ اب اس کی کئی ملکوں میں باقاعدہ کاشت کی جاتی ہے۔ جن میں مراکو، تونس، اسپین اور فرانس سرفہرست ہیں۔ روزمیری کی پیداوار کا ستر فیصد حصہ اس وقت مراکو فراہم کرتا ہے جب کے خوشبو کے لحاظ سے سب سے بہتر کوالٹی تونس کا شمار ہوتا ہے۔ خوشبودار پودوں میں افادیت کے لحاظ سے یہ سب سے زیادہ مشہور اور سب سے زیادہ استعمال ہونے والا پودا ہے۔ قدیم مصری اس کے بڑے معتقد تھے اس کا ثبوت یہ ہے کہ مصری شہنشاہیت کے اولین بادشاہوں کے مقبروں میں بھی اس کے پھول اور پتیاں موجود تھیں۔ روسی اور یونانی اس کو متبرک پودا مانتے تھے اور ایک رومی شاعر نے روزمیری کی طبی وسحری خواص پر پوری نظم بھی تحریر کی تھی جو آج بھی محفوظ ہے۔ رومی اور یونانی اس پھول کو شادی اور موت دونوں مواقعوں پر کثرت سے استعمال کرتے تھے۔ جیسا کہ ہندوستان و پاکستان میں گلاب کے پھولوں کو استعمال کیا جاتا ہے۔ رومی اور یونانی نہ صرف اس پھول کے کے طبی وسحری خواص کے معتقد تھے بلکہ اس کو محبت اور خیر خواہی کا پیامبر بھی مانتے تھے اور اس لئے اس کو یادگار یا نشانی کی طور پر پیش کرتے تھے۔ موت کے مواقعوں پر اس کو مردے کے جسم پر اس لئے رکھتے تا کہ مردے کو چھونے والے افراد ہر طرح کے جراثیم اور بیماریوں سے محفوظ رہیں خاص طور پر طاعون اور وبائی امراض سے۔ وہ لوگ روزمیری کے خشک پھولوں اور پتیوں کی دھونی بھی دیتے تھے تا کہ اڑ کر لگنے والی وبائی اور متعددی امراض سے محفوظ رہا جاسکے۔ طاعون اور دیگر وبائی امراض کے حملے کے زمانے میں گھروں کی راہ داریوں اور دروازے کے آس پاس روزمیری کی پتیاں بچھا دی جاتی تا کہ باہر سے آنے

والے افراد کے جوتوں میں لگ کر آنے والے جراثیم وہیں ختم ہو جائیں۔ ساتھ ہی آس پاس کا ماحول بھی خوشبودار اور خوشگوار ہو جائے۔ مشہور یونانی حکیم Theophrastvs اور Diocorides نے روزمیری اور لیونڈر دونوں کو پیٹ جگر اور گردے کے تمام امراض میں موثر بتایا ہے۔ خاص طور پر یہ یرقان جیسے موذی مرض کے لئے نہایت مفید ہے۔ بقراط (بابا طب) نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ روزمیری کے چند پتوں کو اپنے سبزی کے سالن میں ضرور ڈالنا چاہئے۔ اس طرح جگر اور پتے کے امراض قریب نہیں آتے اور اگر بیماری ہو چکی ہو تو رفتہ رفتہ دور ہو جاتی ہے۔ پندرہویں صدی کے طبیب (Galan) گیلن نے اسے جگر اور معدے کے انفیکشن کے لیے نہایت مفید بتایا ہے۔ خاص طور پر وہ یرقان کے لئے اسے نہایت فائدہ مند جانتے تھے۔ قدیم و جدید اطباء نے روزمیری اور لیونڈر دونوں کو بے شمار بیماریوں کا موثر اور حتمی علاج قرار دیا ہے۔

روزمیری دور جدید کی طبی محققین کی نظر میں

موجودہ دور کے اروماتھیراپسٹ اسے مندرجہ ذیل بیماریوں میں مفید قرار دیتے ہیں۔

(۱) لو بلڈ پریشر اور ہائی کیرو سٹول لیول کو متوازن کرتی ہے۔

(۲) دل کی دھڑکن کو اعتدال پر لاتی ہے۔

(۳) ہارٹ اٹیک کی صورت میں ابتدائی طبی امداد کے طور پر دی جا سکتی ہے۔

(۴) چھوٹے زخم، ہلکا جل جانا اور خارش میں اکسیر ہے۔

(۵) سردی لگنا، ہاتھ پیر سر درد رہنا اور کمزوری میں مفید ہے۔

(۶) انفلوئنزا، فلو، بخار اور گلے کے درد میں موثر ہے۔

(۷) قبض، دست، اپھارا، پیٹ پھولنا اور گیس میں اکسیر ہے۔

(۸) سر درد، مائگرین (آدھے سر کا درد) ڈپریشن اور دماغ تھکن میں موثر ہے۔

(۹) ذہنی کمزوری، کمزور یادداشت، بلاوجہ کی بے ہوشی اور اعصابی کمزوری میں مفید ہے۔

(۱۰) بالوں کو کالا کرتی ہے، خشکی، سکری اور بال خورے وغیرہ کو دور کرتی ہے۔

(۱۱) جسمانی درد، عرق النساء، گھٹیا، جوڑوں کا درد، رگوں کا پھولنا اور کمر کے درد میں مفید ہے۔

(۱۲) پھیپھڑوں کی اور سانس کی تقریباً تمام بیماریوں میں موثر ہے۔

(۱۳) ہر طرح کی کھانسی، دمہ اور بلغمی طبیعت کے لئے مفید ترین ہے۔

(۱۴) جسم میں پانی کی کمی کو دور کرتا ہے، جلد زخم سکھاتا ہے۔


قیمت
1100.00
معجون
مراد
Majoon Murad
کمزوری، سستی اور بے طاقتی کیلئے نایاب تحفہ
قیمتی جڑی بوٹیوں، مغزیات اور
جواہرات کا مرکب جس کی ایک
ایک خوراک طاقت کو بے مثال بنائے

(۱۵) بے قاعدہ ماہانہ نظام اور اس سے تمام متعلقہ تکالیف میں موثر ہے۔

روزمرہ بیماریوں میں روزمیری کی شفایابی

(۱۶) خیالات کو پاکیزہ بناتا ہے اور بے شمار سحری خواص سے مزین ہے۔ روزمیری پھول اور ایسنشیل آئل دونوں ہی بے حد محرک (باعث تحریک) نشاط آور اور نہایت طاقتور اینٹی سیپٹک ہیں۔ ساتھ ہی پیشاب آور اور مدد صفراء بھی ہیں۔ یہ عرق النساء، وجع مفاصل، لنگڑی کا درد یا زیادہ ورزش اور بھاگ دوڑ کے درد کا شافی علاج ہے۔ اس کے علاوہ دل، دماغ اور سانس کے امراض میں بھی معاون تھیراپی کے طور پر بڑی کامیاب ثابت ہوئی ہے۔ جگر، پتے اور معدے کی خرابی میں اکسیر ہے۔ خاص طور پر یورپ میں ایسے یرقان کا شافی علاج قرار دیا جاتا ہے۔ ڈاکٹر لیکرک اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ روزمیری آئل جسمانی اور دماغی تھکن کا شافی علاج ہے۔ اگر باتھ ٹب یعنی نہانے کا ٹب موجود ہو تو اس میں نیم گرم پانی بھر لیں پھر دس قطرے روزمیری آئل ڈال کر اس میں پندرہ منٹ تک بیٹھے رہیں اس طرح فوری درد اور تھکن دور ہوتے ہوئے دیکھا گیا ہے۔ سردی کا موسم ہو تو حسب ضرورت تیل لیکر اس میں ۵ تا ۶ قطرے روزمیری آئل ڈال کر مالش کریں۔ پھر نہالیں۔ نہانے کے پانی میں بھی چند قطرے روزمیری آئل اور لیونڈر آئل ڈال لینا چاہئے اس طرح تھکن، کمزوری، ڈپریشن، سستی، کاہلی اور زیادہ کام یا ورزش سے ہونے والی درد و تھکن فوراً دور ہو جاتی ہے اور آپ چست، طاقتور اور توانا محسوس کرنے لگتے ہیں۔ اگر ساتھ ہی روزمیری کے سوکھے پھولوں کی پتیوں کی چائے (قہوہ) پی لیا جائے تو فائدہ دوچند ہو جاتا ہے۔

روزمیری قہوہ کے شفائی اثرات

جگر، گردے، پتے اور معدے کی جملہ خرابیوں کی صورت میں خاص طور پر انفیکشن اور ناقص افعال کو دور کرنے کے لئے ہر کھانے کے بعد خصوصاً بھاری اور ثقیل غذا کے بعد روزمیری گرین ٹی اور اس کی پتیوں کا قہوہ پینا نہایت مفید ہے۔ زیادہ سے زیادہ تین ماہ میں ان چیزوں کے افعال درست ہو جاتے ہیں۔

کرشماتی صفات کے بہترین آئل

حکمت یا ہومیوپیتھی کے علاج کے ساتھ یہ انتہائی بہترین معاون تھیراپی ہے۔ اگر جگر یا گردے کمزور ہوں یا ان کے افعال درست نہ ہوں یا انفیکشن ہو تو جگر یا گردے کے مقامات پر سویابین تیل (ایک چمچہ) لیکر اس میں ۲ قطرے روز میری اور دو قطرے کیمومائل (camomile) بابونہ آئل ملا کر ملئے۔ عموماً (بابونہ) کیمومائل آئل پاکستان میں نہیں ملتا لہٰذا اس کی جگہ لیونڈر آئل ملا کر متاثرہ مقام پر مالش کرنے سے ۳ ماہ میں مکمل افاقہ ہو جاتا ہے۔ اسی فارمولہ کو ٹانگوں اور ہاتھوں کے درد، رگوں کے کھنچاؤ، جوڑوں کے درد یا زیادہ ورزش کے درد پر مالش کرنا بھی نہایت سودمند ہے۔ ورزش کے درد کو فوری افاقہ ہوتا ہے۔

دمہ کی بیماری میں روزمیری کا آسان علاج

دمہ کے حملے کی صورت میں بلغم پھنس جانے کی صورت میں، ناک بند ہو جانے کی صورت میں اور سانس رک رک کر آنے کی صورت میں خالص روزمیری آئل کو روئی کے پھائے میں لگا کر سونگھئے اور پانی ابال کر چار، پانچ قطرے روزمیری ایسنشیل آئل ڈال کر بھاپ لیجئے۔ بھاپ لیتے وقت سر میں تولیا ڈال لیں تاکہ بھاپ ضائع نہ ہو۔ صرف دس منٹ میں تکلیف میں نمایاں افاقہ ہوگا۔ بھاپ لینے کے بعد کھلی اور ٹھنڈی ہوا سے پرہیز کریں۔ دمہ کے حملے کی صورت میں سینے، پیٹھ، ناک، پیشانی اور کنپٹی کے مقامات پر خالص روزمیری آئل ملئے۔

صدیوں کی تحقیق کا نچوڑ

سالوں کی طبی تحقیق سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ روزمیری ایک بہترین اور قطعی بے ضرر محرک خوشبو ہے۔ یہ بہترین عصبی واعصابی

محرک ہے۔ یہ دل کوتوانا اور متحرک رکھتا ہے۔ بلڈ کیروسٹول لیول کو کم کرتا ہے۔ پھیپھڑوں کو تحریک دیتا ہے۔ دافع بلغم اور دافع صفراء ہے۔ نظام ہاضمہ کو متحرک کرتا ہے۔ جگر، گردے اور پتہ کو متحرک کرتا ہے، خون کے بہاؤ کو متحرک کرتا ہے اور لو بلڈ پریشر کو دور کرتا ہے۔

(Adrenal Glands) برگردہ گلینڈ کو بھی تحریک دیتا ہے۔ یہ تمام اسنشیل آئل میں سب سے زیادہ محرک اور ہیجان خیز تیل ہے۔ اس کی محرک انگیزی اور ہیجان انگیزی کا یہ عالم ہے کہ اگر خدانا خواستہ آپ کسی ایسے فرد کے قریب ہوں جس کو دل کا دورہ پڑا ہو تو آپ ابتدائی طبی امداد ملنے تک سینے پر دل کے مقام پر روزمیری آئل کی مالش کرتے رہیں انشاءاللہ دل نہیں بند ہوگا۔ یہ بات کئی مرتبہ آزمائی جاچکی ہے۔ چونکہ یہ محرک ہے۔ اس لئے عصبی نظام اور دماغ پر فوری اثرانداز ہوتا ہے کیونکہ قوت سامہ اور دماغ کا بڑا قریبی تعلق ہے۔ ۱۵۵۹ میں فرانسی طبیب نے لکھا تھا کہ روزمیری دل، دماغ اور جسم پر بڑے مفید اثرات مرتب کرتا ہے۔ اس کے شواھد میں تقریباً۲۰۰ کیسوں کی ہسٹری بیان کی ہے۔ موجودہ دور کے تمام اروماتھیراپسٹ بھی اس بات پر متفق ہیں کہ روزمیری آئل تمام ایسنشیل آئل کے مقابلے میں سب سے زیادہ کارآمد اور موثر آئل ہے۔

روزمیری آئل سے خون کی بیماریوں کا علاج

روزمیری آئل خون کے بہاؤ کو متوازن کرتا ہے۔ اس میں ہوموگلوبین لیول کو بڑھاتا ہے اور ان کے لئے بہت ہی مفید ہے۔ جن کے زخم سے پانی رستا رہتا ہو اور بہت دیر میں کھرنڈ جمتی ہو۔ ایسے لوگوں کے زخم پر ہمیشہ روزمیری آئل پہلے لگانے سے فوری کھرنڈ جم جاتی ہے۔ ساتھ ہی یہ ہر طرح کے عصبی، اعصابی اور جسمانی درد کے لئے بھی نہایت موثر دوا ہے۔ ہر طرح کی چوٹ، رگ پر رگ چڑھ جانے کی صورت میں گھٹیا، وجع، مفاصل، بائی کا ریاحی درد، جوڑوں کا درد، زیادہ ورزش یا کھیل کود سے ہونے والے درد کے لئے اکسیر ہے۔ وجع مفاصل اور گھٹیا والے سال بھر تک دوسری دواؤں کے ہمراہ اگر اس کی مالش کرتے رہیں تو یقینی طور پر شفا پائیں گے۔ یاد رہے ایسے امراض میں مبتلا افراد عموماً جلد صحت یاب نہیں ہو پاتے۔ ہاں البتہ! اعصابی و جسمانی درد، ٹھنڈ لگنے سے درد اور ورزش وغیرہ کے درد کو فوری یا زیادہ سے زیادہ تین دفعہ مالش سے دور ہوجاتی ہے۔ اس کے لئے زیتون کے تیل میں ۱۰ قطرے روزمیری آئل ملاکر مالش کرنا چاہیے۔

روزمیری آئل سے سر کی بیماریوں کا علاج

روزمیری آئل سر کے درد میں بھی فوری آرام لاتا ہے۔ تھوڑے سے سرسوں کے یا کھوپرے کے تیل میں ۳ قطرے روزمیری آئل ملاکر مالش کریں اور خالص آئل کو روئی کے پھائے میں لگا کر سونگتے رہیں۔ یہ ان چند تیلوں میں سے ایک ہے جو بالوں کی جوڑوں کو مضبوط کرتا ہے۔ بالوں کی سیاہی بحال کرتا ہے۔ خاص طور پر قبل از وقت ہونے والے سفید بالوں کو کچھ ہی عرصے میں سیاہ کر دیتا ہے اور ۶۰ فیصد گنج کے مریضوں کے گنجے پن کو بھی دور کر دیتا ہے۔ خصوصاً اگر یہ گنج، خشکی، سکری یا کسی بیماری کی وجہ سے ہو۔ اگر مناسب غذا اور وٹامن کے کورس کے ہمراہ اس کو



جمع وترتیب
شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

انشاءاللہ آپ کو یہ کتاب نام نہاد عاملوں سے چھٹکارا دلا دے گی۔ اس کتاب کے مطالعہ سے آپ کو دنیا و آخرت میں خیر و برکت اور مسائل سے چھٹکارا ملے گا۔ اس کتاب کا ایک ایک عمل قرآن وحدیث اور اہل اللہ سے ثابت ہے۔

استعمال کیا جائے تو کئی طرح کے گنج ختم ہوتے ہوئے دیکھیں گئے ہیں۔ یاد رہے بالوں کا کوئی بھی علاج کریں وٹامن کورس ضرور ساتھ کریں۔

روزمیری آئل سے دماغی کمزوری کا علاج

بالوں کے ساتھ ساتھ دماغی کمزوری، یادداشت کی کمی، سستی، کاہلی اور سبق نہ یاد ہونے کی صورت میں بھی یہ ایک کامیاب علاج ہے۔ وہ طالب علم جو سبق جلدی یاد نہ کر پاتے ہوں۔ یا وہ جو اسکول میں دلچسپی نہ لیتے ہوں تو ان کی ریڑھ کی پوری ہڈی پر زیتون یا میٹھے بادام کے تیل میں ۱۰ قطرے روزمیری آئل ملا کر مالش کریں۔ ریڑھ کی ہڈی کی مالش کا طریقہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے۔ پھر سر میں اور ہاتھ کے پیر کے تلوے میں بھی اسی تیل کی مالش کریں۔ سر کی مالش کی ساتھ ساتھ کان کی مالش کی جائے۔ گرمی کا موسم ہو تو آدھے گھنٹے بعد نیم گرم پانی میں چند قطرے روزمیری آئل ڈال کر نہلا دیں اور سردی کا موسم ہو تو رات کو مالش کریں اور صبح نہا لیں۔ چھوٹے بچوں کو صرف ۳ دفعہ کی مالش سے فائدہ ہوتے ہوئے دیکھا گیا ہے۔ ہاں! البتہ بڑی عمر کے افراد کو ایسا کافی عرصے تک کرنا ہوگا۔ ساتھ ہی صبح دوپہر شام اور رات کو روزمیری آئل کو سونگنا بھی مفید ہے۔

ولیئم شیکسپیئر برطانیہ کے مشہور ترین ادیب تھے۔ ان سے ہر پڑھا لکھا شخص واقف ہے۔ یہ بھی روزمیری کے شفا بخش اثرات کے قائل تھے۔ جب کوئی چیز ان کو یاد نہیں ہوتی تھی تو وہ روزمیری آئل کو لگا کر یا روئی کے پھائے میں ڈال کر قریب رکھ لیتے پھر یاد کرتے۔ ان کا کہنا ہے کہ اس طرح فوری طور پر ہر چیز یاد ہو جاتی اور اگر کبھی بھول جاتے تو روزمیری آئل سونگنے سے وہ چیز یاد آ جاتی۔ سر میں لگانے والے تیل میں روزمیری آئل ملا کر لگانے سے نہ صرف یادداشت بہتر ہوتی ہے بلکہ ذہنی کمزوری دور ہوتی ہے۔ نیز خشکی دسکری کا بھی خاتمہ ہوتا ہے۔

لو بلڈ پریشر اور پیٹ کے امراض کا شافی علاج

لو بلڈ پریشر والوں کے لئے روزمیری نہایت مفید ہے۔ اگر لو بلڈ پریشر کی وجہ سے یا سردی کی وجہ سے ہاتھ پیر ٹھنڈے رہتے ہوں تو کسی بھی تیل میں چند قطرے روزمیری ملا کر ہاتھ پیروں میں مالش کریں۔ ہاتھ پیروں میں سردی لگنا یا ہر وقت ٹھنڈا رہنا ختم ہو جائے گا۔ اس کے لئے زیتون یا سویابین آئل کے ساتھ روزمیری آئل کے دو قطرے اور لیونڈر آئل کے دو قطرے ملا کر مالش کرنا سب سے مفید ہوتا ہے۔ پیٹ کے درد، ریاحی درد، گیس، بادی اور پیٹ پھولنے کی صورت میں تھوڑے سے تیل میں چند قطرے روزمیری آئل ملا کر پیٹ کے مقام پر نرم ہاتھوں سے مالش کریں۔ انشاء اللہ فوری افاقہ ہوگا۔

چہرے کی خوبصورتی کیلئے روزمیری کا استعمال

بیماری کے علاوہ چہرے اور جسم کی خوبصورتی میں بھی روزمیری کا استعمال نہایت قدیم ہے۔ جدید دنیا کا سب سے پہلا پرفیوم ''ہنگری واٹر'' کا بنیادی جز روزمیری آئل ہی تھا۔ ۱۹۲۰ء میں پہلی مرتبہ ''ہنگری واٹر'' کو امریکہ میں متعارف کروایا گیا۔ اس کے تعارفی الفاظ یہ تھے

''اب ہم یقین سے جانتے ہیں کہ روزمیری آئل میں یادداشت بڑھانے کی اور ذہن کو طاقتور بنانے کی فطری قوت موجود ہے۔ اس وجہ سے یہ حیران کن بات نہیں کہ یورپ کے زیادہ تر ادیب، مصور، فلاسفر، لیکچرار، شاعر اور مذہبی پیشوا ہنگری واٹر کو استعمال کرنا پسند کرتے ہیں''

امید ہے قارئین کو اندازہ ہو گیا ہوگا کہ ''ہنگری واٹر'' اور خاص کر روزمیری آئل کی افادیت سے کسی کو انکار نہیں ہے۔ آجکل کئی پرفیوم میں روزمیری یا اترنج اور لیونڈر اکثر بنیادی جز کے طور پر شامل ہوتے ہیں۔

سترویں صدی میں برطانیہ میں تیار ہونے والے سب سے پہلے عوامی ''اسکن لوشن'' میں روزمیری آئل کی ہی بنیادی جز تھا۔ جس میں خارش کی صورت میں نیم گرم پانی میں ۱۰، ۱۵ قطرے روزمیری آئل پانی میں ڈال کر نہاتے رہنے سے خارش رفتہ رفتہ دور ہو جاتی ہے۔ ہومیوپیتھی ادویات کے ساتھ یہ ایک بہترین معاون تھیراپی ہے۔ خارش کے دور میں مرغن غذاؤں سے مکمل پرہیز بہتر ہے۔

روز میری آئل بالوں کی خوبصورتی کیلئے بہترین شیمپو

روز میری آئل بالوں کی خوبصورتی، حفاظت اور پیدائش میں بڑا نمایاں کردار ادا کرتی ہے۔ روز میری کے پھول اور پودے کو حکمت میں ہمیشہ سے بالوں کا محافظ سمجھا جاتا ہے۔ یہ بالوں کے لئے ٹانک ہے۔ بالوں کو گھنے اور سیاہ بناتا ہے بالوں کو مضبوط کرتا ہے اور نئے بال بنانے میں بھی اکسیر سمجھا جاتا ہے۔ اس کو گھر میں بنائے ہوئے شیمپو یا سادہ شیمپو میں ۵ تا ۳ قطرے ملا کر بالوں کو شیمپو کرنے سے تمام فوائد حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ خواتین شیمپو کے علاوہ اصلی کھوپرے، یا چنبلی کے تیل کے ہمراہ اس کے ۳ قطرے روزانہ لگائیں۔ زیادہ سے زیادہ تین ماہ کے اندر تمام فوائد حاصل ہونگے۔ اس کے ساتھ ہی سر کے کئی امراض، جن میں نمایاں سر کا درد، خشکی، سکری، گنج پن، بالوں کا پتلا ہوا اور لو بلڈ وغیرہ کی وجہ سے تھکن و کمزوری اور بے ہوشی کا بھی شافی علاج ہے۔

روز میری آئل بنانے کا طریقہ

روز میری آئل بنانے کی ترکیب بھی درج ہے ۳ اونس سویابین آئل، ۳ چائے کے چمچے روز میری آئل، ایک چائے کا چمچہ دیودار آئل (Cedarwood) ملا دیں۔ دیودار کا ایسنشیل آئل پاکستان کبھی ملتا ہے کبھی نہیں۔ آیوویڈک والوں کے پاس عموماً مل جاتا ہے اگر دیودار کا تیل نہ ملے تو ''ساج'' (Clary Sage) ایسنشیل آئل ملا دیں۔ یہ سر کی خارش، خشکی، گنج پن، بالوں کا پتلا پن، سر درد اور کئی امراض سر میں انتہائی مفید ہے۔ تیل تیار کرنے کے بعد ۳ دن تک رکھ دیں اور دن میں کئی مرتبہ بوتل کو اچھی طرح ہلا کر رکھ دیں۔ ترکیب استعمال یہ ہے کہ نہانے سے ایک گھنٹہ پہلے سر میں اچھی طرح تیل جذب کریں پھر گرم پانی میں تولیہ ڈبولیں اور ہلکا گرم تولیہ سر پر لپیٹ لیں اس طرح بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔ پھر ایک گھنٹے بعد نہالیں۔ اگر نہ نہانا چاہیں تو بھی درست ہے۔

روز میری آئل ہر گھر کی ضرورت

روز میری کے خشک پھولوں اور پتیوں کو کپڑوں کی الماری اور پیٹیوں میں رکھنا بے حد مفید ہے۔ اس طرح نہ صرف کپڑوں میں خوشبو رچ بس جاتی ہے بلکہ کیڑے وغیرہ بھی کپڑے نہیں کاٹ سکتے۔ کپڑے دھونے کے بعد جب آخری مرتبہ کھنگالتے ہیں تو آخری پانی میں چند قطرے روز میری اور لیونڈر آئل ملانے سے جسم میں خارش نہیں ہوتی نہ ہی گرمی دانے اور انفیکشن پیدا ہوتے ہیں۔ انڈر ویر بنیان وغیرہ کو ضرور ایسے پانی میں دھونا چاہئے۔ کسی زمانے میں لکھنے کی سیاہی وغیرہ میں چند خوشبویات ڈالی جاتی تھیں تا کہ مسودات محفوظ رہیں۔ ان خشبویات میں روز میری سرفہرست تھی۔ اگر پودے اور کیاریوں میں کیڑے لگ رہے ہوں تو ساتھ میں روز میری کا پودا لگا دیں کیڑے بھاگ جائیں گے۔

روز میری آئل کا عملیات میں استعمال

روز میری (نرگس سفید، اکلیل کوہی) کے سحری خواص بھی بہت ہیں۔ روز میری سحر، جادو، محبت اور دوستی ٹوٹکوں میں ہمیشہ سے استعمال کی جاتی رہی ہے۔ محبت کے تمام طلسم میں روز میری بخور جلانے کا حکم موجود

قیمت
520.00

نشاطی جدید

ایسے قیمتی اجزاء کا مرکب جو بوڑھوں کو نوجوان اور نوجوانوں کو پہلوان بنا دیتی ہے۔

ایسا ٹانک ہے جو اعضاء رئیسہ کو طاقت دے کر جنسی کمزوری کو دور کرتا ہے

ہے۔ کسی تقریب میں جاتے وقت روزمیری کے پتوں کا پاؤڈر اپنے جسم پر مل لینے سے یا پوٹلی میں باندھ کر بازو میں باندھنے سے آپ کو بہت توجہ اور محبت حاصل ہوگی اور عزت واکرام سے نوازا جائے گا۔

روزمیری آئل کے ساتھ مراقبہ کے اثرات

روزمیری آئل لگا کہ مراقبہ کریں کہ ’’آپ صحت مند، دولت مند، عقل مند ہو رہے ہیں اور سکون، امن وآشتی، ایمان اور محبت سے آپ کی زندگی پر ہو رہی ہے‘‘ ۳ماہ کے مراقبے سے آپ حیرت انگیز اور خوشگوار شخصیت کے مالک بن جائیں گے۔ مراقبہ کم ازکم ۲۰ منٹ سوتے وقت یا صبح فجر کے بعد کریں۔ فضول، بے ہودہ، مایوس کن اور جنسی تحریکات سے نجات پانے کے لئے روزمیری کے تازہ پھول یا ایسنشیئل آئل کے چند قطرے لے کر سینے اور دل کے مقام پر مل لیں اور کان میں مالش کریں اور ۱۰ منٹ آنکھ بند کر کے مراقبہ کریں کہ ’’آپ کے خیالات پاکیزہ، تخلیقی اور تعمیری رجحانات کے حامل بن رہے ہیں‘‘ انشاءاللہ ۱۰ تا ۲۰ منٹ کے اندر آپ کا شعوری ولاشعوری ذہن پرسکون اور پاکیزہ ہو جائے گا۔ سبق یاد کرتے وقت تھوڑا سا روزمیری آئل روئی میں لگا کر کنپٹی، پیشانی، سینے پر ملئے۔ روئی کان میں پھنسا دیں۔ انشاءاللہ بہت کم وقت میں سبق یاد ہوگا۔ اگر بالفرض کبھی بھول جائیں تو بھی روزمیری لگا کر سوچئے، بھولا ہوا سبق حرف بہ حرف یاد آ جائے گا۔ اس کے علاوہ روزمیری آئل لگا کر یہ مراقبہ کیجئے کہ ’’آپ کے زندگی میں محبت، سکون، صحت اور دولت کی بھرمار ہو رہی ہے‘‘ انشاءاللہ ۴۰ دنوں میں نمایاں تبدیلی واقع ہونا شروع ہو جائے گی۔ مراقبہ کم ازکم ۲۰ منٹ صبح اور شام کریں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

سسکتے، بلکتے لوگوں کیلئے خصوصی قرآنی اعمال

ہر مشکل مہم کے لئے تسمیہ کا عمل

نمازِ عصر کے بعد بسم اللہ الرحمن الرحیم قبلہ کی طرف منہ کر کے اذان مغرب تک پڑھتا رہے۔ جب مؤذن اذان شروع کرے۔ یہ سجدہ میں چلا جائے اور اپنی حاجت سجدے میں عرض کرے۔ جب موذن اذانِ مغرب ختم کر لے تو یہ اپنے سر کو سجدے سے اٹھائے اور ہاتھ اٹھا کر درود شریف پڑھے اور مومن مرد وعورت کے لئے دعائے خیر کر کے نمازِ مغرب میں شامل ہو جائے۔ یہ عمل بلاناغہ روزانہ کرنا ہے۔ اس عمل کے دوران کسی سے بات نہ کرے اور نہ کسی دوسری طرف متوجہ ہو۔ یہ عمل مسجد میں کرے تو زیادہ بہتر ہے۔ اس طرح مغرب کی جماعت بھی ضائع نہیں ہوگی۔

ہر مشکل کے حل کے لئے

ہر فرض نماز کے بعد ایک سو مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں۔ اوّل وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنی مشکل سے نجات کی دعا مانگیں۔ ان شاءاللہ ایک ہفتہ کے اندر ہی مشکل سے نجات مل جائے گی۔

مشکل سے نجات کے لئے سورۂ فاتحہ کے اعمال

(۱) ہر مشکل اور اہم کام کیلئے سورۂ فاتحہ معہ بسم اللہ شریف کے چالیس (۴۰) بار روزانہ پڑھنا مجرب ہے لیکن فجر کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اس ترکیب سے پڑھنا عظیم تاثیر رکھتا ہے۔

اَعُوْذُبِاللّٰهِ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْم۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اس جگہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کو دو مرتبہ کہے اور اپنے دلی مقصد کا خیال کرے۔ پھر سورۃ مذکورہ پوری کر لے۔ اور جب لفظ امین پر

پہنچے تو تین مرتبہ آمین کہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، ہر مشکل حل ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔ پابندی شرط ہے۔

(۲) دینی یا دنیاوی مقصد میں کامیابی اور بڑی سے بڑی مشکل کے حل کیلئے سورۃ الفاتحہ (الحمد مکمل بمعہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم) باوضو ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی اور بڑی سے بڑی مشکل چاہے، دین کی ہو یا دنیا کی، حل ہوجائے گی۔ مجرب ہے۔

(۳) نوچندی اتوار سے عمل کا آغاز کریں۔ کوئی ایک وقت مقرر کر کے سورۂ فاتحہ کو بسم اللہ کے میم کے ساتھ ملا کر، ستر (۷۰) مرتبہ پڑھیں۔ اوّل و آخر سات بار درود شریف۔ اور دعا مانگیں۔ روز اُسی وقت پر دس کم کر کے پڑھیں۔ ہفتہ کے روز دس (۱۰) بار پڑھا جائے گا۔ یہ ایک بار عمل مکمل ہوا۔ اس طرح لگاتار پانچ بار کریں۔ انشاء اللہ جو بھی مشکل یا پریشانی ہوگی، حل ہوگی۔

(۴) سورۂ فاتحہ کو نمازِ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اکتالیس بار چالیس یوم تک پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جو بھی پریشانی یا مشکل ہوگی، وہ دور ہوجائے گی۔

(۵) درج ذیل ترکیب سے سات یوم تک، ایک وقت، قبلہ رو کھڑے ہو کر پڑھیں۔ انشاء اللہ ساتویں دن، مقصد پورا ہوگا۔

اتوار کے دن: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ پانچ سو دو (۵۰۲) مرتبہ اور آمین سو مرتبہ۔
پیر کے دن: الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پانچ سو چھپن (۵۵۶) مرتبہ اور آمین سو مرتبہ۔
منگل کے دن: مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ دو سو گیارہ (۲۱۱) مرتبہ اور آمین سو مرتبہ۔
بدھ کے دن: اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ آٹھ سو چھتیس (۸۳۶) مرتبہ اور آمین سو مرتبہ۔
جمعرات کے دن: اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ایک ہزار چالیس (۱۰۴۰) مرتبہ اور آمین سو مرتبہ۔
جمعہ کے دن: صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ اور آمین سو مرتبہ۔
ہفتہ کے دن: غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ چار ہزار ستر (۴۰۷۰) مرتبہ اور آمین سو مرتبہ۔

سورۂ بقرۃ کا عمل ہر مشکل کے حل کے لئے

سورۂ البقرۃ سات مرتبہ جس مشکل کے حل کی نیت سے پڑھیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس میں کامیاب ہوگا۔

مشکل حل ہوجائے

اگر کسی پر کوئی ایسی مشکل آن پڑی ہو کہ جس سے نکلنے اور بچنے کی اسے کوئی راہ دکھلائی نہ دیتی ہو اور اس وجہ سے وہ بہت زیادہ پریشان ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اکہتر (۷۱) مرتبہ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ پڑھے۔

”اَللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُھُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ“ (سورۂ البقرہ: ۲۵۷)

پڑھنے کے بعد مشکل کے حل کے لئے اللہ تعالیٰ سے

ربنا اتنا فی الدنیا
کے کرشمات
جمع وترتیب
شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

اس کائنات کی تمام خوبیاں خوبصورتیاں، بھلائیاں اور رعنائیاں انسان کیلئے ہیں، پھلوں کی چاشنی، لہلہاتے پھول، سمندروں کی وسعت، غرض ہر نعمت کا محور انسان ہے چاہے وہ گناہگار ہی کیوں نہ ہو…… ربنا اتنا فی الدنیا کی دعا مانگنے کا ایک خوبصورت انداز ہے…… دنیا و آخرت کو خوبصورت حسین اور پائیدار بنانے کے خواہش مند حضرات ضرور اس کتاب کا مطالعہ فرمائیں۔

دعا مانگے۔ سات یوم تک بلاناغہ ہر نماز کے بعد یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ چند دنوں میں ہی مشکل حل ہوجائے گی۔ پروردگار عالم پردہ غیب سے ایسے اسباب پیدا فرمادے گا کہ جس سے مشکل حل ہوجائے گی اور پریشانی راحت میں بدل جائے گی۔

سخت مشکل کے حل کیلئے سورۂ انعام کا عمل

ایک جلسہ میں اکتالیس (۴۱) بار سورۂ انعام پڑھیں۔ انشاء اللہ، کیسی ہی مشکل و پریشانی ہوگی، ختم ہوجائے گی۔

سورۂ توبہ سے ہر مشکل سے نجات

جس شخص کو سخت مشکل درپیش ہو تو سورۂ التوبہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی۔

سورۂ یونس سے مشکلات کا حل

سورۂ یونس کو تیرہ مرتبہ پڑھ کر دعا مانگیں۔ انشاء اللہ، جو بھی مشکل و پریشانی ہوگی، دور جائے گی۔ تین دن لگاتار پڑھیں۔ بہتر وقت شب بدھ، شب جمعرات اور شب جمعہ ہے۔

ہر مشکل کے حل کیلئے سورۂ مریم کا عمل

جو کوئی سورۂ مریم روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے، اس کی ہر مشکل دور ہوگی۔

جائز حاجت اور پریشانی سے نجات

اگر کسی کی نیک اور جائز حاجت ہو یا کسی پریشانی میں مبتلا ہو تو وہ ہر نماز کے بعد صدق دل اور خلوص نیت کے ساتھ تنہائی میں بیٹھ کر اللہ تعالیٰ سے یہ دعا اکیس مرتبہ مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی اس کی حاجت پوری ہوجائے گی اور مشکل سے نجات مل جائے گی۔ قرآن پاک کی سورہ قصص میں مذکور یہ دعا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مانگی تھی اور اللہ تعالیٰ سے رزق طلب فرمایا تھا۔ یہ مقبول اور پُراثر دعا ہے: رَبِّ اِنِّیۡ لِمَاۤ اَنۡزَلۡتَ اِلَیَّ مِنۡ خَیۡرٍ فَقِیۡرٌ (سورۃ القصص: ۲۴)

پریشانیوں سے نجات کیلئے سورۂ یٰسین کے اعمال

(۱) ایسی مشکل جو آسان نہ ہوتی ہو اور بہت پریشانی ہو تو پچیس (۲۵) مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ، مشکل آسان ہوجائے گی۔ (۲) سورۂ یٰسین کو اکتالیس مرتبہ روزانہ بدھ سے جمعہ، تین دن پڑھیں۔ وحدت مکان اور وحدت زمان اس میں شرط ہے۔ پڑھتے وقت اپنے سرین کو زمین سے نہ اٹھائیں۔ عمل ختم ہونے پر اس طرح دعا مانگی جائے: ''الٰہی بحرمت حضرت محمد الرسول ﷺ اور برکت خواجگانِ چشت میری مشکل حل فرما''۔

ہر پریشانی سے نجات کیلئے

اَللّٰهُ لَطِیۡفٌۢ بِعِبَادِهٖ یَرۡزُقُ مَنۡ یَّشَآءُ وَهُوَ الۡقَوِیُّ الۡعَزِیۡزُ (سورہ الشوریٰ: ۱۹)

اگر ہر روز ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھے تو جو بھی پریشانی ہوگی، ختم ہوجائے گی۔

ہر مشکل کے حل کیلئے سورۂ ملک کا مجرب ختم

سورۂ ملک کو ایک ہی جلسہ میں اکتالیس (۴۱) بار پڑھیں۔ انشاء اللہ، جملہ مشکلات حل ہوں گی۔

سورہ مزمل پڑھیں اور پریشانیاں بھول جائیں!

(۱) سورۂ مزمل کو نمازِ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان گیارہ بار پڑھیں۔ اوّل و آخر سات بار درود شریف۔ اسی عمل کو نمازِ عشاء کے فرضوں

کے بعد یعنی فرضوں اور سنتوں کے درمیان پڑھیں۔ انشاء اللہ، چند روز میں جو بھی مشکل ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے دور ہوگی۔

(۲) سورۂ مزمل کو بروز منگل، ستاون (۵۷) بار پڑھیں۔ اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف۔ پھر اپنی پریشانی دور ہونے کیلئے دعا کریں۔

(۳) جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۂ مزمل کو پڑھے گا تو رب العزت اس سے اس کی مصیبت کو دور فرما دے گا۔

(۴) روزانہ بعد از نماز فجر، سورۂ مزمل کو اس طرح پڑھیں کہ اس سورت میں چار جگہ آنے والی ان چار آیات کو تین تین بار پڑھیں۔

پہلی: رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا

دوسری: وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ

تیسری: يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ

چوتھی: وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

عمل پورے ہوتے ہی حاجات پوری ہوں گی۔ انشاء اللہ۔

دو رکعت کے ذریعے اپنی زندگی خوشحال بنائیں

بعد نمازِ مغرب دو رکعت نفل پڑھیں۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ بار سورۂ زلزال پڑھیں۔ سلام کے بعد دعا کریں۔ انشاء اللہ، جو بھی مشکل ہوگی، دور ہوگی۔ مدت زیادہ سے زیادہ چالیس یوم۔

سورۂ قریش کے ذریعے کیا نہیں ملتا!

سورۂ قریش ایک سو مرتبہ بعد نمازِ عشاء ایک ہی نشست میں پڑھا کرے۔ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پریشانی سے نجات ملے گی۔

سورۂ اخلاص کے ذریعے جو چاہیں منوالیں! (انشاء اللہ)

(۱) اوّل غسل کر کے پاکیزہ لباس پہنیں۔ ہاتھ میں سرخ عقیق یا فیروزہ کی انگوٹھی ہو (اگر نہ ملے تو نہ پہنے)۔ خلوت میں بیٹھے اور کسی سے بات نہ کرے۔ دو رکعت نمازِ حاجت پڑھے اور سورۂ الحمد کے بعد جو سورت چاہے، پڑھے۔ بعد میں اناسی (۷۹) بار سورۂ الم نشرح پڑھے۔ پھر ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ اس کے بعد ایک سو (۱۰۰) مرتبہ درود شریف پڑھے اور سات دفعہ سورۂ فاتحہ پڑھے۔ پھر سجدے میں جائے اور حضورِ قلب سے اپنی حاجت درگاہِ باری تعالیٰ میں عرض کرے۔ انشاء اللہ جو بھی دعا مانگی جائے گے۔ مقبول ہوگی۔ عمل کی ابتداء شب جمعہ کو کی جائے۔ اگر بتی سلگائیں۔ اگر جمعرات کو روزہ بھی رکھ کر عمل کریں تو بہتر ہے۔

قیمت 120.00 روپے

نوجوان شفاء

نوجوان شفاء

قطرے، احتلام اور مثانے کی گرمی سے نجات

پیشاب جل کر آنا' خیال آتے ہی قطرہ آجاتا'

روزانہ دو تین مرتبہ احتلام ہوجاتا ہو

اور خواتین کے مرض لیکوریا کیلئے بھی نوجوان شفاء بہترین ہے

(۲) سات روز تک ہر روز نمازِ فجر کے بعد ایک سو بارہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ سلام کے بعد کسی سے بات نہیں کرنی۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ میں مشکل دور ہوگی۔

(۳) اٹھارہ (۱۸) روز تک ہر روز تین مرتبہ سورۂ اخلاص اس طرح پڑھے کہ اللہ الصمد کی ہزار مرتبہ تکرار کرے۔ ہر روز سورۂ اخلاص پڑھنے کے بعد ایک مرتبہ سورۂ فتح کی آیت ۲۹ پڑھے۔ خلوت میں باطہارت، قبلہ کی طرف منہ کر کے پڑھے۔ ان شاء اللہ مشکل حل ہوگی۔ آیت یہ ہے: مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَ الَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانًا سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَ مَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْاَهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّ اَجْرًا عَظِيْمًا۔

(۴) اکتالیس مرتبہ اکتالیس روز تک سورۂ اخلاص پڑھ کر تیرہ بار یہ دعا پڑھیں:

يَامُفَتِّحُ فَتِّحْ يَامُفَرِّجُ فَرِّجْ يَامُسَبِّبُ سَبِّبْ يَامُبَشِّرُ بَشِّرْ يَامُسَهِّلُ سَهِّلْ يَامُدَبِّرُ دَبِّرْ يَامُتَمِّمُ تَمِّمْ بِرَحْمَتِكَ يَآاَرْحَمَ الرّٰاحِمِيْنَ۔

اللہ تعالیٰ کے حکم سے جو بھی مشکل ہوگی، دور ہو جائے گی۔

(۵) سورۂ اخلاص کو روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھیں تو جو مشکلات بھی ہوں، فضل تعالیٰ، حل ہوں گی۔

آیت کریمہ کے اعمال برائے حل المشکلات

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۔ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَ نَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَ كَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ

(الانبیاء۔ ۸۸۔ ۸۷)

کسی بھی مشکل سے نجات کے لئے اس آیت کا ورد بہت مجرب ہے۔ اس کے دو طریقے لکھے جاتے ہیں

(۱) آیت کریمہ کو سوا لاکھ مرتبہ اجتماعی حالت میں ایک مجلس میں پڑھا جائے۔ اور پھر دعا کی جائے۔ (۲) ایک شخص اس آیت کو اکیلے تین سو بار بعد نمازِ عشاء اندھیرے کمرے میں بیٹھ کر باوضو اور قبلہ رو ہو کر پڑھے۔ ایک پیالہ پانی کا پاس رکھے۔ اور تھوڑی تھوڑی دیر بعد اس پانی میں اپنا ہاتھ ڈال کر بدن اور منہ پر پھیرتا رہے۔ تین روز یا سات روز یا چالیس روز تک اسی ترتیب سے پڑھے۔

خاص راز والی نماز

یہ نماز خاص رازوں میں سے ایک راز ہے۔ یہ اولیاء اور صوفیاء کے ہاں تو ملتی ہے، مگر عاملین اور عوام کو زیادہ معلوم نہیں ہے۔ اس نماز کی خاصیت یہ ہے کہ ایک ہی بار پڑھ کر جس مشکل سے نجات کی دعا مانگی جاتی ہے، اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس سے نجات عطا فرماتے ہیں۔

طریقہ یہ ہے:

شب جمعہ کے اخیر پہر میں دو رکعت نماز خلوت میں پڑھی جائے۔ اوّل رکعت میں سورۂ فاتحہ پڑھنے کے بعد سورۂ انعام آیت ۹۳ تک پڑھی جائے۔ پھر رکعت کو مکمل کریں۔ دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ انعام آیت ۹۴ سے آخر تک پڑھی جائے۔ سلام کے بعد ایک سو مرتبہ نبی کریم ﷺ اور ان کی آل پر درود بھیجیں۔ پھر اپنے مقصد کا اللہ سے سوال کریں۔

دعا مانگیں اور مشکل دور

نمازِ فجر کے بعد یہ عمل پڑھ کر دعا مانگیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دعا قبول ہوگی اور تمام پریشانیاں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ختم ہو جائیں گی۔

بِسْمِ اللهِ وَصَلَّى اللهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ۔ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَى اللهِ اِنَّ اللهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ۔ فَوَقٰهُ اللهُ سَیِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا۔ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَ كَذٰلِكَ نُۨجِی الْمُؤْمِنِیْنَ۔ حَسْبُنَا اللهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ۔ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللهِ وَفَضْلٍ لَّمْ یَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ۔ مَاشَآءَ اللهُ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ۔ مَاشَآءَ اللهُ وَاِنْ كَرِهَ النَّاسُ۔ حَسْبِیَ الرَّبُّ مِنَ الْمَرْبُوْبِیْنَ۔ حَسْبِیَ الْخَالِقُ مِنَ الْمَخْلُوْقِیْنَ۔ حَسْبِیَ الرَّازِقُ مِنَ الْمَرْزُوْقِیْنَ۔ حَسْبِیَ اللهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ۔ حَسْبِیْ مَنْ هُوَ حَسْبِیْ۔ حَسْبِیْ مَنْ لَّمْ یَزَلْ حَسْبِیْ حَسْبِیْ مَنْ كَانَ مُذْ كُنْتُ لَمْ یَزَلْ حَسْبِیْ حَسْبِیَ اللهُ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَعَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔

ہر حاجت پوری ہو، ہر مشکل کا حل ہو

جتنے مفرد مقطعات حروف قرآن شریف میں ہیں، ان سب کو انگشتری پر کندہ کرا کر جو شخص اپنے پاس رکھے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی سب حاجتیں پوری ہوں گی، ہر مشکل حل ہوگی اور زندگی بخیر و خوبی بسر ہوگی۔

☆☆☆☆☆

درود شریف کے اعمال

دس دن میں پریشانی اور سختی سے نجات

اس درود شریف کو دس رات، روزانہ ایک ہزار بار پڑھا جائے۔ اچھی خوشبو جلا کر پڑھنا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ اَجْمَعِیْنَ الْحَبِیْبِ الشَّفِیْعِ الرَّؤُوْفِ الرَّحِیْمِ الَّذِیْ اَخْبَرَ عَنْ رَبِّهِ الْكَرِیْمِ

اللہ آپ کو کرب و سختی سے نکال دے گا، آپ کی حالت اچھی کر دے گا، آپ کا مقصد آپ کو حاصل ہوگا۔ انشاء اللہ

ناگہانی حادثات اور مصائب سے حفاظت کا نایاب درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ وَ كَرِّمْ عَلٰى سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ وَشَفِیْعِ الْاُمَّةِ الَّذِیْ اَرْسَلْتَهٗ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِیْنَ۔ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ اَوْلَادِهٖ وَ ذُرِّیَّتِهٖ وَ اَهْلِ بَیْتِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ۔ وَعَلٰى اَزْوَاجِهِ الطَّاهِرَاتِ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ۔ اَفْضَلَ صَلَاةٍ وَّاَزْكٰى



جمع و ترتیب
شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

زیر نظر کتاب میں جڑی بوٹیوں کے ایسے نسخے اور ٹوٹکے ہیں جو عبقری قارئین نے سالہا سال آزمائے اور پھر عبقری کو لاکھوں قارئین کیلئے ہدیہ کر دیئے۔ اس کتاب میں عام گھریلو جڑی بوٹیوں کے ایسے ایسے کرشمے بیان کیے گئے جو آپ کو حیرت کے سمندر میں گم کر دے۔

سَلَامٍ وَّاَنْمٰی بَرَکَةٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِكَ۔ وَزِنَةَ مَافِیْ عِلْمِكَ۔ وَمِلْئَی مَا فِیْ عِلْمِكَ۔ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَمَبْلَغَ رِضَاكَ۔ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ وَ كَرِّمْ كَذَالِكَ كُلِّهٖ اَفْضَلَ صَلٰوةٍ وَّاَزْكٰی سَلَامٍ وَّاَنْمٰی بَرَكَاتٍ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ۔ وَعَلٰی آلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَصْحَابِ كُلٍّ مِّنْهُمْ وَالتَّابِعِیْنَ وَعَلٰی كُلِّ وَلِیِّ اللهِ فِی الْعَالَمِیْنَ۔ وَسَائِرِ الْمُؤْمِنِیْنَ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ۔ عَدَدَمَا عَلِمَ اللهُ۔ وَزِنَةَ مَا عَلِمَ اللهُ۔ وَارْحَمْنَا اِلٰهَنَا بِحُرْمَتِهِمْ اَجْمَعِیْنَ۔ وَاشْفِنَا وَعَافِنَا مِنْ كُلِّ آفَةٍ وَّعَاهَةٍ۔ وَاعْفُ عَنَّا۔ وَعَامِلْنَا بِلُطْفِكَ الْجَمِیْلِ۔ وَلَا تُسَلِّطْ عَلَیْنَا بِذُنُوْبِنَا مَنْ لَّا یَرْحَمُنَا۔ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

فائدہ: اگر کوئی شخص کسی مصیبت میں گرفتار ہو جائے جس سے خلاصی کی راہ دکھائی نہ دیتی ہو تو وہ یہ درود شریف بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب اکیس (۲۱) بار پڑھ کر دعا کر لے تو اللہ تعالیٰ غیب سے محض اپنے لطف و کرم کے ساتھ خلاصی عطا فرما دیتے ہیں۔ نیز اگر کوئی اس درود شریف کو ہر نماز کے بعد پابندی سے کم از کم ایک بار پڑھ لیا کرے تو اچانک حادثات اور ناگہانی آفات سے محفوظ رہتا ہے۔ (ذریعۃ الوصول حوالہ نمبر ۱۲۶)۔

حاجت برآری کیلئے عمدہ درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَا هُوَ أَهْلُهٗ وَمُسْتَحِقُّهٗ

ترجمہ: ”اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے اہل اور اس کے مستحق ہیں“۔ فائدہ: اگر کسی کو کوئی دشوار کام آ جائے اور کسی بھی طرح حل ہوتا دکھائی نہ دے یا کوئی جائز حاجت پوری نہ ہو رہی ہو تو اس کو چاہیے کہ لوگوں کے سونے کے بعد تازہ وضو کر کے پاک جگہ قبلہ رخ بیٹھ جائے اور یہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ بسم اللہ شریف کے ساتھ پڑھے، اس کے بعد ہزار مرتبہ کلمہ طیبہ مع بسم اللہ شریف پڑھ کر نہایت گڑگڑا کر مطلوبہ کام کیلئے دعا کرے ان شاء اللہ العزیز بہت جلد کام ہو جائے گا۔ مجرب المجرب ہے۔ (ذریعۃ الوصول حوالہ نمبر ۱۳۰)

تین دن میں پریشانیوں کا خاتمہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلٰوةً كَامِلَةً وَسَلِّمْ سَلَامًا تَآمًّا عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ تَنْحَلُّ بِهِ الْعُقَدُ تَنْفَرِجُ بِهِ الْكُرَبُ وَ تُقْضٰی بِهِ الْحَوَائِجُ وَ تُنَالُ بِهِ الرَّغَائِبُ وحُسْنُ الْخَوَاتِمِ وَ یُسْتَسْقَی الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ الْكَرِیْم وَعَلٰی آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ فِیْ كُلِّ لَمْحَةٍ وَّنَفَسٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ یَااَللّٰهُ یَااَللّٰهُ۔

کسی مشکل کے حل کیلئے تین (۳) روز تک تین سو تیرہ (۳۱۳) بار روزانہ سونے سے پہلے توجہ کاملہ سے پڑھیں۔ انشاء اللہ کامیاب ہوں گے۔

درود تنجینا سے مشکلات کا حل

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَجِّیْنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَ تَقْضِیْ لَنَا بِهَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَ تَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَ تُبَلِّغُنَا بِهَاۤ اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیَاتِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

مشکلات کے حل کیلئے اکتالیس (۴۱) بار پڑھیں۔ انشاء اللہ سب مشکلیں حل ہوں گی۔

ہر مشکل سے نجات

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاهِرُ الزَّكِیِّ صَلٰوةً تَحُلُّ بِهَا الْعُقَدُ وَ تُفَكُّ بِهَا الْكُرَبُ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رَضِیَ وَلِحَقِّهٖ اَدَاءً وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

خشوع و خضوع کے ساتھ ہر مشکل سے نجات کے لئے گیارہ بار پڑھیں۔

پریشانی سے نجات کے لیے درود شریف خضریٰ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

کتنی بھی سخت پریشانی لاحق ہو یا قرض میں مبتلا ہو یا کسی لڑکے لڑکی کی شادی نہ ہو رہی ہو تو اس درود شریف کو طالب لڑکی یا لڑکے کے نام کے اعداد کے مطابق اکیس روز یا چالیس روز پڑھے۔ ان شاء اللہ اللہ تعالیٰ قرض سے سبکدوشی حاصل ہوگی اور سخت مہمات حل ہوں گی۔ اور لڑکی یا لڑکے کے بے شمار رشتہ و پیغام آئیں گے اور جلد سے جلد کامیابی حاصل ہوگی۔ جو شخص مشکل میں ہو، اس کے نام کے عدد کے مطابق درود شریف پڑھیں۔

مشکلات کا حل

امورات دین اور کشائش و فراخی معاش و ترقی رزق کیلئے ہزار بار بلا ناغہ رات دن میں پڑھیں، بہت مفید اور نہایت مجرب ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِكَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ

مشکل مہم آسان ہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ ذَرَّۃٍ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّۃٍ وَّاٰلِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

اگر کوئی مہم یا مشکل پیش آجائے تو چند روز ایک ہزار ایک مرتبہ اس درود شریف کو پڑھیں

☆☆☆☆☆

اسماء النبی ﷺ دکھی دلوں کا سہارا

سَیِّدِنَا حَامِدٌ ﷺ (اللہ تعالیٰ کی تعریف کرنیوالے)

جو شخص ہر وقت پریشان رہتا ہو اور وہ چاہے کہ اس کی تمام پریشانیاں دور ہو جائیں تو وہ روزانہ نمازِ فجر کے بعد ایک سو (100) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے۔ ان شاء اللہ ذہنی و دماغی پریشانی دور ہو جائے گی اور ہمیشہ خوش و خرم رہے گا۔

سَیِّدِنَا عَاقِبٌ ﷺ (پیچھے والے یعنی آخری پیغمبر)

ہر طرح کی مشکلات سے نجات کی غرض سے روزانہ نمازِ عشاءؒ کے بعد دو سو (200) مرتبہ پڑھے تو انشاء اللہ اللہ تعالیٰ بہت جلد مشکل دور ہوگی۔

سَیِّدِنَا نَبِیٌّ ﷺ (خبر دینے والے)

ہر نماز کے بعد باسٹھ (62) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لینے سے اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل و کرم حاصل ہوتا ہے۔ معرفت کی دولت مل جاتی ہے۔ ہر مشکل دور ہو جاتی ہے۔

قیمت
500.00 [illegible]

معذور
شفاء
ٹانک

مرد و خواتین، بچوں بوڑھوں کیلئے ہر موسم میں اکسیر اعظم ہے

پولیو، فالج، لقوہ، رعشہ، ادھرنگ، حادثہ یا ایکسیڈنٹ سے نچلے دھڑ کا ختم ہو جانا،

پاؤں یا ٹانگ کا لنگڑا پن ان تمام امراض کیلئے لاجواب

سَیِّدِنَا مُزَّمِّلُ ﷺ (کملی والے۔ چادر اوڑھنے والے)

ہر طرح کی مشکل کے خاتمے کے لئے سات یوم تک بلا ناغہ نمازِ تہجد کی ادائیگی کے بعد ایک ہزار (1000) مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ مشکل آسان ہوجائے گی۔

سَیِّدِنَا حُجَّۃٌ ﷺ (دلیل)

کسی بھی پریشانی سے نجات کے لیے چالیس یوم تک بلا ناغہ روزانہ چار سو گیارہ (411) مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جو بھی پریشانی ہوگی، دور ہوجائے گی۔

سَیِّدِنَا مُرْتَضٰی ﷺ (محبوب اور پسند کیے گئے۔ برگزیدہ)

اگر کوئی مشکل یا پریشانی لاحق ہوگئی ہو تو سات یوم تک بالا ناغہ روزانہ باوضو حالت میں چودہ سو پچاس (1450) مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ پریشانی اور مشکل ختم ہوجائے گی۔

سَیِّدِنَا شَکُوْرٌ ﷺ (بہت زیادہ شکر نے والا)

جو کوئی کسی ایسی پریشانی میں مبتلا ہو کہ جس کے باعث شدید ذہنی دباؤں کا شکار ہو تو وہ ہر نماز کے بعد ایک سو (100) مرتبہ پڑھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ، چند دنوں میں پریشانی ختم ہوجائے گی۔

☆☆☆☆☆

ختم خواجگان دکھوں کے خاتمہ کا آخری حل

یہ ختم شریف قضائے حاجات کیلئے دوسرے سلاسل میں بھی معمول ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ اوّل ہاتھ اٹھا کر سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے کہ یا اللہ اس ختم خواجگان کو قبول فرمالے اور جن بزرگوں کی طرف یہ ختم منسوب ہے، ان کو اس کا ثواب پہنچادے۔ اس کے بعد

سورۂ فاتحہ مبارک مع بسم اللہ --- سات بار
دردشریف --- ایک سو بار
سورۂ الم نشرح مع بسم اللہ --- اُناسی بار
سورۂ اخلاص مع بسم اللہ --- ایک ہزار بار
سورۂ فاتحہ مبارک مع بسم اللہ --- سات بار
درودشریف --- ایک سو بار
یَاقَاضِیَ الْحَاجَاتِ --- ایک سو بار
یَاکَافِیَ الْمُھِمَّاتِ --- ایک سو بار
یَادَافِعَ الْبَلِیَّات --- ایک سو بار
یَاشَافِیَ الْاَمْرَاضْ --- ایک سو بار
یَارَافِعَ الدَّرَجَات --- ایک سو بار

یَامُجِیْبَ الدَّعْوَاتْ --- ایک سو بار

یَااَرْحَمَ الرَّحِمِیْنَ --- ایک سو بار

ہر اسم شریف کے اوّل میں ایک دفعہ اَللّٰھُمَّ ملائے اور یا ارحم الرحمین سے پہلے ایک دفعہ برحمتك ملائے اور کہے یا اللہ اس ختم شریف کا ثواب اپنے فضل وکرم سے ان بزرگوں کو، جن کی طرف یہ منسوب ہے اور خصوصاً اپنے نبی کریم ﷺ تک اور ان کے خلفاء وخدام اور جمیع حضرات ؒ کی ارواح مبارکہ کو پہنچا دے۔

ختم حضرت خواجہ محمد عثمان دامانی ؒ

سُبْحَانَ اللہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ

پانچ سو مرتبہ، اوّل وآخر درود شریف سو سو مرتبہ۔

ختم حضرت خواجہ دوست محمد قندھاری ؒ

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ

پانچ سو مرتبہ، اوّل وآخر درود شریف سو سو مرتبہ۔

ختم حضرت خواجہ احمد سعید ؒ

یَارَحِیْمُ کُلِّ صَرِیْخٍ وَّمَکْرُوْبٍ وَّغَیَاثَہٗ وَمَعَاذَہٗ یَارَحِیْمُ

پانچ سو مرتبہ، اوّل وآخر درود شریف سو مرتبہ۔

ختم حضرت شاہ عبداللہ غلام علی مجدد دہلوی ؒ

یَااَللہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پانچ سو مرتبہ، اوّل وآخر درود شریف سو مرتبہ۔ اور ہر سینکڑے کے بعد ایک مرتبہ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّكَ وَحُبَّ عَمَلٍ یُّبَلِّغُنِیْ اِلٰی حُبِّكَ پڑھے۔

ختم مرزا مظہر جان جاناں ؒ

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

پانچ سو مرتبہ، اوّل وآخر درود شریف سو مرتبہ۔ اور ہر سینکڑے کے بعد ایک مرتبہ اَصْلِحْ لِیْ شَأْنِیْ کُلَّہٗ وَلَاتَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ پڑھے۔

ختم حضرت خواجہ محمد معصوم فاروقی ؒ

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

پانچ سو مرتبہ اوّل وآخر درود شریف سو سو مرتبہ۔ اور ہر سینکڑے کے بعد ایک مرتبہ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ پڑھے۔



جنس، انسان اور تاریخ یہ ہمیشہ سے قوموں کے ساتھ رہی ہیں۔ جنس ضرورت لیکن پاکیزگی کے ساتھ ......ہم اپنے زندگی کا اہم راز جو صرف میاں بیوی کے درمیان ہو۔

ختم حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندیؒ

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ

پانچ سو مرتبہ، اوّل و آخر درود شریف ایک سو مرتبہ ہے

ختم خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ

یَابَاقِیْ اَنْتَ الْبَاقِیْ

پانچ سو مرتبہ، اوّل و آخر درود شریف سو مرتبہ اور ہر سینکڑے کے بعد ایک مرتبہ **کُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ وَّیَبْقٰی وَجْهُ رَبِّكَ ذُوالْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ** پڑھے۔

ختم حضرت خواجہ شاہ بہاؤ الدین نقشبند بخاری رحمۃ اللہ علیہ

یَاخَفِیَّ اللُّطْفِ اَدْرِکْنِیْ بِلُطْفِكَ الْخَفِیِّ

پانچ سو مرتبہ، اوّل و آخر درود شریف سو مرتبہ

ختم حضرت محبوب سبحانی عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

حَسْبُنَا اللهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ

پانچ سو مرتبہ، اوّل و آخر درود شریف سو مرتبہ اور ہر سینکڑے کے بعد ایک مرتبہ **نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ** پڑھے۔

ختم حضرت خیر الخلق سید الاولین والآخرین سیدنا و مولانا محمد رسول اللہ ﷺ۔ تین سو تیرہ مرتبہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَجِّیْنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَ تَقْضِیْ لَنَا بِهَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَ تَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَ تُبَلِّغُنَا بِهَآ اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیَاتِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (بحوالہ عمدۃ السلوک)

نوٹ: ان میں سے ہر ختم شریف کو پڑھتے وقت اول ہاتھ اٹھا کر سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ پڑھ کر کہے کہ یہ ختم شریف فلاں بزرگ کا ہے یا اللہ اس کو قبول فرمالے اور اس کا ثواب ان بزرگ کو پہنچا دے۔ پھر ختم شریف پڑھے۔ اس کے بعد ہاتھ اٹھا کر سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے کہ اس ختم کا ثواب اپنے فضل و کرم سے فلاں بزرگ کو اور ان کے پیران طریقت کو اسی طرح نبی کریم ﷺ تک اور ان کے خلفاء و خدام کو پہنچا دے۔ اس کے بعد ان بزرگ کے وسیلے سے جو دعا چاہے مانگے۔

فائدہ: ان سب ختمات شریف کے پڑھتے وقت تھوڑا سا پانی کسی برتن میں رکھ لیا جائے اور بعد ختم کے تمام شرکاء ختم اس پر دم کریں۔ یہ پانی شفائے امراض کے لیے عجیب چیز ہے۔

☆☆☆☆☆

بلائیں ٹالنے کا ایک اہم راز۔۔۔!

صدقہ کی پہلی قسم:

ایک عام صدقہ کو صدقے کرنے والے کو اس کا ثواب مل جاتا ہے لیکن اس کا ثواب ہمیشہ جاری نہیں رہتا۔ مثلاً کسی ضرورت مند کو کھانا کھلا دیا، کسی بیمار کے علاج معالجہ کیلئے پیسے دے دیئے وغیرہ۔ یہ صدقہ بھی عبادت ہے۔ اس کا بڑا ثواب ہے۔ اس میں حسب استطاعت حصہ لیتے رہنا چاہیے۔

صدقہ کی دوسری قسم:

صدقہ جاریہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے کوئی تا دیر قائم رہنے والی خیر اور دیر تک فائدہ پہنچانے والی چیز دوسروں کیلئے مقرر کردی جائے تو اس کو ''صدقہ جاریہ'' کہتے ہیں۔ عام طور پر صدقہ جاریہ ہمیشہ کیلئے ہوتا ہے اور ہمیشہ اس کو ثواب ملتا رہتا ہے۔ صدقہ کرنے والا دنیا سے چلا گیا لیکن کام ایسا کر گیا کہ اب اس کے مرنے کے بعد بھی وہ جاری ہے تو اس کو ثواب برابر ملتا رہے گا۔ ایسے صدقہ کو صدقہ جاریہ کہتے ہیں۔

صدقہ جاریہ کی سات مثالیں:

ایک حدیث شریف میں صدقہ جاریہ کی سات مثالیں بیان کی گئی ہیں۔ چنانچہ فرمایا گیا سات آدمی ایسے ہیں جنہیں ان کے (صدقات و اعمال) کا اجر موت کے بعد ان کی قبر میں دیا جاتا ہے (وہ یہ ہیں)

(۱) جو شخص علم سکھائے۔
(۲) جو شخص نہر بنائے۔
(۳) جو شخص کنواں کھودے۔
(۴) جو شخص درخت لگائے۔
(۵) جو شخص مسجد بنادے۔
(۶) جو شخص قرآن پاک ترکہ میں چھوڑ جائے۔
(۷) جو شخص ایسا لڑکا چھوڑ جائے جو اس کی موت کے بعد اس کیلئے استغفار کرتا رہے۔ (بیہقی فی شعب الایمان)

یہ سات آدمی ایسے ہیں کہ جب وہ دنیا سے چلے جائیں گے اور اپنی اپنی قبروں میں پہنچ جائیں گے تب بھی ان کے کئے ہوئے صدقات جاریہ کا ثواب برابر ان کیلئے جاری رہے گا۔

صدقہ رضائے الٰہی کا ذریعہ: دنیا فانی اور آخرت باقی ہے۔ ہمیں اس فانی دنیا میں رہ کر اپنی ہمیشہ ہمیشہ کی آخرت کی زندگی کو بنانا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے اس کی رضا کے کاموں میں لگنے اور ان کی فکر


قیمت
300.00 روپے
ھارمونز
شفاء
خواتین کے مخصوص
امراض کیلئے لاجواب
ماہانہ ایام کو ٹھیک کرتی ہے
سر چکرانا، نیند نہ آنا، ہاضمہ کی خرابی
اور اولاد سے محروم خواتین
ہارمونز شفاء کورس نعمت خداوندی ہے

کرنے سے بنے گی۔ اور اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے والے کاموں میں جہاں نماز، روزہ، حج و عمرہ، نوافل واذ کار وغیرہ ہیں، وہاں ایک بہترین عمل صدقہ بھی ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ کے راستے میں صرف اس کی رضا کی خاطر اخلاص کے ساتھ اس کے دیئے ہوئے مال میں سے کچھ نہ کچھ خیر کے کاموں میں لگاتے رہنا چاہیے۔

صدقہ کی آسان ترکیب: صدقہ کی آسان ترکیب یہ ہے کہ ہر شخص اپنی آمدنی کا کچھ حصہ اللہ کی راہ میں صدقہ کرنے کیلئے مخصوص کر لے، چاہے ایک فیصد ہو یعنی سو روپے پر ایک روپیہ، ایک ہزار روپے پر دس روپے اور اس قدر صدقہ وہ باقاعدگی سے ادا کرتا رہے اور اتنا معمولی صدقہ ہر شخص با آسانی دے سکتا ہے۔ لہٰذا نفلی صدقہ دینے کا کچھ نہ کچھ دائمی معمول بنانا چاہئے۔

صدقہ کی مختلف صورتیں ہیں ان میں سے بعض کے متعلق حدیث شریف میں فرمایا گیا کہ ہر مسلمان پر صدقہ کرنا لازم اور ضروری ہے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کہ اگر وہ نہ پائے تو؟

حضور ﷺ نے فرمایا ”وہ اپنے ہاتھ سے مزدوری کرے اور خود کو بھی نفع پہنچائے اور صدقہ بھی کرے“۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کہ ”اگر وہ یہ بھی نہ کر سکتے تو؟“ آپ ﷺ نے فرمایا ”وہ کسی پریشان حالت شکستہ حاجت مند کی مدد کر کے صدقہ کا ثواب حاصل کرے۔“ صحابہؓ نے عرض کیا ”اگر وہ یہ بھی نہ کر سکتے تو؟“ آپ ﷺ نے فرمایا ”وہ خیر کا حکم کرے یا فرمایا نیکی کا حکم دے“۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ ”اگر وہ یہ نہ کر سکے تو؟“ آپ ﷺ نے فرمایا ”وہ کسی کو تکلیف دینے سے باز رہے، اس کیلئے یہی صدقہ ہے“۔

☆☆☆☆☆

قرآن کی شفاء کا انکار۔۔۔۔ لمحہ فکریہ!

تاثیرات اسمائے الٰہی اور آیاتِ قرآنی کے اثبات میں بہت کچھ اسناد و تحقیق موجود ہے۔ جیسا کہ فرمایا اکابرینؒ نے کہ ”تاثیرات الاسماء حق“۔ یہی مومنین کا عقیدہ ہے۔ بعض منکرین اسمائے حسنہ اور آیاتِ قرآنی وغیرہ کا انکار کرتے ہیں اور ان کو فعل عبث سمجھتے اور کہتے ہیں کہ ان میں کچھ تاثیر نہیں۔ ان کے پڑھنے سے کیا ہوگا۔ ہمارا تو خدا پر توکل ہے۔ وہ راہِ حق کو چھوڑ کر گمراہی کا راستہ اختیار کیے ہوئے ہیں اور اپنے دلائل کو ثابت کرنے کے لیے مختلف قسم کی جاہلانہ تقریریں کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس جہل سے بچائے اور صراطِ مستقیم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین

نزل من القرآن ماھو شفاء

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ونزل من القرآن ما ھو شفاء اور جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ من لم یتشف باالقرآن فلا شفاہ اللہ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین یا اتباع رسول کریم ﷺ آیات قرآنی وادعیہ ماثورہ پڑھ کر اکثر بیماروں پر دم کیا کرتے تھے اور علماء نے اس بارے میں بہت کچھ لکھا ہے اور مشائخ امت محمدیہ ﷺ نے آیات قرآنی سے صدہا قسم کے اعمال ترتیب دیئے ہیں اور زکوٰۃ دینے کے طریقے اپنے مریدوں اور طالب علموں کو تعلیم فرمائے ہیں۔ ایسی واضح ترتیب سے انکار اچھا نہیں ہے۔ ہر ذی عقل و ذی شعور اس بات سے آشنا ہے کہ حق تعالیٰ نے کوئی ایسی چیز نہیں بنائی جس میں تاثیر نہ ہو اور وہ محض عبث ہو۔ احجار، اشجار، اثمار، حیوانات، نباتات، ہوا، پانی، مٹی غرضیکہ ہر چیز اپنی اپنی جداگانہ تاثیر رکھتی ہے۔

قرآنی وظائف پڑھنا تواتر سے ثابت ہے۔

دعاء ماثورہ، اسمائے حسنہ اور آیاتِ قرانیہ تو اشرف و اعلیٰ کائنات ہیں تو پھر ان میں تاثیرات ہونے میں کیا شک رہ جاتا ہے؟ بلاشبہ ان کی

تاثیرات کیفیات، نفع اور ضرر عام طور پر آئے روز مشاہدہ ہوتے رہتے ہیں اور قیامت تک یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ اللہ جل شانہ نے فرمایا ہے: ’’قل ادعو الله اوادعو الرحمن ایاما تدعو الله الاسماء الحسنیٰ ‘‘۔ اخلاص نیت سے آیات قرآنی پڑھنا، اور اپنی حاجات اللہ جل شانہ سے طلب کرنا یا کسی مشکل وقت میں اسمائے حسنیٰ اور یا کوئی قرآنی عمل پڑھنا، سو یہ بھی استقامت باللہ اور رجوع الی اللہ ہی تو ہے کہ جس کی اسناد متواتر کتاب اللہ اور حدیث رسول اللہ ﷺ اور اجماع امت محمدیہ ﷺ سے پائی جاتی ہے تو پھر ایسے اعتراض کرنا، باعث گمراہی اور روحانی علوم سے ناواقفیت نہیں تو اور کیا ہے؟

غلط فہمی کی اصلاح

یاد رہے! ہر امر میں ترتیب و ترکیب کو بڑا دخل ہے۔ بغیر ترکیب کے کوئی کام درست نہیں ہوسکتا مثلاً اطباء نے مریضوں کے لیے نسخہ جات ترتیب دیئے ہیں۔ مگر اس کے ساتھ ہی ترتیب واوقات اور پرہیز بھی بتادی ہے جس کے خلاف کرنے سے نقصان کا اندیشہ ہے۔ اگر کوئی ناواقف شخص بغیر کسی تشخیص مرض کے اور دوا کی تاثیر کے، محظ نسخہ نقل کرکے دے تو اس کے استعمال سے، بجائے فائدہ کے نقصان لازم آئے گا۔ اسی لیے مثل مشہور ہے نیم حکیم خطرہ جان نیم ملا خطرہ ایمان۔ الغرض کوئی بھی شے بدون ترکیب کے تیار نہیں ہوسکتی۔ ایسے ہی عملیات پڑھنے اور تعویذات لکھنے میں ترکیب اور ترتیب کو ضروری قرار دیا گیا ہے تاکہ عامل و شاغل کی محنت برباد نہ ہوجائے۔ ترکیب خاص کے ساتھ جو تعویذ و نقش وغیرہ لکھا جائے گا وہ ضرور موثر ہوگا۔ اللہ رب العزت کسی کی محنت کو ضائع نہیں فرماتے۔ اب اگر یہ کہا جائے کہ ہم نے بہت عمل پڑھے اور تعویذ لکھے مگر کوئی اثر ظاہر نہ ہوا یہ بھی اس کا اپنا قصور ہی ہوگا کیونکہ عمل کی قبولیت کے واسطے دو امر بہت ضروری ہیں: ایک صدق مقال دوسرا اکلِ حلال۔ یہ دونوں امور، عوام تو درکنار فی زمانہ خواص میں بھی مفقود ہیں اور بغیر ان امور کے عملیات کیسے موثر ہوں گے؟

جو عامل خود اس کے لائق نہ ہو، وہ ناواقفی سے عمل کرکے بداعتقاد ہوکر طعن و تشنیع کررہا ہو۔ اگرچہ اللہ رب العزت نے سب امور جو ہوئے ہیں، اور جو ہونے ہیں سب لوح تقدیر پر لکھ دیئے ہیں۔ مگر اس کے ساتھ ہی یہ بھی فرمادیا کہ اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ۔ عقلمند کو چاہیے کہ محنت و کوشش سے ہرگز غافل نہ ہو اور اپنی حاجت کو برابر درگاہِ الٰہی میں عرض کرتا رہے۔

آج عملیات میں ناکامی کی وجہ

مگر اس کے ساتھ ہی محض اپنی ترکیب و تدبیر پر ہی بھروسہ نہ ہو بلکہ اس رب ذوالجلال کی عظمت پر کامل یقین رکھے کہ دوا ہو یا دعا بغیر حکم الٰہی کے کچھ اثر نہیں کرتی۔ لاتحرِكُ ذَرّۃ اِلاّ بِاذنِ الله تَعَالیٰ۔ کبھی ایک ہی دوا سے فائدہ ہوتا ہے اور کبھی اسی سے نقصان ہوجاتا ہے۔ نفع اور ضرر سب کچھ خدا کے اختیار میں ہے، کسی کو کچھ دخل نہیں۔ اگر دوا یا عمل سے کسی کو فائدہ نہ ہورہا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ دوبارہ، سہ بارہ تکرار کرے اور اپنی غلطی کو ڈھونڈے کہ کہاں کمی رہ گئی یا استاد کامل سے رجوع کرے کیونکہ بلا ترکیب و ترتیب

ہزار سال پرانے طبی و روحانی بھید

اس کتاب میں ایسے انمول وظائف، طبی چٹکلے اور جوہرات سے قیمتی اقوال ہیں جو یقیناً ہزار سال پرانے ہیں اور ہر لحاظ سے مخلوق کیلئے مفید ہی نہیں بلکہ باعث رحمت اور شفاء بنیں گے۔ یہ کتاب صرف الفاظ ہی نہیں زندگی بھر کے تجربات و مشاہدات کا جامع مجموعہ ہے۔ اس کتاب کا آج ہی مطالعہ کیجئے اور نسلوں کی صحت مندانہ تعمیر کیجئے۔

جمع و ترتیب
شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

کامیابی کی اُمید بیکار ہے جیسا کہ آج کل کم فہم آدمی عملیات کی کتابیں اٹھائے پھرتے ہیں اور ناجائز امور کے لیے قرآنی اعمال پڑھتے ہیں یا ایمان کو گنوا کر سفلی و مشرکانہ اعمال پڑھتے ہیں۔ ایسے تمام امور میں خود بھی مصیبت میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور مخلوق خدا کو بھی زحمت میں ڈال دیتے ہیں اور اپنے ایمان اور اعتقاد کے ساتھ دوسروں کے ایمان و اعتقاد کو بھی ضائع کر دیتے ہیں۔

چاہیے تو یہ تھا کہ اصول کے مطابق اخلاص نیت سے بارگاہِ الٰہی میں عاجزی و انکساری کے ساتھ فریاد گزار ہوتا کہ اللہ تعالیٰ اس کی دعا مناجات قبول فرما کر عمل میں تاثیر پیدا کرتا ہے۔ اگر تمام امور کو ملحوظ رکھتے ہوئے بھی تاثیر ظاہر نہ ہو تو اللہ کی مرضی پر صبر کرنا چاہیے کیونکہ انسان بہت سے کاموں کو اپنے لیے اچھا جانتا ہے وہ اس کے لیے اچھے ہوتے ہیں۔ اس لیے مومن مسلمان کی یہ شان ہونی چاہیے کہ وہ اپنے مولا کی مرضی کے سامنے سربسجود ہو جیسا کہ اللہ تعالیٰ سورہ بقرہ میں فرماتے ہیں:

عسی ان تکرھو شیئاً وھو خیر لکم وعسٰی ان تحبوٗا شیئًا وھو شر لکم (سورۃ البقرہ:۲۱۶)

☆☆☆☆☆

اسم اعظم کے متلاشی متوجہ ہوں۔۔۔!

اسم اعظم، شب قدر، ساعت جمعہ یا خط تقدیر کے مثل پوشیدہ ہے۔ کوئی بھی شخص قطعی یہ نہیں کہہ سکتا کہ اسم اعظم صرف یہ ہے۔ مگر محققین اور بزرگان دین نے اپنی اپنی تحقیق اور رائے کے مطابق الگ الگ اسم اعظم بیان کیے ہیں۔ اکثر عاملین کاملین و صالحین و زاہدین و عابدین بلکہ عامۃ المسلمین صدیوں سے اسم اعظم کی تلاش میں سرگرداں ہیں۔ کتنی ہی کتابیں تصنیف کی گئیں اور اکثروں نے اس کی تلاش میں کتب تفسیر و حدیث کے مطالعہ میں زندگیاں صرف کر دیں مگر کسی ایک نقطہ پر سب کی رائے مرکوز نہ ہو سکی۔ عوام تو عوام، خواص اور عالم روحانیت والے بھی اس امر پر متفق نہ ہو سکے کہ یہی حقیقی اسم اعظم ہے۔ لہٰذا ان ہی اقوالِ بزرگان دین کی روشنی میں آج قارئین عبقری کی خدمت میں معہ اسم اعظم جو حضرت سعد الدین حمویؒ نے بزبانِ فارسی بطریق جفر نااہل سے مخفی رکھا اور اسی معمہ اسم اعظم کو حضرت میاں فقیر اللہ علوی شکارپوریؒ (شیخ و مرشد احمد شاہ ابدالی، شاہ افغانستان) نے اپنی مشہور زمانہ کتاب قطب الارشاد کے صفحہ نمبر ۶۴۵ پر لکھا ہے: اصل عبارت فارسی میں ہے سہولت کیلئے ترجمہ لکھا جاتا ہے۔ ترجمہ

اگر کوئی شخص ایک بار سورہ یٰسین شریف سجدے میں اس طرح پڑھے اور جو مقامات رمز و اشارے میں لکھے ہوئے ہیں وہ سو سو بار تکرار کرے تو تمام مقاصد کے لیے راقم کا مجرب و آزمودہ ہے۔ تو جان لے کہ اس سورۂ شریفہ میں تین محل اشاروں کے مقامات ہیں، جو رمز و اشارے میں لکھے ہیں کہ اگر ان امور کا افشاں ہو جائے اور مخلوق ان سے واقف ہو جائے تو کارہائے عظیم رونما ہوں اور کوئی بھی شخص نافرمانی نہ کرے۔

پہلا اشارہ: دو کلموں کے درمیان واقع ہے کہ ہر دو کے حروف کا مجموعہ بہشت کی تعداد کے مطابق ہے۔ پہلے کلمہ کے چار حروف ہیں کہ ہر حرف نے دوسرے کے بعد تکرار کیا ہوا ہے اور دوسرے کلمہ کے چاروں حروف ہی غیر مکرر ہیں۔ اگرچہ ان میں سے ایک حرف کا پہلے کلمہ کے چاروں حروف ہی غیر مکرر ہیں۔ اگرچہ ان میں سے ایک حرف کا پہلے کلمہ میں تکرار موجود ہے اور دوسرا اور تیسرا حرف پہلے کلمہ کے حرف اوّل کے مقابل ہے جو مراتب اعداد جمل کے مرتبہ ثانیہ میں ہے اور چوتھا حرف، پہلے اور تیسرے حرف کے مجموعہ مثل ہے جو امام مبین نکلا۔

دوسرا اشارہ: تین کلموں کے درمیان واقع ہے کہ ان حروف کا مجموعہ ابواب کی تعداد سے باہر ہے۔ پہلا اور ساتواں حرف ہم مثل ہے۔ چنانچہ دوسرا اور چھٹا، تیسرا اور پانچوں ہم مثل ہیں اور چوتھا حرف ان حروف کے مجموعے کا مرکز ہے اور وہ ایک ایسا حرف ہے کہ وہ زیر و بینہ کے ساتھ اسم اعظم کے مطابق ہے کہ اس سے اسم اعظم مراد ہے اور حروف کا دائرہ اس پر تمام ہو جاتا ہے اور اس کا بینہ ہا آخر اوّل سے ملا ہوا ہے اور اس

میں دوسری علامت یہ ہے کہ کلمات کے انضمام کا عمل اگر مقلوبی طور پر کیا جائے تو پھر بھی وہی کلمات پیدا ہوجاتے ہیں جو یہ ہیں کل فی فلک۔

تیسرا اشارہ: پانچ کلموں کے درمیان واقع ہے ان کلموں کے حروف کا مجموعہ تمام ابواب مذکورہ کی تعداد کے مطابق ہے اور ایک زیادہ سے اور دو کلموں کے حروف جو پہلے اشارہ کے مقام پر ہیں، بعینہ پہلے اور دوسرے اشارے کی ترتیب پر غیر مرتب ان کلمات میں مندرج ہیں اور ان کلمات کے نقات تمام جہات کو احاطہ کئے ہوئے ہیں۔ نصف نقاط بالائی ہیں اور نصف نقاط زیریں ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ اس اسم اعظم کے اوّل و آخر میں جلوہ گر ہیں۔ جو یہ ہے: سلام قولا من رب رحیم۔

سورۂ یٰس کا ایک خاص ختم شریف

طریقہ عمل: یہ ختم شریف نہایت مجرب ہے اور ہر جائز حاجت یا کوئی ایسی مہم جس کے پوری ہونے کی کوئی امید نظر نہ آتی ہو، خواہ وہ کوئی لاعلاج بیماری ہو یا قرضداری یا فتح مقدمات ہو یا رشتہ کا مسئلہ الغرض کوئی بھی حاجت ہو، اس کیلئے نہایت زوداثر عمل ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ بروز جمعہ بعد از نماز فجر درود شریف سو مرتبہ پھر سورۂ یٰسین (لفظ یٰسین ہر بار تین دفعہ) آخر میں درود شریف پھر سو مرتبہ پڑھ کر سجدہ میں جا کر اللہ رب العزت سے اپنی حاجت طلب کریں۔ اسی طرح یہ عمل سات روز تک دہرائیں۔ مگر ہر دفعہ جب اس سورہ شریف کو پڑھیں تو امام مبین، و محضرون، ویسجون پر اپنی حاجت کو تصور میں لائیں اور آیت سلام قولا من رب رحیم کو ۱۴ یا ۴۴ مرتبہ دہرائیں اور ہر مرتبہ اپنی حاجت کا تصور کریں۔ جب یہ سورۃ شریف ختم ہوجائے تو یہ دعا پڑھیں:

سُبْحَانَ الْمُفَرِّجِ عَنْ كُلِّ مَسْجُونٍ سُبْحَانَ الْمُنَفِسِ عَنْ كُلِّ مَدْيُوْنٍ سُبْحَانَ الْعَالِمِ عَنْ كُلِّ مَكْنُوْنٍ۔ سُبْحَانَ مَنْ جَعَلَ خَزائِنَه بَيْنَ الْكَافِ وَ النُّوْنِ سُبْحَانَ مَنْ اِذَآ اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ۔ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ۔ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَ اَبْوَابَ خَزَائِنِ بِفَضْلِكَ وَ كَرَمِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ بِحَقِّ سُوْرَةِ يٰسٓ۔

پھر اس کے بعد دس منٹ تک خشوع و خضوع سے اپنے مقصد کی دعا مانگیں۔

☆☆☆☆☆

ہر مسئلہ کیلئے ایک خاص لوح

سید الرحمٰن

آج ہر انسان مختلف مسائل اور مشکلات میں گرفتار ہے لیکن ان مسائل اور مشکلات میں گرفتار ہونے کی وجہ ہمارے ہی ایسے اعمال ہیں، جن کی وجہ سے ہم دن بدن پریشانیوں میں مبتلا ہیں۔ اگر ہم اللہ تعالیٰ کے حکم پر چلیں اور قرآن و سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر عمل کریں تو ہماری مشکلات ختم ہوسکتی ہیں اور ہمیں دنیا اور آخرت میں کامیابی نصیب ہوگی۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ خود ہی قرآن

قیمت 600.00

ھائی بلڈ پریشر کورس

ہائی بلڈ پریشر کے مریضوں کیلئے بہترین علاج

سر چکرانے، نیند نہ آنے، وقت بے وقت ماحول سے پریشان ہو کر اپنے حواس کھو بیٹھنا ایسے مجبور اور بے بس لوگوں کیلئے لاجواب کورس

پاک میں فرماتا ہے کہ مجھ سے ہی مانگو، میں قبول کرتا ہوں۔ بہرحال جو انسان بھی کلام الٰہی پر عمل کرتا ہے تو اس کی مشکلات غائبانہ طریقے سے دور ہوتی رہتی ہیں۔ قارئین! میں نے ایسے لوگ بھی دیکھے جو ذکر الٰہی کرتے رہتے ہیں اور بظاہر ان کے پاس کچھ بھی نہیں ہوتا ہے لیکن جب کسی چیز کی ضرورت ہو یا کسی مشکل میں گرفتار ہوں تو ذکر الٰہی کی وجہ سے ان کا مسئلہ حل ہو جاتا ہے اور ایسے لوگ دوسروں کی مشکلات بھی اللہ تعالیٰ کا ذکر کر کے دعا کرتے ہیں تو پریشان حال لوگوں کی مشکل اللہ تعالیٰ دور فرما دیتا ہے۔ ایسے مشاہدات تو آپ نے بھی کیے ہوں گے۔ جو اللہ والے ہوتے ہیں، ان کی زبان میں اللہ تعالیٰ نے ایسی تاثیر رکھی ہوتی ہے اور وہ جس کیلئے دعا کرتے ہیں، اللہ پاک قبول فرماتا ہے۔ مشکلات میں زیادہ تر لوگ گرفتار وہی ہوتے ہیں جو حسد کرتے ہیں کیونکہ حسد وہ بلا ہے جو نیکیاں انسان کی ہوتی ہیں وہ بھی کھا جاتی ہے اور حسد کی وجہ سے حاسد اندر ہی اندر جلتا رہتا ہے۔ کیونکہ حسد کرنے والا شخص دوسرے کو ترقی کرتا دیکھ نہیں سکتا ہے۔ کیونکہ ایسے بیوقوف لوگوں کی عقل میں یہ بات نہیں بیٹھتی کہ ترقی دینے والا تو اللہ تعالیٰ ہے تو پھر دوسرے کو ترقی کرتا دیکھ کر کیوں جلتا ہے۔ لیکن ایسے کم عقل کو بات سمجھ آئے گی تو حسد کرنا چھوڑے گا۔ بہرحال اللہ تعالیٰ ہمیں ایسی چیزوں سے بچائے جو دنیا اور آخرت میں ہمارے لیے مشکلات کا باعث بنے۔

ایک لوح 16 سے زائد کٹھن مسائل کا حل

اب جو لوح حل المشکلات پیش کی جارہی ہے، اس سے آپ ہر مسئلہ دور کرنے میں مدد لے سکتے ہیں مثلاً کاروبار میں ترقی، شادی میں رکاوٹ، قرضہ کی ادائیگی، بیماریوں سے بچنے، تسخیر خلائق ومحبوب، میاں بیوی میں لڑائی جھگڑا کا خاتمہ، بیرون ملک سفر، روزگار کے حصول وترقی، مقدمات میں فتح یابی، مال ودولت میں اضافہ، امتحان و الیکشن میں کامیابی، سحر جادو ٹونے، کالے علم سایہ آسیبی اثرات کے علاوہ ہر مسئلہ کے حل کیلئے مجرب عمل ہے۔

لوح استعمال کرنے کا طریقہ:

طریقہ استعمال یہ ہے کہ لوح مبارکہ کے گیارہ عدد تعویذ اچھے وقت میں نو چندی جمعرات کو مشک وزعفران سے تیار کر لیں۔ اب روٹی میں علیحدہ علیحدہ لپیٹ کر رکھ لیں۔ اسی رات نمازِ عشاء کے بعد کمرہ میں لوبان کا بخور جلائیں۔ پھر چراغ میں میٹھا تیل ڈال کر روٹی والا تعویذ یعنی چراغ میں روشن کرنا ہے۔ منہ آپ کا مشرق کی جانب ہو اور مصلے پر اپنا ''خصوصی حصار'' کر کے بیٹھنا ہے، اور کچھ مناسب درجے کا صدقہ بھی آپ کے پاس موجود ہو جو کہ اپنے عمل کے بعد کرنا ہے اور کوئی میٹھی چیز ہو جو کہ بچوں میں تقسیم کرنی ہے۔ اب چراغ کی لو پر نظر رکھ کر عبارت عملی 1100 بار پڑھنا ہے۔ عمل تمام ہونے کے بعد اسی کمرہ میں سو جائیں اور نیاز بچوں میں بانٹ دیں۔ اسی طرح تین، پانچ، سات نو اور آخری حد گیارہویں رات چراغ کی لو پر ایک بزرگ نظر آئیں گے، جو آپ کو کہیں گے کہ آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ بزرگ یہ الفاظ کہہ کر چلے جائیں گے اور انشاء اللہ آپ کو جو بھی مشکل ہو گی۔ وہ اگلے روز دور ہو جائے گی۔ ایسا عمل ہے جو آپ کو کہیں سے بھی، کسی قیمت پر نہ ملے گا۔ عبارت عمل یہ ہے: عزمت واقسمت علیکم اجب یا جبرائیل یا دودائیل یا افتحائیل یا تنکائیل مقصد بحق یا بدوح العجل الساعۃ الوحا۔

لوح مبارک یہ ہے:

جبرائیل ۷۸٦ دردائیل

ب بائیل	د دائیل	و وائیل	ح حائیل
ح حائیل	و وائیل	ز دائیل	ب بائیل
د دائیل	ب بائیل	ح حائیل	و وائیل
و وائیل	ح حائیل	ب بائیل	د دائیل

تنکافیل یہاں عبارت عمل لکھیں رفتمائیل

بگڑتے کام اور ناکام کوشش کو سنوارنے کا سچا عمل

مرزا عدیل بیگ

جب ہر کام بن کر بگڑ جاتا ہو، ہر کوشش ناکام ہوتی ہو اور کوئی بھی حل سمجھ میں نہ آتا ہو تو اس عمل کو کرنا چاہیے۔ ایک پاؤ بیسن لیں اور اس کو آٹے کی طرح سخت گوندھ لیں۔ اور پانچ گرام مختلف رنگوں کے ستارے لیں، جو خواتین اپنے کپڑوں میں خوبصورتی کیلئے لگاتی ہیں۔ ان ستاروں کو بیسن میں اچھی طرح ملا لیں۔ اب اس بیسن کی چنے کے برابر چھوٹی چھوٹی گولیاں بنالیں۔ یہ کام جمعہ کے دن کرنا ہے۔ ان گولیوں کو سائے میں خشک کرلیں۔ رات کو پاک حالت میں باوضو ہوکر گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ آیت کریمہ ان گولیوں پر دم کریں۔ ''لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ'' ہفتہ کو گھر کے کسی بھی فرد سے ان گولیوں کو اپنے اوپر سے سات بار اتروائیں اور ان گولیوں کو کسی بھی ایسے پانی میں، جس میں مچھلیاں ہوں، دریا ہو یا سمندر اپنے ہاتھ سے تھوڑی تھوڑی ڈالیں اور گھر آجائیں تین۔ ہفتہ اس عمل کو کریں۔ ان شاءاللہ آپ کی ہر قسم کی گردش ختم ہوجائے گی۔

☆☆☆☆☆

یہ اعمال کرنے والے کبھی مایوس نہ ہوں۔۔۔ (انشاءاللہ)

سرفراز احمد

1) مشکلات کیلئے آزمودہ عمل

یہ عمل میں نے ہر اس اڑی مشکل میں استعمال کیا جو بظاہر ناممکن نظر آتی تھی۔ جس کو کوئی مشکل پیش ہو، وہ بذات خود یا پھر دو، تین بندوں کو اکٹھا کرکے سورۃ یٰسین کو 72 مرتبہ پاک جگہ پر پاک چادر بچھا کر اپنی مشکل کو مدنظر رکھ کر پڑھے۔ عمل کے دوران سوا کلو میٹھے زردے کے چاول بنا کر اس میں سے بغیر کچھ چکھے وہیں رکھ دے۔ جب سورت کی تعداد پوری ہو جائے تو اپنی مشکل کی اور تکلیفات کے حل کیلئے دعا کریں اور ڈھکن اٹھا کے دیکھ لیں۔ ان چاولوں پر انسانی ہاتھ نما پنجے کے نشان ہوں گے۔ جس کا مطلب ہے کہ آپ کا کام چالیس دن کے اندر ہو جائے گا۔ اگر خدانخواستہ ہاتھ کا نشان نہ ہو تو چالیس دن ٹھہر کے پھر یہ عمل کریں۔ اللہ رب العزت کی ذات آپ کے مسائل پر توجہ ضرور دے گی۔ سورت کے اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھنا مت بھولیں۔ یہ عمل مجھے ایک بزرگ قاریہ عورت سے ملا تھا۔ جو ہمارے شہر میں آج بھی بچوں کو قرآن شریف کی تعلیم دیتی ہے۔



حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ
تحقیق وتالیف: حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی پی۔ایچ۔ڈی (امریکہ)
نادر فضائل کا ایسا انمول تحفہ جو قدم قدم پر نیکیوں کے پہاڑ اور اعمال کے سمندر سے موتی چن چن کر دے، پڑھنا نہ بھولیں......! شاید یہ مبارک سفر زندگی کا پہلا اور آخری سفر ہو...... حجاج کو گفٹ کریں اور ان کے ساتھ نیکیوں میں شریک ہوں۔

9)۔۔۔ چھپڑ پھاڑ رزق حاصل کرنے کا عمل

یہ وظیفہ مجھے ایک پیر صاحب سے ملا ہے وہ اللہ الصمد کے بہت بڑے عامل تھے۔ انہوں نے اپنے وقت میں اس مقدس نام کی برکت سے درجہ ولایت حاصل کیا تھا۔ فی زمانہ لوگ رزق کی برکت کی وجہ سے زیادہ پریشان نظر آتے ہیں، بہ نسبت دوسری مشکلات کے میں ان بزرگ کا ایک عطیہ آپ کو پیش کر رہا ہوں۔ روزانہ 500 مرتبہ اوّل و آخر 11 مرتبہ درود شریف ورد زبان رکھیں۔ مالی پریشانیوں سے نجات ملے گی۔ وظیفہ یہ ہے ''یَاعَزِیْزُ مَاعَزِیْزُ دَرْ چَشْمِ عَامْ وَ خَاصْ بِحَقِّ لا الہ اللہ محمد رسول اللہ'' کاروبار میں وسعت، مالی پریشانیوں سے نجات ملے گی۔ رزق میں تسخیر ہونا شروع ہو جائے گی۔

پریشان اور اُلجھے لوگوں کیلئے صدری راز

موجودہ زمانے میں ہر انسان پریشان نظر آتا ہے۔ کوئی کسی مسئلے میں اُلجھا ہوا ہے تو کوئی کس مسئلے میں۔ ان مسائل کی بنیادی وجہ قرآن وسنت سے دوری اور گناہوں کا ارتکاب ہے، جس کی وجہ سے انسان ''ان الانسان لفی خسر'' کے شایانِ شان نظر آتا ہے۔ اس لئے پہلی فرصت میں کوئی بھی بزرگانِ دین یا کسی عامل کا دیا ہوا عمل کرنے سے پہلے انسان کو اپنی ذات کا موازنہ کرنا چاہئے۔ اس کے بعد کسی عمل، وظیفے یا ورد پر ذات کو موقوف کرے۔ اپنی ذات کا احتساب کرنے کے بعد یعنی جہادِ اکبر کے بعد مندرجہ ذیل قرآنی عمل سے رہنمائی لیں اور اپنے مسائل خود حل کریں بذریعہ دعا۔ رب العزت کا ارشاد ہے قرآن پاک میں کہ ''اس ذات کو پکارو اس کے اچھے اچھے ناموں سے''۔ اسی لئے آپ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ایک خاص عمل سے متعارف کرایا جا رہا ہے۔ اس کی تعداد جتنی عرض کی جا رہی ہے اتنی ہی پڑھیں۔ انشاء اللہ! اللہ رب العزت کی ذات آپ پر کامیابیوں کے دروازے کھول دے گی۔

طریقہ عمل: ہر قسم کی حاجت روائی کی غرض سے اتوار کے دن سے بسم اللہ الرحمن الرحیم کو اس طرح پڑھیں کہ صبح کے وقت نمازِ فجر سے فارغ ہو کر دو رکعت نفل برائے حاجت (اشراق کے وقت پڑھیں)۔ نفل سے فارغ ہو کر ہر روز درج ذیل تعداد کے حساب سے پڑھے۔ نہ کم کرے نہ زیادہ۔ اور اوّل و آخر درود شریف بھی پڑھیں۔

500 پانچ سو مرتبہ اتوار کے دن پڑھیں۔
600 چھ سو مرتبہ پیر کے دن پڑھیں۔
200 دو سو مرتبہ منگل کے دن پڑھیں۔
800 آٹھ سو مرتبہ بدھ کے دن پڑھیں۔
1000 ایک ہزار مرتبہ جمعرات کے دن پڑھیں۔
800 آٹھ سو مرتبہ جمعہ کے دن پڑھیں۔
4000 چار ہزار مرتبہ ہفتہ کے دن پڑھیں۔

ہر روز مندرجہ بالا تعدا کے مطابق پڑھ کر اپنے مقصد کے حصول اور مشکلات سے نجات میں کامیابی کیلئے دعا کریں یہ ایک ہفتہ کا عمل ہے انشاء ایک ہفتے کے اندر آپکی حاجت پوری جائے گی۔ اگر مشکل حل بھی ہو جائے تب بھی عمل پورا ہفتہ پڑھیں۔ اگر بالفرض شامت اعمال یا کسی اور قدرتی وجہ سے مشکل حل نہ ہو تو تین ہفتے تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور بالضرور اللہ پاک آپ پر کرم فرمائیں گے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

کامیابی کا راز۔۔۔۔خوشگوار اور پرمسرت زندگی

پرمسرت زندگی کے 56 اصول

بلاشبہ کامیابی کا راز، خوش او پرمسرت زندگی گزارنے میں ہے۔ تاریخی اوراق اس بات کے گواہ ہیں کہ زمانہ قدیم سے کامیاب زندگی گزارنے والے تمام مرد اور عورتوں نے ایسے اصول دریافت کر رکھے تھے، جن پر وہ پوری زندگی عمل پیرا رہے۔ اور اگر آج بھی ہم ان اصولوں کو اپنا لیں تو کوئی وجہ نہیں کامیابی اور خوشی یقینی نہ ہو۔ ان اصولوں پر عمل کرکے آپ خود کو ایک نیا انسان محسوس کریں گے جس کی گواہی روز بروز بہتر ہوتے ماخول، خوشگوار تعلقات اور آپ کے باطن میں روز افزوں احساس سکون دے گا۔

چند اصول درج کئے جارہے ہیں ان پر عمل کریں اور اپنی زندگی میں کامیابیاں اور خوشیاں لے آئیں۔

(۱) اپنے دل میں خوشی کا تصور پیدا کیجئے، (۲) سلام کا جواب ضرور دیں۔ (۳) چیخ کر بولنے سے اجتناب کریں۔ (۴) بدگمانی سے بچیں۔ (۵) دوسروں کے لئے باعث سکون بنیں۔ (۶) خود احتسابی اپنائیں۔ (۷) اچھی زندگی کیلئے سخت محنت، مضر صحت بھی ہوسکتی ہے۔ (۸) مناسب ہدف متعین کرلیجئے۔ ایک سات سب کچھ حاصل کرنے کی کوشش نہ کیجئے۔ (۹) اپنے اردگرد کے ماحول کا جائزہ لیجئے۔ (۱۰) کسی کو پکارنے کے لیے اچھے القابات استعمال کریں۔ (۱۱) انسانیت کا احترام کیجئے۔ (۱۲) کسی کا دل نہ دکھایئے۔ (۱۳) اپنا خرچ اپنے قابو میں رکھیے۔ (۱۴) غم کو قریب نہ آنے دیں۔ غم وفکر کی کمی وزیادتی کو اپنے جذبات کے ذریعے کنٹرول کریں۔ (۱۵) اپنی محرومیوں کو طاقت کا سرچشمہ بنایئے۔ (۱۶) فرض شناسی سے کام لیں۔ (۱۷) اپنے معمولات کی ڈائری بنائیں۔ (۱۸) ہر حال میں مطمئن رہے۔ (۱۹) عزت نفس کو مضبوط بنایئے۔ (۲۰) لوگوں کی تکلیف وہ باتوں پر توجہ نہ دیں۔ (۲۱) اپنی خدمات سے دوسروں کو مستفید کیجئے۔ (۲۲) اپنے بچوں کے ساتھ تفریح کے لیے وقت نکالیں۔ (۲۳) اپنا نصب العین بہت بلند رکھئے۔ (۲۴) دوسروں پر بے جا طنز کرنے سے بچیں۔ (۲۵) اپنے گھر کو راحت کدہ بنایئے۔ (۲۶) دوسروں پر اعتماد کریں۔ (۲۷) احسان کا بدلہ صرف اللہ سے مانگیں۔ (۲۸) پریشانی کے وقت آنکھیں بند کرکے سکون قلب کا تصور کیجئے۔ (۲۹) مایوسی بڑھنے لگے تو خوشیوں کے پرانے ساتھیوں سے رابطہ کرلیں۔ (۳۰) منفی جذبات قابو میں رکھیئے۔ (۳۱) دوسروں کی خوبیوں پر حسد کرنے سے بچئے۔ (۳۲) پریشانی کے خاتمے کے لیے اس کی بنیاد کو پہلے ختم کریں۔ (۳۳) زندگی کی خوشیوں سمیت دکھوں کو بھی برداشت کریں۔ (۳۴) اپنے آپ کو سمجھنے کی کوشش کیجئے۔ (۳۵) ماضی کے غم کو بھول جایئے۔ (۳۶) کل کی فکر کرنا چھوڑیئے۔ (۳۷) اپنا وقت خوب سوچ سمجھ کر خرچ کیجئے۔ (۳۸) اپنے کاموں میں اعتدال پسندی لایئے۔ (۳۹) اپنے تھکے ہوئے جسم کو آرام بھی پہنچایئے۔ (۴۰) ذہنی دباؤ پیدا کرنے والے خیالات سے بچئے۔ (۴۱) پریشانیوں کو بڑھا چڑھا کر ظاہر نہ


قیمت
120.00
بڑی پیک
320
ہیپاٹائٹس
نجات
سیرپ
A.B.C کا مکمل علاج
اضافی فوائد
موٹاپا، چہرے کے کیل مہاسے' داغ' دھبے' چھائیاں' جھریاں، قبض اور جگر کے تمام مسائل کیلئے بھی

کریں۔ (۴۲) اپنے مسائل مرتب کیجئے۔ (۴۳) غلطی اور نقصان پر ہر وقت افسوس نہ کریں۔ (۴۴) اپنی ذات پر بہترین قابو رکھیے۔ (۴۵) کیفین ترک کیجئے۔ (۴۶) شادی کر لیجئے۔ (۴۷) ذہنی اور جسمانی صحت کیلئے ہنسنا مفید ہے۔ ہنسی خدا کی بہترین نعمت ہے۔ اپنے بچوں کو ہنسنے کی عادت ڈال کر صحت مند بنایئے۔ ہنسی تمام ذہنی بیماریوں کی بہترین دوا ہے۔ ہنسیے اور صحتمند رہیے۔ (۴۸) ہر حال میں خوش رہیے، صحت مند رہیے۔ (۴۹) مذہبی عبادات کے ذریعے اپنی ذہنی اُلجھنیں دور کیجئے۔ (۵۰) دوسروں کی غلطیوں کو معاف کر کے سکون حاصل کیجئے۔ (۵۱) اپنی تقدیر پر افسوس نہ کیجئے۔ (۵۲) محبت کی طاقت سے اپنی پریشانیوں کا علاج کیجئے۔ (۵۳) دوستی اور میل جول کے ذریعے اپنی پریشانیاں ختم کیجئے۔ (۵۴) اپنی پریشانیوں کا مقابلہ ٹھنڈے دماغ سے کیجئے۔ (۵۵) ہر وقت مصروف رہ کر اپنی پریشانی کو بھگائیں۔ (۵۶) مثبت خیالات سے اپنی ہر پریشانی کا علاج کیجئے۔ یہ اصول اگر آپ اپنی زندگی میں اپنالے تو بہت جلد نمایاں تبدیلی محسوس کریں گے اور غموں کی جگہ خوشیاں آجائیں گی۔

☆☆☆☆☆

انشاءاللہ حاجات پوری ہوں اور مشکلات دور ہوں!

حیدر علی

یہ عمل ہر قسم کی مشکل اور پریشانی کے حل اور ہر جائز حاجت پوری ہونے کے لیے بہت مجرب ہے۔ اس وظیفے کے ہمیشہ پڑھنے سے تمام دینی و دنیوی مشکلات حل ہو جائیں گی۔ طریقہ یہ ہے کہ چند آدمی باوضو اور پاکیزہ لباس اور خوشبو لگا کر مجلس منعقد کریں اور اس طرح پڑھیں:

بسم اللہ شریف ۱۰۰ بار، درود شریف ۱۰۰ بار، سورۂ فاتحہ ۱۰۰ بار،
کلمہ طیبہ ۱۰۰ بار، کلمہ شہادت ۱۰۰ بار، آمنت باللہ ۱۰۰ بار،
استغفار ۱۰۰ بار، آیت الکرسی ۱۰۰، اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۱۰۰ بار۔
یُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوَاتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِیْزِ الْحَكِیْمِ ۱۰۰ بار۔
سورۂ اخلاص ۱۰۰ بار، کلمہ تمجید ۱۰۰ بار، اَللّٰهُ عَلِیْمٌ ۱۰۰ بار،
یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ ۱۰۰ بار،

وظیفہ پڑھنے کے بعد نہایت عاجزی سے اللہ سے دعا مانگیں انشاءاللہ تمام مشکلات سے نجات ملے گی تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔

کالے جادو سے نجات کا آسان عمل

فَلَمَّاۤ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ط اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ o وَیُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ (سورۂ یونس آیت نمبر 81 تا 82)

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ o فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِیْنَ o وَاُلْقِیَ السَّحَرَةُ سٰجِدِیْنَ o قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ o رَبِّ مُوْسٰی وَهٰرُوْنَ o (سورۂ اعراف آیت نمبر 118 تا 122)

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَیْدُ سٰحِرٍ ط وَلَا یُفْلِحُ السَّاحِرُ حَیْثُ اَتٰی o (سورۂ طٰہٰ آیت نمبر 69)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ o مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ o وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ o وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ o وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ o

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ o مَلِكِ النَّاسِ o اِلٰهِ النَّاسِ o مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۙلا الۡخَنَّاسِ o الَّذِىۡ يُوَسۡوِسُ فِىۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ o مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ o

پہلے روز نیا برتن لے کر اس میں پانی بھر لیں، پھر اس میں مندرجہ بالا آیات گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں، پھر اس میں سے تین گھونٹ پانی مریض کو پلائیں اور ایک بوتل میں کچھ پانی، دن بھر پینے کے لیے لے لیں۔ باقی ماندہ پانی سے مریض کو نہلائیں، برتن پہلے روز نیا ہونا چاہیے۔ یہ عمل چالیس روز تک بلا ناغہ ہونا چاہیے۔ ان شاء اللہ چالیس دن ختم ہونے سے پہلے پہلے کالا جادو کا یقینی خاتمہ ہو جائے گا۔ بہت دفعہ کا آزمایا ہوا عمل ہے۔ اس عمل کے لیے پختہ یقین کا ہونا بہت ضروری ہے۔

معجزاتی کلام، معجزاتی نتائج

جب مشکلات گھیر لیں، مصیبتیں جکڑ لیں، اندھیرا چھا جائے اور کچھ بھی سمجھ میں نہ آئے کہ کیا کیا جائے؟ گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ مشکلات کا ڈٹ کر مقابلہ کیا جائے۔ ایک اور تجرباتی اور آزمودہ کلام الٰہی کا (نسخہ عمل) برائے پریشان حال اور مشکلات میں پھنسے ہوئے انسانوں کو نکالنے کیلئے حاضر خدمت ہے۔

یہ آج سے تقریباً آٹھ برس پہلے کی بات ہے۔ ایک دن میرے حفاظ کرام دوست مسجد سے نکل رہے تھے۔ عصر کی نماز کے بعد کا وقت تھا۔ وہ کچھ سورتوں کے بارے میں آپس میں پوچھ گچھ کر رہے تھے تو میں نے بھی ان سے پوچھا اور انہوں نے مجھے ترتیب بتائی اور ساتھ یہ بھی بتایا کہ ہمارے قاری صاحب نے ایسے ہی بتایا ہے اور ایسے ہی پڑھنا ہے۔

ان دنوں ہماری گھریلو مالی حالات بہت خراب تھے۔ والد صاحب سرکاری ملازم تھے اور اب بھی ہیں۔ ان کا تبادلہ دوسرے شہر میں ہوا تھا۔ بس اللہ ہی بہتر جانتا ہے حالات کچھ ایسے تھے کہ بیان کرنے کے قابل نہیں ہیں۔ پھر میں نے اسی ترتیب سے پڑھنا شروع کیا۔ پہلے ہی دن میں نے کافی فرق محسوس کیا۔ مجھے ایسے لگا کہ جیسے کوئی چپکے چپکے میری مدد کر رہا ہے۔ پہلے ذہن بوجھل اور پریشان رہتا تھا اب بالکل بھی نہیں۔ اب جس چیز کو بھی دل چاہے وہ بلا کسی خرچ کے مل جاتی ہے۔ پہلے بھی مل جاتی تھی مگر اب تو پہلے سے زیادہ آسانی ہو گئی۔ تمام مشکلات ایسے غائب ہو گئیں جیسے کوئی جن بھاگتا ہے۔

عمل درج ذیل ہے:

(i) سورۃ الفاتحہ و سورۃ اخلاص (ii) سورۃ یٰسین، سورۃ الرحمن (iii) سورۃ الفتح، سورۃ الکھف (iv) سورۃ النباء (v) سورۃ المزمل، سورۃ الواقعہ، (vi) سورۃ الملک، (vii) "یَاسَمِیۡعُ" اللہ کا نام۔

طریقہ: ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۃ الفاتحہ، 3 مرتبہ سورۃ اخلاص ایصال ثواب کی نیت سے پڑھیں۔ (1) فجر کی نماز کے بعد سورۃ یٰسین اور سورۃ



جب بھی دل متاثر ہوتا ہے پورا جسم متاثر ہو جاتا ہے اور اسی وجہ سے بیماریاں سر اٹھاتی ہیں، سوال یہ ہے کہ جسم کا یہ بادشاہ کب بیمار ہوتا ہے اور تندرستی کیسے پاتا ہے......؟ پڑھیے اور حیران ہو جایئے......

الرحمن پڑھیں۔ (2) ظہر کی نماز کے بعد سورۃ الفتح اور جمعہ کے دن سورۃ الکھف بعد نماز جمعہ اور سورۃ فتح پڑھیں۔ (3) سورۃ النباء عصر کی نماز کے بعد پڑھیں۔ (4) سورۃ المزمل اور سورۃ الواقعہ مغرب کی نماز کے بعد پڑھیں۔ (5) عشاء کی نماز کے بعد سورۃ الملک پڑھیں۔ (6) "یَاسَمِیْعُ" اللہ کا بہت پیارا نام ہے وہی ہے جو بندوں کی سنتا ہے۔ اس نام مبارک کو جمعرات کے دن بعد نماز ظہر 100 مرتبہ کسی سے بات کیے بغیر پڑھیں اور اللہ تعالیٰ سے اپنی جائز حاجات مانگیں۔ ان شاء اللہ اللہ تعالیٰ آپ کو ضرور نوازیں گے۔

عمل کی شرائط:

(1) جھوٹ بولنے سے پرہیز کریں۔

(2) کچا پیاز، لہسن اور بدبودار اشیاء جو منہ میں بدبو پیدا کرنے کا سبب بنتی ہیں چھوڑ دیں۔ کچا پیاز خواہ سلاد کی صورت میں ہو، دھلا ہوا ہو یا کسی بھی چیز میں کچا مکس ہو جیسے کہ دہی بھلوں میں ڈال کر کھاتے ہیں، نہ کھائیں۔

(3) یقین کامل شرط اوّل ہے۔

(4) نماز کی پابندی لازم ہے۔

(5) عمل تسلسل سے کیا جائے۔ زندگی کے معمولات کا حصہ بنالیا جائے۔ قارئین کرام یہ میرا ذاتی تجربہ اور آزمایا ہوا ہے آپ اس عمل کو کر کے دیکھیں اور پھر بتائیں کہ کیسا پایا۔

جادو سے چھٹکارا

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میری بہن کی وجہ سے ہم سب گھر والے بہت پریشان تھے۔ ان کی طلاق ہو چکی تھی اور کسی عزیز نے اُن پر جادو کر دیا تھا کہ پھر کبھی رشتہ نہ ہو۔ کئی رشتے آتے اور بات پوری ہونے کے بعد پھر ختم ہو جاتی۔ میں نے عبقری پڑھا اور بہت اچھا لگا۔ کئی لوگوں نے عبقری سے فیض پایا۔ بس یہی سوچ کر آپ کو فون کیا۔ جس میں آپ نے درج ذیل وظیفہ 501 بار روزانہ پڑھنے کو کہا 40 دن حد 90 دن۔

"یَادَائِمَ الْعِزَّةِ وَالْبَقَاءِ وَیَا وَاهِبَ الْجُوْدِ وَالْعَطَاءِ یَا وَدُوْدُ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِیْدُ. فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ (البروج آیت نمبر 16) اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ (المائدہ آیت نمبر 14) یَا تَنْكَفِیْلُ بِحَقِّ یَا صَمَدُ الْغَفَّارُ ذَا الْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِهٖ یَا صَمَدُ"

اس کی برکت سے میری بہن کی شادی ہو گئی اور اتنا اچھا، نیک، دین دار، محبت کرنیوالا شوہر ملا ہے کہ ہم سب دکھ بھول گئے ہیں۔ شکر الحمد للہ۔ اللہ کے بعد آپ کی شکر گزار ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کا اجر دنیا اور آخرت میں بے حساب دے (آمین)

بچے کا بہت رونا

جو بچہ بہت روتا ہو اس دعا کو لکھ کر گلے میں باندھیں۔

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِیْمِ كَانُوْا مِنْ اٰیٰتِنَا عَجَبًا o (سورہ الکھف، آیت 9) قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِیْدًا o اَوْ خَلْقًا مِّمَّا یَكْبُرُ فِیْ صُدُوْرِكُمْ (سورہ بنی اسرائیل، آیت 51,50) بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَاَوَّلُهٗ مِنَ اللّٰهِ وَاٰخِرُهٗ مِنَ اللّٰهِ وَلَا بَعُدُ كُمْ عَلٰی اَمْرِ اللّٰهِ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ" o

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

آسیب سے مستقل نجات کے لئے

چاروں قُل اور لِاِیۡلٰفِ (سورۃ قریش) اور یہ دو آیتیں مع تسمیہ پڑھے۔

فَكُبۡكِبُوۡا فِيۡهَا هُمۡ وَالۡغَاوٗنَ o وَجُنُوۡدُ اِبۡلِيۡسَ اَجۡمَعُوۡنَ (سورہ الشعرآء، آیت 95,94) پھر آسیب زدہ کے بال پکڑ کر یہ آیت پڑھیں اِنَّاۤ اَعۡتَدۡنَا لِلۡكٰفِرِيۡنَ سَلٰسِلَا۟ وَاَغۡلٰلًا وَّسَعِيۡرًا (سورہ الدھر، آیت 4) فَكُبۡكِبُوۡا فِيۡهَا هُمۡ وَالۡغَاوٗنَ o وَجُنُوۡدُ اِبۡلِيۡسَ اَجۡمَعُوۡنَ۔

پڑھ کر پیشانی کے بالوں پر دم کر کے گرہ لگا دیں۔ عامل کو چاہئے کہ اپنی حفاظت کے لئے حصار کرے۔ اس کے بعد ارنڈ کی لکڑی آسیب زدہ کو مارے۔ آسیب عاجز ہو جائے گا اور اگر آسیب عاجز نہ ہو تو ایک نیلے کپڑے کا فیتہ بنا کر یہ عزیمت تین بار دم کر کے جلا کر ناک میں دھونی دیں عزیمت یہ ہے۔

"بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ عَلِيۡقًا مَّلِيۡقًا خَالِقًا مُخۡلُوۡقًا مَخۡلُوۡقٌ وَاَنۡتَ تَعۡلَمُ مَافِيۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّلِيۡقًا مَافَرۡقَهٗ مَالُوۡقٌ وَرَالُوۡقٌ فِرۡعَوۡنُ نَمۡرُوۡدُ شَدَّادُ"

اسکے بعد جب آسیب بہت گریہ وزاری کرے اور کہے مجھے چھوڑ دو دہائی سلیمان دہائی فیقطوش دہائی محمد رسول اللہ کی تو اس سے عہد کرائیں کہ وہ دوبارہ اس کو یا کسی انسان کو تکلیف نہ دے گا پھر قسم لے کر پیشانی کے بال کھول دیں۔

آسیب

اگر کسی پر آسیب کا شبہ ہو تو یہ آیات ذیل لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور پانی پر دم کر کے مریض پر چھڑکیں اور اگر مکان پر اثر ہو تو ان کو پانی پڑھ کر گھر کے چاروں کونوں میں چھڑک دیں۔ آیات یہ ہیں:

"بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ (پوری سورت) الٓمّٓ o ذٰلِكَ الۡكِتٰبُ سے مُفۡلِحُوۡنَ (سورہ بقرہ آیت 1 تا 5) تک اور وَاِلٰهُكُمۡ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِيۡمُ (سورہ بقرہ، آیت 163) اور آیت الکرسی خٰلِدُوۡنَ تک اور لِلّٰهِ مَافِي السَّمٰوٰتِ سے كَافِرِيۡنَ (سورہ بقرہ، آیت 284 تا 286) تک اور شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ سے حَكِيۡمُ (سورہ ال عمران، آیت 18) تک اور اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِىۡ سے رَبُّ الۡعٰلَمِيۡنَ (سورہ الاعراف، آیت 54) تک اور فَتَعٰلَى اللّٰهُ الۡمَلِكُ الۡحَقُّ سے خَيۡرُ الرّٰحِمِيۡنَ (سورہ المومنون، آیت 116 تا 118) تک اور سورۃ

عروسی
سہاگ
کورس

قیمت
5000.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

جوانی کی بہاریں پھر سے لوٹ آئیں

نوجوان شادی سے نہ گھبرائیں۔۔۔
شادی شدہ حضرات مایوس نہ ہوں۔۔۔
عروسی سہاگ کورس ہے ناں!

وَالصَّافَات کی شروع کی آیتیں لَارَیْبٌ تک اور هُوَ اللهُ الَّذِیْ لَآاِلٰهَ اِلَّا هُوَ سے هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ (سورہ الحشر، آیت 22 تا 24) تک اور وَاَنَّهٗ تَعَالٰی جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا (سورہ الجن، آیت 3) اور سورۃ اخلاص اور معوذتین۔

ظالم کے خوف سے نجات

اگر کسی کو کسی ایسے شخص سے جو اس سے زبردست ہو ظلم کا یا سختی کا خوف ہو تو سورہ فاتحہ تین بار اور آیت الکرسی ایک بار اور سورۃ اخلاص تین بار اور سورۃ قریش سات بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور بلاخوف ظالم کے پاس چلا جائے۔ ان شاء اللہ وہ شخص خود بخود نرم ہو کر مہربان ہو جائیگا۔

ژالہ باری نہ ہو

☆ اگر ژالہ باری زیادہ ہو یا ژالہ باری کا خطرہ ہو تو اسم ذات اللہ انگلی سے بادل کی طرف لکھے اور آیت الکرسی تین بار پڑھ کر بادل کی طرف پھونک دے۔ ☆ اصحاب کہف کے نام اور آیت الکرسی چار کاغذوں پر لکھ کر کھیت کے چاروں کونوں میں دفن کرے۔ انشاء اللہ اس کھیت کو ژالہ باری سے کبھی نقصان نہ پہنچے گا۔

☆☆☆☆☆

ستر حاجتیں پوری کرنے کا روحانی عمل

☆ حضرت معقل ابن یسارؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص صبح (بعد نماز فجر) کو تین مرتبہ اَعُوْذُ بِاللهِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھے پھر وہ سورہ حشر (پارہ ۲۸) کی آخری تین آیات ایک مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس پر ستر ہزار فرشتے مقرر کر دیتے ہیں جو شام تک اس کیلئے استغفار کرتے رہیں گے اور اگر اس دن اسے موت آ گئی تو شہید مرے گا اور جو شام (بعد نماز مغرب) کو پڑھ لے تو اس کو بھی یہی درجہ حاصل ہو گا یعنی ستر ہزار فرشتے صبح تک اس کیلئے استغفار کرتے رہیں گے اور اگر اس رات میں مر گیا تو شہید مرے گا۔ (مشکوٰۃ، ص ۱۸۸)

☆ حضرت ابوایوب انصاریؓ سے مرفوعاً روایت ہے کہ جب سورہ فاتحہ، آیت الکرسی، شَهِدَ اللهُ (سورہ آل عمران آیت نمبر ۱۸، ۱۹) اور اَللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ (سورہ آل عمران آیت نمبر ۲۷) نازل ہوئی تو عرش سے معلق ہو کر فریاد کی کہ کیا آپ ہم کو ایسی قوم پر نازل فرمائیں گے جو گناہوں کا ارتکاب کریں گے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا قسم ہے میری عزت وجلال اور ارتفاع مکان کی کہ جو لوگ ہر نماز فرض کے بعد تمہاری تلاوت کرینگے ہم ان کی مغفرت فرمائیں گے اور جنت الفردوس میں جگہ دیں گے اور ہر روز ستر مرتبہ نظر رحمت سے دیکھیں گے اور اس کی ستر حاجتیں پوری کریں گے، جس کا ادنیٰ درجہ مغفرت ہے (دیلمی)

☆ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص سوتے وقت سورہ فاتحہ اور سورہ اخلاص پڑھتا ہے وہ قیامت کے دن امینوں میں ہو گا اور پیغمبروں کے بعد سب سے پہلے وہ جنت میں جائے گا اور جنت میں جاتے وقت حضرت عیسیٰ کے نزدیک ہو گا۔ ہشت بہشت، ص ۱۱۲)

☆ حضرت فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص نماز فریضہ کے بعد تین مرتبہ سورہ اخلاص اور تین مرتبہ درود شریف پڑھے بعد ازاں ایک مرتبہ آیت وَمَنْ یَّتَّقِ اللهَ سے شَیْءٍ قَدْرًا تک (سورۃ الطلاق، پارہ ۲۸، آیت نمبر ۲، ۳) پڑھے اور آسمان کی طرف پھونکے تو اللہ تعالیٰ اس بندے کو تین نعمتیں عنایت فرماتے ہیں ایک درازی عمر دوسری زیادتی مال تیسرے نجات کی جنت میں بے حساب داخل ہو گا۔ (ہشت بہشت ص ۲۷۴)

☆ حضرت فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جس روز آیت الکرسی نازل ہوئی تو ستر ہزار مقرب فرشتے معہ حضرت جبرائیل علیہ السلام کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جو میرا بندہ آیت الکرسی پڑھے گا اس کے ہر حرف کے بدلے میں ہزار ہزار سال کا ثواب اس کے نام لکھا جائے گا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص آیت الکرسی پڑھ کر گھر سے نکلے تو اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتوں کو حکم دیتا ہے کہ واپس آنے تک اس کی بخشش کیلئے التجا کرو اور جو شخص آیت الکرسی پڑھ کر گھر میں داخل ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے گھر سے مفلسی دور کر دیتا ہے (ہشت بہشت ص ۲۷۷)

☆ حضرت خواجہ نظام الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام اور حضرت میکائیل علیہ السلام معہ چوبیس ہزار فرشتوں کے سورہ مزمل کو ریشم پر قلم نور سے لکھا ہوا لے کر آئے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اٹھ کر بڑی تعظیم و تکریم سے ہاتھ میں لے کر بوسہ دیا اور سر پر رکھی اور فرمایا جبرائیل فرمان الٰہی کیا ہے؟ انہوں نے عرض کی کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اگر میں اس سورہ کو پہلے پیغمبروں کے عہد میں نازل کرتا تو اس کی برکت سے ان کا ایک بھی گناہ گار نہ ہوتا اور اس کی برکت سے ان سب کو بخش دیتا پس جو بندہ خدا آپ ﷺ کی امت میں سے اس کو فریضہ نماز کے بعد پڑھے گا اسے ہر حرف کے بدلے ایک لاکھ نیکی عطا ہوگی اور اسی قدر گناہ اس کے نامہ اعمال سے مٹا دیئے جائیں گے اور آپ ﷺ کے ساتھ جنت میں داخل ہوگا۔ اس سورہ کے پڑھنے والے کو جنت میں ہزار محل سبز زمرد کے بنے ہوئے ملیں گے جن میں ہر ایک میں ہزار ہزار چھوٹے محل ہوں گے اور جن میں ہزار ہا حوریں ہوں گی۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے میرے امتیو! تم اس سورۃ کو اپنا ورد مقرر کر لو اور اسے ہر روز دس مرتبہ پڑھا کرو۔ جو ہر روز اسے دس مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے برے آدمیوں اور آفات کے شر سے محفوظ رکھے گا اور ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی پناہ میں ہوگا اور اس سورہ کی برکت سے اسے کسی قسم کی تکلیف نہیں پہنچے گی اور جو کسی کام کے لئے اسے پڑھے گا وہ مہم سرانجام ہوگی اور اس سورہ کا ثواب اگر اہل آسمان اور اہل زمین لکھنے لگیں تو بھی نہیں لکھ سکتے۔ (ہشت بہشت ص ۵۰۷)

عادت بد چھڑوانے کا روحانی عمل

محترم حکیم صاحب آپ کے حکم کی بجا آوری کرتے ہوئے اپنے دو آزمودہ عمل تحریر کر رہا ہوں میں نے جن کو بھی یہ عمل دیا ان کو اس عمل سے مستفیض پایا۔

1۔ اگر کوئی عامل صبح سویرے بیدار ہو کر پاک صاف ہو کر فجر کی اذان سے پہلے 19 مرتبہ سورہ لہب پڑھ کر شخص کا تصور کر کے دم کرے گا انشاءاللہ 21 دن میں وہ شخص شراب، زنا، چرس اور عادت بد سے چھٹکارا پائے گا۔

2۔ ان برائیوں کا عادی والا شخص جب رات گہری نیند سو جائے اس کے قریب سرہانے کی طرف کھڑے ہو کر سورۃ المائدہ کی آیت ۹۰



دور جدید کے بڑھتے امراض میں بلڈ پریشر صف اول میں کھڑا نظر آتا ہے۔ جیسے جیسے دماغی الجھنیں اور پریشانیاں بڑھتی جا رہی ہیں یہ بیماری بھی بڑھتی جا رہی ہے۔ زیر نظر کتاب اس مرض کی تشخیص علاج اور احتیاط پر بہترین تحقیق ہے۔

یَاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّیْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ

ایک مرتبہ اتنی آواز سے پڑھیں کہ سونے والے کی نیند خراب نہ ہو۔ چالیس روز کے اس عمل سے انشاءاللہ عادت بد سے نجات مل جاتی ہے اور اس کے ساتھ دن میں رات میں جب بھی اور جتنی مرتبہ پانی پئیں اس پر تین مرتبہ قُلْنَا یٰنَارُ كُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا۔ پڑھ کر دم کر کے پئیں۔ نشے کی ضمن میں نشے کی عادت سے نجات کیلئے یہ طبی ٹوٹکہ بھی مفید ثابت ہوسکتا ہے' جئی کا چھلکا اتار دیں اور اسے اوکھلی میں کوٹ کر صبح دوپہر اور شام دس دس گرام پانی میں جوش دے کر پئیں آپ کی دعاؤں کا طلب گار۔

وظیفہ اور غیبی مدد

میں نے عبقری میں محترم سبحان اللہ صاحب کا دیا ہوا یہ وظیفہ پڑھا۔ ''اول وآخر تین بار درود شریف' ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور تین مرتبہ سورہ اخلاص'' اس وظیفہ کا ذکر حکیم صاحب نے ایک دفعہ اپنے درس میں بھی فرمایا تھا۔ عبقری میں پڑھنے سے اور حکیم صاحب کے بتانے پر میں نے یہ وظیفہ کئی دفعہ آزمایا ہے اور مجھے اس سے بہت فیض ہوا۔ یہ وظیفہ پڑھنے سے میں نے جو بھی دعائیں مانگیں، الحمدللہ وہ فوراً قبول ہوئیں۔ ایک دفعہ میری فیس کا بندوبست نہیں ہورہا تھا اور ہم بہت پریشان تھے۔ میری والدہ نے کہا کہ یہ وظیفہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگو چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا تو اللہ تعالیٰ کی مدد سے پیسوں کا بندوبست فوراً ہوگیا۔

میں نے اپنے امتحانوں میں بھی یہی وظیفہ پڑھا اور اللہ تعالیٰ سے غیبی مدد کی۔ دعا مانگی یقین مانیے کہ مجھے پیپر کے دوران ایسا لگا جیسے میری واقعی ہی اللہ تعالیٰ غیبی مدد کررہے ہیں اور میرا رزلٹ بہت اچھا آیا۔ اس کے بعد میرا یقین اور زیادہ پختہ ہوگیا۔ میں نے اپنی جن دوستوں کو اس وظیفے کا بتایا انہوں نے بھی اس کو پڑھا اور فیض پایا۔

حروف مقطعات کے ہوشربا کمالات

حروف مقطعات نورانیات یہ ہیں جس کی ان کو سمجھ آ گئی سمجھو ہدایت مل گئی الٓمٓ الٓر كٓهٰیٰعٓصٓ طٰهٰ طٰسٓ یٰسٓ صٓ قٓ نٓ جو شخص ان کو ترتیب الٰہی کے ساتھ یعنی اس طرح سے الٓمٓ الٓر كٓهٰیٰعٓصٓ طٰهٰ طٰسٓ یٰسٓ صٓ قٓ چاندی کی انگوٹھی پر نقش کرے اور اعمال صالحہ اختیار کرے اس کی تمام حاجتیں پوری ہوں گی اور عجائب لطف الٰہی جو بیان سے باہر ہے ملاحظہ کرے گا۔ اللہ تعالیٰ توفیق دینے والا ہے۔

شیخ ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ان حروف کے خواص بارہا ہم نے دیکھے ہیں۔ بعض اہل علم فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت امام عبدالرحمن بن عوف زہری رحمۃ اللہ علیہ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی چند سطریں دیکھی ہیں کہ وہ ان حروف کو ہر ایک مال واسباب کی حفاظت کے واسطے لکھا کرتے تھے۔

''اے اللہ حفاظت کر آل محمد کے وسیلے سے اور ساتھ الٓمٓصٓ اور كٓهٰیٰعٓصٓ اور حٰمٓ عٓسٓقٓ نٓ قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ"

حضرت امام کمال رحمۃ اللہ علیہ جب دریا دجلہ میں سوار ہوتے تو ان حروف کو جو اوائل سطور میں ہیں پڑھتے کسی نے ان سے اس کا سبب دریافت کیا تو فرمایا ''میں جس چیز پر ان کو پڑھتا ہوں یا لکھتا ہوں خشکی یا تری میں وہ محفوظ رہتی ہے اور غرق یا تلف ہونے سے بچ جاتی ہے''۔ بعض علماء جب دریا کے سفر کا ارادہ کرتے تو ٹھیکری یا کاغذ پر ان حروف کو لکھ کر اپنے ساتھ رکھ لیتے۔ جب دریا کا طوفان شروع ہوتا اس کاغذ کو اس میں ڈال دیتے طوفان ختم ہوجاتا اور بعض صالحین سفر میں ان کو اپنے ساتھ رکھا کرتے تھے کسی نے ان سے اس کا سبب دریافت کیا تو فرمایا کہ ان کی برکت ہم پر ظاہر ہوگئی ہے۔

☆ حفاظت کا عمل

ان کے سبب سے جان و مال محفوظ رہتی ہے اور رزق کشادہ ہوتا ہے اور چور و دشمن، درندوں اور حشرات سے میری حفاظت رہتی ہے یہاں تک کہ میں مکان کو واپس ہوتا ہوں ذکر ہے کہ کسی بزرگ کی لڑکی نے سوتے سوتے اٹھ کر کسی جگہ پیشاب کر دیا جو پیشاب کی جگہ نہ تھی اس وقت ایک جن اس کو چمٹ گیا اور لڑکی بیہوش ہو گئی۔

ان بزرگ نے اٹھ کر یہ الفاظ پکار کر پڑھے حٰمٓعٓسٓقٓ نٓ وَالۡقَلَمِ وَمَا یَسۡطُرُوۡن ان کے پڑھتے ہی وہ جن بھاگ گیا اور پھر نہ آیا۔ جو شخص ان حروف نورانیہ کو چاندی کی گول تختی برج ثور کے طالع میں جب کہ قمر بھی اس میں نقش کر کے اپنے پاس رکھے بہت نفع حاصل ہو۔ حضرت امیر المومنین امام علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں واقعہ بدر سے ایک روز پہلے میری حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات ہوئی میں نے ان سے کہا مجھ کو کوئی ایسی دعا فرمایئے جس سے میں دشمنوں پر غالب ہوں۔ حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا یہ دعا پڑھو۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ بِحَقِّ الٓمٓ والٓمٓ والٓمٓصٓ والٓرٰ والٓمٓرٰ و كٓهٰیٰعٓصٓ و طٰهٰ وطٰسٓمٓ ویٰسٓ وصٓ وحٰمٓ وحٰمٓ و حٰمٓعٓسٓقٓ و حٰمٓ وحٰمٓ وحٰمٓ وقٓ ونٓ یَامَنۡ هُوَ هُوَ یَامَنۡ لَّا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اغۡفِرۡلِیۡ وَانۡصُرۡنِیۡ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ

كٓهٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ 5 بار لکھتے ہیں پھر دعا پڑھی جاتی ہے۔ اَللّٰهُمَّ یَاهَادِیُ یَا كَرِیۡمُ یَاعَلِیۡمُ یَابَاقِیۡ یَااِلٰهِیۡ اَقۡضِ حَاجَتِیۡ اور اپنی حاجت کا نام لے دنیاوی ہو یا دینی پوری ہو گی لیکن كٓهٰیٰعٓصٓ میں ایک راز پوشیدہ ہے کاف کافی ہے اور ہادی اور باری سے اور عین علیم اور صاد صادق سے اسی طرح عبداللہ بن عمرؓ اور عبداللہ بن عباسؓ اس طرح دعا کیا کرتے تھے۔

یَاكَافِیُ یَابَارِئُ یَاهَادِیُ یَاعَلِیۡمُ یَاصَادِقُ اِفۡعَلۡ لِیۡ كَذَا وَ كَذَا اور بعض کہتے ہیں اسم اعظم یہی ہے۔

تکلیف سے نجات کیلئے

اکثر مشائخ عظام کا کہنا ہے کہ ماہ صفر کے آخری چہار شنبہ کے روز طلوع آفتاب کے وقت باوضو حالت میں یہ تعویذ لکھے: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ الٓمٓ۔ الٓمٓصٓ۔ طٰهٰ۔ طٰسٓمٓ۔ یٰسٓ۔ صٓ۔ حٰمٓ۔ عٓسٓقٓ۔ قٓ۔ نٓ تعویذ لکھنے کے بعد پانی گھول دے اور اس میں سات مرتبہ چاندی کا چھلا بجھائے۔

اس کے بعد اگر حاملہ عورت اس کو دردزہ کے وقت اپنے کمر سے باندھے تو اسے درد کی شدت میں کمی ہو گی اور وہ بہت جلد فراغت حاصل کرے گی۔ اگر یہ چھلا بواسیر کا مریض اپنے بائیں ہاتھ کی چھنگلیا میں پہنے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کا مرض رفع ہو گا۔ اللہ تعالیٰ اسے شفائے کاملہ سے نوازے گا۔ نہایت مجرب عمل ہے۔

شہد
330 گرام
قیمت
240.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
شہد امراض زنانہ و مردانہ کیلئے نہایت مفید قدرتی دوا ہے
خالص شہد کے متلاشی متوجہ ہوں!

آیات شفا

امامِ طریقت ابوالقاسم قشیریؒ سے منقول ہے وہ فرماتے ہیں کہ ان کا بچہ بیمار ہوگیا۔ اس کی بیماری اتنی سخت ہوگئی کہ قریب المرگ ہوگیا' وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ کو خواب میں دیکھا اور حضورؐ کی خدمت میں بچہ کا حال عرض کیا۔ حضورؐ نے فرمایا تم آیاتِ شفاء سے کیوں دور رہتے ہو کیوں ان سے تمسک نہیں کرتے اور شفاء نہیں مانگتے' میں بیدار ہوا اور غور کیا تو قرآن پاک میں چھ جگہ آیات شفاء کو پایا وہ یہ ہیں۔

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ہ ''اور اللہ تعالیٰ شفاء دیتا ہے مومنین کے سینوں کو''۔

وَشِفَآءٌ لِّمَا فِيْ الصُّدُوْرِ ہ ''سینوں میں جو تکلیف ہے ان سے شفاء دے۔''

يُخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ہ "ان کے پیٹ میں سے نکلتی ہے پینے والی چیز جن کے رنگ مختلف ہوتے ہیں لوگوں کیلئے ان میں شفاء ہے"۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ہ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّ شِفَآءٌ ہ "فرما دیجئے آپ کہ مومنین کیلئے یہ ہدایت اور شفاء ہے"۔ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ

''اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی مجھے شفاء دیتا ہے''۔ میں نے ان آیات کو لکھا اور گھول کر بچے کو پلا دیا وہ بچہ اسی وقت شفاء پا گیا گویا اس کے پاؤں سے گرہ کھول دی گئی ہو۔

کالے جادو سے نجات کا یقینی علاج

اپنا ہاتھ مریض کے سر پر رکھ لیں اور ترتیل کے ساتھ اس کے کانوں میں ان آیات کی تلاوت کریں:

۔سورۃ الفاتحہ (مکمل)

۲۔ سورۃ البقرہ کی ابتدائی پانچ آیات

۳۔ سورۃ البقرہ آیت 102 بار بار پڑھیں۔

۴۔ سورۃ البقرہ کی آیات 163 تا 164

۵۔ آیت الکرسی

۶۔ سورۃ البقرہ کی آخری دو آیات

۷۔ سورۃ آل عمران کی آیات 18 تا 19

۸۔ سورۃ الاعراف کی آیات 54 تا 56

۹۔ سورۃ الاعراف کی آیت 117 تا 122 ...... ان آیات کو بار بار پڑھیں خاص طور پر یہ آیت (وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سَاجِدِيْنَ)

۱۰۔ سورۂ یونس کی آیت 81 تا 82 انہیں بھی بار بار پڑھیں' خاص کر اللہ کا یہ فرمان (اِنَّ اللهَ سَيُبْطِلُهٗ)

۱۱۔ سورۂ طٰہٰ کی آیت 69 سے بھی بار بار پڑھیں۔

۱۲۔ سورۃ المومنون کی آخری چار آیات۔

۱۳۔ سورۃ الصافات کی ابتدائی دس آیات

۱۴۔ سورۃ الاحقاف کی آیت 29 تا 33۔

۱۵۔ سورۃ الرحمن کی آیت 33 تا 36۔

۱۶۔ سورۃ الحشر کی آخری چار آیات

۱۷۔ سورۃ الجن کی ابتدائی 9 آیات۔

۱۸۔ سورۂ اخلاص (مکمل)   ۱۹۔ سورۃ الفلق (مکمل)

۲۰۔ سورۃ الناس (مکمل)

یادر ہے کہ مذکورہ آیات اور سورتوں سے پہلے
اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ مِنْ هَمْزِهٖ وَنَفْخِهٖ وَنَفْثِهٖ اور (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) ضرور پڑھیں۔

کالے جادو سے نجات کے لئے

یہ عمل بعداز مغرب کم از کم سات یا گیارہ دن کیا جائے۔
(i) الٰہی جو کچھ کسی نے ہم پر کر رکھا ہے وہ باہر گلی میں گر جائے یہ کہہ کر سورۃ کوثر گیارہ بار پڑھیں۔
(ii) الٰہی جو کچھ باہر گلی میں گرا ہے وہ جل جائے یہ کہہ کر سورۃ فلق گیارہ بار پڑھیں۔
(iii) الٰہی جو کچھ باہر گر کر جلا ہے اس کی راکھ کسی دریا میں چلی جائے یہ کہہ کر سورۃ الناس گیارہ بار پڑھیں۔ (نماز پنجگانہ کی پابندی شرط اول ہے) (جتنے دن یہ عمل کیا جائے اتنے ہی دن عمل نمبر 2 پڑھا جائے)
2۔ سورۃ البقرہ کی آیت نمبر 35 قُلْنَا یٰۤاٰدَمُ اسْكُنْ ...... اول و آخر درود شریف تین تین بار صبح و شام پڑھیں۔

جنات سے حفاظت اور برکت کے لئے

سورۃ جن (پارہ نمبر 29) 3 بار اور سورۃ مزمل (پارہ نمبر 29) 3 بار پڑھ کر 4 اگربتی کے ڈبوں پر دم کریں اور روزانہ بعد نمازِ مغرب گھر میں اور صبح دکان میں 4 عدد جلائیں۔ انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ جنات سے حفاظت اور رزق میں اپنی شایان شان اضافہ فرمائیں گے۔

نماز حاجت کی برکت سے قید سے رہائی

1985ء کی بات ہے کہ میں ان دنوں الریاض سعودیہ عرب میں رہتا تھا کہ ایک دن بعد نماز عشاء میرا ایک دوست میرے پاس آ گیا کہ میں نے جن لوگوں کے ہاں اپنی بچی کا نکاح کیا ہوا ہے ان کی بڑی بہو کو دورے پڑتے ہیں اور ڈیڑھ ماہ ہوا ہے نکاح کو اور مہینہ ہوا ہے یہاں پر آئی کو اور جب سے یہاں پر آئی ہے ایسے ہی بیہوشی کے دورے پڑ رہے ہیں اور آج بھی صبح سے بیہوش ہے۔ آپ ہمارے ساتھ چلیں۔

یہ کتاب مسلمانوں اور غیرمسلموں کے درمیان رواداری اور باہمی تعلق کو سامنے لانے کی ادنیٰ سی کوشش ہے۔ آیئے! اس مشن میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے ساتھی بنیں اور عالمی مرکز روحانیت و امن کے اس پیغام کو دنیا بھر میں عام کریں۔


غیرمسلموں کی عبادت گاہیں
اُن کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں
تالیف
شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

میں نے جانے سے انکار کردیا کہ یہاں سعودیہ عرب میں ہر قسم کے علاج اور تعویذات اور دم جھاڑے پر سوائے ایک دو عالم دین کے سخت پابندی ہے۔ تعویذات وہ بھی نہیں دیتے۔ لہٰذا میں معذرت چاہتا ہوں۔ اس نے ایک اور دوست کے ذریعے سفارش کرائی کہ ہماری بچی کا ادھر نکاح ہوا ہے۔ خطرے والی بات نہیں ہے۔ مجبوراً مجھے ان کیساتھ جانا پڑا۔ جاکر میں نے دیکھا کہ واقعی مریضہ بیہوش پڑی تھی میں نے منزل کے نام سے مشہور آیات پڑھ کر پانی پر دم کیا مریضہ پر چھینٹے مارے مریضہ ہوش میں آ گئی۔

تفصیلی گفتگو کے بعد میں نے مزید پانی دم کر کے پینے کے لیے دیا اور کچھ آیات قرآنیہ لکھ کر گلے میں ڈالنے کے لیے دے دیں اور مریضہ کو اس کے خاوند اور دیگر سب گھر والوں کو نماز ذکر اور قرآن کے پڑھنے کی تلقین کی جس پر سب گھر والوں نے پابندی شروع کردی اور مریضہ دو ڈھائی ماہ میں اللہ کے فضل وکرم سے مکمل صحتمند اور آسیبی اثرات سے محفوظ ہوگئی۔ اس کے چند ماہ بعد میرے اسی دوست جن کی بچی کا نکاح ہوا تھا۔ ان کو معلوم ہوا کہ یہ لوگ یعنی لڑکے والے کردار کے ٹھیک نہیں ہیں۔ ان کی عورتیں اپنے کفیل جو عربی تھے کے ساتھ اکیلی پندرہ پندرہ اور مہینہ مہینہ بھر کیلئے ایک شہر سے دوسرے شہر طائف، مکہ، تبوک وغیرہ آتی جاتی رہتی ہیں اور مرد حضرات گھر میں ہی رہتے ہیں۔

میرے دوست کو جب اس بات کا علم ہوا تو انہوں نے لڑکے کے والدین سے اسی سلسلے میں گفتگو کرنے کے بعد طلاق کا مطالبہ کردیا کیونکہ ان کی بچی کی ابھی تک رخصتی نہیں ہوئی تھی۔ لڑکے اور اس کے والدین نے طلاق دینے سے انکار کردیا۔ دوست نے آخر عدالت سے رجوع کیا۔ عدالت نے لڑکے کے وارنٹ جاری کردیئے تو لڑکا اور اس کے گھر والے میرے پاس آئے آپ ہماری صلح کروادیں میں نے کہا میں دوست سے بات کرتا ہوں ان کا موقف جاننے کے بعد ہی میں آپ لوگوں سے بات کروں گا کہ صلح ہوسکتی ہے کہ نہیں؟ میں نے اپنے دوست سے اس سلسلہ میں بات کی تو دوست نے کہا مجھے معلوم ہوا ہے کہ ان لوگوں کا کردار اچھا نہیں ہے اور مجھے اس بات کے ثبوت بھی مل گئے ہیں۔ اس لیے میں ایسے لوگوں میں اپنی بچی ہرگز بیاہ نہیں سکتا۔ میں نے لڑکے والوں کو دوست کے ارادہ سے آگاہ کردیا۔ مگر لڑکے والے میری منت کرنے لگے ہم ان کی ہر بات ماننے کے لیے تیار ہیں۔ لڑکے نے کہا کہ میں زہر کھالوں گا مر جاؤں گا میں طلاق ہرگز نہیں دوں گا۔

قاضی عدالت میں بھی مجھے طلاق کے لیے کہے گا تو نہیں دوں گا۔ چاہے مجھے قاضی سزا بھی سنادے۔ لڑکے کے والدین اور بہنوئی مال دار تھے۔ انہوں نے مجھے لالچ دی کہ اگر آپ ہماری کسی طرح صلح کروادیں تو ہم آپ کو سونے کے تاج سونے' چاندی اور ہیروں کے وزن کے ساتھ آپ کو تول دیں گے وغیرہ وغیرہ مگر میں نے انہیں صاف صاف کہہ دیا کہ آپ مجھے سونے چاندی اور ہیروں کا لالچ نہ دیں میں لالچی انسان نہیں ہوں اور نہ ہی میں اپنی وفاداری غداری میں بدل سکتا ہوں۔

بس اس بات سے وہ مجھ سے ناراض ہوکر چلے گئے اور جاکر میرے خلاف شرطہ خانہ (تھانے) میں رپٹ لکھوادی کہ میں یہاں سعودیہ میں جادو ٹونہ کرتا ہوں اور جو میں نے ان کی مریضہ کو گلے کے لیے تعویذ وغیرہ دیا ہوا تھا ثبوت کے لیے انہوں نے تھانے پیش کردیا۔ پولیس مجھے پکڑ کر لے گئی اور مجھے تھانے میں بند کردیا اور تفتیش شروع کردی۔ مجھ سے پوچھا گیا کہ کیا آپ جادو ٹونہ کرتے ہیں۔

میں نے کہا کہ میں اسے حرام سمجھتا ہوں۔ اس کے بعد میرے گھر چھاپا مارا کہ شاید کوئی تعویذات کی کتاب وغیرہ مل جائے کوئی کتاب یا نقش تو نہ ملا۔ البتہ میرے رومیٹ کے سامان سے ایک دیسی دوائی اور ایک پتھر اور کچھ داڑھی کے بال تھے وہ انہوں نے اٹھالیے اور وہ بھی جادو کے سامان میں شامل کر کے مجھے جیل بھیج دیا گیا۔ جیل پہنچا تو لوگوں سے معلوم ہوا کہ اس چیز کی یہاں پر سخت ممانعت اور سزا ہے اگر کسی سے کوئی نقش یا تعویذ وغیرہ مل جائے تو اسکی سزا دو اڑھائی سال قید بمع کوڑوں ہے اور کوڑے بھی ڈیڑھ دو سو سے لے کر آٹھ سو ہزار تک ہوسکتے ہیں حتیٰ کہ اگر کسی کی جیب سے کوئی الگ آیت کا ٹکڑا لکھا ہوا بھی برآمد ہوجائے جیسے بسم اللہ شریف یا آیت الکرسی، سورۃ فاتحہ وغیرہ یا کسی اور آیت کا ٹکڑا بھی مل جائے تو اس کی بھی معافی نہیں ہے۔ وہ بھی (شعوزہ) جادو ٹونہ کے زمرے میں لیتے ہیں اور اسکی بھی سزا سال سے کم نہیں ہوتی اور

پھر کوڑوں کی سزا کے ساتھ ملک بدری بھی کرتے ہیں جیل پہنچا تو معلوم ہوا کہ میرے سے ہفتہ پہلے ایک شخص سوریا یعنی سوریا کا رہنے والا تھا۔ اس کو جادوٹونہ کی سزا میں پھانسی دی گئی تھی (رائل فیملی کے شیخ کو اس کے ساتھ کوئی ذاتی رنجش تھی۔ انہوں نے اس کے گھر کسی طریقے سے تعویذات کی کتابیں چھپا کر اسے پھنسادیا تھا جس کی بنا پر اس صوری کو پھانسی ملی) اور اسی کمرے میں مجھے بھی رکھا گیا جس کی وجہ سے خوف زدہ ہوگیا کہ نہ معلوم میری سزا کیا ہو؟ ان اڑھائی ماہ کے دوران میرے کیس والے 35 آدمی اور جیل میں آ گئے۔ کسی کے پاس سے آیت الکرسی ملی تھی اور کسی کے پاس سے بسم اللہ الرحمن الرحیم کا کاغذ ملا تھا خیر اللہ اللہ کر کے تین ماہ کے بعد عدالت میں میری پیشی ہوئی۔ قاضی نے بیان لیا۔

میں نے بیان دیا کہ میں جادوٹونہ کو حرام سمجھتا ہوں اور نہ ہی میں کرتا ہوں، یہ ثبوت سب غلط ہیں مگر قاضی نے کہا کہ آپ کے خلاف ثبوت مضبوط ہیں اس لیے اگلی پیشی پر سزا سنائی جائے گی۔ یہ سن کر مجھے اور زیادہ پریشانی' ڈر' خوف لگ گیا کہ نجانے کیا سزا ہو۔ آخر ایک دن مجھے اپنے شیخ کا قول یاد آیا کہ ہر قسم کی پریشانی اور مصیبت کے دفع کے لیے اول و آخر درود شریف 100+100 بار اور درمیان میں دعائے یونس لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ 500 بار پڑھی جائے اور اس کے ساتھ حَسْبُنَا اللہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ 500 بار پڑھا جائے تو اللہ کریم پریشانیوں اور مصائب سے نجات عطا فرمادیتے ہیں اور شاہ ولی اللہ کی قول الجمیل میں لکھی ہوئی صلوٰۃ الحاجت نماز یاد آئی کہ ہر قسم کی حاجات مشکلہ کی آسانی کے لیے چار رکعت نماز اس طرح پڑھی جائے کہ۔۔۔۔۔۔

پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ 100 بار
دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ 100 بار
تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللہِ اِنَّ اللہَ بَصِیْرٌ م بِالْعِبَادْ 100 بار
چوتھی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد حَسْبُنَا اللہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ 100 بار پڑھے پھر سلام پھیر کر رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ 100 بار پڑھ کر دفع مشکلات' تکمیل ارادہ کیلئے دل سے دعا مانگی جائے۔

میں نے یہ نماز حاجت تہجد کی نماز کے وقت پابندی سے پڑھنا شروع کردی اور اپنے شیخ حضرت العلامہ اللہ یار خانؒ کا وظیفہ آیت کریمہ کے ساتھ حسبنا اللہ کا عصر کے وقت پڑھنا پابندی سے شروع کردیا اور تہجد میں صلوٰۃ حاجت پڑھ کر پابندی سے یہ دعا کرتا کہ یااللہ مجھے اس جیل سے باعزت بری فرمادے۔ یااللہ مجھے کوڑوں کی سزا سے بچا کیونکہ میرے سامنے 35 آدمی تعویذ یا نقش ملنے کی وجہ سے جیل میں آئے ان سب کو سزا کے حکم ہوچکے تھے اور کوڑوں کی بھی سزا کا حکم ہوچکا تھا۔ ان حضرات کو دیکھ کر مجھے خوف تھا کہ کہیں مجھے بھی ایسی سزا نہ ملے۔

اس لیے نماز حاجت کے بعد میں صرف یہی دعا کیا کرتا تھا کہ ایک دن اچانک فجر کی نماز کے بعد مجھے بلوالیا

فشاری
فشاری
FASHARI
قیمت
200.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
ہائی بلڈ پریشر کا آزمودہ علاج
کیل مہاسوں، دانوں اور الرجی کا مکمل خاتمہ

گیا۔ مجھے گاڑی میں بٹھا کر شرطہ خانہ (تھانے) میں لے جا کر بٹھا دیا گیا اور کہا گیا کہ اپنے کفیل کو فون کرو کہ وہ آپ کو ضمانت دے کر لے جائے میری خوشی کی انتہا نہ رہی مگر میں کفیل کا فون نمبر بھول چکا تھا بالکل یاد نہیں آ رہا تھا۔ سارا دن نمبر یاد کرنے میں گزر گیا مگر نمبر یاد نہ آیا۔ رات کو ایک پولیس آفیسر نے آ کر کہا کہ اگر دو دن کے اندر اندر کفیل آ کر آپ کو لے گیا تو ٹھیک ہے ورنہ پھر جیل بھیج دیا جائے گا۔ میں پھر پریشان ہو گیا کہ پھر تہجد کو نماز حاجت کے بعد دعا کی۔ دن کے وقت ایک شخص انور نام کا ملاقات کے لیے آ گیا۔ شرطے نے ملاقات کروائی۔ انور نے مجھ سے پوچھا کہ آپ کا نام ہی عبدالرحمن ہے۔ میں نے کہا ہاں میرا نام ہی عبدالرحمن ہے۔ اس نے کہا کہ میں آپ کی ضمانت دینے کے لیے آیا ہوں۔ میں نے کہا کہ آپ کون ہیں آپ کو کس نے بھیجا ہے حالانکہ میں نے ابھی تک کسی کو بھی نہیں کہا اور نہ ہی میں آپ کو جانتا ہوں، اس نے کہا کہ آپ اس بات کو چھوڑ دیں۔ بس آپ میرے ساتھ آفیسر کے کمرے میں چلیں۔ شرطے نے دروازہ کھولا۔ میں ان کے ساتھ آفیسر کے کمرے میں چلا گیا۔

وہاں انور صاحب نے میری ضمانت دے کر مجھے رہا کرا دیا اور باہر آ کر مجھے ایک سو ریال دے کر کہا کہ اب آپ اپنے گھر جا سکتے ہیں۔ میں ٹیکسی میں بیٹھ کر سیدھا دوست کے گھر پہنچا، وہ اور ان کے رومیٹ اچانک دیکھ کر حیران رہ گئے کہ آپ کیسے چھوٹ گئے آپ کا کیس چھوٹنے والا نہیں تھا۔ میں نے کہا کہ اللہ کریم نے صلوٰۃ حاجت کی برکت سے کرم فرماتے ہوئے غیب سے قید کی رہائی کا سامان پیدا فرما دیا جس کی وجہ سے میں آج آپ حضرات میں باعزت بری ہو کر واپس آ گیا ہوں اور پھر فوراً سجدہ شکر ادا کیا کہ اللہ تو نے میری دعا قبول فرما کر احسان عظیم فرمایا کہ بغیر سزا اور ملک بدری کے باعزت رہائی نصیب فرمائی اور یہ کلمات طیبات اور نماز حاجت کی برکت سے ہوا۔

حب کا عمل

جائز محبت کے لئے اپنا نام مع والد کے نام اور مطلوب کا نام مع اس کی والدہ کے لکھیں اور ذیل کی تین آیتوں کی تکسیر کریں اور اپنے بازو پر باندھ لیں دونوں میں اس قدر محبت ہو جائے گی کہ ایک دوسرے کی ملاقات کے بغیر آرام نہ ہوگا۔

"وَاَلَّفَ بَيۡنَ قُلُوۡبِهِمۡ لَوۡ اَنۡفَقۡتَ مَا فِى الۡاَرۡضِ جَمِيۡعًا مَّاۤ اَلَّفۡتَ بَيۡنَ قُلُوۡبِهِمۡ وَلٰـكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيۡنَهُمۡ اِنَّهٗ عَزِيۡزٌ حَكِيۡمٌ ۝ (انفال 63)

عَسَى اللّٰهُ اَنۡ يَّجۡعَلَ بَيۡنَكُمۡ وَبَيۡنَ الَّذِيۡنَ عَادَيۡتُمۡ مِّنۡهُمۡ مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِيۡرٌ وَاللّٰهُ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ (ممتحنہ 7)

وَمِنَ النَّاسِ مَنۡ يَّتَّخِذُ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اَنۡدَادًا يُّحِبُّوۡنَهُمۡ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ (قرہ 165)

اسم اعظم

"وَاِلٰهُكُمۡ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِيۡمُ۔

"اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الۡحَـىُّ الۡقَيُّوۡمُ"

(ترجمہ: ہمارا اللہ اور معبود صرف ایک ہے۔ اس کے سوا عبادت کے کوئی بھی لائق نہیں۔ وہ مہربانی کرنے اور رحم کرنے والا ہے۔ ہمارا اللہ ہی صرف عبادت کے لائق ہے۔ وہ زندہ اور تھام لینے ہے۔

ناسور کیلئے خاص عمل

آج میں آپ کو اپنا ذاتی مشاہدہ لکھ رہا ہوں میرے والد صاحب کو بہت خطرناک ناسور تھا جو کہ کولہے کہ قریب چار یا پانچ انچ گہرا تھا دو دفعہ آپریشن کروایا مگر کچھ مہینوں کے بعد دوبارہ خون رسنا شروع ہو جاتا تھا ڈاکٹر نے کہا یہ بھگندر (فسچولا) ہے بہر حال ہر وقت میرے والد کے پاجامے میں خون لگا نظر آتا تھا۔

میرا بہت دل دکھتا تھا پھر ایک دن عبقری میں اس کا علاج نظر آ گیا دل کو بہت تسلی ہوئی وہ علاج بہت آسان تھا مگر جب سے ابو نے شروع کیا اللہ کا کرم ہوا بھگندر کا نام ونشان تک نہ رہا صرف 2 ماہ میں بالکل بند ہو گیا ورنہ ہم تو مایوس ہو چکے تھے۔ تیسرا آپریشن کرانے کے ہمارے پاس پیسے نہیں تھے۔ وہ طریقہ یہ تھا کہ عشاء کے وتر ایک خاص ترکیب سے پڑھنے تھے۔ وتر کی پہلی رکعت میں سورۂ نصر، دوسری رکعت میں سورۂ لہب اور تیسری رکعت میں سورۂ اخلاص پڑھنے سے میرے والد کا بھگندر بالکل صحیح ہو گیا۔

لاعلاج جادو کے لئے

لاعلاج جادو سے نجات کیلئے یہ عمل ایسا تیر بہدف کہ اب تک ڈھیروں گھرانے اس عمل کی برکت سے سکون چین کی زندگی گزار رہے ہیں۔ عمل یہ ہے............

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
فَلَمَّاۤ اَلۡقَوۡا قَالَ مُوۡسٰی مَا جِئۡتُمۡ بِہِ السِّحۡرُ ط اِنَّ اللّٰہَ سَیُبۡطِلُہٗ ط اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصۡلِحُ عَمَلَ الۡمُفۡسِدِیۡنَ o وَ یُحِقُّ اللّٰہُ الۡحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ وَلَوۡ کَرِہَ الۡمُجۡرِمُوۡنَ (81-82، یونس)
فَوَقَعَ الۡحَقُّ وَ بَطَلَ مَا کَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ o فَغُلِبُوۡا ہُنَالِکَ وَانۡقَلَبُوۡا صٰغِرِیۡنَ o وَاُلۡقِیَ السَّحَرَۃُ سٰجِدِیۡنَ o قَالُوۡۤا اٰمَنَّا بِرَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ o رَبِّ مُوۡسٰی وَ ہٰرُوۡنَ (سورۃ اعراف پارہ نمبر 7 آیت 118 تا 122)
اِنَّمَا صَنَعُوۡا کَیۡدُ سٰحِرٍ ط وَلَا یُفۡلِحُ السَّاحِرُ حَیۡثُ اَتٰی (طٰہٰ 29)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ o مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ o وَ مِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ o وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ o وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ o

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ o مَلِکِ النَّاسِ o اِلٰہِ النَّاسِ o مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ الۡخَنَّاسِ o اَلَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ o مِنَ الۡجِنَّۃِ وَالنَّاسِ o

پہلے روز نیا برتن لے کر اس میں پانی بھر لیں۔ پھر اس میں مندرجہ بالا آیات گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں پھر اس میں سے تین گھونٹ پانی مریض کو پلائیں اور ایک بوتل میں کچھ پانی دن بھر پینے کے لئے لے لیں، باقی ماندہ پانی سے مریض کو نہلائیں، برتن پہلے روز نیا ہونا چاہئے۔ یہ عمل چالیس روز تک بلاناغہ ہونا چاہئے۔ (صفحہ نمبر 23، 24)

حیرت انگیز حافظہ ممکن ہے......! غصیان کو چھوڑ کر نسیان کا علاج ممکن ہوا ہے، اس کتاب میں دماغ اور حافظہ کے مسائل سے متعلق نادر موتی چھپے ہیں۔ یہ نادر نسخہ نہ صرف آپ کیلئے بلکہ آپ کی نسلوں کے حافظے اور تقویت کیلئے رہبر ثابت ہوگا۔

حیرت انگیز حافظہ ناممکن نہیں

جمع وترتیب
شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

رزق میں اضافہ

حصول غنا، روزی، رزق اور دولت میں اضافہ کیلئے سورہ فاتحہ ایک بار، سورہ الم نشرح تین بار اور سورہ قدر 11 بار پڑھیں۔ اول وآخر درود شریف 11,11 بار روزانہ پڑھیں انشاء اللہ رزق میں بے تحاشہ برکت ہوگی۔ کسی کا دل نہ دکھائیں۔ اپنے رزق سے چرند پرند، جانوروں اور انسانوں کو پالتے جائیں اللہ آپ کا رزق وسیع کردیگا۔ اپنے گھروں میں بچوں کے ساتھ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں درود وسلام پیش کرتے رہیں اس سے نہ صرف رزق میں اضافہ ہوگا بلکہ آپ کی جان ومال، عزت اور آبرو کا بھی تحفظ رہے گا۔۔

بواسیر کیلئے

بواسیر (PILES) کسی قسم کی ہو فجر کی سنتوں میں الحمد شریف کے بعد پہلی رکعت میں سورہ الم نشرح اور دوسری رکعت میں سورۃ الفیل پڑھیں۔ انشاء اللہ ٹھیک ہوجائے گی۔

آخری چھ سورتوں کا کمال

ایک مرتبہ موٹر سائیکل پر سفر کے دوران خزانہ نمبر دو پڑھتا رہتا ہوں ایک دفعہ گرومندر کے قریب ایکسیڈنٹ ہوگیا اللہ نے حفاظت فرمائی۔ بندہ بالکل محفوظ رہا۔ بھائی عادل کے والد صاحب فرماتے ہیں کہ میں بریگیڈیئر نیازی کے ہاں ڈرائیور تھا ایک دفعہ گاڑی سروس کروانے کیلئے مزار جناح کے پاس گاڑی کی سیٹ کے نیچے دیکھا تو وہاں پر 12 سو روپے رکھے ہوئے ملے۔ میں نے واپس آکر بیگم صاحبہ کو بتایا کہ اس طرح مجھے گاڑی کی سیٹ کے نیچے سے 12 سو روپے پڑے ہوئے ملے ہیں۔ یہ لیں بیگم صاحبہ بڑی حیران ہوئیں اور کہنے لگیں کہ میں روزانہ بسم اللہ پڑھتی ہوں۔ پھر مجھے 50 روپے انعام کے طور پر دیئے اس وقت میری مہینے کی تنخواہ پانچ سو روپے تھی۔ ایک دیگر بزرگ اپنا واقعہ سناتے ہیں کہ میں نے آیت الکرسی اور قرآن شریف کی آخری چھ سورتیں پڑھیں۔ رمضان المبارک کی دو تاریخ تھی۔ میں اور میرا بیٹا پیسے لیکر چلے سامنے ہی دو لٹیرے پسٹل لیے کھڑے تھے۔ اللہ نے ان کو ایسا اندھا کردیا کہ ہم ان کے درمیان سے عافیت سے گزر گئے۔

کلام پاک میں بے انتہا تاثیر

اللہ تعالیٰ نے اپنے نام اور اپنے کلام پاک میں بے انتہا تاثیر رکھی ہے یہ ساری کائنات اور کارخانہ قدرت اسی ذات کریم کے نام کی برکت سے قائم ودائم ہے۔ حدیث شریف میں اسی بات کو یوں بیان فرمایا گیا ہے۔ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک یہ حالت ہوجائے کہ اللہ اللہ نہ کیا جائے۔ قرآن مجید کی آیات طیبہ، احادیث مبارکہ اور اسمائے الٰہی پر مبنی تاثیر اور ان سے روحانی اور جسمانی علاج میں استفادہ ایسی محسوس اور روزمرہ کے مشاہدے میں آنے والی چیز ہے اگر انسان کا دل بالکل ہی مادہ پرستی کا شکار ہوکر روحانی اثرات سے عاری نہ ہوچکا ہو اس کا انکار ناممکن ہے خود قرآن مجید نے دو مقامات (سورۂ یونس آیت نمبر 157 سورۂ بنی اسرائیل آیت نمبر 80) پر اپنے آپ کو شفاء کہا ہے مفسرین کے مطابق یہ لفظ عام ہے اور اس کو روحانی شفاء کے ساتھ منتھی کرنا محض ایسا دعویٰ ہے جس کی کوئی دلیل نہیں بلاشبہ اصل شفاء بخشنے والی ذات تو اسی پروردگار عالم کی ہے۔

جس کے بارے میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا تھا ''اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی مجھے شفاء بخشتا ہے'' لیکن دنیا چونکہ اسباب کے ذریعے چل رہی ہے جس طرح دیگر مختلف نسخوں اور ادویات میں اللہ تعالیٰ نے شفاء رکھی ہے اسی طرح مختلف عملیات میں بھی یہ تاثیر اسباب کے درجے میں موجود ہے خود رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی احادیث شریف میں دم کرنا اور دوسروں کو اجازت مرحمت فرمانا ثابت ہے۔۔

☆سحر رفع ہونے کا طریقہ

حضرت مولانا رفع الدین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مسحور پر باوضو تین مرتبہ سورہ فاتحہ، تین مرتبہ سورۂ اخلاص اور تین مرتبہ معوذتین پڑھ کر دم کرتے تھے۔ لگاتار سات دن اس عمل کی برکت سے سحر رفع ہوجاتا تھا۔ (صفحہ نمبر 553)

☆سحر سے نجات کے لئے

جست کے ٹکڑے میں حروف مقطعات باوضو کندا کرا کر اسے کسی جگ میں ڈال دیں اور پانی بھر لیں پھر یہ پانی صبح وشام سحر زدہ کو پلائیں۔ انشاءاللہ 29 دن میں سحر سے نجات مل جائیگی۔

کرایہ دار سے مکان خالی کروانے کے لئے

جو کوئی اپنے کرایہ دار سے دکان یا مکان خالی کروانا چاہتا ہو یا کوئی ناجائز قابض ہوگیا ہو اور کسی بھی جائز طریقے سے خالی کرنے کو تیار نہ ہو تو ذیل کا عمل کرے۔

اس مقصد کیلئے قبلہ رخ کھڑے ہوکر بعد نماز مغرب اول آخر 11 بار درود پاک' 41 مرتبہ سورۃ فاتحہ' 41 مرتبہ سورۃ اخلاص اور 300 مرتبہ آیت کریمہ پڑھ کر اپنے ہاتھ دعا کے لیے بلند کرے کہ وہ سر سے اوپر ہوجائیں پھر اللہ سے انتہائی عاجزی سے دعا مانگے یہ عمل 11 دن تک کرے انشاءاللہ مراد پوری ہوگی۔

نوٹ: اس عمل کو ناجائز بالکل نہ کرے اور گیارہ روز سے زائد کرنے کی اجازت نہیں اگر گیارہ روز سے پہلے مقصد حاصل ہوجائے تو اس عمل کو اسی وقت روک دیں اور مقصد حاصل ہونے کے بعد حسب توفیق خیرات فقرا میں تقسیم کریں۔

ہیروئن کا نشہ چھڑانے اور زنا کاری کا علاج

جو کوئی ہیروئن کے نشہ میں غرق ہوکر گھر کی پونجی اور اپنی صحت برباد کر رہا ہو اور کسی بھی طریقہ سے باز نہ آتا ہو تو ذیل کا عمل کریں۔ انشاءاللہ لعنت بد سے شفاء ملے گی۔ ہفتے میں تین دن یعنی جمعرات' جمعہ اور پیر کو یہ عمل کرے۔

ان دنوں کی راتوں کو کسی مٹھائی یا پانی پر ذیل کی سورۂ مبارکہ پڑھ کر دم کریں اور نشئی کو اس وقت کھلائیں یا پلائیں جس وقت اس کا نشہ ٹوٹ چکا ہو اس کے علاوہ سورۂ فاتحہ 7 بار' اول آخر درود شریف 7 مرتبہ پڑھ کر دم بھی کریں۔ سورۂ مبارکہ یہ ہیں۔ سورۂ فاتحہ 41 مرتبہ' سورۂ اخلاص 41 مرتبہ' سورۂ جمعہ 3 مرتبہ' سورۂ رحمن 3 مرتبہ' سورۂ مزمل 3 مرتبہ' درود پاک اول آخر 41 مرتبہ' انشاءاللہ 90 دن کے عمل سے نشئی ہمیشہ کیلئے نشہ سے متنفر ہوجائے گا اور پھر کوئی ترغیب وتحریص اس کو اس بدعادت پر مجبور نہ کر سکے گی۔

کالے جادو کا یقینی خاتمہ

یہ عمل شیخ ابو محمد مرجانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں تلقین فرمایا تھا۔ عملیات کی اکثر کتابوں میں یہ عمل موجود ہے۔ میرے معمولات میں رہا ہے۔ عمل حد درجہ مؤثر ہے کئی واقعات ہیں' صرف ایک واقعہ حاضر خدمت ہے۔ میرے ایک دوست جو افغانی ہیں۔ ایک دفعہ مجھے کہنے لگے کہ میرے گھر والے دو سال سے میرے رشتے کیلئے کوششیں کر رہے ہیں لیکن کسی بھی طرح بات نہیں بن رہی حالانکہ افغانستان میں کچھ لوگ پیسے دے کر رشتہ کرتے ہیں بندہ نے جب اس کو چیک کیا تو ان پر



بندش لگی ہوئی تھی۔ ان کو بتایا کہ بھئی آپ کا مسئلہ تو یہ ہے، یہی عمل تیار کر کے دیا، ایک ہفتہ بعد جب دوبارہ چیک کیا تو بفضل تعالیٰ بندش کے اثرات ختم تھے۔ ایک جگہ ان کے رشتے کی بات چل رہی تھی اسی جگہ رشتہ ہوگیا۔ اب ماشاءاللہ تین بچوں کے باپ ہیں۔

عمل یہ ہے:۔ سورۂ توبہ کی آخری دو آیات۔ بنی اسرائیل آیت نمبر 82۔ سورۂ حشر آیت 21 تا 24۔ سورۂ فلق و ناس مکمل اور یہ دعا اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُحْیِ وَاَنْتَ الْمُمِيْتُ وَاَنْتَ الْخَالِقُ وَاَنْتَ الْبَارِئُ وَاَنْتَ اللهُ فِیْ اَلَمْ نَخْلُقْكُمْ مِنْ مَّاءٍ مَّهِيْنٍ فَجَعَلْنٰهُ فِیْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ اِلٰی قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰی وَصِفَاتِكَ الْعُلْيَا يَا مَنْ بِيَدِهِ الْاِبْتِلَاءُ وَالْمُعَافَاتُ وَالشِّفَاءُ وَالدَّوَاءُ بِمُعْجِزَاتِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ وَبَرَكَاتِ خَلِيْلِكَ اِبْرَاهِيْمَ وَحُرْمَةِ كَلِمَتِكَ عِيْسٰی عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ اشْفِهٖ۔

کونسا اسم اعظم ہے

شیخ فخر الدین خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ نے ٦٧٠ھ میں حرم مکہ میں فرمایا جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے اس کے حال کے موافق اپنا اسم بتلایا وہی اس کے لیے اسم اعظم ہے جیسے کہ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ حضرت ایوب علیہ السلام کے واسطے مخصوص تھا جو ان کی اس دعا میں مذکور ہے۔ رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ اور اَلْوَهَّابُ حضرت سلیمان علیہ السلام کیلئے جب انہوں نے یہ دعا کی رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَهَبْ لِیْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِیْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ (ص35) اور خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ حضرت زکریا علیہ السلام کیلئے اس دعا میں رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ (الانبیا89) چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کی دعائیں قبول کیں۔ حضرت ایوب علیہ السلام کو بیماری سے صحت ہوئی، حضرت سلیمان علیہ السلام کو ملک عنایت ہوا اور حضرت زکریا علیہ السلام کو حضرت یحییٰ علیہ السلام کی خوشخبری ملی۔ جو شخص اسماء الحسنیٰ میں اپنی حاجت کے مطابق جس اسم کے ساتھ دعا مانگے گا انشاءاللہ قبول ہوگی۔

خونی بواسیر کا علاج

عشاء کے وتروں میں پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ کافرون، دوسری رکعت میں اذا جاء، تیسری رکعت میں تبت یدا پڑھیں۔ انشاءاللہ اللہ تعالیٰ ضرور شفاء عطا فرمائیں گے۔

دانتوں کی حفاظت کیلئے لاجواب عمل

عشاء کی نماز میں وتر پڑھتے ہوئے پہلی رکعت میں سورۂ نصر دوسری رکعت میں سورۂ لہب اور تیسری رکعت میں سورۂ اخلاص پڑھنے دانت کبھی خراب نہیں ہونگے۔ یہ عمل عبقری میں کئی مرتبہ چھپ چکا ہے۔ میرا خود کا آزمودہ ہے۔

چودہ الفاظ سے تمام خوشیاں آپ کی جھولی میں

قرآن مجید کی 29 سورتوں کے شروع میں چند حروف ہیں جو علیحدہ علیحدہ پڑھے جاتے ہیں۔ ان کو حروف مقطعات کہتے ہیں ان میں جو مکرر آتے ہیں ان کو اگر حذف کر دیا جائے تو مندرجہ ذیل حروف باقی رہ جاتے ہیں۔

الٓمٓ۔ الٓمٓصٓ۔ الٓرٰ۔ الٓمٓرٰ۔ كٓهٰيٰعٓصٓ۔ طٰهٰ۔ طٰسٓمٓ۔ طٰسٓ۔ يٰسٓ۔ صٓ۔ حٰمٓ۔ حٰمٓعٓسٓقٓ۔ قٓ۔ نٓ۔

عملیات کی کتابوں میں ان کے بے شمار خواص و فوائد لکھے ہیں:۔

1۔ حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ حضرت عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان حروف کو لکھ کر اپنے مال و سامان اور مکانات و زمینوں میں رکھ دیا کرتے تھے اور یہ سب چیزیں ہر نقصان سے محفوظ رہتی تھیں۔

2۔ بعض عارفین کا معمول تھا کہ جب کبھی سفر فرماتے تو ان چودہ حروف کو پڑھ لیا کرتے تھے جب ان سے اس کی وجہ پوچھی تو فرماتے کہ یہ

حروف جہاں کہیں خشکی یا تری میں پڑھے جائیں تو ان کے پڑھنے والا اور جہاں پڑھے جائیں وہ جگہ برائی اور مال کے نقصان سے اور برباد ہونے اور غرق ہونے سے محفوظ رہتی ہے۔

3۔ ایک بزرگ نے فرمایا کہ مجھ پر ان کی یہ برکات ظاہر ہوئیں کہ ان چودہ حروف کی برکت سے اللہ تعالیٰ مجھ کو ہر بلا سے محفوظ رکھتے ہیں اور میرا رزق مجھ تک پہنچتا ہے۔ اگر مجھے کوئی حاجت پیش آتی ہے اور میں ان حروف کو پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے طلب کرتا ہوں تو وہ حاجت پوری ہوجاتی ہے اور اس کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ مجھے دشمن، چور، سانپ، درندے اور تمام حشرات الارض سے محفوظ رکھتا ہے اور اگر میں اس کو سفر میں پڑھتا ہوں تو اپنے اہل وعیال میں سلامتی اور امن کے ساتھ واپس ہوجاتا ہوں۔

4۔ حضرت امام یونی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ ان حروف کو لکھ کر کوئی خوفزدہ آدمی پہن لے تو امن میں ہوجائے گا۔ حاکم کے سامنے جائے تو حاکم پر ہیبت طاری ہوگی اور اس کی مرادیں پوری ہوں گے۔ ان کو کسی رات بارش کے پانی میں رکھ دیا جائے اور نہار منہ اس کو پی لیا جائے تو حافظہ بہت قوی ہوجائے گا۔ بے کار آدمی اس کو پہن لے تو کام میں لگ جائے گا۔ شادی کی خواہش مند عورت اس کو پہن لے تو اس کی شادی ہوجائے گی، مرگی والے مریض پر رکھ دیا جائے تو تندرست ہوجائے اگر ان حروف کو لکھ کر ہفتہ کے دن چاٹ لیا جائے تو تمام سال آنکھ کی تکلیفوں سے محفوظ رہے گا۔ اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو کامل ایمان ویقین کے ساتھ اس پر عمل کی توفیق بخشے۔ آمین!

حادثے سے حفاظت کی سوفیصد گارنٹی

بس، ٹرین، موٹرسائیکل، بحری جہاز یا کشتی پر سوار ہوتے وقت یہ دو آیات ضرور پڑھیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖىھَا وَمُرْسٰىھَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ (ھود 41)۔ وَمَا قَدَرُوا اللّٰہَ حَقَّ قَدْرِہٖ وَالْاَرْضُ جَمِیْعًا قَبْضَتُہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِیّٰتٌۢ بِیَمِیْنِہٖ سُبْحٰنَہٗ وَتَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ (زمر 67)

کینسر کا روحانی علاج

موجودہ دور میں کینسر نام کی بیماری بڑی خوفناک سمجھی گئی ہے۔ جو آدمی اس بیماری میں مبتلا ہوجاتا ہے اور وہ یہی سمجھ بیٹھتا ہے کہ اس بیماری کا کوئی علاج نہیں ہے۔ یہ بات صحیح نہیں ہے، اللہ تعالیٰ نے جو بیماری پیدا کی ہے اس کا علاج بھی اتارا ہے۔ ''ماانزل اللہ داء الا انزل لہ شفاء'' (رواہ البخاری عن ابی ہریرہ) پھر جو اس کے علاج کو پالیتا ہے اللہ اس کی بیماری کو دور فرمادیتے ہیں۔ اس موذی مرض میں گرفتار ہونے والا آدمی یوں تو اس کے علاج کیلئے ہر ممکن اقدام کرگزرتا ہے اور کرنا بھی چاہیے لیکن اس کے ساتھ ساتھ اس کا روحانی علاج بھی کیا جائے تو اللہ سے قوی امید ہے کہ وہ اپنے کلام کی برکت سے اس بیماری کا بالکل ازالہ فرمادیں گے۔



سسکتی، سلگتی خواہشات، زندگی بھر کی الجھنوں کے حل، ککھ پتی سے لکھ پتی بنادینے والے اعمال کیلئے، ماہنامہ عبقری میں لاکھوں لوگوں کی پسند، ایڈیٹر عبقری کا کالم حال دل اب کتابی صورت میں......

جو اس موذی بیماری میں مبتلا ہیں انہیں چاہیے کہ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر اس موذی مرض کے دور ہونے کی دعا کریں، قرآن مجید کی کثرت سے تلاوت کریں، اللہ نے اس میں شفاء رکھی ہے اور درج ذیل روحانی علاج جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس موذی مرض سے شفاء نصیب ہوگی۔ عرب کے ایک معروف شیخ محمد عارف بتاتے ہیں کہ سعودی عرب میں ایک شیخ فاضل نے جب کینسر کی مختلف بیماریوں میں مبتلا افراد کا درج ذیل روحانی علاج کیا تو اللہ نے اپنے فضل و کرم سے شفاء کلی عطا فرمایا۔ وہ روحانی علاج یہ ہے:۔

تعوذ و تسمیہ کے بعد سورۂ فاتحہ مکمل، سورۂ بقرہ کی ابتدائی پانچ آیات، اس کے بعد سورۂ بقرہ کی آیت 164، 165، اس کے بعد سورۂ بقرہ پارہ نمبر تین کی آیت نمبر 255، 256، 257، اس کے بعد سورۂ بقرہ پارہ نمبر تین کی آخری دو آیات 286,285، سورۂ آل عمران پارہ نمبر تین کی پہلی پانچ آیات، پھر سورۂ آل عمران پارہ نمبر تین کی آیت نمبر 18، اس کے بعد سورۂ آل عمران پارہ نمبر تین کی آیت نمبر 26، 27، سورۂ اعراف پارہ نمبر 8 کی آیت نمبر 54 تا 56۔ اس کے بعد سورۂ اعراف پارہ نمبر 9 کی آیت نمبر 117 تا 119۔ اس کے بعد سورۂ یونس پارہ نمبر گیارہ کی آیت نمبر 79 تا 82۔ اس کے بعد سورۂ طٰہٰ پارہ نمبر 16 کی آیات نمبر 65 تا 69 تک۔ اس کے بعد سورۂ مؤمنون پارہ نمبر 18 کی آیات 115 تا 118۔ اس کے بعد سورۂ حشر پارہ نمبر 28 کی آیت نمبر 21 تا 24۔ اس کے بعد سورۂ صافات پارہ نمبر 23 کی ابتدائی پندرہ آیات۔ اس کے بعد سورۂ رحمٰن پارہ نمبر 27 کی آیت نمبر 31 تا 33۔ اس کے بعد سورۂ ملک پارہ نمبر 29 کی آیت نمبر تین، چار۔ اس کے بعد سورۂ قلم پارہ نمبر 29 کی آیت نمبر 51، 52۔ اس کے بعد سورۂ جن کی ابتدائی تین آیات۔ اس کے بعد سورۂ کافرون، سورۂ فلق اور سورۂ ناس۔

مذکورہ قرآنی آیات کو سات مرتبہ پڑھنے کے بعد کم از کم پانی کے تین گلاس لے کر اس پر دم کریں اور اس پانی کو پینے کا معمول بنالیں۔

عمل بندش کاروبار دور

جس کا کاروبار بوجہ سحر جادو ٹونہ بند گیا ہو، کام نہ چلتا ہو، بکری کم ہوتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بہت مجرب اور مفید ہے۔ اس مقصد کیلئے کٹورہ بھر پانی لیکر اس پر 60 مرتبہ سورۂ رحمٰن کی یہ آیت مبارکہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۔ (رحمٰن 33)

اول و آخر درود شریف، درود تنجینا گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں، اپنی کاروباری جگہ پر وہ پانی چاروں کونوں اور دروازوں میں اچھی طرح چھڑکیں اس کے علاوہ سورۂ فاتحہ سات مرتبہ، سورۂ اخلاص سات مرتبہ، آیۃ الکرسی سات مرتبہ، وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا اکیس مرتبہ، يَافَتَّاحُ يَارَزَّاقُ اکیس مرتبہ اور آخر میں درود تنجینا سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور دکان میں چھڑکیں۔

معاشی تنگی سے نجات

ایک ہزار مرتبہ استغفار اور بعد نماز ظہر سورۂ الماعون اکتالیس مرتبہ تیسرے نمبر پر حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پانچ سو مرتبہ پڑھے، انشاء اللہ تعالیٰ ضرور اس کی روزی پوری ہوگی۔

شیطان سے جان چھڑوانے کے لئے آزمایا عمل

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میری چند ایسی بیماریاں تھیں جن کو پانچ چھ سال ہو گئے تھے، سب سے پہلے میرے سارے جسم کی ہڈیوں میں شدید درد تھا اور درد کے ساتھ ساتھ ٹٹری ہوتی تھی تو ہم نے ڈاکٹری علاج شروع کر دیا درد دن بدن اور زیادہ بڑھتا گیا یہاں تک کہ مجھے شدید کھانسی شروع ہوگئی جب کھانسی شروع ہو جاتی تو گھنٹہ دو گھنٹہ مسلسل رہتی تو ایک عامل صاحب سے علاج شروع کر دیا تو ایک سال تک یہ کھانسی کا سلسلہ تھا اس کے بعد جنات ظاہر طور پر سامنے آگئے اور سخت تکلیف دیتے تقریباً دو سال تک ظاہری طور پر آ کر تکلیف دیتے رہے، اس کے

بعد مجھے بے ہوش کر کے تکلیفیں دیتے‘ جب میں رات کو سوجاتی تو صبح کو میرا پورا جسم پتھر کی طرح سخت ہوتا اور اس طرح میری فجر کی نماز قضا ہوجاتی‘ تقریباً دس گیارہ بجے تک ایسی ہی سخت رہتی اس کے بعد خود ہی ٹھیک ہونا شروع ہوجاتی۔ اب الحمدللہ! اوپر والی تمام کیفیات ختم ہوگئی ہیں‘ نہ کھانسی ہوتی ہے اور نہ ہی ہڈیوں میں درد اور نہ ہی ٹڑی ہوتی ہیں اور میں آپ کا رسالہ ماہنامہ عبقری 2012ء سے مسلسل پڑھ رہی ہوں اور اس میں موجود وظائف کی وجہ سے مجھے اللہ نے میری جان ان شیاطین سے چھڑوادی ہے۔ چند وظائف جو کرنے سے مجھے اللہ نے صحت دی وہ درج ذیل ہیں:۔

یَاقَھَّارُ کا وظیفہ کررہی ہوں جس کی تعداد پانچ لاکھ تک ہوچکی ہے۔ اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد ساٹھ مرتبہ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ الانعام ۴۵ پڑھتی ہوں اور اصحاب کہف کو ایصال ثواب کرنے کا عمل بھی کرتی ہوں۔

وہ عمل درج ذیل ہے:۔ اوّل وآخر تین دفعہ درود شریف، سات دفعہ سورۂ فاتحہ، سات دفعہ سورۂ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب اصحابِ کہف کی روح کو بخشیں۔ پھر اس کہف والے عمل کی طاقت دیکھیں، تاثیر دیکھیں، عجیب تاثیر، عجیب طاقت، عجیب قوت، عجیب کمال ہے اس کے علاوہ بھائی نے کچھ وظائف بتائے جو کہ آپ کے پاس درس میں ہر جمعرات ضرور شرکت کرتے ہیں۔

انہوں نے سورۂ فاتحہ کا عمل بتایا جو کہ درج ذیل ہے:۔ جمعرات کی رات سوتے وقت 70 بار سورۂ فاتحہ مع بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم پڑھیں‘ اول وآخر سات بار درود شریف ابراہیمی پڑھیں اپنے مقصد کا خوب تصور رکھیں۔ دوسرے دن اسی وقت 60 بار پڑھیں۔ بس روزانہ ایسے ہی دس مرتبہ کم کرتے جائیں آخر کار بدھ کو دس مرتبہ پڑھیں۔ ہر بار اپنے مقصد کا تصور توجہ‘ دھیان اور گریہ زاری کریں۔ جمعرات کو پھر نیا ہفتہ اور سابقہ ترتیب کے ساتھ ستر مرتبہ یہ عمل کریں اور روزانہ اسی طرح دس مرتبہ کم کرتے جائیں۔ یہ عمل سات‘ چودہ یا اکیس ہفتے کریں۔ الحمدللہ! ان درج بالا اعمال نے میرے ساتھ جو چھ سال سے جادو جنات کی وجہ سے ہو رہا تھا وہ اب نہیں ہوتا۔ اب الحمدللہ! میں بالکل ٹھیک ہوں۔

کرائے دار سے مکان خالی کروانے کے لئے

جو کوئی اپنے کرایہ دار سے دکان یا مکان خالی کروانا چاہتا ہو یا کوئی ناجائز قابض ہوگیا ہو اور کسی بھی جائز طریقے سے خالی کرنے کو تیار نہ ہو تو ذیل کا عمل کرے۔ اس مقصد کیلئے قبلہ رخ کھڑے ہوکر بعد نماز مغرب اول آخر 11 بار درود پاک‘ 41 مرتبہ سورۃ فاتحہ‘ 41 مرتبہ سورۂ اخلاص اور 300 مرتبہ آیت کریمہ پڑھ کر اپنے ہاتھ دعا کے لیے بلند کرے کہ وہ سر سے اوپر ہوجائیں پھر اللہ سے انتہائی عاجزی سے دعا مانگے یہ عمل 11 دن تک کرے انشاء اللہ مراد پوری ہوگی۔ نوٹ: اس عمل کو ناجائز بالکل نہ کرے اور گیارہ روز سے زائد کرنے کی اجازت نہیں اگر گیارہ روز سے پہلے مقصد حاصل ہوجائے تو اس عمل کو اسی وقت روک دیں اور مقصد حاصل ہونے کے بعد حسب توفیق خیرات فقرا میں تقسیم کریں۔



بریسٹ کینسر کا آزمودہ روحانی علاج

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میری آفس کی سہیلی کو بریسٹ کینسر ہوگیا تھا' بریسٹ کٹ گیا' انجکشن لگنے شروع ہو گئے' اُس نے پہلا کورس انجکشن کا کرالیا جس سے وہ گنجی ہوگئی اور دل بھی بہت گھبراتا تھا بعد انجکشن لگنے کا عمل تکلیف دہ تھا جس پر اس نے علاج بند کردیا' موت کی تیاری شروع کردی اور نوکری چھوڑ دی۔ مطلب اللہ والی ہوگئی۔ ایک دن اسے کہیں سے ایک عمل ملا اس نے وہ عمل کرنا شروع کردیا آج گیارہ سال ہو گئے' صرف وہ عمل کررہی ہے اور زندہ اور صحت مند ہے۔

اگر وہ نوکری نہ چھوڑتی تو کلاس اول کی آفیسر ہوتی اب وہ اتنی صحت مند ہے کہ ایک سکول میں بچوں کی کینٹین چلا رہی ہے اور جو عمل اس نے کیا وہ عمل عبقری رسالے میں ستمبر 2008ء میں شائع ہوا تھا' اُس رسالے کے صفحہ نمبر 30 پر وہ عمل ہے۔ یقین اور ایمان کے ساتھ کریں اللہ شفاء دے گا۔ اس عمل کا پچھلے سال میں نے ایک اور خاتون کو بتایا تھا اللہ نے اُسے بھی شفاء عطا کی ہے۔ قرآنی آیت جن سے کینسر کا علاج ممکن ہے درج ذیل ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
(1) وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحۡمَۃٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ o (سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر 82)
(2) وَاِذَا مَرِضۡتُ فَھُوَ یَشۡفِیۡنِ o (سورۃ الشعرا آیت نمبر 80)
(3) وَقُلۡ رَّبِّ اغۡفِرۡ وَارۡحَمۡ وَاَنۡتَ خَیۡرُ الرّٰحِمِیۡنَ o (سورہ المومنون آیت نمبر 118)
(4) اَمَّنۡ یُّجِیۡبُ الۡمُضۡطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکۡشِفُ السُّوۡٓءَ (سورۂ النمل آیت نمبر 62)
(5) قُلۡنَا یٰنَارُ کُوۡنِیۡ بَرۡدًا وَّسَلٰمًا عَلٰۤی اِبۡرٰھِیۡمَ (سورۂ الانبیاء آیت نمبر 69)
(6) وَاَیُّوۡبَ اِذۡ نَادٰی رَبَّہٗۤ اَنِّیۡ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنۡتَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ (سورۂ الانبیاء آیت نمبر 83)
(7) رَبِّ اِنِّیۡ مَغۡلُوۡبٌ فَانۡتَصِرۡ o (سورۂ القمر آیت نمبر 10)
(8) لَآ اِلٰہَ اِلَّاۤ اَنۡتَ سُبۡحٰنَکَ اِنِّیۡ کُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ o
(9) فَاسۡتَجَبۡنَا لَہٗ وَنَجَّیۡنٰہُ مِنَ الۡغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُـۨجِی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ (الانبیاء 88)
(10) اِنَّ رَبِّیۡ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ حَفِیۡظٌ o (سورۂ ہود آیت نمبر 57)
(11) حَسۡبُنَا اللّٰہُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ o (سورۂ آل عمران آیت نمبر 173
(12) نِعۡمَ الۡمَوۡلٰی وَنِعۡمَ النَّصِیۡرُ o (سورۃ الانفال، آیت نمبر 40)
(13) وَتَوَکَّلۡ عَلَی اللّٰہِ ط وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیۡلًا o (سورۃ احزاب 3)
(14) اَلَیۡسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبۡدَہٗ o (سورۃ الزمر، آیت نمبر 36)
(15) ھُوَ مَوۡلٰىکُمۡ فَنِعۡمَ الۡمَوۡلٰی وَنِعۡمَ النَّصِیۡرُ o (سورۃ الحج، آیت نمبر 78)
(16) اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ o (سورۃ فاتحہ، آیت نمبر 1)
(17) فَتَبٰرَکَ اللّٰہُ اَحۡسَنُ الۡخٰلِقِیۡنَ o (سورۃ المؤمنون، آیت نمبر 14)
(18) لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ o لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الۡمَلِکُ الۡحَقُّ الۡمُبِیۡنُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ صَادِقُ الۡوَعۡدِ
الۡاَمِیۡنُ

نوٹ: اول آخر درود شفاء 7 بار اور ہر آیت پر 7 بار ہر نماز کے بعد بارش، زم زم یا عام پانی پر دم کر کے خود پئیں یا مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ شفا ہر مرض سے شفاء نصیب ہوگی۔

اولاد نرینہ کیلئے خاص عمل

ہمارے خاندان میں جس عورت نے بھی یہ عمل کیا اللہ پاک نے اس کو بیٹے کی نعمت سے نوازا۔ عمل یہ ہے:۔ سورۂ مریم' سورۂ محمد اور یوسف ایک ایک مرتبہ پڑھ کے پانی کی بوتل پر دم کر دیں اور عورت حمل کے پہلے یا دوسرے مہینے سے وہ پانی پیے اس بوتل سے پانی ختم نہ ہونے دیں بلکہ جیسے ہی پانی کم ہو اس میں اور پانی ڈال دیں۔ انشاء اللہ بیٹا پیدا ہوگا۔

جادو کے توڑ کیلئے تلوار سے تیز عمل

درج ذیل عمل کو کئی لوگوں نے آزمایا اور درست پایا۔ میرے ایک دوست تھے وہ بھی عملیات کا کام کرتے ایک دن انہوں نے مجھے فون کیا کہ یار مجھے کوئی ایسا عمل بتائیں جو جادو کا توڑ ہو اس کو میں نے یہ درج ذیل آیات لکھ کر دیں۔ کہنے لگے کہ میرے پاس ایک آدمی آیا کہنے لگا حضرت میری سموسے اور پکوڑوں کی ریڑھی ہے' کافی دن ہو گئے ہیں آگ جلاتا ہوں مگر پکوڑے اور سموسے پکتے ہی نہیں۔ وہ کہنے لگے جب میں نے تشخیص کی تو معلوم ہوا ان پر کسی نے جادو کر دیا ہے۔ میں نے اس کو کہا کہ تو درج ذیل آیات صبح و شام تین تین بار پڑھ کر پانی پر دم کر' اور یہ پانی خود بھی پی اور ریڑھی پر چھڑکاؤ بھی کر۔ اس نے جب دم کیا تو کہنے لگا پہلے تو میں کئی کئی گھنٹے آگ جلاتا تھا' آگ کچھ اثر نہیں کرتی تھی آج دو دن ہوئے ہیں سب پریشانی دور ہوگئی ہے۔

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١١٨﴾ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿١١٩﴾ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿١٢٠﴾ قَالُوْا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٢١﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿١٢٢﴾ (سورۂ اعراف)

فَلَمَّاۤ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٨١﴾ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٨٢﴾ (سورۂ یونس)

وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿٦٩﴾ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ﴿٧٠﴾ (سورۂ طٰهٰ)

جادو سے چھٹکارا کا آزمودہ وظیفہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو خوش رکھے اور جزائے خیر دے آپ کی وجہ سے ہمیں عبقری ملا۔ میری بڑی بہن کی شادی کو تین سال ہو گئے' شادی کے پندرہ دن بعد دونوں میاں بیوی کے سر میں درد رہنے لگا اور بہن کے کپڑے بھی کترے گئے۔

ہیپاٹائٹس کا سائنسی اور روحانی علاج
تحقیق و تالیف
حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی
جمع و ترتیب
شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

اس کتاب میں مرض اور جگر سے متعلق تمام تحقیقات کا مجموعہ شامل ہے اور طبی علاج کے ساتھ ساتھ روحانی علاج کی طرف بھی توجہ دی گئی ہے جس کی برکت سے علاج 100 فیصد اور جلد ممکن ہے۔

ہر وقت بیمار رہتے تھے، کسی بزرگ نے بتایا کہ جادو ہے۔ 21 دفعہ منزل اور سورۂ بقرہ پڑھو، وہ پڑھتی تھی تو سکون ملتا تھا۔ شادی کے 9 ماہ بعد امید سے ہوئی تو اللہ پاک نے بیٹی سے نوازا۔ حمل کے دوران بھی یہی وظیفہ پڑھتی رہی۔

اب ہر جائز تمنا ہوگی پوری

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں قارئین کیلئے ایک آزمودہ وظیفہ لکھ رہی ہوں۔ یہ وظیفہ میں نے جس جائز مقصد کیلئے بھی پڑھا وہ پورا ہوا۔ عمل: فجر کی دو سنتوں، ظہر کی دو سنتوں اور عشاء کی دو سنتوں میں چھ سورتیں پڑھنی ہیں۔ پہلی رکعت میں سورۂ کافرون، سورۂ نصر، سورۂ لہب اور دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص، سورۂ فلق، سورۂ ناس۔ جس جائز مقصد کیلئے بھی پڑھیں انشاء اللہ وہ پورا ہوگا۔

یہ وظیفہ کریں اور اپنی ہر جائز تمنا پوری کروائیں اور مجھے دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔

مسوڑھوں کے امراض سے نجات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! چند ماہ پہلے عبقری ملا اور اب اس کی مستقل قاری ہوں۔ میرے مسوڑھے خراب تھے تو مجھے کسی نے بتایا فجر کی نماز کی سنتوں میں پہلی رکعت میں سورۂ الم نشرح اور دوسری رکعت میں سورۂ فیل پڑھنے سے خون آنے میں کافی حد تک کمی آ جاتی ہے۔

میں نے آزمایا اور خوب پایا۔

وظیفہ پڑھیں، مانگیں اور اولاد پائیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ پچھلے پانچ سال سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔ میرے پاس بے اولاد جوڑوں کیلئے ایک روحانی عمل ہے، جو کہ متعدد بار کا آزمودہ ہے۔ میری طرف سے قارئین عبقری کو ہدیہ ہے۔

وظیفہ پڑھیں، اللہ سے مانگیں اور اولاد پائیں۔ روزانہ صبح و شام 11 مرتبہ سورۂ الصفت کی آیت نمبر 76 پڑھیں، بعد نماز فجر 133 مرتبہ سورۂ شوریٰ کی آیت 49 پڑھیں، سورۂ السجدہ کی آیت 7 سے 9 اور سورۂ کوثر تسمیہ کے ساتھ 101 مرتبہ پڑھیں۔ یہ وظیفہ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے جاری رکھیں۔

حاسدین سے مستور رہنے کا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس دشمن اور حاسدین سے محفوظ رہنے کا ایک عمل ہے۔ یہ عمل پچھلے چند سالوں سے میرے استعمال میں ہے اور الحمدللہ مجھے کبھی کسی قسم کی پریشانی نہیں ہوئی۔

آیات کے حوالے درج ذیل ہیں:۔ سورۂ نحل آیت نمبر 108۔ سورۂ کہف آیت نمبر 57۔ سورۂ یٰسین کی پہلی 9 آیات۔ سورۂ جاثیہ آیت نمبر 23۔ ان تمام آیات کو صبح و شام صرف تین تین مرتبہ پڑھیں اور محفوظ رہیں۔

غصیلے شوہر کا آزمودہ روحانی علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کی پچھلے چار سال سے مسلسل قاری ہوں۔ میرے شوہر بہت غصے والے تھے، جب انہیں غصہ آتا تو انہیں کچھ ہوش نہ رہتا اور اکثر مجھ پر ہاتھ تک اٹھا دیتے۔ جس کی وجہ سے میں بہت پریشان تھی، چھوٹی چھوٹی باتوں پر بہت بڑا ہنگامہ کھڑا کر دیتے۔ پھر ماہنامہ عبقری میں ایک وظیفہ دیکھا اور روزانہ درج ذیل آیت سات سو مرتبہ روزانہ پڑھنی شروع کر دی۔

اَمَّنۡ یُّجِیۡبُ الۡمُضۡطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَ یَکۡشِفُ السُّوۡٓءَ (النمل 62) اس کے علاوہ آپ کی کتاب ''کالی دنیا کالا جادو وظائف اولیاء اور سائنسی تحقیقات'' میں سے وظیفہ 21 دن والا، چاروں قل، آیت کریمہ، آیۃ الکرسی اول و آخر درود پاک پڑھنا شروع کیا، ساتھ ہی سجدہ میں

جاکر رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ (القمر ۱۰) پڑھنا شروع کیا' دیکھتے ہی دیکھتے شوہر کا رویہ میرے ساتھ بدلنا شروع ہوگیا۔ اب الحمدللہ میرے آج کے شوہر اور کل کے شوہر میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ شکریہ عبقری!

ایک مہینہ میں نکاح ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ایک دوست ہے اس کی منگنی ہوئی تھی لیکن اس کا منگیتر دوسری لڑکیوں کے چکر میں تھا اور اس میں بالکل بھی دلچسپی نہیں لیتا تھا اور کوئی رابطہ اس کے گھر والوں کے ساتھ نہیں رکھتا تھا اور منگنی ختم کرنا چاہتا تھا۔ میں نے اپنی دوست کو بتایا کہ تم ہر دو گھنٹے بعد سات مرتبہ اذان اور سات مرتبہ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اپنے منگیتر کا تصور کرکے پڑھ کر اسے دم کردیا کرو اور ساتھ روحانی غسل بھی بتایا۔ کچھ ہی دن یہ عمل کیا تھا کہ وہ لڑکا بدل گیا۔ لڑکیوں سے دوستی چھوڑ دی اور رابطہ کرنے لگا۔

منگنی کو کافی عرصہ ہوگیا تھا لڑکی والے شادی کا نہیں بتا رہے تھے میری دوست نے سورۂ فاتحہ اور اخلاص والا عمل کیا۔ یعنی اول و آخر تین مرتبہ درود شریف' ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ یہ عمل کسی کا دل نرم کرنے کیلئے بھی کیا جاسکتا ہے اور ایک درس میں آپ دامت برکاتہم نے بتایا تھا جن لڑکیوں کی شادی میں رکاوٹ ہو یا لڑکے والے تاریخ نہ دے رہے ہوں یا جن کی شادی نہ ہو رہی ہو وہ کرسکتے ہیں اور سسرال والوں کو ہدیہ شروع کردیا ایک مہینہ کے اندر اندر انہوں نے نکاح کردیا۔ اللہ تعالیٰ اب اس کو خوش رکھے۔ آمین۔

نوکری کی بندش ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے ایک جگہ نوکری کیلئے اپلائی کیا' فائنل انٹرویو کیلئے مجھے ملتان بلوایا گیا' انٹرویو سے تین دن پہلے میرے اوپر کسی حاسد نے سیاہ عمل (جادو) کیا۔ جس کی وجہ سے مجھے محسوس ہوا کہ میری پیٹھ پر کوئی چیز چیر چیر کرتی چڑھتی آرہی ہے اور میرے اوپر یعنی سر پر کوئی چیز آکر بیٹھ گئی ہے اور میرے سینے سے دھواں کی طرح کچھ نکل رہا اور میرے منہ سے بھی دھواں نکل رہا۔ میرے تمام جسم پر اتنا بوجھ آگیا کہ میری ٹانگیں وزن کی وجہ سے چل نہ سکتیں اور میری شکل کالے رنگ کی ہوگئی۔ میں نے فوراً الٓمّٓ الٓمّٓصٓ۔ الٓرٰ۔ الٓمّٓرٰ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ۔ طٰهٰ۔ طٰسٓمّٓ۔ طٰسٓ۔ یٰسٓ۔ صٓ۔ حٰمٓ۔ عٓسٓقٓ۔ قٓ۔ نٓ یہ مکمل حروف پڑھنے شروع کردیئے جس سے مجھے بہت سکون ملا۔ اس سے اگلے دن انٹرویو تھا۔ انٹرویو کیلئے روانہ ہوا' جب انٹرویو دینے بیٹھا تو مجھے کسی سوال کی کچھ سمجھ نہ آرہی تھی' مجھے کوئی چیز زبردستی وہاں سے باہر کھینچ رہی تھی' میرا سر جکڑا ہوا تھا' میں وہاں بیٹھا معوذتین پڑھتا رہا' جس سے مجھے کچھ سکون ہوا اور میں نے آرام سے انٹرویو دیا۔ واپسی پر بھی اور رات کو معوذتین پڑھتا رہا اور سینے پر دم کرتا رہا۔ اچانک میرے سینے سے کوئی چیز بھاپ کی طرح نکلی اور نکلتے ہوئے کڑک کی آواز آئی۔

میں نے دوسرے دن معوذتین پڑھ کر اپنی پنڈلیوں

طب نبوی ہیئر آئل
Tib e Nabvi Hair Oil

طب نبویؐ ہیئر آئل
بالوں کی ہر بیماری کا آزمودہ علاج
قیمت 300.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
جلدی بیماریوں اور الرجی کیلئے نہایت لاجواب ہے

کے اوپر دم کیا تو میری دونوں پنڈلیوں سے بھی بھاپ کی طرح کی چیز نے کڑاک کیا اور میری دونوں پنڈلیوں کو چھوڑ دیا۔ تیسرے دن میں نے سارا دن درود شریف پڑھا اور استغفار پڑھتا رہا۔ شام کو گھر جاتے ایسا ہی ہوا میرے سر سے بھورے رنگ کی کوئی چیز نکل کر اڑ گئی۔ کچھ دنوں کے بعد پھر ایسا ہی ہوا میرے سر سے بھورے رنگ کی کوئی چیز اڑ گئی۔ اس دوران میں اللہ سے اپنی کامیابی کی رو رو کر دعا مانگتا رہا۔ چند دنوں بعد مجھے متعلقہ محکمہ سے کال آ گئی کہ آپ کو جاب کیلئے منتخب کر لیا گیا ہے۔ الحمدللہ!

مشکل گھڑی اور پریشانی کا آزمودہ وظیفہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک آزمودہ وظیفہ ہے' جب بھی کوئی مشکل گھڑی یا پریشانی معاشی آئے یا گھریلو تو اس وظیفے سے اپنی مشکل و پریشانیاں حل کروا لیتا ہوں۔ قارئین عبقری کیلئے ہدیہ نذر کر رہا ہوں۔ وظیفہ درج ذیل ہے:

قرآن مجید کے ہر پارے میں سجدہ والی آیت پر سجدہ کرنا ضروری ہے' جب کوئی مشکل آئے' قرآن مجید کے پہلے پارے سے لے کر آخر تک۔ آیت سجدہ (سجدے میں پڑھ کر دعا کریں) ہر سجدہ والی آیت کو سجدہ میں ہی پڑھنا اور پھر دعا کرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ کو سجدہ بہت پسند ہے' ہر مشکل حل ہو جاتی ہے۔ اگر آیت زبانی یاد نہیں تو دیکھ کر پڑھ کر سجدہ میں دعا کریں۔ آسانی کیلئے سجدہ والی آیات جس سورۂ میں ہے ان کا نام اور آیات نمبر لکھ دیا ہے:

1۔ پارہ نمبر 9 سورۂ الاعراف آیت نمبر 205 تا 2206۔ پارہ نمبر 13 سورۂ الرعد آیت نمبر 14 تا 15
3۔ پارہ نمبر 14 سورۂ نحل آیت نمبر 49 تا 50
4۔ پارہ نمبر 15 سورۂ بنی اسرائیل آیت نمبر 108 تا 109
5۔ پارہ نمبر 16 سورۂ مریم آیت نمبر 57 تا 58
6۔ پارہ نمبر 17 سورۂ حج آیت نمبر 17 تا 18
7۔ پارہ نمبر 19 سورۂ فرقان آیت نمبر 59 تا 60
8۔ پارہ نمبر 19 سورۂ نمل آیت نمبر 25 تا 26
9۔ پارہ نمبر 21 سورۂ السجدہ آیت نمبر 14 تا 15
10۔ پارہ نمبر 23 سورۂ ص آیت نمبر 23 تا 24
11۔ پارہ نمبر 24 سورۂ حٰم سجدہ آیت نمبر 37 تا 38
12۔ پارہ نمبر 27 سورۂ نجم آیت نمبر 61 تا 62
13۔ پارہ نمبر 30 سورۂ انشقاق آیت نمبر 20 تا 21
14۔ پارہ نمبر 30 سورۂ العلق آیت نمبر 18 تا 19

اس کے علاوہ مشکل اور پریشانی کے وقت نماز فجر میں سنتوں کے بعد الحمد شریف اکتالیس بار اس طرح پڑھیں کہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ کے ساتھ ساری سورۂ پڑھنا یعنی الرَّحِیۡمِ کے ''م'' کو الحمد کے ''ل'' کے ساتھ ملا کر ہر دفعہ پڑھنا ہے۔ جب آیت اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ پڑھے تو اس کو تین دفعہ پڑھ کر مکمل کر کے دعا مانگے کم از کم سات دن لگا تار پڑھے' انشاء اللہ مشکل حل ہو گی۔ غم اور پریشانی دور ہو گی۔

ہر قسم کا درد دور کرنے کیلئے روحانی عمل

جس جگہ درد ہو اس جگہ کو مضبوط پکڑ کر 10 مرتبہ سورۃ فاتحہ اور دس مرتبہ سورۃ کافرون پڑھ کر دم کریں اور چھوڑ دیں۔ پھر مریض سے دریافت کریں کہ آرام آیا یا نہیں۔ آرام نہ آیا ہو تو دوبارہ اسی طرح کریں۔ تین بار کرنے سے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا اور اگر پھر بھی نہ جائے تو گیارہ مرتبہ کرنے سے یقیناً درد دور ہو جائے گا۔

تین سورتیں، تین دن، اور ہر مشکل حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ میں پچھلے چند سالوں سے ہر ماہ باقاعدگی سے پڑھ رہی ہوں۔ اس میں موجود چھوٹے چھوٹے ٹپس بہت باکمال ہوتے ہیں۔ عبقری تو جیسے ہمارے گھر کا ڈاکٹر بھی ہے اور عامل بھی۔ اس ماہنامہ کی وجہ سے ہماری بہت سے پریشانیاں و مشکلات تو ایسے ٹھیک ہوئی ہیں جیسے کبھی تھی ہی نہیں۔ میں عبقری کے قارئین کے احسانات کو دیکھتے ہوئے اپنا ایک نہایت طاقتور آزمودہ عمل ان کی خدمت میں نذر کر رہی ہوں۔ یقیناً اس عمل سے قارئین بھرپور فائدہ اٹھائیں گے۔

یہ ہمارا خاندانی عمل ہے، ہمارے گھرانے میں کوئی بھی مشکل ہو، چاہے وہ پیسوں کی ہو، رزق کی یا لڑکی کے رشتے کی، یا شادی کا مسئلہ، بچوں کے سکولز داخلے کا مسئلہ یا اچھے رزلٹ کیلئے ہر مشکل کا حل اس میں موجود ہے۔ ''سورۂ یٰسین، سورۂ رحمٰن، سورۂ واقعہ'' پانچ عورتیں مل کر تین تین بار ہر سورۂ کو پڑھیں اور آخر میں چار قل پڑھ کر سب ایک ہی مقصد کیلئے دعا کریں۔ اللہ کے حکم سے تین روز کرنے سے وہ مشکل حل ہو جائے گی اور اللہ کے حضور دعا قبول ہوگی۔ یہ عمل 12 بجے دوپہر سے پہلے یا عصر کے بعد کرنا ہے۔ قرآن پاک کی ان تین سورتوں کے پڑھنے سے ایسے ایسے کمالات ہوتے ہیں کہ دل میں عظمت قرآن کی دھاک بیٹھ جاتی ہے۔ یہ تین سورتیں ہماری لاتعداد کی آزمودہ ہیں۔ آپ بھی آزمائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔

ناپسند شخصیت، محفل اور جانور سے یقینی نجات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اپنے کچھ دعاؤں کے معجزانہ اثرات پر واقعات حاضر خدمت ہیں۔ بدترین پریشانیوں کیلئے لاجواب وظائف میں پڑھا کہ اگر کسی مجلس میں ناگوار شخص آجائے اور اس کا اٹھنا مطلوب ہو تو دل میں چند مرتبہ یہ آیت پڑھیں۔

تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا

کہف ۴۵ یہ آیت میں اکثر ناگوار لوگوں پر آزماتی رہتی ہوں اور سو فیصد رزلٹ ملتا ہے۔

آٹھ اپریل کو ہمارے سکول کھلے، ہم نے سکول میں بچوں کو کتابیں وغیرہ دینی تھیں جس کمرے میں کتابیں تھیں جب اس کمرے کا دروازہ کھلا تو وہاں کافی بھڑ اکٹھی تھی میں نے دیکھا نہیں تھا جیسے ہی دروازہ کھولا



شہد انمول ٹانک، ہماری صحت کا ضامن، ایک مفید غذا بھی دوا بھی، قلب کا محافظ اور دوست، ہر جگہ انفیکشن کا علاج، دانتوں کے امراض کیلئے لاجواب اور ان کمالات کا مجموعہ ہے جو ہماری عقل اور سوچ سے بھی دور ہوں۔ ضرور پڑھیں

بھڑ نے مجھے ہاتھ پر کاٹ لیا میں نے فوراً یہ آیت وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ مرتبہ پڑھ کر پھونک دی تو فوراً جلن اور درد ختم ہوگیا۔ کمرے میں بچے بھی موجود تھے میں نے سوچا کہ بھڑ بچوں کو نہ کاٹ لے۔
میرے ذہن میں فوراً یہ آیت آئی تَذْرُوْهُ الرِّیٰحُ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ مُّقْتَدِرًا سوچا جب کسی انسان کو بھگایا جاسکتا ہے تو بھڑ کو کیوں نہیں، یہ آیت پڑھی اور بھڑوں پر دم کی سب کی سب تھوڑی دیر میں بھاگ گئیں، ابھی تک پھر کوئی بھڑ نظر نہیں آئی۔ ہمارے سکول میں ایک امرود کا درخت ہے جس پر سے اکثر بچے امرود توڑتے ہیں تو چوکیدار نے وہاں ایک کتا باندھ دیا جو کسی کو بھی دیکھتا تو بھونکتا اور حملہ کرنے کی کوشش کرتا، میں نے اس پر سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کی اور کہا میں امت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہوں، آرام سے بیٹھ جاؤ۔
اس دن کے بعد وہ کتا بھونکنا بھول گیا، میں اس کے پاس جا کر کھڑی بھی ہو جاؤں تو کچھ نہیں کہتا بلکہ اپنی دم ہلاتا ہے اور بیٹھا رہتا ہے کوئی اور قریب جائے تو بھونکنا شروع کر دیتا ہے۔ سب حیران ہوتے اور پوچھتے ہیں آپ نے کیا کر دیا ہے اس پر۔ ایک دن چھٹی ہونے پر واپس گھر آرہی تھی، کوچ خالی تھی میرے علاوہ صرف تین لوگ اور تھے اور کوچ اتنی تیزی سے ڈرائیور چلا رہا تھا کہ مجھے خوف محسوس ہونے لگا، ذہن میں آیا تو میں نے یہ دعا بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی دِیْنِیْ وَنَفْسِیْ وَوَلَدِیْ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ پڑھنا شروع کر دی اور پڑھ کر ڈرائیور پر دم کرتی گئی آیت پڑھنا تھی کہ گاڑی اپنی سپیڈ پر آگئی اور میں خیریت سے گھر پہنچ گئی۔

مناسب رشتے کے حصول کے لئے

مناسب رشتے کے حصول کیلئے ایسی صورت کہ رشتے آتے ہوں مگر طے نہ ہوتے ہوں، حسب دلخواہ شادی کیلئے درج ذیل عمل مفید ہے، عمل کی موت نوے دن ہے، اس عرصہ میں منگنی یا شادی ہو جائے تو بھی نوے دن پورے کرنا ضروری ہیں۔ عورتیں ناغہ کے دن شمار کر کے بعد میں پورا کرلیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الْوَاسِعِ جَلَّ جَلَالُه: روزانہ کسی بھی وقت اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے تین بار ہاتھ چہرے پر پھیر لیں۔ سورۂ فاتحہ اس طرح پڑھیں کہ جب اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ پر پہنچے تو اس آیت کو گیارہ بار پڑھ کر سورت مکمل کرے اور پانی پر دم کرے اسی طرح گیارہ بار یہ سورت پڑھے اور ہر بار پانی پر دم کرے۔ یعنی پانی پر گیارہ دم کرنے ہیں اور یہ پانی تین گھونٹ میں پی لے۔ سب کاموں سے فارغ ہو کر رات کو سونے سے پہلے اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ سورۂ اخلاص اکتالیس بار پڑھیں اور صرف شادی کیلئے دعا کریں۔ اگر کسی لڑکی کو کسی نے طلاق دے دی ہو یا شوہر فوت ہوگیا ہو اور دوبارہ شادی کرنے میں رکاوٹ محسوس ہوتی ہو اور کوئی رشتہ ملنے کی صورت نہ پیدا ہوتی ہو تو لڑکی خود یا لڑکی کی والدہ یا لواحقین کو چاہیے کہ سورۂ یٰسین کو فجر کی نماز کے بعد دو مرتبہ اور اس کے بعد گیارہ سو مرتبہ اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام یَامُعِیْنُ کا ورد کرے اور چالیس دن تک اس پڑھائی کو جاری رکھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جلد ہی مناسب رشتہ مل جائے گا اور شادی کی رکاوٹ دور ہو جائے گی۔ اسی طرح مرد بھی دوبارہ شادی کے لیے وظیفہ پڑھ سکتا ہے۔

دوسروں کو مہربان کرنے کا عمل

دونوں ہاتھوں کی انگلیوں پر كٓهٰیٰعٓصٓ اور حٰمٓ عٓسٓقٓ پڑھ کر دم کر کے مٹھی بند کرلیں، جب بھی کسی کے سامنے جائیں مٹھی کھول لیں، وہ نہایت مہربانی و شفقت سے پیش آئے گا۔

نظر بد سے نجات کا ایک عمل آپ کی خدمت میں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جیسا کہ آپ اکثر فرماتے ہیں کہ نظر بد برحق ہے۔ نظر بد اونٹ کو ہانڈی اور انسان کو قبر میں پہنچا دیتی

ہے۔ ایسے ہی جادو بھی برحق ہے۔ میرے پاس ان سے نجات کا ایک آزمودہ عمل ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کر رہی ہوں۔ سات دفعہ چاروں قل، سات دفعہ آیت الکرسی صبح وشام پڑھ کے دم کریں اور دم شدہ پانی پلائیں۔

جادو جنات کیلئے: منزل ایک دفعہ، تین دفعہ یا سات دفعہ روزانہ صبح وشام پڑھ کر دم کریں اور پانی پر دم کر کے پلائیں۔

میرے دس سالہ آزمودہ سینے کے راز! صرف آپ کے لئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک طویل عرصہ سے دل میں روحانی علوم سیکھنے کا شوق اور جذبہ تھا لیکن کوئی عامل کامل نہ ملنے کی وجہ سے یہ علم کسی سے باقاعدہ طور پر نہ سیکھ سکا لیکن چونکہ بازار میں عملیات کی کتابیں عام ملتی ہیں۔ میں نے اپنے شوق کو پورا کرنے کیلئے دو چار چھوٹی چھوٹی عملیات کی کتابیں لے کر ان سے قرآنی آیات پر مشتمل عملیات کا تجربہ بطور دم وتعویذ شروع کر دیا تو اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے تجربے میں کامیاب فرما دیا۔

محترم حکیم صاحب! میرا نہ تو کوئی روحانی استاد ہے اور نہ ہی میں نے کسی سے کوئی روحانی علم سیکھا ہے۔ بس عملیات کی کتابوں سے دیکھ کر تجربہ کیا ہے۔ چند ایک مقاصد کے عملیات جو کہ عرصہ 10 سال سے میرے مجرب ہیں اور میں نے جن کو بھی دم کیا یا بطور تعویذ لکھ کر دیا تو اللہ نے لوگوں کو فائدہ پہنچایا۔ جس کی وجہ سے لوگ مجھے عامل سمجھتے ہیں اور اپنے مختلف کاموں کی غرض سے میرے پاس آتے ہیں عرصہ 10 سال سے میرا تجربہ ہے اور میں مخلوق خدا کے فائدے کیلئے ادارہ عبقری کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ امید ہے کہ عمل کرنے والے ان شاء اللہ بہت مفید اور مجرب پائیں گے۔ تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

نمبر(1) سانپ کے زہر کو ختم کرنے کے لئے

سورۃ فاتحہ اور سورۃ کافرون اور سورۃ فلق وسورۃ الناس 7,7 بار پڑھ کر 7 دفعہ دم کریں۔ ان شاء اللہ ہر قسم کی زہر کا اثر ختم ہوگا۔

نمبر(2) بچوں کے رونے اور آسیب کے لئے

سورہ فاتحہ، آیت الکرسی، سورۂ مومنون کی آخری چار آیات، سورہ الصفٰت آیت 1 سے 11 تک اور سورۂ جن آیت 1 سے 5 تک اور سورہ فلق وسورۃ الناس 7 پڑھ کر مریض پر دم کریں اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اور منہ پر چھینٹا ماریں اور یہی آیات اور سورتیں بطور تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ مجرب ہے۔

نماز کن فیکون

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ پچھلے پانچ سال سے مسلسل پڑھ رہا ہوں۔ قارئین کیلئے ایک نہایت لاجواب روحانی ٹوٹکہ لایا ہوں یقیناً اسے قارئین عبقری بھرپور مستفید ہوں گے۔ اگر کسی کا اہم ترین کام یا مشکل ہو، بیماری یا تنگدستی ہو، شب جمعہ کو یا کسی بھی دن یا رات میں خلوص دل

سدابهار
حسن
خوبصورتی
پیکیج
سدابہار حسن خوبصورتی
قیمت
840.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
قدرتی 7 جڑی بوٹیوں سے بنا
آپ کے چہرے کو دے
قدرتی حسن اور بنائے آپ کے
بالوں کو سیاہ چمکدار، گھنا، دلکش
اور پرکشش

سے یہ عمل کرے۔ طریقہ عمل: چار رکعت نماز دو، دو رکعت کر کے ادا کریں۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سو مرتبہ کہے وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ (المومن ۴۴) دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 100 مرتبہ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَتْحٌ قَرِيْبٌ (القف13) پھر نماز مکمل کریں۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ (الشوریٰ ۵۳) دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 100 مرتبہ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا الفتح 1 نماز مکمل کریں۔ کسی سے بات کیے بغیر سو مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ۔ پڑھ کر سجدے میں سر رکھ کر سو مرتبہ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ پڑھیں۔ انشاء اللہ سجدے سے سر اٹھانے سے پہلے اس کی حاجت پوری ہوجائے گی' میری خود کی آزمودہ ہے۔

جادو، جنات اور تمام جسمانی امراض کے دفیعہ لئے اکسیر اعظم عمل

الحمد شریف سات مرتبہ، آیت الکرسی تین مرتبہ، سورہ یٰسین شریف ایک مرتبہ، سورہ نوح ایک مرتبہ، سورۂ جن گیارہ مرتبہ، سورہ لہب ایک مرتبہ، آخری تینوں قل تین تین مرتبہ، اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اور دعا کریں کم از کم پانچ ماہ یہ عمل کریں اس سے بڑھ کر کوئی عمل نہیں ہے۔ (الہم از مولانا منظور احمد شامی، ص192)

ہر بیماری کیلئے مختصر دم

تین مرتبہ درود شریف، ایک مرتبہ الحمد شریف، ایک مرتبہ آیت الکرسی، ایک مرتبہ سورۂ حشر کی آخرت تین آیات اور ایک ایک مرتبہ چاروں قل شریف اور آخر میں پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کر دیں یا دھاگے پر طاق گرہ لگا کر دم کر کے گلے میں باندھ دیں یا پانی دم کر کے پلا دیں یا مریض کے دونوں ہاتھوں پر کر دیں اور اسے کہیں کہ اپنے بدن پر دونوں ہاتھوں کو مل کر پھیر لیں۔

حسب منشا اپنی پسند کی شادی کرنے کیلئے نافع عمل

انسان کی شروع ہی سے یہ فطرت رہی ہے کہ وہ اپنی مرضی اور پسند سے لڑکی یا لڑکے کی شادی کرے، یہ فطری عمل ہے یہ کوئی ناجائز بات نہیں لیکن بعض اوقات انسان کی یہ خواہش پوری ہوجاتی ہے اور بعض اوقات اسے ناکامی کا منہ دیکھنا پڑتا ہے۔ چونکہ یہ فطری عمل جائز ہے اس بارے میں بھی اللہ پاک نے ہمارے اس مسئلے کو حل کر دیا ہے کیونکہ قرآن پاک میں تمام مسائل کا حل موجود ہے۔

اپنی پسند کی جگہ شادی کرنے کیلئے قرآن کی اس آیت کو ہر نماز کے بعد اول و آخر درود شریف 33 مرتبہ پڑھ لیا کریں اور عشاء کی نماز کے بعد 333 مرتبہ اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف پڑھ لیا کریں۔ ان شاء اللہ یہ جائز مقصد ضرور پورا ہوگا۔ آیت مبارکہ یہ ہے:

اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّیْ وَحُزْنِیْٓ اِلَى اللّٰهِ (یوسف 86)

اللہ پاک ہمیں آیت مبارکہ کو پڑھنے کی توفیق نصیب کرے۔ آمین! حسب منشا شادی کیلئے دوسرا عمل یہ ہے کہ اتوار کی رات جسے ہم آج کل گولڈن نائٹ کہتے ہیں اور نیک اعمال کی طرف بہت کم جاتے ہیں اس رات عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نفل خلوص سے پڑھیں یعنی سورۃ توبہ کی آخری دو آیات

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

دونوں رکعتوں میں سورۃ فاتحہ کے بعد اکیس اکیس مرتبہ پڑھیں پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد 21 مرتبہ یہ آیت پڑھنی ہے اور دوسری رکعت میں بھی یہی آیت اکیس مرتبہ پڑھنی ہے۔

نماز کے بعد سجدہ میں جا کر خلوص نیت سے دعا کریں ان شاء اللہ حسب منشاء شادی کا عمل ہوگا ہر پریشانی دور ہوجائے گی اگر ایسا نہیں کر سکتے تو

دوسرا عمل یہ ہے کہ سورۃ قدر بنولہ کے 21 دانوں پر پڑھنا شروع کر دیں۔ اور ایک دفعہ پڑھنے کے بعد ایک دانہ اٹھا کر آگ میں پھینک دیں اور 21 دانے جلانے کے بعد یہ سورۃ بھی 21 مرتبہ مکمل ہو جائے گی۔ یہ بہت زبردست عمل ہے ان شاء اللہ ایک دفعہ میں ہی مسئلہ حل ہو جائے گا۔ آزما کر دیکھ لیں۔ اگر کسی کی اولاد نافرمان ہوگئی ہو اور خلاف شرع کام کرنے لگے تو اس کے لئے لڑکے یا لڑکی جو نافرمان ہو گئے ہوں ان کی والدہ یا والدین میں کسی نماز کے بعد 300 بار روزانہ اس اسم الٰہی کو پڑھیں ان شاء اللہ بیٹا یا بیٹی فرمانبردار ہو جائیں گے، اسم الٰہی یہ ہے:

یَارَءُوْفُ یَاحَنَّانُ یَاحَکِیْمُ۔

ڈاڑھ یا دانت درد کے لئے

صاحب درد سے کہیں کہ مقام درد کو مضبوطی سے پکڑے اور یہ الفاظ کہیں:

طٰسٓمٓ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

اللہ سے اولاد مانگنے کی تین دعائیں

جس شخص کی اولاد نہ ہو یا نرینہ اولاد نہ ہو وہ یہ دعا کثرت سے مانگا کرے۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ (الانبیاء 89)

ترجمہ: اے میرے پروردگار! مجھے تنہا نہ چھوڑیئے اور آپ بہترین وارث ہیں۔ 2۔ حضرت زکریا علیہ السلام نے طلب اولاد کیلئے مندرجہ ذیل دعا مانگی تھی جس کو اللہ تعالیٰ نے قبول فرما کر ان کو حضرت یحییٰ علیہ السلام جیسا بیٹا عطا فرمایا تھا۔ طلب اولاد کیلئے یہ دعا مجرب ہے۔

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً۔ (آل عمران 38)

ترجمہ: اے میرے پروردگار! تو عطا فرما مجھے اپنی جانب سے پاکیزہ (نیک) اولاد، بے شک تو ہی تو دعا کا سننے والا ہے۔''

3۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے طلب اولاد کیلئے مندرجہ ذیل دعا مانگی تھی جس کو اللہ تعالیٰ نے قبول فرما کر حضرت اسماعیل علیہ الصلوٰۃ والسلام جیسا بیٹا عطا فرمایا۔ اولاد صالح کی طلب کیلئے یہ دعا بھی مجرب ہے۔ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ (الصفت ۱۰۰)

جادو کی تشخیص کیلئے بارہا کا آموزدہ عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کا ہر ماہنامہ بار بار پڑھ کر بے حد خوشی ہوتی ہے کہ اس دور میں عبقری جیسا رسالہ نایاب ہے۔ میرا بارہا کا مجرب و آزمودہ نسخہ ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کر رہا ہوں۔ یہ روحانی نسخہ ہے یہ جادو کی تشخیص اور اس کی وجہ سے ہوئی بیماری کیلئے ہے۔ ہر آدمی گھر بیٹھے اپنی بیماری کی تشخیص کر سکتا ہے کہ اس پر جادو، تعویذ، آسیبی اثرات ہیں یا جسمانی مرض ہے۔



فیض مرشد، قطب الاقطاب حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

ستره وظائف سے زندگی آسان

ان اعمال کو ہزاروں نامرادوں اور نا ٹلنے والی پریشانیوں میں گھرے افراد نے اپنایا تو وہ اپنی مراد پا گئے، لوگ ان اعمال کی برکت سے ایسے آسودہ ہوئے، جیسے ان پر کبھی پریشانیاں آئی ہی نہ تھیں۔

حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم
پی ایچ ڈی (امریکہ)

ان اعمال کو ہزاروں نامرادوں اور نا ٹلنے والی پریشانیوں میں گھرے افراد نے اپنایا تو وہ اپنی مراد پا گئے' لوگ ان اعمال کی برکت سے ایسے آسودہ ہوئے جیسے ان پر کبھی پریشانیاں آئی ہی نہ تھیں۔ آپ بھی آزما کر ضرور بتایئے!

طریقہ: سب سے پہلے ایک گلاس پانی سے بھرلیں، مریض کو یہ پانی چند گھونٹ پلائیں، پھراس پانی پر تین مرتبہ یہ مبارک کلمات پڑھ کر دم کریں۔ (آلٓمٓ۔ آلٓمٓصٓ۔ آلٓمٓرٰ)۔

1۔ اگر مریض کو پانی کا ذائقہ کڑوا یا تلخ محسوس ہوتو یہ جادو، تعویذ، بندش کی علامت ہے۔

2۔ اگر مریض کو پانی کا ذائقہ میٹھا یا نمکین محسوس ہوتو یہ جناتی، آسیبی اثرات کی علامت ہے۔

3۔ اگر پانی کا ذائقہ بالکل تبدیل نہ ہوتو جسمانی مرض کی علامت ہے۔ جو آدمی بھی یہ عمل کرے مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھے۔ جزاک اللہ خیرا۔

کلو کوئلے جلائیں اور کالا جادو ختم!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سخت جن، جادو کو جلانے اور کالے عمل کی کاٹ کیلئے کوئلوں والا عمل پیش خدمت ہے۔ یہ عمل میں نے اب تک بارہا دفعہ آزمایا ہے اور کامیاب پایا ہے۔ میں نے یہ اپنے گھر اپنے تین بندوں کو جمع کر کے کیا ہے۔ عمل کچھ اس طرح ہے کہ مریض کے قدموں کے نیچے پاک مٹی بچھا کر مریض کو سورج کے سامنے مٹی پر کھڑا کر دیں اور خود درج ذیل قرآنی آیات پڑھنا شروع کر دیں اور ہو سکے تو ساتھ مریض بھی ایک ایک لفظ پڑھے۔ سامنے تین کلو کوئلے جلا کر رکھ دیں۔

عمل یہ ہے: اول و آخر سات مرتبہ درود شریف۔ 3،3 مرتبہ سورۂ فلق اور سورۂ ناس۔ تین مرتبہ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ وَ اسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ اعراف ۱۱۶۔ تین مرتبہ رَّبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ المؤمنون ۹۷۔ تین مرتبہ وَ اِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿القلم ۵۱ تین مرتبہ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الصفت ۱۸۲ اس کے بعد مریض اپنے ہاتھوں پر دم کر کے پورے بدن پر پھیرے اور پاؤں کے نیچے سے مٹی اٹھاتا جائے اور بسم اللہ پڑھ کر آگ میں ڈالتا جائے۔ انشاء اللہ جادو کٹ جائے گا۔

دورہ اور پیٹ درد کیلئے روحانی عمل

سورۂ المنافقون پارہ 28 صاف کاغذ پر ہاتھ سے لکھیں اور پھر اسے دھو کر پی لیں۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر بارش کے پانی پر دم کریں اور معدہ کے مریض اسے پی لیں، اگلے ہی دن پھر ایسا کریں، کم از کم گیارہ روز تک ایسا کریں انشاء اللہ معدہ کے تمام مسائل سے جان چھوٹ جائے گی۔

اگر بارش کا پانی نہ ملے تو عام پانی حالت مجبوری میں استعمال کر سکتے ہیں مگر جو رزلٹ بارش کے پانی کا ہوگا وہ عام پانی سے نہ ملے گا۔ سورۂ قصص اور سورۂ لقمان پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانا دورے کے مریضوں کیلئے بہت مفید اور شفاء بخش ہے۔

شیاطین اور جنات سے حفاظت کیلئے قرآنی دعا

ایک حدیث شریف کے مفہوم کے مطابق ''جو شخص سورۂ بقر کا آخری رکوع صبح کے وقت پڑھ لے وہ سارا دن جنات اور شیاطین سے محفوظ ہو جاتا ہے اور جو شام کو کسی بھی وقت پڑھ لے وہ ساری رات جنات سے محفوظ ہو جاتا ہے۔'' اس مقصد کیلئے بہترین وظیفہ منزل کا ہے جو 33 آیات پر مشتمل ہے۔ صبح و شام منزل کو پابندی کے ساتھ پڑھنے سے نہ صرف انسان کے گھر اور تمام رہنے والوں کی ہر قسم کے جادو ٹونہ اور جنات سے حفاظت ہو جاتی ہے بلکہ قبر اور آخرت کی زندگی بھی بن جاتی ہے۔

اکسیر اعظم عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا پیغام ملا کہ ''جادو کیسے ہوتا ہے؟ کیسے ٹوٹتا ہے؟'' کے موضوع پر جنوری 2017 کا خاص نمبر ہوگا

اگر اس حوالے سے کسی کے پاس کوئی روحانی ٹوٹکہ ہو تو ارسال کریں۔ میرے پاس ایک اکسیر اعظم عمل ہے میرے مطابق اس سے بڑھ کر جادو کا کوئی اور توڑ نہیں ہے۔

میں یہ عمل قارئین کی خدمت میں ارسال کر رہا ہوں۔ یقیناً اس سے لاکھوں فیض یاب ہوں گے۔ عمل یہ ہے:۔ الحمد شریف سات مرتبہ' آیۃ الکرسی تین مرتبہ' سورۂ یٰسین ایک مرتبہ' سورۂ نوح ایک مرتبہ' سورۂ جن گیارہ مرتبہ' سورۂ لہب ایک مرتبہ' آخری تینوں قل تین تین مرتبہ' اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اور دعا کریں۔ کم از کم پانچ ماہ یہ عمل کریں اس سے بڑھ کر کوئی عمل نہیں ہے۔
(الہٰم از مولانا منظور احمد شامی، ص 192)

جادو کی وجہ سے آئی بیروزگاری آسان عمل سے ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں سعودی عرب کے شہر طائف میں رہتی ہوں۔ رسالہ عبقری اور آپ کے تمام درس انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ کر کے سنتی ہوں اور خوب فیض پاتی ہوں۔ یہاں میں گزشتہ چھ سال سے بے روزگار تھی' الحمدللہ کوالیفائیڈ ہوں' جاب کا تجربہ بھی تھا' میرٹ پر پورا اترتی مگر پھر نہ جانے کیوں عین وقت پر آ کر مسترد ہو جاتی۔ جب مختلف جگہوں سے پتہ کروایا تو ہر کسی نے سخت ترین جادو کا بتایا۔ اپنی اس پریشانی کے حل کیلئے میں نے شیخ ابو محمد مرجانی رحمۃ اللہ علیہ کا عمل جو کہ میں نے ماہنامہ عبقری میں پڑھا تھا۔ عمل اس طرح ہے:۔
یہ عمل شیخ ابو محمد مرجانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں تلقین فرمایا تھا۔ عملیات کی اکثر کتابوں میں یہ عمل موجود ہے۔ عمل حد درجہ مؤثر ہے۔ سورۂ توبہ کی آخری دو آیات۔ بنی اسرائیل آیت نمبر 82۔ سورۂ حشر کی آیت 21 تا 24۔ سورۂ فلق و ناس مکمل اور یہ دعا

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُحْیِ وَاَنْتَ الْمُمِیْتُ وَاَنْتَ الْخَالِقُ وَاَنْتَ الْبَارِئُ وَاَنْتَ اللهُ فِیْ اَلَمْ نَخْلُقْکُمْ مِنْ مَّاءٍ مَّھِیْنٍ فَجَعَلْنٰہُ فِیْ قَرَارٍ مَّکِیْنٍ اِلٰی قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَسْمَآءِکَ الْحُسْنٰی وَصِفَاتِکَ الْعُلْیَا یَا مَنْ بِیَدِہِ الْاِبْتِلَاءُ وَالْمُعَافَاتُ وَالشِّفَاءُ وَالدَّوَاءُ بِمُعْجِزَاتِ نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ وَبَرَکَاتِ خَلِیْلِکَ اِبْرَاھِیْمَ وَحُرْمَۃِ کَلِمَتِکَ عِیْسٰی عَلَیْھِمُ السَّلَامُ اَللّٰھُمَّ اشْفِہٖ۔

صبح و شام اول و آخر سات مرتبہ درود شریف اور تین تین مرتبہ درج بالا آیات اور سات مرتبہ دعا پڑھیں۔ اس کے ساتھ میں نے روزانہ تین بار منزل پڑھی' سورۂ آل عمران کی آیت نمبر 154 دس دن روزانہ دس بار پڑھی' جب اذان ہوتی تو جواب کے ساتھ دعا مانگتی۔ سات دن بعد میں نے ایک جگہ جاب کیلئے اپلائی کیا تو الحمدللہ مجھے بہترین جاب مل گئی۔ اس وقت میں سعودی عرب کے شہر طائف کی یونیورسٹی میں جاب کر رہی ہوں۔ عمل کرتے ہوئے پانچویں دن میں نے اپنا حساب لگوایا تو مجھ پر کیا گیا جادو اور بندش ختم ہو چکی تھی۔ آج میں بالکل مطمئن اور پرسکون زندگی گزار رہی ہوں۔

شفاء حیرت سیرپ
Shifa-E-Herat
شفاء
حیرت
سیرپ
250ml
قیمت
120.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
ہر قسم کی کھانسی،
دمہ، الرجی کیلئے
خوش ذائقہ اور فوری اثر

جادو کے توڑ کیلئے بزرگوں کا دیا عمل

جادو کے توڑ کے لئے بزرگ درج ذیل آیات کا وظیفہ تلقین فرماتے ہیں جو بے حد مفید اور مجرب ہے۔

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۔ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ۔ وَ اُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾۔ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ (سورۃ الاعراف) فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ (یونس 82،81) وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى۔ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَ مُوْسٰى ﴿طٰہٰ 69۔ 70)

ان آیات کو صبح و شام تین تین بار پڑھ لیا جائے۔ دم کرنا اور پانی پر دم کر کے چھڑکنا بھی مفید ہے۔ ایک چھوٹے سے کارڈ پر ان آیات کو لکھ لیں۔ جادو زدہ اس کا کارڈ کو جیب میں رکھے اور نماز فجر کے بعد ضرور پڑھے۔ خاص کر وہ لوگ جو جادو کے شدید وہم میں مبتلا ہیں۔ وہ اگر ان آیات کا ترجمہ پڑھیں تو انہیں انشاء اللہ افاقہ ہوگا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں جادو عروج پر تھا۔ جب ان جادوگروں کو اللہ تعالیٰ نے ناکام فرما دیا تو اس زمانے کے جادوگر کس کھاتے میں آتے ہیں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابلے میں جادوگر نہ ٹھہر سکے اور ایمان لائے۔

ہر بیماری کیلئے مفید اور آزمودہ دم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک تجربہ جو کہ میں نے بارہا آزمایا ہے مخلوق خدا کو فائدہ دینے اور اللہ سے ثواب کی امید کی خاطر عرض کرتا ہوں۔ آیات شفاء اور آیات سلام تقریباً ہر بیماری کیلئے مفید ہے۔ بندہ ناچیز گیارہ گیارہ بار پڑھنے کیلئے بتاتا ہے اللہ ان کو شفاء دے دیتا ہے۔ آیات شفاء درج ذیل ہیں۔

1۔ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ۔

2۔ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ۔

3۔ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ 4۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ.

5۔ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ۔

6۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّ شِفَآءٌ۔ آیات شفاء درج ہیں: سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ۔ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ۔ سَلٰمٌ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ۔ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ۔ سَلٰمٌ عَلٰى اِلْ يَاسِيْنَ۔ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ۔ سَلٰمٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ۔

یہ آیات روزانہ صبح و شام گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں یا مریض خود پڑھ کر خود پر دم کرے اللہ تعالیٰ شفاء سے نوازتا ہے۔

شوہر یا بیٹے کی ستائی ماؤں کے دکھ اب ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرض یہ ہے کہ بندہ نے آپ کے ماہنامہ عبقری میں ایک پوسٹر پڑھا کہ میاں بیوی کی محبت کیلئے آزمائے ہوئے عمل بھیجیں میں بھی عبقری کا چھ سات ماہ سے قاری ہوں لیکن عبقری سے رابطہ پہلے ہی ہو چکا تھا یہ ایک الگ موضوع ہے اصل بات جو آپ کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ بندہ 8،9 سال کی عمر میں ہی عملیات کا شوق دل میں اجاگر کر چکا تھا اسی لئے جب بھی کوئی کتاب یا کوئی عمل ملتا تو فوراً نوٹ کر لیتا اور خصوصاً جو اعمال حب (محبت) کیلئے ہوتے ان کو تو کبھی نہ چھوڑتا۔

ذیل میں جو عمل قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں یہ بہت مجرب عمل ہیں اور آزمائے ہوئے ہیں بشرطیکہ یقین کامل ہو۔ اگر کسی کا شوہر ناراض ہو تعلقات اچھے نہ ہوں تو سورۃ والضحیٰ 313 مرتبہ سات دن تک پڑھے اول و آخر گیارہ بار درود ابراہیمی انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔ تحدیث بالنعمۃ طور پر عرض کرتا ہوں جن سے یہ عمل ملا ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی اپنی بیوی سے ناراض تھا اور سعودیہ میں رہتا تھا جب اس کی بیوی نے یہ عمل کیا تو فوراً واپس آ گیا، عمل کے آخر میں دعا کریں مجھے بھی یاد رکھیں۔

اسی طرح ایک اور عمل کہ بیوی کو چاہئے 11 کالی مرچیں لے کر ان کو دھولے اور ہر مرچ پر 100 مرتبہ ’’یا تنکفیل بحق‘‘ پڑھے اور مرچ پر دم کرتے وقت الحب طالب بنت اعلیٰ حب مطلوب بنت یعنی طالب و مطلوب دونوں کا نام لیں اس طرح 19 مرچیں مکمل کریں اور سب کو آگ پر جلا دیں، ان شاء اللہ تین دن، سات دن میں کام ہو جائے گا لیکن یہ عمل 19 دن بلا ناغہ مکمل کریں انتہائی موثر ہے۔ 1) سورہ مائدہ کی آیت جس کا عمل انتہائی طاقتور ہے جب بھی آزمایا بے حد نافع پایا، اول و آخر تین بار درود شریف درمیان میں آیت "یُّحِبُّھُمۡ وَیُحِبُّوۡنَہٗۤ اَذِلَّۃٍ عَلَی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ اَعِزَّۃٍ عَلَی الۡکٰفِرِیۡنَ"

41 بار پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کھلائیں اور اگر چھوہاروں پر دم کر دیں تو تاثیر بڑھ جائے گی۔ ویسے طریقہ یہ ہے کہ اگر ایسی چیز پر دم کریں جو پکائی جائے جیسے کھیر وغیرہ تو اس صورت میں چولہے سے اتار کر دم کی ہوئی چیز مکس کریں۔ سورہ یٰسین کی آیت

وَجَعَلۡنَا مِنۡۢ بَیۡنِ اَیۡدِیۡھِمۡ سَدًّا وَّمِنۡ خَلۡفِھِمۡ سَدًّا فَاَغۡشَیۡنٰھُمۡ فَھُمۡ لَا یُبۡصِرُوۡنَ ﴿یٰسین ۹﴾

313 مرتبہ کھانے کی چیز پر دم کر کے دیں۔ بعض مرد ایسے ہوتے ہیں جو گھر سے باہر دل لگا لیتے ہیں اول اس رابطہ کو ختم کیا جائے پھر محبت کے اعمال کئے جائیں۔ اگر دو شخصوں کے درمیان ناجائز محبت اور تعلق اور ان میں جدائی و نفرت مطلوب ہو تو مٹی کا ایسا برتن جس کو مطلق پانی نہ لگا ہو جیسے ہانڈی وغیرہ اس پر سورہ کوثر مکمل لکھیں اور ساتھ یہ عزیمت بھی درج کریں یا قاہر ذوالبطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامہ یا قاصر امرو ھو احدا البغض والعدواۃ نام طالب بنت ماں کا نام علیٰ بغض نفاق وجدائی نام مطلوب بنت مطلوب کی ماں کا نام لکھ کر اس برتن کو چورا چورا کریں، مٹی کی طرح اور اس پر سورہ کوثر بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے مع اس عزیمت کے 313 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس بریدہ کو گھر کے کونوں میں پھیلا دیں، ان شاء اللہ شوہر کا دل بیوی کی طرف سے کہیں اور نہ جائے گا۔

آخر میں گزارش ہے کہ ان اعمال کو وہ کرے جو باشرع پانچ وقت کا نمازی ہو لیکن ناجائز جگہ استعمال نہ کریں ورنہ سخت ترین نقصان کا خود ذمہ دار ہو گا۔ یہ عمل میں نے اپنی دکھی ماؤں بہنوں کیلئے بھیجے ہیں دعاؤں میں یاد رکھیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہو۔ نوٹ: آخر میں پھر لکھ رہا ہوں کہ بارہا تجربات کے جس نے بھی یہ اعمال ناجائز کیے اس نے سخت ترین نقصان اٹھایا۔ صرف جائز مقصد کیلئے کریں۔

ہر بیماری کیلئے مفید اور آزمودہ دم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک تجربہ جو کہ


الجھی زندگی کے
700
سلجھے وظائف
جمع و ترتیب
شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

اگر آپ راحت و سکون کی تلاش میں ہیں تو اس کیلئے آپ کو ان پرانے اصولوں پر عمل کرنا ہو گا جن اصولوں میں ایک لفظ ملتا ہے اور وہ لفظ اسلام ہے، دین ہے اور پھر عافیت ہی عافیت ہے۔ ایسے موجودہ سائنسی اصول اور زیر نظر کتاب میں اصولوں پر توجہ کریں تو پتہ چلے گا کہ یہ تمام اصول دینی ہیں۔

میں نے بارہا آزمایا ہے مخلوق خدا کو فائدہ دینے اور اللہ سے ثواب کی امید کی خاطر عرض کرتا ہوں۔ آیات شفاء اور آیات سلام تقریباً ہر بیماری کیلئے مفید ہے۔ بندہ ناچیز گیارہ گیارہ بار پڑھنے کیلئے بتاتا ہے اللہ ان کو شفاء دے دیتا ہے۔

(1 وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ {سورۃ توبہ، آیت ۱۴}
(2 وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ {سورۃ یونس، آیت ۵۷}
(3 يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ {سورۃ نحل، آیت ۶۹}
(4 وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ {سورۃ بنی اسرائیل، آیت ۸۲}
(5 وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ {سورۃ الشعراء، آیت ۸۰}
(6 قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ {سورۃ حم سجدہ، آیت ۴۴}

ساری پریشانیاں دور کرنے کا نبوی ﷺ علاج

حضرت جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ ایک مرتبہ مدینہ منورہ تشریف لائے تو لوگ ان سے علمی استفادہ کیلئے آئے' آپ نے لوگوں سے کہا کہ مجھے تعجب ہے چار قسم کے آدمیوں پر جو چار باتوں سے غافل ہیں۔ 1۔ مجھے تعجب ہے اس آدمی پر جو مصیبت میں پھنسا ہوا اور یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ نہ پڑھتا ہو اس دعا کا فائدہ قرآن کریم میں یہ بیان کیا گیا ''پس ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ان کی تکلیف دور کی''۔

2۔ مجھے تعجب ہے اس آدمی پر جو غم اور مشکلات میں پھنسا ہوا اور وہ دعا نہ پڑھتا ہو جو حضرت یونس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے سخت ترین مشکل وقت میں پڑھی تھی لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ یعنی آیۃ کریمہ۔

3۔ مجھے تعجب ہے اس آدمی پر جس پر کوئی خوف لاحق ہوا اور وہ دعا نہ پڑھے جو صحابہ اکرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے خوف کے وقت پڑھی تھی۔ وہ دعا یہ ہے: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ

4۔ مجھے تعجب ہے اس شخص پر جو دشمنوں (حاسدین) کے مکروفریب میں پھنسا ہوا اور دعا نہ پڑھے جو فرعون کے خاندان کے ایک فرد نے پڑھی تھی وہ دعا یہ ہے۔ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿المؤمن ۴۴﴾۔ (ماخوذ بکھرے موتی)

ہر حاجت پورا کروانے کے لیئے اسم اعظم جان لیں

البدایہ والنہایہ میں لکھا ہے کہ پانچ آیات ایسی ہیں جن کے بارے میں کہا گیا ہے کہ ان میں اسم اعظم ہے۔ ان میں سے ہر ایک آیت میں دس قاف ہیں تو جو ان آیات کو اپنا معمول بنا لے اسے بے شمار فوائد حاصل ہوں گے۔ ان آیات کی تاثیر کا ایک عجیب واقعہ بھی روایات سے ملتا ہے۔ وہ یہ کہ ایک بادشاہ کو اپنے وزیر سے سخت دشمنی تھی۔ ایک روز بادشاہ نے جلاد کو حکم دیا کہ جب وزیر آئے تو میں تجھے اشارہ کروں گا تم اس کی گردن اڑا دینا۔ مگر تعجب کی بات یہ ہے کہ جب وزیر بادشاہ کے سامنے آیا تو بادشاہ کا سارا بغض محبت میں بدل گیا اور جلاد کو اشارہ کر کے کہا کہ واپس چلا جائے۔ پھر کئی روز تک ایسا ہی ہوتا رہا کہ جب وزیر غائب ہوجاتا تو بادشاہ اس کے قتل کا حکم دیتا اور وزیر جیسے ہی سامنے آتا تو اس کا غصہ محبت میں تبدیل ہوجاتا۔

ایک روز بادشاہ نے وزیر سے کہا میں تجھ سے ایک بات پوچھتا ہوں سچ سچ بتاؤ؟ وزیر نے کہا آپ حکم کیجئے میں اعلان کرتا ہوں کہ درست کہوں گا۔ بادشاہ نے کہا ایک عرصہ سے میں تیرے قتل کا ارادہ کرتا ہوں مگر جب تیری شکل دیکھتا ہوں تو سارا غصہ کافور ہوجاتا ہے اور تیری محبت دل میں جاگ جاتی ہے تو بتا اس کا راز کیا ہے؟ سچ کہہ دے' خوف نہ کر' اس لیے کہ میں تجھے معاف کر چکا ہوں۔

وزیر نے کہا حضور میرے استاد نے مجھے چند آیتیں

ہمیشہ پڑھنے کی تلقین کی تھی اور فرمایا تھا ان میں سے ہر آیت میں دس ''قاف'' ہیں جو ان آیات کو طلوع آفتاب اور غروب آفتاب سے پہلے پڑھے گا سب لوگ اس پر مہربان ہوں گے، اگر سلطان و حاکم ان کو پڑھتا رہے تو اس کی حکومت قائم رہے گی اور رعایا اور نوکروں پر اس کا رعب قائم رہے گا اور اگر کوئی حاجت مند ان آیات کو پڑھ کر حاجت مانگے تو اس کی حاجت پوری ہوگی۔ بادشاہ نے جب وزیر سے یہ باتیں سنیں تو بہت پسندیدگی کا اظہار کیا اور بادشاہ نے بھی آیات یاد کر لیں۔ یہ درج ذیل پانچ آیات ہیں انہیں ایک بار صبح و شام ضرور پڑھ لیا کریں۔

پہلی آیت: سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 246 اَلَمۡ تَرَ اِلَی الۡمَلَاِ مِنۡۢ بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ سے لے کر وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌۢ بِالظّٰلِمِيۡنَ ﴿البقرہ ۲۴۶﴾۔

دوسری آیت: سورۂ آل عمران کی آیت نمبر 181 لَقَدۡ سَمِعَ اللّٰهُ قَوۡلَ الَّذِيۡنَ سے لے کر نَقُوۡلُ ذُوۡقُوۡا عَذَابَ الۡحَرِيۡقِ آل عمران ۱۸۱۔

تیسری آیت: سورۂ نساء کی آیت نمبر 77 اَلَمۡ تَرَ اِلَی الَّذِيۡنَ قِيۡلَ لَهُمۡ سے لے کر خَيۡرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى وَلَا تُظۡلَمُوۡنَ فَتِيۡلًا ﴿النساء 77

چوتھی آیت: سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 27 وَاتۡلُ عَلَيۡهِمۡ نَبَاَ ابۡنَىۡ اٰدَمَ سے لیکر قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الۡمُتَّقِيۡنَ ﴿مائدہ ۲۷﴾

پانچویں آیت: سورۂ الرعد کی آیت نمبر 16 قُلۡ مَنۡ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ سے لے کر قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَىۡءٍ وَّهُوَ الۡوَاحِدُ الۡقَهَّارُ ﴿الرعد ۱۶﴾۔

قارئین! ان پانچ آیات کو اپنی زندگی کا حصہ بنا لیں، ہر روز صبح و شام صرف ایک مرتبہ پڑھنا ہے اور پھر اس کی کرامات اپنی زندگی میں جاگتی آنکھوں کے ساتھ خود دیکھیں۔ آپ کو کوئی مسئلہ ہے، گھریلو حالات خراب ہیں، گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑے رہتے ہوں، میاں بیوی یا گھر کے دیگر افراد ایک دوسرے کی شکل دیکھنا پسند نہیں کرتے، کاروبار حالات ٹھیک نہیں، گاہک دکان پر نہیں آتا، جادو، بندش، نظر بد ہے تو ان آیات سے اپنی پریشانیاں بھگائیے اور سکون سے جینے کا گر سیکھ لیں۔

نظر بد کیلئے ہمیں وراثت میں ملنے والا دم

اول و آخر درود شریف تین سے سات مرتبہ، سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ، سورۂ اخلاص تین مرتبہ، آیۃ الکرسی تین مرتبہ، سورۂ قلم کی آیت وان یکاد الذین کفروا سے لیکر ذکر للعالمین تک تین مرتبہ۔

سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِيۡمٍ تین مرتبہ۔ آخری چاروں قل تین مرتبہ، وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحۡمَةٌ لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ تین مرتبہ۔ يَااَللّٰهُ يَامُعَافِىۡ يَاشَافِىۡ يَاكَافِىۡ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الۡحَىُّ الۡقَيُّوۡمُ

اس کیساتھ ساتھ اذان اور افحسبتم کے عمل کا اضافہ کرتے جائیں۔ درج بالا تمام عمل کی برکت سے میری ایک لاکھ بیس ہزار کی بھینس قصاب کے حوالے ہونے سے بال بال بچ گئی۔ میرے منہ سے پہلے کبھی گارنٹی کے

آگ شفاء

قیمت
80.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

جلے ہوئے زخم کیلئے بہترین مرہم

جلے زخم کا نشان تک ختم

پر لگانے سے ٹھنڈک کا احساس

کٹ، چوٹ لگنے، پھوڑے پھنسی کا بھی شافی علاج ہے۔

الفاظ نہیں نکلے تھے۔ میں نے جب یہ عمل اپنی بھینس پر کیا تو اپنے بھائی سے کہہ کر آیا تھا کہ شام تک اگر بھینس ٹھیک نہ ہوئی تو پھر مجھے پکڑ لینا۔ شام کو میں کسی کے جنازہ میں شرکت کیلئے چلا گیا دوسرے دن بھائی سے ملا اس نے بتایا کہ بھینس کو اللہ نے بچالیا۔ بڑی خوشی ہوئی جب کلام کا اثر دیکھتا ہوں تو میرا اس کی ذات پر یقین اور بھی پختہ ہو جاتا ہے۔

نظر بد جانور ہو یا انسان نہیں لگے گی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو' آپ کی نسلوں کو قیامت تک اور عبقری کی تمام ٹیم کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ عبقری رسالہ کیلئے دو موتی ہدیہ کرنا چاہتا ہوں جو کہ میں نے بڑی مشکل سے حاصل کیے ہیں یقیناً اس سے قارئین عبقری خاص طور پر کسان بھائیوں کو فائدہ ہوگا۔

مٹی کا دَم: انسان ہو یا جانور جسم کے کسی بھی حصے میں درد ہو' کان' دانت یعنی کہیں بھی ہو۔ ایک مرتبہ درود ابراہیم' پندرہ مرتبہ صرف بسم اللہ پڑھیے۔ تُرۡبَةُ اَرۡضِنَا بِرِيۡقَةِ بَعۡضِنَا لِيُشۡفٰى سَقِيۡمُنَا بِاِذۡنِ رَبِّنَا پھر درد والی جگہ پر پھونک (دم) مارے۔ تین مرتبہ یہ عمل کریں۔ ایک ہی نشست میں ہر بار پندرہ مرتبہ پڑھیں' آرام نہ آئے تو یہ عمل پورے دن میں تین مرتبہ کریں اور آخر میں تمام نیک صالح لوگوں کی طرف سے نیک کر کے ہدیہ کریں۔ یعنی دم (پھونک) کہ میں ان نیک انسانوں کی طرف سے پھونکتا ہوں۔ دوسرا عمل نذر بد: بڑھے بوڑھے' انسان جانور کسی کو کوئی بھی نظر بد ہو اس کو درج ذیل عمل کریں اور دن میں تین مرتبہ کریں۔ اول و آخر تین مرتبہ درود ابراہیمی' ہر مرتبہ مکمل بسم اللہ کے ساتھ گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص' گیارہ مرتبہ سورۂ فلق' گیارہ مرتبہ سورۂ ناس' پڑھ کر پھونک ماریں' بفضل خدا نذر بد ہٹ جائے گی۔

بیماریوں کا روحانی علاج

محترم حضرت حکیم صاحب اور معزز قارئین عبقری السلام علیکم! معزز قارئین جس طرح حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم جذبۂ خدمت سے سرشار' دکھی انسانیت کی خدمت کررہے ہیں' ہمارا بھی فرض ہے کہ اپنے آزمودہ اعمال اور طبی نسخہ جات بلکہ ہر وہ چیز جس سے دکھی انسانیت کی خدمت منظور ہو' عبقری کو ارسال کریں اور حضرت حکیم صاحب سے شیئر کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ انسانیت کی خدمت ہوسکے اسی سلسلہ میں اپنے آزمائے ہوئے عملیات قارئین کی خدمت میں ارسال کررہا ہوں' آپ بھی آزمائیں اور مجھ سمیت حضرت حکیم صاحب اور عبقری کی پوری ٹیم کو دعائیں دیں۔ پتہ کی بیماریوں کا علاج: جس طرح کہ آپ کو معلوم ہے کہ جدید طب' ایلوپیتھک میں اس کا علاج بہت مشکل ہے' اس مرض کا اکثر لوگوں کو پتہ ہی نہیں چلتا مگر اس کی صحیح تشخیص الٹراساؤنڈ ٹیسٹ سے ہی ممکن ہے ایکسرے میں اس کی تشخیص ممکن نہیں' بہرحال اگر پتہ کے امراض میں پتھریاں کنفرم ہو جائیں تو بے فکر ہو کر یہ قرآنی علاج آزمائیں اور اللہ تعالیٰ سے اپنی قسمت کی شفاء پائیں۔

عمل نمبر1: پتہ کی بیماریوں کیلئے گیارہ مرتبہ درج ذیل آیت پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں اس سے درد رفع ہو جاتا ہے۔ الرحمٰن علی العرش الستوی۔

عمل نمبر2: سورۂ ناس گیارہ مرتبہ بارش کے پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں' ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

عمل نمبر3: سورۂ حشر پارہ نمبر 28 کی آخری چار آیات روز دم کر کے پانی مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ پتہ کی پتھری گھل جائے گی اور درد بھی نہیں ہوگا۔

عمل نمبر4: یہ آیت سبز کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر 21 دن مریض کو پلائیں' پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائیگی۔ ان شاء اللہ۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَبُسَّتِ الۡجِبَالُ بَسًّا o فَكَانَتۡ هَبَآءً مُّنۡۢبَثًّا (واقعہ 5،6) وَّحُمِلَتِ الۡاَرۡضُ وَالۡجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً o فَيَوۡمَئِذٍ وَّقَعَتِ الۡوَاقِعَةُ o وَانۡشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِيَ يَوۡمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ (الحاقۃ 14، 15، 16) ان میں سے کوئی

بھی عمل کر سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو شفاء دے۔ آمین!۔

دانت درد کا مستقل علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری ہم بڑے شوق سے پڑھتے ہیں' عبقری پڑھنے کے بعد مجھے لکھنے کا شوق پیدا ہوا کہ کیوں نہ میں بھی بخل شکنی کر کے ڈھیروں اجر کماؤں۔

آزمودہ نسخہ جات قارئین کی نذر کر رہی ہوں:۔ دانت کے درد سے فوری نجات کیلئے سرسوں کے تیل میں نمک ملا کر دانت درد والی جگہ مل دیں۔ آدھا چمچ تیل میں چٹکی نمک ملا دیں' تھوڑی دیر میں درد ختم ہو جائے گا اور مستقل نجات کیلئے وتر کی پہلی رکعت میں سورۂ نصر' دوسری رکعت میں سورۂ لہب اور تیسری رکعت میں سورۂ اخلاص پڑھیں۔ نماز کی پابندی کریں عمل جاری رکھیں نہ کیڑا لگے گا نہ کبھی درد ہو گا۔

کالے جادو کے کالے وار اور چھ سورتوں کی ڈھال

محترم جناب حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا رسالہ میں بار ہا حکم پڑھنے کو ملتا ہے کہ اپنے تجربات و مشاہدات مخلوق خدا کیلئے لکھیں' آپ کے حکم کی تعمیل میں میں یہ تحریر ارسال کر رہی ہوں۔ اللہ کا شکر ہے کہ میری تمام بیٹیاں صوم وصلوٰۃ اور تہجد گزار ہیں۔ محترم میری تیسری بیٹی کی شادی گزشتہ سال ہوئی اور وہ آپ کے درس بھی باقاعدگی سے سنتی ہے۔ اس نے آپ کا وہ درس بھی سنا جس میں آپ نے قرآن کریم کی آخری چھ سورتوں کے بارے میں بتایا تھا اور ان کی فضیلت بھی بیان فرمائی تھی۔ اس نے گزشتہ دو تین ماہ سے حاجت کے نفلوں میں چھ سورتیں پڑھنا شروع کر دیں' اس کے مسائل یہ تھے۔

پچھلے سال شوہر کے سعودی عرب جانے کے بعد وقت سے پہلے میری بیٹی کی پیدائش ہوئی' ڈاکٹروں نے کہا کیونکہ پانی کی کمی ہے اس لیے اسے ایسے ہی ضائع کرنا پڑے گا اس سال کے شروع میں بوجہ بڑا آپریشن کروانا پڑا کہ پانی کی تھیلی بہت بڑھ گئی' سسرال میں بھی پریشانی تھی' اس لیے اس نے یہ نفل شروع کیے' تقریباً پندرہ بیس روز قبل اسے محسوس ہوا کہ اس پر کوئی عمل ہے جو محسوس ہوتا ہے' وہ صرف دیکھنا چاہتی تھی کہ کون ہے؟ بس پھر یہ مسلسل دعا مانگتی رہی کہ یا اللہ مجھے دکھا کون میرے پیچھے لگا ہوا ہے؟ ایک مرتبہ نوافل کی ادائیگی کے بعد وہ بیٹھی دعا مانگ رہی تھی کہ اس کو دو شکلیں واضح نظر آئیں' بڑی حیرانی ہوئی ایک ہمارے عزیز اور ایک محلے دار عورت' گمان نہ تھا' حیران و پریشان بہت ہوئی' خیر میری بیٹی نے عزیز سے تو بات کی وہ غالباً ناراض تھے خیر وہ بات کافی بحث و مباحثے کے بعد رفع دفع ہوئی۔

پھر اس نے ہمسائی کے گھر جانے کی ٹھانی اور بات کی۔ پتہ چلا کہ اس کے مسائل تھے اس نے کسی عامل سے پتہ کیا تو میری بیٹی اور میرا نام نکلا۔ (جبکہ حقیقت میں ایسی کوئی بات ہی نہ تھی) بہت


شاندار زندگی گزارنے کے جاندار اصول
کون نہیں چاہتا کہ میری زندگی شاندار ہو...... ہر قسم کی راحت ہو...... عافیت ہو...... مصیبت نہ ہو۔ تو ایسے حالات میں جاندار اصولوں کی طرف توجہ کیلئے یہ کتاب پڑھیں۔

دکھ ہوا' دل میں دعا کی جو ذمہ دار ہوا اسے اللہ ضرور سزا دے گا۔ ہمسائی نے بیٹی سے کھل کر بات کی' ہمسائی نے بتایا جب آپ دونوں کا نام نکلا تو عامل کے کہنے پر مجھ سے جو ہو سکا میں نے آپ دونوں پر عمل کروائے۔ چونکہ میں خود اعمال کرتی ہوں تو مجھ پر تو اثر نہ ہوا مگر میری بیٹی کو بہت مشکلات درپیش آئیں۔ بیٹی نے ہمسائی سے کھل کر ساری بات کی' بلکہ بات قرآن پاک اٹھانے تک گئی' پھر ہمسائی نے معافی مانگی ساتھ یہ بھی کہا کہ میں جو کچھ کروا چکی ہوں اس کیلئے میں تمہارے لیے دعا گو رہوں گی' مجھ سے سب کچھ غلط فہمی میں کروایا گیا۔ بیٹی نے آخری چھ سورتیں پڑھنا نہیں چھوڑیں۔ الحمدللہ وہ اپنے گھر میں خوش اور مطمئن ہے۔

عبقری سے جو آزمایا وہ قارئین کو لوٹا رہا ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتا ہوں' اس شمارے سے میں نے بہت سے وظائف اور ٹوٹکے آزمائے۔ الحمدللہ بھرپور فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ بعض میں نے آزمائے اور بعض لوگوں کو بتائے۔ انہی ٹوٹکوں میں سے چند قارئین عبقری کو لوٹا رہا ہوں:۔

1۔ جب بھی ٹریفک میں پھنس جاتا ہو تو پہلا کلمہ یا سورۂ الم نشرح یا درود شریف پڑھنا شروع کر دیتا ہوں' اللہ تعالیٰ کہیں نہ کہیں سے راستہ نکال دیتے ہیں۔

2۔ نوزائیدہ بیٹا بہت روتا تھا تو سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کیا' بچے نے ہر وقت رونا چھوڑ دیا۔

3۔ قبض کیلئے ایک مرتبہ درود ابراہیمی کا عمل کیا یعنی ہاتھ سینے پر رکھ کر درود ابراہیمی پڑھتے جائیں اور ساتھ ہاتھ نیچے پیٹ تک لیتے جائیں۔ میں اور میری اہلیہ نے یہ عمل کیا' ہمارا مسئلہ حل ہو گیا۔

دو آیات سات بار پڑھیں قرضوں کے بوجھ سے خلاصی

میں اپنے شوہر کے ساتھ سعودی عرب میں رہتی ہوں' میرے شوہر پیشے کے لحاظ سے ایک موٹر مکینک ہیں اور ان کی سعودیہ میں اپنی ورکشاپ ہے۔ جب میں نے پہلی مرتبہ حج کیا تھا تو میرے بچے چھوٹے تھے۔ میرے شوہر نے کہا کہ میری والدہ آئی ہوئی ہیں تم ان کے ساتھ حج کر لو' میں بچوں کو سنبھال لوں گا۔ ہم اس وقت بہت زیادہ قرض دار تھے' اس چیز کا مجھے بہت زیادہ احساس تھا کہ ہم قرض کیسے ادا کریں گے۔ کسی نے ہمیں ''سورۂ آل عمران'' کی آیت نمبر 26، 27 صبح فجر میں سات بار اور مغرب میں سات بار'' پڑھنے کیلئے کہا تو میں نے یہ عمل پڑھنا شروع کر دیا' اللہ تعالیٰ نے کرم کیا اور عقل آج تک دنگ ہے' ہوا کچھ یوں کہ کوئی سعودی دکان ختم کر رہا تھا وہ میرے شوہر کے پاس آیا اور سپئیر پارٹ کا سامان انتہائی کم قیمت پر فروخت کر گیا اور میرے شوہر کے پاس رقم بھی کافی کم تھی تو اس نے کہا کہ باقی رقم میں آہستہ آہستہ بعد میں لے لوں گا' اس طرح اللہ پاک نے سبب بنایا اور ہماری دکان بھی بھر گئی اور کام میں بھی خوب برکت ہوئی' چند ماہ میں قرض بھی اتر گیا' میرے شوہر زکوٰۃ پابندی سے ادا کرتے ہیں اور کام بھی اللہ تعالیٰ کا شکر ہے بڑھا اور زکوٰۃ بھی زیادہ نکلنے لگی۔

میرے شوہر مجھ سے بہت محبت کرتے ہیں مگر ان میں ایک بُری عادت تھی کہ وہ بہت زیادہ شکی اور غصے والے تھے جو کہ میرے لیے بہت زیادہ پریشانی کا سبب تھا' پھر مجھے ایک کتاب ملی۔ اس میں ایک وظیفہ لکھا تھا کہ ''صرف جمعہ والے دن 3125 مرتبہ **یَاوَدُوْدُ** اول و آخر ایک سو مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں' پھر ہر نماز کے بعد صرف 21 مرتبہ **یَاوَدُوْدُ** پڑھ کر دم کریں اور اس شخص کو تصور میں لا کر دم کر دیں'' میں نے یہ وظیفہ کیا اور رو رو کر دعا کرتی تھی اور کچھ عرصہ ایک سال یا اس سے بھی کم تو میرے شوہر میں تبدیلی آنا شروع ہو گئی' میں نے اور شدت سے پڑھ کر دعائیں کرنا شروع کر دیں۔ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر رحم کرم اور فضل کیا اور شوہر کا غصہ اور شک کم کیا ہوا ختم ہی ہو گیا۔

کئی اور خواتین کو یہی پریشانی تھی' میں نے ان کو بھی یہ بتایا جس نے بھی پابندی سے کیا ان کے حالات میں نمایاں تبدیلی آئی اور سال بعد ہی مجھے تبدیلی کے بارے میں بتایا۔ ایک سعودی لڑکی کو بھی بتایا پر اس نے پابندی سے نہیں کیا اس کو کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ جب میرے بچے بڑے

ہوئے تو پڑھائی کا مسئلہ ہوا' یعنی آج سے سولہ سترہ سال پہلے تو سعودی عرب میں رہائش' گاڑی کے کام اور دیگر کاغذات ہمارے لیے مسئلہ بن گئے تھے۔ پریشانی میں ایک ٹیچر نے مجھے یہ وظیفہ بتایا انہوں نے کہا کہ اگر یہ وظیفہ حرم کعبہ میں بیٹھ کر شروع کریں تو زبردست رہے گا۔

وظیفہ درج ذیل ہے: ''دو نفل حاجت پڑھنے کے بعد اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پھر آیت کریمہ 300 مرتبہ یَاعَزِیْزُ سو مرتبہ' حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَ کِیْلُ 100 مرتبہ' یَالَطِیْفُ 630 مرتبہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ 100 مرتبہ' اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَاب 36 مرتبہ' اور پھر سجدے میں گڑگڑا کر دعا کریں اور کام ہونے تک کریں' ہر روز ایک مقررہ وقت پر کریں' انہوں نے کہا تھا کہ جب تک کام نہ ہو جائے یہ وظیفہ آگے نہ بتائیں۔

میں نے یہ وظیفہ کیا تو اللہ تعالیٰ نے ہر کام کے راستے کھول دیئے۔ بچوں کی پڑھائی کے لیے ہر سال پاکستان جانے لگے اس سے پہلے یہ حال تھا کہ والدین سے ملنے ہم چھ سال بعد پاکستان گئے تھے' اب اللہ کے فضل سے ہر سال تین ماہ کی چھٹیاں سعودیہ میں گزار کر پاکستان جاتے ہیں۔ میرے شوہر بہت محنتی انسان ہیں' اللہ تعالیٰ کا شکر ہے رزق حلال میسر ہے' مکینک ہیں ساتھ سپیئر پارٹس کا کام ہے' ان وظائف کی برکت سے اللہ نے خوب کرم کیا ہوا ہے۔ میں یہ درج بالا وظائف لوگوں کو سعودیہ میں اور پاکستان میں بھی اکثر بتاتی رہتی ہوں جو بھی یقین توجہ کے ساتھ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے بگڑے کام سنوار دیتا ہے اور جو لاپرواہی برتتے ہیں وہ اکثر شکایتیں ہی کرتے نظر آتے ہیں۔

عبقری کو دکھ بھری داستان لکھی اور اللہ کا کرم ہو گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے کچھ عرصہ پہلے آپ کو اپنی دکھ بھری داستان لکھ کر بھیجی تھی تو آپ نے ایک وظیفہ عنایت فرمایا تھا کہ اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف' سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ' سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھنی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آپ کا وظیفہ بہت اچھا ہے' اللہ تعالیٰ آپ کو اس نیکی کا اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین! اس وظیفے کی برکت سے ہمارے گھر سے لڑائی جھگڑے ختم ہو گئے' میری زندگی میں سکھ آ گیا۔ عبقری رسالہ بہت اچھا ہے۔

نظر بد اور جادو جنات وغیرہ کا توڑ اور علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک تحریر قارئین عبقری کی نذر کر رہا ہوں۔ یقیناً قارئین اس تحریر سے بھرپور فائدہ اٹھائیں گے اور ماہنامہ عبقری کیلئے اپنے تجربات ضرور لکھیں گے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ پرنور میں ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ' جو بہت سڈول جسم کے مالک تھے' ان کا جسم بہت خوبصورت تھا۔

ایک دن وہ بغیر قمیض کے بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ' ان کے پاس سے گزرے ان کو دیکھ کر صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ' نے فرمایا: میں نے اپنی زندگی میں آج تک ایسا خوبصورت جسم نہیں دیکھا۔ اتنا کہہ کر وہ چلے گئے' تھوڑی ہی دیر بعد اس صحابی کو بخار

شہد
(ایک کلوگرام)
قیمت
200.00 روپے
قیمت
0.00
علاوہ
شہد امراض زنانہ [illegible]
[illegible]
[illegible]

ہونا شروع ہو گیا' حالت غیر ہوئی تو دوسرے صحابہ نے لے جا کر حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور تمام قصہ بیان کیا اور یہ بھی فرمایا کہ فلاں صحافی ایسا کہہ کر گئے ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ان کو نظر لگ گئی ہے' اس صحابی کو بلاؤ جس نے ایسا کہا ہے' ان کو بلایا گیا ان سے پوچھا کہ تم نے یہ کہا ہے' صحابی نے عرض کیا جی! میں نے ایسا ہی کہا تھا۔

اللہ نے نبی حضور نبی کریم ﷺ نے صحابی سے وضو کروایا اور وضو کے پانی سے اس صحابی جن کو بخار ہو گیا تھا کی کمر پر ڈالا' وہ تندرست ہو گئے' نظر بد کا اثر جاتا رہا۔ ایک عربی عالم نے کتاب لکھی ہے جس میں اس نے نظر بد وغیرہ سے نجات کیلئے نسخہ تجویز کیا ہے۔ اس کتاب کا نام کا تو پتہ نہیں لیکن جس نے بتایا ہے وہ شخص قابل اعتماد ضرور ہے۔

وہ نسخہ درج ذیل ہے:۔ ایک برتن میں اتنا پانی لیں جس میں دونوں ہاتھ ڈوب جائیں پھر 1۔ سات مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں۔ 2۔ سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھیں۔ 3۔ سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں۔ 4۔ سات مرتبہ چاروں قل پڑھیں۔ 5۔ سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر اس پانی کو بالٹی میں ڈال کر مزید پانی شامل کر کے غسل کریں۔ ان شاء اللہ نظر بد کا اثر ختم ہو جائے گا بلکہ اس عمل کو ہر شخص مرد' عورت' بچہ' جوان' بوڑھا سب ہفتہ میں ایک دن ضرور کریں۔

☆☆☆☆☆

بے شمار لوگوں کی آزمودہ
پتہ پتھری شفاء
پتہ کی پتھری کا آسان اور آزمودہ علاج
پتھری کیلئے آپریشن کروانے سے پہلے اسے ضرور آزمائیں
یہ دوائی صرف ایک رات میں پتھری ختم کرتی ہے
ایک دوائی پنسار سے لیں اور ایک ہم سے اور پتھری کی تکلیف سے ایک رات میں ہمیشہ کیلئے نجات پائیں
صرف چار گلاس پئیں اور پتھری ختم
(قیمت 90 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

پوشیدہ کورس
صرف اور صرف پوشیدہ امراض میں مبتلا بہنوں کے نام
خواتین کی ان بیماریوں کیلئے جن کا اظہار شرم حجاب کا باعث بنتا ہے اور اندر اندر خواتین اپنا آپ گھلائے جاتی ہیں وہ صرف لیکوریا ہے' ایام کی کمی وزیادتی' بوجھ پڑنا' کمر میں درد کولہے میں درد اور کھچاؤ، اندرونی ورم حتیٰ کہ پرانی سے پرانی لیکوریا کا یقینی طور پر خاتمہ
صرف دس دن کی دوائی سے حیرت انگیز رزلٹ کے آپ خود حیران وپریشان
خواتین کے تمام پوشیدہ امراض کیلئے سالہا سال کی تحقیق کے بعد کامیاب علاج
مایوس اور غیر مطمئن خواتین جن کا ہر جگہ سے اعتبار اٹھ چکا ہو وہ ضرور استعمال کریں
قیمت صرف/-600 روپے علاوہ ڈاک خرچ

